اس سے جو وہ کماتے ہیں۔ اور انہوں نے کہا کہ ہمیں آگ ہرگز نہ چھوئے گی گنتی کے چند دن کے سوا'

قُلۡ اَتَّخَذۡتُمۡ عِنۡدَ اللّٰهِ عَهۡدًا فَلَنۡ يُّخۡلِفَ اللّٰهُ عَهۡدَهٗۤ

قُلۡ	اَتَّخَذۡتُمۡ	عِنۡدَ	اللّٰهِ	عَهۡدًا	فَلَنۡ	يُّخۡلِفَ	اللّٰهُ	عَهۡدَهٗۤ
کہدو	کیا تم نے لیا	پاس	اللہ	کوئی وعدہ	کہ ہرگز نہ	خلاف کرے گا	اللہ	اپنا وعدہ

کہدو' کیا تم نے اللہ کے پاس سے کوئی وعدہ لیا ہے؟ کہ اللہ ہرگز اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرے گا'

النصف

اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٨٠﴾ بَلٰى مَنْ كَسَبَ

كَسَبَ	مَنْ	بَلٰى	لَا تَعْلَمُوْنَ	مَا	اللّٰهِ	عَلَى	تَقُوْلُوْنَ	اَمْ
کمائی	جس نے	کیوں نہیں	تم نہیں جانتے	جو	اللہ	پر	تم کہتے ہو	کیا

کیا تم اللہ پر وہ کہتے ہو جو تم نہیں جانتے؟ کیوں نہیں! جس نے کمائی

سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـئَتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

اَصْحٰبُ النَّارِ	فَاُولٰٓئِكَ	خَطِيْٓـئَتُهٗ	بِهٖ	وَّاَحَاطَتْ	سَيِّئَةً
آگ والے (دوزخی)	پس یہی لوگ	اس کی خطائیں	اس کو	اور گھیر لیا	کوئی برائی

کوئی برائی اور اس کو اس کی خطاؤں نے گھیر لیا پس یہی لوگ دوزخی ہیں،

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٨١﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

الصّٰلِحٰتِ	وَعَمِلُوا	اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	خٰلِدُوْنَ	فِيْهَا	هُمْ
اچھے عمل	اور انہوں نے کئے	ایمان لائے	اور جو لوگ	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	وہ

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے

٩ ع ١١ ٩

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٨٢﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا

اَخَذْنَا	وَاِذْ	خٰلِدُوْنَ	فِيْهَا	هُمْ	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	اُولٰٓئِكَ
ہم نے لیا	اور جب	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	وہ	جنت والے	یہی لوگ

یہی لوگ جنت والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور جب ہم نے لیا

مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۖ وَبِالْوَالِدَيْنِ

بِالْوَالِدَيْنِ	وَ	اللّٰهَ	اِلَّا	لَا تَعْبُدُوْنَ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	مِيْثَاقَ
ماں باپ سے	اور	اللہ	سوائے	تم عبادت نہ کرنا	بنی اسرائیل	پختہ عہد

بنی اسرائیل سے پختہ عہد کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرنا، اور ماں باپ سے

اِحْسَانًا وَّذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا

وَقُوْلُوْا	وَالْمَسٰكِيْنِ	وَالْيَتٰمٰى	وَّذِی الْقُرْبٰى	اِحْسَانًا
اور تم کہنا	اور مسکین (جمع)	اور یتیم (جمع)	اور قرابت دار	حسن سلوک

حسن سلوک کرنا، اور قرابت داروں، یتیموں اور مسکینوں سے۔ اور تم کہنا

لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ

لِلنَّاسِ	حُسْنًا	وَاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَاٰتُوا	الزَّكٰوةَ	ثُمَّ	تَوَلَّيْتُمْ
لوگوں سے	اچھی بات	اور تم قائم کرنا	نماز	اور دینا	زکوٰۃ	پھر	تم پھر گئے

لوگوں سے اچھی بات، اور نماز قائم کرنا، اور زکوٰۃ دینا، پھر تم پھر گئے

اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۸۳﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ

اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّنْكُمْ	وَاَنْتُمْ	مُّعْرِضُوْنَ	وَاِذْ	اَخَذْنَا	مِيْثَاقَكُمْ
سوائے	چند ایک	تم ہی سے	اور تم	پھر جانے والے	اور جب	ہم نے لیا	تم سے پختہ عہد

تم ہی سے چند ایک کے سوا، اور تم پھر جانے والے ہو۔ اور پھر جب ہم نے تم سے پختہ عہد لیا

لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ

لَا تَسْفِكُوْنَ	دِمَآءَكُمْ	وَلَا	تُخْرِجُوْنَ	اَنْفُسَكُمْ	مِّنْ	دِيَارِكُمْ
نہ تم بہاؤ گے	اپنوں کے خون	اور نہ	تم نکالو گے	اپنوں	سے	اپنی بستیاں

کہ تم اپنوں کے خون نہ بہاؤ گے، اور نہ تم اپنوں کو اپنی بستیوں سے نکالو گے،

ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿۸۴﴾ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ

ثُمَّ	اَقْرَرْتُمْ	وَاَنْتُمْ	تَشْهَدُوْنَ	ثُمَّ	اَنْتُمْ	هٰٓؤُلَآءِ	تَقْتُلُوْنَ
پھر	تم نے اقرار کیا	اور تم	گواہ ہو	پھر	تم	وہ لوگ	قتل کرتے ہو

پھر تم نے اقرار کیا اور تم گواہ ہو۔ پھر تم وہ لوگ ہو جو قتل کرتے ہو

اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ ؗ تَظٰهَرُوْنَ

اَنْفُسَكُمْ	وَتُخْرِجُوْنَ	فَرِيْقًا	مِّنْكُمْ	مِّنْ	دِيَارِهِمْ	تَظٰهَرُوْنَ
اپنوں کو	اور تم نکالتے ہو	ایک فریق	اپنے سے	سے	ان کے وطن	تم چڑھائی کرتے ہو

اپنوں کو، اور اپنے ایک فریق کو ان کے وطن سے نکالتے ہو، تم چڑھائی کرتے ہو

عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ؕ وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ

عَلَيْهِمْ	بِالْاِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ	وَاِنْ	يَّاْتُوْكُمْ	اُسٰرٰى	تُفٰدُوْهُمْ
ان پر	گناہ سے	اور سرکشی	اور اگر	وہ آئیں تمہارے پاس	قیدی	تم بدلہ دیکر چھڑاتے ہو انہیں

ان پر گناہ اور سرکشی سے، اور اگر وہ تمہارے پاس قیدی آئیں تو بدلہ دے کر انہیں چھڑاتے ہو،

وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ إِخْرَاجُهُمْ ۚ أَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ

وَهُوَ	مُحَرَّمٌ	عَلَيْكُمْ	إِخْرَاجُهُمْ	أَفَتُؤْمِنُونَ	بِبَعْضِ	الْكِتَابِ
حالانکہ وہ	حرام کیا گیا	تم پر	نکالنا ان کا	تو کیا تم ایمان لاتے ہو	بعض حصہ	کتاب

حالانکہ اُن کا نکالنا تم پر حرام کیا گیا تھا، تو کیا تم کتاب کے بعض حصہ پر ایمان لاتے ہو؟

وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَاءُ مَنْ يَفْعَلُ ذَٰلِكَ مِنْكُمْ إِلَّا خِزْيٌ

وَتَكْفُرُونَ	بِبَعْضٍ	فَمَا	جَزَاءُ	مَنْ	يَفْعَلُ	ذَٰلِكَ	مِنْكُمْ	إِلَّا	خِزْيٌ
اور انکار کرتے ہو	بعض حصہ	سو کیا	سزا	جو	کرے	یہ	تم میں سے	سوائے	رسوائی

اور بعض حصہ کا انکار کرتے ہو؟ سو تم میں جو ایسا کرے اس کی کیا سزا ہے؟ سوائے اس کے

فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يُرَدُّونَ إِلَىٰ أَشَدِّ الْعَذَابِ ۗ

فِي	الْحَيَاةِ	الدُّنْيَا	وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ	يُرَدُّونَ	إِلَىٰ	أَشَدِّ الْعَذَابِ
میں	زندگی	دنیا	اور قیامت کے دن	وہ لوٹائے جائیں گے	طرف	سخت عذاب

کہ دنیا کی زندگی میں رسوائی، اور وہ قیامت کے دن سخت عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے،

وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٨٥﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا

وَمَا	اللَّهُ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	تَعْمَلُونَ	أُولَٰئِكَ	الَّذِينَ	اشْتَرَوُا
اور نہیں	اللہ	بے خبر	اس سے جو	تم کرتے ہو	یہی لوگ	وہ جنہوں نے	خرید لی

اور تم جو کرتے ہو اللہ اس سے بے خبر نہیں۔ یہی لوگ ہیں جنہوں نے خرید لی

الْحَيَاةَ الدُّنْيَا بِالْآخِرَةِ ۖ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ

الْحَيَاةَ	الدُّنْيَا	بِالْآخِرَةِ	فَلَا يُخَفَّفُ	عَنْهُمُ	الْعَذَابُ	وَلَا	هُمْ
زندگی	دنیا	آخرت کے بدلے	سو ہلکا نہ کیا جائے گا	ان سے	عذاب	اور نہ	وہ

آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی، سو ان سے عذاب ہلکا نہ کیا جائے گا، اور نہ وہ

١٠ ع ١٠

يُنْصَرُونَ ﴿٨٦﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَقَفَّيْنَا مِنْ بَعْدِهِ

يُنْصَرُونَ	وَلَقَدْ آتَيْنَا	مُوسَى	الْكِتَابَ	وَقَفَّيْنَا	مِنْ بَعْدِهِ
مدد کئے جائیں گے	اور البتہ ہم نے دی	موسیٰ	کتاب	اور ہم نے پے درپے بھیجے	اس کے بعد

مدد کئے جائیں گے۔ اور البتہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی، اور ہم نے اس کے بعد پے درپے بھیجے

بِالرُّسُلِ ۫ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ

بِالرُّسُلِ	وَاٰتَيْنَا	عِيْسَى	ابْنَ مَرْيَمَ	الْبَيِّنٰتِ	وَاَيَّدْنٰهُ
رسول	اور ہم نے دی	عیسےٰ	مریم کا بیٹا	کھلی نشانیاں	اور اس کی مدد کی

رسول، اور ہم نے مریم کے بیٹے عیسےٰ کو کھلی نشانیاں دیں اور اس کی مدد کی

بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ

بِرُوْحِ الْقُدُسِ	اَفَكُلَّمَا	جَآءَكُمْ	رَسُوْلٌ	بِمَا	لَا تَهْوٰٓى	اَنْفُسُكُمُ
روح القدس (جبرئیل) کے ذریعہ	کیا پھر جب	آیا تمہارے پاس	کوئی رسول	اسکے ساتھ جو	نہ چاہتے	تمہارے نفس

جبرئیل کے ذریعہ، کیا پھر جب تمہارے پاس کوئی رسول اس کے ساتھ آیا جو تمہارے نفس نہ چاہتے تھے

اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ؗ وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ﴿۸۷﴾ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا

اسْتَكْبَرْتُمْ	فَفَرِيْقًا	كَذَّبْتُمْ	وَفَرِيْقًا	تَقْتُلُوْنَ	وَقَالُوْا	قُلُوْبُنَا
تم نے تکبر کیا	سوایک گروہ	تم نے جھٹلایا	اور ایک گروہ	تم قتل کرنے لگے	اور انہوں نے کہا	ہمارے دل

تو تم نے تکبر کیا، سوایک گروہ کو تم نے جھٹلایا اور ایک گروہ کو تم قتل کرنے لگے۔ اور انہوں نے کہا ہمارے دل

غُلْفٌ ؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَلَمَّا

غُلْفٌ	بَلْ	لَّعَنَهُمُ	اللّٰهُ	بِكُفْرِهِمْ	فَقَلِيْلًا	مَا يُؤْمِنُوْنَ	وَلَمَّا
پردہ میں	بلکہ	ان پر لعنت	اللہ	انکے کفر کے سبب	سوتھوڑے	جو ایمان لاتے ہیں	اور جب

پردہ میں ہیں، بلکہ ان پر ان کے کفر کے سبب اللہ کی لعنت ہے سو تھوڑے ہیں جو ایمان لاتے ہیں ۔ اور جب

جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا

جَآءَهُمْ	كِتٰبٌ	مِّنْ	عِنْدِ	اللّٰهِ	مُصَدِّقٌ	لِّمَا	مَعَهُمْ	وَكَانُوْا
انکے پاس آئی	کتاب	سے	پاس	اللہ	تصدیق کرنے والی	اسکی جو	انکے پاس	اور وہ تھے

ان کے پاس اللہ کے پاس سے کتاب آئی اس کی تصدیق کرنے والی جو ان کے پاس ہے ، اور وہ

مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ ۖ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا

مِنْ قَبْلُ	يَسْتَفْتِحُوْنَ	عَلَى	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فَلَمَّا	جَآءَهُمْ	مَّا
اس سے پہلے	فتح مانگتے	پر	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	سو جب	آیا انکے پاس	جو

اس سے پہلے کافروں پر فتح مانگتے تھے، سو جب ان کے پاس وہ آیا جو

عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۫ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٩﴾ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا

اشْتَرَوْا	بِئْسَمَا	الْكٰفِرِيْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	فَلَعْنَةُ	كَفَرُوْا بِهٖ	عَرَفُوْا
بیچ ڈالا انہوں نے	بُرا ہے جو	کافر (جمع)	پر	اللہ	سو لعنت	اسکے منکر ہو گئے	وہ پہچانتے تھے

وہ پہچانتے تھے وہ اس کے منکر ہو گئے سو کافروں پر اللہ کی لعنت ہے۔ بُرا ہے جو اُنہوں نے بیچ ڈالا

بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ

اللّٰهُ	يُنَزِّلَ	اَنْ	بَغْيًا	اللّٰهُ	اَنْزَلَ	بِمَا	يَكْفُرُوْا	اَنْ	اَنْفُسَهُمْ	بِهٖ
اللہ	نازل کرتا ہے	کہ	ضد	اللہ	نازل کیا	اس سے جو	وہ منکر ہوئے	کہ	اپنے آپ	اسکے بدلے

اپنے آپ کو اس کے بدلے کہ وہ اس کے منکر ہو گئے جو اللہ نے نازل کیا اس ضد سے کہ اللہ نازل کرتا ہے

مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى

عَلٰى	بِغَضَبٍ	فَبَآءُوْ	عِبَادِهٖ	مِنْ	مَنْ يَّشَآءُ	عَلٰى	فَضْلِهٖ	مِنْ
پر	غضب	سو وہ کما لائے	اپنے بندے	سے	جو وہ چاہتا ہے	پر	اپنا فضل	سے

اپنے فضل سے، اپنے جس بندہ پر وہ چاہتا ہے، سو کما لائے غضب پر

غَضَبٍ ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٩٠﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا

اٰمِنُوْا	لَهُمْ	قِيْلَ	وَاِذَا	مُّهِيْنٌ	عَذَابٌ	وَلِلْكٰفِرِيْنَ	غَضَبٍ
تم ایمان لاؤ	انہیں	کہا جاتا ہے	اور جب	رسوا کرنے والا	عذاب	اور کافروں کے لئے	غضب

غضب، اور کافروں کے لئے رُسوا کرنے والا عذاب ہے۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تم ایمان لاؤ

بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ

وَيَكْفُرُوْنَ	عَلَيْنَا	اُنْزِلَ	بِمَا	نُؤْمِنُ	قَالُوْا	اَنْزَلَ اللّٰهُ	بِمَا
اور انکار کرتے ہیں	ہم پر	جو نازل کیا گیا	اس پر	ہم ایمان لاتے ہیں	وہ کہتے ہیں	نازل کیا اللہ نے	اس پر جو

اس پر جو اللہ نے نازل کیا تو کہتے ہیں ہم اس پر ایمان لاتے ہیں جو ہم پر نازل کیا گیا اور انکار کرتے ہیں

بِمَا وَرَآءَهٗ ۗ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ؕ قُلْ فَلِمَ

فَلِمَ	قُلْ	مَعَهُمْ	لِّمَا	مُصَدِّقًا	الْحَقُّ	وَهُوَ	وَرَآءَهٗ	بِمَا
سو کیوں	کہہ دیں	ان کے پاس	اسکی جو	تصدیق کرنیوالا	حق	حالانکہ وہ	اسکے علاوہ	اس سے جو

اس کا جو اس کے علاوہ ہے، حالانکہ وہ حق ہے، اس کی تصدیق کرنے والا جو انکے پاس ہے آپ کہہ دیں سو کیوں

تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٩١﴾ وَلَقَدْ

وَلَقَدْ	مُّؤْمِنِيْنَ	كُنْتُمْ	اِنْ	مِنْ قَبْلُ	اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ	تَقْتُلُوْنَ
اور البتہ	مومن (جمع)	تم ہو	اگر	اس سے پہلے	اللہ کے نبی (جمع)	تم قتل کرتے رہے

تم اللہ کے نبیوں کو اس سے پہلے قتل کرتے رہے ہو؟ اگر تم مومن ہو۔ اور البتہ

جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ

وَاَنْتُمْ	مِنْۢ بَعْدِهٖ	الْعِجْلَ	اتَّخَذْتُمُ	ثُمَّ	بِالْبَيِّنٰتِ	مُوْسٰى	جَآءَكُمْ
اور تم	اس کے بعد	بچھڑا	تم نے بنا لیا	پھر	کھلی نشانیوں کے ساتھ	موسیٰ	تمہارے پاس آئے

موسیٰؑ تمہارے پاس کھلی نشانیوں کے ساتھ آئے، پھر تم نے اس کے بعد بچھڑے کو (معبود) بنا لیا اور تم

ظٰلِمُوْنَ ﴿٩٢﴾ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ

الطُّوْرَ	فَوْقَكُمُ	وَرَفَعْنَا	مِيْثَاقَكُمْ	اَخَذْنَا	وَاِذْ	ظٰلِمُوْنَ
کوہِ طور	تمہارے اوپر	اور ہم نے بلند کیا	تم سے پختہ عہد	ہم نے لیا	اور جب	ظالم (جمع)

ظالم ہو۔ اور جب ہم نے تم سے پختہ عہد لیا اور تمہارے اوپر کوہِ طور بلند کیا (اور کہا)

خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ؕ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ق

وَعَصَيْنَا	سَمِعْنَا	قَالُوْا	وَاسْمَعُوْا	بِقُوَّةٍ	مَآ اٰتَيْنٰكُمْ	خُذُوْا
اور نافرمانی کی	ہم نے سنا	وہ بولے	اور سنو	مضبوطی سے	جو ہم نے دیا تمہیں	پکڑو

جو ہم نے تمہیں دیا ہے مضبوطی سے پکڑو اور سنو، تو وہ بولے ہم نے سنا اور نافرمانی کی،

وَاُشْرِبُوْا فِىْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ؕ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖ

بِهٖ	يَاْمُرُكُمْ	بِئْسَمَا	قُلْ	بِكُفْرِهِمْ	الْعِجْلَ	قُلُوْبِهِمُ	فِىْ	وَاُشْرِبُوْا
اس کا	تمہیں حکم دیتا ہے	کیا ہی برا جو	کہدیں	بسبب انکے کفر	بچھڑا	ان کے دل	میں	اور رچا دیا گیا

اور ان کے دلوں میں بچھڑا رچا دیا گیا ان کے کفر کے سبب، کہدیں کیا ہی برا ہے جس کا تمہیں حکم دیتا ہے

اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٩٣﴾ قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ

الدَّارُ الْاٰخِرَةُ	لَكُمُ	اِنْ كَانَتْ	قُلْ	مُّؤْمِنِيْنَ	اِنْ كُنْتُمْ	اِيْمَانُكُمْ
آخرت کا گھر	تمہارے لئے	اگر ہے	کہدیں	مومن	اگر تم ہو	ایمان تمہارا

تمہارا ایمان، اگر تم مومن ہو۔ کہدیں اگر تمہارے لئے ہے آخرت کا گھر

عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ

عِنْدَ	اللّٰهِ	خَالِصَةً	مِّنْ دُوْنِ	النَّاسِ	فَتَمَنَّوُا	الْمَوْتَ	اِنْ
پاس	اللہ	خاص طور پر	سوائے	لوگ	تو تم آرزو کرو	موت	اگر

اللہ کے پاس خاص طور پر دوسرے لوگوں کے سوا، تو تم موت کی آرزو کرو ، اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۴﴾ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ

كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ	اَبَدًا	بِمَا قَدَّمَتْ	اَيْدِيْهِمْ
تم ہو	سچے	اور وہ ہرگز اسکی آرزو نہ کرینگے	کبھی	بسبب جو آگے بھیجا	ان کے ہاتھ

تم سچے ہو۔ اور وہ ہرگز کبھی موت کی آرزو نہ کریں گے اس کے سبب جو ان کے ہاتھوں نے آگے بھیجا ،

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۵﴾ وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى حَيٰوةٍ ۚ

وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِالظّٰلِمِيْنَ	وَلَتَجِدَنَّهُمْ	اَحْرَصَ	النَّاسِ	عَلٰى حَيٰوةٍ
اور اللہ	جاننے والا	ظالموں کو	اور البتہ تم پاؤ گے انہیں	زیادہ حریص	لوگ	زندگی پر

اور اللہ ظالموں کو جاننے والا ہے۔ اور البتہ تم انہیں دوسرے لوگوں سے زیادہ زندگی پر حریص پاؤ گے ،

وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ

وَمِنَ	الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا	يَوَدُّ	اَحَدُهُمْ	لَوْ يُعَمَّرُ	اَلْفَ	سَنَةٍ
اور سے	جن لوگوں نے شرک کیا (مشرک)	چاہتا ہے	ان کا ہر ایک	کاش وہ عمر پائے	ہزار	سال

اور مشرکوں سے (بھی زیادہ)، ان میں سے ہر ایک چاہتا ہے کاش وہ ہزار سال کی عمر پائے ،

وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا

وَمَا هُوَ	بِمُزَحْزِحِهٖ	مِنَ	الْعَذَابِ	اَنْ يُّعَمَّرَ	وَاللّٰهُ	بَصِيْرٌ	بِمَا
اور وہ نہیں	اسے دُور کرنیوالا	سے	عذاب	کہ وہ عمر دیا جائے	اور اللہ	دیکھنے والا	جو

اور اتنی عمر دیا جانا اسے عذاب سے دُور کرنے والا نہیں ، اور اللہ دیکھنے والا ہے جو

۱۱ ع ۱۰ ۱۱

يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ

يَعْمَلُوْنَ	قُلْ	مَنْ	كَانَ	عَدُوًّا	لِّجِبْرِيْلَ	فَاِنَّهٗ	نَزَّلَهٗ	عَلٰى قَلْبِكَ
وہ کرتے ہیں	کہدیں	جو	ہو	دشمن	جبرئیل کا	تو بیشک اسنے	یہ نازل کیا	تیرے دل پر

وہ کرتے ہیں ۔ کہدیں جو جبرئیلؑ کا دشمن ہو تو بیشک اس نے یہ آپ کے دل پر نازل کیا ہے

معانقہ ۲

بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۹۷﴾

بِاِذْنِ	اللّٰهِ	مُصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيْهِ	وَهُدًى	وَّبُشْرٰى	لِلْمُؤْمِنِيْنَ
حکم سے	اللہ	تصدیق کرنیوالا	اسکی جو	اس سے پہلے	اور ہدایت	اور خوشخبری	ایمان والوں کے لئے

اللہ کے حکم سے اس کی تصدیق کرنے والا جو اس سے پہلے ہے اور ہدایت اور خوشخبری ایمان والوں کے لئے۔

مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ

مَنْ	كَانَ	عَدُوًّا	لِّلّٰهِ	وَمَلٰٓئِكَتِهٖ	وَرُسُلِهٖ	وَجِبْرِيْلَ	وَمِيْكٰلَ
جو	ہو	دشمن	اللہ کا	اور اسکے فرشتے	اور اسکے رسول	اور جبرئیل	اور میکائیل

جو دشمن ہو اللہ کا، اور اس کے فرشتوں اور اس کے رسولوں کا ، اور جبرئیل اور میکائیل کا ،

فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۚ

فَاِنَّ اللّٰهَ	عَدُوٌّ	لِّلْكٰفِرِيْنَ	وَلَقَدْ	اَنْزَلْنَآ	اِلَيْكَ	اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ
تو بیشک اللہ	دشمن	کافروں کا	اور البتہ	ہم نے اتاری	آپکی طرف	نشانیاں واضح

تو بیشک اللہ کافروں کا دشمن ہے ۔ اور البتہ ہم نے آپ کی طرف واضح نشانیاں اتاریں

وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ﴿۹۹﴾ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ

وَمَا يَكْفُرُ	بِهَآ	اِلَّا	الْفٰسِقُوْنَ	اَوَ	كُلَّمَا	عٰهَدُوْا	عَهْدًا	نَّبَذَهٗ
اور نہیں انکار کرتے	اس کا	مگر	نافرمان	کیا	جب بھی	انہوں نے عہد کیا	کوئی عہد	توڑ دیا اس کو

اور ان کا انکار صرف نافرمان کرتے ہیں۔ کیا (ایسا نہیں) جب بھی انہوں نے کوئی عہد کیا تو اس کو توڑ دیا

فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ

فَرِيْقٌ	مِّنْهُمْ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَلَمَّا	جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ
ایک فریق	ان سے	بلکہ	اکثر ان کے	ایمان نہیں رکھتے	اور جب	آیا۔ ان	ایک رسول

ان میں سے ایک فریق نے ، بلکہ ان کے اکثر ایمان نہیں رکھتے ۔ اور جب ان کے پاس ایک رسول آیا

مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ

مِّنْ	عِنْدِ	اللّٰهِ	مُصَدِّقٌ	لِّمَا	مَعَهُمْ	نَبَذَ	فَرِيْقٌ	مِّنَ	الَّذِيْنَ
سے	طرف	اللہ	تصدیق کرنے والا	اسکی جو	انکے پاس	پھینک دیا	ایک فریق	سے	جنہیں

اللہ کی طرف سے ، اس کی تصدیق کرنے والا جو ان کے پاس ہے ، تو پھینک دیا ایک فریق نے

أُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾

أُوْتُوا الْكِتٰبَ	كِتٰبَ اللّٰهِ	وَرَآءَ	ظُهُوْرِهِمْ	كَاَنَّهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ
کتاب دی گئی (اہل کتاب)	اللہ کی کتاب	پیچھے	اپنی پیٹھ	گو یا کہ وہ	جانتے نہیں

اہل کتاب کے، اللہ کی کتاب کو اپنی پیٹھ پیچھے، گو یا کہ وہ جانتے ہی نہیں۔

وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ

وَاتَّبَعُوْا	مَا	تَتْلُوا	الشَّيٰطِيْنُ	عَلٰى	مُلْكِ	سُلَيْمٰنَ	وَمَا كَفَرَ
اور انہوں نے پیروی کی	جو	پڑھتے تھے	شیطان	میں	بادشاہت	سلیمانؑ	اور کفر نہ کیا

اور انہوں نے اس کی پیروی کی جو شیطان سلیمانؑ کی بادشاہت میں پڑھتے تھے۔ اور کفر نہیں کیا

سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۗ

سُلَيْمٰنُ	وَلٰكِنَّ	الشَّيٰطِيْنَ	كَفَرُوْا	يُعَلِّمُوْنَ	النَّاسَ	السِّحْرَ
سلیمانؑ	لیکن	شیطان (جمع)	کفر کیا	وہ سکھاتے	لوگ	جادو

سلیمانؑ نے، لیکن شیطانوں نے کفر کیا، وہ لوگوں کو جادو سکھاتے،

وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ۭ وَمَا يُعَلِّمٰنِ

وَمَآ اُنْزِلَ	عَلَى	الْمَلَكَيْنِ	بِبَابِلَ	هَارُوْتَ	وَمَارُوْتَ	وَمَا يُعَلِّمٰنِ
اور جو نازل کیا گیا	پر	دو فرشتے	بابل میں	ہاروت	اور ماروت	اور وہ نہ سکھاتے

اور جو بابل میں ہاروت و ماروت دو فرشتوں پر نازل کیا گیا، اور وہ نہ سکھاتے

مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۭ فَيَتَعَلَّمُوْنَ

مِنْ اَحَدٍ	حَتّٰى	يَقُوْلَا	اِنَّمَا	نَحْنُ	فِتْنَةٌ	فَلَا تَكْفُرْ	فَيَتَعَلَّمُوْنَ
کسی کو	یہاں تک	وہ کہہ دیتے	صرف	ہم	آزمائش	پس تو کفر نہ کر	سو وہ سیکھتے

کسی کو، یہاں تک کہ کہہ دیتے ہم تو صرف آزمائش ہیں پس تو کفر نہ کر، سو وہ سیکھتے

مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۭ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ

مِنْهُمَا	مَا يُفَرِّقُوْنَ	بِهٖ	بَيْنَ	الْمَرْءِ	وَزَوْجِهٖ	وَمَا هُمْ	بِضَآرِّيْنَ
ان دونوں سے	جس سے جدائی ڈالتے	اس سے	درمیان	خاوند	اور اس کی بیوی	اور وہ نہیں	نقصان پہنچانے والے

ان دونوں سے وہ کچھ جس سے خاوند اور اس کی بیوی کے درمیان جدائی ڈالتے، اور وہ نقصان پہنچانے والے نہیں

بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ يَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَ لَا يَنْفَعُهُمْ ؕ

بِهٖ	مِنْ اَحَدٍ	اِلَّا	بِاِذْنِ	اللّٰهِ	وَ يَتَعَلَّمُوْنَ	مَا يَضُرُّهُمْ	وَ لَا	يَنْفَعُهُمْ
اس سے	کسی کو	مگر	حکم سے	اللہ	اور وہ سیکھتے ہیں	جو انہیں نقصان پہنچائے	اور نہ	انہیں نفع دے

اس سے کسی کو، مگر اللہ کے حکم سے، اور وہ سیکھتے ہیں جو انہیں نقصان پہنچائے اور انہیں نفع نہ دے

وَ لَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ؐ وَ

وَ لَقَدْ	عَلِمُوْا	لَمَنِ	اشْتَرٰىهُ	مَا لَهٗ	فِی الْاٰخِرَةِ	مِنْ خَلَاقٍ	وَ
اور البتہ	وہ جان چکے	جس نے	یہ خریدا	نہیں اس کے لئے	آخرت میں	کوئی حصہ	اور

اور البتہ وہ جان چکے ہیں جس نے یہ خریدا، اس کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں، اور

لَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖۤ اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَ لَوْ اَنَّهُمْ

لَبِئْسَ	مَا شَرَوْا	بِهٖ	اَنْفُسَهُمْ	لَوْ	كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ	وَ لَوْ	اَنَّهُمْ
البتہ بُرا	جو انہوں نے بیچ دیا	اس سے	اپنے آپ کو	کاش	وہ جانتے ہوتے	اور اگر	وہ

البتہ بُرا ہے جس کے بدلے انہوں نے اپنے آپ کو بیچ دیا۔ کاش وہ جانتے ہوتے۔ اور اگر وہ

اٰمَنُوْا وَ اتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ ع

اٰمَنُوْا	وَ اتَّقَوْا	لَمَثُوْبَةٌ	مِنْ	عِنْدِ	اللّٰهِ	خَيْرٌ	لَوْ	كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ
وہ ایمان لاتے	اور پرہیزگار بن جاتے	تو ٹھکانہ پاتے	سے	پاس	اللہ	بہتر	کاش	وہ جانتے ہوتے

ایمان لے آتے اور پرہیزگار بن جاتے تو اللہ کے پاس اچھا بدلہ پاتے، کاش وہ جانتے ہوتے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَ قُوْلُوا انْظُرْنَا وَ اسْمَعُوْا ؕ

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَقُوْلُوْا	رَاعِنَا	وَ قُوْلُوا	انْظُرْنَا	وَ اسْمَعُوْا
اے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	نہ کہو	راعنا	اور کہو	انظرنا	اور سنو

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو (مومنو)! رَاعِنَا نہ کہو اور اُنْظُرْنَا کہو اور سُنو

وَ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾ مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

وَ لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	مَا يَوَدُّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	مِنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ
اور کافروں کے لئے	عذاب	دردناک	نہیں چاہتے	جن لوگوں نے	کفر کیا	سے	اہل کتاب

اور کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اہل کتاب میں سے جن لوگوں نے کفر کیا وہ نہیں چاہتے

وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ

وَلَا	الْمُشْرِكِيْنَ	اَنْ	يُّنَزَّلَ	عَلَيْكُمْ	مِّنْ	خَيْرٍ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	وَاللّٰهُ
اور نہ	مشرک (جمع)	کہ	نازل کی جائے	تم پر	سے	بھلائی	سے	تمہارا رب	اور اللہ

اور نہ مشرک کہ تم پر تمہارے رب کی طرف سے کوئی بھلائی نازل کی جائے اور اللہ

يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۱۰۵

يَخْتَصُّ	بِرَحْمَتِهٖ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِيْمِ
خاص کر لیتا ہے	اپنی رحمت سے	جسے چاہتا ہے	اور اللہ	فضل والا	بڑا

جسے چاہتا ہے اپنی رحمت سے خاص کر لیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ۭ

مَا نَنْسَخْ	مِنْ اٰيَةٍ	اَوْ نُنْسِهَا	نَاْتِ	بِخَيْرٍ	مِّنْهَا	اَوْ مِثْلِهَا
جو ہم منسوخ کرتے ہیں	کوئی آیت	یا اسے بھلا دیتے ہیں	لے آتے ہیں	بہتر	اس سے	یا اس جیسا

کوئی آیت جسے ہم منسوخ کرتے ہیں یا اسے ہم بھلا دیتے ہیں اس سے بہتر یا اس جیسی لے آتے ہیں

اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۱۰۶ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ

اَلَمْ	تَعْلَمْ	اَنَّ اللّٰهَ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	اَلَمْ تَعْلَمْ	اَنَّ	اللّٰهَ	لَهٗ
کیا نہیں	تو جانتا	کہ اللہ	پر	ہر شے	قادر	کیا تو نہیں جانتا	کہ	اللہ	اس کے لئے

کیا تو نہیں جانتا؟ کہ اللہ ہر شے پر قادر ہے۔ کیا تو نہیں جانتا؟ کہ اللہ کے لئے ہے

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ

مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَمَا	لَكُمْ	مِّنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	مِنْ
بادشاہت	آسمانوں	اور زمین	اور نہیں	تمہارے لئے	سے	اللہ کے سوا	کوئی

آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہت اور تمہارے لئے نہیں اللہ کے سوا کوئی

وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۱۰۷ اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْــَٔـلُوْا رَسُوْلَكُمْ كَمَا سُىِٕلَ

وَلِيٍّ	وَّلَا نَصِيْرٍ	اَمْ تُرِيْدُوْنَ	اَنْ	تَسْــَٔـلُوْا	رَسُوْلَكُمْ	كَمَا	سُىِٕلَ
حامی	اور نہ مددگار	کیا تم چاہتے ہو	کہ	سوال کرو	اپنا رسول	جیسے	سوال کئے گئے

حامی اور نہ مددگار۔ کیا تم چاہتے ہو؟ کہ اپنے رسول سے سوال کرو جیسے سوال کئے گئے

مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ ضَلَّ

فَقَدْ ضَلَّ	بِالْاِيْمَانِ	الْكُفْرَ	يَّتَبَدَّلِ	وَمَنْ	مِنْ قَبْلُ	مُوْسٰى
سو وہ بھٹک گیا	ایمان کے بدلے	کفر	اختیار کرلے	اور جو	اس سے پہلے	موسےٰ

اس سے پہلے موسے سے ، اور جو ایمان کے بدلے کفر اختیار کرلے سو وہ بھٹک گیا

سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿١٠٨﴾ وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْ

مِنْ	لَوْ يَرُدُّوْنَكُمْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	مِنْ	كَثِيْرٌ	وَدَّ	السَّبِيْلِ	سَوَآءَ
سے	کاش تمہیں لوٹا دیں	اہل کتاب	سے	بہت	چاہا	راستہ	سیدھا

سیدھے راستہ سے ۔بہت سے اہل کتاب نے چاہا کہ وہ کاش تمہیں لوٹا دیں

بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ مِّنْ بَعْدِ مَا

مَا	مِنْ بَعْدِ	اَنْفُسِهِمْ	مِنْ عِنْدِ	حَسَدًا	كُفَّارًا	اِيْمَانِكُمْ	بَعْدِ
جبکہ	بعد	اپنے دل	وجہ سے	حسد	کفر میں	تمہارے ایمان	بعد

تمہارے ایمان کے بعد کفر میں، اپنے دل کے حسد کی وجہ سے، اس کے بعد جب کہ

تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِىَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ

بِاَمْرِهٖ	اللّٰهُ	يَاْتِىَ	حَتّٰى	وَاصْفَحُوْا	فَاعْفُوْا	الْحَقُّ	لَهُمُ	تَبَيَّنَ
اپنا حکم	اللہ	لائے	یہاں تک	اور درگزر کرو	پس تم معاف کردو	حق	ان پر	واضح ہوگیا

ان پر حق واضح ہوگیا، پس تم معاف کردو اور درگزر کرو، یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٠٩﴾ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا

وَاٰتُوا	الصَّلٰوةَ	وَاَقِيْمُوا	قَدِيْرٌ	شَىْءٍ	كُلِّ	عَلٰى	اللّٰهَ	اِنَّ
اور دیتے رہو	نماز	اور تم قائم کرو	قادر	چیز	ہر	پر	اللہ	بیشک

بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے ۔ اور نماز قائم کرو ، اور دیتے رہو

الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ

تَجِدُوْهُ	مِنْ خَيْرٍ	لِاَنْفُسِكُمْ	تُقَدِّمُوْا	وَمَا	الزَّكٰوةَ
تم پالوگے اسے	بھلائی	اپنے لئے	آگے بھیجوگے	اور جو	زکوٰۃ

زکوٰۃ ، اور اپنے لئے جو بھلائی آگے بھیجو گے تم اسے پالو گے

عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۰﴾ وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ

عِنْدَ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَقَالُوْا	لَنْ يَّدْخُلَ
اللہ کے پاس	بیشک	اللہ	جو کچھ تم کرتے ہو	دیکھنے والا	اور انہوں نے کہا	ہرگز داخل نہ ہوگا

اللہ کے پاس، بیشک تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اسے دیکھنے والا ہے اور انہوں نے کہا ہرگز داخل نہ ہوگا

الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ قُلْ هَاتُوْا

الْجَنَّةَ	اِلَّا	مَنْ	كَانَ	هُوْدًا	اَوْ	نَصٰرٰى	تِلْكَ	اَمَانِيُّهُمْ	قُلْ	هَاتُوْا
جنت	سوائے	جو	ہو	یہودی	یا	نصرانی	یہ	جھوٹی آرزوئیں	کہہ دیجئے	تم لاؤ

جنت میں، سوائے اس کے جو یہودی ہو یا نصرانی، یہ ان کی جھوٹی آرزوئیں ہیں، کہہ دیجئے تم لاؤ

بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ

بُرْهَانَكُمْ	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	بَلٰى	مَنْ	اَسْلَمَ	وَجْهَهٗ	لِلّٰهِ
اپنی دلیل	اگر تم ہو	سچے	کیوں نہیں	جس	جھکا دیا	اپنا چہرہ	اللہ کے لئے

اپنی دلیل، اگر تم سچے ہو۔ کیوں نہیں؟ جس نے اپنا چہرہ اللہ کے لئے جھکا دیا،

وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗٓ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۠ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ

وَهُوَ	مُحْسِنٌ	فَلَهٗ	اَجْرُهٗ	عِنْدَ	رَبِّهٖ	وَلَا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَ
اور وہ	نیکوکار	تو اسکے لئے	اس کا اجر	پاس	اس کا رب	اور نہ	کوئی خوف	ان پر	اور

اور وہ نیکوکار ہو تو اس کے لئے اس کا اجر اس کے رب کے پاس ہے اور ان پر کوئی خوف نہیں اور

١٣ ع٩ ١٣

لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ ۠

لَا هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	وَقَالَتِ	الْيَهُوْدُ	لَيْسَتِ	النَّصٰرٰى	عَلٰى	شَيْءٍ
نہ وہ	غمگین ہوں گے	اور کہا	یہود	نہیں	نصاریٰ	پر	کسی چیز

نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور یہود نے کہا نصاریٰ کسی چیز پر نہیں،

وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّهُمْ يَتْلُوْنَ

وَقَالَتِ	النَّصٰرٰى	لَيْسَتِ	الْيَهُوْدُ	عَلٰى شَيْءٍ	وَهُمْ	يَتْلُوْنَ
اور کہا	نصاریٰ	نہیں	یہود	کسی چیز پر	حالانکہ وہ	پڑھتے ہیں

اور نصاریٰ نے کہا یہودی کسی چیز پر نہیں حالانکہ وہ پڑھتے ہیں

الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ

الْكِتٰبَ	كَذٰلِكَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	مِثْلَ	قَوْلِهِمْ
کتاب	اسی طرح	کہا	جو لوگ	علم نہیں رکھتے	جیسی	ان کی بات

کتاب ۔ اسی طرح اِن لوگوں نے اُن جیسی بات کہی جو علم نہیں رکھتے ،

فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١١٣﴾

فَاللّٰهُ	يَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ
سو اللہ	فیصلہ کریگا	انکے درمیان	قیامت کے دن	جس میں	وہ تھے	اس میں	اختلاف کرتے

سو اللہ ان کے درمیان قیامت کے دن فیصلہ کرے گا جس (بات) میں وہ اختلاف کرتے تھے۔

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ

وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنْ	مَّنَعَ	مَسٰجِدَ اللّٰهِ	اَنْ	يُّذْكَرَ	فِيْهَا	اسْمُهٗ
اور کون	بڑا ظالم	سے۔ جو	روکا	اللہ کی مسجدیں	کہ	ذکر کیا جائے	اس میں	اس کا نام

اور اس سے بڑا ظالم کون ؟ جس نے اللہ کی مسجدوں سے روکا کہ ان میں اللہ کا نام لیا جائے ،

وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا

وَسَعٰى	فِيْ	خَرَابِهَا	اُولٰٓئِكَ	مَا كَانَ	لَهُمْ	اَنْ	يَّدْخُلُوْهَآ	اِلَّا
اور کوشش کی	میں	اس کی ویرانی	یہ لوگ	نہ تھا	ان کے لئے	کہ	وہاں داخل ہوتے	مگر

اور اس کی ویرانی کی کوشش کی ، ان لوگوں کے لئے (حق) نہ تھا کہ وہاں داخل ہوتے ، مگر

خَآئِفِيْنَ ؕ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١١٤﴾

خَآئِفِيْنَ	لَهُمْ	فِي الدُّنْيَا	خِزْيٌ	وَّلَهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ
ڈرتے ہوئے	ان کے لئے	دنیا میں	رسوائی	اور ان کے لئے	آخرت میں	عذاب	بڑا

ڈرتے ہوئے ، ان کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور ان کے لئے آخرت میں بڑا عذاب ہے۔

وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ

وَلِلّٰهِ	الْمَشْرِقُ	وَالْمَغْرِبُ	فَاَيْنَمَا	تُوَلُّوْا	فَثَمَّ	وَجْهُ اللّٰهِ	اِنَّ
اور اللہ کے لئے	مشرق	اور مغرب	سو جس طرف	تم منہ کرو	تو اس طرف	اللہ کا سامنا	بیشک

اور اللہ کے لئے ہے مشرق اور مغرب ، سو جس طرف تم منہ کرو اسی طرف اللہ کا سامنا ہے ، بیشک

اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿١١٥﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ

اللّٰهَ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ	وَقَالُوا	اتَّخَذَ	اللّٰهُ	وَلَدًا	سُبْحٰنَهٗ
اللہ	وسعت والا	جاننے والا	اور انہوں نے کہا	بنا لیا	اللہ	بیٹا	وہ پاک ہے

اللہ وسعت والا، جاننے والا ہے۔ اور انہوں نے کہا اللہ نے بیٹا بنا لیا ہے، وہ پاک ہے،

بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿١١٦﴾ بَدِيْعُ

بَلْ لَّهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	كُلٌّ	لَّهٗ	قٰنِتُوْنَ	بَدِيْعُ
بلکہ اسی کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور زمین	سب	اسکے لئے	زیر فرمان	پیدا کرنے والا

بلکہ اسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں اور زمین میں ہے، سب اسی کے زیر فرمان ہیں۔ وہ پیدا کرنے والا ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَاِذَا	قَضٰٓى	اَمْرًا	فَاِنَّمَا	يَقُوْلُ	لَهٗ
آسمانوں	اور زمین	اور جب	وہ فیصلہ کرتا ہے	کوئی کام	تو یہی	کہتا ہے	اسے

آسمانوں کا اور زمین کا، اور جب وہ کسی کام کا فیصلہ کرتا ہے تو اسے یہی کہتا ہے

كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿١١٧﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ

كُنْ	فَيَكُوْنُ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	لَوْلَا	يُكَلِّمُنَا	اللّٰهُ	اَوْ
"ہو جا"	تو وہ ہو جاتا ہے	اور کہا	جو لوگ	علم نہیں رکھتے	کیوں نہیں	ہم سے کلام کرتا ہے	اللہ	یا

"ہو جا" تو وہ ہو جاتا ہے۔ اور جو لوگ علم نہیں رکھتے، انہوں نے کہا اللہ ہم سے کلام کیوں نہیں کرتا؟ یا

تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ

تَاْتِيْنَآ	اٰيَةٌ	كَذٰلِكَ	قَالَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	مِّثْلَ	قَوْلِهِمْ
ہمارے پاس آتی	کوئی نشانی	اسی طرح	کہا	جو لوگ	ان سے پہلے	جیسی	ان کی بات

ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آتی؟ اسی طرح ان سے پہلے لوگوں نے ان جیسی بات کہی

تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿١١٨﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ

تَشَابَهَتْ	قُلُوْبُهُمْ	قَدْ بَيَّنَّا	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يُّوْقِنُوْنَ	اِنَّآ	اَرْسَلْنٰكَ
ایک جیسے ہو گئے	ان کے دل	ہم نے واضح کر دیں	نشانیاں	لوگوں کیلئے	یقین رکھتے ہیں	بیشک ہم	آپ کو بھیجا

ان کے دل ایک جیسے ہو گئے۔ ہم نے یقین رکھنے والے لوگوں کے لئے نشانیاں واضح کر دی ہیں۔ بیشک ہم نے آپ کو بھیجا

بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّ نَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۹﴾

اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ	عَنْ	وَلَا تُسْـَٔلُ	وَ نَذِيْرًا	بَشِيْرًا	بِالْحَقِّ
دوزخ والے	سے	اور نہ آپ سے پوچھا جائے گا	اور ڈرانے والا	خوشخبری دینے والا	حق کے ساتھ

حق کے ساتھ، خوشخبری دینے والا، ڈرانے والا، اور آپ سے نہ پوچھا جائے گا دوزخ والوں کے بارے میں۔

وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ

مِلَّتَهُمْ	تَتَّبِعَ	حَتّٰى	النَّصٰرٰى	وَلَا	الْيَهُوْدُ	عَنْكَ	وَلَنْ تَرْضٰى
ان کا دین	آپ پیروی نہ کریں	جب تک	نصاریٰ	اور نہ	یہودی	آپ سے	اور ہرگز راضی نہ ہوں گے

اور آپ سے ہرگز راضی نہ ہوں گے یہودی اور نہ نصاریٰ، جب تک آپ اُن کے دین کی پیروی نہ کریں،

قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ

اَهْوَآءَهُمْ	اتَّبَعْتَ	وَلَئِنِ	الْهُدٰى	هُوَ	اللّٰهِ	هُدَى	اِنَّ	قُلْ
اُن کی خواہشات	آپ نے پیروی کی	اور اگر	ہدایت	وہی	اللہ	ہدایت	بیشک	کہدیں

کہدیں! بیشک اللہ کی ہدایت وہی ہدایت ہے، اور اگر آپ نے ان کی خواہشات کی پیروی کی

بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ

وَّلِيٍّ	مِنْ	مِنَ اللّٰهِ	مَا لَكَ	الْعِلْمِ	مِنَ	جَآءَكَ	الَّذِيْ	بَعْدَ
حمایت کرنیوالا	کوئی	اللہ سے	نہیں آپکے لئے	علم	سے	آپکے پاس آگیا	وہ جوکہ (جبکہ)	بعد

اس کے بعد جب کہ آپ کے پاس علم آ گیا، آپ کے لئے اللہ سے کوئی حمایت کرنے والا نہیں،

وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۲۰﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ

تِلَاوَتِهٖ	حَقَّ	يَتْلُوْنَهٗ	الْكِتٰبَ	اٰتَيْنٰهُمُ	اَلَّذِيْنَ	نَصِيْرٍ	وَّلَا
اس کی تلاوت	حق	اسکی تلاوت کرتے ہیں	کتاب	ہم نے دی	جنہیں	مددگار	اور نہ

اور نہ مددگار۔ ہم نے جنہیں کتاب دی وہ اس کی تلاوت کرتے ہیں جیسے تلاوت کا حق ہے،

اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾

الْخٰسِرُوْنَ	هُمُ	فَاُولٰٓئِكَ	يَّكْفُرْ بِهٖ	وَمَنْ	يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ	اُولٰٓئِكَ
خسارہ پانے والے	وہ	وہی	انکار کریں اس کا	اور جو	ایمان رکھتے ہیں اس پر	وہی لوگ

وہی اس پر ایمان رکھتے ہیں، اور جو اس کا انکار کریں بس وہی خسارہ پانے والے ہیں۔

وقف منزل

۱۴ ع ۹ ۱۴

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اذْكُرُوْا	نِعْمَتِيَ	الَّتِيْٓ	اَنْعَمْتُ	عَلَيْكُمْ	وَاَنِّيْ
اے بنی اسرائیل	تم یاد کرو	میری نعمت	جو کہ	میں نے انعام کی	تم پر	اور یہ کہ میں نے

اے بنی اسرائیل ! میری نعمت یاد کرو جو میں نے تم پر کی اور یہ کہ میں نے

فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ

فَضَّلْتُكُمْ	عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	وَاتَّقُوْا	يَوْمًا	لَا تَجْزِيْ	نَفْسٌ
تمہیں فضیلت دی	پر	زمانے والے	اور ڈرو	وہ دن	بدلہ نہ ہوگا	کوئی شخص

تمہیں زمانہ والوں پر فضیلت دی۔ اور اس دن سے ڈرو (جس دن) کوئی شخص بدلہ نہ ہو سکے گا

عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ

عَنْ نَّفْسٍ	شَيْئًا	وَلَا يُقْبَلُ	مِنْهَا	عَدْلٌ	وَلَا	تَنْفَعُهَا	شَفَاعَةٌ
کسی شخص سے	کچھ	اور نہ قبول کیا جائے گا	اس سے	کوئی معاوضہ	اور نہ	اسے نفع دے گی	کوئی سفارش

کسی شخص کا کچھ بھی، اور نہ اس سے کوئی معاوضہ قبول کیا جائے گا، اور نہ اسے کوئی سفارش نفع دے گی ،

وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ

وَلَا	هُمْ	يُنْصَرُوْنَ	وَاِذِ	ابْتَلٰى	اِبْرٰهٖمَ	رَبُّهٗ	بِكَلِمٰتٍ	فَاَتَمَّهُنَّ
اور نہ	ان	مدد کی جائے گی	اور جب	آزمایا	ابراہیمؑ	ان کا رب	چند باتوں سے	تو وہ پوری کردیں

اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔ اور جب ابراہیمؑ کو ان کے رب نے چند باتوں سے آزمایا تو انہوں نے وہ پوری کردیں ،

قَالَ اِنِّيْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ؕ قَالَ

قَالَ	اِنِّيْ	جَاعِلُكَ	لِلنَّاسِ	اِمَامًا	قَالَ	وَمِنْ	ذُرِّيَّتِيْ	قَالَ
اس نے فرمایا	بیشک میں	تمہیں بنانے والا ہوں	لوگوں کا	امام	اس نے کہا	اور سے	میری اولاد	اس نے فرمایا

اس نے فرمایا بیشک میں تمہیں لوگوں کا امام بنانے والا ہوں، اس نے کہا اور میری اولاد کو (بھی)؟ اس نے فرمایا

لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ

لَا يَنَالُ	عَهْدِي	الظّٰلِمِيْنَ	وَاِذْ	جَعَلْنَا	الْبَيْتَ	مَثَابَةً	لِّلنَّاسِ
نہیں پہنچتا	میرا عہد	ظالم (جمع)	اور جب	بنایا ہم نے	خانہ کعبہ	اجتماع کی جگہ	لوگوں کے لئے

میرا عہد ظالموں کو نہیں پہنچتا۔ اور جب ہم نے خانہ کعبہ کو بنایا لوگوں کے لئے (بار بار) لوٹنے (اجتماع) کی جگہ

وَاَمْنًا ؕ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ وَعَهِدْنَآ

وَاَمْنًا	وَاتَّخِذُوْا	مِنْ	مَقَامِ اِبْرٰهٖمَ	مُصَلًّى	وَعَهِدْنَا
اور امن کی جگہ	اور تم بناؤ	سے	"مقام ابراہیمؑ"	نماز کی جگہ	اور ہم نے حکم دیا

اور امن کی جگہ' اور "مقام ابراہیم" کو نماز کی جگہ بناؤ' اور ہم نے حکم دیا

اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِىَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ

اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ	وَاِسْمٰعِيْلَ	اَنْ	طَهِّرَا	بَيْتِىَ	لِلطَّآئِفِيْنَ	وَالْعٰكِفِيْنَ
ابراہیم کو	اور اسمٰعیل کو	کہ وہ	پاک رکھیں	میرا گھر	طواف کرنے والوں کے لئے	اور اعتکاف کرنیوالے

ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ کو کہ وہ میرا گھر پاک رکھیں طواف کرنے والوں اور اعتکاف کرنے والوں کے لئے'

وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا

وَالرُّكَّعِ	السُّجُوْدِ	وَاِذْ	قَالَ	اِبْرٰهٖمُ	رَبِّ	اجْعَلْ	هٰذَا بَلَدًا
اور رکوع کرنیوالے	سجدہ کرنے والے	اور جب	کہا	ابراہیمؑ	اے میرے رب	بنا	یہ شہر

اور رکوع سجدہ کرنے والوں کے لئے۔ اور جب ابراہیمؑ نے کہا اے میرے رب ! اس شہر کو بنا

اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَ

اٰمِنًا	وَّارْزُقْ	اَهْلَهٗ	مِنَ	الثَّمَرٰتِ	مَنْ	اٰمَنَ	مِنْهُمْ	بِاللّٰهِ	وَ
امن والا	اور روزی دے	اسکے رہنے والے	سے	پھل (جمع)	جو	ایمان لائے	ان سے	اللہ پر	اور

امن والا، اور اس کے رہنے والوں کو پھلوں کی روزی دے جو ان میں سے ایمان لائے اللہ پر اور

الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗٓ

الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	قَالَ	وَمَنْ	كَفَرَ	فَاُمَتِّعُهٗ	قَلِيْلًا	ثُمَّ	اَضْطَرُّهٗ
آخرت کا دن	اس نے فرمایا	اور جو	اس نے کفر کیا	اسے نفع دوں گا	تھوڑا	پھر	مجبور کرونگا اس کو

آخرت کے دن پر، اس نے فرمایا جس نے کفر کیا اس کو تھوڑا سا نفع دوں گا پھر اس کو مجبور کروں گا

اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۲۶﴾ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ

اِلٰى	عَذَابِ النَّارِ	وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	وَاِذْ	يَرْفَعُ	اِبْرٰهٖمُ
طرف	دوزخ کا عذاب	اور بری	لوٹنے کی جگہ	اور جب	اٹھاتے تھے	ابراہیمؑ

دوزخ کے عذاب کی طرف' اور وہ لوٹنے کی بری جگہ ہے۔ اور جب اٹھاتے تھے ابراہیمؑ

الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَإِسْمٰعِيلُ ط رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ط إِنَّكَ

الْقَوَاعِدَ	مِنَ	الْبَيْتِ	وَ	إِسْمٰعِيلُ	رَبَّنَا	تَقَبَّلْ	مِنَّا	إِنَّكَ
بنیادیں	سے	خانہ کعبہ	اور	اسمٰعیلؑ	اے ہمارے رب	قبول فرمالے	ہم سے	بیشک تو

اور اسمٰعیلؑ خانہ کعبہ کی بنیادیں (یہ دُعا کرتے تھے) اے ہمارے پروردگار! ہم سے قبول فرمالے، بیشک تو

أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿۱۲۷﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَ

أَنْتَ	السَّمِيعُ	الْعَلِيمُ	رَبَّنَا	وَاجْعَلْنَا	مُسْلِمَيْنِ	لَكَ	وَ
تو	سُننے والا	جاننے والا	اے ہمارے رب	اور ہمیں بنالے	فرماں بردار	اپنا	اور

سُننے والا، جاننے والا ہے۔ اے ہمارے رب! اور ہمیں اپنا فرمانبردار بنا لے اور

مِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُسْلِمَةً لَكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا

مِنْ	ذُرِّيَّتِنَا	أُمَّةً	مُسْلِمَةً	لَكَ	وَأَرِنَا	مَنَاسِكَنَا	وَتُبْ عَلَيْنَا
سے	ہماری اولاد	اُمت	فرمانبردار	اپنی	اور ہمیں دکھا	حج کے طریقے	اور ہماری توبہ قبول فرما

ہماری اولاد میں سے ایک اپنی فرمانبردار اُمت بنا اور ہمیں حج کے طریقے دکھا، اور ہماری توبہ قبول فرما،

إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿۱۲۸﴾ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا

إِنَّكَ	أَنْتَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيمُ	رَبَّنَا	وَابْعَثْ	فِيهِمْ	رَسُولًا
بیشک	تو	توبہ قبول کرنیوالا	رحم کرنے والا	اے ہمارے رب	اور بھیج	ان میں	ایک رسول

بیشک تو ہی توبہ قبول کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ اے ہمارے رب! اور ان میں ایک رسول بھیج

مِنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

مِنْهُمْ	يَتْلُوا	عَلَيْهِمْ	آيٰتِكَ	وَيُعَلِّمُهُمُ	الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ
ان سے	وہ پڑھے	ان پر	تیری آیتیں	اور انہیں تعلیم دے	"کتاب"	اور حکمت (دانائی)

ان میں سے، وہ ان پر تیری آیتیں پڑھے اور انہیں "کتاب" اور "حکمت" (دانائی) کی تعلیم دے،

۱۵

وَيُزَكِّيهِمْ ط إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۱۲۹﴾ وَمَنْ يَرْغَبُ

ع ۸ ۱۵

وَيُزَكِّيهِمْ	إِنَّكَ	أَنْتَ	الْعَزِيزُ	الْحَكِيمُ	وَمَنْ	يَرْغَبُ
اور انہیں پاک کرے	بیشک	تو	غالب	حکمت والا	اور کون	منہ موڑے

اور انہیں پاک کرے، بیشک تو ہی غالب، حکمت والا ہے۔ اور کون ہے جو مُنہ موڑے ؟

عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَقَدِ

وَلَقَدِ	نَفْسَهٗ	سَفِهَ	مَنْ	اِلَّا	اِبْرٰهٖمَ	مِّلَّةِ	عَنْ
اور بیشک	اپنے آپ	بیوقوف بنایا	جس نے	سوائے	ابراہیمؑ	دین	سے

ابراہیمؑ کے دین سے؟ سوائے اس کے جس نے اپنے آپ کو بے وقوف بنایا، اور بیشک

اصْطَفَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۳۰﴾

الصّٰلِحِيْنَ	لَمِنَ	فِى الْاٰخِرَةِ	وَاِنَّهٗ	فِى الدُّنْيَا	اصْطَفَيْنٰهُ
نیکو کار (جمع)	سے	آخرت میں	اور بیشک وہ	دنیا میں	ہم نے اسے چن لیا

ہم نے اسے دنیا میں چن لیا - اور بیشک وہ آخرت میں نیکو کاروں میں سے ہے۔

اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۳۱﴾

الْعٰلَمِيْنَ	لِرَبِّ	اَسْلَمْتُ	قَالَ	اَسْلِمْ	رَبُّهٗ	لَهٗ	اِذْ قَالَ
تمام جہان	رب کے لئے	میں نے سر جھکا دیا	اس نے کہا	سر جھکا دے	اس کا رب	اس کو	جب کہا

جب اس کو اس کے رب نے کہا تو سر جھکا دے، اس نے کہا میں نے تمام جہانوں کے رب کے لئے سر جھکا دیا۔

وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِىَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى

اصْطَفٰى	اِنَّ اللّٰهَ	يٰبَنِىَّ	وَيَعْقُوْبُ	بَنِيْهِ	اِبْرٰهٖمُ	بِهَا	وَوَصّٰى
چن لیا	بیشک اللہ	میرے بیٹو	اور یعقوبؑ	اپنے بیٹے	ابراہیمؑ	اس کی	اور وصیت کی

اور ابراہیمؑ نے اپنے بیٹوں کو اور یعقوبؑ نے (بھی) اسی کی وصیت کی، اے میرے بیٹو! اللہ نے بیشک چن لیا ہے

لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ اَمْ كُنْتُمْ

اَمْ كُنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ	وَاَنْتُمْ	اِلَّا	فَلَا تَمُوْتُنَّ	الدِّيْنَ	لَكُمُ
کیا تم تھے	مسلمان (جمع)	اور تم	مگر	پس تم ہرگز نہ مرنا	دین	تمہارے لئے

تمہارے لئے دین، پس تم ہرگز نہ مرنا، مگر مسلمان۔ کیا تم تھے

شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ

لِبَنِيْهِ	اِذْ قَالَ	الْمَوْتُ	يَعْقُوْبَ	حَضَرَ	اِذْ	شُهَدَآءَ
اپنے بیٹوں کو	جب اس نے کہا	موت	یعقوبؑ	آئی	جب	موجود

موجود؟ جب یعقوبؑ کو موت آئی، جب اس نے اپنے بیٹوں کو کہا

مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِیْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ

مَا تَعْبُدُوْنَ	مِنْۢ بَعْدِیْ	قَالُوْا	نَعْبُدُ	اِلٰهَكَ	وَ اِلٰهَ	اٰبَآئِكَ
کس کی تم عبادت کروگے ؟	میرے بعد	انہوں نے کہا	ہم عبادت کرینگے	تیرا معبود	اور معبود	تیرے باپ دادا

میرے بعد تم کس کی عبادت کروگے؟ انہوں نے کہا ہم عبادت کریں گے تیرے معبود کی ، اور تیرے باپ دادا

اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚۖ وَّنَحْنُ لَهٗ

اِبْرٰهٖمَ	وَاِسْمٰعِیْلَ	وَاِسْحٰقَ	اِلٰهًا	وَّاحِدًا	وَّنَحْنُ	لَهٗ
ابراہیم[۳]	اور اسمٰعیل[۲]	اور اسحٰق[۲]	معبود	واحد	اور ہم	اسی کے

ابراہیم[۲] اور اسمٰعیل[۲] اور اسحٰق[۲] کے معبودِ واحد کی ، اور ہم اسی کے

مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ

مُسْلِمُوْنَ	تِلْكَ	اُمَّةٌ	قَدْ خَلَتْ	لَهَا	مَا كَسَبَتْ	وَلَكُمْ
فرمانبردار	یہ	ایک امت	گزر گئی	اس کے لئے	جو اس نے کمایا	اور تمہارے لئے

فرمانبردار ہیں ۔ یہ ایک امت تھی جو گزر گئی ، اس کے لئے جو اس نے کمایا اور تمہارے لئے ہے

مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۴﴾ وَقَالُوْا

مَا كَسَبْتُمْ	وَلَا تُسْئَلُوْنَ	عَمَّا	كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ	وَ قَالُوْا
جو تم نے کمایا	اور تم سے نہ پوچھا جائے گا	اسکے بارہ میں	جو وہ کرتے تھے	اور انہوں نے کہا

جو تم نے کمایا ، اور تم سے اس کے بارہ میں نہ پوچھا جائے گا جو وہ کرتے تھے ۔ اور انہوں نے کہا

كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِیْفًا ؕ

كُوْنُوْا	هُوْدًا	اَوْ	نَصٰرٰی	تَهْتَدُوْا	قُلْ	بَلْ مِلَّةَ	اِبْرٰهٖمَ	حَنِیْفًا
ہو جاؤ	یہودی	یا	نصرانی	تم ہدایت پالوگے	کہدیجئے	بلکہ دین	ابراہیم	ایک اللہ کے ہوجانیوالے

تم یہودی یا نصرانی ہو جاؤ ہدایت پالوگے ، کہدیجئے بلکہ (ہم پیروی کرتے ہیں) ایک اللہ کے ہوجانے والے ابراہیم کے دین کی

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ ﴿۱۳۵﴾ قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَیْنَا

وَمَا كَانَ	مِنَ	الْمُشْرِكِیْنَ	قُوْلُوْٓا	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَ مَا	اُنْزِلَ	اِلَیْنَا
اور نہ تھے	سے	مشرکین	کہدو	ہم ایمان لائے	اللہ پر	اور جو	نازل کیا گیا	ہماری طرف

اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے ۔ کہدو ، ہم ایمان لائے اللہ پر اور جو ہماری طرف نازل کیا گیا

وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ

وَيَعْقُوْبَ	وَاِسْحٰقَ	وَاِسْمٰعِيْلَ	اِبْرٰهٖمَ	اِلٰٓى	اُنْزِلَ	وَمَآ
اور یعقوبؑ	اور اسحٰقؑ	اور اسمٰعیلؑ	ابراہیمؑ	طرف	نازل کیا گیا	اور جو

اور جو نازل کیا گیا ابراہیمؑ اور اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ

وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ

النَّبِيُّوْنَ	اُوْتِيَ	وَمَا	وَعِيْسٰى	مُوْسٰى	اُوْتِيَ	وَمَا	وَالْاَسْبَاطِ
نبیوں	دیا گیا	اور جو	اور عیسٰیؑ	موسٰیؑ	دیا گیا	اور جو	اور اولادِ یعقوبؑ

اور اولادِ یعقوبؑ کی طرف، اور جو دیا گیا موسٰیؑ، اور عیسٰیؑ کو اور جو دیا گیا نبیوں کو،

مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ لَهٗ

لَهٗ	وَنَحْنُ	مِنْهُمْ	اَحَدٍ	بَيْنَ	لَا نُفَرِّقُ	مِنْ رَّبِّهِمْ
اسی کے	اور ہم	ان سے	کسی ایک	درمیان	ہم فرق نہیں کرتے	ان کے رب سے

ان کے رب کی طرف سے، ہم ان میں سے کسی ایک کے درمیان فرق نہیں کرتے، اور ہم اسی کے

مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ

فَقَدِ اهْتَدَوْا	بِهٖ	مَآ اٰمَنْتُمْ	بِمِثْلِ	اٰمَنُوْا	فَاِنْ	مُسْلِمُوْنَ
تو وہ ہدایت پا گئے	اس پر	تم ایمان لائے	جیسے	وہ ایمان لائیں	پس اگر	فرمانبردار

فرمانبردار ہیں۔ پس اگر وہ ایمان لے آئیں جیسے تم اس پر ایمان لائے ہو، تو وہ ہدایت پا گئے،

وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ

اللّٰهُ	فَسَيَكْفِيْكَهُمُ	شِقَاقٍ	فِيْ	هُمْ	فَاِنَّمَا	تَوَلَّوْا	وَاِنْ
اللہ	پس عنقریب آپ کیلئے انکے مقابلہ میں کافی ہوگا	ضد	میں	وہ	تو بیشک وہی	انہوں نے منہ پھیرا	اور اگر

اور اگر انہوں نے منہ پھیرا تو بیشک وہی ضد میں ہیں، پس عنقریب ان کے مقابلہ میں آپکے لئے اللہ کافی ہوگا،

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾ صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ

اَحْسَنُ	وَمَنْ	صِبْغَةَ اللّٰهِ	الْعَلِيْمُ	السَّمِيْعُ	وَهُوَ
اچھا	اور کس	رنگ اللہ کا	جاننے والا	سننے والا	اور وہ

اور وہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ (ہم نے لیا) رنگ اللہ کا، اور کس کا اچھا ہے

مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۚ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿۱۳۸﴾ قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا

مِنَ	اللّٰهِ	صِبْغَةً	وَّنَحْنُ	لَهٗ	عٰبِدُوْنَ	قُلْ	اَتُحَآجُّوْنَنَا
سے	اللہ	رنگ	اور ہم	اسی کی	عبادت کرنیوالے	کہہ دیجئے	کیا تم ہم سے جھگڑا کرتے ہو؟

رنگ اللہ سے؟ اور ہم اسی کی عبادت کرنے والے ہیں۔ کہہ دیجئے، کیا تم ہم سے جھگڑا کرتے ہو؟

فِى اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ

فِى اللّٰهِ	وَهُوَ	رَبُّنَا	وَرَبُّكُمْ	وَلَنَآ	اَعْمَالُنَا	وَلَكُمْ
اللہ کے بارہ میں	حالانکہ وہی	ہمارا رب	اور تمہارا رب	اور ہمارے لئے	ہمارے عمل	اور تمہارے لئے

اللہ کے بارہ میں، حالانکہ وہی ہے ہمارا رب اور تمہارا رب، اور ہمارے لئے ہمارے عمل اور تمہارے لئے

اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ﴿۱۳۹﴾ اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ

اَعْمَالُكُمْ	وَنَحْنُ	لَهٗ	مُخْلِصُوْنَ	اَمْ	تَقُوْلُوْنَ	اِنَّ	اِبْرٰهٖمَ
تمہارے عمل	اور ہم	اسی کے	خالص	کیا	تم کہتے ہو	کہ	ابراہیمؑ

تمہارے عمل، اور ہم خالص اسی کے ہیں، کیا تم کہتے ہو؟ کہ ابراہیمؑ

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا

وَاِسْمٰعِيْلَ	وَاِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	وَالْاَسْبَاطَ	كَانُوْا	هُوْدًا
اور اسمٰعیلؑ	اور اسحٰقؑ	اور یعقوبؑ	اور اولاد یعقوبؑ	تھے	یہودی

اور اسمٰعیلؑ، اور اسحٰقؑ، اور یعقوبؑ اور اولادِ یعقوبؑ یہودی تھے

اَوْ نَصٰرٰى ؕ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ اَظْلَمُ

اَوْ نَصٰرٰى	قُلْ	ءَاَنْتُمْ	اَعْلَمُ	اَمِ اللّٰهُ	وَمَنْ	اَظْلَمُ
یا نصرانی	کہہ دیجئے	کیا تم	زیادہ جاننے والے	یا اللہ	اور کون	بڑا ظالم

یا نصرانی۔ کہہ دیجئے کیا تم زیادہ جاننے والے ہو یا اللہ؟ اور کون ہے بڑا ظالم

مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ

مِمَّنْ	كَتَمَ	شَهَادَةً	عِنْدَهٗ	مِنَ اللّٰهِ	وَمَا	اللّٰهُ	بِغَافِلٍ
سے جس	چھپائی	گواہی	اس کے پاس	اللہ سے	اور نہیں	اللہ	بے خبر

اس سے جس نے وہ گواہی چھپائی جو اللہ کی طرف سے اس کے پاس تھی، اور اللہ بے خبر نہیں

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۰﴾ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا

عَمَّا	تَعْمَلُوْنَ	تِلْكَ	اُمَّةٌ	قَدْ خَلَتْ	لَهَا	مَا
اس سے جو	تم کرتے ہو	یہ	ایک امت	گزر چکی	اسکے لئے	جو

اس سے جو تم کرتے ہو۔ یہ ایک اُمّت تھی جو گزر چکی، اُس کے لئے ہے جو

كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا

كَسَبَتْ	وَلَكُمْ	مَا كَسَبْتُمْ	وَلَا تُسْئَلُوْنَ	عَمَّا
اس نے کمایا	اور تمہارے لئے	جو تم نے کمایا	اور تم سے نہ پوچھا جائے گا	اس سے جو

اس نے کمایا اور تمہارے لئے ہے جو تم نے کمایا اور تم سے اس کے بارہ میں نہ پوچھا جائیگا جو

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۱﴾ ع

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ
وہ کرتے تھے

وہ کرتے تھے

۱۶ ع۱۲ ۱۶

سَیَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِیْ

سَیَقُوْلُ	السُّفَهَآءُ	مِنَ	النَّاسِ	مَا	وَلّٰىهُمْ	عَنْ	قِبْلَتِهِمُ	الَّتِیْ
اب کہیں گے	بیوقوف	سے	لوگ	کس	انہیں (مسلمانوں کو) پھیر دیا	سے	ان کا قبلہ	وہ جس

اب بیوقوف کہیں گے کہ مسلمانوں کو کس چیز نے اس قبلہ سے پھیر دیا وہ جس

كَانُوْا عَلَیْهَا ؕ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَ الْمَغْرِبُ ؕ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ

كَانُوْا	عَلَیْهَا	قُلْ	لِّلّٰهِ	الْمَشْرِقُ	وَ الْمَغْرِبُ	یَهْدِیْ	مَنْ یَّشَآءُ
وہ تھے	اس پر	آپ کہدیں	اللہ کیلئے	مشرق	اور مغرب	وہ ہدایت دیتا ہے	جس کو چاہتا ہے

پر تھے؟ آپ کہدیں کہ مشرق اور مغرب اللہ (ہی) کا ہے، وہ جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۱۴۲﴾ وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا

اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِیْمٍ	وَ كَذٰلِكَ	جَعَلْنٰكُمْ	اُمَّةً	وَّسَطًا	لِّتَكُوْنُوْا
طرف	راستہ	سیدھا	اور اسی طرح	ہم نے تمہیں بنایا	امت	معتدل	تاکہ تم ہو

سیدھے راستہ کی طرف۔ اور اسی طرح ہم نے تمہیں معتدل امت بنایا تاکہ تم ہو

شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَ یَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَیْكُمْ شَهِیْدًا ؕ وَ مَا جَعَلْنَا

شُهَدَآءَ	عَلَى	النَّاسِ	وَ یَكُوْنَ	الرَّسُوْلُ	عَلَیْكُمْ	شَهِیْدًا	وَ مَا جَعَلْنَا
گواہ	پر	لوگ	اور ہو	رسول	تم پر	گواہ	اور نہیں مقرر کیا ہم نے

لوگوں پر گواہ، اور رسولؐ تم پر گواہ ہوں، اور ہم نے مقرر نہیں کیا تھا

الْقِبْلَةَ الَّتِیْ كُنْتَ عَلَیْهَاۤ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ یَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ یَّنْقَلِبُ

الْقِبْلَةَ	الَّتِیْ	كُنْتَ	عَلَیْهَاۤ	اِلَّا	لِنَعْلَمَ	مَنْ	یَّتَّبِعُ	الرَّسُوْلَ	مِمَّنْ	یَّنْقَلِبُ
قبلہ	وہ جس	آپ تھے	اس پر	مگر	تاکہ ہم معلوم کرلیں	کون	پیروی کرتا ہے	رسول	اس سے جو	پھر جاتا ہے

وہ قبلہ جس پر آپ تھے، مگر (اسلئے) تاکہ ہم معلوم کرلیں کون رسولؐ کی پیروی کرتا ہے اس شخص سے جو پھر جاتا ہے

عَلٰى عَقِبَیْهِ ؕ وَ اِنْ كَانَتْ لَكَبِیْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِیْنَ هَدَى اللّٰهُ ؕ

عَلٰى	عَقِبَیْهِ	وَ اِنْ	كَانَتْ	لَكَبِیْرَةً	اِلَّا	عَلَى	الَّذِیْنَ	هَدَى	اللّٰهُ
پر	اپنی ایڑیاں	اور بیشک	یہ تھی	بھاری بات	مگر	پر	جنہیں	ہدایت دی	اللہ

اپنی ایڑیوں پر (الٹے پاؤں) اور بیشک یہ بھاری بات تھی مگر ان پر (نہیں) جنہیں اللہ نے ہدایت دی

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۳﴾

وَمَا كَانَ	اللّٰهُ	لِيُضِيْعَ	اِيْمَانَكُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِالنَّاسِ	لَرَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ
اور نہیں	اللہ	کہ وہ ضائع کرے	تمہارا ایمان	بیشک	اللہ	لوگوں کے ساتھ	بڑا شفیق	رحم کرنے والا

اور اللہ (ایسا) نہیں کہ تمہارا ایمان ضائع کردے، بیشک اللہ لوگوں کے ساتھ بڑا شفیق، رحم کرنے والا ہے۔

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا ۠

قَدْ نَرٰى	تَقَلُّبَ	وَجْهِكَ	فِى	السَّمَآءِ	فَلَنُوَلِّيَنَّكَ	قِبْلَةً	تَرْضٰهَا
ہم دیکھتے ہیں	بار بار پھرنا	آپکا منہ	میں (طرف)	آسمان	تو ضرور ہم پھیر دینگے آپ کو	قبلہ	اسے آپ پسند کرتے ہیں

ہم دیکھتے ہیں بار بار آپؐ کا منہ آسمان کی طرف پھرنا، تو ضرور ہم آپؐ کو اس قبلہ کی طرف پھیر دیں گے جسے آپ پسند کرتے ہیں،

فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۭ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا

فَوَلِّ	وَجْهَكَ	شَطْرَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَحَيْثُ مَا	كُنْتُمْ	فَوَلُّوْا
پس آپ پھیر لیں	اپنا منہ	طرف	مسجد حرام (خانۂ کعبہ)	اور جہاں کہیں	تم ہو	سو پھیر لیا کرو

پس آپؐ اپنا منہ مسجد حرام (خانۂ کعبہ) کی طرف پھیر لیں، اور جہاں کہیں تم ہو پھیر لیا کرو

وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ

وُجُوْهَكُمْ	شَطْرَهٗ	وَاِنَّ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	لَيَعْلَمُوْنَ	اَنَّهُ	الْحَقُّ
اپنے منہ	اسکی طرف	اور بیشک	جنہیں	دی گئی کتاب (اہل کتاب)	وہ ضرور جانتے ہیں	کہ یہ	حق

اپنے منہ اس کی طرف، اور بے شک اہل کتاب ضرور جانتے ہیں کہ یہ حق ہے

مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ

مِنْ	رَّبِّهِمْ	وَمَا	اللّٰهُ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	يَعْمَلُوْنَ	وَلَئِنْ	اَتَيْتَ	الَّذِيْنَ
سے	ان کا رب	اور نہیں	اللہ	بے خبر	اس سے جو	وہ کرتے ہیں	اور اگر	آپ لائیں	جنہیں

ان کے رب کی طرف سے، اور اللہ اس سے بے خبر نہیں جو وہ کرتے ہیں اور اگر آپؐ لائیں

اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَا اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ

اُوْتُوا الْكِتٰبَ	بِكُلِّ	اٰيَةٍ	مَّا تَبِعُوْا	قِبْلَتَكَ	وَمَا	اَنْتَ	بِتَابِعٍ	قِبْلَتَهُمْ
دی گئی کتاب (اہل کتاب)	تمام	نشانیاں	وہ پیروی نہ کرینگے	آپکا قبلہ	اور نہ	آپ	پیروی کرنیوالے	ان کا قبلہ

اہل کتاب کے پاس تمام نشانیاں وہ (پھر بھی) آپؐ کے قبلہ کی پیروی نہ کریں گے اور نہ آپؐ ان کے قبلہ کی پیروی کرنے والے ہیں

وَمَا بَعۡضُهُمۡ بِتَابِعٍ قِبۡلَةَ بَعۡضٍ ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعۡتَ اَهۡوَآءَهُمۡ

ذُرِّيَّةً	الْعٰلَمِيْنَ	عَلَي	وَاٰلَ عِمْرٰنَ	وَاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ	وَنُوْحًا	اٰدَمَ
اولاد	سارے جہان	پر	اور عمران کا گھرانہ	اور ابراہیمؑ کا گھرانہ	اور نوحؑ	آدمؑ

آدمؑ اور نوحؑ کو اور ابراہیمؑ و عمران کے گھرانے کو سارے جہان پر۔ وہ اولاد تھے

بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۴﴾ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ

امْرَاَتُ عِمْرٰنَ	قَالَتِ	اِذْ	عَلِيْمٌ	سَمِيْعٌ	وَاللّٰهُ	بَعْضٍ	مِنْ	بَعْضُهَا
بی بی عمران	کہا	جب	جاننے والا	سننے والا	اور اللہ	دوسرے	سے	وہ ایک

ایک دوسرے کی، اور اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ جب عمران کی بی بی نے کہا

رَبِّ اِنِّىْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِىْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّىْ ۚ

مِنِّىْ	فَتَقَبَّلْ	مُحَرَّرًا	فِيْ بَطْنِىْ	مَا	لَكَ	نَذَرْتُ	اِنِّىْ	رَبِّ
مجھ سے	سو تو قبول کر لے	آزاد کیا ہوا	میرے پیٹ میں	جو	تیرے لئے	میں نے نذر کیا	بیشک میں	اے میرے رب

اے میرے رب! جو میرے پیٹ میں ہے، میں نے تیری نذر کیا (سب سے) آزاد رکھ کر سو تو مجھ سے قبول کر لے،

إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٣٥﴾ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا

اِنَّكَ	اَنْتَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	فَلَمَّا	وَضَعَتْهَا	قَالَتْ	رَبِّ	اِنِّیْ	وَضَعْتُهَا
بیشک تو	تو	سننے والا	جاننے والا	سو جب	اس نے اس کو جنم دیا	اس نے کہا	اے میرے رب	میں نے	جنم دی

بیشک تو سننے والا جاننے والا ہے۔ سو جب اس نے اس کو (مریم کو) جنم دیا تو وہ بولی اے میرے رب! میں نے جنم دی ہے

أُنْثَىٰ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنْثَىٰ وَإِنِّي

اُنْثٰی	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا	وَضَعَتْ	وَلَیْسَ	الذَّکَرُ	کَالْاُنْثٰی	وَاِنِّیْ
لڑکی	اور اللہ	خوب جانتا ہے	جو	اس نے جنا	اور نہیں	بیٹا	مانند بیٹی	اور میں

لڑکی، اور اللہ خوب جانتا ہے جو اس نے جنم دیا ہے، اور بیٹا بیٹی کے مانند نہیں ہوتا، اور میں نے

سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ﴿٣٦﴾

سَمَّیْتُهَا	مَرْیَمَ	وَاِنِّیْ اُعِیْذُهَا	بِکَ	وَذُرِّیَّتَهَا	مِنَ	الشَّیْطٰنِ	الرَّجِیْمِ
اس کا نام رکھا	مریم	اور میں پناہ میں دیتی ہوں اس کو	تیری	اور اس کی اولاد	سے	شیطان	مردود

اس کا نام مریم رکھا، اور میں اس کو اور اس کی اولاد کو تیری پناہ میں دیتی ہوں شیطان مردود سے۔

فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنْبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَكَفَّلَهَا

فَتَقَبَّلَهَا	رَبُّهَا	بِقَبُوْلٍ	حَسَنٍ	وَّاَنْۢبَتَهَا	نَبَاتًا	حَسَنًا	وَّکَفَّلَهَا
تو قبول کیا اس کو	اس کا رب	قبول	اچھا	اور پروان چڑھایا اسکو	بڑھانا	اچھا	اور سپرد کیا اس کو

تو اس کو اس کے رب نے اچھی طرح قبول کیا اور اس کو اچھی طرح پروان چڑھایا اور اس کو سپرد کیا

زَكَرِيَّا كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا

زَکَرِیَّا	کُلَّمَا	دَخَلَ	عَلَیْهَا	زَکَرِیَّا	الْمِحْرَابَ	وَجَدَ	عِنْدَهَا	رِزْقًا
زکریا ؑ	جس وقت	داخل ہوتا	اسکے پاس	زکریا ؑ	محراب (حجرہ)	پایا	اس کے پاس	کھانا

زکریا ؑ کے۔ جب بھی زکریا ؑ اس کے پاس حجرہ میں داخل ہوتے اس کے پاس کھانا پاتے،

قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا ۖ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۖ إِنَّ اللَّهَ

قَالَ	یٰمَرْیَمُ	اَنّٰی	لَکِ	هٰذَا	قَالَتْ	هُوَ	مِنْ	عِنْدِ	اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ
اس نے کہا	اے مریم	کہاں	تیرے لئے	یہ	اس نے کہا	یہ	سے	پاس	اللہ	بیشک	اللہ

اس نے (زکریا ؑ نے) کہا اے مریم! یہ تیرے پاس کہاں سے آیا؟ اس نے کہا یہ اللہ کے پاس سے ہے، بیشک اللہ

يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٧﴾ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ

يَرْزُقُ	مَنْ	يَّشَآءُ	بِغَيْرِ حِسَابٍ	هُنَالِكَ	دَعَا	زَكَرِيَّا	رَبَّهٗ	قَالَ	رَبِّ
رزق دیتا ہے	جسے	چاہے	بے حساب	وہیں	دُعا کی	زکریا	اپنا رب	اسنے کہا	اے میرے رب

جسے چاہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ وہیں زکریاؑ نے اپنے رب سے دُعا کی۔ اس نے کہا اے میرے رب!

هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿٣٨﴾ فَنَادَتْهُ

هَبْ لِيْ	مِنْ	لَّدُنْكَ	ذُرِّيَّةً	طَيِّبَةً	اِنَّكَ	سَمِيْعُ	الدُّعَآءِ	فَنَادَتْهُ
عطا کر مجھے	سے	اپنے پاس	اولاد	پاک	بیشک تو	سُننے والا	دُعا	تو آواز دی اس کو

مجھے اپنے پاس سے پاک اولاد عطا کر، تو بیشک دُعا سُننے والا ہے۔ تو انہیں آواز دی

الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى

الْمَلٰٓئِكَةُ	وَهُوَ	قَآئِمٌ	يُّصَلِّيْ	فِي	الْمِحْرَابِ	اَنَّ اللّٰهَ	يُبَشِّرُكَ	بِيَحْيٰى
فرشتہ (جمع)	اور وہ	کھڑے ہوئے	نماز پڑھتے	میں	محراب (حجرہ)	کہ اللہ	تمہیں خوشخبری دیتا ہے	یحییٰؑ کی

فرشتوں نے جب وہ حجرہ میں کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے، کہ اللہ تمہیں یحییٰؑ کی خوشخبری دیتا ہے

مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٣٩﴾

مُصَدِّقًا	بِكَلِمَةٍ	مِنَ	اللّٰهِ	وَسَيِّدًا	وَحَصُوْرًا	وَنَبِيًّا	مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ
تصدیق کرنیوالا	حکم	سے	اللہ	اور سردار	اور نفس کو قابو رکھنے والا	اور نبی	سے	نیکوکار (جمع)

اللہ کے حکم کی تصدیق کرنے والا، سردار اور نفس کو قابو رکھنے والا اور نبی (ہوگا) نیکوکاروں میں سے۔

قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ

قَالَ	رَبِّ	اَنّٰى	يَكُوْنُ	لِيْ	غُلٰمٌ	وَقَدْ + بَلَغَنِيَ	الْكِبَرُ	وَامْرَاَتِيْ
اس نے کہا	اے میرے رب	کہاں	ہوگا	میرے لئے	لڑکا	جبکہ مجھے پہنچ گیا	بڑھاپا	اور میری عورت

اس نے کہا اے میرے رب! میرے لڑکا کہاں سے ہوگا؟ جبکہ مجھے بڑھاپا پہنچ چکا ہے، اور میری عورت

عَاقِرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ﴿٤٠﴾ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ

عَاقِرٌ	قَالَ	كَذٰلِكَ	اللّٰهُ	يَفْعَلُ	مَا يَشَآءُ	قَالَ	رَبِّ	اجْعَلْ
بانجھ	اس نے کہا	اسی طرح	اللہ	کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	اس نے کہا	اے میرے رب	مقرر فرما دے

بانجھ ہے، اس نے کہا اسی طرح اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے اس نے کہا اے میرے رب! مقرر فرما دے

لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ۭ وَ

لِّيْٓ	اٰيَةً	قَالَ	اٰيَتُكَ	اَلَّا	تُكَلِّمَ	النَّاسَ	ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ	اِلَّا	رَمْزًا	وَ
میرے لئے	کوئی نشانی	اس نے کہا	تیری نشانی	کہ نہ	بات کرے گا	لوگ	تین دن	مگر	اشارہ	اور

میرے لئے کوئی نشانی؟ اس نے کہا تیری نشانی یہ ہے کہ تو لوگوں سے تین دن بات نہ کریگا، مگر اشارہ سے، اور

اذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۝۴۱ وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰۗىِٕكَةُ

اذْكُرْ	رَّبَّكَ	كَثِيْرًا	وَّسَبِّحْ	بِالْعَشِيِّ	وَالْاِبْكَارِ	وَاِذْ	قَالَتِ	الْمَلٰۗىِٕكَةُ
تو یاد کر	اپنا رب	بہت	اور تسبیح کر	شام	اور صبح	اور جب	کہا	فرشتہ (جمع)

تو اپنے رب کو بہت یاد کر، اور صبح و شام تسبیح کر۔ اور جب فرشتوں نے کہا

يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰىكِ عَلٰي نِسَاۗءِ

يٰمَرْيَمُ	اِنَّ اللّٰهَ	اصْطَفٰىكِ	وَطَهَّرَكِ	وَاصْطَفٰىكِ	عَلٰي	نِسَاۗءِ
اے مریم	بیشک اللہ	چن لیا تجھ کو	اور پاک کیا تجھ کو	اور برگزیدہ کیا تجھ کو	پر	عورتیں

اے مریم! بیشک اللہ نے تجھ کو چن لیا، اور تجھ کو پاک کیا، اور تجھ کو برگزیدہ کیا عورتوں پر

الْعٰلَمِيْنَ ۝۴۲ يٰمَرْيَمُ اقْنُتِىْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ

الْعٰلَمِيْنَ	يٰمَرْيَمُ	اقْنُتِىْ	لِرَبِّكِ	وَاسْجُدِيْ	وَارْكَعِيْ	مَعَ
تمام جہان	اے مریم	تو فرمانبرداری کر	اپنے رب کی	اور سجدہ کر	اور رکوع کر	ساتھ

تمام جہان کی ۔ اے مریم! تو اپنے رب کی فرماں برداری کر، اور سجدہ کر، اور رکوع کر،

الرّٰكِعِيْنَ ۝۴۳ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۭ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ

الرّٰكِعِيْنَ	ذٰلِكَ	مِنْ	اَنْۢبَاۗءِ	الْغَيْبِ	نُوْحِيْهِ	اِلَيْكَ	وَمَا كُنْتَ	لَدَيْهِمْ
رکوع کرنے والے	یہ	سے	خبریں	غیب	ہم یہ وحی کرتے ہیں	تیری طرف	اور تو نہ تھا	ان کے پاس

رکوع کرنے والوں کے ساتھ۔ یہ غیب کی خبریں ہیں، ہم آپ کی طرف وحی کرتے ہیں، اور آپ ان کے پاس نہ تھے

اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَھُمْ اَيُّھُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۠ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ

اِذْ	يُلْقُوْنَ	اَقْلَامَھُمْ	اَيُّھُمْ	يَكْفُلُ	مَرْيَمَ	وَمَا	كُنْتَ	لَدَيْهِمْ
جب	وہ ڈالتے تھے	اپنے قلم	کون۔ ان	پرورش کرے	مریم	اور نہ	تو تھا	ان کے پاس

جب وہ (قرعہ کے لئے) اپنے قلم ڈال رہے تھے کہ ان میں سے کون مریم کی پرورش کرے گا؟ اور آپ ان کے پاس نہ تھے

إِذْ يَخْتَصِمُونَ ﴿٤٤﴾ إِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ إِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ

إِذْ	يَخْتَصِمُونَ	إِذْ قَالَتِ	الْمَلٰٓئِكَةُ	يٰمَرْيَمُ	إِنَّ	اللّٰهَ	يُبَشِّرُكِ	بِكَلِمَةٍ
جب	وہ جھگڑتے تھے	جب کہا	فرشتے	اے مریم	بیشک	اللہ	تجھے بشارت دیتا ہے	ایک کلمہ کی

جب وہ جھگڑتے تھے۔ جب فرشتوں نے کہا اے مریم! بیشک اللہ تجھے اپنے ایک کلمہ کی بشارت دیتا ہے

مِّنْهُ ۖ اسْمُهُ الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

مِنْهُ	اسْمُهُ	الْمَسِيحُ	عِيسَى	ابْنُ مَرْيَمَ	وَجِيهًا	فِي	الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ
اپنے	اس کا نام	مسیح	عیسٰے	ابن مریم	با آبرو	میں	دنیا	اور آخرت

اس کا نام مسیح عیسٰی ابن مریم ہے، دنیا اور آخرت میں با آبرو

وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ﴿٤٥﴾ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِينَ ﴿٤٦﴾

وَمِنَ	الْمُقَرَّبِينَ	وَيُكَلِّمُ	النَّاسَ	فِي الْمَهْدِ	وَكَهْلًا	وَمِنَ	الصّٰلِحِينَ
اور سے	مقرب (جمع)	اور باتیں کریگا	لوگ	گہوارہ میں	اور پختہ عمر	اور سے	نیکوکار

اور مقربوں سے ہوگا، اور لوگوں سے گہوارہ میں اور پختہ عمر میں باتیں کرے گا، اور نیکوکاروں سے ہوگا۔

قَالَتْ رَبِّ أَنّٰى يَكُونُ لِي وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ ۖ قَالَ

قَالَتْ	رَبِّ	أَنّٰى	يَكُونُ لِي	وَلَدٌ	وَلَمْ	يَمْسَسْنِي	بَشَرٌ	قَالَ
وہ بولی	اے میرے رب	کیسے	ہوگا میرے ہاں	بیٹا	اور نہیں	ہاتھ لگایا مجھے	کوئی مرد	اس نے کہا

وہ بولی، اے میرے رب! میرے ہاں بیٹا کیسے ہوگا؟ اور کسی مرد نے مجھے ہاتھ نہیں لگایا، اس نے کہا

كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ إِذَا قَضٰٓى أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ

كَذٰلِكِ	اللّٰهُ	يَخْلُقُ	مَا يَشَآءُ	إِذَا	قَضٰٓى	أَمْرًا	فَإِنَّمَا	يَقُولُ
اسی طرح	اللہ	پیدا کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	جب	وہ ارادہ کرتا ہے	کوئی کام	تو	وہ کہتا ہے

اسی طرح اللہ جو چاہے پیدا کرتا ہے، جب وہ کسی کام کا ارادہ کرتا ہے تو وہ کہتا ہے

لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ﴿٤٧﴾ وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَ

لَهُ	كُنْ	فَيَكُونُ	وَيُعَلِّمُهُ	الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ	وَالتَّوْرٰىةَ	وَ
اس کو	ہوجا	سو وہ ہوجاتا ہے	اور وہ سکھائے گا اس کو	کتاب	اور دانائی	اور توریت	اور

اس کو "ہوجا" سو وہ ہوجاتا ہے۔ اور وہ اس کو سکھائے گا کتاب، اور دانائی اور توریت، اور

الْاِنْجِيْلَ ﴿٤٨﴾ وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ ۙ اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ

الْاِنْجِيْلَ	وَرَسُوْلًا	اِلٰى	بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ	اَنِّيْ	قَدْ جِئْتُكُمْ	بِاٰيَةٍ
انجیل	اور ایک رسول	طرف	بنی اسرائیل	کہ میں	آیا ہوں تمہاری طرف	ایک نشانی کے ساتھ

انجیل - اور بنی اسرائیل کی طرف ایک رسول (بھیجے گا) کہ میں تمہاری طرف ایک نشانی کے ساتھ آیا ہوں

مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْۤ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ

مِّنْ	رَّبِّكُمْ	اَنِّيْۤ	اَخْلُقُ	لَكُمْ	مِّنَ	الطِّيْنِ	كَهَيْئَةِ	الطَّيْرِ
سے	تمہارا رب	کہ میں	بناتا ہوں	تمہارے لئے	سے	گارا	مانند - شکل	پرندہ

تمہارے رب کی طرف سے، میں تمہارے لئے گارے سے پرندہ جیسی شکل بناتا ہوں،

فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًاۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ

فَاَنْفُخُ	فِيْهِ	فَيَكُوْنُ	طَيْرًا	بِاِذْنِ	اللّٰهِ	وَاُبْرِئُ	الْاَكْمَهَ	وَالْاَبْرَصَ
پھر پھونک مارتا ہوں	اس میں	تو وہ ہو جاتا ہے	پرندہ	حکم سے	اللہ	اور میں اچھا کرتا ہوں	مادر زاد اندھا	اور کوڑھی

پھر اس میں پھونک مارتا ہوں، تو وہ اللہ کے حکم سے پرندہ ہو جاتا ہے، اور میں اچھا کرتا ہوں مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو،

وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا

وَاُحْيِ	الْمَوْتٰى	بِاِذْنِ	اللّٰهِ	وَاُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	تَاْكُلُوْنَ	وَمَا
اور میں زندہ کرتا ہوں	مُردے	حکم سے	اللہ	اور تمہیں بتاتا ہوں	جو	تم کھاتے ہو	اور جو

اور میں اللہ کے حکم سے مُردے زندہ کرتا ہوں، اور میں تمہیں بتاتا ہوں جو تم کھاتے ہو، اور جو

تَدَّخِرُوْنَ فِيْ بُيُوْتِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

تَدَّخِرُوْنَ	فِيْ	بُيُوْتِكُمْ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ
تم ذخیرہ کرتے ہو	میں	گھروں اپنے	بیشک	میں	اس	ایک نشانی	تمہارے لئے	اگر	تم ہو

تم اپنے گھروں میں ذخیرہ کرتے ہو، بے شک اس میں تمہارے لئے ایک نشانی ہے، اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٤٩﴾ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَ

مُّؤْمِنِيْنَ	وَمُصَدِّقًا	لِّمَا	بَيْنَ يَدَيَّ	مِنَ	التَّوْرٰىةِ	وَ
ایمان والے	اور تصدیق کرنے والا	جو	اپنے سے پہلی	سے	توریت	اور

ایمان والے ہو - اور میں اپنے سے پہلی (کتاب) توریت کی تصدیق کرنے والا ہوں اور

لِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ

لِاُحِلَّ	لَكُمْ	بَعْضَ	الَّذِيْ	حُرِّمَ	عَلَيْكُمْ	وَجِئْتُكُمْ	بِاٰيَةٍ
تاکہ حلال کردوں	تمہارے لئے	بعض	وہ جو کہ	حرام کی گئی	تم پر	اور آیا ہوں تمہارے پاس	ایک نشانی

تاکہ تمہارے لئے بعض وہ چیزیں حلال کردوں جو تم پر حرام کی گئی تھیں، اور تمہارے پاس ایک نشانی کے ساتھ آیا ہوں

مِّنْ رَّبِّكُمْ ۣ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝٥٠ اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ

مِنْ	رَبِّكُمْ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوْنِ	اِنَّ	اللّٰهَ	رَبِّيْ	وَرَبُّكُمْ
سے	تمہارا رب	سو تم ڈرو	اللہ	اور میرا کہا مانو	بیشک	اللہ	میرا رب	اور تمہارا رب

تمہارے رب سے، سو تم اللہ سے ڈرو اور میرا کہا مانو۔ بیشک اللہ (ہی) میرا اور تمہارا رب ہے

فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝٥١ فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى

فَاعْبُدُوْهُ	هٰذَا	صِرَاطٌ	مُّسْتَقِيْمٌ	فَلَمَّا	اَحَسَّ	عِيْسٰى
سو تم عبادت کرو اسکی	یہ	راستہ	سیدھا	پھر جب	معلوم کیا	عیسیٰؑ

سو تم اس کی عبادت کرو، یہ سیدھا راستہ ہے، پھر جب عیسیٰؑ نے معلوم کیا

مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ

مِنْهُمُ	الْكُفْرَ	قَالَ	مَنْ	اَنْصَارِيْ	اِلَى	اللّٰهِ	قَالَ	الْحَوَارِيُّوْنَ
ان سے	کفر	اسنے کہا	کون	میری مدد کرنے والا	طرف	اللہ	کہا	حواری (جمع)

ان سے کفر (تو) کہا کون ہے اللہ کی طرف میری مدد کرنے والا؟ حواریوں نے کہا

نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ۝٥٢ رَبَّنَآ

نَحْنُ	اَنْصَارُ	اللّٰهِ	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَاشْهَدْ	بِاَنَّا	مُسْلِمُوْنَ	رَبَّنَا
ہم	مدد کرنے والے	اللہ	ہم ایمان لائے	اللہ پر	تو گواہ رہ	کہ ہم	فرماں بردار	اے ہمارے رب

ہم اللہ کے مدد کرنے والے ہیں، ہم اللہ پر ایمان لائے، اور گواہ رہ کہ ہم فرماں بردار ہیں: اے ہمارے رب!

اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝٥٣

اٰمَنَّا	بِمَا	اَنْزَلْتَ	وَاتَّبَعْنَا	الرَّسُوْلَ	فَاكْتُبْنَا	مَعَ	الشّٰهِدِيْنَ
ہم ایمان لائے	جو	تونے نازل کیا	اور ہم نے پیروی کی	رسول	سو تو ہمیں لکھ لے	ساتھ	گواہی دینے والے

ہم اس پر ایمان لائے جو تونے نازل کیا اور ہم نے رسول کی پیروی کی، سو تو ہمیں گواہی دینے والوں کے ساتھ لکھ لے

وَ مَكَرُوْا وَ مَكَرَ اللّٰهُ ۭ وَ اللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۵۴﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ

وَ مَكَرُوْا	وَ	مَكَرَ	اللّٰهُ	وَ اللّٰهُ	خَيْرُ	الْمٰكِرِيْنَ	اِذْ	قَالَ	اللّٰهُ
اور انہوں نے مکر کیا	اور	خفیہ تدبیر کی	اللہ	اور اللہ	بہتر	تدبیر کرنیوالے ہیں	جب	کہا	اللہ

اور انہوں نے مکر کیا اور اللہ نے خفیہ تدبیر کی، اور اللہ (سب) تدبیر کرنے والوں سے بہتر ہے۔ جب اللہ نے کہا

يٰعِيْسٰٓى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَ رَافِعُكَ اِلَىَّ وَ مُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ

يٰعِيْسٰى	اِنِّىْ	مُتَوَفِّيْكَ	وَ رَافِعُكَ	اِلَىَّ	وَ مُطَهِّرُكَ	مِنَ	الَّذِيْنَ
اے عیسیٰؑ	میں	قبض کرلوں گا تجھے	اور اٹھالوں گا تجھے	اپنی طرف	اور پاک کردوں گا تجھے	سے	وہ لوگ جو

اے عیسیٰؑ! میں تجھے قبض کرلوں گا، اور تجھے اپنی طرف اٹھالوں گا، اور تجھے پاک کردوں گا ان لوگوں سے

كَفَرُوْا وَ جَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى

كَفَرُوْا	وَ جَاعِلُ	الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْكَ	فَوْقَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	اِلٰى
انہوں نے کفر کیا	اور رکھوں گا	وہ جنہوں نے	تیری پیروی کی	اوپر	جنہوں نے	کفر کیا	تک

جنہوں نے کفر کیا، اور جنہوں نے تیری پیروی کی انہیں ان کے اوپر (غالب) رکھوں گا، جنہوں نے کفر کیا

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ اِلَىَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ	ثُمَّ	اِلَىَّ	مَرْجِعُكُمْ	فَاَحْكُمُ	بَيْنَكُمْ	فِيْمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ
قیامت کا دن	پھر	میری طرف	تمہیں لوٹ کر آنا ہے	پھر میں فیصلہ کروں گا	تمہارے درمیان	جس میں	تم تھے	میں

قیامت کے دن تک۔ پھر تمہیں میری طرف لوٹ کر آنا ہے، پھر میں تمہارے درمیان فیصلہ کروں گا جس (بارہ) میں تم

تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۵۵﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا

تَخْتَلِفُوْنَ	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	فَاُعَذِّبُهُمْ	عَذَابًا	شَدِيْدًا
اختلاف کرتے	پس	جن لوگوں نے	کفر کیا	سو انہیں عذاب دوں گا	عذاب	سخت

اختلاف کرتے تھے۔ پس جن لوگوں نے کفر کیا، سو انہیں سخت عذاب دوں گا

فِى الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ۡ وَ مَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ وَ اَمَّا الَّذِيْنَ

فِى	الدُّنْيَا	وَ الْاٰخِرَةِ	وَ مَا	لَهُمْ	مِّنْ	نّٰصِرِيْنَ	وَ اَمَّا	الَّذِيْنَ
میں	دنیا	اور آخرت	اور نہیں	ان کا	سے	مددگار	اور جو	جو لوگ

دنیا اور آخرت میں، اور ان کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔ اور جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَیُوَفِّیْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا یُحِبُّ

لَا یُحِبُّ	وَاللّٰهُ	اُجُوْرَهُمْ	فَیُوَفِّیْهِمْ	الصّٰلِحٰتِ	وَعَمِلُوْا	اٰمَنُوْا
دوست نہیں رکھتا	اور اللہ	ان کے اجر	تو پورا دے گا	نیک	اور انہوں نے کام کئے	ایمان لائے

ایمان لائے، اور انہوں نے نیک کام کئے تو (اللہ) اُن کے اجر انہیں پورے دے گا، اور اللہ دوست نہیں رکھتا

الظّٰلِمِیْنَ ﴿۵۷﴾ ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَیْكَ مِنَ الْاٰیٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِیْمِ ﴿۵۸﴾

الْحَكِیْمِ	وَالذِّكْرِ	الْاٰیٰتِ	مِنَ	عَلَیْكَ	نَتْلُوْهُ	ذٰلِكَ	الظّٰلِمِیْنَ
حکمت والی	اور نصیحت	آیتیں	سے	آپ پر	ہم پڑھتے ہیں	یہ	ظالم (جمع)

ظالموں کو۔ ہم آپ پر یہ آیتیں اور حکمت والی نصیحت پڑھتے ہیں۔

اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ

قَالَ	ثُمَّ	تُرَابٍ	مِنْ	خَلَقَهٗ	اٰدَمَ	كَمَثَلِ	عِنْدَ اللّٰهِ	عِیْسٰی	مَثَلَ	اِنَّ
کہا	پھر	مٹی	سے	اس کو پیدا کیا	آدم	مثال جیسی	اللہ کے نزدیک	عیسٰی	مثال	بیشک

بیشک اللہ کے نزدیک عیسٰیؑ کی مثال آدمؑ جیسی ہے، اسے مٹی سے پیدا کیا، پھر کہا

لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ﴿۵۹﴾ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِیْنَ ﴿۶۰﴾

الْمُمْتَرِیْنَ	مِنَ	فَلَا تَكُنْ	رَّبِّكَ	مِنْ	اَلْحَقُّ	فَیَكُوْنُ	كُنْ	لَهٗ
شک کرنے والے	سے	پس نہ ہو	آپ کا رب	سے	حق	سو وہ ہو گیا	ہو جا	اس کو

اس کو "ہو جا" تو وہ ہو گیا۔ حق آپ کے رب کی طرف سے ہے، پس شک کرنے والوں سے نہ ہونا۔

فَمَنْ حَآجَّكَ فِیْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا

تَعَالَوْا	فَقُلْ	الْعِلْمِ	مِنَ	جَآءَكَ	مَا	مِنْۢ بَعْدِ	فِیْهِ	حَآجَّكَ	فَمَنْ
تم آؤ	تو کہدیں	علم	سے	آ گیا	جب	بعد	اس میں	آپ سے جھگڑے	سو جو

سو جو آپ سے اسی بارہ میں جھگڑے اس کے بعد جبکہ آپ کے پاس علم آ گیا تو آپ کہدیں! آؤ

نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَ

وَ	وَاَنْفُسَنَا	وَنِسَآءَكُمْ	وَنِسَآءَنَا	وَاَبْنَآءَكُمْ	اَبْنَآءَنَا	نَدْعُ
اور	اور ہم خود	اور تمہاری عورتیں	اور اپنی عورتیں	اور تمہارے بیٹے	اپنے بیٹے	ہم بلائیں

ہم بلائیں اپنے بیٹے اور تمہارے بیٹے، اور اپنی عورتیں اور تمہاری عورتیں، اور ہم خود اور

اَنۡفُسَکُمۡ ۟ ثُمَّ نَبۡتَہِلۡ فَنَجۡعَلۡ لَّعۡنَتَ اللّٰہِ عَلَی الۡکٰذِبِیۡنَ ﴿۶۱﴾ اِنَّ

اِنَّ	الۡکٰذِبِیۡنَ	عَلَی	اللّٰہِ	لَّعۡنَتَ	فَنَجۡعَلۡ	نَبۡتَہِلۡ	ثُمَّ	اَنۡفُسَکُمۡ
بیشک	جھوٹے	پر	اللہ	لعنت	پھر کریں (ڈالیں)	ہم التجا کریں	پھر	تم خود

اور تم خود (بھی) پھر ہم سب التجا کریں، پھر جھوٹوں پر اللہ کی لعنت ڈالیں۔ بیشک

ھٰذَا لَھُوَ الۡقَصَصُ الۡحَقُّ ۚ وَمَا مِنۡ اِلٰہٍ اِلَّا اللّٰہُ ؕ وَاِنَّ اللّٰہَ

اللّٰہَ	وَاِنَّ	اِلَّا اللّٰہُ	مِنۡ اِلٰہٍ	وَمَا	الۡحَقُّ	الۡقَصَصُ	لَھُوَ	ھٰذَا
اللہ	اور بیشک	اللہ کے سوا	کوئی معبود	اور نہیں	سچا	بیان	یہی	یہ

یہی سچا بیان ہے، اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور بے شک اللہ

لَھُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۶۲﴾ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّ اللّٰہَ عَلِیۡمٌۢ بِالۡمُفۡسِدِیۡنَ ﴿۶۳﴾ ع

بِالۡمُفۡسِدِیۡنَ	عَلِیۡمٌۢ	اللّٰہَ	فَاِنَّ	تَوَلَّوۡا	فَاِنۡ	الۡحَکِیۡمُ	الۡعَزِیۡزُ	لَھُوَ
فساد کرنے والوں کو	جاننے والا	اللہ	تو بیشک	وہ پھر جائیں	پھر اگر	حکمت والا	غالب	وہی

وہی غالب، حکمت والا ہے۔ پھر اگر وہ پھر جائیں تو بے شک اللہ فساد کرنے والوں کو خوب جانتا ہے۔

قُلۡ یٰۤاَھۡلَ الۡکِتٰبِ تَعَالَوۡا اِلٰی کَلِمَۃٍ سَوَآءٍۢ بَیۡنَنَا وَبَیۡنَکُمۡ

وَبَیۡنَکُمۡ	بَیۡنَنَا	سَوَآءٍۢ	کَلِمَۃٍ	اِلٰی	تَعَالَوۡا	یٰۤاَھۡلَ الۡکِتٰبِ	قُلۡ
اور تمہارے درمیان	ہمارے درمیان	برابر	ایک بات	طرف (پر)	آؤ	اے اہل کتاب	آپ کہدیں

آپ کہدیں اے اہل کتاب! اس ایک بات پر آؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر (مشترک) ہے،

اَلَّا نَعۡبُدَ اِلَّا اللّٰہَ وَلَا نُشۡرِکَ بِہٖ شَیۡئًا وَّلَا یَتَّخِذَ بَعۡضُنَا بَعۡضًا

بَعۡضًا	بَعۡضُنَا	وَلَا یَتَّخِذَ	شَیۡئًا	بِہٖ	وَلَا نُشۡرِکَ	اللّٰہَ	اِلَّا	اَلَّا نَعۡبُدَ
کسی کو	ہم میں سے کوئی	اور نہ بنائے	کچھ	اسکے ساتھ	اور نہ ہم شریک کریں	اللہ	سوائے	کہ نہ ہم عبادت کریں

کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں اور ہم میں سے کوئی کسی کو نہ بنائے

اَرۡبَابًا مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ ؕ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُوۡلُوا اشۡھَدُوۡا بِاَنَّا

بِاَنَّا	اشۡھَدُوۡا	فَقُوۡلُوا	تَوَلَّوۡا	فَاِنۡ	اللّٰہِ	مِّنۡ دُوۡنِ	اَرۡبَابًا
کہ ہم	تم گواہ رہو	تو کہدو تم	وہ پھر جائیں	پھر اگر	اللہ	سوائے	رب (جمع)

رب اللہ کے سوا، پھر اگر وہ پھر جائیں تم کہہ دو کہ تم گواہ رہو کہ ہم تو

مُسْلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ

مُسْلِمُوْنَ	يٰا	اَهْلَ الْكِتٰبِ	لِمَ	تُحَآجُّوْنَ	فِيْ	اِبْرٰهِيْمَ	وَمَا
مسلم (فرمانبردار)	اے	اہلِ کتاب	کیوں	تم جھگڑتے ہو	میں	ابراہیمؑ	اور نہیں

مسلم (فرمانبردار) ہیں۔ اے اہلِ کتاب! تم ابراہیمؑ کے بارہ میں کیوں جھگڑتے ہو ؟ اور نہیں

اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٥﴾

اُنْزِلَتِ	التَّوْرٰىةُ	وَ	الْاِنْجِيْلُ	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِهٖ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ
نازل کی گئی	توریت	اور	انجیل	مگر	اس کے بعد	تو کیا تم عقل نہیں رکھتے ؟

نازل کی گئی توریت اور انجیل مگر اس کے بعد ، تو کیا تم عقل نہیں رکھتے ؟

هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ

هٰٓاَنْتُمْ	هٰٓؤُلَاۗءِ	حَاجَجْتُمْ	فِيْمَا	لَكُمْ	بِهٖ	عِلْمٌ	فَلِمَ	تُحَآجُّوْنَ
ہاں تم	وہ لوگ	تم نے جھگڑا کیا	جس میں	تمہیں	اس کا	علم	اب کیوں	تم جھگڑتے ہو

ہاں ! تم ہی وہ لوگ ہو تم نے اس (بارہ) میں جھگڑا کیا جس کا تمہیں علم تھا تو اب کیوں جھگڑتے ہو ؟

فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٦﴾

فِيْمَا	لَيْسَ	لَكُمْ	بِهٖ	عِلْمٌ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	وَاَنْتُمْ	لَا	تَعْلَمُوْنَ
اس میں	نہیں	تمہیں	اس کا	کچھ علم	اور اللہ	جانتا ہے	اور تم	نہیں	جانتے

اس (بارہ) میں جس کا تمہیں کچھ علم نہیں ، اور اللہ جانتا ہے ، اور تم نہیں جانتے۔

مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا

مَا كَانَ	اِبْرٰهِيْمُ	يَهُوْدِيًّا	وَّلَا	نَصْرَانِيًّا	وَّلٰكِنْ	كَانَ	حَنِيْفًا
نہ تھے	ابراہیمؑ	یہودی	اور نہ	نصرانی	اور لیکن	وہ تھے	ایک رُخ

ابراہیمؑ نہ یہودی تھے ، نہ نصرانی (بلکہ) وہ حنیف (سب سے رُخ موڑ کر اللہ کے ہو جانے والے)

مُّسْلِمًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٦٧﴾ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ

مُّسْلِمًا	وَمَا	كَانَ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	اِنَّ	اَوْلَى	النَّاسِ
مسلم (فرمانبردار)	اور نہ	تھے	سے	مشرک (جمع)	بیشک	سب سے زیادہ مناسبت	لوگ

مسلم (فرمانبردار) تھے ، اور وہ مشرکوں سے نہ تھے۔ بیشک سب لوگوں سے زیادہ مناسبت ہے

بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ

وَاللّٰهُ	اٰمَنُوْا	وَالَّذِيْنَ	النَّبِيُّ	وَهٰذَا	اتَّبَعُوْهُ	لَلَّذِيْنَ	بِاِبْرٰهِيْمَ
اور اللہ	ایمان لائے	اور وہ لوگ جو	نبی	اور اس	انہوں نے پیروی کی انکی	اُن لوگ	ابراہیمؑ سے

ابراہیمؑ سے اُن لوگوں کو جنہوں نے ان کی پیروی کی، اور اس نبی کو، اور وہ لوگ جو ایمان لائے، اور اللہ

وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ

يُضِلُّوْنَكُمْ	لَوْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	مِنْ	طَآئِفَةٌ	وَدَّتْ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَلِيُّ
وہ گمراہ کردیں تمہیں	کاش	اہل کتاب	(سے کی)	ایک جماعت	چاہتی ہے	مومن (جمع)	کارساز

مومنوں کا کارساز ہے۔ اہل کتاب کی ایک جماعت چاہتی ہے کاش! وہ تمہیں گمراہ کر دیں،

وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۹﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ

تَكْفُرُوْنَ	لِمَ	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	وَمَا يَشْعُرُوْنَ	اَنْفُسَهُمْ	اِلَّآ	يُضِلُّوْنَ	وَمَا
تم انکار کرتے ہو	کیوں	اے اہل کتاب	اور وہ نہیں سمجھتے	اپنے آپ	مگر	وہ گمراہ کرتے	اور نہیں

اور وہ اپنے سوا کسی کو گمراہ نہیں کرتے، اور وہ سمجھتے نہیں۔ اے اہل کتاب! تم کیوں انکار کرتے ہو

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿۷۰﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ

تَلْبِسُوْنَ	لِمَ	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	تَشْهَدُوْنَ	وَاَنْتُمْ	اللّٰهِ	بِاٰيٰتِ
تم ملاتے ہو	کیوں	اے اہل کتاب	گواہ ہو	حالانکہ تم	اللہ	آیتوں کا

اللہ کی آیتوں کا؟ حالانکہ تم گواہ ہو۔ اے اہل کتاب! تم کیوں ملاتے ہو؟

الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ

طَآئِفَةٌ	وَقَالَتْ	تَعْلَمُوْنَ	وَاَنْتُمْ	الْحَقَّ	وَتَكْتُمُوْنَ	بِالْبَاطِلِ	الْحَقَّ
ایک جماعت	اور کہا	جانتے ہو	حالانکہ تم	حق	اور تم چھپاتے ہو	جھوٹ کے ساتھ	سچ

سچ کو جھوٹ کے ساتھ، اور تم حق کو چھپاتے ہو، حالانکہ تم جانتے ہو۔ اور ایک جماعت نے کہا

مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ

وَجْهَ النَّهَارِ	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	عَلَى	اُنْزِلَ	بِالَّذِيْٓ	اٰمِنُوْا	اَهْلِ الْكِتٰبِ	مِنْ
اوّل حصہ دن	جو لوگ ایمان لائے (مسلمان)		پر	نازل کیا گیا	جو کچھ	تم مان لو	اہل کتاب	(سے کی)

اہل کتاب کی کہ جو کچھ مسلمانوں پر نازل کیا گیا ہے، اُسے دن کے اوّل حصہ میں مان لو

وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ

وَاكْفُرُوْٓا	اٰخِرَهٗ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	وَلَا	تُؤْمِنُوْٓا	اِلَّا	لِمَنْ	تَبِعَ
اور منکر ہو جاؤ	اس کا آخر (شام)	شاید وہ	وہ پھر جائیں	اور نہ	مانو تم	سوائے	اس کی جو	پیروی کرے

اور منکر ہو جاؤ اس کے آخر حصہ میں (شام کو) شاید کہ وہ پھر جائیں اور تم (کسی کی بات) نہ مانو سوائے اس کے جو پیروی کرے

دِيْنَكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ

دِيْنَكُمْ	قُلْ	اِنَّ	الْهُدٰى	هُدَى	اللّٰهِ	اَنْ	يُؤْتٰى	اَحَدٌ	مِثْلَ	مَا
تمہارا دین	کہہ دیں	بیشک	ہدایت	ہدایت	اللہ	کہ	دیا گیا	کسی کو	جیسا	کچھ

تمہارے دین کی، آپ کہہ دیں بیشک ہدایت اللہ ہی کی ہدایت ہے، کہ کسی کو دیا گیا جیسا کہ

اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ

اُوْتِيْتُمْ	اَوْ	يُحَآجُّوْكُمْ	عِنْدَ	رَبِّكُمْ	قُلْ	اِنَّ	الْفَضْلَ	بِيَدِ اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ
تمہیں دیا گیا	یا	وہ حجت کریں تم سے	سامنے	تمہارا رب	کہہ دیں	بیشک	فضل	اللہ کے ہاتھ میں	وہ دیتا ہے

تمہیں دیا گیا، یا وہ تم سے تمہارے رب کے سامنے حجت کریں، آپ کہہ دیں بیشک فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ دیتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٧٣﴾ ۚۙ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

مَنْ	يَشَآءُ	وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ	عَلِيْمٌ	يَخْتَصُّ	بِرَحْمَتِهٖ	مَنْ	يَشَآءُ
جسے	وہ چاہتا ہے	اور اللہ	وسعت والا	جاننے والا	وہ خاص کر لیتا ہے	اپنی رحمت سے	جس کو	وہ چاہتا ہے

جس کو وہ چاہتا ہے اور اللہ وسعت والا جاننے والا ہے۔ وہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت سے خاص کر دیتا ہے

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿٧٤﴾ وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ

وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِيْمِ	وَمِنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	مَنْ	اِنْ	تَاْمَنْهُ
اور اللہ	فضل والا	بڑا ۔ بڑے	اور سے	اہل کتاب	جو	اگر	امانت رکھیں اس کو

اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ اور اہل کتاب میں کوئی (ایسا ہے) کہ اگر آپ اس کے پاس امانت رکھیں

بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ

بِقِنْطَارٍ	يُؤَدِّهٖ	اِلَيْكَ	وَمِنْهُمْ	مَنْ	اِنْ	تَاْمَنْهُ	بِدِيْنَارٍ	لَا يُؤَدِّهٖ	اِلَيْكَ
ڈھیر مال	ادا کر دے	آپ کو	اور ان سے	جو	اگر	آپ امانت رکھیں اسکو	ایک دینار	وہ ادا نہ کرے	آپ کو

ڈھیروں مال تو وہ آپ کو ادا کر دے، اور ان میں کوئی (ایسا ہے) اگر آپ اسکے پاس ایک دینار امانت رکھیں تو وہ دینار ادا نہ کرے

إِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَائِمًا ۗ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْأُمِّيِّينَ

إِلَّا	مَا دُمْتَ	عَلَيْهِ	قَائِمًا	ذَٰلِكَ	بِأَنَّهُمْ	قَالُوا	لَيْسَ	عَلَيْنَا	فِي	الْأُمِّيِّينَ
مگر	جب تک رہیں	اس پر	کھڑے	یہ	اس لئے کہ	انہوں نے کہا	نہیں	ہم پر	میں	اُمّی (جمع)

مگر جب تک آپؐ اس کے سر پر کھڑے رہیں، یہ اس لئے ہے کہ انہوں نے کہا ہم پر اُمّیوں کے (بارہ) میں

سَبِيلٌ ۚ وَيَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿٧٥﴾ بَلَىٰ

سَبِيلٌ	وَيَقُولُونَ	عَلَى	اللَّهِ	الْكَذِبَ	وَهُمْ	يَعْلَمُونَ	بَلَىٰ
کوئی راہ	اور وہ بولتے ہیں	پر	اللہ	جھوٹ	اور وہ	جانتے ہیں	کیوں نہیں؟

(الزام کی) کوئی راہ نہیں، اور وہ اللہ پر جھوٹ بولتے ہیں، اور وہ جانتے ہیں - کیوں نہیں؟

مَنْ أَوْفَىٰ بِعَهْدِهِ وَاتَّقَىٰ فَإِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ﴿٧٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ

مَنْ	أَوْفَىٰ	بِعَهْدِهِ	وَاتَّقَىٰ	فَإِنَّ	اللَّهَ	يُحِبُّ	الْمُتَّقِينَ	إِنَّ	الَّذِينَ
جو	پورا کرے	اپنا اقرار	اور پرہیزگار رہے	تو بیشک	اللہ	دوست رکھتا ہے	پرہیزگار (جمع)	بیشک	جو لوگ

جو کوئی اپنا اقرار پورا کرے، اور پرہیزگار رہے، تو بیشک اللہ پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے بیشک جو لوگ

يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا أُولَٰئِكَ لَا

يَشْتَرُونَ	بِعَهْدِ اللَّهِ	وَأَيْمَانِهِمْ	ثَمَنًا	قَلِيلًا	أُولَٰئِكَ	لَا
خریدتے (حاصل کرتے) ہیں	اللہ کا اقرار	اور اپنی قسمیں	قیمت	تھوڑی	یہی لوگ	نہیں

اللہ کے اقرار اور اپنی قسموں سے حاصل کرتے ہیں تھوڑی قیمت، یہی لوگ ہیں

خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ

خَلَاقَ	لَهُمْ	فِي	الْآخِرَةِ	وَلَا	يُكَلِّمُهُمُ	اللَّهُ	وَلَا	يَنْظُرُ	إِلَيْهِمْ
حصہ	ان کے لئے	میں	آخرت	اور نہ	اُن سے کلام کرے گا	اللہ	اور نہ	نظر کرے گا	ان کی طرف

جن کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہیں، اور نہ اللہ اُن سے کلام کرے گا، اور نہ اُن کی طرف نظر کرے گا

يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿٧٧﴾ وَإِنَّ مِنْهُمْ

يَوْمَ الْقِيَامَةِ	وَلَا يُزَكِّيهِمْ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	أَلِيمٌ	وَإِنَّ	مِنْهُمْ
قیامت کے دن	اور نہ انہیں پاک کرے گا	اور ان کے لئے	عذاب	دردناک	اور بیشک	اُن سے (اُن میں)

قیامت کے دن، اور نہ انہیں پاک کرے گا، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اور بیشک ان میں

لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ

لَفَرِيْقًا	يَّلْوٗنَ	اَلْسِنَتَهُمْ	بِالْكِتٰبِ	لِتَحْسَبُوْهُ	مِنَ	الْكِتٰبِ
ایک فریق	مروڑتے ہیں	اپنی زبانیں	کتاب میں	تاکہ تم سمجھو	سے	کتاب

ایک فریق ہے جو کتاب (پڑھنے وقت) اپنی زبانیں مروڑتے ہیں' تاکہ تم سمجھو کہ وہ کتاب سے ہے'

وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ

وَمَا	هُوَ	مِنَ	الْكِتٰبِ	وَيَقُوْلُوْنَ	هُوَ	مِنْ	عِنْدِ	اللّٰهِ	وَمَا	هُوَ
حالانکہ نہیں	وہ	سے	کتاب	اور وہ کہتے ہیں	وہ	سے	طرف	اللہ	حالانکہ نہیں	وہ

حالانکہ وہ کتاب سے نہیں (ہوتا)' اور وہ کہتے ہیں کہ وہ اللہ کی طرف سے ہے' حالانکہ وہ نہیں

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٧٨﴾

مِنْ	عِنْدِ	اللّٰهِ	وَيَقُوْلُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	وَهُمْ	يَعْلَمُوْنَ
سے	طرف	اللہ	وہ بولتے ہیں	پر	اللہ	جھوٹ	اور وہ	وہ جانتے ہیں

اللہ کی طرف سے، اور اللہ پر جھوٹ بولتے ہیں، اور وہ جانتے ہیں۔

مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ

مَا كَانَ	لِبَشَرٍ	اَنْ	يُّؤْتِيَهُ	اللّٰهُ	الْكِتٰبَ	وَالْحُكْمَ	وَ	النُّبُوَّةَ
نہیں	کسی آدمی کیلئے	کہ	اسے عطا کرے	اللہ	کتاب	اور حکمت	اور	نبوت

کسی آدمی کے لئے (یہ شایان) نہیں کہ اللہ اسے کتاب، اور حکمت، اور نبوت عطا کرے'

ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ

ثُمَّ	يَقُوْلَ	لِلنَّاسِ	كُوْنُوْا	عِبَادًا	لِّيْ	مِنْ + دُوْنِ	اللّٰهِ	وَلٰكِنْ
پھر	وہ کہے	لوگوں کو	تم ہو جاؤ	بندے	میرے	سوا (بجائے)	اللہ	اور لیکن

پھر وہ لوگوں کو کہے' کہ تم اللہ کے بجائے میرے بندے ہو جاؤ' لیکن (چاہیئے کہ کہے)

كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ﴿٧٩﴾

كُوْنُوْا	رَبّٰنِيّٖنَ	بِمَا	كُنْتُمْ + تُعَلِّمُوْنَ	الْكِتٰبَ	وَبِمَا	كُنْتُمْ + تَدْرُسُوْنَ
تم ہو جاؤ	اللہ والے	اس لئے کہ	تم سکھاتے ہو	کتاب	اور اس لئے	تم پڑھتے ہو

تم اللہ والے ہو جاؤ' اس لئے کہ تم کتاب سکھاتے ہو اور تم خود (بھی) پڑھتے ہو۔

وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ

اَيَاْمُرُكُمْ	اَرْبَابًا	وَالنَّبِيّٖنَ	الْمَلٰٓئِكَةَ	تَتَّخِذُوْا	اَنْ	كُمْ	لَا يَاْمُرُ	وَ
کیا وہ تمہیں حکم دے گا؟	پروردگار	اور نبی	فرشتے	تم ٹھہراؤ	کہ	تمہیں	نہ حکم دے گا	اور

اور نہ وہ تمہیں حکم دے گا کہ تم فرشتوں اور نبیوں کو پروردگار ٹھہراؤ، کیا وہ تمہیں حکم دے گا

بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝٨٠ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ

مِيْثَاقَ	اللّٰهُ	اَخَذَ	وَاِذْ	مُّسْلِمُوْنَ	اَنْتُمْ	اِذْ	بَعْدَ	بِالْكُفْرِ
عہد	اللہ	لیا	اور جب	مسلمان	تم	جب	بعد	کفر کا

کفر کا؟ اس کے بعد کہ تم مسلمان (فرماں بردار) ہو چکے۔ اور جب اللہ نے عہد لیا

النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ

رَسُوْلٌ	كُمْ	جَآءَ	ثُمَّ	وَّحِكْمَةٍ	كِتٰبٍ	مِّنْ	اٰتَيْتُكُمْ	لَمَآ	النَّبِيّٖنَ
رسول	تم	آئے	پھر	اور حکمت	کتاب	سے	میں تمہیں دوں	جو کچھ	نبی (جمع)

نبیوں سے کہ جو کچھ میں تمہیں کتاب اور حکمت دوں، پھر تمہارے پاس رسول آئے،

مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ

قَالَ	لَتَنْصُرُنَّهٗ	وَ	بِهٖ	لَتُؤْمِنُنَّ	مَعَكُمْ	لِمَا	مُّصَدِّقٌ
اس نے فرمایا	تم ضرور مدد کرو گے اس کی	اور	اس پر	تم ضرور ایمان لاؤ گے	تمہارے پاس	جو	تصدیق کرتا ہوا

اس کی تصدیق کرتا ہوا جو تمہارے پاس ہے تو تم اس پر ضرور ایمان لاؤ گے اور ضرور اس کی مدد کرو گے، اس نے فرمایا

ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ؕ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ

قَالَ	اَقْرَرْنَا	قَالُوْا	اِصْرِيْ	ذٰلِكُمْ	عَلٰى	وَاَخَذْتُمْ	اَقْرَرْتُمْ	ءَ
اس نے فرمایا	ہم نے اقرار کیا	انہوں نے کہا	میرا عہد	اس	پر	اور تم نے قبول کیا	تم نے اقرار کیا	کیا

کیا تم نے اقرار کیا؟ اور تم نے اس پر میرا عہد قبول کیا؟ انہوں نے کہا کہ ہم نے اقرار کیا، اس نے فرمایا

فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝٨١ فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ

بَعْدَ	تَوَلّٰى	فَمَنْ	الشّٰهِدِيْنَ	مِّنَ	مَعَكُمْ	وَاَنَا	فَاشْهَدُوْا
بعد	پھر جائے	پھر جو	گواہ (جمع)	سے	تمہارے ساتھ	اور میں	پس تم گواہ رہو

پس تم گواہ رہو، اور میں تمہارے ساتھ گواہوں میں سے ہوں۔ پھر جو اس کے بعد پھر جائے

ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٨٢﴾ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ

ذٰلِكَ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ	اَفَغَيْرَ	دِيْنِ	اللّٰهِ	يَبْغُوْنَ	وَلَهٗٓ
اس	تو وہی	وہ	نافرمان	کیا؟ سوا	دین	اللہ	وہ ڈھونڈتے ہیں	اور اس کیلئے

تو وہی نافرمان ہیں۔ کیا وہ اللہ کے دین کے سوا (کوئی اور دین) ڈھونڈتے ہیں؟ اور اسی کا

اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ

اَسْلَمَ	مَنْ	فِی	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	طَوْعًا	وَّكَرْهًا	وَّ	اِلَيْهِ
فرمانبردار ہے	جو	میں	آسمانوں	اور زمین	خوشی سے	اور ناخوشی سے	اور	اس کی طرف

فرماں بردار ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے خوشی سے اور ناخوشی سے، اور اسی کی طرف

يُرْجَعُوْنَ ﴿٨٣﴾ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ

يُرْجَعُوْنَ	قُلْ	اٰمَنَّا	بِاللّٰهِ	وَمَا	اُنْزِلَ	عَلَيْنَا	وَمَا	اُنْزِلَ
وہ لوٹائے جائیں گے	کہہ دیں	ہم ایمان لائے	اللہ پر	اور جو	نازل کیا گیا	ہم پر	اور جو	نازل کیا گیا

وہ لوٹائے جائیں گے۔ کہہ دیں ہم ایمان لائے اللہ پر، اور جو ہم پر نازل کیا گیا، اور جو نازل کیا گیا

عَلٰٓی اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَ

عَلٰی	اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْمٰعِيْلَ	وَاِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	وَالْاَسْبَاطِ	وَ
پر	ابراہیمؑ	اور اسمٰعیلؑ	اور اسحٰقؑ	اور یعقوبؑ	اور اولاد	اور

ابراہیمؑ، اسمٰعیلؑ، اسحٰقؑ، یعقوبؑ پر، اور اُن کی اولاد پر، اور

مَآ اُوْتِیَ مُوْسٰی وَعِيْسٰی وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ

مَآ اُوْتِیَ	مُوْسٰی	وَعِيْسٰی	وَالنَّبِيُّوْنَ	مِنْ	رَّبِّهِمْ	لَا نُفَرِّقُ
جو دیا گیا	موسیٰؑ	اور عیسےٰؑ	اور نبی (جمع)	سے	ان کا رب	فرق نہیں کرتے

جو دیا گیا موسیٰؑ اور عیسےٰؑ اور نبیوں کو ان کے رب کی طرف سے، ہم فرق نہیں کرتے

بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ

بَيْنَ	اَحَدٍ	مِّنْهُمْ	وَنَحْنُ	لَهٗ	مُسْلِمُوْنَ	وَمَنْ	يَّبْتَغِ	غَيْرَ
درمیان	کوئی ایک	ان سے	اور ہم	اسی کے	فرماں بردار	اور جو	چاہے گا	سوا

ان میں سے کسی ایک کے درمیان، اور ہم اسی کے فرماں بردار ہیں۔ اور جو کوئی چاہے گا

الْإِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَ هُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ

الْإِسْلَامِ	دِيْنًا	فَلَنْ	يُّقْبَلَ	مِنْهُ	وَ هُوَ	فِي	الْاٰخِرَةِ	مِنَ
اسلام	کوئی دین	تو ہرگز نہ	قبول کیا جائیگا	اس سے	اور وہ	میں	آخرت	سے

اسلام کے سوا کوئی اور دین، تو اس سے ہرگز قبول نہ کیا جائے گا، اور وہ آخرت میں

الْخٰسِرِيْنَ ﴿٨٥﴾ كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ

الْخٰسِرِيْنَ	كَيْفَ	يَهْدِي	اللّٰهُ	قَوْمًا + كَفَرُوْا	بَعْدَ	اِيْمَانِهِمْ
نقصان اُٹھانے والے	کیونکر	ہدایت دے گا	اللہ	ایسے لوگ جو کافر ہوگئے	بعد	ان کا (اپنا) ایمان

نقصان اٹھانے والوں سے ہوگا - اللہ ایسے لوگوں کو کیونکر ہدایت دے گا؟ جو کافر ہو گئے، اپنے ایمان کے بعد،

وَ شَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّ جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَ اللّٰهُ

وَ شَهِدُوْا	اَنَّ	الرَّسُوْلَ	حَقٌّ	وَّ جَآءَ	هُمُ	الْبَيِّنٰتُ	وَ اللّٰهُ
اور انہوں نے گواہی دی	کہ	رسول	سچے	اور آئیں	ان	کھلی نشانیاں	اور اللہ

اور گواہی دے چکے کہ یہ رسول سچے ہیں، اور ان کے پاس کھلی نشانیاں آ گئیں، اور اللہ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٦﴾ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ

لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	جَزَآؤُهُمْ	اَنَّ	عَلَيْهِمْ
ہدایت نہیں دیتا	لوگ	ظالم (جمع)	ایسے لوگ	ان کی سزا	کہ	ان پر

ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ ایسے لوگوں کی سزا ہے کہ ان پر ج

لَعْنَةَ اللّٰهِ وَ الْمَلٰٓئِكَةِ وَ النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٧﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

لَعْنَةَ	اللّٰهِ	وَ الْمَلٰٓئِكَةِ	وَ النَّاسِ	اَجْمَعِيْنَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا
لعنت	اللہ	اور فرشتے	اور لوگ	تمام	ہمیشہ رہیں گے	اس میں

لعنت ہے اللہ کی، اور فرشتوں کی، اور تمام لوگوں کی، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَ لَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٨٨﴾ اِلَّا

لَا يُخَفَّفُ	عَنْهُمُ	الْعَذَابُ	وَ لَا	هُمْ	يُنْظَرُوْنَ	اِلَّا
نہ ہلکا کیا جائے گا	ان سے	عذاب	اور نہ	انہیں	مہلت دی جائے گی	مگر

نہ ان سے عذاب ہلکا کیا جائے گا، اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی۔ مگر

الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۟ فَاِنَّ اللّٰهَ

اللّٰهَ	فَاِنَّ	وَاَصْلَحُوْا	ذٰلِكَ	مِنْ + بَعْدِ	تَابُوْا	الَّذِيْنَ
اللہ	تو بیشک	اور اصلاح کی	اس	بعد	توبہ کی	جو لوگ

جن لوگوں نے اس کے بعد توبہ کی، اور اصلاح کی، تو بیشک اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۸۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا

ازْدَادُوْا	ثُمَّ	اِيْمَانِهِمْ	بَعْدَ	كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	اِنَّ	رَّحِيْمٌ	غَفُوْرٌ
بڑھتے گئے	پھر	اپنے ایمان	بعد	کافر ہو گئے	جو لوگ	بیشک	رحم کرنے والا	بخشنے والا

بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ بیشک جو لوگ کافر ہو گئے اپنے ایمان کے بعد، پھر بڑھتے گئے

كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ﴿۹۰﴾

الضَّآلُّوْنَ	هُمُ	وَاُولٰٓئِكَ	تَوْبَتُهُمْ	لَنْ تُقْبَلَ	كُفْرًا
گمراہ	وہ	اور وہی لوگ	ان کی توبہ	ہرگز نہ قبول کی جائے گی	کفر میں

کفر میں، ان کی توبہ ہرگز نہ قبول کی جائے گی، اور وہی لوگ گمراہ ہیں۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْ

مِنْ	فَلَنْ يُّقْبَلَ	كُفَّارٌ	وَهُمْ	وَمَاتُوْا	كَفَرُوْا	الَّذِيْنَ	اِنَّ
سے	تو ہرگز قبول نہ کیا جائے گا	حالتِ کفر	اور وہ	اور وہ مر گئے	کفر کیا	جو لوگ	بیشک

بیشک جن لوگوں نے کفر کیا، اور وہ مر گئے حالتِ کفر میں، تو ہرگز نہ قبول کیا جائے گا

اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ

اُولٰٓئِكَ	بِهٖ	افْتَدٰى	وَلَوِ	ذَهَبًا	الْاَرْضِ	مِلْءُ	هِمْ	اَحَدِ
یہی لوگ	اس کو	بدلہ دے	اگرچہ	سونا	زمین	بھرا ہوا	ان	کوئی

ان میں سے کسی سے زمین بھر سونا بھی، اگرچہ وہ اس کو بدلہ میں دے، یہی لوگ ہیں

لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۹۱﴾

نّٰصِرِيْنَ	مِّنْ	لَهُمْ	وَمَا	اَلِيْمٌ	عَذَابٌ	لَهُمْ
مددگار	کوئی	ان کے لئے	اور نہیں	دردناک	عذاب	ان کے لئے

ان کے لئے دردناک عذاب ہے، اور ان کے لئے کوئی مددگار نہیں۔

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۵ وَمَا تُنْفِقُوْا

لَنْ تَنَالُوْا	الْبِرَّ	حَتّٰى	تُنْفِقُوْا	مِمَّا	تُحِبُّوْنَ	وَمَا	تُنْفِقُوْا
تم ہرگز نہ پہنچو گے	نیکی	جب تک	تم خرچ کرو	اس سے جو	تم محبت رکھتے ہو	اور جو	تم خرچ کرو گے

تم ہرگز نیکی کو نہ پہنچو گے، جب تک اس میں سے خرچ نہ کرو جس سے تم محبت رکھتے ہو، اور جو تم خرچ کرو گے

مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۹۲﴾ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا

مِنْ + شَيْءٍ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	بِهٖ	عَلِيْمٌ	كُلُّ	الطَّعَامِ	كَانَ	حِلًّا
سے (کوئی) چیز	تو بیشک	اللہ	اس کو	جاننے والا	تمام	کھانے	تھے	حلال

کوئی چیز، تو بیشک اللہ اس کو جاننے والا ہے - تمام کھانے حلال تھے

لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ

لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اِلَّا	مَا حَرَّمَ	اِسْرَآءِيْلُ	عَلٰى	نَفْسِهٖ	مِنْ	قَبْلِ
بنی اسرائیل کے لئے	مگر	جو حرام کر لیا	اسرائیل (یعقوبؑ)	پر	اپنی جان	سے	قبل

بنی اسرائیل کے لئے، مگر جو یعقوبؑ نے اپنے آپ پر حرام کر لیا تھا اس سے قبل

اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ۭ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ

اَنْ	تُنَزَّلَ	التَّوْرٰىةُ	قُلْ	فَاْتُوْا	بِالتَّوْرٰىةِ	فَاتْلُوْهَآ	اِنْ	كُنْتُمْ
کہ	نازل کی جائے (اترے)	توریت	آپ کہہ دیں	سو تم لاؤ	توریت	پھر اس کو پڑھو	اگر	تم ہو

کہ توریت اُترے، آپ کہہ دیں کہ تم توریت لاؤ، پھر اس کو پڑھو اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۹۳﴾ فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰۗىِٕكَ

صٰدِقِيْنَ	فَمَنِ	افْتَرٰى	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	مِنْ بَعْدِ	ذٰلِكَ	فَاُولٰۗىِٕكَ
سچے	پھر جو	جھوٹ باندھے	پر	اللہ	جھوٹ	سے - بعد	اس	تو وہی لوگ

سچے ہو - پھر جو کوئی اللہ پر اس کے بعد جھوٹ باندھے، تو وہی لوگ

هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۣ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ

هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	قُلْ	صَدَقَ	اللّٰهُ	فَاتَّبِعُوْا	مِلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ	حَنِيْفًا
وہ	ظالم (جمع)	آپ کہہ دیں	سچ فرمایا	اللہ	اب پیروی کرو	دین	ابراہیمؑ	حنیف

ظالم ہیں - آپ کہہ دیں اللہ نے سچ فرمایا، اب تم ابراہیم حنیف (ایک کے ہو جانے والے) کے دین کی پیروی کرو

وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿٩٥﴾ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ

وُضِعَ	بَيْتٍ	اَوَّلَ	اِنَّ	الْمُشْرِكِيْنَ	مِنَ	كَانَ	وَمَا
مقرر کیا گیا	گھر	پہلا	بیشک	مشرک (جمع)	سے	تھے	اور نہ

اور وہ مشرکوں سے نہ تھے ۔ بیشک سب سے پہلے جو گھر مقرر کیا گیا

لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٩٦﴾ فِيْهِ اٰيٰتٌ

اٰيٰتٌ	فِيْهِ	لِلْعٰلَمِيْنَ	وَهُدًى	مُبٰرَكًا	بِبَكَّةَ	لَلَّذِيْ	لِلنَّاسِ
نشانیاں	اس میں	تمام جہانوں کے لئے	اور ہدایت	برکت والا	مکہ میں	جو	لوگوں کے لئے

لوگوں کے لئے وہ جو مکہ میں ہے برکت والا' اور سارے جہانوں کے لئے ہدایت ۔ اس میں نشانیاں ہیں

بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۚ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ۗ وَلِلّٰهِ

وَلِلّٰهِ	اٰمِنًا	كَانَ	دَخَلَهٗ	وَمَنْ	اِبْرٰهِيْمَ	مَقَامُ	بَيِّنٰتٌ
اور اللہ کے لئے	امن میں	ہوگیا	داخل ہوا اس میں	اور جو	ابراہیم	مقام	کھلی

کھلی (جیسے) مقام ابراہیمؑ ، اور جو اس میں داخل ہوا وہ امن میں ہوگیا ، اور اللہ کے لئے

عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ۗ وَمَنْ

وَمَنْ	سَبِيْلًا	اِلَيْهِ	اسْتَطَاعَ	مَنِ	حِجُّ الْبَيْتِ	النَّاسِ	عَلَى
اور جو ۔ جس	راہ	اسکی طرف	قدرت رکھتا ہو	جو	خانہ کعبہ کا حج کرنا	لوگ	پر

(اللہ کا حق ہے) لوگوں پر خانہ کعبہ کا حج کرنا' جو اس کی طرف راہ (چلنے کی) قدرت رکھتا ہو' اور جس نے

كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٩٧﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ

لِمَ	يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ	قُلْ	الْعٰلَمِيْنَ	عَنِ	غَنِيٌّ	اللّٰهَ	فَاِنَّ	كَفَرَ
کیوں	اے اہل کتاب	کہدیں	جہان والے	سے	بے نیاز	اللہ	تو بیشک	کفر کیا

کفر کیا' تو بیشک اللہ جہان والوں سے بے نیاز ہے ۔ آپ کہدیں' اے اہل کتاب ! کیوں

تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٨﴾

مَا تَعْمَلُوْنَ	عَلٰى	شَهِيْدٌ	وَاللّٰهُ	اللّٰهِ	بِاٰيٰتِ	تَكْفُرُوْنَ
تم کرتے ہو	پر	گواہ	اور اللہ	اللہ	آیتیں	تم انکار کرتے ہو

تم اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہو ؟ اور اللہ اس پر گواہ ہے (باخبر ہے) جو تم کرتے ہو ۔

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ

قُلْ	يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ	لِمَ تَصُدُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	مَنْ	اٰمَنَ
کہدیں	اے اہل کتاب	کیوں روکتے ہو !	سے	اللہ کا راستہ	جو	ایمان لائے

آپ کہدیں، اے اہل کتاب ! تم اللہ کے راستے سے کیوں روکتے ہو (اس کو) ؟ جو اللہ پر ایمان لائے

تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا

تَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	وَّاَنْتُمْ	شُهَدَآءُ	وَمَا	اللّٰهُ	بِغَافِلٍ	عَمَّا
تم ڈھونڈتے ہو اسکے	کجی	اور تم خود	(جمع) گواہ	اور نہیں	اللہ	بے خبر	سے ۔ جو

تم اس میں کجی ڈھونڈتے ہو، اور تم خود گواہ ہو" اور اللہ اس سے بے خبر نہیں جو

تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ

تَعْمَلُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِنْ	تُطِيْعُوْا	فَرِيْقًا	مِّنَ	الَّذِيْنَ
تم کرتے ہو	اے	وہ جو کہ	ایمان لائے	اگر	تم کہا مانوگے	ایک گروہ	سے	وہ لوگ جو

تم کرتے ہو۔ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو (اے ایمان والو!) اگر کہا مانو گے اُن لوگوں کے ایک فریق کا

اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ

اُوْتُوا الْكِتٰبَ	يَرُدُّوْكُمْ	بَعْدَ	اِيْمَانِكُمْ	كٰفِرِيْنَ	وَكَيْفَ	تَكْفُرُوْنَ
دی گئی کتاب	وہ پھیر دینگے تمہیں	بعد	تمہارے ایمان	حالتِ کفر	اور کیسے	تم کفر کرتے ہو

جنہیں کتاب دی گئی (اہل کتاب) وہ تمہارے ایمان لانے کے بعد تمہیں (حالتِ) کفر میں پھیر دیں گے۔ اور تم کیسے کفر کرتے ہو؟

وَاَنْتُمْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ وَمَنْ يَّعْتَصِمْ

وَاَنْتُمْ	تُتْلٰى	عَلَيْكُمْ	اٰيٰتُ	اللّٰهِ	وَفِيْكُمْ	رَسُوْلُهٗ	وَمَنْ	يَّعْتَصِمْ
جبکہ تم	پڑھی جاتی ہیں	تم پر	آیتیں	اللہ	اور تمہارے درمیان	اس کا رسول	اور جو	مضبوط پکڑے گا

جبکہ تم پر اللہ کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں، اور تمہارے درمیان اس کا رسول موجود ہے، اور جو کوئی مضبوطی سے پکڑے گا

بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا

ع ۱۰ / ۱۰ / ۱

بِاللّٰهِ	فَقَدْ هُدِيَ	اِلٰى	صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوا
اللہ کو	تو اسے ہدایت دی گئی	طرف	سیدھا راستہ	اے	وہ جو کہ	ایمان لائے

اللہ (کی رسی) کو تو اسے سیدھے راستہ کی طرف ہدایت دی گئی۔ اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو (اے ایمان والو)!

اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَاعْتَصِمُوْا

اتَّقُوا	اللّٰهَ	حَقَّ	تُقٰتِهٖ	وَلَا تَمُوْتُنَّ	اِلَّا	وَاَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ	وَاعْتَصِمُوْا
تم ڈرو	اللہ	حق	اس سے ڈرنا	اور تم ہرگز نہ مرنا	مگر	اور تم	مسلمان (جمع)	اور مضبوطی سے پکڑ لو

اللہ سے ڈرو جیسا کہ اُس سے ڈرنے کا حق ہے اور تم ہرگز نہ مرنا مگر (اس حال میں) کہ تم مسلمان ہو۔ اور مضبوطی سے پکڑ لو

بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۪ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

بِحَبْلِ	اللّٰهِ	جَمِيْعًا	وَّلَا	تَفَرَّقُوْا	وَاذْكُرُوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ
رسی کو	اللہ	سب مل کر	اور نہ	آپس میں پھوٹ ڈالو	اور یاد کرو	نعمت	اللہ	تم پر

اللہ کی رسی کو سب مل کر، اور آپس میں پھوٹ نہ ڈالو، اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت یاد کرو، ج

اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا

اِذْ كُنْتُمْ	اَعْدَآءً	فَاَلَّفَ	بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ	فَاَصْبَحْتُمْ	بِنِعْمَتِهٖٓ	اِخْوَانًا
جب تم تھے	دشمن (جمع)	تو الفت ڈال دی	تمہارے دلوں میں	تو تم ہو گئے	اس کے فضل سے	بھائی بھائی

جب تم (ایک دوسرے کے) دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں اُلفت ڈال دی، تو تم اس کے فضل سے بھائی بھائی ہو گئے،

وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ

وَكُنْتُمْ	عَلٰى	شَفَا	حُفْرَةٍ	مِّنَ	النَّارِ	فَاَنْقَذَكُمْ	مِّنْهَا	كَذٰلِكَ
اور تم تھے	پر	کنارہ	گڑھا	سے (کے)	آگ	تو تمہیں بچا لیا	اس سے	اسی طرح

اور تم آگ کے گڑھے کے کنارہ پر تھے تو اُس نے تمہیں اس سے بچا لیا، اسی طرح

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ

يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمْ	اٰيٰتِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَهْتَدُوْنَ	وَلْتَكُنْ	مِّنْكُمْ	اُمَّةٌ
واضح کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	اپنی آیات	تاکہ تم	ہدایت پاؤ	اور چاہیئے رہے	تم سے (میں)	ایک جماعت

وہ تمہارے لئے اپنی آیات واضح کرتا ہے' تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ اور چاہیئے کہ تم میں سے ایک جماعت رہے'

يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ

يَّدْعُوْنَ	اِلَى	الْخَيْرِ	وَيَاْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَيَنْهَوْنَ	عَنِ الْمُنْكَرِ
وہ بلائے	طرف	بھلائی	اور وہ حکم دے	اچھے کاموں کا	اور وہ روکے	برائی سے

وہ بھلائی کی طرف بلائے، اور اچھے کاموں کا حکم دے، اور برائی سے روکے،

وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿١٠٤﴾ وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ تَفَرَّقُوا وَ

وَأُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُونَ	وَلَا تَكُونُوا	كَالَّذِينَ	تَفَرَّقُوا	وَ
اور یہی لوگ	وہ	کامیاب ہونے والے	اور نہ ہو جاؤ	اُن کی طرح جو	متفرق ہو گئے	اور

اور یہی لوگ کامیاب ہونے والے ہیں ۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو متفرق ہو گئے اور

اخْتَلَفُوا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۚ وَأُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ

اخْتَلَفُوا	مِنْ بَعْدِ	مَا	جَاءَهُمُ	الْبَيِّنٰتُ	وَأُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ
باہم اختلاف کرنے لگے	اس کے بعد	کہ	انکے پاس آ گئے	واضح حکم	اور یہی لوگ	ان کے لئے	عذاب

باہم اختلاف کرنے لگے اس کے بعد کہ ان کے پاس واضح حکم آ گئے ، اور یہی لوگ، ہیں ان کے لئے ہے عذاب

عَظِيمٌ ﴿١٠٥﴾ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوهٌ ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ

عَظِيمٌ	يَوْمَ	تَبْيَضُّ	وُجُوهٌ	وَتَسْوَدُّ	وُجُوهٌ	فَأَمَّا	الَّذِينَ	اسْوَدَّتْ
بڑا	دن	سفید ہونگے	بعض چہرے	اور سیاہ ہونگے	بعض چہرے	پس جو	لوگ	سیاہ ہوئے

بہت بڑا ۔ جس دن بعض چہرے سفید ہوں گے ، اور بعض چہرے سیاہ ہوں گے ، پس جن لوگوں کے سیاہ ہوئے

وُجُوهُهُمْ أَكَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيمَانِكُمْ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ

وُجُوهُهُمْ	أَكَفَرْتُمْ	بَعْدَ	إِيمَانِكُمْ	فَذُوقُوا	الْعَذَابَ	بِمَا كُنْتُمْ
ان کے چہرے	کیا تم نے کفر کیا	بعد	اپنے ایمان	تو چکھو	عذاب	کیونکہ تم تھے

چہرے (اُن سے کہا جائے گا) کیا تم نے اپنے ایمان کے بعد کفر کیا ؟ تو اب عذاب چکھو، کیونکہ تم

تَكْفُرُونَ ﴿١٠٦﴾ وَأَمَّا الَّذِينَ ابْيَضَّتْ وُجُوهُهُمْ فَفِي رَحْمَةِ اللّٰهِ ۭ

تَكْفُرُونَ	وَأَمَّا	الَّذِينَ	ابْيَضَّتْ	وُجُوهُهُمْ	فَفِي	رَحْمَةِ اللّٰهِ
کفر کرتے	اور البتہ	وہ لوگ جو	سفید ہوں گے	ان کے چہرے	سو ہیں	اللہ کی رحمت

کفر کرتے تھے ۔ اور البتہ جن لوگوں کے چہرے سفید ہوں گے ، وہ اللہ کی رحمت میں ہوں گے ،

هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ﴿١٠٧﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۗ وَمَا اللّٰهُ

هُمْ	فِيهَا	خٰلِدُونَ	تِلْكَ	اٰيٰتُ اللّٰهِ	نَتْلُوهَا	عَلَيْكَ	بِالْحَقِّ	وَمَا اللّٰهُ
وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	یہ	اللہ کی آیات	ہم پڑھتے ہیں وہ	آپ پر	ٹھیک ٹھیک	اور نہیں اللہ

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ۔ یہ اللہ کی آیات ہیں، ہم آپ پر ٹھیک ٹھیک پڑھتے ہیں ، اور اللہ

يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٨﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ

وَ	فِي الْاَرْضِ	وَمَا	فِي السَّمٰوٰتِ	مَا	وَلِلّٰهِ	لِّلْعٰلَمِيْنَ	ظُلْمًا	يُرِيْدُ
اور	زمین میں	اور جو	آسمانوں میں	جو	اور اللہ کیلئے	جہان والوں کے لئے	کوئی ظلم	چاہتا

جہان والوں پر کوئی ظلم نہیں چاہتا ۔ اور اللہ کے لئے ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے ، اور

اِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿١٠٩﴾ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ

لِلنَّاسِ	اُخْرِجَتْ	اُمَّةٍ	خَيْرَ	كُنْتُمْ	الْاُمُوْرُ	تُرْجَعُ	اِلَى اللّٰهِ
لوگوں کے لئے	بھیجی گئی	اُمّت	بہترین	تم ہو	تمام کام	لوٹائے جائیں گے	اللہ کی طرف

اور تمام کام اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے ۔ تم بہترین اُمّت ہو جو لوگوں کے لئے بھیجی گئی (پیدا کی گئی)

تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ

بِاللّٰهِ	وَ تُؤْمِنُوْنَ	الْمُنْكَرِ	عَنِ	وَتَنْهَوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	تَاْمُرُوْنَ
اللہ پر	اور ایمان لاتے ہو	بُرے کام	سے	اور منع کرتے ہو	اچھے کاموں کا	تم حکم کرتے ہو

تم اچھے کاموں کا حکم کرتے ہو، اور بُرے کاموں سے منع کرتے ہو، اور اللہ پر ایمان لاتے ہو،

وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ

الْمُؤْمِنُوْنَ	مِنْهُمُ	لَّهُمْ	خَيْرًا	لَكَانَ	اَهْلُ الْكِتٰبِ	اٰمَنَ	وَلَوْ
ایمان والے	ان سے	ان کے لئے	بہتر	تو تھا	اہل کتاب	ایمان لے آتے	اور اگر

اور اگر اہل کتاب ایمان لے آتے تو ان کے لئے بہتر تھا ، ان میں (کچھ) ایمان والے ہیں ،

وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿١١٠﴾ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّاۤ اَذًى ؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ

يُّقَاتِلُوْكُمْ	وَاِنْ	اَذًى	اِلَّاۤ	يَّضُرُّوْكُمْ	لَنْ	الْفٰسِقُوْنَ	وَاَكْثَرُهُمُ
وہ تم سے لڑیں گے	اور اگر	ستانا	سوائے	نہ بگاڑ سکیں گے تمہارا	ہرگز	نافرمان	اور ان کے اکثر

اور ان میں سے اکثر نافرمان ہیں ۔ وہ ستانے کے سوا تمہارا ہرگز کچھ نہ بگاڑ سکیں گے، اور اگر وہ تم سے لڑیں گے

يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۫ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿١١١﴾ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا

اَيْنَ مَا	الذِّلَّةُ	عَلَيْهِمُ	ضُرِبَتْ	لَا يُنْصَرُوْنَ	ثُمَّ	الْاَدْبَارَ	يُوَلُّوْكُمُ
جہاں کہیں	ذلت	اُن پر	چسپاں کردی گئی	ان کی مدد نہ ہوگی	پھر	پیٹھ (جمع)	وہ تمہیں پیٹھ دکھائیں گے

تو وہ تمہیں پیٹھ دکھائیں گے ، پھر ان کی مدد نہ ہوگی ۔ ان پر ذلت چسپاں کر دی گئی ، جہاں کہیں

ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ

ثُقِفُوْٓا	اِلَّا	بِحَبْلٍ	مِنَ اللّٰهِ	وَحَبْلٍ	مِّنَ النَّاسِ	وَبَآءُوْ
وہ پائے جائیں	سوائے	اس (عہد)	اللہ سے	اور اس (عہد)	لوگوں سے	وہ لوٹے

وہ پائے جائیں، سوائے اس کے کہ اللہ کے عہد میں آ جائیں اور لوگوں کے عہد میں، وہ لوٹے

بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّھُمْ كَانُوْا

بِغَضَبٍ	مِنَ اللّٰهِ	وَضُرِبَتْ	عَلَيْهِمُ	الْمَسْكَنَةُ	ذٰلِكَ	بِاَنَّھُمْ	كَانُوْا
غضب کے ساتھ	اللہ سے (کے)	اور چسپاں کردی گئی	ان پر	محتاجی	یہ	اس لئے کہ وہ	تھے

اللہ کے غضب کے ساتھ، اور ان پر چسپاں کر دی گئی محتاجی، یہ اس لئے کہ وہ

يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَاۗءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۭ ذٰلِكَ بِمَا

يَكْفُرُوْنَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	وَيَقْتُلُوْنَ	الْاَنْۢبِيَاۗءَ	بِغَيْرِ حَقٍّ	ذٰلِكَ	بِمَا
انکار کرتے	آیتیں	اللہ	اور قتل کرتے تھے	نبی (جمع)	ناحق	یہ	اس لئے

اللہ کی آیات کا انکار کرتے تھے، اور نبیوں کو ناحق قتل کرتے تھے، یہ اس لئے (تھا) کہ

عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿١١٢﴾ لَيْسُوْا سَوَاۗءً ۭ مِنْ اَھْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ

عَصَوْا	وَكَانُوْا	يَعْتَدُوْنَ	لَيْسُوْا	سَوَاۗءً	مِنْ	اَھْلِ الْكِتٰبِ	اُمَّةٌ
انہوں نے نافرمانی کی	اور تھے	حد سے بڑھ جاتے	نہیں	برابر	سے (میں)	اہل کتاب	ایک جماعت

انہوں نے نافرمانی کی اور وہ حد سے بڑھ جاتے تھے۔ اہل کتاب میں سب برابر نہیں، ایک جماعت

قَاۗىِٕمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَاۗءَ الَّيْلِ وَھُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿١١٣﴾ يُؤْمِنُوْنَ

قَاۗىِٕمَةٌ	يَتْلُوْنَ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	اٰنَاۗءَ الَّيْلِ	وَھُمْ	يَسْجُدُوْنَ	يُؤْمِنُوْنَ
قائم	وہ پڑھتے ہیں	اللہ کی آیات	اوقات - رات	اور وہ	سجدہ کرتے ہیں	ایمان رکھتے ہیں

(سیدھی راہ پر) قائم ہے، اور رات کے اوقات میں اللہ کی آیات پڑھتے ہیں، اور وہ سجدہ کرتے ہیں۔ وہ ایمان رکھتے ہیں

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَيَاْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَيَنْهَوْنَ	عَنِ	الْمُنْكَرِ
اللہ پر	اور	دن - آخرت	اور حکم کرتے ہیں	اچھی بات کا	اور منع کرتے ہیں	سے	برے کام

اللہ پر اور آخرت کے دن پر اور وہ اچھی بات کا حکم کرتے ہیں، اور برے کام سے روکتے ہیں

وَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَمَا يَفْعَلُوْا

وَ	يُسَارِعُوْنَ	فِي	الْخَيْرٰتِ	وَ	اُولٰۗىِٕكَ	مِنَ	الصّٰلِحِيْنَ	وَمَا	يَفْعَلُوْا
اور	وہ دوڑتے ہیں	میں	نیک کام	اور	یہی لوگ	سے	نیکوکار (جمع)	اور جو	وہ کریں گے

اور وہ نیک کاموں میں دوڑتے ہیں، اور یہی لوگ نیکوکاروں میں سے ہیں۔ اور وہ جو کریں گے

مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

مِنْ	خَيْرٍ	فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِالْمُتَّقِيْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
سے (کوئی)	نیکی	تو ہرگز ناقدری نہ ہوگی اس کی	اور اللہ	جاننے والا	پرہیزگاروں کو	بیشک	وہ لوگ جو

کوئی نیکی تو ہرگز اس کی ناقدری نہ ہوگی، اور اللہ پرہیزگاروں کو جاننے والا ہے۔ بیشک جن لوگوں نے

كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْھُمْ اَمْوَالُھُمْ وَلَآ اَوْلَادُھُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَـيْـــًٔا ۭ

كَفَرُوْا	لَنْ تُغْنِيَ	عَنْھُمْ	اَمْوَالُھُمْ	وَلَا	اَوْلَادُھُمْ	مِنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا
کفر کیا	ہرگز کام نہ آئے گا	اُن سے (کے)	اُن کے مال	اور نہ	ان کی اولاد	اللہ سے (آگے)	کچھ

کفر کیا، ہرگز اللہ کے آگے اُن کے مال اور نہ اُن کی اولاد کچھ بھی کام آئیں گے

وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ ھُمْ فِيْھَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ

وَاُولٰۗىِٕكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	ھُمْ	فِيْھَا	خٰلِدُوْنَ	مَثَلُ	مَا	يُنْفِقُوْنَ
اور یہی لوگ	آگ (دوزخ) والے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	مثال	جو	خرچ کرتے ہیں

اور یہی لوگ دوزخ والے ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اُن کی مثال جو خرچ کرتے ہیں

فِيْ ھٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْھَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ

فِيْ	ھٰذِهِ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	كَمَثَلِ	رِيْحٍ	فِيْھَا	صِرٌّ	اَصَابَتْ	حَرْثَ
میں	اس	زندگی	دُنیا	ایسی۔ جیسے	ہوا	اس میں	پالا	وہ جا لگے	کھیتی

اس دنیا میں، ایسی ہے جیسے ہوا ہو، اس میں پالا ہو، وہ جا لگے کھیتی کو

قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَھُمْ فَاَھْلَكَتْهُ ۭ وَمَا ظَلَمَھُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَھُمْ

قَوْمٍ	ظَلَمُوْا	اَنْفُسَھُمْ	فَاَھْلَكَتْهُ	وَمَا ظَلَمَھُمُ	اللّٰهُ	وَلٰكِنْ	اَنْفُسَھُمْ
قوم	اُنہوں نے ظلم کیا	جانیں اپنی	پھر اسکو ہلاک کردے	اور ظلم نہیں کیا ان پر	اللہ	بلکہ	اپنی جانیں

اس قوم کی جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا، پھر اس کو تباہ کردے، اللہ نے اُن پر ظلم نہیں کیا، بلکہ وہ اپنی جانوں پر

يَظْلِمُونَ ﴿۱۱۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ

يَظْلِمُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوْا	بِطَانَةً	مِنْ	دُوْنِكُمْ
وہ ظلم کرتے ہیں	اے	جو ایمان لائے (ایمان والو)	نہ بناؤ	دوست (رازدار)	سے	سوائے - اپنے

خود ظلم کرتے ہیں - اے ایمان والو! اپنوں کے سوا کسی کو راز دار نہ بناؤ

لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ؕ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ

لَا يَاْلُوْنَكُمْ	خَبَالًا	وَدُّوْا	مَا	عَنِتُّمْ	قَدْ بَدَتِ	الْبَغْضَآءُ	مِنْ
وہ کمی نہیں کرتے	خرابی	وہ چاہتے ہیں	کہ	تم تکلیف پاؤ	البتہ ظاہر ہو چکی	دشمنی	سے

وہ تمہاری خرابی میں کمی نہیں کرتے، وہ چاہتے ہیں کہ تم تکلیف پاؤ، (ان کی) دشمنی ظاہر ہو چکی ہے

اَفْوَاهِهِمْ ۚۖ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ

اَفْوَاهِهِمْ	وَمَا	تُخْفِيْ	صُدُوْرُهُمْ	اَكْبَرُ	قَدْ بَيَّنَّا	لَكُمُ	الْاٰيٰتِ
اُن کے منہ	اور جو	چھپا ہوا	اُن کے سینے	بڑا	ہم نے کھول کر بیان کر دیا	تمہارے لئے	آیات

اُن کے منہ سے، اور جو ان کے سینوں میں چھپا ہوا ہے وہ (اس سے بھی) بڑا ہے، ہم نے تمہارے لئے آیات کھول کر بیان کر دی ہیں

اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ هٰٓاَنْتُمْ اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ

اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْقِلُوْنَ	هٰٓاَنْتُمْ	اُولَآءِ	تُحِبُّوْنَهُمْ	وَلَا	يُحِبُّوْنَكُمْ
اگر	تم ہو	عقل رکھتے	سُن لو - تم	وہ لوگ	تم دوست رکھتے ہو اُن کو	اور نہیں	وہ دوست رکھتے تمہیں

اگر تم عقل رکھتے ہو - سُن لو! تم وہ لوگ ہو جو ان کو دوست رکھتے ہو اور وہ تمہیں دوست نہیں رکھتے

وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَوْا

وَتُؤْمِنُوْنَ	بِالْكِتٰبِ	كُلِّهٖ	وَاِذَا	لَقُوْكُمْ	قَالُوْا	اٰمَنَّا	وَاِذَا	خَلَوْا
اور تم ایمان رکھتے ہو	کتاب پر	سب	اور جب	وہ تم سے ملتے ہیں	کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اور جب	اکیلے ہوتے ہیں

اور تم سب کتابوں پر ایمان رکھتے ہو، اور جب تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے، اور جب اکیلے ہوتے ہیں

عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ؕ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ؕ اِنَّ

عَضُّوْا	عَلَيْكُمُ	الْاَنَامِلَ	مِنَ	الْغَيْظِ	قُلْ	مُوْتُوْا	بِغَيْظِكُمْ	اِنَّ
وہ کاٹتے ہیں	تم پر	اُنگلیاں	سے	غصہ	کہدیجئے	تم مر جاؤ	اپنے غصہ میں	بیشک

تو وہ تم پر غصہ سے اُنگلیاں کاٹتے ہیں، کہدیجئے! تم اپنے غصہ میں مر جاؤ، بیشک

اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾ اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ وَ

اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	اِنْ	تَمْسَسْكُمْ	حَسَنَةٌ	تَسُؤْهُمْ	وَ
اللہ	جاننے والا	سینے والی (دل کی باتیں)	اگر	پہنچے تمہیں	کوئی بھلائی	انہیں بری لگتی ہے	اور

اللہ دل کی باتوں کو (خوب) جاننے والا ہے۔ اگر تمہیں کوئی بھلائی پہنچے تو انہیں بری لگتی ہے، اور

اِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ۭ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ

اِنْ	تُصِبْكُمْ	سَيِّئَةٌ	يَّفْرَحُوْا	بِهَا	وَاِنْ	تَصْبِرُوْا	وَتَتَّقُوْا	لَا يَضُرُّكُمْ
اگر	تمہیں پہنچے	کوئی برائی	وہ خوش ہوتے ہیں	اس سے	اور اگر	تم صبر کرو	اور پرہیزگاری کرو	نہ بگاڑ سکے گا تمہارا

اگر تمہیں کوئی برائی پہنچے تو وہ اس سے خوش ہوتے ہیں، اور اگر تم صبر کرو، اور پرہیزگاری کرو، تمہارا نہ بگاڑ سکے گا

۱۲ ع ۱۱ ۳

كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۱۲۰﴾ وَاِذْ غَدَوْتَ

كَيْدُهُمْ	شَيْـًٔا	اِنَّ	اللّٰهَ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ	مُحِيْطٌ	وَاِذْ	غَدَوْتَ
ان کا فریب	کچھ	بیشک	اللہ	جو کچھ	وہ کرتے ہیں	گھیرے ہوئے ہے	اور جب	آپ صبح سویرے

ان کا فریب کچھ بھی، بیشک جو کچھ وہ کرتے ہیں اللہ اسے گھیرے ہوئے ہے، اور جب آپ صبح سویرے نکلے

مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾

مِنْ	اَهْلِكَ	تُبَوِّئُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	مَقَاعِدَ	لِلْقِتَالِ	وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ
سے	اپنے گھر	بٹھانے لگے	مومن (جمع)	ٹھکانے	جنگ کے	اور اللہ	سننے والا	جاننے والا

اپنے گھر سے مومنوں کو جنگ کے مورچوں پر بٹھانے لگے، اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔

اِذْ هَمَّتْ طَّاۗىِٕفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ۭ وَعَلَى اللّٰهِ

اِذْ	هَمَّتْ	طَّاۗىِٕفَتٰنِ	مِنْكُمْ	اَنْ	تَفْشَلَا	وَاللّٰهُ	وَلِيُّهُمَا	وَ	عَلَى اللّٰهِ
جب	ارادہ کیا	دو گروہ	تم سے	کہ	ہمت ہار دیں	اور اللہ	ان کا مددگار	اور	اللہ پر

جب تم میں سے دو گروہوں نے ارادہ کیا کہ ہمت ہار دیں، اور اللہ ان کا مددگار تھا، اور اللہ پر

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ

فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ	وَلَقَدْ	نَصَرَكُمُ	اللّٰهُ	بِبَدْرٍ	وَّاَنْتُمْ
چاہیے بھروسہ کریں	مومن	اور البتہ	مدد کر چکا تمہاری	اللہ	بدر میں	جب کہ تم

چاہیے کہ مومن بھروسہ کریں۔ اور البتہ اللہ تمہاری بدر میں مدد کر چکا ہے، جبکہ تم

أَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ إِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ

أَذِلَّةٌ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ	إِذْ تَقُوْلُ	لِلْمُؤْمِنِيْنَ
کمزور	تو ڈرو	اللہ	تاکہ تم	شکر گزار ہو	جب آپ کہنے لگے	مومنوں کو

کمزور (سمجھے جاتے) تھے، تو اللہ سے ڈرو تاکہ تم شکر گزار ہو۔ جب آپ مومنوں کو کہتے تھے

أَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ أَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ

أَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ	أَنْ	يُّمِدَّكُمْ	رَبُّكُمْ	بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ	مِّنَ	الْمَلٰٓئِكَةِ
کیا کافی نہیں تمہارے لئے	کہ	مدد کرے تمہاری	تمہارا رب	تین ہزار سے	سے	فرشتے

کیا تمہارے لئے یہ کافی نہیں؟ کہ تمہارا رب تمہاری مدد کرے تین ہزار فرشتوں سے

مُنْزَلِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ بَلٰٓى ۙ إِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ

مُنْزَلِيْنَ	بَلٰٓى	إِنْ	تَصْبِرُوْا	وَتَتَّقُوْا	وَيَاْتُوْكُمْ	مِّنْ	فَوْرِهِمْ
اتارے ہوئے	کیوں نہیں	اگر	تم صبر کرو	اور پرہیز گاری کرو	اور تم پر آئیں	سے	فوراً۔ وہ

اتارے ہوئے (کیوں نہیں اگر تم صبر کرو، اور پرہیز گاری کرو، اور وہ تم پر فوراً چڑھ آئیں

هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾

هٰذَا	يُمْدِدْكُمْ	رَبُّكُمْ	بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ	مِّنَ	الْمَلٰٓئِكَةِ	مُسَوِّمِيْنَ
یہ	مدد کرے گا تمہاری	تمہارا رب	پانچ ہزار	سے	فرشتے	نشان زدہ

تو تمہارا رب یہ تمہاری مدد کرے گا پانچ ہزار نشان زدہ فرشتوں سے۔

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ إِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ۗ وَمَا

وَمَا	جَعَلَهُ	اللّٰهُ	إِلَّا	بُشْرٰى	لَكُمْ	وَلِتَطْمَئِنَّ	قُلُوْبُكُمْ	بِهٖ	وَمَا
اور نہیں	کیا۔ یہ	اللہ	مگر (صرف)	خوشخبری	تمہارے لئے	اور اس لئے اطمینان ہو	تمہارے دل	اس سے	اور نہیں

اور یہ اللہ نے صرف تمہاری خوشخبری کے لئے کیا، اور اس لئے کہ اس سے تمہارے دلوں کو اطمینان ہو، اور نہیں

النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱۲۶﴾ لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ

النَّصْرُ	إِلَّا	مِنْ	عِنْدِ اللّٰهِ	الْعَزِيْزِ	الْحَكِيْمِ	لِيَقْطَعَ	طَرَفًا	مِّنَ	الَّذِيْنَ
مدد	مگر (سوائے)	سے	اللہ کے پاس	غالب	حکمت والا	تاکہ کاٹ ڈالے	گروہ	سے	وہ لوگ جو

مدد مگر (صرف) اللہ کے پاس سے ہے جو غالب، حکمت والا ہے تاکہ وہ ان لوگوں کے ایک گروہ کو کاٹ ڈالے جنہوں نے

كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ

كَفَرُوْا	اَوْ	يَكْبِتَهُمْ	فَيَنْقَلِبُوْا	خَآئِبِيْنَ	لَيْسَ لَكَ	مِنَ	الْاَمْرِ
انہوں نے کفر کیا	یا	انہیں ذلیل کرے	تو وہ لوٹ جائیں	نامراد	نہیں۔ آپ کے لئے	سے	کام (دخل)

کفر کیا، یا انہیں ذلیل کردے تو وہ نامراد لوٹ جائیں - آپ کا اس میں دخل نہیں

شَیْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ وَلِلّٰهِ

شَیْءٌ	اَوْ يَتُوْبَ	عَلَيْهِمْ	اَوْ	يُعَذِّبَهُمْ	فَاِنَّهُمْ	ظٰلِمُوْنَ	وَلِلّٰهِ
کچھ	خواہ توبہ قبول کرے	ان کی	یا	انہیں عذاب دے	کیونکہ وہ	ظالم (جمع)	اور اللہ کے لئے

کچھ بھی، خواہ (اللہ) ان کی توبہ قبول کرے یا انہیں عذاب دے، کیونکہ وہ ظالم ہیں۔ اور اللہ ہی کے لئے ہے

مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ

مَا	فِی السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِی الْاَرْضِ	يَغْفِرُ	لِمَنْ	يَّشَآءُ	وَيُعَذِّبُ
جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	وہ بخشدے	جس کو	چاہے	اور عذاب دے

جو آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے، اور جس کو چاہے بخشدے، اور عذاب دے

۱۳ ع ۹ ۴

مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا

مَنْ	يَّشَآءُ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	لَا تَاْكُلُوا
جس	چاہے	اور اللہ	بخشنے والا	مہربان	اے	جو ایمان لائے (ایمان والے)	نہ کھاؤ

جس کو چاہے، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے - ایمان والو! نہ کھاؤ

الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۠ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ وَاتَّقُوا

الرِّبٰوا	اَضْعَافًا	مُّضٰعَفَةً	وَّاتَّقُوا	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَاتَّقُوا
سود	دوگنا	دوگنا ہوا (چوگنا)	اور ڈرو	اللہ	تاکہ تم	فلاح پاؤ	اور ڈرو

سود دوگنا، چوگنا، اور اللہ سے ڈرو، تاکہ تم فلاح پاؤ - اور ڈرو

النَّارَ الَّتِیْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾

النَّارَ	الَّتِیْ	اُعِدَّتْ	لِلْكٰفِرِيْنَ	وَاَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَالرَّسُوْلَ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُوْنَ
آگ	جو کہ	تیار کی گئی	کافروں کے لئے	اور حکم مانو تم	اللہ	اور رسول	تاکہ تم پر	رحم کیا جائے

اس آگ سے جو کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے - اور تم اللہ اور رسول ﷺ کا حکم مانو تاکہ تم پر رحم کیا جائے-

وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَ

وَسَارِعُوْٓا	اِلٰى	مَغْفِرَةٍ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	وَجَنَّةٍ	عَرْضُهَا	السَّمٰوٰتُ	وَ
اور دوڑو	طرف	بخشش	سے	اپنا رب	اور جنت	اس کا عرض	آسمان (جمع)	اور

اور دوڑو اپنے رب کی بخشش اور جنت کی طرف، جس کا عرض آسمانوں اور

الْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۳﴾ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِى السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ

الْاَرْضُ	اُعِدَّتْ	لِلْمُتَّقِيْنَ	الَّذِيْنَ	يُنْفِقُوْنَ	فِى السَّرَّآءِ	وَالضَّرَّآءِ
زمین	تیار کی گئی	پرہیزگاروں کے لئے	جو لوگ	خرچ کرتے ہیں	خوشی میں	اور تکلیف

زمین (کے برابر) ہے، تیار کی گئی ہے پرہیزگاروں کے لئے۔ جو خرچ کرتے ہیں خوشی (خوشحالی) اور تکلیف میں،

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۴﴾ ع

وَالْكٰظِمِيْنَ	الْغَيْظَ	وَالْعَافِيْنَ	عَنِ	النَّاسِ	وَاللّٰهُ	يُحِبُّ	الْمُحْسِنِيْنَ
اور پی جاتے ہیں	غصہ	اور معاف کرتے ہیں	سے	جو لوگ	اور اللہ	دوست رکھتا ہے	احسان کرنے والے

اور پی جاتے ہیں غصہ، اور معاف کر دیتے ہیں لوگوں کو، اور اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنے والوں کو۔

وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ

وَالَّذِيْنَ	اِذَا	فَعَلُوْا	فَاحِشَةً	اَوْ	ظَلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	ذَكَرُوا اللّٰهَ
اور وہ لوگ جو	جب	وہ کریں	کوئی بے حیائی	یا	ظلم کریں	اپنے تئیں	وہ اللہ کو یاد کریں

اور وہ لوگ جو کوئی بے حیائی کریں یا اپنے تئیں کوئی ظلم کر بیٹھیں، تو وہ اللہ کو یاد کریں،

فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۠ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۪ قف

فَاسْتَغْفَرُوْا	لِذُنُوْبِهِمْ	وَمَنْ	يَغْفِرُ	الذُّنُوْبَ	اِلَّا اللّٰهُ
پھر بخشش مانگیں	اپنے گناہوں کے لئے	اور کون	بخشتا ہے	گناہ	اللہ کے سوا

پھر اپنے گناہوں کے لئے بخشش مانگیں، اور کون گناہ بخشتا ہے اللہ کے سوا؟

وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾ اُولٰۗىِٕكَ

وَلَمْ	يُصِرُّوْا	عَلٰى	مَا فَعَلُوْا	وَهُمْ	يَعْلَمُوْنَ	اُولٰۗىِٕكَ
اور نہ	وہ اڑیں	پر	جو انہوں نے کیا	اور وہ	جانتے ہیں	یہی لوگ

اور جو انہوں نے کیا اس پر نہ اڑیں، اور وہ جانتے ہیں۔ ایسے ہی لوگوں کی

جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا

جَزَآؤُهُمْ	مَّغْفِرَةٌ	مِّنْ	رَّبِّهِمْ	وَجَنّٰتٌ	تَجْرِىْ	مِنْ	تَحْتِهَا
اُن کی جزا	بخشش	سے	ان کا رب	اور باغات	بہتی ہیں	سے	اس کے نیچے

جزا اُن کے رب کی طرف سے بخشش اور باغات ہیں جن کے نیچے بہتی ہیں

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝۱۳۶ قَدْ خَلَتْ

الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	وَنِعْمَ	اَجْرُ	الْعٰمِلِيْنَ	قَدْ خَلَتْ
نہریں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور کیسا اچھا	بدلہ	کام کرنے والے	گزر چکی

نہریں، وہ اُن میں ہمیشہ رہیں گے، اور کیسا اچھا بدلہ ہے کام کرنے والوں کا! گزر چکے ہیں

مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ

مِنْ قَبْلِكُمْ	سُنَنٌ	فَسِيْرُوْا	فِى الْاَرْضِ	فَانْظُرُوْا	كَيْفَ
تم سے پہلے	واقعات	تو چلو پھرو	زمین میں	پھر دیکھو	کیسا

تم سے پہلے طریقے (واقعات) تو زمین میں چلو پھرو، پھر دیکھو کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۳۷ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى

كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِيْنَ	هٰذَا	بَيَانٌ	لِّلنَّاسِ	وَهُدًى
ہوا	انجام	جھٹلانے والے	یہ	بیان	لوگوں کے لئے	اور ہدایت

انجام ہوا جھٹلانے والوں کا! یہ بیان ہے لوگوں کے لئے، اور ہدایت،

وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝۱۳۸ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ

وَمَوْعِظَةٌ	لِّلْمُتَّقِيْنَ	وَلَا تَهِنُوْا	وَلَا تَحْزَنُوْا	وَاَنْتُمُ	الْاَعْلَوْنَ
اور نصیحت	پرہیزگاروں کے لئے	اور سست نہ پڑو	اور غم نہ کھاؤ	اور تم	غالب

اور نصیحت پرہیزگاروں کے لئے۔ اور تم سست نہ پڑو، اور غم نہ کھاؤ، اور تم ہی غالب رہو گے،

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۱۳۹ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ

اِنْ كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	اِنْ	يَّمْسَسْكُمْ	قَرْحٌ	فَقَدْ	مَسَّ	الْقَوْمَ
اگر تم ہو	ایمان والے	اگر	تمہیں پہنچا	زخم	تو البتہ	پہنچا	قوم

اگر تم ایمان والے ہو۔ اگر تم کو زخم پہنچا تو البتہ پہنچا ہے اس قوم کو (بھی)

قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ

قَرْحٌ	مِّثْلُهٗ	وَتِلْكَ	الْاَيَّامُ	نُدَاوِلُهَا	بَيْنَ النَّاسِ	وَلِيَعْلَمَ	اللّٰهُ
زخم	اس جیسا	اور یہ	ایام	ہم باری باری بدلتے ہیں انکو	لوگوں کے درمیان	اور تاکہ معلوم کرلے	اللہ

اس جیسا ہی زخم، اور یہ دن ہیں ہم لوگوں کے درمیان باری باری بدلتے رہتے ہیں، اور تاکہ اللہ معلوم کرلے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَيَتَّخِذَ	مِنْكُمْ	شُهَدَآءَ	وَاللّٰهُ	لَا يُحِبُّ	الظّٰلِمِيْنَ
جو لوگ	ایمان لائے	اور بنائے	تم سے	شہید (جمع)	اور اللہ	دوست نہیں رکھتا	ظالم (جمع)

ان لوگوں کو جو ایمان لائے، اور تم میں سے (بعض کو) شہید بنائے (درجہ شہادت دے) اور اللہ ظالموں کو دوست نہیں رکھتا۔

وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۱﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ

وَلِيُمَحِّصَ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَيَمْحَقَ	الْكٰفِرِيْنَ	اَمْ حَسِبْتُمْ
اور تاکہ پاک صاف کردے	اللہ	جو لوگ ایمان لائے	اور مٹادے	کافر (جمع)	کیا تم سمجھتے ہو؟

اور تاکہ اللہ پاک صاف کردے ان لوگوں کو جو ایمان لائے، اور مٹا دے کافروں کو۔ کیا تم یہ سمجھتے ہو؟

اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَ

اَنْ	تَدْخُلُوا	الْجَنَّةَ	وَلَمَّا	يَعْلَمِ اللّٰهُ	الَّذِيْنَ	جٰهَدُوْا	مِنْكُمْ	وَ
کہ	تم داخل ہوگے	جنت	اور ابھی نہیں	اللہ نے معلوم کیا	جو لوگ	جہاد کرنے والے	تم میں سے	اور

کہ تم جنت میں داخل ہوگے اور ابھی اللہ نے معلوم نہیں کیا (امتحان لیا) جو تم میں سے جہاد کرنے والے ہیں، اور

يَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۲﴾ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۪

يَعْلَمَ	الصّٰبِرِيْنَ	وَلَقَدْ	كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ	الْمَوْتَ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ	تَلْقَوْهُ
معلوم کیا	صبر کرنے والے	اور البتہ	تم تمنا کرتے تھے	موت	سے قبل	کہ	تم اس سے ملو

صبر کرنے والے ہیں۔ اور البتہ تم اس سے ملنے سے قبل موت کی تمنا کرتے تھے،

فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۴۳﴾ ع وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ

فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ	وَاَنْتُمْ	تَنْظُرُوْنَ	وَمَا	مُحَمَّدٌ	اِلَّا	رَسُوْلٌ	قَدْ خَلَتْ
تو اب تم نے اسے دیکھ لیا	اور تم	دیکھتے ہو	اور نہیں	محمد ﷺ	مگر (تو)	ایک رسول	البتہ گزرے

تو اب تم نے اسے (موت کو) دیکھ لیا اور تم اسے (اپنی آنکھوں سے) دیکھ رہے ہو۔ اور محمد ﷺ تو ایک رسول ہیں، البتہ گزر چکے ہیں

۱۴ ع ۵

مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ اَفَا۟ىِٕنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ۭ وَ

مِنْ قَبْلِهِ	الرُّسُلُ	اَفَا۟ىِٕنْ	مَّاتَ	اَوْ	قُتِلَ	انْقَلَبْتُمْ	عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ	وَ
ان سے پہلے	رسول (جمع)	کیا پھر اگر	وہ وفات پالیں	یا	قتل ہو جائیں	تم پھر جاؤ گے	اپنی ایڑیوں پر	اور

ان سے پہلے بہت سے رسول، پھر اگر وہ وفات پالیں یا قتل ہو جائیں تو کیا تم اپنی ایڑیوں پر (اُلٹے پاؤں) لوٹ جاؤ گے؟ اور

مَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰي عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَـيْـــًٔا ۭ وَسَيَجْزِي اللّٰهُ

مَنْ	يَّنْقَلِبْ	عَلٰي عَقِبَيْهِ	فَلَنْ يَّضُرَّ	اللّٰهَ	شَـيْـــًٔا	وَ	سَيَجْزِي	اللّٰهُ
جو	پھر جائے	اپنی ایڑیوں پر	تو ہرگز نہ بگاڑے گا	اللہ	کچھ بھی	اور	جلد جزا دے گا	اللہ

جو اپنی ایڑیوں پر (اُلٹے پاؤں) پھر جائے تو وہ ہرگز اللہ کا کچھ نہ بگاڑے گا، اور اللہ جلد جزا دے گا

الشّٰكِرِيْنَ ۝۱۴۴ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا

الشّٰكِرِيْنَ	وَمَا كَانَ	لِنَفْسٍ	اَنْ	تَمُوْتَ	اِلَّا	بِاِذْنِ	اللّٰهِ	كِتٰبًا
شکر کرنے والے	اور نہیں	کسی شخص کے لئے	کہ	وہ مرے	بغیر	حکم سے	اللہ	لکھا ہوا

شکر کرنے والوں کو۔ اور کسی شخص کے لئے (ممکن) نہیں کہ وہ اللہ کے حکم کے بغیر مر جائے، لکھا ہوا ہے

مُّؤَجَّلًا ۭ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ

مُّؤَجَّلًا	وَمَنْ	يُّرِدْ	ثَوَابَ	الدُّنْيَا	نُؤْتِهٖ	مِنْهَا	وَمَنْ	يُّرِدْ
مقررہ وقت	اور جو	چاہے گا	انعام	دنیا	ہم دیں گے اسکو	اس سے	اور جو	چاہے گا

ایک مقررہ وقت، اور جو دنیا کا انعام چاہے گا ہم اُسے اس میں سے دیں گے، اور جو چاہے گا

ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۭ وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ۝۱۴۵ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ

ثَوَابَ	الْاٰخِرَةِ	نُؤْتِهٖ	مِنْهَا	وَسَنَجْزِي	الشّٰكِرِيْنَ	وَكَاَيِّنْ	مِّنْ نَّبِيٍّ
بدلہ	آخرت	ہم دیں گے اسکو	اس سے	اور ہم جلد جزا دیں گے	شکر کرنے والے	اور بہت سے	نبی

آخرت کا بدلہ ہم اُسے اس میں سے دیں گے، اور ہم شکر کرنے والوں کو جلد جزا دیں گے۔ اور بہت سے نبی (ہوئے ہیں)

قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

قٰتَلَ	مَعَهٗ	رِبِّيُّوْنَ	كَثِيْرٌ	فَمَا	وَهَنُوْا	لِمَا	اَصَابَهُمْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ
لڑے	ان کے ساتھ	اللہ والے	بہت	پس نہ	سست پڑے	بسبب جو	اُنہیں پہنچے	میں	اللہ کی راہ

ان کے ساتھ (مل کر) بہت سے اللہ والے لڑے، پس وہ سست نہ پڑے (اُن مصیبتوں) کے سبب جو انہیں اللہ کی راہ میں پہنچی

وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ

وَمَا	ضَعُفُوْا	وَمَا اسْتَكَانُوْا	وَاللّٰهُ	يُحِبُّ	الصّٰبِرِيْنَ	وَمَا كَانَ	قَوْلَهُمْ
اور نہ	انہوں نے کمزوری کی	اور نہ دب گئے	اور اللہ	دوست رکھتا ہے	صبر کرنے والے	اور نہ تھا	اُن کا کہنا

اور نہ انہوں نے کمزوری (ظاہر) کی اور نہ دب گئے، اور اللہ صبر کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اور اُن کا کہنا نہ تھا

اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ

اِلَّآ	اَنْ	قَالُوْا	رَبَّنَا	اغْفِرْ لَنَا	ذُنُوْبَنَا	وَاِسْرَافَنَا	فِيْٓ اَمْرِنَا	وَثَبِّتْ
سوائے	کہ	انہوں نے دعا کی	اے ہمارے رب	بخشدے ہم کو	ہمارے گناہ	اور ہماری زیادتی	ہمارے کام میں	اور ثابت رکھ

اس کے سوائے کہ انہوں نے دعا کی، اے ہمارے رب! ہمیں بخشدے ہمارے گناہ اور ہماری زیادتی ہمارے کام میں، اور ثابت رکھ

اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ

اَقْدَامَنَا	وَانْصُرْنَا	عَلَى	الْقَوْمِ	الْكٰفِرِيْنَ	فَاٰتٰىهُمُ	اللّٰهُ	ثَوَابَ
ہمارے قدم	اور ہماری مدد فرما	پر	قوم	کافر (جمع)	تو انہیں دیا	اللہ	انعام

ہمارے قدم، اور کافروں کی قوم پر ہماری مدد فرما۔ تو اللہ نے انہیں انعام دیا

۱۵ ع ۵ ۶

الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ يٰٓاَيُّهَا

الدُّنْيَا	وَحُسْنَ	ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ	وَاللّٰهُ	يُحِبُّ	الْمُحْسِنِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا
دنیا	اور اچھا	انعام آخرت	اور اللہ	دوست رکھتا ہے	احسان کرنے والے	اے

دنیا کا اور آخرت کا اچھا انعام، اور اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِنْ	تُطِيْعُوا	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	يَرُدُّوْكُمْ	عَلٰٓى	اَعْقَابِكُمْ
لوگ جو ایمان لائے	اگر	تم کہا مانو گے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	وہ تمہیں پھیر دیں گے	پر	تمہاری ایڑیاں

ایمان والو! اگر تم کافروں کا کہا مانو گے تو وہ تمہیں تمہاری ایڑیوں پر (اُلٹے پاؤں) پھیر دیں گے

فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ﴿۱۵۰﴾

فَتَنْقَلِبُوْا	خٰسِرِيْنَ	بَلِ	اللّٰهُ	مَوْلٰىكُمْ	وَهُوَ	خَيْرُ	النّٰصِرِيْنَ
پھر تم پلٹ جاؤ گے	گھاٹے میں	بلکہ	اللہ	تمہارا مددگار	اور وہ	بہتر	مددگار (جمع)

پھر تم گھاٹے میں پلٹ جاؤ گے۔ بلکہ اللہ تمہارا مددگار ہے اور وہ سب سے بہتر مددگار ہے۔

سَنُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَا أَشْرَكُوا بِاللَّهِ مَا

سَنُلْقِي	فِي	قُلُوبِ	الَّذِينَ كَفَرُوا	الرُّعْبَ	بِمَا أَشْرَكُوا	بِاللَّهِ	مَا
عنقریب ہم ڈال دیں گے	میں	دل (جمع)	جنہوں نے کفر کیا (کافر)	ہیبت	اس لیے کہ انہوں نے شریک کیا	اللہ کا	جس

ہم عنقریب کافروں کے دلوں میں ہیبت ڈال دیں گے اس لیے کہ انہوں نے اللہ کا شریک کیا جس کی

لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَمَأْوَاهُمُ النَّارُ وَبِئْسَ مَثْوَى الظَّالِمِينَ ﴿١٥١﴾

لَمْ يُنَزِّلْ	بِهِ	سُلْطَانًا	وَمَأْوَاهُمُ	النَّارُ	وَبِئْسَ	مَثْوَى	الظَّالِمِينَ
نہیں اتاری	اس کی	کوئی سند	اور ان کا ٹھکانہ	دوزخ	اور برا	ٹھکانہ	ظالم (جمع)

اس نے کوئی سند نہیں اتاری، اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے، اور برا ٹھکانہ ہے ظالموں کا۔

وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللَّهُ وَعْدَهُ إِذْ تَحُسُّونَهُمْ بِإِذْنِهِ حَتَّى إِذَا

وَ	لَقَدْ صَدَقَكُمُ	اللَّهُ	وَعْدَهُ	إِذْ	تَحُسُّونَهُمْ	بِإِذْنِهِ	حَتَّى	إِذَا
اور	البتہ سچا کر دیا تم سے	اللہ	اپنا وعدہ	جب	تم قتل کرنے لگے انہیں	اس کے حکم سے	یہاں تک کہ	جب

اور البتہ اللہ نے تم سے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا جب تم انہیں اس کے حکم سے قتل کرنے لگے یہاں تک کہ جب

فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِي الْأَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِنْ بَعْدِ مَا أَرَاكُمْ مَا

فَشِلْتُمْ	وَتَنَازَعْتُمْ	فِي الْأَمْرِ	وَعَصَيْتُمْ	مِنْ بَعْدِ	مَا أَرَاكُمْ	مَا
تم نے بزدلی کی	اور جھگڑا کیا	کام میں	اور تم نے نافرمانی کی	اس کے بعد	جب تمہیں دکھایا	جو

تم نے بزدلی کی، اور کام میں جھگڑا کیا، اور اس کے بعد نافرمانی کی، جبکہ تمہیں دکھایا جو

تُحِبُّونَ مِنْكُمْ مَنْ يُرِيدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ مَنْ يُرِيدُ الْآخِرَةَ

تُحِبُّونَ	مِنْكُمْ	مَنْ يُرِيدُ	الدُّنْيَا	وَمِنْكُمْ	مَنْ يُرِيدُ	الْآخِرَةَ
تم چاہتے تھے	تم سے	جو چاہتا تھا	دنیا	اور تم سے	جو چاہتا تھا	آخرت

تم چاہتے تھے، تم میں سے کوئی دنیا چاہتا تھا، اور تم میں سے کوئی آخرت چاہتا تھا،

ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ وَاللَّهُ

ثُمَّ	صَرَفَكُمْ	عَنْهُمْ	لِيَبْتَلِيَكُمْ	وَلَقَدْ	عَفَا	عَنْكُمْ	وَاللَّهُ
پھر	تمہیں پھیر دیا	ان سے	تاکہ تمہیں آزمائے	اور تحقیق	معاف کیا	تم سے (تمہیں)	اور اللہ

پھر اس نے تمہیں ان سے پھیر دیا تاکہ تمہیں آزمائے، اور تحقیق اس نے تمہیں معاف کر دیا، اور اللہ

ذُو فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٥٢﴾ إِذْ تُصْعِدُونَ وَلَا تَلْوُونَ عَلَىٰ أَحَدٍ

ذُو فَضْلٍ	عَلَى	الْمُؤْمِنِينَ	إِذْ	تُصْعِدُونَ	وَلَا تَلْوُونَ	عَلَىٰ أَحَدٍ
فضل کرنے والا	پر	مومن (جمع)	جب	تم چڑھتے تھے	اور مُڑ کر نہ دیکھتے تھے	کسی کو

مومنوں پر فضل کرنے والا ہے۔ جب تم (منہ اٹھا کر) چڑھتے جاتے تھے اور کسی کو پیچھے مُڑ کر نہ دیکھتے تھے

وَالرَّسُولُ يَدْعُوكُمْ فِي أُخْرَاكُمْ فَأَثَابَكُمْ غَمًّا بِغَمٍّ لِكَيْلَا تَحْزَنُوا

وَالرَّسُولُ	يَدْعُوكُمْ	فِي أُخْرَاكُمْ	فَأَثَابَكُمْ	غَمًّا بِغَمٍّ	لِكَيْلَا	تَحْزَنُوا
اور رسول ﷺ	تمہیں پکارتے تھے	تمہارے پیچھے سے	پھر تمہیں پہنچایا	غم کے عوض غم	تاکہ نہ	تم غم کرو

اور رسول ﷺ تمہارے پیچھے سے تمہیں پکارتے تھے، پھر تمہیں غم کے عوض غم پہنچایا، تاکہ تم غم نہ کرو

عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَا أَصَابَكُمْ وَاللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿١٥٣﴾

عَلَىٰ	مَا فَاتَكُمْ	وَلَا	مَا	أَصَابَكُمْ	وَاللَّهُ	خَبِيرٌ	بِمَا تَعْمَلُونَ
پر	جو تم سے نکل گیا	اور نہ	جو	تمہیں پیش آئے	اور اللہ	باخبر	اس سے جو تم کرتے ہو

اس پر جو (تمہارے ہاتھ سے) نکل گیا اور نہ (اس پر) جو تمہیں پیش آئے، اور اللہ اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔

ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا يَغْشَىٰ طَائِفَةً

ثُمَّ	أَنْزَلَ	عَلَيْكُمْ	مِنْ بَعْدِ	الْغَمِّ	أَمَنَةً	نُعَاسًا	يَغْشَىٰ	طَائِفَةً
پھر	اس نے اتارا	تم پر	بعد	غم	امن	اُونگھ	ڈھانک لیا	ایک جماعت

پھر اس نے تم پر غم کے بعد امن اُونگھ (کی صورت میں) اتاری، ایک جماعت کو ڈھانک لیا

مِنْكُمْ وَطَائِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنْفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ

مِنْكُمْ	وَطَائِفَةٌ	قَدْ أَهَمَّتْهُمْ	أَنْفُسُهُمْ	يَظُنُّونَ	بِاللَّهِ	غَيْرَ الْحَقِّ
تم میں سے	اور ایک جماعت	انہیں فکر پڑی تھی	اپنی جانیں	وہ گمان کرتے تھے	اللہ کے بارہ میں	بے حقیقت

تم میں سے، اور ایک جماعت کو اپنی جان کی فکر پڑی تھی، وہ اللہ کے بارہ میں بے حقیقت گمان کرتے تھے

ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُولُونَ هَلْ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ مِنْ شَيْءٍ قُلْ

ظَنَّ	الْجَاهِلِيَّةِ	يَقُولُونَ	هَلْ	لَنَا	مِنَ	الْأَمْرِ	مِنْ شَيْءٍ	قُلْ
گمان	جاہلیت	وہ کہتے تھے	کیا	ہمارے لئے	سے	کام	کچھ	آپ کہہ دیں

جاہلیت کے گمان، وہ کہتے تھے کیا کوئی کام کچھ ہمارے لئے (ہمارے اختیار میں) ہے؟ آپ کہہ دیں،

إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ ۗ يُخْفُونَ فِي أَنْفُسِهِمْ مَا لَا يُبْدُونَ لَكَ ۖ

لَكَ	لَا يُبْدُونَ	مَا	أَنْفُسِهِمْ	فِي	يُخْفُونَ	كُلَّهُ لِلَّهِ	الْأَمْرَ	إِنَّ
آپکے لئے (پر)	وہ ظاہر نہیں کرتے	جو	اپنے دل	میں	وہ چھپاتے ہیں	تمام۔اللہ کے لئے	کام	کہ

کہ تمام کام اللہ کے لئے (اللہ کے اختیار میں) ہے، وہ اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں جو آپکے لئے (آپ پر) ظاہر نہیں کرتے،

يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَا قُتِلْنَا هَاهُنَا ۗ قُلْ

قُلْ	هَاهُنَا	مَا قُتِلْنَا	شَيْءٌ	مِنَ الْأَمْرِ	لَنَا	لَوْ كَانَ	يَقُولُونَ
آپ کہدیں	یہاں	ہم نہ مارے جاتے	کچھ	سے۔کام	ہمارے لئے	اگر ہوتا	وہ کہتے ہیں

وہ کہتے ہیں اگر کچھ کام ہمارے لئے (ہمارے اختیار میں) ہوتا تو ہم یہاں نہ مارے جاتے آپ کہدیں

لَوْ كُنْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ

الْقَتْلُ	عَلَيْهِمُ	كُتِبَ	الَّذِينَ	لَبَرَزَ	بُيُوتِكُمْ	فِي	لَوْ كُنْتُمْ
مارا جانا	ان پر	لکھا تھا	وہ لوگ	ضرور نکل کھڑے ہوتے	اپنے گھر (جمع)	میں	اگر تم ہوتے

اگر تم اپنے گھروں میں ہوتے تو جن پر (جن کی قسمت میں) مارا جانا لکھا تھا وہ ضرور نکل کھڑے ہوتے

إِلَىٰ مَضَاجِعِهِمْ ۖ وَلِيَبْتَلِيَ اللَّهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ

وَلِيُمَحِّصَ	فِي صُدُورِكُمْ	مَا	اللَّهُ	وَلِيَبْتَلِيَ	مَضَاجِعِهِمْ	إِلَىٰ
اور تاکہ صاف کردے	تمہارے سینوں میں	جو	اللہ	اور تاکہ آزمائے	اپنی قتل گاہ (جمع)	طرف

اپنی قتل گاہوں کی طرف، تاکہ اللہ آزمائے جو تمہارے سینوں میں ہے، اور تاکہ صاف کردے

مَا فِي قُلُوبِكُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿١٥٤﴾ إِنَّ الَّذِينَ

الَّذِينَ	إِنَّ	بِذَاتِ الصُّدُورِ	عَلِيمٌ	وَاللَّهُ	فِي قُلُوبِكُمْ	مَا
جو لوگ	بیشک	سینوں والے (دلوں کے بھید)	جاننے والا	اور اللہ	میں تمہارے دل	جو

جو تمہارے دلوں میں ہے، اور اللہ دلوں کے بھید خوب جاننے والا ہے۔ بیشک جو لوگ

تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ إِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطَانُ

الشَّيْطَانُ	اسْتَزَلَّهُمُ	إِنَّمَا	الْجَمْعَانِ	الْتَقَى	يَوْمَ	مِنْكُمْ	تَوَلَّوْا
شیطان	ان کو پھسلا دیا	درحقیقت	آمنے سامنے ہوئیں دو جماعتیں		دن	تم میں سے	پیٹھ پھیر گئے

تم میں سے پیٹھ پھیر گئے، جس دن دو جماعتیں آمنے سامنے ہوئیں، درحقیقت انہیں شیطان نے پھسلا دیا

بِبَعۡضِ مَا كَسَبُوۡا ۚ وَلَقَدۡ عَفَا اللّٰهُ عَنۡهُمۡ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ

بِبَعۡضِ	مَا كَسَبُوۡا	وَلَقَدۡ عَفَا	اللّٰهُ	عَنۡهُمۡ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوۡرٌ
بعض کی وجہ سے	جو انہوں نے کمایا (اعمال)	اور البتہ معاف کر دیا	اللہ	ان سے	بیشک	اللہ	بخشنے والا

ان کے بعض اعمال کی وجہ سے، اور البتہ اللہ نے انہیں معاف کر دیا، بیشک اللہ بخشنے والا

۱۶ ع ۷

حَلِيۡمٌ ﴿۱۵۵﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَكُوۡنُوۡا كَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَقَالُوۡا

حَلِيۡمٌ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	لَا تَكُوۡنُوۡا	كَ	الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا	وَقَالُوۡا
حلم والا	اے	ایمان والو	نہ ہو جاؤ	طرح	جو کافر ہوئے	وہ کہتے ہیں

حلم والا ہے۔ اے ایمان والو! تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو کافر ہوئے اور وہ کہتے ہیں

لِاِخۡوَانِهِمۡ اِذَا ضَرَبُوۡا فِى الۡاَرۡضِ اَوۡ كَانُوۡا غُزًّى لَّوۡ كَانُوۡا

لِاِخۡوَانِهِمۡ	اِذَا	ضَرَبُوۡا + فِى الۡاَرۡضِ	اَوۡ	كَانُوۡا غُزًّى	لَوۡ كَانُوۡا
اپنے بھائیوں کو	جب	وہ سفر کریں + زمین (راہ) میں	یا	جہاد میں ہوں	اگر وہ ہوتے

اپنے بھائیوں کو جب وہ سفر کریں (اللہ کی) راہ میں یا جہاد میں ہوں، اگر وہ ہوتے

عِنۡدَنَا مَا مَاتُوۡا وَمَا قُتِلُوۡا ۚ لِيَجۡعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسۡرَةً

عِنۡدَنَا	مَا	مَاتُوۡا	وَمَا قُتِلُوۡا	لِيَجۡعَلَ	اللّٰهُ	ذٰلِكَ	حَسۡرَةً
ہمارے پاس	نہ	وہ مرتے	اور نہ مارے جاتے	تاکہ بنا دے	اللہ	یہ۔اس	حسرت

ہمارے پاس تو وہ نہ مرتے اور نہ مارے جاتے، تاکہ اللہ اس کو حسرت بنا دے

فِىۡ قُلُوۡبِهِمۡ ؕ وَاللّٰهُ يُحۡىٖ وَيُمِيۡتُ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ

فِىۡ	قُلُوۡبِهِمۡ	وَاللّٰهُ	يُحۡىٖ	وَيُمِيۡتُ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعۡمَلُوۡنَ
میں	ان کے دل	اور اللہ	زندہ کرتا ہے	اور مارتا ہے	اور اللہ	جو کچھ	تم کرتے ہو

ان کے دلوں میں، اور اللہ (وہی) زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے، اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ

بَصِيۡرٌ ﴿۱۵۶﴾ وَلَئِنۡ قُتِلۡتُمۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ اَوۡ مُتُّمۡ لَمَغۡفِرَةٌ

بَصِيۡرٌ	وَلَئِنۡ	قُتِلۡتُمۡ	فِىۡ	سَبِيۡلِ اللّٰهِ	اَوۡ مُتُّمۡ	لَمَغۡفِرَةٌ
دیکھنے والا	اور البتہ اگر	تم مارے جاؤ	میں	اللہ کی راہ	یا تم مرجاؤ	یقیناً بخشش

دیکھنے والا ہے۔ اور اگر تم اللہ کی راہ میں مارے جاؤ یا تم مرجاؤ تو یقیناً بخشش

مِّنَ اللّٰهِ وَ رَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۱۵۷﴾ وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ

اَوْ	مُّتُّمْ	وَلَئِنْ	يَجْمَعُوْنَ	مِّمَّا	خَيْرٌ	وَ رَحْمَةٌ	اللّٰهِ	مِّنَ
یا	تم مر گئے	اور اگر	وہ جمع کرتے ہیں	اس سے جو	بہتر	اور رحمت	اللہ	سے

اور رحمت ہے اللہ کی طرف سے (یہ) اس سے بہتر ہے جو وہ (دولت) جمع کرتے ہیں۔ اور اگر تم مر گئے یا

قُتِلْتُمْ لَاِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ

لَهُمْ	لِنْتَ	اللّٰهِ	مِّنَ	رَحْمَةٍ	فَبِمَا	تُحْشَرُوْنَ	لَاِلَى اللّٰهِ	قُتِلْتُمْ
ان کے لئے	نرم دل	اللہ	سے	رحمت	پس ۔ سے	تم اکٹھے کئے جاؤ گے	یقیناً اللہ کی طرف	تم مار دیئے گئے

مار دیئے گئے تو یقیناً اللہ کی طرف اکٹھے کئے جاؤ گے ۔ پس اللہ کی رحمت (ہی) سے ہے کہ آپ انکے لئے نرم دل ہیں

وَ لَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَا نْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ فَاعْفُ

فَاعْفُ	حَوْلِكَ	مِنْ	لَا نْفَضُّوْا	غَلِيْظَ الْقَلْبِ	فَظًّا	لَوْ كُنْتَ	وَ
پس آپ معاف کر دیں	آپ کے پاس	سے	تو وہ منتشر ہو جاتے	سخت دل	تُند خو	اگر آپ ہوتے	اور

اور اگر تُند خو، سخت دل ہوتے تو وہ آپ کے پاس سے منتشر ہو جاتے، پس آپ معاف کر دیں

عَنْهُمْ وَ اسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَ شَاوِرْهُمْ فِى الْاَمْرِ فَاِذَا عَزَمْتَ

عَزَمْتَ	فَاِذَا	الْاَمْرِ	فِى	وَ شَاوِرْهُمْ	لَهُمْ	وَ اسْتَغْفِرْ	عَنْهُمْ
آپ ارادہ کر لیں	پھر جب	کام	میں	اور مشورہ کریں اُن سے	ان کے لئے	اور بخشش مانگیں	اُن سے (انہیں)

انہیں اور ان کے لئے بخشش مانگیں اور کام میں اُن سے مشورہ کر لیا کریں پھر جب آپ (پختہ) ارادہ کر لیں

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ

اللّٰهُ	يَّنْصُرْكُمُ	اِنْ	الْمُتَوَكِّلِيْنَ	يُحِبُّ	اللّٰهَ	اِنَّ	عَلَى اللّٰهِ	فَتَوَكَّلْ
اللہ	وہ مدد کرے تمہاری	اگر	بھروسہ کرنے والے	دوست رکھتا ہے	اللہ	بیشک	اللہ پر	تو بھروسہ کریں

تو اللہ پر بھروسہ کریں ۔ بیشک اللہ بھروسہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے ۔ اگر اللہ تمہاری مدد کرے

فَلَا غَالِبَ لَكُمْ وَ اِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِىْ يَنْصُرُكُمْ

يَنْصُرُكُمْ	الَّذِىْ	ذَا	فَمَنْ	يَّخْذُلْكُمْ	وَ اِنْ	لَكُمْ	فَلَا غَالِبَ
وہ تمہاری مدد کرے	جو کہ	وہ	تو کون؟	وہ تمہیں چھوڑ دے	اور اگر	تم پر	تو نہیں غالب آنے والا

تو تم پر کوئی غالب آنے والا نہیں، اور اگر وہ تمہیں چھوڑ دے تو کون ہے جو تمہاری مدد کرے؟

مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ

لِنَبِيٍّ	كَانَ	وَمَا	الْمُؤْمِنُوْنَ	فَلْيَتَوَكَّلِ	عَلَى اللّٰهِ	وَ	مِنْۢ بَعْدِهٖ
نبی کے لئے	تھا ہے	اور نہیں	ایمان والے	چاہیئے کہ بھروسہ کریں	اللہ پر	اور	اس کے بعد

اس کے بعد، اور چاہیئے کہ ایمان والے اللہ پر بھروسہ کریں - اور نبی کے لئے (شایان) نہیں

اَنْ يَّغُلَّ ؕ وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى

تُوَفّٰى	ثُمَّ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	بِمَا غَلَّ	يَاْتِ	يَغْلُلْ	وَمَنْ	اَنْ يَّغُلَّ
پورا پائے گا	پھر	قیامت کے دن	جو اس نے چھپایا	لائے گا	چھپائے گا	اور جو	کہ چھپائے

کہ وہ چھپائے، اور جو چھپائے گا وہ اپنی چھپائی ہوئی چیز قیامت کے دن لائے گا، پھر پورا پورا پائے گا

كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۱﴾ اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ

رِضْوَانَ	اتَّبَعَ	اَفَمَنِ	لَا يُظْلَمُوْنَ	وَهُمْ	كَسَبَتْ	مَا	كُلُّ نَفْسٍ
رضا (خوشنودی)	پیروی کی	تو کیا جس	ظلم نہ کئے جائیں گے	اور وہ	اس نے کمایا	جو	ہر شخص

ہر شخص جو اس نے کمایا (عمل کیا) اور وہ ظلم نہیں کئے جائیں گے - تو کیا جس نے پیروی کی رضائے الٰہی ﴿۱۶۲﴾

اللّٰهِ كَمَنْۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ

الْمَصِيْرُ	وَبِئْسَ	جَهَنَّمُ	وَمَاْوٰىهُ	مِنَ اللّٰهِ	بِسَخَطٍ	بَآءَ	كَمَنْ	اللّٰهِ
ٹھکانہ	اور برا	جہنم	اور اس کا ٹھکانہ	اللہ کے	غصہ کے ساتھ	لوٹا	مانند جو	اللہ

(اللہ کی خوشنودی کی) اسکے مانند ہے جو اللہ کے غصہ کے ساتھ لوٹا؟ اور اس کا ٹھکانہ جہنم ہے، اور (بہت) برا ٹھکانہ ہے -

هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۳﴾ لَقَدْ

لَقَدْ	يَعْمَلُوْنَ	بِمَا	بَصِيْرٌ	وَاللّٰهُ	اللّٰهِ	عِنْدَ	دَرَجٰتٌ	هُمْ
البتہ بیشک	وہ کرتے ہیں	جو	دیکھنے والا	اور اللہ	اللہ	پاس	درجے	وہ - ان

ان کے (مختلف) درجے ہیں اللہ کے پاس، اور وہ جو کچھ کرتے ہیں اللہ دیکھنے والا ہے - بیشک

مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ

اَنْفُسِهِمْ	مِنْ	رَسُوْلًا	فِيْهِمْ	اِذْ بَعَثَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	عَلَى	اللّٰهُ	مَنَّ
انکی جانیں (انکے درمیان)	سے	ایک رسول	ان میں	جب بھیجا	ایمان والے (مومن)	پر	اللہ	احسان کیا

اللہ نے ایمان والوں (مومنوں) پر احسان کیا جب ان میں ایک رسول بھیجا، ان کے درمیان سے

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

وَالْحِكْمَةَ	الْكِتٰبَ	وَيُعَلِّمُهُمُ	وَيُزَكِّيْهِمْ	اٰيٰتِهٖ	عَلَيْهِمْ	يَتْلُوْا
اور حکمت	کتاب	اور انہیں سکھاتا ہے	اور انہیں پاک کرتا ہے	اسکی آیتیں	ان پر	وہ پڑھتا ہے

وہ اُن پر اس کی آیتیں پڑھتا ہے، اور انہیں پاک کرتا ہے، اور انہیں کتاب و حکمت سکھاتا ہے،

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۶۴﴾ اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ

اَصَابَتْكُمْ	اَوَلَمَّا	مُّبِيْنٍ	ضَلٰلٍ	لَفِيْ	مِنْ قَبْلُ	كَانُوْا	وَاِنْ
تمہیں پہنچی	کیا جب	کھلی	گمراہی	البتہ۔ میں	اس سے قبل	وہ تھے	اور بیشک

اور بیشک وہ اس سے قبل البتہ کھلی گمراہی میں تھے۔ کیا جب تمہیں پہنچی

مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ؕ قُلْ هُوَ مِنْ

مِنْ	هُوَ	قُلْ	اَنّٰى هٰذَا	قُلْتُمْ	مِّثْلَيْهَا	قَدْ اَصَبْتُمْ	مُّصِيْبَةٌ
سے	وہ	آپ کہدیں	کہاں سے یہ؟	تم کہنے ہو	اس سے دوچند	البتہ تم نے پہنچائی	کوئی مصیبت

کوئی مصیبت، البتہ تم اُس سے دوچند پہنچا چکے تھے، تم کہنے ہو یہ کہاں سے آئی؟ آپ کہدیں وہ

عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۶۵﴾ وَمَآ اَصَابَكُمْ

اَصَابَكُمْ	وَمَا	قَدِيْرٌ	شَيْءٍ	كُلِّ	عَلٰى	اللّٰهَ	اِنَّ	اَنْفُسِكُمْ	عِنْدِ
تمہیں پہنچا	اور جو	قادر	شے	ہر	پر	اللہ	بیشک	تمہاری جانیں (اپنے پاس)	پاس

تمہارے اپنے (ہی) پاس سے، بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اور تمہیں جو (تکلیف) پہنچی

يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۶۶﴾ وَلِيَعْلَمَ

وَلِيَعْلَمَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَلِيَعْلَمَ	اللّٰهِ	فَبِاِذْنِ	الْجَمْعٰنِ	الْتَقَى	يَوْمَ
اور تاکہ جان لے	ایمان والے	اور تاکہ وہ معلوم کرلے	اللہ	تو حکم سے	دو جماعتیں	مڈبھیڑ ہوئی	دن

جس دن دو جماعتوں میں مڈبھیڑ ہوئی تو اللہ کے حکم سے (پہنچی) تاکہ وہ معلوم کرلے ایمان والوں کو۔ اور تاکہ جان لے

الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ۚ وَقِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوِ

اَوِ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	فِيْ	قَاتِلُوْا	تَعَالَوْا	لَهُمْ	وَقِيْلَ	نَافَقُوْا	الَّذِيْنَ
یا	اللہ کی راہ	میں	لڑو	آؤ	انہیں	اور کہا گیا	منافق ہوئے	وہ جو کہ

ان لوگوں کو جو منافق ہوئے، اور انہیں کہا گیا آؤ! اللہ کی راہ میں لڑو، یا

ادْفَعُوْا ؕ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ ؕ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ

يَوْمَئِذٍ	لِلْكُفْرِ	هُمْ	لَّا اتَّبَعْنٰكُمْ	قِتَالًا	لَوْ نَعْلَمُ	قَالُوْا	ادْفَعُوْا
اس دن	کفر کیلئے (کفر سے)	وہ	ضرور تمہارا ساتھ دیتے	جنگ	اگر ہم جانتے	وہ بولے	دفاع کرو

دفاع کرو، تو وہ بولے اگر ہم جنگ جانتے تو ضرور تمہارا ساتھ دیتے، وہ اس دن کفر سے

اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ

فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَا لَيْسَ	بِاَفْوَاهِهِمْ	يَقُوْلُوْنَ	لِلْاِيْمَانِ	مِنْهُمْ	اَقْرَبُ
ان کے دلوں میں	جو نہیں	اپنے منہ سے	وہ کہتے ہیں	بہ نسبت ایمان	اُن سے	زیادہ قریب

زیادہ قریب تھے بہ نسبت ایمان کے، وہ اپنے منہ سے کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں،

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ۚ ﴿۱۶۷﴾ اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوْا

وَقَعَدُوْا	لِاِخْوَانِهِمْ	قَالُوْا	اَلَّذِيْنَ	يَكْتُمُوْنَ	بِمَا	اَعْلَمُ	وَاللّٰهُ
اور وہ بیٹھے رہے	اپنے بھائیوں کے بارہ میں	انہوں نے کہا	وہ لوگ جو	وہ چھپاتے ہیں	جو	خوب جاننے والا	اور اللہ

اور اللہ خوب جاننے والا ہے جو وہ چھپاتے ہیں۔ وہ لوگ جنہوں نے اپنے بھائیوں کے بارہ میں کہا اور خود بیٹھے رہے

لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ؕ قُلْ فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ اِنْ

اِنْ	الْمَوْتَ	اَنْفُسِكُمُ	عَنْ	فَادْرَءُوْا	قُلْ	مَا قُتِلُوْا	اَطَاعُوْنَا	لَوْ
اگر	موت	اپنی جانیں	سے	تم ہٹادو	کہدیجئے	وہ نہ مارے جاتے	وہ ہماری مانتے	اگر

اگر وہ ہماری بات مانتے تو وہ نہ مارے جاتے، کہدیجئے! تم اپنی جانوں سے موت کو ہٹادو، اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۶۸﴾ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اللّٰهِ	سَبِيْلِ	فِيْ	قُتِلُوْا	الَّذِيْنَ	تَحْسَبَنَّ	وَلَا	صٰدِقِيْنَ	كُنْتُمْ
اللہ	راستہ	میں	مارے گئے	جو لوگ	ہرگز خیال کرو	اور نہ	سچے	تم ہو

تم سچے ہو۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں مارے گئے انہیں ہرگز خیال نہ کرو

اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ﴿۱۶۹﴾ لا فَرِحِيْنَ بِمَآ

بِمَآ	فَرِحِيْنَ	يُرْزَقُوْنَ	رَبِّهِمْ	عِنْدَ	اَحْيَآءٌ	بَلْ	اَمْوَاتًا
سے۔ جو	خوش	وہ رزق دیئے جاتے ہیں	اپنا رب	پاس	زندہ (جمع)	بلکہ	مُردہ (جمع)

مُردہ، بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس سے وہ رزق پاتے ہیں۔ خوش ہیں اس سے جو

أَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا

لَمْ يَلْحَقُوْا	بِالَّذِيْنَ	وَيَسْتَبْشِرُوْنَ	مِنْ فَضْلِهٖ	اللّٰهُ	أَتٰىهُمُ
نہیں ملے	ان کی طرف سے جو	اور خوش وقت ہیں	اپنے فضل سے	اللہ	انہیں دیا

اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا، اور وہ ان لوگوں کی طرف سے خوش وقت ہیں جو نہیں ملے

بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ أَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۷۰﴾

يَحْزَنُوْنَ	هُمْ	وَلَا	عَلَيْهِمْ	خَوْفٌ	أَلَّا	خَلْفِهِمْ	مِّنْ	بِهِمْ
غمگین ہوں گے	وہ	اور نہ	ان پر	کوئی خوف	یہ کہ نہیں	ان کے پیچھے	سے	ان سے

ان سے ان کے پیچھے، اُن پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ وَّأَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ

لَا يُضِيْعُ	اللّٰهَ	وَأَنَّ	وَفَضْلٍ	اللّٰهِ	مِّنَ	بِنِعْمَةٍ	يَسْتَبْشِرُوْنَ
ضائع نہیں کرتا	اللہ	اور یہ کہ	اور فضل	اللہ	سے	نعمت سے	وہ خوشیاں منا رہے ہیں

وہ خوشیاں منا رہے ہیں اللہ کی نعمت اور فضل سے، اور یہ کہ اللہ ضائع نہیں کرتا

۱۷ | ع ۱۶ | ۸

أَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۱﴾ اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْ بَعْدِ

مِنْ بَعْدِ	وَالرَّسُوْلِ	لِلّٰهِ	اسْتَجَابُوْا	اَلَّذِيْنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	أَجْرَ
بعد	اور رسول	اللہ کا	قبول کیا	جن لوگوں نے	ایمان والے	اجر

ایمان والوں کا اجر۔ جن لوگوں نے اللہ اور اس کے رسول کا (حکم) قبول کیا اس کے بعد کہ

مَا أَصَابَهُمُ الْقَرْحُ لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا أَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۲﴾

عَظِيْمٌ	أَجْرٌ	وَاتَّقَوْا	مِنْهُمْ	أَحْسَنُوْا	لِلَّذِيْنَ	الْقَرْحُ	أَصَابَهُمُ	مَا
بڑا	اجر	اور پرہیزگاری کی	ان میں سے	انہوں نے نیکی کی	انکے لئے جو	زخم	پہنچا انہیں	کہ

انہیں زخم پہنچا ان میں سے جن لوگوں نے نیکی اور پرہیزگاری کی ان کے لئے بڑا اجر ہے۔

اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ

فَاخْشَوْهُمْ	لَكُمْ	قَدْ جَمَعُوْا	النَّاسَ	إِنَّ	النَّاسُ	لَهُمُ	قَالَ	اَلَّذِيْنَ
پس ان سے ڈرو	تمہارے لئے	جمع کیا ہے	لوگ	کہ	لوگ	انکے لئے	کہا	وہ لوگ جو

جنہیں لوگوں نے کہا کہ لوگوں نے تمہارے (مقابلے کے لئے سامان) جمع کر لیا ہے پس ان سے ڈرو

فَزَادَهُمْ إِيمَانًا ۖ وَّقَالُوا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ ﴿١٧٣﴾ فَانْقَلَبُوا

فَزَادَهُمْ	إِيمَانًا	وَّقَالُوا	حَسْبُنَا	اللّٰهُ	وَنِعْمَ	الْوَكِيلُ	فَانْقَلَبُوا
تو زیادہ ہوا ان کا	ایمان	اور انہوں نے کہا	ہمارے لئے کافی	اللہ	اور کیسا اچھا	کارساز	پھر وہ لوٹے

توان کا ایمان زیادہ ہوا، اور انہوں نے کہا ہمارے لئے اللہ کافی ہے اور وہ کیسا اچھا کارساز ہے ! پھر وہ لوٹے

بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوا رِضْوَانَ

بِنِعْمَةٍ	مِّنَ	اللّٰهِ	وَفَضْلٍ	لَّمْ يَمْسَسْهُمْ	سُوٓءٌ	وَّاتَّبَعُوا	رِضْوَانَ
نعمت کے ساتھ	سے	اللہ	اور فضل	انہیں نہیں پہنچی	کوئی برائی	اور انہوں نے پیروی کی	رضا

اللہ کی نعمت اور فضل کے ساتھ، انہیں کوئی برائی نہ پہنچی، اور انہوں نے پیروی کی رضائے

اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ ذُو فَضْلٍ عَظِيمٍ ﴿١٧٤﴾ إِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ

اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	ذُو فَضْلٍ	عَظِيمٍ	إِنَّمَا	ذٰلِكُمُ	الشَّيْطٰنُ	يُخَوِّفُ
اللہ	اور اللہ	فضل والا	بڑا	اسکے سوا نہیں	یہ تمہیں	شیطان	ڈراتا ہے

الٰہی کی، اور اللہ بڑے فضل والا ہے - اس کے سوا نہیں کہ شیطان تمہیں ڈراتا ہے

أَوْلِيَآءَهُ ۖ فَلَا تَخَافُوهُمْ وَخَافُونِ إِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِينَ ﴿١٧٥﴾

أَوْلِيَآءَهُ	فَلَا	تَخَافُوهُمْ	وَخَافُونِ	إِنْ	كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِينَ
اپنے دوست	سو نہ	ان سے ڈرو	اور ڈرو مجھ سے	اگر	تم ہو	ایمان والے

اپنے دوستوں سے، سو تم اُن سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو اگر تم ایمان والے ہو۔

وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِينَ يُسَارِعُونَ فِي الْكُفْرِ ۚ إِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ

وَلَا	يَحْزُنْكَ	الَّذِينَ	يُسَارِعُونَ	فِي الْكُفْرِ	إِنَّهُمْ	لَنْ يَّضُرُّوا	اللّٰهَ
اور نہ	آپ کو غمگین کریں	جو لوگ	جلدی کرتے ہیں	کفر میں	یقیناً وہ	ہرگز نہ بگاڑ سکیں گے	اللہ

اور آپ کو غمگین نہ کریں وہ لوگ جو کفر میں جلدی کرتے ہیں، یقیناً وہ ہرگز اللہ کا نہ بگاڑ سکیں گے

شَيْـًٔا ۗ يُرِيدُ اللّٰهُ أَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

شَيْـًٔا	يُرِيدُ	اللّٰهُ	أَلَّا	يَجْعَلَ	لَهُمْ	حَظًّا	فِي	الْاٰخِرَةِ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ
کچھ	چاہتا ہے	اللہ	کہ نہ	دے	ان کو	کوئی حصہ	میں	آخرت	اور ان کے لئے	عذاب

کچھ، اللہ چاہتا ہے کہ ان کو آخرت میں کوئی حصہ نہ دے، اور اُن کے لئے عذاب ہے

عَظِيمٌ ﴿١٧٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْإِيمَانِ لَن يَضُرُّوا

عَظِيمٌ	إِنَّ	الَّذِينَ	اشْتَرَوُا	الْكُفْرَ	بِالْإِيمَانِ	لَن	يَضُرُّوا
بڑا	بیشک	وہ لوگ جو	انہوں نے مول لیا	کفر	ایمان کے بدلے	ہرگز نہیں	بگاڑ سکتے

بڑا۔ بیشک جن لوگوں نے ایمان کے بدلے کفر مول لیا وہ ہرگز نہیں بگاڑ سکتے

اللَّهَ شَيْئًا ۗ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٧٧﴾ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا

اللَّهَ	شَيْئًا	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	أَلِيمٌ	وَلَا	يَحْسَبَنَّ	الَّذِينَ كَفَرُوا
اللہ	کچھ	اور ان کے لئے	عذاب	دردناک	اور نہ	ہرگز گمان کریں	جن لوگوں نے کفر کیا

اللہ کا کچھ، اور اُن کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ ہرگز گمان نہ کریں

أَنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ خَيْرٌ لِّأَنفُسِهِمْ ۚ إِنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ لِيَزْدَادُوا إِثْمًا ۚ

أَنَّمَا	نُمْلِي	لَهُمْ	خَيْرٌ	لِّأَنفُسِهِمْ	إِنَّمَا	نُمْلِي	لَهُمْ	لِيَزْدَادُوا	إِثْمًا
یہ کہ	ہم ڈھیل دیتے ہیں	انہیں	بہتر	ان کے لئے	درحقیقت	ہم ڈھیل دیتے ہیں	انہیں	تاکہ وہ بڑھ جائیں	گناہ

کہ ہم جو انہیں ڈھیل دے رہے ہیں یہ ان کے لئے بہتر ہے، درحقیقت ہم انہیں ڈھیل دیتے ہیں تاکہ وہ گناہ میں بڑھ جائیں،

وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿١٧٨﴾ مَّا كَانَ اللَّهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَىٰ مَا

وَلَهُمْ	عَذَابٌ	مُّهِينٌ	مَا كَانَ	اللَّهُ	لِيَذَرَ	الْمُؤْمِنِينَ	عَلَىٰ	مَا
اور ان کے لئے	عذاب	ذلیل کرنے والا	نہیں ہے	اللہ	کہ چھوڑ دے	ایمان والے	پر	جو

اور ان کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔ اللہ (ایسا) نہیں ہے کہ ایمان والوں کو (اس حال پر) چھوڑ دے جس پر

أَنتُمْ عَلَيْهِ حَتَّىٰ يَمِيزَ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ ۗ وَمَا كَانَ اللَّهُ

أَنتُمْ	عَلَيْهِ	حَتَّىٰ	يَمِيزَ	الْخَبِيثَ	مِنَ	الطَّيِّبِ	وَمَا كَانَ	اللَّهُ
تم	اس پر	یہاں تک کہ	جدا کر دے	ناپاک	سے	پاک	اور نہیں ہے	اللہ

تم ہو، یہاں تک کہ ناپاک کو پاک سے جدا کر دے" اور اللہ (ایسا) نہیں ہے

لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَجْتَبِي مِن رُّسُلِهِ مَن يَشَاءُ ۖ

لِيُطْلِعَكُمْ	عَلَى	الْغَيْبِ	وَلَٰكِنَّ	اللَّهَ	يَجْتَبِي	مِن	رُّسُلِهِ	مَن	يَشَاءُ
کہ تمہیں خبر دے	پر	غیب	اور لیکن	اللہ	چن لیتا ہے	سے	اپنے رسول	جس کو	وہ چاہے

کہ تمہیں غیب کی خبر دے، لیکن اللہ اپنے رسولوں میں سے جس کو چاہے چن لیتا ہے،

فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾

فَاٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرُسُلِهٖ	وَاِنْ	تُؤْمِنُوْا	وَتَتَّقُوْا	فَلَكُمْ	اَجْرٌ	عَظِيْمٌ
تو تم ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول	اور اگر	تم ایمان لاؤ	اور پرہیزگاری کرو	تو تمہارے لئے	اجر	بڑا

تو تم اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ، اور اگر تم ایمان لاؤ اور پرہیزگاری کرو تو تمہارے لئے بڑا اجر ہے۔

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا

وَلَا	يَحْسَبَنَّ	الَّذِيْنَ	يَبْخَلُوْنَ	بِمَآ	اٰتٰىهُمُ	اللّٰهُ	مِنْ فَضْلِهٖ	هُوَ	خَيْرًا
اور نہ	ہرگز خیال کریں	جو لوگ	بخل کرتے ہیں	میں - جو	انہیں دیا	اللہ	اپنے فضل سے	وہ	بہتر

اور وہ لوگ ہرگز یہ خیال نہ کریں، جو اس (مال) میں بخل کرتے ہیں جو اللہ نے اپنے فضل سے انہیں دیا کہ وہ بہتر ہے

لَّهُمْ ۭ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۭ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ

لَّهُمْ	بَلْ	هُوَ	شَرٌّ	لَّهُمْ	سَيُطَوَّقُوْنَ	مَا	بَخِلُوْا	بِهٖ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ
ان کے لئے	بلکہ	وہ	برا	ان کے لئے	عنقریب طوق پہنایا جائے گا	جو	انہوں نے بخل کیا	اس میں	دن	قیامت

ان کے لئے بلکہ وہ ان کے لئے برا ہے، جس (مال) میں انہوں نے بخل کیا عنقریب قیامت کے دن طوق (بنا کر) پہنایا جائے گا،

۱۸

وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾ ع ۹

وَلِلّٰهِ	مِيْرَاثُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَاللّٰهُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ
اور اللہ کے لئے	وارث	آسمانوں	اور زمین	اور اللہ	جو تم کرتے ہو	باخبر

اور اللہ ہی وارث ہے آسمانوں کا اور زمین کا، اور جو تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَاۗءُ ۘ (وقف لازم)

لَقَدْ سَمِعَ	اللّٰهُ	قَوْلَ	الَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ اللّٰهَ	فَقِيْرٌ	وَّنَحْنُ	اَغْنِيَاۗءُ
البتہ سن لیا	اللہ	قول (بات)	جن لوگوں نے	کہا	کہ اللہ	فقیر	اور ہم	مالدار

البتہ اللہ نے ان کی بات سن لی جن لوگوں نے کہا کہ اللہ فقیر ہے اور ہم مالدار ہیں۔

سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَاۗءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا

سَنَكْتُبُ	مَا قَالُوْا	وَقَتْلَهُمُ	الْاَنْۢبِيَاۗءَ	بِغَيْرِ حَقٍّ	وَّنَقُوْلُ	ذُوْقُوْا
اب ہم لکھ رکھیں گے	جو انہوں نے کہا	اور ان کا قتل کرنا	نبی (جمع)	ناحق	اور ہم کہیں گے	تم چکھو

جو انہوں نے کہا اور ان کا نبیوں کو ناحق قتل کرنا اب ہم لکھ رکھیں گے، اور کہیں گے چکھو

عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ

عَذَابَ	الْحَرِيْقِ	ذٰلِكَ	بِمَا	قَدَّمَتْ	اَيْدِيْكُمْ	وَاَنَّ	اللّٰهَ
عذاب	جلانے والا	یہ	بدلہ۔جو	آگے بھیجا	تمہارے ہاتھ	اور یہ کہ	اللہ

جلانے والا عذاب - یہ اس کا بدلہ ہے جو تمہارے ہاتھوں نے آگے بھیجا اور یہ کہ اللہ

لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۸۲﴾ اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ

لَيْسَ	بِظَلَّامٍ	لِّلْعَبِيْدِ	اَلَّذِيْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّ	اللّٰهَ	عَهِدَ	اِلَيْنَآ
نہیں	ظلم کرنے والا	بندوں پر	جن لوگوں نے	کہا	کہ	اللہ	عہد کیا	ہم سے

بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں - جن لوگوں نے کہا کہ اللہ نے ہم سے عہد کر رکھا ہے

اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلْ

اَلَّا	نُؤْمِنَ	لِرَسُوْلٍ	حَتّٰى	يَاْتِيَنَا	بِقُرْبَانٍ	تَاْكُلُهُ	النَّارُ	قُلْ
کہ نہ	ہم ایمان لائیں	کسی رسول پر	یہاں تک	وہ لائے ہمارے پاس	قربانی	جسے کھالے	آگ	آپ کہدیں

کہ ہم کسی رسول پر ایمان نہ لائیں یہاں تک کہ وہ ہمارے پاس قربانی لائے جسے آگ کھالے ، آپ کہہ دیں

قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ

قَدْ جَآءَكُمْ	رُسُلٌ	مِّنْ قَبْلِيْ	بِالْبَيِّنٰتِ	وَبِالَّذِيْ	قُلْتُمْ	فَلِمَ
البتہ تمہارے پاس آئے	بہت سے رسول	مجھ سے پہلے	نشانیوں کے ساتھ	اور اسکے ساتھ جو	تم کہتے ہو	پھر کیوں

البتہ تمہارے پاس مجھ سے پہلے بہت رسول آئے نشانیوں کے ساتھ، اور اس کے ساتھ بھی جو تم کہتے ہو، پھر کیوں

قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ

قَتَلْتُمُوْهُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	فَاِنْ	كَذَّبُوْكَ	فَقَدْ	كُذِّبَ
تم نے انہیں قتل کیا	اگر	تم ہو	سچے	پھر اگر	وہ جھٹلائیں آپ کو	تو البتہ	جھٹلائے گئے

تم نے انہیں قتل کیا؟ اگر تم سچے ہو، پھر اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو البتہ جھٹلائے گئے ہیں

رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾ كُلُّ

رُسُلٌ	مِّنْ قَبْلِكَ	جَآءُوْ	بِالْبَيِّنٰتِ	وَالزُّبُرِ	وَالْكِتٰبِ	الْمُنِيْرِ	كُلُّ
بہت سے رسول	آپ سے پہلے	وہ آئے	کھلی نشانیوں کے ساتھ	اور صحیفے	اور کتاب	روشن	ہر

آپ سے پہلے بہت سے رسول، جو آئے کھلی نشانیوں کے ساتھ اور صحیفے اور روشن کتاب (لے کر)- ہر

نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۗ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ فَمَنْ

نَفْسٍ	ذَآئِقَةُ	الْمَوْتِ	وَاِنَّمَا	تُوَفَّوْنَ	اُجُوْرَكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فَمَنْ
جان	چکھنا	موت	اور بیشک	پورے پورے ملیں گے	تمہارے اجر	قیامت کے دن	پھر جو

جان کو موت (کا ذائقہ) چکھنا ہے، اور قیامت کے دن تمہارے اجر پورے پورے ملیں گے، پھر جو کوئی

زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ۗ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ

زُحْزِحَ	عَنِ	النَّارِ	وَاُدْخِلَ	الْجَنَّةَ	فَقَدْ فَازَ	وَمَا	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا
دُور کیا گیا	سے	دوزخ	اور داخل کیا گیا	جنت	پس مراد کو پہنچا	اور نہیں	زندگی	دنیا

دوزخ سے دُور کیا گیا، اور جنت میں داخل کیا گیا پس وہ مراد کو پہنچا، اور دنیا کی زندگی (کچھ) نہیں

اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾ لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۚ وَلَتَسْمَعُنَّ

اِلَّا	مَتَاعُ	الْغُرُوْرِ	لَتُبْلَوُنَّ	فِيْ	اَمْوَالِكُمْ	وَاَنْفُسِكُمْ	وَلَتَسْمَعُنَّ
سوائے	سودا	دھوکہ	تم ضرور آزمائے جاؤ گے	میں	اپنے مال	اور اپنی جانیں	اور ضرور سنو گے

ایک دھوکہ کے سودے کے سوا۔ تم اپنے مالوں اور اپنی جانوں میں ضرور آزمائے جاؤ گے، اور تم ضرور سنو گے

مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى

مِنَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	مِنْ قَبْلِكُمْ	وَ - مِنَ	الَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْٓا	اَذًى
سے	وہ لوگ جنہیں	کتاب دی گئی	تم سے پہلے	اور - سے	جن لوگوں نے شرک کیا (مشرک)		دکھ دینے والی

ان لوگوں سے جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی، اور مشرکوں سے (بھی) دکھ دینے والی (باتیں)

كَثِيْرًا ۗ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۸۶﴾

كَثِيْرًا	وَاِنْ	تَصْبِرُوْا	وَتَتَّقُوْا	فَاِنَّ	ذٰلِكَ	مِنْ	عَزْمِ	الْاُمُوْرِ
قَالَ	اللّٰهُ	اِنِّیْ	مُنَزِّلُهَا	عَلَیْكُمْ	فَمَنْ	یَّكْفُرْ	بَعْدُ	مِنْكُمْ	فَاِنِّیْۤ	اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا	لَّاۤ
کہا	اللہ	بیشک میں	وہ اتاروں گا	تم پر	پھر جو	ناشکری کریگا	بعد	تم سے	تو میں	اسے عذاب دوں گا ایسا عذاب	نہ

اللہ نے کہا میں بیشک میں وہ تم پر اتاروں گا پھر اسکے بعد تم میں سے جو ناشکری کرے گا، تو میں اس کو ایسا عذاب دوں گا جو نہ

۱۵ ع ۵

اُعَذِّبُهٗۤ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۱۵﴾ ع وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ ءَاَنْتَ

اُعَذِّبُهٗۤ	اَحَدًا	مِّنَ	الْعٰلَمِیْنَ	وَاِذْ	قَالَ	اللّٰهُ	یٰعِیْسَی	ابْنَ مَرْیَمَ	ءَاَنْتَ
عذاب دوں گا	کسی کو	سے	جہان والے	اور جب	کہا	اللہ	اے عیسیٰؑ	ابن مریم	کیا۔ تو

عذاب دوں گا جہان والوں میں سے کسی کو۔ اور جب اللہ نے کہا اے عیسیٰؑ ابن مریمؑ! کیا تو نے

قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِیْ وَاُمِّیَ اِلٰهَیْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا

قُلْتَ	لِلنَّاسِ	اتَّخِذُوْنِیْ	وَاُمِّیَ	اِلٰهَیْنِ	مِنْ	دُوْنِ	اللّٰهِ	قَالَ	سُبْحٰنَكَ	مَا
تو نے کہا	لوگوں سے	مجھے ٹھہرا لو	اور میری ماں	دو معبود	سے	سوائے	اللہ	اس نے کہا	تو پاک ہے	نہیں

لوگوں سے کہا تھا؟ کہ مجھے اور میری ماں کو اللہ کے سوا دو معبود ٹھہرا لو، اس نے کہا تو پاک ہے،

یَكُوْنُ لِیْۤ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَیْسَ لِیْ ۗ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ

یَكُوْنُ	لِیْۤ	اَنْ	اَقُوْلَ	مَا لَیْسَ	لِیْ	بِحَقٍّ	اِنْ	كُنْتُ قُلْتُهٗ	فَقَدْ عَلِمْتَهٗ
ہے	میرے لئے	کہ	میں کہوں	نہیں	میرے لئے	حق	اگر	میں نے یہ کہا ہوتا	تو تجھے ضرور اس کا علم ہوتا

میرے لئے (روا) نہیں کہ میں (ایسی بات) کہوں جس کا مجھے حق نہیں۔ اگر میں نے یہ کہا ہوتا تو تجھے ضرور اس کا علم ہوتا

تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ وَلَاۤ اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ﴿۱۱۶﴾

تَعْلَمُ	مَا	فِیْ	نَفْسِیْ	وَ	لَاۤ اَعْلَمُ	مَا	فِیْ نَفْسِكَ	اِنَّكَ	اَنْتَ	عَلَّامُ	الْغُیُوْبِ
تو جانتا ہے	جو	میں	میرا دل	اور	میں نہیں جانتا	جو	تیرے دل میں	بیشک تو	تو	جاننے والا	چھپی باتیں

تو جانتا ہے جو میرے دل میں ہے، اور میں نہیں جانتا جو تیرے دل میں ہے۔ بیشک تو چھپی باتوں کو جاننے والا ہے۔

مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَاۤ اَمَرْتَنِیْ بِهٖۤ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ

مَا قُلْتُ	لَهُمْ	اِلَّا	مَاۤ اَمَرْتَنِیْ	بِهٖۤ	اَنِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	رَبِّیْ	وَرَبَّكُمْ	وَكُنْتُ
میں نے نہیں کہا	انہیں	مگر	جو تو نے مجھے حکم دیا	اس کا	کہ	تم عبادت کرو	اللہ	میرا رب	اور تمہارا رب	اور میں تھا

میں نے انہیں نہیں کہا مگر صرف وہ جس کا تو نے مجھے حکم دیا کہ تم اللہ کی عبادت کرو جو میرا اور تمہارا رب ہے، اور میں

عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِىْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ؕ

عَلَيْهِمْ	الرَّقِيْبَ	اَنْتَ	كُنْتَ	تَوَفَّيْتَنِىْ	فَلَمَّا	فِيْهِمْ	مَّا دُمْتُ	شَهِيْدًا	عَلَيْهِمْ
ان پر	نگران	تو	تو تھا	تونے مجھے اٹھا لیا	پھر جب	ان میں	جب تک میں رہا	خبردار	ان پر

جب تک میں ان میں رہا ان پر خبردار (باخبر) تھا۔ پھر جب تونے مجھے اٹھا لیا تو ان پر تو نگران تھا

وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ شَهِيْدٌ ﴿١١٧﴾ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ

تَغْفِرْ	وَاِنْ	عِبَادُكَ	فَاِنَّهُمْ	تُعَذِّبْهُمْ	اِنْ	شَهِيْدٌ	كُلِّ شَىْءٍ	عَلٰى	وَاَنْتَ
تو بخشدے	اور اگر	تیرے بندے	تو بیشک وہ	تو انہیں عذاب دے	اگر	باخبر	ہر شے	پر۔ سے	اور تو

اور تو ہر شے سے باخبر ہے۔ اگر تو انہیں عذاب دے تو بیشک وہ تیرے بندے ہیں، اور اگر تو بخشدے

لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿١١٨﴾ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ

الصّٰدِقِيْنَ	يَنْفَعُ	يَوْمُ	هٰذَا	اللّٰهُ	قَالَ	الْحَكِيْمُ	الْعَزِيْزُ	اَنْتَ	فَاِنَّكَ	لَهُمْ
سچے	نفع دے گا	دن	یہ	اللہ	فرمایا	حکمت والا	غالب	تو	تو بیشک تو	ان کو

ان کو تو بیشک تو غالب حکمت والا ہے۔ اللہ نے فرمایا یہ دن ہے کہ سچوں کو نفع دے گا

صِدْقُهُمْ ؕ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ رَضِىَ اللّٰهُ

اللّٰهُ	رَضِىَ	اَبَدًا	فِيْهَا	خٰلِدِيْنَ	الْاَنْهٰرُ	مِنْ تَحْتِهَا	تَجْرِىْ	جَنّٰتٌ	لَهُمْ	صِدْقُهُمْ
اللہ	راضی ہوا	ہمیشہ	ان میں	ہمیشہ رہیں گے وہ	نہریں	ان کے نیچے	بہتی ہیں	باغات	ان کے لئے	ان کا سچ

ان کا سچ، ان کے لئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، اللہ راضی ہوا

عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿١١٩﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ

وَ	وَالْاَرْضِ	السَّمٰوٰتِ	مُلْكُ	لِلّٰهِ	الْعَظِيْمُ	الْفَوْزُ	ذٰلِكَ	عَنْهُ	وَرَضُوْا	عَنْهُمْ
اور	اور زمین	آسمانوں	بادشاہت	اللہ کے لئے	بڑی	کامیابی	یہ	اس سے	اور وہ راضی ہوئے	ان سے

ان سے اور وہ راضی ہوئے اس سے، یہ بڑی کامیابی ہے۔ اللہ کے لئے ہے بادشاہت آسمانوں کی اور زمین کی اور

مَا فِيْهِنَّ ؕ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٢٠﴾

قَدِيْرٌ	شَىْءٍ	كُلِّ	عَلٰى	وَهُوَ	فِيْهِنَّ	مَا
قدرت والا۔ قادر	ہر شے		پر	اور وہ	ان کے درمیان	جو

جو کچھ ان کے درمیان ہے، اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔

١٦ ع ٥ ٦

آیاتها ۱۶۵ | ۶ : سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ : ۵۵ | رکوعاتها ۲۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ؕ ثُمَّ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَجَعَلَ	الظُّلُمٰتِ	وَالنُّوْرَ	ثُمَّ
تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے	پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	اور بنایا	اندھیروں	اور روشنی	پھر

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے زمین اور آسمانوں کو پیدا کیا ، اور اندھیروں اور روشنی کو بنایا ، پھر

الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ① هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِیْنٍ ثُمَّ قَضٰۤى اَجَلًا ؕ

الَّذِیْنَ	كَفَرُوْا	بِرَبِّهِمْ	یَعْدِلُوْنَ	هُوَ	الَّذِیْ	خَلَقَكُمْ	مِّنْ	طِیْنٍ	ثُمَّ	قَضٰۤى	اَجَلًا
جنہوں نے	کفر کیا (کافر)	اپنے رب کے ساتھ	برابر کرتے ہیں	وہ	جس نے	تمہیں پیدا کیا	سے	مٹی	پھر	مقرر کیا	ایک وقت

کافر اپنے رب کے ساتھ برابر کرتے ہیں (اوروں کو برابر ٹھہراتے ہیں) وہ جس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا ، پھر ایک وقت مقرر کیا

وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ② وَهُوَ اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ وَفِی

وَاَجَلٌ	مُّسَمًّى	عِنْدَهٗ	ثُمَّ	اَنْتُمْ	تَمْتَرُوْنَ	وَهُوَ	اللّٰهُ	فِی	السَّمٰوٰتِ	وَ	فِی
اور ایک وقت	مقرر	اس کے ہاں	پھر	تم	شک کرتے ہو	اور وہ	اللہ	میں	آسمان (جمع)	اور	میں

اور اس کے ہاں ایک وقت مقرر ہے، پھر تم شک کرتے ہو - اور وہی ہے اللہ آسمانوں میں اور

الْاَرْضِ ؕ یَعْلَمُ سِرَّكُمْ وَجَهْرَكُمْ وَیَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ③ وَمَا تَاْتِیْهِمْ

الْاَرْضِ	یَعْلَمُ	سِرَّكُمْ	وَجَهْرَكُمْ	وَیَعْلَمُ	مَا تَكْسِبُوْنَ	وَ	مَا تَاْتِیْهِمْ
زمین	وہ جانتا ہے	تمہارا باطن	اور تمہارا ظاہر	اور جانتا ہے	جو تم کماتے ہو	اور	ان کے پاس نہیں آئی

زمین میں، وہ تمہارا باطن اور تمہارا ظاہر جانتا ہے، اور جانتا ہے، جو تم کماتے ہو (کرتے ہو) اور ان کے پاس نہیں آئی

مِّنْ اٰیَةٍ مِّنْ اٰیٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ ④ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ

مِّنْ	اٰیَةٍ	مِّنْ	اٰیٰتِ	رَبِّهِمْ	اِلَّا	كَانُوْا	عَنْهَا	مُعْرِضِیْنَ	فَقَدْ كَذَّبُوْا	بِالْحَقِّ
سے کوئی	نشانی	سے	نشانیاں	ان کا رب	مگر	وہ ہوتے ہیں	اس سے	منہ پھیرنے والے	پس بیشک انہوں نے جھٹلایا	حق کو

ان کے رب کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی - مگر وہ اس سے منہ پھیر لیتے ہیں ۔ پس بیشک انہوں نے حق کو جھٹلایا

لَمَّا جَآءَهُمْ ۭ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰۗؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۵ اَلَمْ يَرَوْا

لَمَّا	جَآءَهُمْ	فَسَوْفَ	يَاْتِيْهِمْ	اَنْۢبٰۗؤُا	مَا كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	اَلَمْ يَرَوْا
جب	اُن کے پاس آیا	سو جلد	انکے پاس آجائے گی	خبر (حقیقت)	جو وہ تھے	اس کا	مذاق اڑاتے (وہ)	کیا انہوں نے نہیں دیکھا

جب ان کے پاس آیا۔ سو جلد ہی اس کی حقیقت اُن کے سامنے آجائے گی جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے، کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ

كَمْ	اَهْلَكْنَا	مِنْ	قَبْلِهِمْ	مِنْ	قَرْنٍ	مَكَّنّٰهُمْ	فِي الْاَرْضِ	مَا	لَمْ نُمَكِّنْ	لَكُمْ
کتنی	ہم نے ہلاک کردیں	سے	ان سے قبل	سے	امتیں	ہم نے انہیں جما دیا تھا	زمین (ملک) میں	جو	نہیں جمایا	تمہیں

ہم نے ان سے قبل کتنی اُمتیں ہلاک کیں؟ ہم نے انہیں ملک میں جمایا تھا (اقتدار دیا تھا) جتنا تمہیں نہیں جمایا (اقتدار دیا)

وَاَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۠ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ

وَاَرْسَلْنَا	السَّمَآءَ	عَلَيْهِمْ	مِدْرَارًا	وَجَعَلْنَا	الْاَنْهٰرَ	تَجْرِيْ	مِنْ	تَحْتِهِمْ
اور ہم نے بھیجا	بادل	اُن پر	موسلا دھار	اور ہم نے بنائیں	نہریں	بہتی ہیں	سے	ان کے نیچے

اور ہم نے اُن پر موسلا دھار (برستا) بادل بھیجا، اور ہم نے نہریں بنائیں، ان کے نیچے بہتی ہیں،

فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝۶ وَلَوْ نَزَّلْنَا

فَاَهْلَكْنٰهُمْ	بِذُنُوْبِهِمْ	وَاَنْشَاْنَا	مِنْ	بَعْدِهِمْ	قَرْنًا	اٰخَرِيْنَ	وَلَوْ نَزَّلْنَا
پھر ہم نے انہیں ہلاک کیا	ان کے گناہوں کے سبب	اور ہم نے کھڑی کیں	سے	اُن کے بعد	اُمتیں	دوسری	اور اگر ہم اتاریں

پھر ہم نے ان کے گناہوں کے سبب اُنہیں ہلاک کیا اور ان کے بعد ہم نے دوسری اُمتیں کھڑی کیں (بدل دیں)۔ اور اگر ہم اتاریں

عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ

عَلَيْكَ	كِتٰبًا	فِيْ	قِرْطَاسٍ	فَلَمَسُوْهُ	بِاَيْدِيْهِمْ	لَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	اِنْ هٰذَا
تم پر	کچھ لکھا ہوا	میں	کاغذ	پھر اسے چھو لیں	اپنے ہاتھوں سے	البتہ کہیں گے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	نہیں یہ

تم پر کاغذ میں لکھا ہوا پھر وہ اسے اپنے ہاتھوں سے چھو (بھی) لیں۔ البتہ کافر کہیں گے یہ نہیں ہے

اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ۭ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا

اِلَّا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ	وَقَالُوْا	لَوْ	لَآ اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	مَلَكٌ	وَلَوْ	اَنْزَلْنَا	مَلَكًا
مگر	جادو	کھلا	اور وہ کہتے ہیں	کیوں	نہیں اتارا گیا	اس پر	فرشتہ	اور اگر	ہم اتارتے	فرشتہ

مگر (صرف) کھلا جادو۔ اور کہتے ہیں اس پر فرشتہ کیوں نہیں اُتارا گیا؟ اور اگر ہم فرشتہ اُتارتے

لَقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ۝۸ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّ

لَقُضِيَ	الْاَمْرُ	ثُمَّ	لَا يُنْظَرُوْنَ	وَلَوْ	جَعَلْنٰهُ	مَلَكًا	لَّجَعَلْنٰهُ	رَجُلًا	وَ
تو تمام ہو گیا ہوتا	کام	پھر	انہیں مہلت نہ دی جاتی	اور اگر	ہم اُسے بناتے	فرشتہ	تو ہم اُسے بناتے	آدمی	اور

تو کام تمام ہو گیا ہوتا، پھر اُنہیں مُہلت نہ دی جاتی ۔ اور اگر ہم اسے فرشتہ بناتے تو ہم اسے آدمی (ہی) بناتے، اور

لَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝۹ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ

لَلَبَسْنَا	عَلَيْهِمْ	مَا يَلْبِسُوْنَ	وَلَقَدِ	اسْتُهْزِئَ	بِرُسُلٍ	مِنْ	قَبْلِكَ	فَحَاقَ
ہم شبہ ڈالتے	ان پر	جو وہ شبہ کرتے ہیں	اور البتہ	ہنسی کی گئی	رسولوں کے ساتھ	سے	آپؐ سے پہلے	تو گھیر لیا

ہم ان پر شبہ ڈالتے (جس میں وہ اب) پڑ رہے ہیں ۔ اور البتہ آپؐ سے پہلے رسولوں کے ساتھ ہنسی کی گئی، تو گھیر لیا

۱ ع۱۰ ۷

بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۰ قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ

بِالَّذِيْنَ	سَخِرُوْا	مِنْهُمْ	مَا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ	قُلْ	سِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ
ان لوگوں کو جنہوں نے	ہنسی کی	ان سے	جو جس	وہ تھے	اس پر	ہنسی کرتے	آپ کہدیں	سیر کرو	زمین (ملک) میں

ان میں سے ہنسی کرنے والوں کو (اس چیز نے) جس پر وہ ہنسی کرتے تھے ۔ آپؐ کہدیں ملک میں سیر کرو (چل پھر کر دیکھو)

ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۱ قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ

ثُمَّ	انْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِيْنَ	قُلْ	لِمَنْ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ
پھر	دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	جھٹلانے والے	آپ پوچھیں	کس کے لئے	جو	آسمانوں میں

پھر دیکھو جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا ؟ آپ پوچھیں کس کے لئے ہے جو آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ ؕ قُلْ لِّلّٰهِ ؕ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

وَ	الْاَرْضِ	قُلْ	لِلّٰهِ	كَتَبَ	عَلٰى نَفْسِهِ	الرَّحْمَةَ	لَيَجْمَعَنَّكُمْ	اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
اور	زمین	کہدیں	اللہ کے لئے	لکھی ہے	اپنے (نفس) آپ + پر)	رحمت	تمہیں ضرور جمع کرے گا	قیامت کا دن

اور زمین میں ہے ؟ کہدیں (سب) اللہ کے لئے ہے ، اللہ نے اپنے اوپر رحمت لکھ لی ہے (اپنے ذمّے لے لی ہے) قیامت کے دن تمہیں ضرور جمع کرے گا

لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْۤا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۲ وَلَهٗ مَا سَكَنَ

لَا رَيْبَ	فِيْهِ	اَلَّذِيْنَ	خَسِرُوْا	اَنْفُسَهُمْ	فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	وَلَهٗ	مَا	سَكَنَ
نہیں شک	اس میں	جو لوگ	خسارہ میں ڈالا	اپنے آپ	تو وہی	ایمان نہیں لائیں گے	اور اسکے لئے	جو	بستا ہے

جس میں کوئی شک نہیں ، جن لوگوں نے اپنے آپ کو خسارے میں ڈالا تو وہی ایمان نہیں لائیں گے ۔ اور اس کے لئے ہے جو بستا ہے

فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا

فِي	الَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	وَهُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	قُلْ	اَغَيْرَ	اللّٰهِ	اَتَّخِذُ	وَلِيًّا
میں	رات	اور دن	اور وہ	سننے والا	جاننے والا	آپ کہہ دیں	کیا سوائے	اللہ	میں بناؤں	کارساز

رات میں اور دن میں، اور وہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ آپ کہہ دیں کیا میں اللہ کے سوائے (کسی اور کو) کارساز بناؤں؟

فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۭ قُلْ اِنِّىْٓ اُمِرْتُ اَنْ

فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَهُوَ	يُطْعِمُ	وَلَا يُطْعَمُ	قُلْ	اِنِّىْ	اُمِرْتُ	اَنْ
بنانے والا	آسمان (جمع)	زمین	اور وہ	کھلاتا ہے	اور وہ کھاتا نہیں	آپ کہہ دیں	بیشک مجھ کو حکم دیا گیا		کہ

(جو) آسمانوں اور زمین کا بنانے والا ہے وہ (سب کو) کھلاتا ہے اور وہ خود نہیں کھاتا۔ آپ کہہ دیں بیشک مجھے حکم دیا گیا ہے کہ

اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۴﴾ قُلْ اِنِّىْٓ

اَكُوْنَ	اَوَّلَ	مَنْ	اَسْلَمَ	وَ	لَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	قُلْ	اِنِّىْ
میں ہو جاؤں	سب سے پہلا	جو۔جس	حکم مانا	اور	تو ہرگز نہ ہو	سے	شرک کرنے والے	آپ کہہ دیں	بیشک میں

سب سے پہلا ہو جاؤں جس نے حکم مانا، اور تم ہرگز شرک کرنے والوں سے نہ ہونا۔ آپ کہہ دیں بیشک

اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵﴾ مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ

اَخَافُ	اِنْ	عَصَيْتُ	رَبِّيْ	عَذَابَ	يَوْمٍ عَظِيْمٍ	مَنْ	يُّصْرَفْ	عَنْهُ	يَوْمَئِذٍ
میں ڈرتا ہوں	اگر	میں نافرمانی کروں	اپنا رب	عذاب	بڑا دن	جو۔جس	پھیر دیا جائے	اس سے	اس دن

اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ اس دن جس سے (عذاب) پھیر دیا جائے

فَقَدْ رَحِمَهٗ ۭ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ

فَقَدْ	رَحِمَهٗ	وَذٰلِكَ	الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ	وَاِنْ	يَّمْسَسْكَ	اللّٰهُ	بِضُرٍّ	فَلَا	كَاشِفَ
تحقیق	اس پر رحم کیا	اور یہ	کامیابی کھلی	اور اگر	تمہیں پہنچائے	اللہ	کوئی سختی	تو نہیں	دور کرنے والا

تحقیق اس پر اللہ نے رحم کیا اور یہ کھلی کامیابی ہے۔ اور اگر اللہ تمہیں کوئی سختی پہنچائے تو کوئی دور کرنے والا نہیں

لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۭ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَهُوَ

لَهٗ	اِلَّا هُوَ	وَاِنْ	يَّمْسَسْكَ	بِخَيْرٍ	فَهُوَ	عَلٰي	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَهُوَ
اس کا	اس کے سوا	اور اگر	وہ پہنچائے تمہیں	کوئی بھلائی	تو وہ	پر	ہر شے	قادر	اور وہ

اس کو اس کے سوا، اور اگر وہ تمہیں کوئی بھلائی پہنچائے تو وہ ہر شے پر قادر ہے، اور وہ

الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ ۚ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ ﴿١٨﴾ قُلْ أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ شَهَادَةً ۖ

الْقَاهِرُ	فَوْقَ	عِبَادِهِ	وَهُوَ	الْحَكِيمُ	الْخَبِيرُ	قُلْ	أَيُّ	شَيْءٍ	أَكْبَرُ	شَهَادَةً
غالب	اوپر	اپنے بندے	اور وہ	حکمت والا	خبر رکھنے والا	آپ کہیں	کونسی	چیز	سب سے بڑی	گواہی

اپنے بندوں پر غالب ہے، اور وہ حکمت والا (سب کی) خبر رکھنے والا ہے۔ آپ کہیں سب سے بڑی گواہی کس کی؟

قُلِ اللَّهُ ۖ شَهِيدٌ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۚ وَأُوحِيَ إِلَيَّ هَٰذَا الْقُرْآنُ لِأُنذِرَكُم بِهِ

قُلِ	اللَّهُ	شَهِيدٌ	بَيْنِي	وَبَيْنَكُمْ	وَ	أُوحِيَ	إِلَيَّ	هَٰذَا	الْقُرْآنُ	لِأُنذِرَكُم	بِهِ
آپ کہدیں	اللہ	گواہ	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	اور	وحی کیا گیا	مجھ پر	یہ	قرآن	تاکہ میں تمہیں ڈراؤں	اس سے

آپ کہدیں میرے اور تمہارے درمیان اللہ گواہ ہے، اور مجھ پر یہ قرآن وحی کیا گیا ہے تاکہ میں تمہیں اس سے ڈراؤں،

وَمَن بَلَغَ ۚ أَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُونَ أَنَّ مَعَ اللَّهِ آلِهَةً أُخْرَىٰ ۚ قُل لَّا أَشْهَدُ ۚ

وَمَن	بَلَغَ	أَئِنَّكُمْ	لَتَشْهَدُونَ	أَنَّ	مَعَ	اللَّهِ	آلِهَةً	أُخْرَىٰ	قُل	لَّا أَشْهَدُ
اور جس	وہ پہنچے	کیا تم بیشک	تم گواہی دیتے ہو	کہ	ساتھ	اللہ	کوئی معبود	دوسرا	آپ کہدیں	میں گواہی نہیں دیتا

اور جس تک یہ پہنچے کیا تم (واقعی) گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہیں؟ آپ کہدیں میں (ایسی) گواہی نہیں دیتا۔

وقف لازم

قُلْ إِنَّمَا هُوَ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ وَإِنَّنِي بَرِيءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ ﴿١٩﴾ الَّذِينَ

قُلْ	إِنَّمَا	هُوَ	إِلَٰهٌ	وَاحِدٌ	وَإِنَّنِي	بَرِيءٌ	مِّمَّا	تُشْرِكُونَ	الَّذِينَ
آپ کہدیں	صرف	وہ	معبود	یکتا	اور بیشک میں	بیزار	اس سے جو	تم شرک کرتے ہو	وہ جنہیں

آپ کہدیں صرف وہ معبود یکتا ہے، اور میں اس سے بیزار ہوں جو تم شرک کرتے ہو۔ وہ لوگ جنہیں

وقف لازم

آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمُ ۘ الَّذِينَ خَسِرُوا

آتَيْنَاهُمُ	الْكِتَابَ	يَعْرِفُونَهُ	كَمَا	يَعْرِفُونَ	أَبْنَاءَهُمُ	الَّذِينَ	خَسِرُوا
ہم نے دی انہیں	کتاب	وہ اس کو پہچانتے ہیں	جیسے	وہ پہچانتے ہیں	اپنے بیٹے	وہ جنہوں نے	خسارہ میں ڈالا

ہم نے کتاب دی وہ اس کو پہچانتے ہیں جیسے وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔ جن لوگوں نے خسارہ میں ڈالا

۲ ع ۱۰ ۸

أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٢٠﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ

أَنفُسَهُمْ	فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُونَ	وَمَنْ	أَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرَىٰ	عَلَى	اللَّهِ	كَذِبًا	أَوْ كَذَّبَ
اپنے آپ	سو وہ	ایمان نہیں لاتے	اور کون	سب سے بڑا ظالم	اس سے جو	بہتان باندھے	پر	اللہ	جھوٹ	یا جھٹلائے

اپنے آپ کو سو وہ ایمان نہیں لاتے۔ اور اس سے بڑا ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے یا جھٹلائے

بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ

بِاٰيٰتِهٖ	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَيَوْمَ	نَحْشُرُهُمْ	جَمِيْعًا	ثُمَّ	نَقُوْلُ
اس کی آیتیں	بلاشبہ وہ	فلاح نہیں پاتے	ظالم (جمع)	اور جس دن	ان کو جمع کریں گے	سب	پھر	ہم کہیں گے

اس کی آیتوں کو، بیشک ظالم فلاح (کامیابی) نہیں پاتے ۔ اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے، پھر ہم کہیں گے

لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَيْنَ شُرَكَاۗؤُكُمُ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۲۲﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ

لِلَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْٓا	اَيْنَ	شُرَكَاۗؤُكُمُ	الَّذِيْنَ	كُنْتُمْ	تَزْعُمُوْنَ	ثُمَّ	لَمْ تَكُنْ
ان کو جنہوں نے	شرک کیا (مشرکوں)	کہاں	تمہارے شریک	جن کا	تم تھے	دعویٰ کرتے	پھر	نہ ہوگی، نہ رہی

مشرکوں کو، کہاں ہیں تمہارے شریک؟ جن کا تم دعوے کرتے تھے ۔ پھر نہ رہی

فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿۲۳﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا

فِتْنَتُهُمْ	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوْا	وَاللّٰهِ	رَبِّنَا	مَا كُنَّا	مُشْرِكِيْنَ	اُنْظُرْ	كَيْفَ	كَذَبُوْا
اُن کی شرارت	سوائے	کہ	وہ کہیں	قسم اللہ کی	ہمارا رب	نہ تھے ہم	شرک کرنے والے	تم دیکھو	کیسے	اُنہوں نے جھوٹ باندھا

اُن کی شرارت (اُن کا عذر) اس کے سوا کہ وہ کہیں ہمارے رب اللہ کی قسم ہم شرک کرنے والے نہ تھے ۔ دیکھو! انہوں نے کیسے جھوٹ باندھا

عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ

عَلٰي	اَنْفُسِهِمْ	وَ	ضَلَّ	عَنْهُمْ	مَا	كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	وَمِنْهُمْ	مَنْ	يَسْتَمِعُ	اِلَيْكَ
پر	اپنی جانوں	اور	کھوئی گئیں	ان سے	جو	وہ باتیں بناتے تھے	اور اُن سے	جو	کان لگاتا تھا	آپ کی طرف

اپنی جانوں پر، اور وہ جو باتیں بناتے تھے ان سے کھوئی گئیں ۔ اور اُن سے (بعض) آپ کی طرف کان لگائے رکھتے ہیں

وَجَعَلْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ يَّرَوْا

وَجَعَلْنَا	عَلٰي	قُلُوْبِهِمْ	اَكِنَّةً	اَنْ	يَّفْقَهُوْهُ		فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	وَقْرًا	وَاِنْ	يَّرَوْا
اور ہم نے ڈال دیا	پر	ان کے دل	پردے	کہ	وہ (نہ) سمجھیں اسے	اور	اُن کے کانوں میں	بوجھ	اور اگر	وہ دیکھیں

اور ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیئے ہیں کہ وہ اسے نہ سمجھیں اور ان کے کانوں میں بوجھ ہے، اور اگر وہ دیکھیں

كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ

كُلَّ	اٰيَةٍ	لَا يُؤْمِنُوْا	بِهَا	حَتّٰي	اِذَا	جَاۗءُوْكَ	يُجَادِلُوْنَكَ	يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ
تمام	نشانی	نہ ایمان لائیں گے	اس پر	یہاں تک کہ	جب	آپ کے پاس آتے ہیں	آپ سے جھگڑتے ہیں	کہتے ہیں	جن لوگوں نے

تمام نشانیاں (پھر بھی) اس پر ایمان نہ لائیں گے یہاں تک کہ جب وہ آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ سے جھگڑتے ہیں، کہتے ہیں وہ لوگ جنہوں نے

كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٥﴾ وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَ

كَفَرُوْٓا	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّآ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	وَهُمْ	يَنْهَوْنَ	عَنْهُ	وَ
اُنہوں نے کفر کیا	نہیں	یہ	مگر (صرف)	کہانیاں	پہلے لوگ (جمع)	اور وہ	روکتے ہیں	اس سے	اور

کفر کیا (کافر) یہ صرف پہلوں کی کہانیاں ہیں - اور وہ اس سے (دوسروں کو) روکتے ہیں، اور

يَنْـَٔوْنَ عَنْهُ ۚ وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَلَوْ تَرٰٓى

يَنْـَٔوْنَ	عَنْهُ	وَاِنْ	يُهْلِكُوْنَ	اِلَّآ	اَنْفُسَهُمْ	وَ	مَا يَشْعُرُوْنَ	وَلَوْ	تَرٰى
بھاگتے ہیں	اس سے	اور نہیں	ہلاک کرتے ہیں	مگر (صرف)	اپنے آپ	اور	وہ شعور نہیں رکھتے	اور اگر (کبھی)	تم دیکھو

(خود بھی) اس سے بھاگتے ہیں، اور وہ صرف اپنے آپ کو ہلاک کرتے ہیں اور شعور نہیں رکھتے - اور کبھی تم دیکھو

اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ

اِذْ وُقِفُوْا	عَلَى	النَّارِ	فَقَالُوْا	يٰلَيْتَنَا	نُرَدُّ	وَ	لَا نُكَذِّبَ	بِاٰيٰتِ	رَبِّنَا	وَنَكُوْنَ
جب کھڑے کئے جائیں گے	پر	آگ	تو کہیں گے	اے کاش ہم	واپس بھیجے جائیں	اور	نہ جھٹلائیں ہم	آیتوں کو	اپنا رب	اور ہو جائیں ہم

جب وہ آگ (دوزخ) پر کھڑے کئے جائیں گے تو کہیں گے اے کاش! ہم واپس بھیجے جائیں اور اپنے رب کی آیتوں کو نہ جھٹلائیں اور ہو جائیں

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٧﴾ بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَلَوْ رُدُّوْا

مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	بَلْ	بَدَا لَهُمْ	مَا	كَانُوْا يُخْفُوْنَ	مِنْ قَبْلُ	وَلَوْ	رُدُّوْا
سے	ایمان والے	بلکہ	ظاہر ہو گیا اُن پر	جو	وہ چھپاتے تھے	اس سے قبل	اور اگر	واپس بھیجے جائیں

ایمان والوں میں سے - بلکہ وہ اس سے قبل جو چھپاتے تھے اُن پر ظاہر ہو گیا اور وہ اگر واپس بھیجے جائیں

لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٢٨﴾ وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا

لَعَادُوْا	لِمَا نُهُوْا	عَنْهُ	وَ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	وَقَالُوْا	اِنْ	هِيَ	اِلَّا	حَيَاتُنَا	الدُّنْيَا
تو پھر کرنے لگیں	وہی روکے گئے	اس سے	اور	بیشک وہ	جھوٹے	اور وہ کہتے ہیں	نہیں	ہے	مگر (صرف)	ہماری زندگی	دنیا

تو پھر (وہی) کرنے لگیں جس سے وہ روکے گئے اور بیشک وہ جھوٹے ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں ہماری صرف یہی دنیا کی زندگی ہے

وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۭ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا

وَمَا	نَحْنُ	بِمَبْعُوْثِيْنَ	وَلَوْ	تَرٰى	اِذْ وُقِفُوْا	عَلٰى	رَبِّهِمْ	قَالَ	اَلَيْسَ	هٰذَا
اور نہیں	ہم	اٹھائے جانے والے	اور اگر (کبھی)	تم دیکھو	جب وہ کھڑے کئے جائیں گے	پر (سامنے)	اپنا رب	وہ فرمائے گا	کیا نہیں	یہ

اور ہم اٹھائے جانے والے نہیں (ہمیں پھر زندہ نہیں ہونا) اور کبھی تم دیکھو جب وہ اپنے رب کے سامنے کھڑے کئے جائیں گے۔ وہ فرمائے گا کیا یہ نہیں

بِالْحَقِّ ۭ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ۭ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿٣٠﴾

بِالْحَقِّ	قَالُوْا	بَلٰى	وَرَبِّنَا	قَالَ	فَذُوْقُوْا	الْعَذَابَ	بِمَا	كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ
سچ	وہ کہیں گے	ہاں	قسم ہمارے رب کی	وہ فرمائے گا	پس چکھو	عذاب	اس لئے کہ	تم کفر کرتے تھے

بہ سچ ۔ وہ کہیں گے ہاں ہمارے رب کی قسم (کیوں نہیں) وہ فرمائے گا پس عذاب چکھو اس لئے کہ تم کفر کرتے تھے

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَاۗءِ اللّٰهِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً

قَدْ	خَسِرَ	الَّذِيْنَ + كَذَّبُوْا	بِلِقَاۗءِ	اللّٰهِ	حَتّٰى	اِذَا	جَاۗءَتْهُمُ	السَّاعَةُ	بَغْتَةً
تحقیق	گھاٹے میں پڑے	وہ لوگ جنہوں نے جھٹلایا	ملنا	اللہ	یہاں تک کہ	جب	آپہنچی اُن پر	قیامت	اچانک

تحقیق وہ لوگ گھاٹے میں پڑے جنہوں نے اللہ کے ملنے کو جھٹلایا یہاں تک کہ جب اچانک اُن پر قیامت آ پہنچی

قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰي مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰي ظُهُوْرِهِمْ ۭ اَلَا سَاۗءَ

قَالُوْا	يٰحَسْرَتَنَا	عَلٰى	مَا فَرَّطْنَا	فِيْهَا	وَهُمْ	يَحْمِلُوْنَ	اَوْزَارَهُمْ	عَلٰى	ظُهُوْرِهِمْ	اَلَا	سَاۗءَ
وہ کہنے لگے	ہائے ہم پر افسوس	پر	جو ہم نے کوتاہی کی	اس میں	اور وہ	اٹھائے ہوں گے	اپنے بوجھ	پر	اپنی پیٹھ (جمع)	آگاہ رہو	برا

وہ کہنے لگے ہائے ہم پر افسوس! جو ہم نے اس میں کوتاہی کی، اور وہ اپنے بوجھ اپنی پیٹھوں پر اٹھائے ہوں گے۔ آگاہ رہو بُرا ہے

مَا يَزِرُوْنَ ﴿٣١﴾ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ

مَا يَزِرُوْنَ	وَمَا	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	اِلَّا	لَعِبٌ	وَلَهْوٌ	وَ	لَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ	خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ
جو وہ اٹھائیں گے	اور نہیں	زندگی	دنیا	مگر (صرف)	کھیل	اور جی کا بہلاوا	اور	آخرت کا گھر	بہتر	انکے لئے جو

جو وہ اٹھائیں گے۔ اور دنیا کی زندگی صرف کھیل اور جی کا بہلاوا ہے، اور آخرت کا گھر ان لوگوں کے لئے بہتر ہے جو

يَتَّقُوْنَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٣٢﴾ قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ

يَتَّقُوْنَ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	قَدْ نَعْلَمُ	اِنَّهٗ	لَيَحْزُنُكَ	الَّذِيْ	يَقُوْلُوْنَ	فَاِنَّهُمْ
پرہیزگاری کرتے ہیں	سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے	بیشک ہم جانتے ہیں	کہ وہ	آپکو ضرور رنجیدہ کرتی ہے	وہ جو	وہ کہتے ہیں	سو وہ یقیناً

جو پرہیزگاری کرتے ہیں، سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے بیشک ہم جانتے ہیں آپ کو وہ (بات) ضرور رنجیدہ کرتی ہے جو وہ کہتے ہیں سو وہ یقیناً

لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ

لَا يُكَذِّبُوْنَكَ	وَلٰكِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	يَجْحَدُوْنَ	وَلَقَدْ كُذِّبَتْ	رُسُلٌ
نہیں جھٹلاتے آپ کو	اور لیکن (بلکہ)	ظالم لوگ	آیتوں کا	اللہ	انکار کرتے ہیں	اور البتہ جھٹلائے گئے	رسول (جمع)

آپ کو نہیں جھٹلاتے بلکہ ظالم لوگ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں ۔ اور البتہ رسول جھٹلائے گئے

مِنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَاُوْذُوْا حَتّٰىٓ اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ

مِنْ قَبْلِكَ	فَصَبَرُوْا	عَلٰى	مَا كُذِّبُوْا	وَاُوْذُوْا	حَتّٰى	اَتٰىهُمْ	نَصْرُنَا	وَ	لَا مُبَدِّلَ
آپؐ سے پہلے	پس صبر کیا انہوں نے	پر	جو وہ جھٹلائے گئے	اور ستائے گئے	یہانتک کہ	اُن پر آگئی	ہماری مدد	اور	نہیں بدلنے والا

آپؐ سے پہلے، پس اُنہوں نے صبر کیا اُس پر جو وہ جھٹلائے گئے اور ستائے گئے، یہاں تک کہ ان پر ہماری مدد آگئی اور (کوئی) بدلنے والا نہیں

لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِی الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۴﴾ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ

لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ	وَ	لَقَدْ	جَآءَكَ	مِنْ	نَّبَاِی	الْمُرْسَلِيْنَ	وَاِنْ	كَانَ	كَبُرَ	عَلَيْكَ
اللہ کی باتوں کو	اور	البتہ	آپؐ کے پاس پہنچی	سے (کچھ)	خبر	رسول (جمع)	اور اگر	ہے	گراں	آپؐ پر

اللہ کی باتوں کو، اور البتہ آپؐ کے پاس رسولوں کی کچھ خبریں پہنچ چکی ہیں - اور اگر آپؐ پر گراں ہے

اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِیَ نَفَقًا فِی الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِی السَّمَآءِ

اِعْرَاضُهُمْ	فَاِنِ	اسْتَطَعْتَ	اَنْ	تَبْتَغِیَ	نَفَقًا	فِی الْاَرْضِ	اَوْ	سُلَّمًا	فِی السَّمَآءِ
اُن کا منہ پھیرنا	تو اگر	تم سے ہو سکے	کہ	ڈھونڈ لو	کوئی سُرنگ	زمین میں	یا	کوئی سیڑھی	آسمان میں

اُن کا منہ پھیرنا تو اگر تم سے ہوسکے تو زمین میں کوئی سُرنگ یا آسمان میں کوئی سیڑھی ڈھونڈ نکالو

فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾

فَتَاْتِيَهُمْ	بِاٰيَةٍ	وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	لَجَمَعَهُمْ	عَلَى الْهُدٰى	فَلَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْجٰهِلِيْنَ
پھر لے آؤ ان کے پاس	کوئی نشانی	اور اگر	چاہتا اللہ	تو انہیں جمع کر دیتا	ہدایت پر	سو آپؐ نہ ہوں	سے	بے خبر (جمع)

پھر تم اُن کے پاس کوئی نشانی لے آؤ، اور اگر اللہ چاہتا تو اُنہیں ہدایت پر جمع کر دیتا، سو آپؐ بے خبروں میں سے نہ ہوں۔

اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؔؕ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾

اِنَّمَا	يَسْتَجِيْبُ	الَّذِيْنَ	يَسْمَعُوْنَ	وَالْمَوْتٰى	يَبْعَثُهُمُ	اللّٰهُ	ثُمَّ	اِلَيْهِ	يُرْجَعُوْنَ
صرف وہ	مانتے ہیں	جو لوگ	سُنتے ہیں	اور مُردے	اُنہیں اٹھائے گا	اللہ	پھر	اس کی طرف	وہ لوٹائے جائیں گے

مانتے صرف وہ ہیں جو سنتے ہیں، اور مُردوں کو اللہ اُٹھائے گا (دوبارہ زندہ کرے گا) پھر وہ اُس کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يُّنَزِّلَ

وَقَالُوْا	لَوْلَا نُزِّلَ	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ	مِّنْ	رَّبِّهٖ	قُلْ	اِنَّ	اللّٰهَ	قَادِرٌ	عَلٰى	اَنْ	يُّنَزِّلَ
اور وہ کہتے ہیں	کیوں نہیں اتاری گئی	اس پر	کوئی نشانی	سے	اس کا رب	آپؐ کہہ دیں	بیشک	اللہ	قادر	پر	کہ	اُتارے

اور وہ کہتے ہیں کہ اس پر اسکے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اُتاری گئی؟ آپؐ کہہ دیں۔ بیشک اللہ اس پر قادر ہے کہ وہ اُتارے

النصف

وقف غفران - وقف منزل

اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰٓئِرٍ

اٰيَةً	وَّلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَمَا	مِنْ	دَآبَّةٍ	فِي الْاَرْضِ	وَ	لَا	طٰٓئِرٍ
کوئی نشانی	اور لیکن	ان میں اکثر	نہیں جانتے	اور نہیں	کوئی	چلنے والا	زمین میں	اور	نہ	پرندہ

کوئی نشانی، لیکن ان میں اکثر نہیں جانتے ۔ اور زمین میں کوئی چلنے والا (حیوان) نہیں، اور نہ کوئی پرندہ

يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ۭ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ

يَّطِيْرُ	بِجَنَاحَيْهِ	اِلَّآ	اُمَمٌ	اَمْثَالُكُمْ	مَا فَرَّطْنَا	فِي الْكِتٰبِ	مِنْ	شَيْءٍ	ثُمَّ
اُڑتا ہے	اپنے دو پروں سے	مگر	اُمتیں (جماعتیں)	تمہاری طرح	نہیں چھوڑی ہم نے	کتاب میں	کوئی	چیز	پھر

جو اپنے دو پروں سے اُڑتا ہے مگر (ان کی بھی) تمہاری طرح جماعتیں ہیں، ہم نے کتاب میں کوئی چیز نہیں چھوڑی ، پھر

اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۸﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ۭ

اِلٰى	رَبِّهِمْ	يُحْشَرُوْنَ	وَ	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	صُمٌّ	وَّبُكْمٌ	فِي	الظُّلُمٰتِ
طرف	اپنا رب	جمع کئے جائیں گے	اور	وہ لوگ جو کہ	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیات	بہرے	اور گونگے	میں	اندھیرے

اپنے رب کی طرف جمع کئے جائیں گے ۔ اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ بہرے اور گونگے ہیں، اندھیروں میں ہیں ،

مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ۭ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۹﴾ قُلْ

مَنْ	يَّشَاِ	اللّٰهُ	يُضْلِلْهُ	وَمَنْ يَّشَاْ	يَجْعَلْهُ	عَلٰي	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	قُلْ
جو-جس	چاہے	اللہ	اسے گمراہ کر دے	اور جسے چاہے	اسے کردے (چلادے)	پر	راستہ	سیدھا	آپ کہہ دیں

جس کو اللہ چاہے گمراہ کر دے ، اور جس کو چاہے سیدھے راستے پر چلا دے ۔ آپ کہہ دیں

اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ

اَرَءَيْتَكُمْ	اِنْ	اَتٰىكُمْ	عَذَابُ	اللّٰهِ	اَوْ	اَتَتْكُمُ	السَّاعَةُ	اَغَيْرَ اللّٰهِ	تَدْعُوْنَ	اِنْ
بھلا دیکھو	اگر	تم پر آئے	عذاب	اللہ	یا	آئے تم پر	قیامت	کیا اللہ کے سوا	تم پکارو گے	اگر

بھلا دیکھو اگر تم پر اللہ کا عذاب آئے یا تم پر قیامت آجائے، کیا تم اللہ کے سوا (کسی اور کو) پکارو گے ؟ اگر

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۰﴾ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَاۗءَ

كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	بَلْ	اِيَّاهُ	تَدْعُوْنَ	فَيَكْشِفُ	مَا تَدْعُوْنَ	اِلَيْهِ	اِنْ	شَاۗءَ
تم ہو	سچے	بلکہ	اسی کو	تم پکارتے ہو	پس کھول دیتا ہے (دُور کر دیتا ہے)	جسے پکارتے ہو	اس کے لئے	اگر	وہ چاہے

تم سچے ہو۔ بلکہ تم اُسی کو پکارتے ہو، پس جس (دُکھ) کے لئے اسے پکارتے ہو اگر وہ چاہے تو وہ اسے دُور کر دیتا ہے،

۴ ع ۱۱ ۱۰

وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ

وَتَنْسَوْنَ	مَا	تُشْرِكُوْنَ	وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	اِلٰى	اُمَمٍ	مِّنْ قَبْلِكَ	فَاَخَذْنٰهُمْ
اور تم بھول جاتے ہو	جو۔جس	تم شریک کرتے ہو	اور	تحقیق ہم نے بھیجے (رسول)	طرف	اُمتیں	تم سے پہلے	پس ہم نے اُنہیں پکڑا

اور تم بھول جاتے ہو جس کو تم شریک کرتے ہو تحقیق ہم نے تم سے پہلی اُمتوں کی طرف رسول بھیجے پھر ہم نے (انکی نافرمانی کے سبب) انہیں پکڑا

بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۴۲﴾ فَلَوْلَاۤ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا

بِالْبَاْسَآءِ	وَالضَّرَّآءِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَضَرَّعُوْنَ	فَلَوْلَا	اِذْ	جَآءَهُمْ	بَاْسُنَا	تَضَرَّعُوْا
سختی میں	اور تکلیف	تاکہ وہ	گڑگڑائیں	پھر کیوں نہ	جب	آیا اُن پر	ہمارا عذاب	وہ گڑگڑائے

سختی اور تکلیف میں تاکہ وہ گڑگڑائیں ۔ پھر جب اُن پر ہمارا عذاب آیا وہ کیوں نہ گڑگڑائے

وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَلَمَّا نَسُوْا

وَلٰكِنْ	قَسَتْ	قُلُوْبُهُمْ	وَزَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	فَلَمَّا	نَسُوْا
اور لیکن	سخت ہوگئے	دل اُن کے	آراستہ کر دکھایا	ان کو	شیطان	جو	وہ کرتے تھے	پھر جب	وہ بھول گئے

لیکن ان کے دل سخت ہوگئے اور جو وہ کرتے تھے شیطان نے اُن کو آراستہ کر دکھایا ۔ پھر جب وہ بھول گئے

مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰۤى اِذَا فَرِحُوْا بِمَاۤ اُوْتُوْۤا

مَا ذُكِّرُوْا	بِهٖ	فَتَحْنَا	عَلَيْهِمْ	اَبْوَابَ	كُلِّ	شَيْءٍ	حَتّٰى	اِذَا	فَرِحُوْا	بِمَا	اُوْتُوْا
جو نصیحت کی گئی	اس کے ساتھ	تو ہم نے کھول دیئے	ان پر	دروازے	ہر	چیز	یہانتک کہ	جب	خوش ہوگئے	اس سے جو	اُنہیں دی گئی

وہ نصیحت جو اُنہیں کی گئی، تو ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے یہانتک کہ جب وہ اس سے خوش ہوگئے جو اُنہیں دی گئیں

اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ط

اَخَذْنٰهُمْ	بَغْتَةً	فَاِذَا	هُمْ	مُّبْلِسُوْنَ	فَقُطِعَ	دَابِرُ	الْقَوْمِ	الَّذِيْنَ + ظَلَمُوْا
ہم نے پکڑا ان کو	اچانک	پس اس وقت	وہ	مایوس رہ گئے	پھر کاٹ دی گئی	جڑ	قوم	جن لوگوں نے ظلم کیا (ظالم)

تو ہم نے اُن کو اچانک پکڑا (دھر لیا) پس اس وقت وہ مایوس ہو کر رہ گئے ۔ پھر ظالم قوم کی جڑ کاٹ دی گئی ،

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۵﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ

وَ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	اَخَذَ	اللّٰهُ	سَمْعَكُمْ	وَاَبْصَارَكُمْ
اور	ہر تعریف	اللہ کے لئے	سارے جہانوں کا رب	آپ کہدیں	بھلا تم دیکھو	اگر	لے (چھین لے)	اللہ	تمہارے کان	اور تمہاری آنکھیں

اور ہر تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے ۔ آپ کہدیں بھلا دیکھو ، اگر اللہ تمہارے کان ، اور تمہاری آنکھیں چھین لے

وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ

وَخَتَمَ	عَلٰى	قُلُوْبِكُمْ	مَنْ	اِلٰهٌ	غَيْرُ	اللّٰهِ	يَاْتِيْكُمْ	بِهٖ	اُنْظُرْ	كَيْفَ	نُصَرِّفُ	الْاٰيٰتِ
اور مُہر لگائے	پر	تمہارے دل	کون	معبود	سوائے	اللہ	تم کو لا دے	یہ	دیکھو	کیسے	بدل بدل کر بیان کرتے ہیں	آیتیں

اور تمہارے دلوں پر مہر لگا دے تو اللہ کے سوا کون معبود ہے؟ جو تم کو یہ چیزیں لا دے (واپس کردے) دیکھو ہم کیسے بدل بدل کر آیتیں بیان کرتے ہیں

ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿٤٦﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً

ثُمَّ	هُمْ	يَصْدِفُوْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتَكُمْ	اِنْ	اَتٰىكُمْ	عَذَابُ اللّٰهِ	بَغْتَةً	اَوْ جَهْرَةً
پھر	وہ	کنارہ کرتے ہیں	آپ کہہ دیں	تم دیکھو تو سہی	اگر	تم پر آئے	عذاب اللہ کا	اچانک	یا کھلم کھلا

پھر وہ کنارہ کرتے ہیں۔ آپ کہہ دیں دیکھو تو سہی اگر تم پر اللہ کا عذاب اچانک یا کھلم کھلا آجائے

هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَ

هَلْ	يُهْلَكُ	اِلَّا	الْقَوْمُ	الظّٰلِمُوْنَ	وَ	مَا نُرْسِلُ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِلَّا	مُبَشِّرِيْنَ	وَ
کیا	ہلاک ہوگا	سوائے	لوگ	ظالم (جمع)	اور	نہیں بھیجتے ہم	رسول (جمع)	مگر	خوشخبری دینے والے	اور

کیا ظالم لوگوں کے سوا (اور کوئی) ہلاک ہوگا؟ اور ہم رسول نہیں بھیجتے مگر خوش خبری دینے والے اور

مُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَالَّذِيْنَ

مُنْذِرِيْنَ	فَمَنْ	اٰمَنَ	وَاَصْلَحَ	فَلَا خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَلَا هُمْ	يَحْزَنُوْنَ	وَالَّذِيْنَ
ڈر سنانے والے	پس جو	ایمان لایا	اور سنور گیا	تو کوئی خوف نہیں	ان پر	اور نہ وہ	غمگین ہوں گے	اور وہ لوگ جو

ڈر سنانے والے۔ پس جو ایمان لایا اور سنور گیا تو ان پر کوئی خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ اور جن لوگوں نے

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿٤٩﴾ قُلْ لَّآ اَقُوْلُ

كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	يَمَسُّهُمُ	الْعَذَابُ	بِمَا	كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ	قُلْ	لَآ اَقُوْلُ
انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	انہیں پہنچے گا	عذاب	اس لئے کہ	وہ کرتے تھے نافرمانی	آپ کہہ دیں	نہیں کہتا میں

ہماری آیتوں کو جھٹلایا انہیں عذاب پہنچے گا اس لئے کہ وہ نافرمانی کرتے تھے۔ آپ کہہ دیں، میں نہیں کہتا

لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ

لَكُمْ	عِنْدِيْ	خَزَآئِنُ	اللّٰهِ	وَلَآ	اَعْلَمُ	الْغَيْبَ	وَلَآ اَقُوْلُ	لَكُمْ	اِنِّيْ	مَلَكٌ
تم سے	میرے پاس	خزانے	اللہ	اور نہیں	میں جانتا	غیب	اور نہیں کہتا میں	تم سے	کہ میں	فرشتہ

تم سے کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں غیب کو جانتا ہوں، اور نہ میں تم سے کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں

إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ ۚ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمَىٰ وَالْبَصِيرُ ۚ أَفَلَا تَتَفَكَّرُونَ ﴿٥٠﴾

إِنْ أَتَّبِعُ	إِلَّا	مَا يُوحَىٰ	إِلَيَّ	قُلْ	هَلْ	يَسْتَوِي	الْأَعْمَىٰ	وَالْبَصِيرُ	أَفَلَا تَتَفَكَّرُونَ
میں نہیں پیروی کرتا	مگر	جو وحی کیا جاتا ہے	میری طرف	آپ کہدیں	کیا	برابر ہے	نابینا	اور بینا	سو کیا تم غور نہیں کرتے

میں پیروی نہیں کرتا مگر (صرف اس کی) جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے آپ کہہ دیں کیا نابینا اور بینا برابر ہو سکتا ہے ؟ سو کیا تم غور نہیں کرتے ؟

وَأَنْذِرْ بِهِ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَنْ يُحْشَرُوا إِلَىٰ رَبِّهِمْ ۙ لَيْسَ لَهُمْ مِنْ دُونِهِ

وَأَنْذِرْ	بِهِ	الَّذِينَ	يَخَافُونَ	أَنْ	يُحْشَرُوا	إِلَىٰ	رَبِّهِمْ	لَيْسَ	لَهُمْ	مِنْ	دُونِهِ
اور ڈرا دیں	اس سے	وہ لوگ جو	خوف رکھتے ہیں	کہ	وہ جمع کیے جائیں گے	طرف (سامنے)	اپنا رب	نہیں	انکے لیے	کوئی	اس کے سوا

اور اس سے ان لوگوں کو ڈرا دیں جو خوف رکھتے ہیں کہ اپنے رب کے سامنے جمع کیے جائیں گے ، اس کے سوا اُن کا نہ ہو گا

وَلِيٌّ وَلَا شَفِيعٌ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿٥١﴾ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ

وَلِيٌّ	وَلَا	شَفِيعٌ	لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُونَ	وَ	لَا تَطْرُدِ	الَّذِينَ	يَدْعُونَ	رَبَّهُمْ
کوئی حمایتی	اور نہ	سفارش کرنیوالا	تاکہ وہ	بچتے رہیں	اور	دور نہ کریں آپ	وہ لوگ جو	پکارتے ہیں	اپنا رب

کوئی حمایتی اور نہ کوئی سفارش کرنے والا ، تاکہ وہ بچتے رہیں ۔ اور آپ ان لوگوں کو دُور نہ کریں جو اپنے رب کو پکارتے ہیں

بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ ۖ مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِنْ شَيْءٍ وَ

بِالْغَدَاةِ	وَالْعَشِيِّ	يُرِيدُونَ	وَجْهَهُ	مَا	عَلَيْكَ	مِنْ	حِسَابِهِمْ	مِنْ شَيْءٍ	وَ
صبح	اور شام	وہ چاہتے ہیں	اس کا رُخ (رضا)	نہیں	آپ پر	سے	ان کا حساب	کچھ	اور

صبح اور شام وہ اس کی رضا چاہتے ہیں اور آپ پر (آپ کے ذمے) ان کے حساب میں سے کچھ نہیں ، اور

مَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُونَ مِنَ الظَّالِمِينَ ﴿٥٢﴾

مَا	مِنْ	حِسَابِكَ	عَلَيْهِمْ	مِنْ شَيْءٍ	فَتَطْرُدَهُمْ	فَتَكُونَ	مِنَ	الظَّالِمِينَ
نہیں	سے	آپ کا حساب	اُن پر	کچھ	کہ تم انہیں دُور کرو گے	تو ہو جاؤ	سے	ظالم (جمع)

نہ آپ کے حساب میں سے اُن پر کچھ ہے ۔ اگر انہیں دُور کرو گے تو ظالموں سے ہو جاؤ گے ۔

وَكَذَٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِيَقُولُوا أَهَٰؤُلَاءِ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْهِمْ مِنْ بَيْنِنَا ۗ

وَكَذَٰلِكَ	فَتَنَّا	بَعْضَهُمْ	بِبَعْضٍ	لِيَقُولُوا	أَهَٰؤُلَاءِ	مَنَّ اللَّهُ	عَلَيْهِمْ	مِنْ بَيْنِنَا
اور اسی طرح	آزمایا ہم نے	اُن کے بعض	بعض سے	تاکہ وہ کہیں	کیا یہی ہیں	اللہ نے فضل کیا	اُن پر	ہمارے درمیان سے

اور اس طرح ہم نے اُن میں سے بعض کو بعض سے آزمایا تاکہ وہ کہیں کیا یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے فضل کیا ہم میں سے ؟

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ

اَلَيْسَ	اللّٰهُ	بِاَعْلَمَ	بِالشّٰكِرِيْنَ	وَاِذَا	جَآءَكَ	الَّذِيْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِاٰيٰتِنَا	فَقُلْ
کیا نہیں	اللہ	خوب جاننے والا	شکرگزار (جمع)	اور جب	آپ کے پاس آئیں	وہ لوگ	ایمان رکھتے ہیں	ہماری آیتیں	تو کہہ دیں

کیا اللہ شکر گزاروں کو خوب جاننے والا نہیں ؟ اور جب آپ کے پاس وہ لوگ آئیں جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھتے ہیں تو آپ کہہ دیں

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًۢا

سَلٰمٌ	عَلَيْكُمْ	كَتَبَ	رَبُّكُمْ	عَلٰى	نَفْسِهِ	الرَّحْمَةَ	اَنَّهٗ	مَنْ	عَمِلَ	مِنْكُمْ	سُوْٓءًۢا
سلام	تم پر	لکھ لی	تمہارا رب	پر	اپنی ذات	رحمت	کہ	جو	کرے	تم سے	کوئی برائی

تم پر سلام ہے، تمہارے رب نے اپنے آپ پر رحمت لکھ لی (لازم کرلی) ہے کہ تم میں جو کوئی برائی کرے

بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۴﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ

بِجَهَالَةٍ	ثُمَّ	تَابَ	مِنْۢ بَعْدِهٖ	وَاَصْلَحَ	فَاَنَّهٗ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَ	كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ
نادانی سے	پھر	توبہ کرے	اس کے بعد	اور نیک ہوجائے	تو بیشک اللہ	بخشنے والا	مہربان	اور	اسی طرح ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں

نادانی سے پھر اس کے بعد توبہ کرے اور نیک ہوجائے تو بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے - اور اسی طرح ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں

۶ ع ۵ ۱۲

الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾ ع قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ

الْاٰيٰتِ	وَلِتَسْتَبِيْنَ	سَبِيْلُ	الْمُجْرِمِيْنَ	قُلْ	اِنِّيْ	نُهِيْتُ	اَنْ اَعْبُدَ	الَّذِيْنَ	تَدْعُوْنَ
آیتیں	اور تاکہ ظاہر ہوجائے	راستہ طریقہ	گنہگار (جمع)	کہہ دیں	بیشک میں	مجھے روکا گیا ہے	کہ میں بندگی کروں	وہ جنہیں	تم پکارتے ہو

آیتیں اور یہ اس لئے کہ تاکہ گنہگاروں کا طریقہ ظاہر ہوجائے - آپ کہہ دیں مجھے (اس بات سے) روکا گیا ہے کہ میں ان کی بندگی کروں جنہیں تم پکارتے ہو

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾

مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	قُلْ	لَّآ اَتَّبِعُ	اَهْوَآءَكُمْ	قَدْ ضَلَلْتُ	اِذًا	وَّمَآ اَنَا	مِنَ	الْمُهْتَدِيْنَ
سے	اللہ کے سوا	کہہ دیں	میں پیروی نہیں کرتا	تمہاری خواہشات	بیشک میں بھٹک جاؤں گا	اس صورت میں	اور میں نہیں	سے	ہدایت پانے والے

اللہ کے سوا، آپ کہہ دیں میں تمہاری خواہشات کی پیروی نہیں کرتا، اس صورت میں بیشک میں بھٹک جاؤں گا اور ہدایت پانے والوں میں سے نہ ہوں گا -

قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ۭ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ۭ اِنِ

قُلْ	اِنِّيْ	عَلٰى	بَيِّنَةٍ	مِّنْ	رَّبِّيْ	وَكَذَّبْتُمْ	بِهٖ	مَا عِنْدِيْ	مَا	تَسْتَعْجِلُوْنَ	بِهٖ	اِنِ
آپ کہہ دیں	بیشک میں	پر	روشن دلیل	سے	اپنا رب	اور تم جھٹلاتے ہو	اس کو	نہیں میرے پاس	جس	تم جلدی کر رہے ہو	اس کی	صرف

آپ کہہ دیں بیشک میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل پر ہوں اور تم اس کو جھٹلاتے ہو، تم جس (عذاب) کی جلدی کر رہے ہو وہ میرے پاس نہیں ہے -

اَلْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ﴿۵۷﴾ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا

الْحُكْمُ	اِلَّا	لِلّٰهِ	يَقُصُّ	الْحَقَّ	وَهُوَ	خَيْرُ	الْفٰصِلِيْنَ	قُلْ	لَوْ	اَنَّ	عِنْدِيْ	مَا
حکم	مگر (صرف)	اللہ کیلئے	بیان کرتا ہے	حق	اور وہ	بہتر	فیصلہ کرنے والا	کہدیں	اگر	ہوتی	میرے پاس	جو

حکم صرف اللہ کے لئے ہے، وہ حق بیان کرتا ہے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔ آپؐ کہہ دیں اگر میرے پاس ہوتی (وہ چیز) جس کی

تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۸﴾ وَعِنْدَهٗ

تَسْتَعْجِلُوْنَ	بِهٖ	لَقُضِيَ	الْاَمْرُ	بَيْنِيْ	وَبَيْنَكُمْ	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِالظّٰلِمِيْنَ	وَعِنْدَهٗ
تم جلدی کرتے ہو	اس کی	البتہ ہو چکا ہوتا	فیصلہ	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	اور اللہ	خوب جاننے والا	ظالموں کو	اور اس کے پاس

تم جلدی کرتے ہو تو البتہ میرے اور تمہارے درمیان فیصلہ ہو چکا ہوتا، اور اللہ ظالموں کو خوب جاننے والا ہے۔ اور اس کے پاس

مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ

مَفَاتِحُ	الْغَيْبِ	لَا	يَعْلَمُهَا	اِلَّا	هُوَ	وَيَعْلَمُ	مَا	فِي الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	وَمَا	تَسْقُطُ	مِنْ
کنجیاں	غیب	نہیں	اُن کو جانتا	سوا	وہ	اور جانتا ہے	جو	خشکی میں	اور تری	اور نہیں	گرتا	کوئی

غیب کی کنجیاں ہیں، ان کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، وہ جانتا ہے جو خشکی اور تری میں ہے، اور نہیں گرتا کوئی

وَرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا

وَرَقَةٍ	اِلَّا	يَعْلَمُهَا	وَلَا حَبَّةٍ	فِيْ	ظُلُمٰتِ	الْاَرْضِ	وَلَا رَطْبٍ	وَلَا	يَابِسٍ	اِلَّا
کوئی پتّا	مگر	وہ اس کو جانتا ہے	اور نہ کوئی دانہ	میں	اندھیرے	زمین	اور نہ کوئی تر	اور نہ	خشک	مگر

پتّا مگر وہ اس کو جانتا ہے اور کوئی دانہ نہیں زمین کے اندھیروں میں اور نہ کوئی تر، نہ کوئی خشک، مگر سب

فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۹﴾ وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ

فِيْ	كِتٰبٍ	مُبِيْنٍ	وَهُوَ	الَّذِيْ	يَتَوَفّٰىكُمْ	بِالَّيْلِ	وَيَعْلَمُ	مَا جَرَحْتُمْ	بِالنَّهَارِ
میں	کتاب	روشن	اور وہ	جو کر	قبض کرلیتا ہے تمہاری (روح)	رات میں	اور جانتا ہے	جو تم کما چکے ہو	دن میں

روشن کتاب (لوحِ محفوظ) میں ہے اور وہی تو ہے جو رات میں تمہاری (روح) قبض کر لیتا ہے اور جانتا ہے جو تم دن میں کما چکے ہو،

ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ لِيُقْضٰۤى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ

ثُمَّ	يَبْعَثُكُمْ	فِيْهِ	لِيُقْضٰى	اَجَلٌ	مُسَمًّى	ثُمَّ	اِلَيْهِ	مَرْجِعُكُمْ	ثُمَّ	يُنَبِّئُكُمْ
پھر	تمہیں اُٹھاتا ہے	اس میں	تاکہ پوری ہو	مدّت	مقررہ	پھر	اس کی طرف	تمہارا لوٹنا	پھر	تمہیں جتا دے گا

پھر تمہیں اُس (دن) میں اُٹھاتا ہے تاکہ مدّتِ مقررہ پوری ہو، پھر تمہیں اسی کی طرف لوٹنا ہے، پھر تمہیں جتا دے گا

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٠﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ط

بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	وَهُوَ	الْقَاهِرُ	فَوْقَ	عِبَادِهٖ	وَيُرْسِلُ	عَلَيْكُمْ	حَفَظَةً
جو	تم کرتے تھے	اور وہی	غالب	پر	اپنے بندے	اور بھیجتا ہے	تم پر	نگہبان

جو تم کرتے تھے۔ اور وہی اپنے بندوں پر غالب ہے، اور تم پر نگہبان بھیجتا ہے

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿٦١﴾ ثُمَّ

حَتّٰٓى	اِذَا	جَآءَ	اَحَدَكُمُ	الْمَوْتُ	تَوَفَّتْهُ	رُسُلُنَا	وَهُمْ	لَا يُفَرِّطُوْنَ	ثُمَّ
یہاں تک کہ	جب	آپہنچے	تم میں سے ایک کسی	موت	قبضہ میں لیتے ہیں اس کو	ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے)	اور وہ	نہیں کرتے کوتاہی	پھر

یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کی موت آپہنچے تو ہمارے فرشتے اس کی (روح) قبضہ میں لے لیتے ہیں، اور وہ کوتاہی نہیں کرتے۔ پھر

رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ اَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ اَسْرَعُ الْحٰسِبِيْنَ ﴿٦٢﴾ قُلْ

رُدُّوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	مَوْلٰىهُمُ	الْحَقِّ	اَلَا	لَهُ	الْحُكْمُ	وَهُوَ	اَسْرَعُ	الْحٰسِبِيْنَ	قُلْ
لوٹائے جائیں گے	اللہ کی طرف	ان کا مولیٰ	سچا	سن رکھو	اسی کا	حکم	اور وہ	بہت جلد	حساب لینے والا	آپ کہہ دیں

لوٹائے جائیں گے اپنے سچے مولیٰ کی طرف، سن رکھو! حکم اسی کا ہے اور وہ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔ آپ کہہ دیں

مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ج لَئِنْ

مَنْ	يُّنَجِّيْكُمْ	مِّنْ	ظُلُمٰتِ	الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	تَدْعُوْنَهٗ	تَضَرُّعًا	وَّخُفْيَةً	لَئِنْ
کون	بچاتا ہے تمہیں	سے	اندھیرے	خشکی	اور دریا	تم پکارتے ہو اس کو	گڑگڑا کر	اور چپکے سے	کہ اگر

تمہیں خشکی اور دریا کے اندھیروں سے کون بچاتا ہے؟ (اس وقت) تم اس کو گڑگڑا کر اور چپکے سے پکارتے ہو (اور کہتے ہو) کہ اگر

اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿٦٣﴾ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَ

اَنْجٰىنَا	مِنْ	هٰذِهٖ	لَنَكُوْنَنَّ	مِنَ	الشّٰكِرِيْنَ	قُلِ	اللّٰهُ	يُنَجِّيْكُمْ	مِّنْهَا	وَ
بچالے ہمیں	سے	اس	تو ہم ہوں	سے	شکر ادا کرنے والے	آپ کہہ دیں	اللہ	تمہیں بچاتا ہے	اس سے	اور

ہمیں اس سے بچالے تو ہم شکر ادا کرنے والوں میں سے ہوں گے۔ آپ کہہ دیں اللہ تمہیں اس سے بچاتا ہے اور

مِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿٦٤﴾ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ

مِنْ	كُلِّ كَرْبٍ	ثُمَّ	اَنْتُمْ	تُشْرِكُوْنَ	قُلْ	هُوَ	الْقَادِرُ	عَلٰٓى	اَنْ	يَّبْعَثَ	عَلَيْكُمْ
سے	ہر سختی	پھر	تم	شرک کرتے ہو	آپ کہہ دیں	وہ	قادر	پر	کہ	بھیجے	تم پر

ہر سختی سے، پھر تم شرک کرتے ہو۔ آپ کہہ دیں وہ اس پر قادر ہے کہ تم پر بھیجے

عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّ يُذِيْقَ بَعْضَكُمْ

عَذَابًا	مِّنْ	فَوْقِكُمْ	اَوْ	مِنْ	تَحْتِ	اَرْجُلِكُمْ	اَوْ يَلْبِسَكُمْ	شِيَعًا	وَّ يُذِيْقَ	بَعْضَكُمْ
عذاب	سے	تمہارے اوپر	یا	سے	نیچے	تمہارے پاؤں	یا بھڑا دے تمہیں	فرقہ فرقہ	اور چکھائے	تم میں سے ایک

عذاب تمہارے اوپر سے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے یا تمہیں فرقہ فرقہ کر کے بھڑا دے، اور تم میں سے ایک کو چکھا دے

بَاْسَ بَعْضٍ ط اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ

بَاْسَ	بَعْضٍ	اُنْظُرْ	كَيْفَ	نُصَرِّفُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَفْقَهُوْنَ	وَكَذَّبَ	بِهٖ	قَوْمُكَ
لڑائی	دوسرا	دیکھو	کس طرح	ہم پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں	آیات	تاکہ وہ	سمجھ جائیں	اور جھٹلایا	اس کو	تمہاری قوم

دوسرے کی لڑائی (کا مزا) دیکھو ہم کس طرح آیات پھیر پھیر کر بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سمجھ جائیں۔ اور تمہاری قوم نے اس کو جھٹلایا

وَهُوَ الْحَقُّ ط قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۶۶﴾ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۷﴾

وَهُوَ	الْحَقُّ	قُلْ	لَّسْتُ	عَلَيْكُمْ	بِوَكِيْلٍ	لِكُلِّ	نَبَاٍ	مُّسْتَقَرٌّ	وَّسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ
حالانکہ وہ	حق	آپ کہہ دیں	میں نہیں	تم پر	داروغہ	ہر ایک کے لئے	خبر	ایک ٹھکانہ	اور جلد	تم جان لوگے

حالانکہ وہ حق ہے، آپ کہہ دیں میں تم پر داروغہ نہیں۔ ہر خبر کے لئے ایک ٹھکانہ (مقررہ وقت) ہے اور تم جلد جان لو گے۔

وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا

وَاِذَا	رَاَيْتَ	الَّذِيْنَ	يَخُوْضُوْنَ	فِيْٓ	اٰيٰتِنَا	فَاَعْرِضْ	عَنْهُمْ	حَتّٰى	يَخُوْضُوْا
اور جب	تو دیکھے	وہ لوگ جو کہ	جھگڑتے ہیں	میں	ہماری آیتیں	تو کنارا کر لے	ان سے	یہاں تک کہ	وہ مشغول ہوں

اور جب تو ان لوگوں کو دیکھے جو ہماری آیتوں میں جھگڑتے ہیں تو ان سے کنارا کر لے یہاں تک کہ وہ مشغول ہو جائیں

فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ط وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى

فِيْ	حَدِيْثٍ	غَيْرِهٖ	وَاِمَّا	يُنْسِيَنَّكَ	الشَّيْطٰنُ	فَلَا تَقْعُدْ	بَعْدَ	الذِّكْرٰى
میں	کوئی بات	اس کے علاوہ	اور اگر	بھلا دے تجھے	شیطان	تو نہ بیٹھ	بعد	یاد آنا

اس کے علاوہ کسی اور بات میں، اور اگر تجھے شیطان بھلا دے تو یاد آنے کے بعد نہ بیٹھ

مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَى الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ

مَعَ	الْقَوْمِ	الظّٰلِمِيْنَ	وَمَا	عَلَى	الَّذِيْنَ	يَتَّقُوْنَ	مِنْ	حِسَابِهِمْ	مِّنْ	شَيْءٍ
ساتھ (پاس)	قوم (لوگ)	ظالم (جمع)	اور نہیں	پر	وہ لوگ جو	پرہیز کرتے ہیں	سے	ان کا حساب	کوئی	چیز

ظالم لوگوں کے پاس۔ اور جو لوگ پرہیز کرتے ہیں (پرہیزگار ہیں) اُن پر ان (جھگڑنے والوں) کے حساب میں سے کوئی چیز نہیں

وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّلَهْوًا وَّ

وَلٰكِنْ	ذِكْرٰى	لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ	وَذَرِ	الَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	دِيْنَهُمْ	لَعِبًا	وَلَهْوًا	وَ
لیکن	نصیحت کرنا	تاکہ وہ	ڈریں	اور چھوڑ دے	وہ لوگ جو	انہوں نے بنا لیا	اپنا دین	کھیل	اور تماشا	اور

لیکن نصیحت کرنا تاکہ وہ ڈریں (باز آجائیں)۔ اور ان لوگوں کو چھوڑ دے جنہوں نے اپنے دین کو کھیل اور تماشا بنا لیا ہے، اور

غَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا كَسَبَتْ ۖ لَيْسَ لَهَا

غَرَّتْهُمُ	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	وَذَكِّرْ	بِهٖ	اَنْ	تُبْسَلَ	نَفْسٌ	بِمَا	كَسَبَتْ	لَيْسَ	لَهَا
انہیں دھوکہ میں ڈال دیا	زندگی	دنیا	اور نصیحت کرو	اس سے	تاکہ	پکڑا (نہ) جائے	کوئی	بسبب جو	اس نے کیا	نہیں	اس کے لئے

دنیا کی زندگی نے انہیں دھوکہ میں ڈال دیا ہے اور اس (قرآن) سے نصیحت کرو تاکہ کوئی اپنے کئے (اپنے عمل) سے پکڑا نہ جائے، اس کے لئے نہیں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۗ

مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	وَلِيٌّ	وَلَا	شَفِيْعٌ	وَاِنْ	تَعْدِلْ	كُلَّ	عَدْلٍ	لَا يُؤْخَذْ	مِنْهَا
سے	سوائے اللہ	کوئی حمایتی	اور نہ	کوئی سفارش کرنیوالا	اور اگر	بدلہ میں دے	تمام	معاوضے	نہ لئے جائیں	اس سے

اللہ کے سوا کوئی حمایتی اور نہ کوئی سفارش کرنے والا؟ اور اگر بدلہ میں تمام معاوضے دے تو اس سے نہ لئے جائیں (قبول نہ ہوں)

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌۢ بِمَا

اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	اُبْسِلُوْا	بِمَا كَسَبُوْا	لَهُمْ	شَرَابٌ	مِنْ	حَمِيْمٍ	وَعَذَابٌ	اَلِيْمٌ	بِمَا
یہی لوگ	وہ لوگ جو	پکڑے گئے	جو انہوں نے کمایا (اپنا کیا)	انکے لئے	پینا (پانی)	سے	گرم	اور عذاب	دردناک	اس لئے کہ

یہی وہ لوگ ہیں جو اپنے کئے پر پکڑے گئے، انہیں گرم پانی پینا ہے، اور دردناک عذاب ہے اس لئے کہ

۸ ع ۱۰ ۱۴

كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا

كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ	قُلْ	اَنَدْعُوْا	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	مَا	لَا يَنْفَعُنَا	وَلَا يَضُرُّنَا
وہ کفر کرتے تھے	کہہ دیں	کیا ہم پکاریں	سے	سوائے اللہ	جو	نہ ہمیں نفع دے	اور نہ نقصان کرے ہمیں

وہ کفر کرتے تھے۔ کہہ دیں کیا ہم اللہ کے سوا اس کو پکاریں جو ہمیں نہ نفع دے سکے نہ وہ ہمارا نقصان کر سکے

وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِى

وَنُرَدُّ	عَلٰى	اَعْقَابِنَا	بَعْدَ	اِذْ هَدٰىنَا	اللّٰهُ	كَالَّذِىْ	اسْتَهْوَتْهُ	الشَّيٰطِيْنُ	فِى
اور ہم پھر جائیں	پر	اپنی ایڑیاں (الٹے پاؤں)	بعد	جب ہدایت دی ہمیں	اللہ	اس کی طرح جو	بھلا دیا اس کو	شیطان	میں

اور کیا ہم اپنے الٹے پاؤں پھر جائیں اس کے بعد جبکہ اللہ نے ہمیں ہدایت دیدی اس شخص کی طرح جسے شیطان نے بھلا دیا

الْاَرْضِ حَيْرَانَ لَهٗۤ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗۤ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ

الْاَرْضِ	حَيْرَانَ	لَهٗ	اَصْحٰبٌ	يَّدْعُوْنَهٗ	اِلَى	الْهُدَى	ائْتِنَا	قُلْ	اِنَّ	هُدَى	اللّٰهِ
زمین (جنگل)	حیران	اس کے	ساتھی	بلاتے ہوں اس کو	طرف	ہدایت	ہمارے پاس آ	کہدیں	بیشک	ہدایت	اللہ

جنگل میں، وہ حیران ہو، اس کے ساتھی اس کو ہدایت کی طرف بُلاتے ہوں کہ ہمارے پاس آ - آپؐ کہہ دیں بیشک اللہ کی ہدایت

هُوَ الْهُدٰى ؕ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۱﴾ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ؕ

هُوَ	الْهُدٰى	وَاُمِرْنَا	لِنُسْلِمَ	لِرَبِّ	الْعٰلَمِيْنَ	وَاَنْ	اَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَاتَّقُوْهُ
وہ	ہدایت	اور حکم دیا گیا ہمیں	کہ فرمانبردار رہیں	پروردگار کے لئے	تمام جہان	اور یہ کہ	قائم کرو	نماز	اور اس سے ڈرو

وہی ہدایت ہے، اور ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ تمام جہانوں کے پروردگار کے فرماں بردار رہیں - اور یہ کہ نماز قائم کرو، اور اس سے ڈرو

وَهُوَ الَّذِيْۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ

وَهُوَ	الَّذِيْ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	وَ	هُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	بِالْحَقِّ
كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝۶ كَيْفَ

كَلٰمَ اللّٰهِ	ثُمَّ	اَبْلِغْهُ	مَاْمَنَهٗ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَّا يَعْلَمُوْنَ	كَيْفَ
اللہ کا کلام	پھر	اسے پہنچا دیں	اسکی امن کی جگہ	یہ	اس لئے کہ وہ	لوگ	علم نہیں رکھتے	کیونکر

اللہ کا کلام، پھر اُسے اس کی امن کی جگہ پہنچا دیں، یہ اس لئے ہے کہ وہ لوگ علم نہیں رکھتے (نادان ہیں) کیونکر

يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ

يَكُوْنُ	لِلْمُشْرِكِيْنَ	عَهْدٌ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَ	عِنْدَ رَسُوْلِهٖ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	عٰهَدْتُّمْ
ہو	مشرکوں کے لئے	عہد	اللہ کے پاس	اور	اس کے رسول کے پاس	سوائے	وہ لوگ جو	تم نے عہد کیا

ہو مشرکوں سے لئے اللہ کے پاس اور اس کے رسولؐ کے پاس کوئی عہد، سوائے ان لوگوں کے جن سے تم نے عہد کیا

عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

عِنْدَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	فَمَا	اسْتَقَامُوْا	لَكُمْ	فَاسْتَقِيْمُوْا	لَهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ
پاس	مسجد حرام	سو جب تک	وہ قائم رہیں	تمہارے لئے	تو تم قائم رہو	ان کے لئے	بیشک	اللہ

مسجد حرام (خانہ کعبہ) کے پاس، سو جب تک وہ تمہارے لئے (عہد پر) قائم رہیں تم (بھی) ان کے لئے قائم رہو، بیشک اللہ

يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝٧ كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا

يُحِبُّ	الْمُتَّقِيْنَ	كَيْفَ	وَاِنْ	يَّظْهَرُوْا	عَلَيْكُمْ	لَا يَرْقُبُوْا	فِيْكُمْ	اِلًّا
دوست رکھتا ہے	پرہیزگار (جمع)	کیسے	اور اگر	وہ غالب آجائیں	تم پر	نہ لحاظ کریں	تمہاری	قرابت

پرہیزگاروں کو دوست رکھتا ہے - کیسے (صلح ہو، حال یہ ہے) اگر وہ تم پر غالب آجائیں تو وہ نہ لحاظ کریں تمہاری قرابت کا

وَّلَا ذِمَّةً ؕ يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ وَتَاْبٰى قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝٨

وَ	لَا ذِمَّةً	يُرْضُوْنَكُمْ	بِاَفْوَاهِهِمْ	وَتَاْبٰى	قُلُوْبُهُمْ	وَاَكْثَرُهُمْ	فٰسِقُوْنَ
اور	نہ عہد	وہ تمہیں راضی کردیتے ہیں	اپنے منہ (جمع) سے	لیکن نہیں مانتے	ان کے دل	اور ان کے اکثر	نافرمان

اور نہ عہد کا، وہ تمہیں اپنے منہ سے (محض زبانی) راضی کر دیتے ہیں، لیکن اُن کے دل نہیں مانتے، اور ان میں اکثر نافرمان ہیں -

اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا

اِشْتَرَوْا	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	ثَمَنًا	قَلِيْلًا	فَصَدُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِهٖ	اِنَّهُمْ	سَآءَ	مَا
بیچ ڈالے انہوں نے	احکام	اللہ	قیمت	تھوڑی	پھر انہوں نے روکا	سے	اس کا راستہ	بیشک وہ	برا	جو

انہوں نے اللہ کے احکام تھوڑی قیمت پر بیچ ڈالے، پھر انہوں نے اس کے راستے سے روکا، بیشک برا ہے جو وہ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٩ لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّلَا ذِمَّةً ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	لَا يَرْقُبُوْنَ	فِيْ	مُؤْمِنٍ	اِلًّا	وَ	لَا ذِمَّةً	وَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ
وہ کرتے ہیں	لحاظ نہیں کرتے ہیں	(بارہ) میں	کسی مومن	قرابت	اور	نہ عہد	اور	وہی لوگ	وہ

کرتے ہیں - وہ کسی مومن کے بارے میں نہ قرابت کا لحاظ کرتے ہیں نہ عہد کا، اور وہی لوگ ہیں

الْمُعْتَدُوْنَ ۝١٠ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ

الْمُعْتَدُوْنَ	فَاِنْ	تَابُوْا	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	اٰتَوُا الزَّكٰوةَ	فَاِخْوَانُكُمْ
حد سے بڑھنے والے	پھر اگر وہ	توبہ کرلیں	اور قائم کریں	نماز	اور	ادا کریں زکوٰۃ	تو تمہارے بھائی

حد سے بڑھنے والے - پھر اگر وہ توبہ کر لیں، اور نماز قائم کریں، اور زکوٰۃ ادا کریں، تو وہ تمہارے بھائی ہیں

فِى الدِّيْنِ ؕ وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝١١ وَاِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ

فِى	الدِّيْنِ	وَنُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّعْلَمُوْنَ	وَاِنْ	نَّكَثُوْٓا	اَيْمَانَهُمْ
میں	دین	اور کھول کر بیان کرتے ہیں	آیات	لوگوں کے لئے	علم رکھتے ہیں	اور اگر	وہ توڑ دیں	اپنی قسمیں

دین میں، اور ہم آیات کھول کر بیان کرتے ہیں ان لوگوں کے لئے جو علم رکھتے ہیں - اور اگر وہ اپنی قسمیں توڑ دیں

مِّنۢ بَعۡدِ عَهۡدِهِمۡ وَطَعَنُوۡا فِىۡ دِيۡـنِكُمۡ فَقَاتِلُوۡۤا اَئِمَّةَ الۡـكُفۡرِ‌ۙ اِنَّهُمۡ لَاۤ

مِنْ بَعْدِ	عَهْدِهِمْ	وَطَعَنُوْا	فِيْ	دِيْنِكُمْ	فَقَاتِلُوْا	اَئِمَّةَ الْكُفْرِ	اِنَّهُمْ	لَا
کے بعد سے	اپنا عہد	اور عیب نکالیں	میں	تمہارا دین	تو جنگ کرو	کفر کے سردار	بیشک وہ	نہیں

اپنے عہد کے بعد، اور تمہارے دین میں عیب نکالیں، تو کفر کے سرداروں سے جنگ کرو، بیشک

اَيۡمَانَ لَهُمۡ لَعَلَّهُمۡ يَنۡتَهُوۡنَ ﴿۱۲﴾ اَلَا تُقَاتِلُوۡنَ قَوۡمًا نَّكَثُوۡۤا اَيۡمَانَهُمۡ

اَيْمَانَ	لَهُمْ	لَعَلَّهُمْ	يَنْتَهُوْنَ	اَلَا تُقَاتِلُوْنَ	قَوْمًا	نَكَثُوْا	اَيْمَانَهُمْ
قسم	ان کی	شاید وہ	باز آجائیں	کیا تم نہ لڑوگے ؟	ایسی قوم	اُنہوں نے توڑ ڈالا	اپنا عہد

اُن کی قسمیں کچھ نہیں، شاید وہ باز آجائیں - کیا تم ایسی قوم سے نہ لڑوگے؟ جنہوں نے اپنا عہد توڑ ڈالا

وَهَمُّوۡا بِاِخۡرَاجِ الرَّسُوۡلِ وَهُمۡ بَدَءُوۡكُمۡ اَوَّلَ مَرَّةٍ‌ ؕ اَتَخۡشَوۡنَهُمۡ‌ ۚ

وَهَمُّوْا	بِاِخْرَاجِ	الرَّسُوْلِ	وَهُمْ	بَدَءُوْكُمْ	اَوَّلَ مَرَّةٍ	اَتَخْشَوْنَهُمْ
اور ارادہ کیا	نکالنے کا	رسولؐ	اور وہ	تم سے پہل کی	پہلی بار	کیا تم ان سے ڈرتے ہو؟

اور اُنہوں نے رسولؐ کو نکالنے (جلاوطن کرنے) کا ارادہ کیا اور اُنہوں نے تم سے پہل کی، کیا تم اُن سے ڈرتے ہو؟

فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنۡ تَخۡشَوۡهُ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۳﴾ قَاتِلُوۡهُمۡ يُعَذِّبۡهُمُ اللّٰهُ

فَاللّٰهُ	اَحَقُّ	اَنْ	تَخْشَوْهُ	اِنْ كُنْتُمْ	مُؤْمِنِيْنَ	قَاتِلُوْهُمْ	يُعَذِّبْهُمُ	اللّٰهُ
تو اللہ	زیادہ حقدار	کہ	تم اس سے ڈرو	اگر تم ہو	ایمان والے	تم ان سے لڑو	انہیں عذاب دے	اللہ

تو اللہ زیادہ حق رکھتا ہے کہ تم اس سے ڈرو اگر تم ایمان والے ہو- تم ان سے لڑو (تاکہ) اللہ انہیں عذاب دے

بِاَيۡدِيۡكُمۡ وَيُخۡزِهِمۡ وَيَنۡصُرۡكُمۡ عَلَيۡهِمۡ وَيَشۡفِ صُدُوۡرَ قَوۡمٍ

بِاَيْدِيْكُمْ	وَيُخْزِهِمْ	وَيَنْصُرْكُمْ	عَلَيْهِمْ	وَيَشْفِ	صُدُوْرَ	قَوْمٍ
تمہارے ہاتھوں سے	اور انہیں رسوا کرے	اور تمہیں غالب کرے	اُن پر	اور شفا بخشے (ٹھنڈے کرے)	سینے (دل)	لوگ

تمہارے ہاتھوں سے، اور اُنہیں رُسوا کرے، اور تمہیں اُن پر غالب کرے، اور دل ٹھنڈے کرے

مُّؤۡمِنِيۡنَۙ ﴿۱۴﴾ وَيُذۡهِبۡ غَيۡظَ قُلُوۡبِهِمۡ‌ ؕ وَيَتُوۡبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنۡ يَّشَآءُ‌ ؕ

مُؤْمِنِيْنَ	وَيُذْهِبْ	غَيْظَ	قُلُوْبِهِمْ	وَ	يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى	مَنْ	يَشَاءُ
مومن (جمع)	اور دُور کرے	غصہ	ان کے دل (جمع)	اور	اللہ توبہ قبول کرتا ہے	جسے	چاہے

مومن لوگوں کے- اور ان کے دلوں سے غصہ دُور کرے، اور اللہ جس کی چاہے توبہ قبول کرتا ہے،

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۵﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	اَمْ حَسِبْتُمْ	اَنْ	تُتْرَكُوْا	وَلَمَّا	يَعْلَمِ اللّٰهُ	الَّذِيْنَ
اور اللہ	علم والا	حکمت والا	کیا تم گمان کرتے ہو	کہ	تم چھوڑ دیئے جاؤ گے	اور ابھی نہیں	معلوم کیا اللہ	وہ لوگ جو

اور اللہ علم والا، حکمت والا ہے۔ کیا تم گمان کرتے ہو کہ تم چھوڑ دیئے جاؤ گے؟ (جبکہ) اللہ نے ابھی ان کو معلوم نہیں کیا

جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَلَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلَا رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ

جٰهَدُوْا	مِنْكُمْ	وَلَمْ يَتَّخِذُوْا	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	وَ	لَا رَسُوْلِهٖ	وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ
انہوں نے جہاد کیا	تم میں سے	اور انہوں نے نہیں بنایا	سوا	اللہ	اور	نہ اس کا رسولؐ	اور نہ مومن (جمع)

تم میں سے جنہوں نے جہاد کیا، اور انہوں نے نہیں بنایا کسی کو اللہ کے سوا، اور اس کے رسولؐ اور مومنوں (کے سوا)

۲ ع ۱۰ ۸

وَلِيْجَةً ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ ع مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا

وَلِيْجَةً	وَاللّٰهُ	خَبِيْرٌ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	مَا كَانَ	لِلْمُشْرِكِيْنَ	اَنْ	يَّعْمُرُوْا
رازدار	اور اللہ	باخبر	اس سے جو تم کرتے ہو	نہیں ہے	مشرکوں کے لئے	کہ	وہ آباد کریں

رازدار۔ اور اللہ اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ مشرکوں کا (کام) نہیں کہ وہ آباد کریں

مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ښ

مَسٰجِدَ اللّٰهِ	شٰهِدِيْنَ	عَلٰى	اَنْفُسِهِمْ	بِالْكُفْرِ	اُولٰۗىِٕكَ	حَبِطَتْ	اَعْمَالُهُمْ
اللہ کی مسجدیں	تسلیم کرتے ہوں	پر	اپنی جانیں (اپنے اوپر)	کفر کو	وہی لوگ	اکارت گئے	ان کے اعمال

اللہ کی مسجدیں (جبکہ) اپنے اوپر کفر کو تسلیم کرتے ہوں، وہی لوگ ہیں جن کے عمل اکارت گئے،

وَفِي النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

وَ	فِي النَّارِ	هُمْ	خٰلِدُوْنَ	اِنَّمَا	يَعْمُرُ	مَسٰجِدَ اللّٰهِ	مَنْ	اٰمَنَ	بِاللّٰهِ وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ
اور	جہنم میں	وہ	ہمیشہ رہیں گے	صرف	وہ آباد کرتا ہے	اللہ کی مسجدیں	جو	ایمان لایا	اللہ پر اور	آخرت کا دن

اور وہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔ اللہ کی مسجدیں صرف وہی آباد کرتا ہے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لایا،

وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ فَعَسٰٓى اُولٰۗىِٕكَ اَنْ

وَ	اَقَامَ الصَّلٰوةَ	وَ	اٰتَى الزَّكٰوةَ	وَ	لَمْ يَخْشَ	اِلَّا	اللّٰهَ	فَعَسٰى	اُولٰۗىِٕكَ	اَنْ
اور	اس نے نماز قائم کی	اور	زکوٰۃ ادا کی	اور	وہ نہ ڈرا	سوائے	اللہ	سو امید ہے	وہی لوگ	کہ

اور اس نے نماز قائم کی، اور زکوٰۃ ادا کی، اور وہ اللہ کے سوا کسی سے نہ ڈرا، سو امید ہے کہ وہی لوگ

يَكُوْنُوْا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۸﴾ اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

يَكُوْنُوْا	مِنَ	الْمُهْتَدِيْنَ	اَجَعَلْتُمْ	سِقَايَةَ	الْحَآجِّ	وَ	عِمَارَةَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
ہوں	سے	ہدایت پانے والے	کیا تم نے بنایا (ٹھہرایا)	پانی پلانا	حاجی (جمع)	اور	آباد کرنا	مسجد حرام

ہدایت پانے والوں میں سے ہوں۔ کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانا اور مسجد حرام (خانہ کعبہ) کو آباد کرنا ٹھہرایا ہے

كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ

كَمَنْ	اٰمَنَ	بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَجٰهَدَ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	لَا يَسْتَوٗنَ
اس کے مانند	ایمان لایا	اللہ پر	اور	یوم آخرت	اور اس نے جہاد کیا	میں	اللہ کی راہ	وہ برابر نہیں

اس کے مانند جو اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان لایا، اور اس نے اللہ کی راہ میں جہاد کیا، وہ برابر نہیں ہیں

عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا

عِنْدَ اللّٰهِ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِيْ	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ	اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَهَاجَرُوْا
اللہ کے نزدیک	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ	ظالم (جمع)	جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے ہجرت کی

اللہ کے نزدیک۔ اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی

وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ

وَجٰهَدُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	بِاَمْوَالِهِمْ	وَ	اَنْفُسِهِمْ	اَعْظَمُ	دَرَجَةً	عِنْدَ اللّٰهِ
اور جہاد کیا	میں	اللہ کا راستہ	اپنے مالوں سے	اور	اپنی جانیں	بہت بڑا	درجے	اللہ کے ہاں

اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے جہاد کیا (ان کے) درجے اللہ کے ہاں بہت بڑے ہیں

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾ يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ

وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْفَآئِزُوْنَ	يُبَشِّرُهُمْ	رَبُّهُمْ	بِرَحْمَةٍ	مِّنْهُ	وَرِضْوَانٍ	وَّجَنّٰتٍ
اور وہی لوگ	وہ	مراد کو پہنچنے والے	انہیں خوشخبری دیتا ہے	ان کا رب	رحمت کی	اپنی طرف سے	اور خوشنودی	اور باغات

اور وہی لوگ مراد کو پہنچنے والے ہیں۔ ان کا رب انہیں اپنی طرف سے رحمت اور خوشنودی اور باغات کی خوشخبری دیتا ہے

لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ﴿۲۱﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ

لَهُمْ	فِيْهَا	نَعِيْمٌ	مُّقِيْمٌ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا	اِنَّ	اللّٰهَ	عِنْدَهٗٓ	اَجْرٌ
انکے لئے	ان میں	نعمت	دائمی	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ	بیشک	اللہ	اس کے ہاں	اجر

ان میں ان کے لئے دائمی نعمت ہے۔ وہ اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، بیشک اللہ کے ہاں اجر

عَظِيمٌ ﴿٢٢﴾ يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا آبَاءَكُمْ وَإِخْوَانَكُمْ أَوْلِيَاءَ

عَظِيمٌ	يَاأَيُّهَا	الَّذِينَ آمَنُوا	لَا تَتَّخِذُوا	آبَاءَكُمْ	وَإِخْوَانَكُمْ	أَوْلِيَاءَ
عظیم	اے	وہ لوگ جو ایمان لائے (ایمان والے)	تم نہ بناؤ	اپنے باپ دادا	اور اپنے بھائی	رفیق

عظیم ہے۔ اے ایمان والو! اپنے باپ دادا کو اور اپنے بھائیوں کو رفیق نہ بناؤ

إِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْإِيمَانِ ۚ وَمَنْ يَتَوَلَّهُمْ مِنْكُمْ فَأُولَٰئِكَ هُمُ

إِنِ	اسْتَحَبُّوا	الْكُفْرَ	عَلَى الْإِيمَانِ	وَ	مَنْ	يَتَوَلَّهُمْ	مِنْكُمْ	فَأُولَٰئِكَ	هُمُ
اگر	وہ پسند کریں	کفر	ایمان پر (ایمان کے خلاف)	اور	جو	دوستی کریگا ان سے	تم میں سے	تو وہی لوگ	وہ

اگر وہ لوگ ایمان کے خلاف کفر کو پسند کریں، اور تم میں سے جو اُن سے دوستی کرے گا تو وہی لوگ

الظَّالِمُونَ ﴿٢٣﴾ قُلْ إِنْ كَانَ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ وَإِخْوَانُكُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ

الظَّالِمُونَ	قُلْ	إِنْ	كَانَ	آبَاؤُكُمْ	وَأَبْنَاؤُكُمْ	وَإِخْوَانُكُمْ	وَأَزْوَاجُكُمْ
ظالم (جمع)	کہدیں	اگر	ہوں	تمہارے باپ دادا	اور تمہارے بیٹے	اور تمہارے بھائی	اور تمہاری بیویاں

ظالم ہیں۔ کہدیں، اگر تمہارے باپ دادا، تمہارے بیٹے، اور تمہارے بھائی، اور تمہاری بیویاں،

وَعَشِيرَتُكُمْ وَأَمْوَالٌ اقْتَرَفْتُمُوهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسَاكِنُ

وَعَشِيرَتُكُمْ	وَأَمْوَالٌ	اقْتَرَفْتُمُوهَا	وَتِجَارَةٌ	تَخْشَوْنَ	كَسَادَهَا	وَمَسَاكِنُ
اور تمہارے کنبے	اور مال (جمع)	جو تم نے کمائے	اور تجارت	تم ڈرتے ہو	اس کا نقصان	اور حویلیاں

اور تمہارے کنبے، اور مال جو تم نے کمائے، اور تجارت جس کے نقصان سے تم ڈرتے ہو، اور حویلیاں

تَرْضَوْنَهَا أَحَبَّ إِلَيْكُمْ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَجِهَادٍ فِي سَبِيلِهِ فَتَرَبَّصُوا

تَرْضَوْنَهَا	أَحَبَّ	إِلَيْكُمْ	مِنَ اللَّهِ	وَرَسُولِهِ	وَجِهَادٍ	فِي سَبِيلِهِ	فَتَرَبَّصُوا
جو تم پسند کرتے ہو	زیادہ پیاری	تمہارے لئے (تمہیں)	اللہ سے	اور اس کا رسولؐ	اور جہاد	اس کی راہ میں	انتظار کرو

جن کو تم پسند کرتے ہو، تمہیں اللہ سے اور اس کے رسولؐ سے اور اسکی راہ میں جہاد سے زیادہ پیارے ہوں تو انتظار کرو

حَتَّىٰ يَأْتِيَ اللَّهُ بِأَمْرِهِ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ ﴿٢٤﴾ لَقَدْ

حَتَّىٰ	يَأْتِيَ	اللَّهُ	بِأَمْرِهِ	وَاللَّهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الْفَاسِقِينَ	لَقَدْ
یہانتک کہ	آجائے	اللہ	اس کا حکم	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ	نافرمان	البتہ

یہاں تک کہ اللہ کا حکم آجائے، اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا۔ البتہ

نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ كَثِيْرَةٍ ۙ وَّيَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ

نَصَرَكُمُ	اللّٰهُ	فِيْ	مَوَاطِنَ	كَثِيْرَةٍ	وَ	يَوْمَ حُنَيْنٍ	اِذْ	اَعْجَبَتْكُمْ	كَثْرَتُكُمْ
تمہاری مدد کی	اللہ	میں	میدان (جمع)	بہت سے	اور	حُنین کے دن	جب	تم خوش ہوئے (اترا گئے)	اپنی کثرت

اللہ نے تمہاری مدد کی بہت سے میدانوں میں، اور حُنین کے دن، جب تم اپنی کثرت پر اترا گئے

فَلَمْ تُغْنِ عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّضَاقَتْ عَلَيْكُمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ

فَلَمْ تُغْنِ	عَنْكُمْ	شَيْـًٔا	وَضَاقَتْ	عَلَيْكُمُ	الْاَرْضُ	بِمَا رَحُبَتْ	ثُمَّ
تو نہ فائدہ دیا	تمہیں	کچھ	اور تنگ ہو گئی	تم پر	زمین	فراخی کے باوجود	پھر

تو اس (کثرت) نے تمہیں کچھ فائدہ نہ دیا، اور تم پر زمین فراخی کے باوجود تنگ ہو گئی، پھر

وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ۝۲۵ ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰي رَسُوْلِهٖ وَعَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ

وَلَّيْتُمْ	مُّدْبِرِيْنَ	ثُمَّ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	سَكِيْنَتَهٗ	عَلٰي	رَسُوْلِهٖ	وَ	عَلَي	الْمُؤْمِنِيْنَ
تم پھر گئے	پیٹھ دے کر	پھر	نازل کی	اللہ	اپنی تسکین	پر	اپنے رسولؐ	اور	پر	مومنوں

تم پیٹھ دے کر پھر گئے۔ پھر اللہ نے اپنے رسولؐ پر اور مومنوں پر اپنی تسکین نازل کی،

وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَعَذَّبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَذٰلِكَ جَزَاۗءُ

وَاَنْزَلَ	جُنُوْدًا	لَّمْ تَرَوْهَا	وَعَذَّبَ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	وَذٰلِكَ	جَزَاۗءُ
اور اتارے اس نے	لشکر	وہ تم نے نہ دیکھے	اور عذاب دیا	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	اور یہی	سزا

اور اس نے لشکر اُتارے جو تم نے نہ دیکھے، اور کافروں کو عذاب دیا، اور یہی سزا ہے

الْكٰفِرِيْنَ ۝۲۶ ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰي مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

الْكٰفِرِيْنَ	ثُمَّ	يَتُوْبُ	اللّٰهُ	مِنْۢ بَعْدِ	ذٰلِكَ	عَلٰي	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ
کافر (جمع)	پھر	توبہ قبول کرے گا	اللہ	بعد	اس	پر	جس کی چاہے	اور اللہ	بخشنے والا

کافروں کی۔ پھر اس کے بعد اللہ جس کی چاہے توبہ قبول کرے گا، اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمٌ ۝۲۷ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا

رَّحِيْمٌ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِنَّمَا	الْمُشْرِكُوْنَ	نَجَسٌ	فَلَا يَقْرَبُوا
نہایت مہربان	اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)		اسکے سوا نہیں	مشرک (جمع)	پلید	لہٰذا وہ قریب نہ جائیں

نہایت مہربان ہے۔ اے مومنو! اس کے سوا نہیں کہ مشرک پلید ہیں، لہٰذا وہ قریب نہ جائیں

الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَإِنْ خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيكُمُ اللّٰهُ

الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ	بَعْدَ	عَامِهِمْ	هٰذَا	وَإِنْ	خِفْتُمْ	عَيْلَةً	فَسَوْفَ	يُغْنِيكُمُ	اللّٰهُ
مسجدِ حرام	بعد	سال	اِس	اور اگر	تمہیں ڈر ہو	محتاجی	تو جلد	تمہیں غنی کر دے گا	اللہ

اس سال کے بعد مسجدِ حرام (خانہ کعبہ) کے۔ اور اگر تمہیں محتاجی کا ڈر ہو تو اللہ تمہیں جلد غنی کر دے گا

مِنْ فَضْلِهٖ إِنْ شَاءَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿٢٨﴾ قَاتِلُوا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ

مِنْ	فَضْلِهٖ	إِنْ شَاءَ	إِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيمٌ	حَكِيمٌ	قَاتِلُوا	الَّذِينَ	لَا يُؤْمِنُونَ
سے	اپنا فضل	اگر وہ چاہے	بیشک	اللہ	جاننے والا	حکمت والا	تم لڑو	وہ لوگ جو	ایمان نہیں لائے

اپنے فضل سے اگر چاہے، بیشک اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ تم ان لوگوں سے لڑو جو ایمان نہیں لائے

بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْآخِرِ وَلَا يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُولُهٗ وَ

بِاللّٰهِ	وَلَا	بِالْيَوْمِ الْآخِرِ	وَلَا يُحَرِّمُونَ	مَا حَرَّمَ	اللّٰهُ	وَرَسُولُهٗ	وَ
اللہ پر	اور نہ	یومِ آخرت پر	اور نہ حرام جانتے ہیں	جو حرام ٹھہرایا	اللہ	اور اس کا رسول ﷺ	اور

اللہ پر، اور نہ یومِ آخرت پر، اور نہ حرام جانتے ہیں وہ جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے حرام ٹھہرایا ہے، اور

لَا يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ

لَا يَدِينُونَ	دِينَ الْحَقِّ	مِنَ	الَّذِينَ	أُوتُوا الْكِتٰبَ	حَتّٰى	يُعْطُوا	الْجِزْيَةَ
نہ قبول کرتے ہیں	دینِ حق	سے	وہ لوگ جو	کتاب دیئے گئے (اہلِ کتاب)	یہانتک	وہ دیں	جزیہ

نہ دینِ حق کو قبول کرتے ہیں ان لوگوں میں سے جو اہلِ کتاب ہیں، یہاں تک کہ وہ جزیہ دیں

[ع ٥ — ٤ — ١٠]

عَنْ يَدٍ وَهُمْ صٰغِرُونَ ﴿٢٩﴾ وَقَالَتِ الْيَهُودُ عُزَيْرٌ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ

عَنْ	يَدٍ	وَهُمْ	صٰغِرُونَ	وَقَالَتِ	الْيَهُودُ	عُزَيْرٌ	ابْنُ اللّٰهِ	وَقَالَتِ
سے	ہاتھ	اور وہ	ذلیل ہوکر	اور کہا	یہود	عُزیر	اللہ کا بیٹا	اور کہا

اپنے ہاتھ سے ذلیل ہو کر۔ یہود نے کہا عُزیرؑ اللہ کا بیٹا ہے، اور کہا

النَّصٰرَى الْمَسِيحُ ابْنُ اللّٰهِ ۖ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِأَفْوَاهِهِمْ ۖ يُضَاهِئُونَ

النَّصٰرَى	الْمَسِيحُ	ابْنُ اللّٰهِ	ذٰلِكَ	قَوْلُهُمْ	بِأَفْوَاهِهِمْ	يُضَاهِئُونَ
نصاریٰ	مسیحؑ	اللہ کا بیٹا	یہ	ان کی باتیں	اُن کے مُنہ کی	وہ ریس کرتے ہیں

نصاریٰ نے مسیحؑ اللہ کا بیٹا ہے، یہ باتیں ہیں اُن کے مُنہ کی، وہ ریس کرتے ہیں

قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ؕ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِتَّخَذُوْٓا

قَوْلَ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	مِنْ قَبْلُ	قٰتَلَهُمُ	اللّٰهُ	اَنّٰى	يُؤْفَكُوْنَ	اِتَّخَذُوْٓا
بات	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	پہلے	ہلاک کرے انہیں	اللہ	کہاں	بہکے جاتے ہیں وہ	انہوں نے بنا لیا

پہلے کافروں کی بات کی۔ اللہ انہیں ہلاک کرے، کہاں بہکے جا رہے ہیں؟ انہوں نے بنا لیا

اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ ۚ

اَحْبَارَهُمْ	وَرُهْبَانَهُمْ	اَرْبَابًا	مِّنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	وَالْمَسِيْحَ	ابْنَ مَرْيَمَ
اپنے احبار (علماء)	اور اپنے راہب (درویش)	رب (جمع)	سے	اللہ کے سوا	اور مسیحؑ	ابن مریم

اپنے علماء اور اپنے درویشوں کو رب، اللہ کے سوا، اور مسیحؑ ابن مریم کو (بھی)

وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا

وَمَآ	اُمِرُوْٓا	اِلَّا	لِيَعْبُدُوْٓا	اِلٰهًا وَّاحِدًا	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	سُبْحٰنَهٗ	عَمَّا
اور نہیں	انہیں حکم دیا گیا	مگر	یہ کہ وہ عبادت کریں	معبودِ واحد	نہیں	کوئی معبود	اس کے سوا	وہ پاک ہے	اس سے جو

اور انہیں حکم نہیں دیا گیا مگر یہ کہ وہ معبودِ واحد کی عبادت کریں، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اُس سے پاک ہے جو

يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۱﴾ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَيَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ

يُشْرِكُوْنَ	يُرِيْدُوْنَ	اَنْ	يُّطْفِـُٔوْا	نُوْرَ اللّٰهِ	بِاَفْوَاهِهِمْ	وَيَاْبَى اللّٰهُ	اِلَّآ
وہ شرک کرتے ہیں	وہ چاہتے ہیں	کہ وہ	وہ بجھا دیں	اللہ کا نور	اپنے منہ سے (جمع)	اور نہ رہے گا اللہ	مگر

وہ شرک کرتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ وہ اللہ کے نور کو اپنے مُنہ (کی پھونکوں) سے بجھا دیں اور اللہ (اس کے بغیر) نہ رہے گا مگر

اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۳۲﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى

اَنْ	يُّتِمَّ	نُوْرَهٗ	وَلَوْ	كَرِهَ	الْكٰفِرُوْنَ	هُوَ	الَّذِيْٓ	اَرْسَلَ	رَسُوْلَهٗ	بِالْهُدٰى
یہ کہ	پورا کرے	اپنا نور	خواہ	پسند نہ کریں	کافر (جمع)	وہ	وہ جس نے	بھیجا	اپنا رسول	ہدایت کے ساتھ

یہ کہ اپنے نور کو پورا کرے، خواہ کافر پسند نہ کریں۔ وہ جس نے اپنا رسولؐ بھیجا ہدایت کے ساتھ

وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

وَ	دِيْنِ الْحَقِّ	لِيُظْهِرَهٗ	عَلَى	الدِّيْنِ	كُلِّهٖ	وَلَوْ	كَرِهَ	الْمُشْرِكُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ
اور	دینِ حق	تاکہ اسے غلبہ دے	پر	دین	تمام بھر	خواہ	پسند نہ کریں	مشرک (جمع)	اے	وہ لوگ جو

اور دینِ حق کے ساتھ، تاکہ اسے تمام دینوں پر غلبہ دے، خواہ مشرک پسند نہ کریں۔ اے وہ لوگو! جو

آمَنُوٓا إِنَّ كَثِيرًا مِّنَ الْأَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَأْكُلُونَ أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ

آمَنُوٓا	إِنَّ	كَثِيرًا	مِّنَ	الْأَحْبَارِ	وَالرُّهْبَانِ	لَيَأْكُلُونَ	أَمْوَالَ	النَّاسِ	بِالْبَاطِلِ
ایمان لائے	بیشک	بہت	سے	علماء	اور راہب (درویش)	کھاتے ہیں	مال (جمع)	لوگ (جمع)	ناحق طور پر

ایمان لائے ہو (مومنو)! بیشک بہت سے علماء اور درویش لوگوں کے مال ناحق طور پر کھاتے ہیں،

وَيَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ ۗ وَالَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ

وَيَصُدُّونَ	عَنْ	سَبِيلِ	اللَّهِ	وَ	الَّذِينَ	يَكْنِزُونَ	الذَّهَبَ	وَالْفِضَّةَ
اور روکتے ہیں	سے	راستہ	اللہ	اور	وہ لوگ جو	جمع کر کے رکھتے ہیں	سونا	اور چاندی

اور اللہ کے راستے سے روکتے ہیں، اور وہ لوگ جو سونا اور چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں،

وَلَا يُنْفِقُونَهَا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٣٤﴾ يَوْمَ يُحْمَىٰ عَلَيْهَا

وَلَا يُنْفِقُونَهَا	فِي	سَبِيلِ اللَّهِ	فَبَشِّرْهُمْ	بِعَذَابٍ	أَلِيمٍ	يَوْمَ	يُحْمَىٰ	عَلَيْهَا
اور وہ اسے خرچ نہیں کرتے	میں	اللہ کی راہ	سو انہیں خوشخبری دو	عذاب	دردناک	جس دن	دہکائیں گے	اس پر

اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، سو انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری دو (آگاہ کر دو)۔ جس دن ہم اسے دہکائیں گے

فِي نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوَىٰ بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوبُهُمْ وَظُهُورُهُمْ ۖ هَٰذَا مَا

فِي	نَارِ جَهَنَّمَ	فَتُكْوَىٰ بِهَا	جِبَاهُهُمْ	وَ	جُنُوبُهُمْ	وَظُهُورُهُمْ	هَٰذَا	مَا
میں	جہنم کی آگ	پھر داغا جائے گا اس سے	ان کی پیشانی (جمع)	اور	ان کے پہلو (جمع)	اور ان کی پیٹھ (جمع)	یہ ہے	جو

جہنم کی آگ میں، پھر اس سے اُن کی پیشانیوں، اور ان کے پہلوؤں، اور ان کی پیٹھوں کو داغا جائے گا کہ یہ ہے وہ جو

كَنَزْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ فَذُوقُوا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُونَ ﴿٣٥﴾ إِنَّ عِدَّةَ الشُّهُورِ

كَنَزْتُمْ	لِأَنْفُسِكُمْ	فَذُوقُوا	مَا	كُنْتُمْ تَكْنِزُونَ	إِنَّ	عِدَّةَ	الشُّهُورِ
تم نے جمع کر کے رکھا	اپنے لئے	پس مزہ چکھو	جو	تم جمع کر کے رکھتے تھے	بیشک	تعداد	مہینے

تم نے اپنے لئے جمع کر کے رکھا تھا، پس مزہ چکھو جو تم جمع کر کے رکھتے تھے۔ بیشک مہینوں کی تعداد

عِنْدَ اللَّهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْرًا فِي كِتَابِ اللَّهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ

عِنْدَ اللَّهِ	اثْنَا عَشَرَ	شَهْرًا	فِي	كِتَابِ اللَّهِ	يَوْمَ	خَلَقَ	السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضَ
اللہ کے نزدیک	بارہ	مہینے	میں	اللہ کی کتاب	جس دن	اس نے پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین

اللہ کے نزدیک اللہ کی کتاب میں بارہ مہینے ہے، جس دن اس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا

مِنْهَآ اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ۬ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ اَنْفُسَكُمْ

مِنْهَا	اَرْبَعَةٌ	حُرُمٌ	ذٰلِكَ	الدِّيْنُ الْقَيِّمُ	فَلَا تَظْلِمُوْا	فِيْهِنَّ	اَنْفُسَكُمْ
ان سے (ان میں)	چار	حرمت والے	یہ	سیدھا (درست) دین	پھر نہ ظلم کرو تم	ان میں	اپنے اوپر

اُن میں سے چار حرمت والے (ادب کے) مہینے ہیں، یہی ہے درست دین، پس تم ان میں اپنے اوپر ظلم نہ کرو،

وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

وَ	قَاتِلُوا	الْمُشْرِكِيْنَ	كَآفَّةً	كَمَا	يُقَاتِلُوْنَكُمْ	كَآفَّةً	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ
اور	لڑو	مشرکوں	سب کے سب	جیسے	وہ تم سے لڑتے ہیں	سب کے سب	اور جان لو	کہ	اللہ

اور تم سب کے سب مشرکوں سے لڑو جیسے وہ سب کے سب تم سے لڑتے ہیں، اور جان لو کہ اللہ

مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٦﴾ اِنَّمَا النَّسِيْٓءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

مَعَ	الْمُتَّقِيْنَ	اِنَّمَا	النَّسِيْٓءُ	زِيَادَةٌ	فِي الْكُفْرِ	يُضَلُّ	بِهِ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
ساتھ	پرہیزگار (جمع)	یہ جو	مہینے کا ہٹا دینا	اضافہ	کفر میں	گمراہ ہوتے ہیں	اس سے	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)

پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ یہ جو مہینے کا ہٹا کر (آگے پیچھے کرنا ہے) کفر میں اضافہ ہے، اس سے کافر گمراہ ہوتے ہیں

يُحِلُّوْنَهٗ عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّيُوَاطِـُٔوْا عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا

يُحِلُّوْنَهٗ	عَامًا	وَيُحَرِّمُوْنَهٗ	عَامًا	لِيُوَاطِئُوْا	عِدَّةَ	مَا	حَرَّمَ	اللّٰهُ	فَيُحِلُّوْا
وہ اُس کو حلال کرتے ہیں	ایک سال	اور اسے حرام کر لیتے ہیں	ایک سال	تاکہ وہ پوری کر لیں	گنتی	جو	حرام کیا	اللہ	تو وہ حلال کرتے ہیں

وہ اسے (اس مہینے کو) ایک سال حلال کر لیتے ہیں اور دوسرے سال اسے حرام کر لیتے ہیں تاکہ وہ گنتی پوری کر لیں اس کی جو اللہ نے حرام کئے۔ سو وہ حلال کرتے ہیں

5 | ع ٨ | ١١

مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ؕ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿٣٧﴾

مَا حَرَّمَ	اللّٰهُ	زُيِّنَ	لَهُمْ	سُوْٓءُ	اَعْمَالِهِمْ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الْكٰفِرِيْنَ
جو حرام کیا	اللہ	مزین کر دیئے گئے	انہیں	برے	ان کے اعمال	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	قوم	کافر (جمع)

جو اللہ نے حرام کیا، ان کے برے اعمال انہیں مزین کر دیئے گئے ہیں، اور اللہ کافروں کی قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اثَّاقَلْتُمْ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	مَا لَكُمْ	اِذَا	قِيْلَ	لَكُمُ	انْفِرُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	اثَّاقَلْتُمْ
اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	تمہیں کیا ہوا	جب	کہا جاتا ہے	تمہیں	کوچ کرو	میں	اللہ کی راہ	تم گرے جاتے ہو

اے مومنو! تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ جب تمہیں کہا جاتا ہے کہ اللہ کی راہ میں کوچ کرو تو تم گرے جاتے ہو،

إِلَى الْأَرْضِ ۚ أَرَضِيتُم بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا مِنَ الْآخِرَةِ ۚ فَمَا مَتَاعُ

إِلَى	الْأَرْضِ	أَرَضِيتُم	بِالْحَيَاةِ	الدُّنْيَا	مِنَ	الْآخِرَةِ	فَمَا	مَتَاعُ
طرف (پر)	زمین	کیاتم نے پسند کر لیا	زندگی کو	دنیا	سے (مقابلہ)	آخرت	سو نہیں	سامان

زمین پر، کیاتم نے آخرت کے مقابلہ میں دنیا کی زندگی کو پسند کر لیا ؟ سو (کچھ بھی) نہیں ہے

الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ إِلَّا قَلِيلٌ ﴿٣٨﴾ إِلَّا تَنفِرُوا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا

الْحَيَاةِ	الدُّنْيَا	فِي	الْآخِرَةِ	إِلَّا	قَلِيلٌ	إِلَّا تَنفِرُوا	يُعَذِّبْكُمْ	عَذَابًا
زندگی	دنیا	میں	آخرت	مگر	تھوڑا	اگر نہ نکلو گے	تمہیں عذاب دے گا	عذاب

دنیا کی زندگی کا سامان آخرت کے مقابلہ میں مگر تھوڑا ۔ اگر تم (راہِ خدا) میں نہ نکلو گے تو (اللہ) تمہیں عذاب دے گا

أَلِيمًا وَيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّوهُ شَيْئًا ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ

أَلِيمًا	وَ	يَسْتَبْدِلْ	قَوْمًا	غَيْرَكُمْ	وَ	لَا تَضُرُّوهُ	شَيْئًا	وَاللَّهُ	عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ
دردناک	اور	بدلہ میں لے آئے گا	اور قوم	تمہارے سوا	اور	نہ بگاڑ سکو گے اس کا	کچھ بھی	اور اللہ	ہر چیز پر

دردناک، اور تمہارے سوا کوئی اور قوم بدلہ میں لے آئے گا، اور تم اس کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکو گے، اور اللہ ہر چیز پر

قَدِيرٌ ﴿٣٩﴾ إِلَّا تَنصُرُوهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللَّهُ إِذْ أَخْرَجَهُ الَّذِينَ كَفَرُوا

قَدِيرٌ	إِلَّا تَنصُرُوهُ	فَقَدْ نَصَرَهُ	اللَّهُ	إِذْ	أَخْرَجَهُ	الَّذِينَ	كَفَرُوا
قدرت رکھنے والا	اگر تم مدد نہ کرو گے اس کی	تو البتہ اس کی مدد کی ہے	اللہ	جب	اس کو نکالا	وہ لوگ	جو کافر ہوگئے (کافر)

قدرت رکھنے والا ہے ۔ اگر تم اُس (نبی پاکؐ) کی مدد نہ کرو گے تو البتہ اللہ نے مدد کی ہے جب کافروں نے انہیں نکالا تھا

ثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ إِذْ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ لَا تَحْزَنْ إِنَّ اللَّهَ

ثَانِيَ	اثْنَيْنِ	إِذْ هُمَا	فِي	الْغَارِ	إِذْ	يَقُولُ	لِصَاحِبِهِ	لَا تَحْزَنْ	إِنَّ	اللَّهَ
دوسرا	دو میں	جب وہ دونوں	میں	غار	جب	وہ کہتے تھے	اپنے ساتھی سے	گھبراؤ نہیں	یقیناً	اللہ

وہ دو میں سے دوسرے تھے جب وہ دونوں غار (ثور) میں تھے جب وہ اپنے ساتھی (ابوبکر صدیقؓ) سے کہتے تھے، گھبراؤ نہیں، یقیناً اللہ

مَعَنَا ۖ فَأَنزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَيْهِ وَأَيَّدَهُ بِجُنُودٍ لَّمْ تَرَوْهَا

مَعَنَا	فَأَنزَلَ	اللَّهُ	سَكِينَتَهُ	عَلَيْهِ	وَ	أَيَّدَهُ	بِجُنُودٍ	لَمْ تَرَوْهَا
ہمارے ساتھ	تو نازل کی	اللہ	اپنی تسکین	اس پر	اور	اسکی مدد کی	ایسے لشکروں سے	جو تم نے نہیں دیکھے

ہمارے ساتھ ہے، تو اس نے اُن پر اپنی تسکین نازل کی اور ایسے لشکروں سے اُن کی مدد کی جو تم نے نہیں دیکھے،

وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ۭ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ۭ

وَجَعَلَ	كَلِمَةَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	السُّفْلٰى	وَ	كَلِمَةُ اللّٰهِ	هِيَ	الْعُلْيَا
اور کر دی	بات	وہ لوگ جو	انہوں نے کفر کیا (کافر)	پست (نیچی)	اور	اللہ کا کلمہ (بول)	وہ	بالا

اور کافروں کی بات پست کر دی ، اور اللہ کا کلمہ (بول) بالا ہے ،

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٤٠﴾ اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ

وَاللّٰهُ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	اِنْفِرُوْا	خِفَافًا	وَّثِقَالًا	وَجَاهِدُوْا	بِاَمْوَالِكُمْ
اور اللہ	غالب	حکمت والا	تم نکلو	ہلکا - ہلکے	اور/یا بھاری	اور جہاد کرو	اپنے مالوں سے

اور اللہ غالب حکمت والا ہے ۔ تم نکلو ہلکے ہو یا بھاری اور اپنے مالوں سے جہاد کرو

وَاَنْفُسِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٤١﴾

وَاَنْفُسِكُمْ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	ذٰلِكُمْ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ
اور اپنی جانوں	میں	اللہ کی راہ	یہ تمہارے لئے	بہتر	تمہارے لئے	اگر	تم ہو	جانتے ہو

اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں، یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔

لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَلٰكِنْۢ بَعُدَتْ

لَوْ	كَانَ	عَرَضًا	قَرِيْبًا	وَّسَفَرًا	قَاصِدًا	لَّاتَّبَعُوْكَ	وَلٰكِنْ	بَعُدَتْ
اگر	ہوتا	مال (غنیمت)	قریب	اور سفر	آسان	تو آپ کے پیچھے ہو لیتے	اور لیکن	دُور نظر آیا

اگر مالِ غنیمت قریب ، اور سفر آسان ہوتا تو وہ آپ کے پیچھے ہو لیتے ، لیکن دُور نظر آیا

عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ۭ وَسَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ

عَلَيْهِمُ	الشُّقَّةُ	وَسَيَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	لَوِ اسْتَطَعْنَا	لَخَرَجْنَا	مَعَكُمْ
اُن پر	راستہ	اور اب قسمیں کھائیں گے	اللہ کی	اگر ہم سے ہو سکتا	ہم ضرور نکلتے	تمہارے ساتھ

اُنہیں راستہ ، اور اب اللہ کی قسمیں کھائیں گے کہ اگر ہم سے ہو سکتا تو ہم ضرور تمہارے ساتھ نکلتے ،

٦ ع ٥ ١٢

يُهْلِكُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿٤٢﴾ ع عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ

يُهْلِكُوْنَ	اَنْفُسَهُمْ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	عَفَا	اللّٰهُ	عَنْكَ
وہ ہلاک کر رہے ہیں	اپنے آپ	اور اللہ	جانتا ہے	کہ وہ	یقیناً جھوٹے ہیں	معاف کرے	اللہ	تمہیں

وہ اپنے آپ کو ہلاک کر رہے ہیں ، اور اللہ جانتا ہے کہ وہ یقیناً جھوٹے ہیں ۔ اللہ تمہیں معاف کرے

لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٤٣﴾

لِمَ	اَذِنْتَ	لَهُمْ	حَتّٰى	يَتَبَيَّنَ	لَكَ	الَّذِيْنَ	صَدَقُوْا	وَتَعْلَمَ	الْكٰذِبِيْنَ
کیوں	تم نے اجازت دی	اُنہیں	یہاں تک	ظاہر ہوجائے	آپ پر	وہ لوگ جو	سچے	اور آپ جان لیتے	جھوٹے

آپ نے (اس سے پیشتر) اُنہیں کیوں اجازت دیدی؟ یہاں تک کہ آپ پر ظاہر ہوجاتے وہ لوگ جو سچے ہیں، اور آپ جان لیتے جھوٹوں کو۔

لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا

لَا يَسْتَاْذِنُكَ	الَّذِيْنَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	اَنْ	يُّجَاهِدُوْا
نہیں مانگتے آپ سے رخصت	وہ لوگ جو	ایمان رکھتے ہیں	اللہ پر	اور یوم آخرت	کہ	وہ جہاد کریں

آپ سے وہ لوگ رخصت نہیں مانگتے، جو اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہیں، کہ وہ جہاد کریں

بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿٤٤﴾ اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ

بِاَمْوَالِهِمْ	وَاَنْفُسِهِمْ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِالْمُتَّقِيْنَ	اِنَّمَا	يَسْتَاْذِنُكَ
اپنے مالوں سے	اور اپنی جان (جمع)	اور اللہ	خوب جانتا ہے	متقیوں کو	وہی صرف	آپ سے رخصت مانگتے ہیں

اپنے مالوں سے اور اپنی جانوں سے، اور اللہ متقیوں (ڈرنے والے، پرہیزگاروں) کو خوب جانتا ہے۔ آپ سے صرف وہ لوگ رخصت مانگتے ہیں

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَارْتَابَتْ قُلُوْبُهُمْ

الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَارْتَابَتْ	قُلُوْبُهُمْ
وہ لوگ جو	ایمان نہیں رکھتے	اللہ پر	اور یوم آخرت	اور شک میں پڑے ہیں	اُن کے دل

جو اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان نہیں رکھتے، اور ان کے دل شک میں پڑے ہیں

فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ

فَهُمْ	فِيْ	رَيْبِهِمْ	يَتَرَدَّدُوْنَ	وَلَوْ	اَرَادُوا	الْخُرُوْجَ	لَاَعَدُّوْا	لَهٗ
سو وہ	میں	اپنے شک	بھٹک رہے ہیں	اور اگر	وہ ارادہ کرتے	نکلنے کا	ضرور تیار کرتے	اس کے لئے

سو وہ اپنے شک میں بھٹک رہے ہیں۔ اور اگر وہ نکلنے کا ارادہ کرتے تو اس کے لئے ضرور تیار کرتے

عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿٤٦﴾

عُدَّةً	وَّلٰكِنْ	كَرِهَ	اللّٰهُ	انْۢبِعَاثَهُمْ	فَثَبَّطَهُمْ	وَقِيْلَ	اقْعُدُوْا	مَعَ	الْقٰعِدِيْنَ
کچھ سامان	اور لیکن	ناپسند کیا	اللہ	ان کا اُٹھنا	سو ان کو روک دیا	اور کہا گیا	بیٹھ جاؤ	ساتھ	بیٹھنے والے

کچھ سامان، لیکن اللہ نے اُن کا اُٹھنا ناپسند کیا، سو ان کو روک دیا اور کہہ دیا گیا (معذور) بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھ جاؤ۔

لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا وَّلَاْ اَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ يَبْغُوْنَكُمُ

لَوْ	خَرَجُوْا	فِيْكُمْ	مَا	زَادُوْكُمْ	اِلَّا	خَبَالًا	وَ	لَاْ اَوْضَعُوْا	خِلٰلَكُمْ	يَبْغُوْنَكُمُ
اگر	وہ نکلتے	تم میں	نہ	تمہیں بڑھاتے	مگر (سوائے)	خرابی	اور	دوڑے پھرتے	تمہارے درمیان	تمہارے لیئے چاہتے ہیں

اور اگر وہ تم میں (تمہارے ساتھ) نکلتے تمہارے لیئے خرابی کے سوا کچھ نہ بڑھاتے، اور تمہارے درمیان دوڑے پھرتے چاہتے ہوئے تمہارے لیئے

الْفِتْنَةَ ۚ وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَقَدِ ابْتَغَوُا

الْفِتْنَةَ	وَفِيْكُمْ	سَمّٰعُوْنَ	لَهُمْ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِالظّٰلِمِيْنَ	لَقَدِ ابْتَغَوُا
بگاڑ	اور تم میں	سننے والے (جاسوس)	ان کے	اور اللہ	خوب جانتا ہے	ظالموں کو	البتہ چاہا تھا انہوں نے

بگاڑ، اور تم میں اُن کے جاسوس ہیں، اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔ البتہ انہوں نے چاہا تھا

الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَاۗءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ

الْفِتْنَةَ	مِنْ قَبْلُ	وَ قَلَّبُوْا	لَكَ	الْاُمُوْرَ	حَتّٰى	جَاۗءَ	الْحَقُّ	وَ ظَهَرَ
بگاڑ	اس سے قبل	انہوں نے اُلٹ پلٹ کیں	تمہارے لیئے	تدبیریں	یہاں تک کہ	آگیا	حق	اور غالب آگیا

اس سے قبل بھی بگاڑ، اور اُنہوں نے تمہارے لیئے تدبیریں اُلٹ پلٹ کیں، یہاں تک کہ حق آگیا، اور غالب آگیا

اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ ۭ

اَمْرُ اللّٰهِ	وَهُمْ	كٰرِهُوْنَ	وَمِنْهُمْ	مَنْ	يَّقُوْلُ	ائْذَنْ	لِيْ	وَ	لَا تَفْتِنِّيْ
امرِ الٰہی	اور وہ	پسند نہ کرنے والے	اور ان میں سے	جو۔ کوئی	کہتا ہے	اجازت دیں	مجھے		اور نہ ڈالیں مجھے آزمائش میں

امرِ الٰہی اور وہ پسند نہ کرنے والے (ناخوش) ہے۔ اور ان میں سے کوئی کہتا ہے مجھے اجازت دیں اور مجھے آزمائش میں نہ ڈالیں

اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ۭ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۹﴾ اِنْ تُصِبْكَ

اَلَا	فِي	الْفِتْنَةِ	سَقَطُوْا	وَاِنَّ	جَهَنَّمَ	لَمُحِيْطَةٌ	بِالْكٰفِرِيْنَ	اِنْ	تُصِبْكَ
یاد رکھو	میں	آزمائش	وہ پڑ چکے ہیں	اور بیشک	جہنم	گھیرے ہوئے	کافروں کو	اگر	تمہیں پہنچے

یاد رکھو وہ آزمائش میں پڑ چکے ہیں، اور بیشک جہنم کافروں کو گھیرے ہوئے ہے۔ اگر تمہیں پہنچے

حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَاِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ اَخَذْنَآ اَمْرَنَا

حَسَنَةٌ	تَسُؤْهُمْ	وَاِنْ	تُصِبْكَ	مُصِيْبَةٌ	يَقُوْلُوْا	قَدْ اَخَذْنَا	اَمْرَنَا
کوئی بھلائی	انہیں بُری لگے	اور اگر	تمہیں پہنچے	کوئی مصیبت	تو وہ کہیں	ہم نے پکڑ لیا (سنبھال لیا) تھا	اپنا کام

کوئی بھلائی تو اُنہیں بُری لگے، اور تمہیں کوئی مصیبت پہنچے تو وہ کہیں ہم نے اپنا کام سنبھال لیا تھا

مِنْ قَبْلُ وَ يَتَوَلَّوْا وَّهُمْ فَرِحُوْنَ ۝٥٠ قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا

مِنْ قَبْلُ	وَ	يَتَوَلَّوْا	وَهُمْ	فَرِحُوْنَ	قُلْ	لَنْ يُّصِيْبَنَا	اِلَّا	مَا
اس سے پہلے	اور	وہ لوٹ جاتے ہیں	اور وہ	خوشیاں مناتے	آپ کہہ دیں	ہرگز نہ پہنچے گا ہمیں	مگر	جو

اس سے پہلے اور وہ خوشیاں مناتے لوٹ جاتے ہیں۔ آپ کہہ دیں ہمیں ہرگز نہ پہنچے گا مگر (وہی) جو

كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝٥١ قُلْ هَلْ

كَتَبَ	اللّٰهُ	لَنَا	هُوَ	مَوْلٰىنَا	وَ	عَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ	قُلْ هَلْ
لکھ دیا	اللہ	ہمارے لئے	وہی	ہمارا مولا	اور	اللہ پر	بھروسہ چاہیے	مومن (جمع)	آپ کہہ دیں کیا

اللہ نے ہمارے لئے لکھ دیا ہے، وہی ہمارا مولا ہے۔ اور مومنوں کو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے ۔ آپ کہہ دیں کیا

تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى الْحُسْنَيَيْنِ ۭ وَنَحْنُ نَتَرَبَّصُ بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ

تَرَبَّصُوْنَ	بِنَا	اِلَّا	اِحْدَى	الْحُسْنَيَيْنِ	وَنَحْنُ	نَتَرَبَّصُ	بِكُمْ	اَنْ	يُّصِيْبَكُمُ
تم انتظار کرتے ہو	ہم پر	مگر	ایک کا	دو خوبیوں	اور ہم	انتظار کرتے ہیں	تمہارے لئے	کہ	تمہیں پہنچے

تم ہر دو خوبیوں میں سے ہم پر ایک کا انتظار کرتے ہو، اور ہم تمہارے لئے انتظار کر رہے ہیں کہ تمہیں پہنچے

اللّٰهُ بِعَذَابٍ مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ڮ فَتَرَبَّصُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ۝٥٢

اللّٰهُ	بِعَذَابٍ	مِنْ	عِنْدِهٖ	اَوْ	بِاَيْدِيْنَا	فَتَرَبَّصُوْا	اِنَّا	مَعَكُمْ	مُتَرَبِّصُوْنَ
اللہ	کوئی عذاب	سے	اس کے پاس	یا	ہمارے ہاتھوں سے	سو تم انتظار کرو	ہم	تمہارے ساتھ	انتظار کرنیوالے (منتظر)

اللہ کے پاس سے کوئی عذاب یا ہمارے ہاتھوں سے، سو تم انتظار کرو، ہم (بھی) تمہارے ساتھ منتظر ہیں۔

قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ۭ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا

قُلْ	اَنْفِقُوْا	طَوْعًا	اَوْ	كَرْهًا	لَنْ	يُّتَقَبَّلَ	مِنْكُمْ	اِنَّكُمْ	كُنْتُمْ	قَوْمًا
آپ کہہ دیں	تم خرچ کرو	خوشی سے	یا	ناخوشی سے	ہرگز نہ قبول کیا جائے گا		تم سے	بیشک تم	تم ہو	قوم

آپ کہہ دیں تم خوشی سے خرچ کرو یا ناخوشی سے، ہرگز تم سے قبول نہ کیا جائے گا، بیشک تم ہو قوم

فٰسِقِيْنَ ۝٥٣ وَمَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا

فٰسِقِيْنَ	وَمَا	مَنَعَهُمْ	اَنْ	تُقْبَلَ	مِنْهُمْ	نَفَقٰتُهُمْ	اِلَّا	اَنَّهُمْ	كَفَرُوْا
فاسق (جمع)	اور نہ	اُن سے مانع ہوا	کہ	قبول کیا جائے	ان سے	ان کا خرچ	مگر	یہ کہ وہ	منکر ہوئے

فاسقین (نافرمانوں کی قوم)۔ اور اُن کے خرچ قبول ہونے میں مانع نہ ہوا مگر یہ کہ وہ منکر ہوئے

بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَهُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ

بِاللّٰهِ	وَبِرَسُوْلِهٖ	وَ	لَا يَاْتُوْنَ	الصَّلٰوةَ	اِلَّا	وَهُمْ	كُسَالٰى	وَ	لَا يُنْفِقُوْنَ
اللہ کے	اور اس کے رسول کے	اور	وہ نہیں آتے	نماز	مگر	اور وہ	سست	اور	وہ خرچ نہیں کرتے

اللہ اور اس کے رسولؐ کے، اور وہ نماز کو نہیں آتے مگر سستی سے، اور وہ خرچ نہیں کرتے

اِلَّا وَهُمْ كٰرِهُوْنَ ﴿۵۴﴾ فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ ۭ اِنَّمَا

اِلَّا	وَهُمْ	كٰرِهُوْنَ	فَلَا تُعْجِبْكَ	اَمْوَالُهُمْ	وَلَآ	اَوْلَادُهُمْ	اِنَّمَا
مگر	اور وہ	ناخوشی سے	سو تمہیں تعجب نہ ہو	ان کے مال	اور نہ	ان کی اولاد	یہی

مگر ناخوشی سے۔ سو تمہیں تعجب نہ ہو ان کے مالوں پر، اور نہ ان کی اولاد پر،

يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ

يُرِيْدُ	اللّٰهُ	لِيُعَذِّبَهُمْ	بِهَا	فِي	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَتَزْهَقَ	اَنْفُسُهُمْ	وَهُمْ
چاہتا ہے	اللہ	کہ عذاب دے انہیں	اس سے	میں	دنیا کی زندگی	اور نکلیں	ان کی جانیں	اور وہ

اللہ یہی چاہتا ہے کہ انہیں اس سے دنیا کی زندگی میں عذاب دے، اور ان کی جانیں نکلیں تو (اس وقت) بھی وہ

كٰفِرُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ۭ وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ

كٰفِرُوْنَ	وَيَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	اِنَّهُمْ	لَمِنْكُمْ	وَمَا	هُمْ	مِّنْكُمْ	وَلٰكِنَّهُمْ	قَوْمٌ
کافر ہوں	اور قسمیں کھاتے ہیں	اللہ کی	بیشک وہ	البتہ تم میں سے	حالانکہ نہیں	وہ	تم میں سے	اور لیکن وہ	لوگ

کافر ہوں۔ اور وہ اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں کہ بیشک وہ تم میں سے ہیں، حالانکہ وہ تم میں سے نہیں، لیکن وہ لوگ

يَّفْرَقُوْنَ ﴿۵۶﴾ لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ

يَفْرَقُوْنَ	لَوْ يَجِدُوْنَ	مَلْجَاً	اَوْ مَغٰرٰتٍ	اَوْ	مُدَّخَلًا	لَّوَلَّوْا	اِلَيْهِ
ڈرتے ہیں	اگر وہ پائیں	پناہ کی جگہ	اور غار (جمع)	یا	گھسنے کی جگہ	تو وہ پھر جائیں	اس کی طرف

ڈرتے ہیں۔ اگر وہ پائیں کوئی پناہ کی جگہ، یا غار، یا گھسنے (سر سمانے) کی جگہ تو وہ اس کی طرف پھر جائیں

وَهُمْ يَجْمَحُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا

وَهُمْ	يَجْمَحُوْنَ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	يَّلْمِزُكَ	فِي	الصَّدَقٰتِ	فَاِنْ	اُعْطُوْا	مِنْهَا
اور وہ	رسیاں تڑاتے ہیں	اور ان میں سے	جو (بعض)	طعن کرتا ہے آپؐ پر	میں	صدقات	سو اگر	انہیں دیدیا جائے	اس سے

رسیاں تڑاتے ہوئے۔ اور ان میں سے بعض آپؐ پر صدقات (کی تقسیم میں) طعن کرتے ہیں، سو اگر اس سے انہیں دیدیا جائے

رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ ﴿٥٨﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا

رَضُوْا	وَاِنْ	لَمْ يُعْطَوْا	مِنْهَا	اِذَا	هُمْ	يَسْخَطُوْنَ	وَلَوْ	اَنَّهُمْ	رَضُوْا
وہ راضی ہوجائیں	اور اگر	انہیں نہ دیا جائے	اس سے	اسی وقت	وہ	ناراض ہوجاتے ہیں	کیا اچھا ہوتا	اگر وہ	راضی ہوجاتے

تو وہ راضی ہوجائیں اور اگر انہیں اس سے نہ دیا جائے تو وہ اسی وقت ناراض ہوجاتے ہیں۔ کیا اچھا ہوتا اگر وہ (اس پر) راضی ہوجاتے

مَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ

مَا	اٰتٰهُمُ	اللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ	وَقَالُوْا	حَسْبُنَا	اللّٰهُ	سَيُؤْتِيْنَا	اللّٰهُ
جو	اُنہیں دیا	اللہ	اور اس کا رسول	اور وہ کہتے	ہمیں کافی ہے	اللہ	اب ہمیں دے گا	اللہ

جو اللہ نے اور اُس کے رسولؐ نے اُنہیں دیا، اور وہ کہتے ہمیں اللہ کافی ہے، اب ہمیں دے گا اللہ

مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿٥٩﴾ ع اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ

مِنْ	فَضْلِهٖ	وَرَسُوْلُهٗ	اِنَّا	اِلَى	اللّٰهِ	رٰغِبُوْنَ	اِنَّمَا	الصَّدَقٰتُ	لِلْفُقَرَآءِ
سے	اپنا فضل	اور اس کا رسول	بیشک ہم	طرف	اللہ	رغبت رکھتے ہیں	صرف	زکوٰۃ	مفلس (جمع)

اپنے فضل سے، بیشک ہم اللہ اور اس کے رسول کی طرف رغبت رکھتے ہیں۔ زکوٰۃ (حق ہے) صرف مفلسوں کا،

وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ وَفِى الرِّقَابِ

وَالْمَسٰكِيْنِ	وَالْعٰمِلِيْنَ	عَلَيْهَا	وَالْمُؤَلَّفَةِ	قُلُوْبُهُمْ	وَفِى	الرِّقَابِ
مسکین (جمع) محتاج	اور کام کرنے والے	اس پر	اور الفت دی جائے	ان کے دل	اور میں	گردنوں (کے چھڑانے)

اور محتاجوں کا، اور اس پر کام کرنے والے (کارکنوں کا) اور (اُن لوگوں کا) جنہیں (اسلام کی) الفت دی جائے اور گردنوں کے چھڑانے (آزاد کرانے) میں

وَالْغٰرِمِيْنَ وَفِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ۭ

وَالْغٰرِمِيْنَ	وَ	فِىْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَابْنِ السَّبِيْلِ	فَرِيْضَةً	مِنَ	اللّٰهِ
تاوان بھرنے والے قرضدار	اور	میں	اللہ کی راہ	اور مسافر	فریضہ (ٹھہرایا ہوا)	سے	اللہ

اور قرضداروں کا (قرض ادا کرنے) میں، اور اللہ کی راہ میں، اور مسافروں کا (یہ) اللہ کی طرف سے ٹھہرایا ہوا فریضہ ہے،

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٦٠﴾ وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِىَّ وَيَقُوْلُوْنَ

وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ	وَمِنْهُمُ	الَّذِيْنَ	يُؤْذُوْنَ	النَّبِىَّ	وَيَقُوْلُوْنَ
اور اللہ	علم والا	حکمت والا	اور ان میں سے	جو لوگ	ایذا دیتے (ستاتے) ہیں	نبیؐ	اور کہتے ہیں

اور اللہ علم والا، حکمت والا ہے۔ اور ان میں سے بعض لوگ نبیؐ کو ستاتے ہیں اور کہتے ہیں

هُوَ اُذُنٌ ؕ قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ

هُوَ	اُذُنٌ	قُلْ	اُذُنُ	خَيْرٍ	لَّكُمْ	يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَيُؤْمِنُ	لِلْمُؤْمِنِيْنَ
وہ (یہ)	کان	آپ کہہ دیں	کان	بھلائی	تمہارے لئے	وہ ایمان لاتے ہیں	اللہ پر	اور یقین رکھتے ہیں	مومنوں پر

یہ تو کان ہے (کانوں کا کچا ہے) آپ کہہ دیں کان تمہاری بھلائی کے لئے ہے، وہ اللہ پر ایمان لاتے ہیں، اور مومنوں پر یقین رکھتے ہیں

وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ لَهُمْ

وَ	رَحْمَةٌ	لِّلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَالَّذِيْنَ	يُؤْذُوْنَ	رَسُوْلَ اللّٰهِ	لَهُمْ
اور	رحمت	ان لوگوں کے لئے جو	ایمان لائے	تم میں	اور جو لوگ	ستاتے ہیں	اللہ کا رسول	ان کے لئے

اور ان لوگوں کے لئے رحمت، ہیں جو تم میں سے ایمان لائے، اور جو لوگ اللہ کے رسولؐ کو ستاتے ہیں، ان کے لئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۱﴾ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَحَقُّ

عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	يَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	لَكُمْ	لِيُرْضُوْكُمْ	وَاللّٰهُ	وَرَسُوْلُهٗ	اَحَقُّ
عذاب	دردناک	وہ قسمیں کھاتے ہیں	اللہ کی	تمہارے لئے	تاکہ تمہیں خوش کریں	اور اللہ	اور اس کا رسول	زیادہ حق

دردناک عذاب ہے۔ وہ تمہارے لئے (تمہارے سامنے) اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں تاکہ تمہیں خوش کریں، اور اللہ اور اس کے رسولؐ کا زیادہ حق ہے

اَنْ يُّرْضُوْهُ اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۲﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ

اَنْ	يُّرْضُوْهُ	اِنْ	كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ	اَلَمْ يَعْلَمُوْا	اَنَّهٗ	مَنْ	يُّحَادِدِ	اللّٰهَ
کہ	وہ ان کو خوش کریں	اگر	وہ ایمان والے ہیں	کیا وہ نہیں جانتے	کہ وہ	جو	مقابلہ کرے گا	اللہ

کہ وہ انہیں خوش کریں، اگر وہ ایمان والے ہیں۔ کیا وہ نہیں جانتے؟ کہ جو مقابلہ کرے گا اللہ کا

وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۳﴾

وَرَسُوْلَهٗ	فَاَنَّ	لَهٗ	نَارَ جَهَنَّمَ	خَالِدًا	فِيْهَا	ذٰلِكَ	الْخِزْيُ	الْعَظِيْمُ
اور اس کا رسول	تو بیشک	اس کے لئے	دوزخ کی آگ	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	یہ	رسوائی	بڑی

اور اس کے رسولؐ کا تو بیشک اس کے لئے دوزخ کی آگ ہے وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، یہ بڑی رسوائی ہے۔

يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ

يَحْذَرُ	الْمُنٰفِقُوْنَ	اَنْ تُنَزَّلَ	عَلَيْهِمْ	سُوْرَةٌ	تُنَبِّئُهُمْ	بِمَا	فِيْ	قُلُوْبِهِمْ
ڈرتے ہیں	منافق (جمع)	کہ نازل ہو	ان (مسلمانوں) پر	کوئی سورۃ	انہیں جتا دے	وہ جو	میں	ان کے دل (جمع)

منافقین ڈرتے ہیں کہ مسلمانوں پر کوئی ایسی سورۃ نازل (نہ) ہو جائے جو انہیں (مسلمانوں کو) جتادے جو ان (منافقوں) کے دلوں میں ہے۔

قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ

قُلِ	اسْتَهْزِءُوْا	اِنَّ اللّٰهَ	مُخْرِجٌ	مَا تَحْذَرُوْنَ	وَلَئِنْ	سَاَلْتَهُمْ	لَيَقُوْلُنَّ
آپ کہدیں	ٹھٹھے کرتے رہو	بیشک اللہ	کھولنے والا	جس سے تم ڈرتے ہو	اور اگر	تم اُن سے پوچھو	تو وہ ضرور کہیں گے

آپؐ کہدیں تم ٹھٹھے (ہنسی مذاق) کرتے رہو، بیشک تم جس سے ڈرتے ہو اللہ اسے کھولنے والا ہے (کھول کر لائے گا) اور اگر تم اُن سے پوچھو تو وہ ضرور کہیں گے

اِنَّمَا كُنَّا نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۶۵﴾

اِنَّمَا	كُنَّا	نَخُوْضُ	وَنَلْعَبُ	قُلْ	اَبِاللّٰهِ	وَاٰيٰتِهٖ	وَرَسُوْلِهٖ	كُنْتُمْ	تَسْتَهْزِءُوْنَ
کچھ نہیں (صرف)	ہم تھے	دل لگی کرتے	اور کھیل کرتے	آپؐ کہدیں	کیا اللہ کے	اور اسکی آیات	اور اس کا رسول	تم تھے	ہنسی کرتے

ہم تو صرف دل لگی اور کھیل کرتے ہیں، آپؐ کہدیں کیا تم اللہ سے، اور اس کی آیات سے، اور اس کے رسولؐ سے ہنسی کرتے تھے؟

لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ عَنْ طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ

لَا تَعْتَذِرُوْا	قَدْ كَفَرْتُمْ	بَعْدَ	اِيْمَانِكُمْ	اِنْ	نَّعْفُ	عَنْ	طَآئِفَةٍ	مِّنْكُمْ
نہ بناؤ بہانے	تم کافر ہوگئے ہو	بعد	تمہارا (اپنا) ایمان	اگر	ہم معاف کردیں	سے (کو)	ایک گروہ	تم میں سے

بہانے نہ بناؤ تم اپنے ایمان لانے کے بعد کافر ہو گئے، اور ہم تم میں سے ایک گروہ کو معاف کر دیں

نُعَذِّبْ طَآئِفَةًۢ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۶۶﴾ اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ

نُعَذِّبْ	طَآئِفَةً	بِاَنَّهُمْ	كَانُوْا	مُجْرِمِيْنَ	اَلْمُنٰفِقُوْنَ	وَالْمُنٰفِقٰتُ
ہم عذاب دیں	ایک (دوسرا) گروہ	اس لئے کہ وہ	تھے	مجرم (جمع)	منافق مرد (جمع)	اور منافق عورتیں

تو دوسرے گروہ کو عذاب دیں گے اس لئے کہ وہ مجرم تھے - منافق مرد اور منافق عورتیں

بَعْضُهُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ

بَعْضُهُمْ	مِّنْ	بَعْضٍ	يَاْمُرُوْنَ	بِالْمُنْكَرِ	وَيَنْهَوْنَ	عَنِ	الْمَعْرُوْفِ
ان میں سے بعض	سے	بعض کے	وہ حکم دیتے ہیں	بُرائی کا	اور منع کرتے ہیں	سے	نیکی

ان میں سے بعض، بعض کے (ایکدوسرے کے ہم جنس) ہیں، بُرائی کا حکم دیتے ہیں اور نیکی سے روکتے ہیں،

وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ؕ نَسُوا اللّٰهَ فَنَسِيَهُمْ ؕ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۶۷﴾

وَيَقْبِضُوْنَ	اَيْدِيَهُمْ	نَسُوا	اللّٰهَ	فَنَسِيَهُمْ	اِنَّ	الْمُنٰفِقِيْنَ	هُمُ	الْفٰسِقُوْنَ
اور بند رکھتے ہیں	اپنے ہاتھ	وہ بھول بیٹھے	اللہ	تو اس نے انہیں بھلا دیا	بیشک	منافق (جمع)	وہ (ہی)	نافرمان (جمع)

اور اپنے ہاتھ (مٹھیاں خرچ کرنے سے) بند رکھتے ہیں، وہ اللہ کو بھول بیٹھے تو اللہ نے انہیں بھلا دیا، بیشک منافق ہی نافرمان ہیں۔

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ

وَعَدَ اللّٰهُ	الْمُنٰفِقِيْنَ	وَالْمُنٰفِقٰتِ	وَالْكُفَّارَ	نَارَ جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا
اللہ نے وعدہ دیا	منافق مرد (جمع)	اور منافق عورتیں (جمع)	اور کافر (جمع)	جہنم کی آگ	ہمیشہ رہیں گے	اس میں

اللہ نے منافق مردوں، اور منافق عورتوں، اور کافروں کو جہنم کی آگ کا وعدہ دیا ہے، اس میں ہمیشہ رہیں گے،

هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۶۸﴾ كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

هِيَ	حَسْبُهُمْ	وَلَعَنَهُمُ	اللّٰهُ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	مُّقِيْمٌ	كَالَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكُمْ
وہی	ان کے لئے کافی	ان پر لعنت کی	اللہ	اور ان کیلئے	عذاب	ہمیشہ رہنے والا	جس طرح وہ لوگ جو	تم سے قبل

وہی ان کے لئے کافی ہے، اور ان پر اللہ نے لعنت کی، اور ان کے لئے ہمیشہ رہنے والا عذاب ہے۔ جس طرح وہ لوگ جو تم سے قبل تھے

كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ؕ فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ

كَانُوْٓا	اَشَدَّ	مِنْكُمْ	قُوَّةً	وَّاَكْثَرَ	اَمْوَالًا	وَّاَوْلَادًا	فَاسْتَمْتَعُوْا	بِخَلَاقِهِمْ
وہ تھے	بہت زور والے	تم سے	قوت	اور زیادہ	مال میں	اور اولاد	سوانہوں نے فائدہ اٹھایا	اپنے حصے سے

وہ تم سے بہت زور والے تھے قوت میں، اور زیادہ تھے مال میں اور اولاد میں، سوانہوں نے اپنے حصے سے فائدہ اٹھایا،

فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ

فَاسْتَمْتَعْتُمْ	بِخَلَاقِكُمْ	كَمَا	اسْتَمْتَعَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكُمْ	بِخَلَاقِهِمْ	وَخُضْتُمْ
سوتم فائدہ اٹھالو	اپنے حصے سے	جیسے	فائدہ اٹھایا	وہ لوگ جو	تم سے پہلے	اپنے حصے سے	اور تم گھسے

سوتم اپنے حصے سے فائدہ اٹھالو، جیسے انہوں نے اپنے حصے سے فائدہ اٹھایا جو تم سے پہلے تھے، اور تم (بری باتوں میں) گھسے

كَالَّذِيْ خَاضُوْا ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ

كَالَّذِيْ	خَاضُوْا	اُولٰٓئِكَ	حَبِطَتْ	اَعْمَالُهُمْ	فِي الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ
جیسے وہ	گھسے	وہی لوگ	اکارت گئے	ان کے عمل (جمع)	دنیا میں	اور آخرت	اور وہی لوگ	وہ

جیسے وہ گھسے تھے وہی لوگ ہیں جن کے عمل دنیا اور آخرت میں اکارت گئے، اور وہی لوگ ہیں

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۹﴾ اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ

الْخٰسِرُوْنَ	اَلَمْ يَاْتِهِمْ	نَبَاُ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	قَوْمِ نُوْحٍ	وَّعَادٍ
خسارہ اٹھانے والے	کیا ان تک نہ آئی	خبر	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	قوم نوح	اور عاد

خسارہ اٹھانے والے۔ کیا ان تک ان لوگوں کی خبر نہ آئی (نہ پہنچی) جو ان سے پہلے تھے، قوم نوح اور عاد

وَثَمُوْدَ ۙ وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ؕ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

وَثَمُوْدَ	وَقَوْمِ اِبْرٰهِيْمَ	وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ	وَالْمُؤْتَفِكٰتِ	اَتَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ
اور ثمود	اور قوم ابراہیمؑ	اور مدین والے	اور اُلٹی ہوئی بستیاں	ان کے پاس آئے	ان کے رسول (جمع)

اور ثمود، اور قوم ابراہیمؑ اور مدین والے، اور وہ بستیاں جو اُلٹ دی گئیں، ان کے پاس ان کے رسول آئے

بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَ

بِالْبَيِّنٰتِ	فَمَا	كَانَ	اللّٰهُ	لِيَظْلِمَهُمْ	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ	وَ
واضح احکام و دلائل کے ساتھ	سو نہیں	تھا	اللہ	کہ وہ ان پر ظلم کرتا	لیکن	وہ تھے	اپنے اوپر	ظلم کرتے	اور

واضح احکام و دلائل کے ساتھ، سو اللہ ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا، لیکن وہ اپنے اوپر ظلم کرتے تھے۔ اور

الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

الْمُؤْمِنُوْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتُ	بَعْضُهُمْ	اَوْلِيَآءُ	بَعْضٍ	يَاْمُرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ
مومن مرد (جمع)	اور مومن عورتیں (جمع)	ان میں سے بعض	رفیق (جمع)	بعض	وہ حکم دیتے ہیں	بھلائی کا

مومن مرد اور مومن عورتیں ان میں سے بعض، بعض کے (ایک دوسرے کے) رفیق ہیں، وہ بھلائی کا حکم دیتے ہیں،

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ

وَيَنْهَوْنَ	عَنِ	الْمُنْكَرِ	وَيُقِيْمُوْنَ	الصَّلٰوةَ	وَيُؤْتُوْنَ	الزَّكٰوةَ
اور روکتے ہیں	سے	بُرائی	اور وہ قائم کرتے ہیں	نماز	اور ادا کرتے ہیں	زکوٰۃ

اور بُرائی سے روکتے ہیں، اور وہ نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں،

وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ سَيَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

وَيُطِيْعُوْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	اُولٰٓئِكَ	سَيَرْحَمُهُمُ	اللّٰهُ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ
اور اطاعت کرتے ہیں	اللہ	اور اس کا رسول	وہی لوگ	کہ ان پر رحم کرے گا	اللہ	بیشک	اللہ	غالب

اور اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرتے ہیں، وہی لوگ ہیں جن پر اللہ رحم کرے گا، بیشک اللہ غالب

حَكِيْمٌ ﴿٧١﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

حَكِيْمٌ	وَعَدَ	اللّٰهُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ
حکمت والا	وعدہ دیا	اللہ	مومن مرد (جمع)	اور مومن عورتیں (جمع)	جنتیں	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں

حکمت والا ہے۔ اللہ نے مومن مردوں اور مومن عورتوں سے جنتوں کا وعدہ کیا ہے، جن کے نیچے نہریں جاری ہیں

خٰلِدِیۡنَ فِیۡهَا وَمَسٰکِنَ طَیِّبَةً فِیۡ جَنّٰتِ عَدۡنٍ ؕ وَرِضۡوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَکۡبَرُ ؕ

خٰلِدِیۡنَ	فِیۡهَا	وَمَسٰکِنَ	طَیِّبَةً	فِیۡ	جَنّٰتِ عَدۡنٍ	وَرِضۡوَانٌ	مِّنَ	اللّٰهِ	اَکۡبَرُ
ہمیشہ رہیں گے	ان میں	اور مکانات	پاکیزہ	میں	ہمیشہ رہنے کے باغات	اور خوشنودی	سے	اللہ	سب سے بڑی

ان میں ہمیشہ رہیں گے، اور پاکیزہ مکانات ہمیشہ رہنے کے باغات میں، اور اللہ کی خوشنودی سب سے بڑی بات ہے،

قید	زیادہ پسند	مجھ کو	اس سے جو	مجھے بلاتی ہیں	اسکی طرف	اور	اگر نہ پھیرا	مجھ سے	ان کا فریب	مائل ہو جاؤں گا

مجھے قید اس سے زیادہ پسند ہے جس کی طرف وہ مجھے بلاتی ہیں، اور اگر تُو نے مجھ سے اُن کا فریب نہ پھیرا تو میں مائل ہو جاؤں گا

اِلَیْهِنَّ وَاَکُنْ مِّنَ الْجٰهِلِیْنَ ﴿۳۳﴾ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ کَیْدَهُنَّ ؕ

اِلَیْهِنَّ	وَاَکُنْ	مِنَ	الْجٰهِلِیْنَ	فَاسْتَجَابَ	لَهٗ	رَبُّهٗ	فَصَرَفَ	عَنْهُ	کَیْدَهُنَّ
ان کی طرف	اور میں ہوں گا	سے	جاہل (جمع)	سو قبول کر لی	اس کی (دعا)	اس کا رب	پس پھیر دیا	اس سے	ان کا فریب

ان کی طرف، اور جاہلوں میں سے ہوں گا۔ سو اس کے رب نے اس کی دُعا قبول کر لی، پس اس سے ان کا فریب پھیر دیا

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ﴿۳۴﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰیٰتِ لَیَسْجُنُنَّهٗ

اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِیْعُ	الْعَلِیْمُ	ثُمَّ	بَدَا لَهُمْ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا رَاَوُا	الْاٰیٰتِ	لَیَسْجُنُنَّهٗ
بیشک وہ	وہ	سُننے والا	جاننے والا	پھر	انہیں سوجھا	اس کے بعد	جب انہوں نے دیکھیں	نشانیاں	اسے ضرور قید میں ڈالیں

بیشک وہ سُننے والا جاننے والا ہے۔ پھر نشانیاں دیکھ لینے کے بعد انہیں سوجھا کہ اسے ضرور قید میں ڈال دیں

حَتّٰی حِیْنٍ ﴿۳۵﴾ وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَیٰنِ ؕ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّیْٓ اَرٰىنِیْٓ

حَتّٰی	حِیْنٍ	وَدَخَلَ	مَعَهُ	السِّجْنَ	فَتَیٰنِ	قَالَ	اَحَدُهُمَآ	اِنِّیْٓ	اَرٰىنِیْٓ
ایک مدت تک		اور داخل ہوئے	اس کے ساتھ	قید خانہ	دو جوان	کہا	ان میں سے ایک	بیشک میں دیکھتا ہوں	

ایک مدت تک ۔ اور اس کے ساتھ دو جوان قید خانہ میں داخل ہوئے، ان میں سے ایک نے کہا بیشک میں (خواب میں) دیکھتا ہوں

اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّیْٓ اَرٰىنِیْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِیْ خُبْزًا تَاْکُلُ الطَّیْرُ

اَعْصِرُ	خَمْرًا	وَقَالَ	الْاٰخَرُ	اِنِّیْٓ	اَرٰىنِیْٓ	اَحْمِلُ	فَوْقَ	رَاْسِیْ	خُبْزًا	تَاْکُلُ	الطَّیْرُ
نچوڑ رہا ہوں	شراب	اور کہا	دوسرا	میں دیکھتا ہوں		اٹھائے ہوئے ہوں	اوپر	اپنا سر	روٹی	کھاتے ہیں	پرندے

کہ میں شراب نچوڑ رہا ہوں، اور دوسرے نے کہا میں (خواب میں) دیکھتا ہوں کہ اپنے سر پر روٹی اٹھائے ہوئے ہوں پرندے اس سے کھا رہے ہیں

مِنْهُ ؕ نَبِّئْنَا بِتَاْوِیْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىکَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ لَا یَاْتِیْکُمَا طَعَامٌ

مِنْهُ	نَبِّئْنَا	بِتَاْوِیْلِهٖ	اِنَّا نَرٰىکَ	مِنَ	الْمُحْسِنِیْنَ	قَالَ	لَا یَاْتِیْکُمَا	طَعَامٌ
اس سے	ہمیں بتلائیے	اس کی تعبیر	بیشک ہم تجھے دیکھتے ہیں	سے	نیکوکار (جمع)	اس نے کہا	تمہارے پاس نہیں آئیگا	کھانا

ہمیں اس کی تعبیر بتلائیے، بیشک ہم آپ کو نیکوکاروں میں سے دیکھتے ہیں۔ اس (یوسفؑ) نے کہا تمہارے پاس کھانا نہیں آئے گا

تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ؕ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ؕ

تُرْزَقٰنِهٖ	اِلَّا	نَبَّاْتُكُمَا	بِتَاْوِيْلِهٖ	قَبْلَ	اَنْ	يَّاْتِيَكُمَا	ذٰلِكُمَا	مِمَّا	عَلَّمَنِيْ	رَبِّيْ
جو تمہیں دیا جاتا ہے	مگر	میں تمہیں بتلا دوں گا	اس کی تعبیر	قبل	کہ	وہ آئے تمہارے پاس	یہ	اس سے جو	مجھے سکھایا	میرا رب

جو تمہیں دیا جاتا ہے ، مگر میں تمہیں اس کی تعبیر تمہارے پاس اس کے آنے سے پہلے تبلا دوں گا ، یہ اس (علم) سے ہے جو میرے رب نے مجھے سکھایا ہے

اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾

اِنِّيْ	تَرَكْتُ	مِلَّةَ	قَوْمٍ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ	وَهُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	كٰفِرُوْنَ
بیشک میں	میں نے چھوڑا	دین	وہ قوم	وہ ایمان نہیں لاتے	اللہ پر	اور وہ	آخرت سے	وہ	انکار کرتے ہیں

بیشک میں نے اس قوم کا دین چھوڑ دیا جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے ، اور وہ (روزِ) آخرت سے انکار کرتے ہیں ۔

وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ

وَاتَّبَعْتُ	مِلَّةَ	اٰبَآءِيْ	اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْحٰقَ	وَيَعْقُوْبَ	مَا كَانَ	لَنَا	اَنْ	نُّشْرِكَ
اور میں نے پیروی کی	دین	اپنے باپ دادا	ابراہیمؑ	اور اسحٰقؑ	اور یعقوبؑ	نہیں ہے	ہمارے لئے	کہ	ہم شریک ٹھہرائیں

اور میں نے اپنے باپ دادا ابراہیمؑ ، اور اسحٰقؑ اور یعقوبؑ کے دین کی پیروی کی ، ہمارا (کام) نہیں کہ ہم شریک ٹھہرائیں

بِاللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

بِاللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	ذٰلِكَ	مِنْ	فَضْلِ اللّٰهِ	عَلَيْنَا	وَ	عَلَى النَّاسِ	وَلٰكِنَّ
اللہ کا	کوئی کسی شے	یہ	سے	اللہ کا فضل	ہم پر	اور	لوگوں پر	اور لیکن

اللہ کا کسی شے کو ، یہ ہم پر اور لوگوں پر اللہ کا فضل ہے ، لیکن

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۸﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ

اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَشْكُرُوْنَ	يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ	ءَاَرْبَابٌ	مُّتَفَرِّقُوْنَ	خَيْرٌ
اکثر	لوگ	شکر ادا نہیں کرتے	اے میرے قید کے ساتھیو !	کیا کئی معبود	جدا جدا	بہتر

اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتے ۔ اے میرے قید کے ساتھیو ! کیا جدا جدا کئی معبود بہتر ہیں ؟

اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۳۹﴾ ؕ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَآءً سَمَّيْتُمُوْهَآ

اَمِ اللّٰهُ	الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ	مَا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	اِلَّا	اَسْمَآءً	سَمَّيْتُمُوْهَا
یا اللہ	ایک یکتا	زبردست ۔ غالب	نہیں	تم پوجتے	اس کے سوا	مگر	نام	تم نے رکھ لئے ہیں

یا ایک اللہ ؟ (سب پر) غالب ۔ اس کے سوا تم کچھ نہیں پوجتے مگر نام ہیں جو تم نے رکھ لئے (تراش لئے) ہیں۔

أَنْتُمْ وَآبَاؤُكُمْ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ بِهَا مِنْ سُلْطَانٍ ۚ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ۚ أَمَرَ أَلَّا

أَنْتُمْ	وَآبَاؤُكُمْ	مَا	أَنْزَلَ اللَّهُ	بِهَا	مِنْ سُلْطَانٍ	إِنِ	الْحُكْمُ	إِلَّا	لِلَّهِ	أَمَرَ	أَلَّا
تم	اور تمہارے باپ دادا	نہیں	اللہ نے اتاری	اس کے لئے	کوئی سند	نہیں	حکم	مگر	اللہ کا	اس نے حکم دیا	کہ نہ

اور تمہارے باپ دادا نے، اللہ نے اُن کی کوئی سند نہیں آتاری، حکم صرف اللہ کا ہے، اس نے حکم دیا کہ

تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٤٠﴾

تَعْبُدُوا	إِلَّا	إِيَّاهُ	ذَٰلِكَ	الدِّينُ الْقَيِّمُ	وَلَٰكِنَّ	أَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يَعْلَمُونَ
عبادت کرو تم	مگر	صرف اس کی	یہ	سیدھا دین	اور لیکن	اکثر لوگ	نہیں جانتے

اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، یہ سیدھا دین ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَمَّا أَحَدُكُمَا فَيَسْقِي رَبَّهُ خَمْرًا ۖ وَأَمَّا الْآخَرُ

يَا صَاحِبَيِ	السِّجْنِ	أَمَّا	أَحَدُكُمَا	فَيَسْقِي	رَبَّهُ	خَمْرًا	وَأَمَّا	الْآخَرُ
اے میرے ساتھیو!	قید خانہ	جو	تم میں سے ایک	سو وہ پلائے گا	اپنا مالک	شراب	اور جو	دوسرا

اے میرے قید خانہ کے ساتھیو! تم میں سے ایک اپنے مالک کو شراب پلائے گا، اور جو دوسرا ہے

فَيُصْلَبُ فَتَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَأْسِهِ ۚ قُضِيَ الْأَمْرُ الَّذِي فِيهِ تَسْتَفْتِيَانِ ﴿٤١﴾

فَيُصْلَبُ	فَتَأْكُلُ	الطَّيْرُ	مِنْ رَأْسِهِ	قُضِيَ	الْأَمْرُ	الَّذِي	فِيهِ	تَسْتَفْتِيَانِ
تو سُولی دیا جائے گا	پس کھائیں گے	پرندے	اس کے سر سے	فیصلہ ہو چکا	کام۔بات	وہ جو	اس میں	تم پوچھتے تھے

تو سُولی دیا جائے گا، پس پرندے اس کے سر سے کھائیں گے، اس بات کا فیصلہ ہو چکا جس (کے بارہ) میں تم پوچھتے تھے۔

وَقَالَ لِلَّذِي ظَنَّ أَنَّهُ نَاجٍ مِنْهُمَا اذْكُرْنِي عِنْدَ رَبِّكَ فَأَنْسَاهُ الشَّيْطَانُ

وَقَالَ	لِلَّذِي	ظَنَّ	أَنَّهُ	نَاجٍ	مِنْهُمَا	اذْكُرْنِي	عِنْدَ	رَبِّكَ	فَأَنْسَاهُ	الشَّيْطَانُ
اور کہا	اس سے جس	اس نے گمان کیا	کہ وہ	بچنے والا	ان دونوں سے	میرا ذکر کرنا	پاس	اپنا مالک	پس اس کو بھلا دیا	شیطان

اور (یوسف ؑ) نے ان دونوں میں سے جس (کے متعلق) گمان کیا کہ وہ بچے گا اس سے کہا اپنے مالک کے پاس میرا ذکر کرنا، پس شیطان نے اُسے بھلا دیا

5 | ع ۷ | 15

ذِكْرَ رَبِّهِ فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِينَ ﴿٤٢﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ إِنِّي أَرَىٰ سَبْعَ

ذِكْرَ رَبِّهِ	فَلَبِثَ	فِي السِّجْنِ	بِضْعَ سِنِينَ	وَقَالَ	الْمَلِكُ	إِنِّي	أَرَىٰ	سَبْعَ
اپنے مالک سے ذکر کرنا	تو رہا	قید میں	چند برس	اور کہا	بادشاہ	کروہ	میں دیکھتا ہوں	سات

اپنے مالک سے اس کا ذکر کرنا، تو وہ قید میں چند برس رہا۔ اور بادشاہ نے کہا کہ میں دیکھتا ہوں سات

بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ

بَقَرٰتٍ	سِمَانٍ	يَّاْكُلُهُنَّ	سَبْعٌ	عِجَافٌ	وَّسَبْعَ	سُنْۢبُلٰتٍ	خُضْرٍ	وَّاُخَرَ
گائیں	موٹی تازی	وہ کھاتی ہیں	سات	دُبلی پتلی	اور سات	خوشے	سبز	اور دوسرے

موٹی تازی گائیں، انہیں سات دبلی پتلی گائیں کھا رہی ہیں، اور سات سبز خوشے اور دوسرے

يٰبِسٰتٍ ۭ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِيْ فِيْ رُءْيَايَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ ﴿٤٣﴾

يٰبِسٰتٍ	يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ	اَفْتُوْنِيْ	فِيْ	رُءْيَايَ	اِنْ	كُنْتُمْ	لِلرُّءْيَا	تَعْبُرُوْنَ
خشک	اے میرے سردارو	تبلاؤ مجھے تعبیر	میں (کی)	میرے خواب	اگر	ہو تم	خواب کی	تعبیر دینے والے

خشک، اے سردارو! مجھے میرے خواب کی تعبیر تبلاؤ، اگر تم خواب کی تعبیر دینے والے ہو (تعبیر دینا جانتے ہو)۔

قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَقَالَ

قَالُوْٓا	اَضْغَاثُ	اَحْلَامٍ	وَمَا	نَحْنُ	بِتَاْوِيْلِ	الْاَحْلَامِ	بِعٰلِمِيْنَ	وَقَالَ
انہوں نے کہا	پریشان	خواب	اور نہیں	ہم	تعبیر دینا	خواب (جمع)	جاننے والے	اور اس نے کہا

انہوں نے کہا (یہ) پریشان خواب ہیں اور ہم (ایسے) خوابوں کی تعبیر جاننے والے نہیں (نہیں جانتے) ۔ اور

الَّذِيْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿٤٥﴾

الَّذِيْ	نَجَا	مِنْهُمَا	وَادَّكَرَ	بَعْدَ	اُمَّةٍ	اَنَا اُنَبِّئُكُمْ	بِتَاْوِيْلِهٖ	فَاَرْسِلُوْنِ
وہ جو	بچا	ان دو سے	اور اسے یاد آیا	بعد	ایک مدت	میں تبلاؤں گا تمہیں	اس کی تعبیر	سو مجھے بھیج دو

وہ جو ان دونوں (میں) سے بچا تھا اور اُسے ایک مدت کے بعد یاد آیا، اس نے کہا میں تمہیں اس کی تعبیر تبلاؤں گا، سو مجھے بھیج دو۔

يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ

يُوْسُفُ	اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ	اَفْتِنَا	فِيْ	سَبْعِ	بَقَرٰتٍ	سِمَانٍ	يَّاْكُلُهُنَّ	سَبْعٌ
اے یوسف ؑ	اے بڑے سچے	ہمیں بتا	میں	سات	گائیں	موٹی تازی	وہ کھا رہی ہیں	سات

اے یوسف ؑ! اے بڑے سچے! ہمیں (خواب کی تعبیر) بتا، سات موٹی تازی گایوں کو کھا رہی ہیں سات

عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّيْٓ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ

عِجَافٌ	وَّسَبْعِ	سُنْۢبُلٰتٍ	خُضْرٍ	وَّاُخَرَ	يٰبِسٰتٍ	لَّعَلِّيْٓ	اَرْجِعُ	اِلَى النَّاسِ
دُبلی پتلی	اور سات	خوشے	سبز	اور دوسرے	خشک	تاکہ میں	میں لوٹوں	لوگوں کی طرف (پاس)

دُبلی پتلی گائیں، اور سات خوشے سبز ہیں اور دوسرے خشک، تاکہ میں لوگوں کے پاس لوٹ کر جاؤں

لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٦﴾ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ

لَعَلَّهُمْ	يَعْلَمُوْنَ	قَالَ	تَزْرَعُوْنَ	سَبْعَ	سِنِيْنَ	دَاَبًا	فَمَا	حَصَدْتُّمْ
شاید وہ	آگاہ ہوں	اس نے کہا	کھیتی باڑی کرو گے	سات	سال	لگاتار	پھر جو	تم کاٹو

شاید وہ آگاہ ہوں۔ اس نے کہا تم سات سال لگاتار کھیتی باڑی کرو گے ، پھر جو تم کاٹو

فَذَرُوْهُ فِيْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿٤٧﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ

فَذَرُوْهُ	فِيْ سُنْۢبُلِهٖ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّمَّا	تَاْكُلُوْنَ	ثُمَّ	يَاْتِيْ	مِنْۢ بَعْدِ	ذٰلِكَ
تو اسے چھوڑ دو	اس کے خوشہ میں	مگر	تھوڑا جتنا	سے جو	تم کھالو	پھر	آئیں گے	اس کے بعد میں	

تو اسے اس کے خوشہ میں چھوڑ دو ، مگر تھوڑا جتنا جو تم اس میں سے کھالو۔ پھر اس کے بعد آئیں گے

سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ﴿٤٨﴾

سَبْعٌ	شِدَادٌ	يَّاْكُلْنَ	مَا	قَدَّمْتُمْ	لَهُنَّ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّمَّا	تُحْصِنُوْنَ
سات	سخت	کھا جائیں گے وہ	جو	تم نے رکھا	ان کے لئے	سوائے	تھوڑا سا	سے۔جو	تم بچاؤ گے

سات سخت سال، کھا جائیں گے جو تم نے ان کے لئے (بچا) رکھا ، سوائے اس کے جو تم تھوڑا بچاؤ گے۔

۶ ع ۷ ۱۶

ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ﴿٤٩﴾ ع

ثُمَّ	يَاْتِيْ	مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ	عَامٌ	فِيْهِ	يُغَاثُ	النَّاسُ	وَفِيْهِ	يَعْصِرُوْنَ
پھر	آئے گا	اس کے بعد	ایک سال	اس میں	بارش برسائی جائیگی	لوگ	اور اس میں	وہ نچوڑیں گے

پھر اس کے بعد ایک سال آئے گا اس میں لوگوں پر بارش برسائی جائے گی اور وہ اس میں (رس) نچوڑیں گے۔

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ

وَقَالَ	الْمَلِكُ	ائْتُوْنِيْ	بِهٖ	فَلَمَّا	جَآءَهُ	الرَّسُوْلُ	قَالَ	ارْجِعْ	اِلٰى	رَبِّكَ
اور کہا	بادشاہ	میرے پاس لے آؤ	اسے	پس جب	اس کے پاس آیا	قاصد	اس نے کہا	لوٹ جا	طرف (پاس)	اپنا مالک

اور بادشاہ نے کہا اسے میرے پاس لے آؤ ، پس جب قاصد اس کے پاس آیا تو اس نے کہا اپنے مالک کے پاس لوٹ جاؤ

فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۭ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ

فَسْـَٔلْهُ	مَا بَالُ	النِّسْوَةِ	الّٰتِيْ	قَطَّعْنَ	اَيْدِيَهُنَّ	اِنَّ	رَبِّيْ	بِكَيْدِهِنَّ
پس اس سے پوچھو	کیا حال ؟	عورتیں	وہ جو	انہوں نے کاٹے	اپنے ہاتھ	بیشک	میرا رب	ان کا فریب

اور اس سے پوچھو ان عورتوں کا کیا حال ہے ؟ جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹے تھے ، بیشک میرا رب ان کے فریب سے

عَلِيمٌ ۝٥٠ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ إِذْ رَاوَدتُّنَّ يُوسُفَ عَن نَّفْسِهِ ۚ

عَلِيمٌ	قَالَ	مَا خَطْبُكُنَّ	إِذْ	رَاوَدتُّنَّ	يُوسُفَ	عَن	نَّفْسِهِ
واقف	اس نے کہا	کیا حال تھا تمہارا	جب	تم نے پھسلایا	یوسف	سے	اس کا نفس

خوب واقف ہے۔ بادشاہ نے (ان عورتوں سے) کہا تمہارا کیا حال (واقعی) تھا جب تم نے یوسفؑ کو اس کے نفس (کی حفاظت) سے پھسلایا

قُلْنَ حَاشَ لِلَّهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِن سُوءٍ ۚ قَالَتِ امْرَأَتُ الْعَزِيزِ

قُلْنَ	حَاشَ	لِلَّهِ	مَا	عَلِمْنَا	عَلَيْهِ	مِن سُوءٍ	قَالَتِ	امْرَأَتُ	الْعَزِيزِ
وہ بولیں	پناہ	اللہ کی	نہیں	ہم نے معلوم کی	(اس پر ہیں)	کوئی برائی	بولی	عورت	عزیز

وہ بولیں اللہ کی پناہ! ہم نے اس میں کوئی برائی نہیں معلوم کی (نہیں پائی)۔ عزیز (مصر) کی عورت بولی

الْآنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ أَنَا رَاوَدتُّهُ عَن نَّفْسِهِ وَإِنَّهُ لَمِنَ

الْآنَ	حَصْحَصَ	الْحَقُّ	أَنَا	رَاوَدتُّهُ	عَن	نَّفْسِهِ	وَإِنَّهُ	لَمِنَ
اب	ظاہر ہوگئی	حقیقت	میں	اسے پھسلایا میں نے	سے	اس کا نفس	اور وہ بیشک	البتہ۔سے

اب حقیقت ظاہر ہوگئی ہے، میں نے (ہی) اسے اس کے نفس کی حفاظت سے پھسلایا اور وہ بیشک

الصَّادِقِينَ ۝٥١ ذَٰلِكَ لِيَعْلَمَ أَنِّي لَمْ أَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي

الصَّادِقِينَ	ذَٰلِكَ	لِيَعْلَمَ	أَنِّي	لَمْ أَخُنْهُ	بِالْغَيْبِ	وَأَنَّ اللَّهَ	لَا يَهْدِي
سچے	یہ	تاکہ وہ جان لے	بیشک میں	نہیں اسکی خیانت کی	پیٹھ پیچھے	اور بیشک اللہ	نہیں چلنے دیتا

سچوں میں سے ہے (سچا ہے)۔ (یوسفؑ نے کہا) یہ (اس لئے تھا) تاکہ وہ جان لے کہ میں نے پیٹھ پیچھے اس کی خیانت نہیں کی، اور بیشک اللہ چلنے نہیں دیتا

كَيْدَ الْخَائِنِينَ ۝٥٢

كَيْدَ	الْخَائِنِينَ
فریب	دغا باز (جمع)

دغا بازوں کا فریب

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ ۢ بِالسُّوْۗءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ۭ

وَ	مَآ اُبَرِّئُ	نَفْسِيْ	اِنَّ	النَّفْسَ	لَاَمَّارَةٌ	بِالسُّوْۗءِ	اِلَّا	مَا رَحِمَ	رَبِّيْ
اور	پاک بے قصور نہیں کہتا	اپنا نفس	بیشک	نفس	سکھانے والا	بُرائی	مگر	جس پر رحم کیا	میرا رب

اور میں اپنے نفس کو پاک نہیں کہتا، بیشک نفس بُرائی سکھانے والا ہے، مگر جس پر میرے رب نے رحم کیا،

اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵۳ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ

اِنَّ	رَبِّيْ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَقَالَ	الْمَلِكُ	ائْتُوْنِيْ	بِهٖ	اَسْتَخْلِصْهُ	لِنَفْسِيْ
بیشک	میرا رب	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور کہا	بادشاہ	لے آؤ میرے پاس	اس کو	اس کو خاص کروں	اپنی ذات کے لئے

بیشک میرا رب بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ اور بادشاہ نے کہا اسے میرے پاس لے آؤ کہ اسے اپنی (خدمت) کے لئے خاص کروں،

فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ۝۵۴ قَالَ اجْعَلْنِيْ

فَلَمَّا	كَلَّمَهٗ	قَالَ	اِنَّكَ	الْيَوْمَ	لَدَيْنَا	مَكِيْنٌ	اَمِيْنٌ	قَالَ	اجْعَلْنِيْ
پھر جب	اس سے بات کی	اس نے کہا	بیشک تم	آج	ہمارے پاس	با وقار	امین	اس نے کہا	مجھے کردے

پھر جب (ملک) نے اس سے بات کی کہا بیشک تم آج ہمارے پاس باوقار، امین (صاحبِ اعتبار) ہو۔ اس نے کہا مجھے (مقرر) کردے

عَلٰي خَزَاۗىِٕنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّىْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ۝۵۵ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ

عَلٰي	خَزَاۗىِٕنِ	الْاَرْضِ	اِنِّىْ	حَفِيْظٌ	عَلِيْمٌ	وَكَذٰلِكَ	مَكَّنَّا	لِيُوْسُفَ	فِي الْاَرْضِ
پر	خزانے	زمین (ملک)	بیشک میں	حفاظت کرنے والا	علم والا	اور اسی طرح	ہم نے قدرت دی	یوسف کو	زمین میں (ملک پر)

ملک کے خزانوں پر، بیشک میں حفاظت کرنے والا علم والا ہوں۔ اور اسی طرح ہم نے یوسفؑ کو ملک پر قدرت دی،

يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَاۗءُ ۭ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَاۗءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ

يَتَبَوَّاُ	مِنْهَا	حَيْثُ	يَشَاۗءُ	نُصِيْبُ	بِرَحْمَتِنَا	مَنْ نَّشَاۗءُ	وَ	لَا نُضِيْعُ	اَجْرَ
وہ رہتے	اس سے (میں)	جہاں	چاہتے وہ	ہم پہنچا دیتے ہیں	اپنی رحمت سے	جس کو ہم چاہتے ہیں	اور	ہم ضائع نہیں کرتے	بدلہ

وہ اس میں جہاں چاہتے رہتے، ہم جس کو چاہتے ہیں اپنی رحمت پہنچا دیتے ہیں، اور ہم بدلہ ضائع نہیں کرتے

الْمُحْسِنِيْنَ ۝۵۶ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝۵۷ ع

الْمُحْسِنِيْنَ	وَ	لَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ	خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَكَانُوْا	يَتَّقُوْنَ
نیکی کرنے والے	اور	آخرت کا بدلہ البتہ	بہتر	انکے لئے جو	ایمان لائے	اور تھے وہ	پرہیزگاری کرتے

نیکی کرنے والوں کا۔ اور جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے رہے، ان کے لئے آخرت کا بدلہ بہتر ہے۔

وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا

وَجَآءَ	اِخْوَةُ	يُوْسُفَ	فَدَخَلُوْا	عَلَيْهِ	فَعَرَفَهُمْ	وَهُمْ	لَهٗ	مُنْكِرُوْنَ	وَلَمَّا
اور آئے	بھائی	یوسف ؑ	پس وہ داخل ہوئے	اس کے پاس	تو اس نے انہیں پہچان لیا	اور وہ	اس کو	وہ نہ پہچانے	اور جب

اور یوسف کے بھائی آئے، پس وہ اس کے پاس داخل ہوئے، تو اُس نے انہیں پہچان لیا اور وہ اس کو نہ پہچانتے ۔ اور جب

جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ

جَهَّزَهُمْ	بِجَهَازِهِمْ	قَالَ	ائْتُوْنِيْ	بِاَخٍ	لَّكُمْ	مِّنْ اَبِيْكُمْ	اَلَا تَرَوْنَ	اَنِّيْٓ
جب انہیں تیار کر دیا	ان کا سامان	کہا اس نے	لاؤ میرے پاس	بھائی	تمہارا (اپنا)	تمہارے باپ سے	کیا تم نہیں دیکھتے	کہ میں

ان کا سامان انہیں تیار کر دیا تو کہا اپنے بھائی کو میرے پاس لاؤ جو تمہارے باپ (کی طرف) سے ہے، کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں

اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۵۹﴾ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ

اُوْفِي	الْكَيْلَ	وَاَنَا	خَيْرُ	الْمُنْزِلِيْنَ	فَاِنْ	لَّمْ تَاْتُوْنِيْ	بِهٖ	فَلَا كَيْلَ	لَكُمْ
پورا کرتا ہوں	پیمانہ	اور میں	بہترین	اتارنے والا (مہمان نواز)	پھر اگر	میرے پاس نہ لائے	اس کو	تو کوئی ناپ نہیں	تمہارے لئے

پیمانہ پورا (بھر) کر دیتا ہوں اور میں بہترین مہمان نواز ہوں - پھر اگر تم اس کو میرے پاس نہ لائے تو تمہارے لئے کوئی ناپ (غلہ) نہیں

عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَ

عِنْدِيْ	وَلَا تَقْرَبُوْنِ	قَالُوْا	سَنُرَاوِدُ	عَنْهُ	اَبَاهُ	وَاِنَّا	لَفٰعِلُوْنَ	وَ
میرے پاس	اور نہ آنا میرے پاس	وہ بولے	ہم خواہش کریں گے	اس کے متعلق	اس کا باپ	اور ہم	ضرور کرنیوالے ہیں (کرنا ہے)	اور

میرے پاس، اور نہ میرے پاس آنا - وہ بولے ہم اس کے متعلق اس کے باپ سے خواہش کریں گے اور ہمیں (یہ کام) ضرور کرنا ہے - اور

قَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا

قَالَ	لِفِتْيٰنِهِ	اجْعَلُوْا	بِضَاعَتَهُمْ	فِيْ رِحَالِهِمْ	لَعَلَّهُمْ	يَعْرِفُوْنَهَآ	اِذَا انْقَلَبُوْٓا
اس نے کہا	اپنے خدمتگاروں کو	اور تم رکھ دو	ان کی پونجی	ان کے بوروں میں	شاید وہ	اس کو معلوم کر لیں	جب وہ لوٹیں

اس نے اپنے خدمتگاروں کو کہا ان کی پونجی (غلہ کی قیمت) ان کے بوروں میں رکھ دو، شاید وہ اس کو معلوم کر لیں جب وہ لوٹیں

اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۲﴾ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا

اِلٰٓى	اَهْلِهِمْ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ	فَلَمَّا	رَجَعُوْٓا	اِلٰٓى	اَبِيْهِمْ	قَالُوْا	يٰٓاَبَانَا
طرف	اپنے لوگ	شاید وہ	پھر آجائیں	پس جب	وہ لوٹے	طرف	اپنا باپ	وہ بولے	اے ہمارے ابّا

اپنے لوگوں کی طرف، شاید وہ پھر آجائیں - پس جب وہ اپنے باپ کی طرف لوٹے، بولے اے ہمارے ابّا!

مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَاۤ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿٦٣﴾ قَالَ

مُنِعَ	مِنَّا	الْكَيْلُ	فَاَرْسِلْ	مَعَنَا	اَخَانَا	نَكْتَلْ	وَاِنَّا	لَهٗ	لَحٰفِظُوْنَ	قَالَ
روک دیا گیا	ہم سے	ناپ	پس بھیجدیں	ہمارے ساتھ	ہمارا بھائی	ناپ (غلہ) لائیں	اور بیشک ہم	اس کے	نگہبان ہیں	اس نے کہا

ہم سے ناپ (غلہ) روک دیا گیا، پس ہمارے ساتھ ہمارے بھائی کو بھیجدیں کہ ہم غلہ لائیں، اور بیشک ہم اس کے نگہبان ہیں ۔ اس نے کہا

هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَاۤ اَمِنْتُكُمْ عَلٰۤى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪

هَلْ اٰمَنُكُمْ	عَلَيْهِ	اِلَّا	كَمَا	اَمِنْتُكُمْ	عَلٰۤى اَخِيْهِ	مِنْ قَبْلُ	فَاللّٰهُ	خَيْرٌ	حٰفِظًا
کیا میں تمہارا اعنیار کروں	اس کے متعلق	مگر	جیسے	میں نے تمہارا اعتبار کیا	اس کے بھائی کے متعلق	اس سے پہلے	سو اللہ	بہتر	نگہبان

میں اس کے متعلق تمہارا کیا اعتبار کروں مگر جیسے اس سے پہلے میں نے اس کے بھائی کے متعلق تمہارا اعتبار کیا، سو اللہ بہتر نگہبان ہے،

وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٦٤﴾ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ

وَهُوَ	اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ	وَلَمَّا	فَتَحُوْا	مَتَاعَهُمْ	وَجَدُوْا	بِضَاعَتَهُمْ	رُدَّتْ
اور وہ	تمام مہربانوں سے بڑا مہربانی کرنیوالا ہے	اور جب	انہوں نے کھولا	اپنا سامان	انہوں نے پائی	اپنی پونجی	واپس کردی گئی

اور وہ تمام مہربانوں سے بڑا مہربانی کرنے والا ہے ۔ اور جب انہوں نے اپنا سامان کھولا تو انہوں نے اپنی پونجی پائی جو واپس کردی گئی تھی

اِلَيْهِمْ ؕ قَالُوْا يٰۤاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَ

اِلَيْهِمْ	قَالُوْا	يٰۤاَبَانَا	مَا نَبْغِيْ	هٰذِهٖ	بِضَاعَتُنَا	رُدَّتْ	اِلَيْنَا	وَنَمِيْرُ	اَهْلَنَا وَ
ان کی طرف (انہیں)	بولے	اے ہمارے ابا	کیا چاہتے ہیں ہم	یہ	ہماری پونجی	لوٹا دی گئی	ہماری طرف	اور ہم غلہ لائینگے	اپنے گھر اور

انہیں، بولے، اے ہمارے ابا! (اور) ہم کیا چاہتے ہیں؟ یہ ہماری پونجی ہے، ہمیں لوٹا دی گئی ہے، اور ہم اپنے گھر غلہ لائیں گے اور

نَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ؕ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ﴿٦٥﴾ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ

نَحْفَظُ	اَخَانَا	وَنَزْدَادُ	كَيْلَ	بَعِيْرٍ	ذٰلِكَ	كَيْلٌ	يَسِيْرٌ	قَالَ	لَنْ اُرْسِلَهٗ
ہم حفاظت کرینگے	اپنا بھائی	اور زیادہ لیں گے	بوجھ	ایک اونٹ	یہ	بوجھ (غلہ)	آسان (تھوڑا)	اس نے کہا	ہرگز نہ بھیجوں گا اسے

ہم اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے، اور ایک اونٹ کا بوجھ زیادہ لیں گے، یہ (جو ہم لائے ہیں) تھوڑا غلہ ہے ۔ اس نے کہا میں اسے ہرگز نہ بھیجوں گا

مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّاۤ

مَعَكُمْ	حَتّٰى	تُؤْتُوْنِ	مَوْثِقًا	مِنَ	اللّٰهِ	لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖ	اِلَّا	اَنْ	يُحَاطَ	بِكُمْ	فَلَمَّا
تمہارے ساتھ	یہانتک	تم دو مجھے	پختہ عہد	سے (کا)	اللہ	تم لے آؤ گے ضرور میرے پاس اسکو	مگر	یہ کہ	گھیر لیا جائے	تمہیں	پھر جب

تمہارے ساتھ، یہانتک کہ تم مجھے اللہ کا پختہ عہد دو کہ تم اسے میرے پاس ضرور لے کر آؤ گے، مگر یہ کہ تمہیں گھیر لیا جائے، پھر جب

اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿٦٦﴾ وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا

لَا تَدْخُلُوْا	يٰبَنِيَّ	وَقَالَ	وَكِيْلٌ	مَا نَقُوْلُ	عَلٰى	اللّٰهُ	قَالَ	مَوْثِقَهُمْ	اٰتَوْهُ
تم نہ داخل ہونا	اے میرے بیٹو	اور اس نے کہا	نگہبان (ضامن)	جو ہم کہتے ہیں	پر	اللہ	کہا اس نے	اپنا پختہ عہد	انہوں نے اسے دیا

انہوں نے اسے (یعقوبؑ کو) پختہ عہد دیا، اس نے کہا جو ہم کہہ رہے ہیں اس پر اللہ ضامن ہے۔ اور کہا اے میرے بیٹو! تم سب داخل نہ ہونا

مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَاۤ اُغْنِیْ عَنْكُمْ

عَنْكُمْ	وَمَاۤ اُغْنِیْ	مُّتَفَرِّقَةٍ	اَبْوَابٍ	مِنْ	وَّادْخُلُوْا	بَابٍ وَّاحِدٍ	مِنْۢ
(تم سے روکو)	اور میں نہیں بچا سکتا	جُدا جُدا	دروازے	سے	اور داخل ہونا	ایک دروازہ	سے

ایک (ہی) دروازہ سے (بلکہ) جُدا جُدا دروازوں سے داخل ہونا اور میں نہیں بچا سکتا

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَیْهِ فَلْیَتَوَكَّلِ

فَلْیَتَوَكَّلِ	وَعَلَیْهِ	تَوَكَّلْتُ	عَلَیْهِ	لِلّٰهِ	اِلَّا	الْحُكْمُ	اِنِ	مِنْ شَیْءٍ	اللّٰهِ	مِّنَ
پس چاہیئے بھروسہ کریں	اور اس پر	میں نے بھروسہ کیا	اس پر	اللہ کا	سوا	حکم	نہیں	کسی چیز (بات) سے	اللہ	سے (روکی)

اللہ کی کسی بات سے، اللہ کے سوا کسی کا حکم نہیں، اس پر میں نے بھروسہ کیا، پس چاہیئے اس پر بھروسہ کریں

الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿٦٧﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَیْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ یُغْنِیْ عَنْهُمْ

عَنْهُمْ	یُغْنِیْ	مَا كَانَ	اَبُوْهُمْ	اَمَرَهُمْ	حَیْثُ	مِنْ	دَخَلُوْا	وَلَمَّا	الْمُتَوَكِّلُوْنَ
ان سے (انہیں)	وہ بچا سکتا	نہیں تھا	ان کا باپ	انہیں حکم دیا	جہاں سے		وہ داخل ہوئے	اور جب	بھروسہ کرنے والے

بھروسہ کرنے والے۔ اور جب وہ داخل ہوئے جہاں سے انہیں ان کے باپ نے حکم دیا تھا، وہ انہیں نہیں بچا سکتا تھا

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِیْ نَفْسِ یَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ

لَذُوْ عِلْمٍ	وَاِنَّهٗ	قَضٰىهَا	یَعْقُوْبَ	نَفْسِ	فِیْ	حَاجَةً	اِلَّا	شَیْءٍ	مِنْ	اللّٰهِ	مِّنَ
صاحب علم	اور بیشک وہ	وہ اسے پوری کرلی	یعقوبؑ	دل	میں	ایک خواہش	مگر	کسی چیز (بات)	سے	اللہ	سے (روکی)

اللہ کی کسی بات سے، مگر یعقوبؑ کے دل میں ایک خواہش تھی سو وہ اس نے پوری کر لی، اور بیشک وہ صاحب علم تھا

لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى یُوْسُفَ

عَلٰى یُوْسُفَ	دَخَلُوْا	وَلَمَّا	لَا یَعْلَمُوْنَ	النَّاسِ	اَكْثَرَ	وَلٰكِنَّ	عَلَّمْنٰهُ	لِّمَا
یوسفؑ کے پاس	وہ داخل ہوئے	اور جب	نہیں جانتے	لوگ	اکثر	اور لیکن	ہم نے اسے سکھایا	اس کا جو

اس کا جو ہم نے اسے سکھایا تھا، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور جب وہ یوسف کے پاس داخل ہوئے

٨ ع ١١ ٢

اٰوٰۤی اِلَیۡہِ اَخَاہُ قَالَ اِنِّیۡۤ اَنَا اَخُوۡکَ فَلَا تَبۡتَئِسۡ بِمَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ﴿۶۹﴾

اٰوٰۤی	اِلَیۡہِ	اَخَاہُ	قَالَ	اِنِّیۡۤ	اَنَا اَخُوۡکَ	فَلَا تَبۡتَئِسۡ	بِمَا	کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ
اس نے جگہ دی	اپنے پاس	اپنا بھائی	اس نے کہا	بیشک میں	میں تیرا بھائی	سو تو غمگین نہ ہو	اس پر جو	وہ کرتے تھے

اس نے اپنے بھائی کو اپنے پاس جگہ دی، کہا بیشک میں تیرا بھائی ہوں، جو وہ کرتے تھے تو اس پر غمگین نہ ہو۔

فَلَمَّا جَہَّزَہُمۡ بِجَہَازِہِمۡ جَعَلَ السِّقَایَۃَ فِیۡ رَحۡلِ اَخِیۡہِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ

فَلَمَّا	جَہَّزَہُمۡ	بِجَہَازِہِمۡ	جَعَلَ	السِّقَایَۃَ	فِیۡ	رَحۡلِ	اَخِیۡہِ	ثُمَّ	اَذَّنَ	مُؤَذِّنٌ
پھر جب	انہیں تیار کر دیا	ان کا سامان	رکھ دیا	پینے کا پیالہ	میں	سامان	اپنا بھائی	پھر	اعلان کیا	منادی کرنیوالا

پھر جب اسنے ان کا سامان تیار کر دیا اپنے بھائی کے سامان میں (پانی) پینے کا پیالہ رکھ دیا، پھر ایک منادی کرنے والے نے اعلان کیا

اَیَّتُہَا الۡعِیۡرُ اِنَّکُمۡ لَسٰرِقُوۡنَ ﴿۷۰﴾ قَالُوۡا وَ اَقۡبَلُوۡا عَلَیۡہِمۡ مَّاذَا تَفۡقِدُوۡنَ ﴿۷۱﴾ قَالُوۡا

اَیَّتُہَا	الۡعِیۡرُ	اِنَّکُمۡ	لَسٰرِقُوۡنَ	قَالُوۡا	وَ اَقۡبَلُوۡا	عَلَیۡہِمۡ	مَاذَا	تَفۡقِدُوۡنَ	قَالُوۡا
اے قافلے والو		بیشک تم	البتہ چور ہو	وہ بولے	اور انہوں نے منہ کیا	ان کی طرف	کیا ہے جو	تم گم کر بیٹھے	انہوں نے کہا

اے قافلے والو! تم البتہ چور ہو۔ وہ ان کی طرف منہ کر کے بولے، کیا ہے جو تم گم کر بیٹھے ہو؟ انہوں نے کہا

نَفۡقِدُ صُوَاعَ الۡمَلِکِ وَ لِمَنۡ جَآءَ بِہٖ حِمۡلُ بَعِیۡرٍ وَّ اَنَا بِہٖ زَعِیۡمٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوۡا

نَفۡقِدُ	صُوَاعَ	الۡمَلِکِ	وَلِمَنۡ	جَآءَ بِہٖ	حِمۡلُ	بَعِیۡرٍ	وَّ اَنَا	بِہٖ	زَعِیۡمٌ	قَالُوۡا
ہم گم کر بیٹھے (نہیں پاتے)	پیمانہ	بادشاہ	اور اس کے لئے	جو وہ لائے	بوجھ	ایک اونٹ	اور میں	اس کا	ضامن	وہ بولے

ہم بادشاہ کا پیمانہ نہیں پاتے، اور جو کوئی وہ لائے گا اسکے لئے ایک اونٹ کا بوجھ (بار شتر ملے گا) اور میں اس کا ضامن ہوں۔ وہ بولے

تَاللّٰہِ لَقَدۡ عَلِمۡتُمۡ مَّا جِئۡنَا لِنُفۡسِدَ فِی الۡاَرۡضِ وَ مَا کُنَّا سٰرِقِیۡنَ ﴿۷۳﴾ قَالُوۡا

تَاللّٰہِ	لَقَدۡ عَلِمۡتُمۡ	مَا جِئۡنَا	لِنُفۡسِدَ	فِی الۡاَرۡضِ	وَمَا کُنَّا	سٰرِقِیۡنَ	قَالُوۡا
اللہ کی قسم	تم خوب جانتے ہو	ہم نہیں آئے	کہ ہم فساد کریں	زمین (ملک) میں	اور ہم نہیں	چور (جمع)	انہوں نے کہا

اللہ کی قسم! تم خوب جانتے ہو ہم (اس لئے) نہیں آئے کہ ملک میں فساد کریں، اور ہم چور نہیں۔ انہوں نے کہا

فَمَا جَزَآؤُہٗۤ اِنۡ کُنۡتُمۡ کٰذِبِیۡنَ ﴿۷۴﴾ قَالُوۡا جَزَآؤُہٗ مَنۡ وُّجِدَ

فَمَا	جَزَآؤُہٗ	اِنۡ	کُنۡتُمۡ	کٰذِبِیۡنَ	قَالُوۡا	جَزَآؤُہٗ	مَنۡ	وُّجِدَ
پھر کیا	سزا اس کی	اگر	تم ہو	جھوٹے	کہنے لگے	اس کی سزا	جو۔جس	پایا جائے

اگر تم جھوٹے ہو (جھوٹے نکلے) پھر اس کی کیا سزا ہے؟ کہنے لگے اس کی سزا یہ ہے کہ پایا جائے جس کے

فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ

فِيْ رَحْلِهٖ	فَهُوَ	جَزَآؤُهٗ	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الظّٰلِمِيْنَ	فَبَدَاَ	بِاَوْعِيَتِهِمْ
اس کے سامان میں	پس وہی	اس کا بدلہ	اسی طرح	ہم سزا دیتے ہیں	ظالموں کو	پس شروع کیا	انکی خرجیوں (بوروں) سے

سامان میں پس وہی ہے اس کا بدلہ' اسی طرح ہم ظالموں کو سزا دیتے ہیں۔ پس اُن کی بوروں سے (تلاش کرنا) شروع کیا

قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ

قَبْلَ	وِعَآءِ	اَخِيْهِ	ثُمَّ	اسْتَخْرَجَهَا	مِنْ	وِّعَآءِ	اَخِيْهِ	كَذٰلِكَ	كِدْنَا	لِيُوْسُفَ
پہلے	خرجی (بورا)	اپنا بھائی	پھر	اس کو نکالا	سے	بورا	اپنا بھائی	اسی طرح	ہم نے تدبیر کی	یوسف کے لئے

اپنے بھائی کے بورے سے پہلے، پھر اس کو اپنے بھائی کے بورے سے نکال لیا۔ اسی طرح ہم نے یوسفؑ کیلئے تدبیر کی

مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ

مَا	كَانَ	لِيَاْخُذَ	اَخَاهُ	فِيْ	دِيْنِ الْمَلِكِ	اِلَّآ	اَنْ	يَّشَآءَ اللّٰهُ	نَرْفَعُ	دَرَجٰتٍ
نہ	تھا	وہ لے سکتا	اپنا بھائی	میں	بادشاہ کا دین	مگر	یہ کہ	اللہ چاہے	ہم بلند کرتے ہیں	درجے

وہ بادشاہ کے دین میں (قانون کے مطابق) اپنے بھائی کو نہ لے سکتا تھا مگر یہ کہ اللہ چاہے (اللہ کی مشیت ہو) ہم درجے بلند کرتے ہیں

مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۶﴾ قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ

مَّنْ	نَّشَآءُ	وَفَوْقَ	كُلِّ	ذِيْ عِلْمٍ	عَلِيْمٌ	قَالُوْٓا	اِنْ	يَّسْرِقْ	فَقَدْ سَرَقَ
جو۔جس	چاہیں ہم	اور اوپر	ہر	صاحبِ علم	ایک علم والا	بولے	اگر	اس نے چرایا	تو چوری کی تھی

جس کے ہم چاہیں، اور ہر صاحبِ علم کے اوپر ایک علم والا ہے۔ بولے اگر اس نے چرایا تو چوری کی تھی

اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ

اَخٌ	لَّهٗ	مِنْ قَبْلُ	فَاَسَرَّهَا	يُوْسُفُ	فِيْ نَفْسِهٖ	وَلَمْ يُبْدِهَا	لَهُمْ	قَالَ	اَنْتُمْ
اس کا بھائی		اس سے قبل	پس اسے چھپایا	یوسفؑ	اپنے دل میں	اور وہ ظاہر نہ کیا	اُن پر	کہا	تم

اس سے قبل اس کے بھائی تے، پس یوسفؑ نے (اس بات کو) اپنے دل میں چھپایا اور ان پر ظاہر نہ کیا، کہا تم

شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗٓ اَبًا

شَرٌّ	مَّكَانًا	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا تَصِفُوْنَ	قَالُوْا	يٰٓاَيُّهَا	الْعَزِيْزُ	اِنَّ	لَهٗ	اَبًا
بدتر	درجہ میں	اور اللہ	خوب جانتا ہے	جو تم بیان کرتے ہو	کہنے لگے	اے	عزیز	بیشک	اس کا	باپ

بدتر درجہ میں ہو اور تم جو بیان کرتے ہو اللہ خوب جانتا ہے۔ کہنے لگے، اے عزیز! بیشک اس کا باپ

شَیۡخًا کَبِیۡرًا فَخُذۡ اَحَدَنَا مَکَانَہٗ ۚ اِنَّا نَرٰىکَ مِنَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ﴿۷۸﴾ قَالَ

شَیۡخًا	کَبِیۡرًا	فَخُذۡ	اَحَدَنَا	مَکَانَہٗ	اِنَّا نَرٰىکَ	مِنَ	الۡمُحۡسِنِیۡنَ	قَالَ
بوڑھا	بڑی عمر کا	پس لے (رکھ لے)	ہم میں سے ایک	اس کی جگہ	ہم دیکھتے ہیں بیشک تجھے	سے	احسان کرنے والے	اس نے کہا

بڑی عمر کا بوڑھا ہے، پس اس کی جگہ ہم میں سے ایک کو رکھ لے ہم دیکھتے ہیں کہ تو احسان کرنیوالوں میں سے ہے - اس نے کہا

۹ ع ۱۱ ۳

مَعَاذَ اللّٰہِ اَنۡ نَّاۡخُذَ اِلَّا مَنۡ وَّجَدۡنَا مَتَاعَنَا عِنۡدَہٗۤ ۙ اِنَّاۤ اِذًا لَّظٰلِمُوۡنَ ﴿۷۹﴾

مَعَاذَ اللّٰہِ	اَنۡ	نَاۡخُذَ	اِلَّا	مَنۡ	وَجَدۡنَا	مَتَاعَنَا	عِنۡدَہٗ	اِنَّاۤ اِذًا	لَظٰلِمُوۡنَ
اللہ کی پناہ	کہ	ہم پکڑیں	سوا	جس کو	ہم نے پایا	اپنا سامان	اس کے پاس	بیشک ہم جب	البتہ ظالموں سے

اللہ کی پناہ کہ اس کے سوا ہم (کسی اور) کو پکڑیں جس کے پاس ہم نے اپنا سامان پایا (اس صورت میں) ہم ظالموں سے ہوں گے -

فَلَمَّا اسۡتَیۡـَٔسُوۡا مِنۡہُ خَلَصُوۡا نَجِیًّا ؕ قَالَ کَبِیۡرُہُمۡ اَلَمۡ تَعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اَبَاکُمۡ

فَلَمَّا	اسۡتَیۡـَٔسُوۡا	مِنۡہُ	خَلَصُوۡا	نَجِیًّا	قَالَ	کَبِیۡرُہُمۡ	اَلَمۡ تَعۡلَمُوۡۤا	اَنَّ	اَبَاکُمۡ
پھر جب	وہ مایوس ہو گئے	اس سے	اکیلے ہو بیٹھے	مشورہ کیا	کہا	ان کا بڑا	کیا تم نہیں جانتے	کہ	تمہارا باپ

پھر جب وہ اس سے مایوس ہو گئے تو مشورہ کرنے کے لئے اکیلے ہو بیٹھے، انکے بڑے (بھائی) نے کہا، کیا تم نہیں جانتے کہ تمہارے باپ نے

قَدۡ اَخَذَ عَلَیۡکُمۡ مَّوۡثِقًا مِّنَ اللّٰہِ وَ مِنۡ قَبۡلُ مَا فَرَّطۡتُّمۡ فِیۡ یُوۡسُفَ ۚ فَلَنۡ

قَدۡ اَخَذَ	عَلَیۡکُمۡ	مَوۡثِقًا	مِنَ	اللّٰہِ	وَ	مِنۡ قَبۡلُ	مَا	فَرَّطۡتُّمۡ	فِیۡ	یُوۡسُفَ	فَلَنۡ
لیا ہے	تم سے	پختہ عہد	سے (کا)	اللہ	اور	اس سے قبل	جو	تقصیر کی تم نے	بارہ میں	یوسفؑ	پس ہرگز نہ

تم سے اللہ کا پختہ عہد لیا، اور اس سے قبل تم نے یوسفؑ کے بارہ میں تقصیر کی، پس میں ہرگز نہ

اَبۡرَحَ الۡاَرۡضَ حَتّٰی یَاۡذَنَ لِیۡۤ اَبِیۡۤ اَوۡ یَحۡکُمَ اللّٰہُ لِیۡ ۚ وَ ہُوَ خَیۡرُ الۡحٰکِمِیۡنَ ﴿۸۰﴾

اَبۡرَحَ	الۡاَرۡضَ	حَتّٰی	یَاۡذَنَ	لِیۡ	اَبِیۡ	اَوۡ	یَحۡکُمَ اللّٰہُ لِیۡ	وَ ہُوَ	خَیۡرُ الۡحٰکِمِیۡنَ
ٹلوں گا	زمین	یہاں تک	اجازت دے	مجھے	میرا باپ	یا	حکم دے (تدبیر نکالے) اللہ میرے لئے	اور وہ	سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا

ٹلوں گا زمین سے (یہاں سے)، یہانتک کہ میرا باپ مجھے اجازت دے یا میرا اللہ میرے لئے کوئی تدبیر نکالے، اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنیوالا ہے۔

اِرۡجِعُوۡۤا اِلٰۤی اَبِیۡکُمۡ فَقُوۡلُوۡا یٰۤاَبَانَاۤ اِنَّ ابۡنَکَ سَرَقَ ۚ وَ مَا شَہِدۡنَاۤ اِلَّا بِمَا

اِرۡجِعُوۡۤا	اِلٰی	اَبِیۡکُمۡ	فَقُوۡلُوۡا	یٰۤاَبَانَا	اِنَّ	ابۡنَکَ	سَرَقَ	وَ مَا شَہِدۡنَا	اِلَّا	بِمَا
لوٹ جاؤ تم	طرف (پاس)	اپنا باپ	پس کہو	اے ہمارے باپ	بیشک	تمہارا بیٹا	چوری کی	اور نہیں گواہی دی ہم نے	مگر	جو

اپنے باپ کے پاس لوٹ جاؤ، پس کہو اے ہمارے باپ! تمہارے بیٹے نے چوری کی اور ہم نے گواہی نہیں دی تھی (صرف وہی کہا تھا) جو

عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿٨١﴾ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَ

عَلِمْنَا	وَمَا كُنَّا	لِلْغَيْبِ	حٰفِظِيْنَ	وَسْـَٔلِ	الْقَرْيَةَ	الَّتِيْ	كُنَّا	فِيْهَا	وَ
ہمیں معلوم تھا	اور ہم نہ تھے	غیب کے	نگہبان	اور پوچھ لیں آپ	بستی	جو جس	ہم تھے	اس میں	اور

ہمیں معلوم تھا، اور ہم غیب کے نگہبان (یا خبر) نہ تھے۔ اور پوچھ لیں اس بستی سے جس میں ہم تھے، اور

الْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿٨٢﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ

الْعِيْرَ	الَّتِيْ	اَقْبَلْنَا	فِيْهَا	وَاِنَّا	لَصٰدِقُوْنَ	قَالَ	بَلْ	سَوَّلَتْ	لَكُمْ	اَنْفُسُكُمْ
قافلہ	جو جس	ہم آئے	اس میں	اور بیشک ہم	سچے	اس نے کہا	بلکہ	بنالی ہے	تمہارے لئے	تمہارا دل

اس قافلے سے جس میں ہم آئے ہیں، اور بیشک ہم سچے ہیں۔ اس نے کہا (نہیں) بلکہ تمہارے دل نے بنالی ہے

اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ

اَمْرًا	فَصَبْرٌ	جَمِيْلٌ	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ يَّاْتِيَنِيْ	بِهِمْ	جَمِيْعًا	اِنَّهٗ	هُوَ	الْعَلِيْمُ
ایک بات	پس صبر	اچھا	شاید	اللہ	کہ میرے پاس لے آئے	انہیں	سب کو	بیشک وہ	وہ	جاننے والا

ایک بات، پس صبر ہی اچھا ہے، شاید اللہ ان سب کو میرے پاس لے آئے، بیشک وہ جاننے والا ہے،

الْحَكِيْمُ ﴿٨٣﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰي يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ

الْحَكِيْمُ	وَتَوَلّٰى	عَنْهُمْ	وَقَالَ	يٰٓاَسَفٰى	عَلٰي	يُوْسُفَ	وَابْيَضَّتْ	عَيْنٰهُ
حکمت والا	اور منہ پھیر لیا	ان سے	اور کہا	ہائے افسوس	پر	یوسفؑ	اور سفید ہوگئیں	اس کی آنکھیں

حکمت والا ہے۔ اور ان سے منہ پھیر لیا اور کہا ہائے افسوس! یوسفؑ پر، اور اس کی آنکھیں سفید ہوگئیں

مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿٨٤﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ

مِنَ	الْحُزْنِ	فَهُوَ	كَظِيْمٌ	قَالُوْا	تَاللّٰهِ	تَفْتَؤُا	تَذْكُرُ	يُوْسُفَ	حَتّٰى	تَكُوْنَ
سے	غم	پس وہ	گھونٹ رہا تھا	وہ بولے	اللہ کی قسم	تو ہمیشہ رہے گا	یاد کرتا	یوسفؑ	یہاں تک کہ	تم ہوجاؤ

غم سے، پس وہ گھونٹ رہا تھا (غم ضبط کررہا تھا)۔ وہ بولے اللہ کی قسم! تم ہمیشہ یوسفؑ کو یاد کرتے رہو گے یہاں تک کہ تم ہوجاؤ

حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿٨٥﴾ قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ

حَرَضًا	اَوْ تَكُوْنَ	مِنَ	الْهٰلِكِيْنَ	قَالَ	اِنَّمَآ	اَشْكُوْا	بَثِّيْ	وَحُزْنِيْ
بیمار	یا ہوجاؤ	سے	ہلاک ہونے والے	اس نے کہا	میں تو صرف	بیان کرتا ہوں	اپنی بیقراری	اور اپنا غم

بیمار یا ہلاک ہوجاؤ۔ اس نے کہا میں تو اپنی بے قراری اور اپنا غم بیان کرتا ہوں

إِلَى اللّٰهِ وَأَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٨٦﴾ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوا فَتَحَسَّسُوا

إِلَى	اللّٰهِ	وَأَعْلَمُ	مِنَ	اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُونَ	يٰبَنِيَّ	اذْهَبُوا	فَتَحَسَّسُوا
طرف سامنے	اللہ	اور جانتا ہوں	سے	اللہ	جو	تم نہیں جانتے	اے میرے بیٹو	تم جاؤ	پس کھوج نکالو

صرف اللہ کے سامنے اور اللہ (کی طرف) سے جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے - اے میرے بیٹو! تم جاؤ پس کھوج نکالو

مِنْ يُوسُفَ وَأَخِيهِ وَلَا تَايْـَٔسُوا مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ ۚ إِنَّهُ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ

مِنْ	يُوسُفَ	وَأَخِيهِ	وَلَا تَايْـَٔسُوا	مِنْ	رَوْحِ اللّٰهِ	إِنَّهُ	لَا يَايْـَٔسُ	مِنْ	رَوْحِ اللّٰهِ
سے (کا)	یوسفؑ	اور اس کا بھائی	اور نہ مایوس ہو	سے	اللہ کی رحمت	بیشک وہ	مایوس نہیں ہوتے	سے	اللہ کی رحمت

یوسفؑ کا اور اس کے بھائی کا، اور اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، بیشک اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہوتے

إِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُونَ ﴿٨٧﴾ فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَيْهِ قَالُوا يٰٓأَيُّهَا الْعَزِيزُ مَسَّنَا وَأَهْلَنَا

إِلَّا	الْقَوْمُ	الْكٰفِرُونَ	فَلَمَّا	دَخَلُوا	عَلَيْهِ	قَالُوا	يٰٓأَيُّهَا	الْعَزِيزُ	مَسَّنَا	وَأَهْلَنَا
مگر	لوگ	کافر (جمع)	پھر جب	وہ داخل ہوئے	اس کے سامنے	انہوں نے کہا	اے	عزیز	ہمیں پہنچی	اور ہمارے گھر

مگر کافر لوگ - پھر جب وہ اس کے سامنے داخل ہوئے انہوں نے کہا اے عزیز! ہمیں اور ہمارے گھر کو پہنچی ہے

الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُزْجٰةٍ فَأَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۖ إِنَّ اللّٰهَ

الضُّرُّ	وَجِئْنَا	بِبِضَاعَةٍ	مُزْجٰةٍ	فَأَوْفِ	لَنَا	الْكَيْلَ	وَتَصَدَّقْ	عَلَيْنَا	إِنَّ اللّٰهَ
سختی	اور ہم آئے	پونجی کے ساتھ (لے کر)	نکمی (ناقص)	پس پوری دیں	ہمیں	ناپ (غلہ)	صدقہ کریں	ہم پر (ہمیں)	بیشک اللہ

سختی، اور ہم ناقص پونجی لے کر آئے ہیں، ہمیں پورا ناپ (غلہ) دیں، اور ہم پر صدقہ کریں، بیشک اللہ

يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِينَ ﴿٨٨﴾ قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَا فَعَلْتُمْ بِيُوسُفَ وَأَخِيهِ

يَجْزِي	الْمُتَصَدِّقِينَ	قَالَ	هَلْ عَلِمْتُمْ	مَا فَعَلْتُمْ	بِيُوسُفَ	وَأَخِيهِ
جزا دیتا ہے	صدقہ کرنے والے	کہا	کیا تمہیں خبر ہے	کیا تم نے کیا ہے؟	یوسفؑ کے ساتھ	اور اس کا بھائی

صدقہ کرنے والوں کو جزا دیتا ہے - (یوسفؑ نے) کہا کیا تمہیں خبر ہے؟ تم نے یوسفؑ اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا (سلوک) کیا؟

إِذْ أَنْتُمْ جٰهِلُونَ ﴿٨٩﴾ قَالُوٓا ءَإِنَّكَ لَأَنْتَ يُوسُفُ ۖ قَالَ أَنَا يُوسُفُ وَهٰذَآ

إِذْ أَنْتُمْ	جٰهِلُونَ	قَالُوٓا	ءَإِنَّكَ	لَأَنْتَ	يُوسُفُ	قَالَ	أَنَا يُوسُفُ	وَهٰذَآ
جب تم	نادان	وہ بولے	کیا تم ہی	تم ہی	یوسفؑ	اس نے کہا	میں یوسفؑ	اور یہ

جب تم نادان تھے - وہ بولے کیا تم ہی یوسفؑ ہو؟ اس نے کہا میں یوسف ہوں اور یہ

اَخِیْ ۫ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَیْنَا ؕ اِنَّهٗ مَنْ یَّتَّقِ وَ یَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیْعُ

اَخِیْ	قَدْ مَنَّ	اللّٰهُ	عَلَیْنَا	اِنَّهٗ	مَنْ یَّتَّقِ	وَیَصْبِرْ	فَاِنَّ اللّٰهَ	لَا یُضِیْعُ
میرا بھائی	البتہ احسان کیا ہے	اللہ	ہم پر	بیشک وہ	جو ڈرتا ہے	اور صبر کرتا ہے	تو بیشک اللہ	ضائع نہیں کرتا

میرا بھائی ہے، اللہ نے البتہ ہم پر احسان کیا ہے، بیشک جو ڈرتا ہے اور صبر کرتا ہے تو بیشک اللہ ضائع نہیں کرتا

اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَیْنَا وَ اِنْ كُنَّا

اَجْرَ	الْمُحْسِنِیْنَ	قَالُوْا	تَاللّٰهِ	لَقَدْ اٰثَرَكَ	اللّٰهُ	عَلَیْنَا	وَاِنْ	كُنَّا
اجر	نیکی کرنے والے	کہنے لگے	اللہ کی قسم	تجھے پسند کیا (فضیلت دی)	اللہ	ہم پر	اور بیشک	ہم تھے

نیکی کرنے والوں کا اجر۔ کہنے لگے اللہ کی قسم! اللہ نے تجھے ہم پر فضیلت دی ہے اور ہم بیشک

لَخٰطِـِٕیْنَ ﴿۹۱﴾ قَالَ لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْكُمُ الْیَوْمَ ؕ یَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۟ وَ هُوَ اَرْحَمُ

لَخٰطِـِٕیْنَ	قَالَ	لَا تَثْرِیْبَ	عَلَیْكُمُ	الْیَوْمَ	یَغْفِرُ	اللّٰهُ	لَكُمْ	وَهُوَ	اَرْحَمُ
خطاکار	اس نے کہا	ملامت نہیں	تم پر	آج	بخشے	اللہ	تم کو	اور وہ	سب سے زیادہ مہربان

خطاکار تھے۔ اس نے کہا آج تم پر کوئی ملامت (الزام) نہیں، اللہ تمہیں بخشے، وہ سب سے زیادہ مہربان ہے

الرّٰحِمِیْنَ ﴿۹۲﴾ اِذْهَبُوْا بِقَمِیْصِیْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰی وَجْهِ اَبِیْ یَاْتِ بَصِیْرًا ۚ

الرّٰحِمِیْنَ	اِذْهَبُوْا	بِقَمِیْصِیْ	هٰذَا	فَاَلْقُوْهُ	عَلٰی	وَجْهِ	اَبِیْ	یَاْتِ	بَصِیْرًا
مہربانی کرنے والے	تم جاؤ	میری قمیص لے کر	یہ	پس اس کو ڈالو	پر	چہرہ	میرا باپ	آئے گا	بینا ہو کر

مہربانی کرنے والوں سے۔ تم میری یہ قمیص لے کر جاؤ، پس اس کو میرے باپ کے چہرہ پر ڈالو، وہ بینا ہو جائیں گے

وَ اْتُوْنِیْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۹۳﴾ وَ لَمَّا فَصَلَتِ الْعِیْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّیْ

وَاْتُوْنِیْ	بِاَهْلِكُمْ	اَجْمَعِیْنَ	وَلَمَّا	فَصَلَتِ	الْعِیْرُ	قَالَ	اَبُوْهُمْ	اِنِّیْ
اور میرے پاس آؤ (لے آؤ)	اپنے گھر والوں کو	تمام (سارے)	اور جب	جدا جدا (روانہ ہوا)	قافلہ	کہا	ان کا باپ	بیشک میں

اور میرے پاس اپنے تمام گھر والوں کو لے آؤ۔ اور جب قافلہ روانہ ہوا ان کے باپ نے کہا، بیشک میں

لَاَجِدُ رِیْحَ یُوْسُفَ لَوْ لَاۤ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِیْ ضَلٰلِكَ

لَاَجِدُ	رِیْحَ	یُوْسُفَ	لَوْلَا	اَنْ	تُفَنِّدُوْنِ	قَالُوْا	تَاللّٰهِ	اِنَّكَ	لَفِیْ	ضَلٰلِكَ
البتہ پاتا ہوں	ہوا (خوشبو)	یوسف	اگر نہ	کہ	مجھے بہک گیا جانو	وہ کہنے لگے	اللہ کی قسم	بیشک تو	میں	اپنا وہم

یوسفؑ کی خوشبو پا رہا ہوں اگر نہ جانو (نہ کہو) کہ بوڑھا بہک گیا ہے۔ وہ کہنے لگے اللہ کی قسم! بیشک تو اپنے

الْقَدِيْمِ ﴿٩٥﴾ فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ

الْقَدِيْمِ	فَلَمَّا	اَنْ	جَآءَ	الْبَشِيْرُ	اَلْقٰهُ	عَلٰى	وَجْهِهٖ	فَارْتَدَّ	بَصِيْرًا
پُرانا	پھر جب	کہ	آیا	خوشخبری دینے والا	اس (نے) وہ (کرتہ) ڈالا	پر	اس کا منہ	تو لوٹ کر ہو گیا	دیکھنے والا

پرانے وہم میں ہے پھر جب خوشخبری دینے والا آیا اور اس نے کرتہ اس کے (یعقوبؑ کے) منہ پر ڈالا تو وہ لوٹ کر دیکھنے والا (بینا) ہو گیا

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚۙ اِنِّیْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٩٦﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا

قَالَ	اَلَمْ اَقُلْ	لَكُمْ	اِنِّیْٓ اَعْلَمُ	مِنَ	اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ	قَالُوْا	يٰٓاَبَانَا	اسْتَغْفِرْ لَنَا
بولا	کیا میں نے نہیں کہا تھا	تم سے	بیشک میں جانتا ہوں	(طرف) سے	اللہ	جو	تم نہیں جانتے	وہ بولے	اے ہمارے باپ	ہمارے لئے بخشش مانگ

بولا کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا؟ کہ میں اللہ کی طرف سے جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے - وہ بولے اے ہمارے باپ! ہمارے لئے بخشش مانگیے

ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِئِيْنَ ﴿٩٧﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

ذُنُوْبَنَا	اِنَّا	كُنَّا	خٰطِئِيْنَ	قَالَ	سَوْفَ	اَسْتَغْفِرُ	لَكُمْ	رَبِّیْ	اِنَّهٗ	هُوَ
ہمارے گناہ	بیشک ہم	تھے	خطاکار (جمع)	اس نے کہا	جلد	میں بخشش مانگوں گا	تمہارے لئے	اپنا رب	بیشک وہ	وہ

ہمارے گناہوں کی، بیشک ہم خطا کار تھے - اس نے کہا میں جلد اپنے رب سے تمہارے گناہوں کی بخشش مانگوں گا، بیشک وہ

الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿٩٨﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰۤى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ

الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ	فَلَمَّا	دَخَلُوْا	عَلٰى يُوْسُفَ	اٰوٰى	اِلَيْهِ	اَبَوَيْهِ	وَقَالَ
بخشنے والا	نہایت مہربان	پھر جب	وہ داخل ہوئے	یوسفؑ پر (پاس)	اس نے ٹھکانہ دیا	اپنے پاس	اپنے ماں باپ	اور کہا

بخشنے والا نہایت مہربان ہے- پھر جب وہ یوسفؑ کے پاس داخل ہوئے تو اس نے اپنے ماں باپ کو اپنے پاس ٹھکانہ دیا، اور کہا

ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿٩٩﴾ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ

ادْخُلُوْا	مِصْرَ	اِنْ	شَآءَ اللّٰهُ	اٰمِنِيْنَ	وَرَفَعَ	اَبَوَيْهِ	عَلَى	الْعَرْشِ	وَخَرُّوْا	لَهٗ
تم داخل ہو	مصر	اگر	اللہ نے چاہا	امن (دلجمعی) کے ساتھ	اور اونچا بٹھایا	اپنے ماں باپ	پر	تخت	اور وہ گر گئے	اسکے لئے (آگے)

اگر اللہ چاہے تو تم مصر میں دلجمعی کے ساتھ داخل ہو - اور اپنے ماں باپ کو تخت پر اونچا بٹھایا، اور وہ اس کے آگے گر گئے

سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰٓاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَایَ مِنْ قَبْلُ ۫ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّیْ حَقًّا ؕ

سُجَّدًا	وَ قَالَ	يٰٓاَبَتِ	هٰذَا	تَاْوِيْلُ	رُءْيَایَ	مِنْ قَبْلُ	قَدْ جَعَلَهَا	رَبِّیْ	حَقًّا
سجدہ میں	اور اس نے کہا	اے میرے ابّا	یہ	تعبیر	میرا خواب	اس سے پہلے	اس کو کر دیا	میرا رب	سچا

سجدہ میں اور اس نے کہا اے میرے ابّا ! یہ ہے میرے اس سے پہلے خواب کی تعبیر، اس کو میرے رب نے سچا کر دیا،

وَقَدْ اَحْسَنَ بِیْٓ اِذْ اَخْرَجَنِیْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ

وَ	قَدْ اَحْسَنَ	بِیْ	اِذْ	اَخْرَجَنِیْ	مِنَ	السِّجْنِ	وَجَآءَ	بِكُمْ	مِّنَ	الْبَدْوِ
اور	بیشک اس نے احسان کیا	مجھ پر	جب	مجھے نکالا	سے	قید خانہ	اور لے آیا	تم سب کو	سے	گاؤں

اور بیشک اس نے مجھ پر احسان کیا جب مجھے قید خانہ سے نکالا، اور تم سب کو گاؤں سے لے آیا

مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّیْطٰنُ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اِخْوَتِیْ ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ ؕ

مِنْۢ بَعْدِ	اَنْ	نَّزَغَ	الشَّیْطٰنُ	بَیْنِیْ	وَبَیْنَ اِخْوَتِیْ	اِنَّ	رَبِّیْ	لَطِیْفٌ	لِّمَا یَشَآءُ
اس کے بعد	کہ	جھگڑا ڈال دیا	شیطان	میرے درمیان	اور میرے بھائیوں کے درمیان	بیشک	میرا رب	عمدہ تدبیر کرنیوالا	جس کے لئے چاہے

اس کے بعد کہ میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان شیطان نے جھگڑا (فساد) ڈال دیا تھا، بیشک میرا رب جس کے لئے چاہے عمدہ تدبیر کرنیوالا ہے

اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۰۰﴾ رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِیْ

اِنَّهٗ	هُوَ	الْعَلِیْمُ	الْحَكِیْمُ	رَبِّ	قَدْ اٰتَیْتَنِیْ	مِنَ	الْمُلْكِ	وَعَلَّمْتَنِیْ
بیشک وہ	وہ	جاننے والا	حکمت والا	اے میرے رب	تو نے مجھے عطا کیا	سے۔ایک	ملک	اور مجھے سکھایا

بیشک وہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔ اے میرے رب! تو نے مجھے ایک ملک عطا کیا اور مجھے سکھایا

مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۫ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَ

مِنْ	تَاْوِیْلِ	الْاَحَادِیْثِ	فَاطِرَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	اَنْتَ	وَلِیّٖ	فِی الدُّنْیَا	وَ
سے	انجام نکالنا (تعبیر)	باتیں (خواب)	پیدا کرنے والا	آسمان (جمع)	اور زمین	تو	میرا کارساز	دنیا میں	اور

باتوں کا انجام (خوابوں کی تعبیر) نکالنا، اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! تو میرا کارساز ہے دنیا میں، اور

الْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ﴿۱۰۱﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ

الْاٰخِرَةِ	تَوَفَّنِیْ	مُسْلِمًا	وَّاَلْحِقْنِیْ	بِالصّٰلِحِیْنَ	ذٰلِكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ
آخرت	مجھے اٹھا	فرمانبرداری کی حالت میں	اور مجھے ملا	صالح (نیک بندوں) کے ساتھ	یہ	سے	غیب کی خبریں

آخرت میں، مجھے (دنیا سے) فرمانبرداری کی حالت میں اٹھانا اور مجھے نیک بندوں کے ساتھ ملانا۔ یہ غیب کی خبروں میں سے ہے

نُوْحِیْهِ اِلَیْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَیْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ یَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

نُوْحِیْهِ	اِلَیْكَ	وَمَا كُنْتَ	لَدَیْهِمْ	اِذْ	اَجْمَعُوْٓا	اَمْرَهُمْ	وَهُمْ	یَمْكُرُوْنَ
ہم وحی کرتے ہیں	تمہاری طرف	اور تم نہ تھے	ان کے پاس	جب	انہوں نے جمع کیا (پختہ کیا)	اپنا کام	اور وہ	چال چل رہے تھے

جو ہم تمہاری طرف وحی کرتے ہیں اور تم ان کے پاس نہ تھے جب انہوں نے اپنا کام پختہ کیا اور وہ چال چل رہے تھے۔

وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٣﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ

وَمَا	اَكْثَرُ النَّاسِ	وَلَوْ	حَرَصْتَ	بِمُؤْمِنِيْنَ	وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ اَجْرٍ
اور نہیں	اکثر لوگ	اگرچہ	تم چاہو	ایمان لانے والے	اور تم نہیں مانگتے ان سے	اس پر	کوئی اجر

اگرچہ تم (کتنا ہی) چاہو اور اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں ۔ اور تم ان سے اس پر کوئی اجر نہیں مانگتے

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٤﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ع ١١ — ١١ — ٥

اِنْ هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	لِّلْعٰلَمِيْنَ	وَ	كَاَيِّنْ	مِنْ اٰيَةٍ	فِى السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
یہ نہیں	مگر	نصیحت	سارے جہانوں کے لئے	اور	کتنی ہی	نشانیاں	آسمانوں میں	اور زمین

یہ (اور کچھ) نہیں، سارے جہانوں کے لئے نصیحت ہے ۔ اور آسمانوں میں اور زمین میں کتنی ہی نشانیاں ہیں

يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿١٠٥﴾ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ

يَمُرُّوْنَ	عَلَيْهَا	وَهُمْ	عَنْهَا	مُعْرِضُوْنَ	وَمَا يُؤْمِنُ	اَكْثَرُهُمْ	بِاللّٰهِ	اِلَّا	وَهُمْ
وہ گزرتے ہیں	ان پر	لیکن وہ	اس سے	منہ پھیرنے والے	اور ایمان نہیں لاتے	ان میں اکثر	اللہ پر	مگر	اور وہ

وہ اُن پر گزرتے ہیں، لیکن وہ ان سے منہ پھیرنے والے ہیں ۔ اور ان میں سے اکثر اللہ پر ایمان نہیں لاتے مگر وہ

مُّشْرِكُوْنَ ﴿١٠٦﴾ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ

مُشْرِكُوْنَ	اَفَاَمِنُوْا	اَنْ تَاْتِيَهُمْ	غَاشِيَةٌ	مِنْ	عَذَابِ اللّٰهِ	اَوْ	تَاْتِيَهُمْ
مشرک (جمع)	پس کیا وہ بے خوف ہو گئے	کہ ان پر آئے	چھا جانے والی (آفت)	سے	اللہ کا عذاب	یا	ان پر آ جائے

مشرک ہیں ۔ پس کیا وہ (اس سے) بے خوف ہو گئے کہ ان پر اللہ کے عذاب کی آفت آ جائے، یا اُن پر آ جائے

السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١٠٧﴾ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِىْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ؔ قف

السَّاعَةُ	بَغْتَةً	وَهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ	قُلْ	هٰذِهٖ	سَبِيْلِىْ	اَدْعُوْا	اِلَى اللّٰهِ
گھڑی (قیامت)	اچانک	اور وہ	انہیں خبر نہ ہو	آپ کہہ دیں	یہ	میرا راستہ	میں بلاتا ہوں	اللہ کی طرف

اچانک قیامت، اور انہیں خبر (بھی) نہ ہو ۔ آپ کہہ دیں یہ میرا راستہ ہے، میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِىْ ؕ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿١٠٨﴾

عَلٰى بَصِيْرَةٍ	اَنَا	وَمَنِ	اتَّبَعَنِىْ	وَ	سُبْحٰنَ اللّٰهِ	وَمَا اَنَا	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ
دانائی پر (سمجھ بوجھ کے مطابق)	میں	اور جو جس	میری پیروی کی	اور	اللہ پاک ہے	اور میں نہیں	سے	مشرک (جمع)

سمجھ بوجھ کے مطابق، میں (بھی) اور وہ (بھی) جس نے میری پیروی کی، اور اللہ پاک ہے، اور میں مشرکوں میں سے نہیں ۔

وَمَآ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوۡحِىۡۤ اِلَيۡهِمۡ مِّنۡ اَهۡلِ الۡقُرٰىؕ اَفَلَمۡ يَسِيۡرُوۡا

وَ	مَآ اَرۡسَلۡنَا	مِنۡ قَبۡلِكَ	اِلَّا	رِجَالًا	نُّوۡحِىۡۤ	اِلَيۡهِمۡ	مِّنۡ	اَهۡلِ الۡقُرٰى	اَ	فَلَمۡ يَسِيۡرُوۡا
اور	ہم نے نہیں بھیجا	تم سے پہلے	مگر صرف	مرد	ہم وحی بھیجتے تھے	انکی طرف	سے	بستیوں والے	کیا	پس انہوں نے سیر نہیں کی

اور ہم نے تم سے پہلے بستیوں میں رہنے والے لوگوں میں سے صرف مرد (نبی) بھیجے جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے، پس کیا اُنہوں نے سیر نہیں کی

فِى الۡاَرۡضِ فَيَنۡظُرُوۡا كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡؕ وَلَدَارُ الۡاٰخِرَةِ

فِى الۡاَرۡضِ	فَيَنۡظُرُوۡا	كَيۡفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِيۡنَ	مِنۡ قَبۡلِهِمۡ	وَ	لَدَارُ الۡاٰخِرَةِ
زمین (ملک) میں	پس وہ دیکھتے	کیسا کیا	ہوا	انجام	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	اور	البتہ آخرت کا گھر

ملک میں؟ کہ وہ دیکھتے ان سے پہلے لوگوں کا انجام کیا ہوا؟ اور البتہ آخرت کا گھر

خَيۡرٌ لِّلَّذِيۡنَ اتَّقَوۡاؕ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۱۰۹﴾ حَتّٰۤى اِذَا اسۡتَيۡـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوۡۤا

خَيۡرٌ	لِّلَّذِيۡنَ	اتَّقَوۡا	اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ	حَتّٰۤى	اِذَا	اسۡتَيۡـَٔسَ	الرُّسُلُ	وَظَنُّوۡۤا
بہتر	ان کے لئے جو	انہوں نے پرہیز کیا	پس کیا تم سمجھتے نہیں	یہاں تک	جب	مایوس ہونے لگے	رسول (جمع)	اور انہوں نے گمان کیا

ان لوگوں کے لئے بہتر ہے جنہوں نے پرہیز کیا، پس کیا تم نہیں سمجھتے؟ یہاں تک کہ جب (ظاہری اسباب سے) رسول مایوس ہونے لگے اور انہوں نے گمان کیا

اَنَّهُمۡ قَدۡ كُذِبُوۡا جَآءَهُمۡ نَصۡرُنَا ۙ فَنُجِّىَ مَنۡ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاۡسُنَا

اَنَّهُمۡ	قَدۡ كُذِبُوۡا	جَآءَهُمۡ	نَصۡرُنَا	فَنُجِّىَ	مَنۡ	نَّشَآءُ	وَ	لَا يُرَدُّ	بَاۡسُنَا
کہ وہ	ان سے جھوٹ کہا گیا	اُن کے پاس آئی	ہماری مدد	پس بچا دیئے گئے	جنہیں	ہم نے چاہا	اور	نہیں پھیرا جاتا	ہمارا عذاب

کہ ان سے جھوٹ کہا گیا تھا، انکے پاس ہماری مدد آگئی پس جنہیں ہم نے چاہا وہ بچا دیئے گئے اور ہمارا عذاب نہیں پھیرا جاتا

عَنِ الۡقَوۡمِ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿۱۱۰﴾ لَقَدۡ كَانَ فِىۡ قَصَصِهِمۡ عِبۡرَةٌ لِّاُولِى الۡاَلۡبَابِؕ

عَنِ	الۡقَوۡمِ	الۡمُجۡرِمِيۡنَ	لَقَدۡ	كَانَ	فِىۡ	قَصَصِهِمۡ	عِبۡرَةٌ	لِّاُولِى الۡاَلۡبَابِ
سے	قوم	مجرم (جمع)	البتہ	ہے	میں	ان کے قصے	عبرت (نصیحت)	عقلمندوں کے لئے

مجرموں کی قوم سے۔ البتہ ان کے قصوں میں عقلمندوں کے لئے عبرت ہے

مَا كَانَ حَدِيۡثًا يُّفۡتَرٰى وَلٰكِنۡ تَصۡدِيۡقَ الَّذِىۡ بَيۡنَ يَدَيۡهِ وَتَفۡصِيۡلَ

مَا كَانَ	حَدِيۡثًا	يُّفۡتَرٰى	وَلٰكِنۡ	تَصۡدِيۡقَ	الَّذِىۡ	بَيۡنَ يَدَيۡهِ	وَتَفۡصِيۡلَ
نہیں ہے	بات	بنائی ہوئی	اور لیکن (بلکہ)	تصدیق	وہ جو	اس سے (اپنے سے) پہلی	اور تفصیل (بیان)

یہ بنائی ہوئی بات نہیں، بلکہ تصدیق ہے اپنے سے پہلوں کی، اور بیان ہے

كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

كُلِّ	شَيْءٍ	وَّهُدًى	وَّرَحْمَةً	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ
ہر	بات	اور ہدایت	اور رحمت	لوگوں کے لئے	جو ایمان لاتے ہیں

ہر بات کا، اور ہدایت و رحمت ہے ان لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے ہیں۔

آیاتها ۴۳ — ۱۳ سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ ۹۶ — رکوعاتها ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔

الٓمّٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ

الٓمّٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	وَالَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	مِنْ رَّبِّكَ	الْحَقُّ	وَلٰكِنَّ
الف لام میم را	یہ	آیتیں	کتاب	اور وہ جو کہ	اُتارا گیا	تمہاری طرف	تمہارے رب کی طرف سے	حق	اور لیکن (مگر)

الف لام میم را۔ یہ کتاب (قرآن) کی آیتیں ہیں، اور جو تمہارے رب کی طرف سے تمہاری طرف اتارا گیا حق ہے، مگر

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا

اَكْثَرَ النَّاسِ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	رَفَعَ	السَّمٰوٰتِ	بِغَيْرِ عَمَدٍ	تَرَوْنَهَا
اکثر لوگ	ایمان نہیں لاتے	اللہ	وہ جس نے	بلند کیا	آسمان (جمع)	کسی ستون کے بغیر	تم اسے دیکھتے ہو

اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔ اللہ جس نے آسمانوں کو بلند کیا کسی ستون (سہارے) کے بغیر تم دیکھتے ہو اسے

ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ

ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى الْعَرْشِ	وَسَخَّرَ	الشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	كُلٌّ	يَّجْرِيْ	لِاَجَلٍ
پھر	قرار پکڑا	عرش پر	اور کام پر لگایا	سورج	اور چاند	ہر ایک	چلتا ہے	ایک مدّت

پھر عرش پر قرار پکڑا، اور سورج اور چاند کو مسخر کیا (کام پر لگایا) ہر ایک چلتا ہے ایک مدّت

مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ﴿۲﴾

مُّسَمًّى	يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ	يُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ	بِلِقَآءِ	رَبِّكُمْ	تُوْقِنُوْنَ
مقررہ	تدبیر کرتا ہے	کام	وہ بیان کرتا ہے	نشانیاں	تاکہ تم	ملنے کا	اپنا رب	تم یقین کرلو

مقررہ تک، اللہ کام کی تدبیر کرتا ہے، وہ نشانیاں بیان کرتا ہے تاکہ تم اپنے رب سے ملنے کا یقین کرلو۔

وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْهٰرًا ۭ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ

وَهُوَ	الَّذِيْ	مَدَّ	الْاَرْضَ	وَجَعَلَ	فِيْهَا	رَوَاسِيَ	وَاَنْهٰرًا	وَ	مِنْ	كُلِّ	الثَّمَرٰتِ
اور وہی	وہ جس	پھیلایا	زمین	اور بنایا	اس میں	پہاڑ (جمع)	اور نہریں	اور	سے	ہر ایک	پھل (جمع)

اور وہی ہے جس نے زمین کو پھیلایا، اور اس میں پہاڑ بنائے اور نہریں (چلائیں) اور ہر قسم کے پھل (پیدا کئے)

جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

قُلْ	لِّعِبَادِيَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	يُقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَيُنْفِقُوْا	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ
کہدیں	میرے بندوں سے	وہ جوکہ	ایمان لائے	قائم کریں	نماز	اور خرچ کریں	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا

آپ میرے اُن بندوں سے کہدیں جو ایمان لائے کہ وہ نماز قائم کریں اور اُس میں سے خرچ کریں جو ہم نے انہیں دیا ہے

سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾ اَللّٰهُ

سِرًّا	وَّعَلَانِيَةً	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ يَّاْتِيَ	يَوْمٌ	لَّا بَيْعٌ	فِيْهِ	وَلَا خِلٰلٌ	اَللّٰهُ
چھپاکر	اور ظاہر	اس سے قبل	کہ آجائے	وہ دن	نہ خرید و فروخت	اس میں	اور نہ دوستی	اللہ

چھپاکر اور ظاہری طور پر، اس سے قبل کہ وہ دن آجائے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی اور نہ دوستی۔ اللہ ہے

اَلَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ

اَلَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَاَنْزَلَ	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجَ	بِهٖ
وہ جو	اس نے پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	اور اتارا	آسمان سے	پانی	پھر نکالا	اس سے

جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، اور آسمان سے پانی اتارا، پھر اس سے نکالا

مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ

مِنَ	الثَّمَرٰتِ	رِزْقًا	لَّكُمْ	وَسَخَّرَ	لَكُمُ	الْفُلْكَ	لِتَجْرِيَ	فِي الْبَحْرِ	بِاَمْرِهٖ	وَسَخَّرَ
سے	پھل (جمع)	رزق	تمہارے لئے	اور مسخر کیا	تمہارے لئے	کشتی	تاکہ چلے	دریا میں	اسکے حکم سے	اور مسخر کیا

تمہارے لئے پھلوں سے رزق، اور تمہارے لئے کشتی کو مسخر (تابع فرمان) کیا تاکہ اُس (اللہ) کے حکم سے دریا میں چلے اور مسخر کیا

لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ﴿۳۲﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ

لَكُمُ	الْاَنْهٰرَ	وَسَخَّرَ	لَكُمُ	الشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	دَآئِبَيْنِ	وَسَخَّرَ	لَكُمُ	الَّيْلَ
تمہارے لئے	نہریں (ندیاں)	اور مسخر کیا	تمہارے لئے	سورج	اور چاند	ایک دستور پر چلنے والے	اور مسخر کیا	تمہارے لئے	رات

تمہارے لئے نہروں کو۔ اور تمہارے لئے مسخر کیا سورج اور چاند کو کہ وہ ایک دستور پر چل رہے ہیں، اور تمہارے لئے مسخر کیا رات

وَالنَّهَارَ ﴿۳۳﴾ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۚ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

وَالنَّهَارَ	وَاٰتٰىكُمْ	مِّنْ	كُلِّ	مَا	سَاَلْتُمُوْهُ	وَاِنْ	تَعُدُّوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ
اور دن	اور اس نے تمہیں دی	سے	ہر چیز	جو	تم نے اس سے مانگی	اور اگر	گننے لگو تم	نعمت	اللہ

اور دن کو، اور اس نے تمہیں دی ہر چیز جو تم نے اس سے مانگی، اور اگر تم اللہ کی نعمت گننے لگو

لَا تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ۝٣٤ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ

لَا تُحْصُوْهَا	اِنَّ	الْاِنْسَانَ	لَظَلُوْمٌ	كَفَّارٌ	وَاِذْ	قَالَ	اِبْرٰهِيْمُ	رَبِّ	اجْعَلْ
اسے شمار میں نہ لاسکو گے	بیشک	انسان	بیشک بڑا ظالم	ناشکرا	اور جب	کہا	ابراہیمؑ	اے میرے رب	بنادے

تم اسے شمار میں نہ لاسکو گے، بیشک انسان بڑا ظالم، ناشکرا ہے۔ اور جب ابراہیمؑ نے کہا اے ہمارے رب! بنادے

هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ۝٣٥ رَبِّ اِنَّهُنَّ

هٰذَا الْبَلَدَ	اٰمِنًا	وَّاجْنُبْنِيْ	وَبَنِيَّ	اَنْ	نَّعْبُدَ	الْاَصْنَامَ	رَبِّ	اِنَّهُنَّ
یہ شہر	امن کی جگہ	اور مجھے دور رکھ	اور میری اولاد	کہ	ہم پرستش کریں	بُت (جمع)	اے میرے رب	بیشک وہ

اس شہر کو امن کی جگہ، اور مجھے اور میری اولاد کو اس سے دور رکھ کہ ہم بتوں کی پرستش کرنے لگیں۔ اے میرے رب! بیشک

اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ عَصَانِيْ

اَضْلَلْنَ	كَثِيْرًا	مِّنَ	النَّاسِ	فَمَنْ	تَبِعَنِيْ	فَاِنَّهٗ	مِنِّيْ	وَمَنْ	عَصَانِيْ
انہوں نے گمراہ کیا	بہت	سے	لوگ	پس جو جس	میری پیروی کی	بیشک وہ	مجھ سے	اور جو جس	میری نافرمانی کی

انہوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا، پس جس نے میری پیروی کی، بیشک وہ مجھ سے ہے، اور جس نے میری نافرمانی کی

فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٣٦ رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ

فَاِنَّكَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	رَبَّنَا	اِنِّيْ	اَسْكَنْتُ	مِنْ	ذُرِّيَّتِيْ	بِوَادٍ	غَيْرِ	ذِيْ زَرْعٍ
تو بیشک تو	بخشنے والا	نہایت مہربان	اے ہمارے رب	بیشک میں	میں نے بسایا	سے کچھ	اپنی اولاد	میدان	بغیر	کھیتی والی

تو بیشک تو بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اے ہمارے رب! بیشک میں نے اپنی کچھ اولاد کو ایک بغیر کھیتی والے میدان میں بسایا ہے

عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْـِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ

عِنْدَ	بَيْتِكَ	الْمُحَرَّمِ	رَبَّنَا	لِيُقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	فَاجْعَلْ	اَفْـِٕدَةً	مِّنَ	النَّاسِ
نزدیک	تیرا گھر	احترام والا	اے ہمارے رب	تاکہ قائم کریں	نماز	پس کردے	دل (جمع)	سے	لوگ

تیرے احترام والے گھر کے نزدیک اے ہمارے رب! تاکہ وہ نماز قائم کریں، پس لوگوں کے دلوں کو (ایسا) کر دے

تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ۝٣٧ رَبَّنَآ اِنَّكَ

تَهْوِيْٓ	اِلَيْهِمْ	وَارْزُقْهُمْ	مِّنَ	الثَّمَرٰتِ	لَعَلَّهُمْ	يَشْكُرُوْنَ	رَبَّنَا	اِنَّكَ
وہ مائل ہوں	ان کی طرف	اور انہیں رزق دے	سے	پھل (جمع)	تاکہ وہ	شکر کریں	اے ہمارے رب	بیشک تو

کہ وہ ان کی طرف مائل ہوں، اور انہیں پھلوں سے رزق دے، تاکہ وہ شکر کریں۔ اے ہمارے رب! بیشک تو

تَعۡلَمُ مَا نُخۡفِیۡ وَ مَا نُعۡلِنُ ؕ وَ مَا یَخۡفٰی عَلَی اللّٰہِ مِنۡ شَیۡءٍ

تَعۡلَمُ	مَا نُخۡفِیۡ	وَمَا	نُعۡلِنُ	وَمَا	یَخۡفٰی	عَلَی اللّٰہِ	مِنۡ	شَیۡءٍ
تو جانتا ہے	جو ہم چھپاتے ہیں	اور جو	ہم ظاہر کرتے ہیں	اور نہیں	چھپی ہوئی	اللہ پر	سے۔ کوئی	چیز

تو جانتا ہے جو ہم چھپاتے ہیں، اور جو ظاہر کرتے ہیں، اور اللہ پر کوئی چیز چھپی ہوئی نہیں

فِی الۡاَرۡضِ وَ لَا فِی السَّمَآءِ ﴿۳۸﴾ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ وَہَبَ لِیۡ عَلَی الۡکِبَرِ

فِی الۡاَرۡضِ	وَلَا	فِی	السَّمَآءِ	اَلۡحَمۡدُ	لِلّٰہِ	الَّذِیۡ	وَہَبَ لِیۡ	عَلَی	الۡکِبَرِ
زمین میں	اور نہ	میں	آسمان	تمام تعریفیں	اللہ کیلئے	وہ جو جس	بخشا مجھے	پر۔ میں	بڑھاپا

زمین میں، اور نہ آسمان میں۔ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے مجھے بڑھاپے میں بخشا

اِسۡمٰعِیۡلَ وَ اِسۡحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّیۡ لَسَمِیۡعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۹﴾ رَبِّ اجۡعَلۡنِیۡ

اِسۡمٰعِیۡلَ	وَاِسۡحٰقَ	اِنَّ	رَبِّیۡ	لَسَمِیۡعُ	الدُّعَآءِ	رَبِّ	اجۡعَلۡنِیۡ
اسمٰعیلؑ	اور اسحٰقؑ	بیشک	میرا رب	البتہ سننے والا	دُعا	اے میرے رب	مجھے بنا تو

اسمٰعیلؑ اور اسحٰقؑ، بیشک میرا رب دعا سُننے والا ہے۔ اے میرے رب! مجھے بنا

مُقِیۡمَ الصَّلٰوۃِ وَ مِنۡ ذُرِّیَّتِیۡ ٭ۖ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلۡ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا

مُقِیۡمَ	الصَّلٰوۃِ	وَ	مِنۡ	ذُرِّیَّتِیۡ	رَبَّنَا	وَتَقَبَّلۡ	دُعَآءِ	رَبَّنَا
قائم کرنے والا	نماز	اور	سے۔ کو	میری اولاد	اے ہمارے رب	اور قبول فرما	دُعا	اے ہمارے رب

نماز قائم کرنے والا، اور میری اولاد کو بھی، اے ہمارے رب! میری دعا قبول فرما لے۔ اے ہمارے رب!

اغۡفِرۡ لِیۡ وَ لِوَالِدَیَّ وَ لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ یَوۡمَ یَقُوۡمُ الۡحِسَابُ ﴿۴۱﴾ع وَ لَا تَحۡسَبَنَّ

اغۡفِرۡ لِیۡ	وَلِوَالِدَیَّ	وَلِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ	یَوۡمَ	یَقُوۡمُ	الۡحِسَابُ	وَلَا	تَحۡسَبَنَّ
مجھے بخشدے	اور میرے ماں باپ کو	اور مومنوں کو	جس دن	قائم ہوگا	حساب	اور نہ	تم ہرگز گمان کرنا

جس دن حساب قائم ہوگا (روزِ حساب) مجھے اور میرے ماں باپ کو، اور مومنوں کو بخشدے۔ اور تم ہرگز گمان نہ کرنا

اللّٰہَ غَافِلًا عَمَّا یَعۡمَلُ الظّٰلِمُوۡنَ ۬ؕ اِنَّمَا یُؤَخِّرُہُمۡ لِیَوۡمٍ تَشۡخَصُ فِیۡہِ

اللّٰہَ	غَافِلًا	عَمَّا	یَعۡمَلُ	الظّٰلِمُوۡنَ	اِنَّمَا	یُؤَخِّرُہُمۡ	لِیَوۡمٍ	تَشۡخَصُ	فِیۡہِ
اللہ	بے خبر	اس سے جو	وہ کرتے ہیں	ظالم (جمع)	صرف	انہیں مہلت دیتا ہے	اس دن تک	کھلی رہ جائیں گی	اس میں

کہ اللہ اس سے بے خبر ہے جو وہ ظالم کرتے ہیں۔ وہ صرف انہیں اس دن تک مہلت دیتا ہے، جس میں کھلی رہ جائیں گی

رکوع ٦ ‏ ع ٧ ‏ ١٨

الْأَبْصَارُ ﴿٤٢﴾ مُهْطِعِينَ مُقْنِعِي رُءُوسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ إِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ

الْأَبْصَارُ	مُهْطِعِينَ	مُقْنِعِي	رُءُوسِهِمْ	لَا يَرْتَدُّ	إِلَيْهِمْ	طَرْفُهُمْ
آنکھیں	وہ دوڑتے ہوں گے	اٹھائے ہوئے	اپنے سر	نہ لوٹ سکیں گی	ان کی طرف	اُن کی نگاہیں

آنکھیں۔ وہ اپنے سر (اوپر کو) اٹھائے ہوئے دوڑتے ہوں گے، اُن کی نگاہیں اُن کی طرف نہ لوٹ سکیں گی،

وَأَفْئِدَتُهُمْ هَوَاءٌ ﴿٤٣﴾ وَأَنذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَأْتِيهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُولُ

وَأَفْئِدَتُهُمْ	هَوَاءٌ	وَأَنذِرِ	النَّاسَ	يَوْمَ	يَأْتِيهِمُ	الْعَذَابُ	فَيَقُولُ
اور اُن کے دل	اُڑے ہوئے	اور ڈراؤ	لوگ	وہ دن	ان پر آئے گا	عذاب	تو کہیں گے

اور ان کے دل (خوف سے) اُڑے ہوئے ہوں گے۔ اور لوگوں کو اُس دن سے ڈراؤ جب اُن پر عذاب آئے گا، تو کہیں گے

الَّذِينَ ظَلَمُوا رَبَّنَا أَخِّرْنَا إِلَىٰ أَجَلٍ قَرِيبٍ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ

الَّذِينَ	ظَلَمُوا	رَبَّنَا	أَخِّرْنَا	إِلَىٰ	أَجَلٍ	قَرِيبٍ	نُّجِبْ	دَعْوَتَكَ	وَنَتَّبِعِ
وہ لوگ جو	انہوں نے ظلم کیا (ظالم)	اے ہمارے رب	ہمیں مہلت دے	طرف	ایک دن	تھوڑی	ہم قبول کرلیں	تیری دعوت	اور ہم پیروی کریں

ظالم، اے ہمارے رب! ہمیں ایک تھوڑی مدّت کے لئے مہلت دیدے کہ ہم تیری دعوت قبول کرلیں، اور ہم پیروی کریں

الرُّسُلَ ۗ أَوَلَمْ تَكُونُوا أَقْسَمْتُم مِّن قَبْلُ مَا لَكُم مِّن زَوَالٍ ﴿٤٤﴾ وَسَكَنتُمْ

الرُّسُلَ	أَوَ	لَمْ تَكُونُوا	أَقْسَمْتُم	مِّن قَبْلُ	مَا لَكُم	مِّن زَوَالٍ	وَسَكَنتُمْ
رسول (جمع)	یا۔کیا	تم نہ تھے	تم قسمیں کھاتے	اس سے قبل	تمہارے لئے نہیں	کوئی زوال	اور تم رہے تھے

رسولوں کی، کیا تم اس سے قبل قسمیں نہ کھاتے تھے؟ کہ تمہارے لئے کوئی زوال نہیں۔ اور تم رہے تھے

فِي مَسَاكِنِ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَ

فِي	مَسَاكِنِ	الَّذِينَ	ظَلَمُوا	أَنفُسَهُمْ	وَتَبَيَّنَ	لَكُمْ	كَيْفَ	فَعَلْنَا	بِهِمْ	وَ
میں	گھر (جمع)	جن لوگوں	نے ظلم کیا تھا	اپنی جانوں پر	اور ظاہر ہوگیا	تم پر	کیسا	ہم نے (سلوک کیا)	ان سے	اور

ان لوگوں کے گھروں میں جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا، اور تم پر ظاہر ہوگیا تھا کہ ہم نے ان سے کیسا سلوک کیا

ضَرَبْنَا لَكُمُ الْأَمْثَالَ ﴿٤٥﴾ وَقَدْ مَكَرُوا مَكْرَهُمْ وَعِندَ اللَّهِ مَكْرُهُمْ ۖ وَ

ضَرَبْنَا	لَكُمُ	الْأَمْثَالَ	وَ	قَدْ مَكَرُوا	مَكْرَهُمْ	وَ	عِندَ اللَّهِ	مَكْرُهُمْ	وَ
ہم نے بیان کیں	تمہارے لئے	مثالیں	اور	انہوں نے داؤ چلے	اپنے داؤ	اور	اللہ کے آگے	ان کا داؤ	اور

ہم نے تمہارے لئے مثالیں بیان کیں۔ اور انہوں نے اپنے داؤ چلے، اور اللہ کے آگے ہیں ان کے داؤ، اور

اِنۡ كَانَ مَكۡرُهُمۡ لِتَزُوۡلَ مِنۡهُ الۡجِبَالُ ﴿۴۶﴾ فَلَا تَحۡسَبَنَّ اللّٰهَ مُخۡلِفَ

اِنۡ	كَانَ	مَكۡرُهُمۡ	لِتَزُوۡلَ	مِنۡهُ	الۡجِبَالُ	فَلَا تَحۡسَبَنَّ	اللّٰهَ	مُخۡلِفَ
اگرچہ	تھا	ان کا داؤ	کہ ٹل جائے	اس سے	پہاڑ	پس تو ہرگز خیال نہ کر	اللہ	خلاف کرے گا

اگرچہ ان کا داؤ ایسا تھا کہ اس سے پہاڑ ٹل جاتے ۔ پس تو ہرگز خیال نہ کر کہ اللہ خلاف کرے گا

وَعۡدِهٖ رُسُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيۡزٌ ذُو انۡتِقَامٍ ﴿۴۷﴾ يَوۡمَ تُبَدَّلُ الۡاَرۡضُ

وَعۡدِهٖ	رُسُلَهٗ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَزِيۡزٌ	ذُو انۡتِقَامٍ	يَوۡمَ	تُبَدَّلُ	الۡاَرۡضُ
اپنا وعدہ	اپنے رسول	بیشک	اللہ	زبردست	بدلہ لینے والا	جس دن	بدل دی جائے گی	زمین

اپنے رسولوں سے اپنا وعدہ ، بیشک اللہ زبردست بدلہ لینے والا ہے۔ جس دن (اس) زمین سے بدل دی جائے گی

غَيۡرَ الۡاَرۡضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوۡا لِلّٰهِ الۡوَاحِدِ الۡقَهَّارِ ﴿۴۸﴾ وَتَرَى

غَيۡرَ الۡاَرۡضِ	وَالسَّمٰوٰتُ	وَبَرَزُوۡا	لِلّٰهِ	الۡوَاحِدِ	الۡقَهَّارِ	وَتَرَى
اور زمین	اور آسمان (جمع)	وہ نکل کھڑے ہوں گے	اللہ کے آگے	یکتا	سخت قہر والا	اور تو دیکھے گا

اور زمین اور (بدلے جائیں گے) آسمان ، اور وہ سب اللہ یکتا سخت قہر والے کے آگے نکل کھڑے ہوں گے ۔ اور تو دیکھے گا

الۡمُجۡرِمِيۡنَ يَوۡمَئِذٍ مُّقَرَّنِيۡنَ فِى الۡاَصۡفَادِ ﴿۴۹﴾ سَرَابِيۡلُهُمۡ مِّنۡ قَطِرَانٍ

الۡمُجۡرِمِيۡنَ	يَوۡمَئِذٍ	مُّقَرَّنِيۡنَ	فِى	الۡاَصۡفَادِ	سَرَابِيۡلُهُمۡ	مِّنۡ	قَطِرَانٍ
مجرم (جمع)	اس دن	باہم جکڑے ہوئے	میں	زنجیریں	ان کے کرتے	سے۔کے	گندھک

مجرم اس دن باہم زنجیروں میں جکڑے ہوں گے ۔ ان کے کرتے گندھک کے ہوں گے ،

وَّتَغۡشٰى وُجُوۡهَهُمُ النَّارُ ﴿۵۰﴾ لِيَجۡزِىَ اللّٰهُ كُلَّ نَفۡسٍ مَّا كَسَبَتۡ ؕ

وَ	تَغۡشٰى	وُجُوۡهَهُمُ	النَّارُ	لِيَجۡزِىَ	اللّٰهُ	كُلَّ نَفۡسٍ	مَّا	كَسَبَتۡ
اور	ڈھانپ لے گی	ان کے چہرے	آگ	تاکہ بدلہ دے	اللہ	ہر جان	جو	اس نے کمایا (کمائی)

اور آگ ان کے چہرے ڈھانپے ہو گی ۔ تاکہ اللہ ہر جان کو اس کی کمائی (اعمال) کا بدلہ دے

اِنَّ اللّٰهَ سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ ﴿۵۱﴾ هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنۡذَرُوۡا بِهٖ

اِنَّ	اللّٰهَ	سَرِيۡعُ الۡحِسَابِ	هٰذَا بَلٰغٌ	لِّلنَّاسِ	وَ	لِيُنۡذَرُوۡا	بِهٖ
بیشک	اللہ	جلد حساب لینے والا	یہ پہنچا دینا (پیغام)	لوگوں کے لئے	اور	تاکہ وہ ڈرائے جائیں	اس سے

بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے ۔ یہ (قرآن) لوگوں کے لئے پیغام ہے ، اور تاکہ وہ اس سے ڈرائے جائیں

وَلِيَعْلَمُوٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٥٢﴾

وَلِيَعْلَمُوٓا	اَنَّمَا	هُوَ	اِلٰهٌ	وَاحِدٌ	وَلِيَذَّكَّرَ	اُولُوا الْاَلْبَابِ
اور تاکہ وہ جان لیں	اس کے سوا نہیں	وہ	معبود	یکتا	اور تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے

اور تاکہ وہ جان لیں کہ وہی معبود یکتا ہے، اور تاکہ عقل والے نصیحت پکڑیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَ قُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿١﴾

الٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	وَ	قُرْاٰنٍ	مُّبِيْنٍ
الف۔لام۔را	یہ	آیتیں	کتاب	اور	قرآن	واضح۔روشن

الف۔لام۔را۔ یہ آیتیں ہیں کتاب کی، اور واضح (روشن) قرآن کی۔

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۝۲

رُبَمَا	يَوَدُّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَوْ كَانُوْا	مُسْلِمِيْنَ
بسا اوقات	آرزو کریں گے	وہ لوگ جو کافر ہوئے	کاش وہ ہوتے	مسلمان

بسا اوقات کافر آرزو کریں گے کاش وہ مسلمان ہوتے!

ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝۳ وَمَآ

ذَرْهُمْ	يَاْكُلُوْا	وَيَتَمَتَّعُوْا	وَيُلْهِهِمُ	الْاَمَلُ	فَسَوْفَ	يَعْلَمُوْنَ	وَمَا
انہیں چھوڑ دو	وہ کھائیں	اور فائدہ اٹھالیں	اور غفلت میں رکھے انہیں	امید	پس عنقریب	وہ جان لیں گے	اور نہیں

انہیں چھوڑ دو، وہ کھائیں اور فائدہ اٹھالیں، اور امید انہیں غفلت میں ڈالے رکھے، پس عنقریب وہ جان لیں گے۔ اور

اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ۝۴ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ

اَهْلَكْنَا	مِنْ	قَرْيَةٍ	اِلَّا	وَلَهَا	كِتَابٌ	مَّعْلُوْمٌ	مَا تَسْبِقُ	مِنْ اُمَّةٍ
ہم نے ہلاک کیا	کسی	بستی	مگر	اس کے لئے	ایک لکھا ہوا	مقررہ وقت	نہ سبقت کرتی ہے	کوئی امت

نہیں ہلاک کیا ہم نے کسی بستی کو، مگر اس کے لئے ایک لکھا ہوا وقت مقرر تھا۔ نہ کوئی امت سبقت کرتی ہے

اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝۵ وَقَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ

اَجَلَهَا	وَ مَا	يَسْتَاْخِرُوْنَ	وَقَالُوْا	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْ	نُزِّلَ	عَلَيْهِ	الذِّكْرُ	اِنَّكَ
اپنا مقررہ وقت	اور نہ	وہ پیچھے رہتے ہیں	اور وہ بولے	اے وہ	وہ جو کہ	اتارا گیا	اس پر	یاددہانی (قرآن)	بیشک تو

اپنے مقررہ وقت سے، اور نہ وہ پیچھے رہتے ہیں۔ اور وہ (کافر) بولے اے وہ شخص جس پر قرآن اتارا گیا ہے۔ بیشک تو

لَمَجْنُوْنٌ ۝۶ لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۷ مَا نُنَزِّلُ

لَمَجْنُوْنٌ	لَوْ	مَا تَاْتِيْنَا	بِالْمَلٰٓئِكَةِ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	مَا نُنَزِّلُ
دیوانہ	کیوں	ہمارے پاس تو نہیں لے آتا	فرشتوں کو	اگر	تو ہے	سے	سچے	ہم نازل نہیں کرتے

دیوانہ ہے، تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لے آتا؟ اگر تو سچوں میں سے ہے۔ ہم نازل نہیں کرتے

الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ۝۸ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ

الْمَلٰٓئِكَةَ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	وَمَا كَانُوْا	اِذًا	مُّنْظَرِيْنَ	اِنَّا	نَحْنُ	نَزَّلْنَا	الذِّكْرَ
فرشتے	مگر	حق کے ساتھ	اور نہ ہوں گے	اس وقت	مہلت دیئے گئے	بیشک	ہم	ہم نے نازل کیا	یاددہانی (قرآن)

فرشتے مگر حق کے ساتھ، اور وہ اس وقت مہلت نہ دیئے جائیں گے۔ بیشک ہم ہی نے قرآن نازل کیا

وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ﴿٩﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِي شِيَعِ الْأَوَّلِينَ ﴿١٠﴾

وَإِنَّا	لَهُ	لَحَافِظُونَ	وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا	مِنْ	قَبْلِكَ	فِي	شِيَعِ	الْأَوَّلِينَ
اور بیشک ہم	اس کے	نگہبان	اور یقیناً ہم نے بھیجے	سے	تم سے پہلے	میں	گروہ	پہلے

اور بیشک ہم ہی اس کے نگہبان ہیں۔ اور یقیناً ہم نے تم سے پہلے گروہوں میں (رسول) بھیجے۔

وَمَا يَأْتِيهِمْ مِنْ رَسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِئُونَ ﴿١١﴾ كَذَٰلِكَ نَسْلُكُهُ

وَمَا يَأْتِيهِمْ	مِنْ رَسُولٍ	إِلَّا	كَانُوا	بِهِ	يَسْتَهْزِئُونَ	كَذَٰلِكَ	نَسْلُكُهُ
اور نہیں آیا ان کے پاس	کوئی رسول	مگر	وہ تھے	اس سے	استہزاء کرتے	اسی طرح	ہم اسے ڈال دیتے ہیں

اور اُن کے پاس کوئی رسول نہیں آیا مگر وہ اس سے استہزاء کرتے تھے۔ اسی طرح ہم اسے ڈال دیتے ہیں

فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ ﴿١٢﴾ لَا يُؤْمِنُونَ بِهِ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ ﴿١٣﴾

فِي	قُلُوبِ	الْمُجْرِمِينَ	لَا يُؤْمِنُونَ	بِهِ	وَقَدْ خَلَتْ	سُنَّةُ	الْأَوَّلِينَ
میں	دل (جمع)	مجرموں	وہ ایمان نہیں لائیں گے	اس پر	اور پڑ چکی ہے	رسم روش	پہلے

مجرموں کے دلوں میں۔ وہ اس (قرآن) پر ایمان نہیں لائیں گے، اور یہ پہلوں کی رسم پڑ چکی ہے۔

وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِنَ السَّمَاءِ فَظَلُّوا فِيهِ يَعْرُجُونَ ﴿١٤﴾ لَقَالُوا إِنَّمَا

وَلَوْ	فَتَحْنَا	عَلَيْهِمْ	بَابًا	مِنَ	السَّمَاءِ	فَظَلُّوا	فِيهِ	يَعْرُجُونَ	لَقَالُوا	إِنَّمَا
اور اگر	ہم کھول دیں	اُن پر	کوئی دروازہ	سے	آسمان	وہ رہیں	اس میں	چڑھتے	تو کہیں گے	اس کے سوا نہیں

اور اگر ہم اُن پر آسمان کا کوئی دروازہ کھول دیں، اور وہ اس میں (دن بھر) چڑھتے رہیں تو (یہی) کہیں گے کہ اس کے سوا نہیں کہ

سُكِّرَتْ أَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَسْحُورُونَ ﴿١٥﴾ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا

سُكِّرَتْ	أَبْصَارُنَا	بَلْ	نَحْنُ	قَوْمٌ	مَسْحُورُونَ	وَلَقَدْ جَعَلْنَا	فِي	السَّمَاءِ	بُرُوجًا
باندھ دی گئی	ہماری آنکھیں	بلکہ	ہم	لوگ	سحر زدہ	اور یقیناً ہم نے بنائے	میں	آسمان	برج (جمع)

ہماری آنکھیں باندھ دی گئی ہیں (ہماری نظر بندی کر دی گئی ہے) بلکہ ہم سحر زدہ ہیں۔ اور یقیناً ہم نے آسمانوں میں بُرج بنائے

وَزَيَّنَّاهَا لِلنَّاظِرِينَ ﴿١٦﴾ وَحَفِظْنَاهَا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ ﴿١٧﴾ إِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ

وَزَيَّنَّاهَا	لِلنَّاظِرِينَ	وَحَفِظْنَاهَا	مِنْ	كُلِّ	شَيْطَانٍ	رَجِيمٍ	إِلَّا	مَنِ	اسْتَرَقَ
اور اُسے زینت دی	دیکھنے والوں کے لئے	اور ہم نے حفاظت کی اس کی	سے	ہر	شیطان	مردود	مگر	جو	چوری کرے

اور اسے دیکھنے والوں کے لئے زینت دی، اور ہم نے ہر مردود شیطان سے اس کی حفاظت کی۔ مگر جو چوری کرے (چوری سے)

السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِیْنٌ ﴿۱۸﴾ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَیْنَا فِیْهَا رَوَاسِیَ

السَّمْعَ	فَاَتْبَعَهٗ	شِهَابٌ	مُّبِیْنٌ	وَالْاَرْضَ	مَدَدْنٰهَا	وَاَلْقَیْنَا	فِیْهَا	رَوَاسِیَ
سُننا	تو اس کا پیچھا کرتا ہے	شعلہ	چمکتا ہوا	اور زمین	ہم نے اس کو پھیلا دیا	اور ہم نے رکھے	اس میں (پر)	پہاڑ

سُن لے، تو چمکتا ہوا شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے۔ اور ہم نے زمین کو پھیلا دیا، اور ہم نے اس پر پہاڑ رکھے،

وَاَنْۢبَتْنَا فِیْهَا مِنْ كُلِّ شَیْءٍ مَّوْزُوْنٍ ﴿۱۹﴾ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ وَمَنْ

وَاَنْۢبَتْنَا	فِیْهَا	مِنْ	كُلِّ شَیْءٍ	مَّوْزُوْنٍ	وَجَعَلْنَا	لَكُمْ	فِیْهَا	مَعَایِشَ	وَمَنْ
اور ہم نے اُگائی	اس میں	سے	ہر شئے	موزوں	اور ہم نے بنائے	تمہارے لئے	اس میں	سامانِ معیشت	اور جو۔ جس

اور اس میں ہر شئے موزوں اُگائی۔ اور ہم نے تمہارے لئے اِس میں سامانِ معیشت بنائے (اور اُس کے لئے بھی) جسے

لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِیْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآىِٕنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا

لَّسْتُمْ	لَهٗ	بِرٰزِقِیْنَ	وَاِنْ	مِّنْ شَیْءٍ	اِلَّا	عِنْدَنَا	خَزَآىِٕنُهٗ	وَمَا	نُنَزِّلُهٗۤ	اِلَّا
تم نہیں	اس کے لئے	رزق دینے والے	اور نہیں	کوئی چیز	مگر	ہمارے پاس	اسکے خزانے	اور نہیں	ہم اس کو اُتارتے	مگر

تم رزق دینے والے نہیں۔ اور کوئی چیز نہیں جس کے خزانے ہمارے پاس نہ ہوں، اور ہم نہیں اتارتے مگر

بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾ وَاَرْسَلْنَا الرِّیٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

بِقَدَرٍ	مَّعْلُوْمٍ	وَاَرْسَلْنَا	الرِّیٰحَ	لَوَاقِحَ	فَاَنْزَلْنَا	مِنَ	السَّمَآءِ	مَآءً
اندازہ سے	معلوم۔ مناسب	اور ہم نے بھیجیں	ہوائیں	بھری ہوئی	پھر ہم نے اتارا	سے	آسمان	پانی

ایک مناسب اندازے سے۔ اور ہم نے ہوائیں بھیجیں (پانی سے) بھری ہوئیں، پھر ہم نے آسمان سے پانی اُتارا،

فَاَسْقَیْنٰكُمُوْهُ وَمَاۤ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِیْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْیٖ وَنُمِیْتُ وَنَحْنُ

فَاَسْقَیْنٰكُمُوْهُ	وَمَا	اَنْتُمْ	لَهٗ	بِخٰزِنِیْنَ	وَاِنَّا	لَنَحْنُ	نُحْیٖ	وَنُمِیْتُ	وَنَحْنُ
پھر ہم نے وہ تمہیں پلایا	اور نہیں	تم	اس کے	خزانہ کرنے والے	اور بیشک ہم	البتہ ہم	زندگی دیتے ہیں	اور ہم مارتے ہیں	اور ہم

پھر وہ ہم نے تمہیں پلایا، اور تم اس کے خزانے (جمع) کرنے والے نہیں۔ اور بیشک ہم (ہی) زندگی دیتے ہیں، اور ہم ہی مارتے ہیں، اور ہم ہی

الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِیْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِیْنَ ﴿۲۴﴾

الْوٰرِثُوْنَ	وَلَقَدْ عَلِمْنَا	الْمُسْتَقْدِمِیْنَ	مِنْكُمْ	وَلَقَدْ عَلِمْنَا	الْمُسْتَاْخِرِیْنَ
وارث (جمع)	اور تحقیق ہمیں معلوم ہیں	آگے گزرنے والے	تم میں سے	اور تحقیق ہمیں معلوم ہیں	پیچھے رہ جانے والے

وارث ہیں۔ اور تحقیق ہمیں معلوم ہیں تم میں سے آگے گزر جانے والے، اور تحقیق ہمیں معلوم ہیں پیچھے رہ جانے والے۔

وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ۭ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ

وَاِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	يَحْشُرُهُمْ	اِنَّهٗ	حَكِيْمٌ	عَلِيْمٌ	وَلَقَدْ خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ
اور بیشک	تیرا رب	وہ	انہیں جمع کرے گا	بیشک وہ	حکمت والا	علم والا	اور تحقیق ہم نے پیدا کیا	انسان

اور بیشک تیرا رب (ہی) انہیں (روزِ قیامت) جمع کرے گا، بیشک وہ حکمت والا، علم والا ہے۔ اور تحقیق ہم نے انسانوں کو پیدا کیا

مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾ وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾

مِنْ	صَلْصَالٍ	مِنْ حَمَاٍ	مَّسْنُوْنٍ	وَالْجَآنَّ	خَلَقْنٰهُ	مِنْ قَبْلُ	مِنْ	نَّارِ السَّمُوْمِ
سے	کھنکھناتا ہوا	سیاہ گارے سے	سڑا ہوا	اور جن (جمع)	ہم نے اسے پیدا کیا	اس سے پہلے	سے	آگ بے دھوئیں کی

ایک کھنکھناتے ہوئے سیاہ سڑے ہوئے گارے سے۔ اور جنوں کو اس سے پہلے ہم نے بے دھوئیں کی آگ سے پیدا کیا۔

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌ ۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾

وَاِذْ	قَالَ	رَبُّكَ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اِنِّيْ	خَالِقٌ	بَشَرًا	مِّنْ	صَلْصَالٍ	مِّنْ	حَمَاٍ	مَّسْنُوْنٍ
اور جب	کہا	تیرا رب	فرشتوں کو	بیشک میں	بنانے والا	انسان	سے	کھنکھناتا ہوا	سے	سیاہ گارا	سڑا ہوا

اور جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا بیشک میں انسان کو بنانے والا ہوں ایک کھنکھناتے ہوئے سیاہ سڑے ہوئے گارے سے۔

فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَسَجَدَ

فَاِذَا	سَوَّيْتُهٗ	وَنَفَخْتُ	فِيْهِ	مِنْ رُّوْحِيْ	فَقَعُوْا	لَهٗ	سٰجِدِيْنَ	فَسَجَدَ
پھر جب	میں اسے درست کرلوں	اور پھونکوں	اس میں	اپنی روح سے	تو گر پڑو تم	اس کے لئے	سجدہ کرتے ہوئے	پس سجدہ کیا

پھر جب میں اسے درست کرلوں، اور اس میں اپنی رُوح پھونک دوں تو تم اس کے لئے سجدہ میں گر پڑو۔ پس سجدہ کیا

الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۱﴾

الْمَلٰٓئِكَةُ	كُلُّهُمْ	اَجْمَعُوْنَ	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	اَبٰٓى	اَنْ	يَّكُوْنَ	مَعَ	السّٰجِدِيْنَ
فرشتوں (جمع)	وہ سب	سب کے سب	سوائے	ابلیس	اس نے انکار کیا	کہ	وہ ہو	ساتھ	سجدہ کرنے والے

سب کے سب فرشتوں نے، ابلیس کے سوا۔ اس نے انکار کیا کہ وہ سجدہ کرنے والوں کے ساتھ ہو۔

قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ

قَالَ	يٰٓاِبْلِيْسُ	مَا لَكَ	اَلَّا تَكُوْنَ	مَعَ	السّٰجِدِيْنَ	قَالَ	لَمْ اَكُنْ	لِّاَسْجُدَ
اس نے فرمایا	اے ابلیس	تجھے کیا ہوا	کہ تو نہ ہوا	ساتھ	سجدہ کرنے والے	اس نے کہا	میں نہیں ہوں	کہ سجدہ کروں

اللہ نے فرمایا، اے ابلیس! تجھے کیا ہوا؟ کہ تو سجدہ کرنے والوں کے ساتھ نہ ہوا۔ اس نے کہا میں (وہ) نہیں ہوں کہ سجدہ کروں

لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۳۳﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا

لِبَشَرٍ	خَلَقْتَهٗ	مِنْ	صَلْصَالٍ	مِنْ	حَمَاٍ	مَسْنُوْنٍ	قَالَ	فَاخْرُجْ	مِنْهَا
انسان کو	تونے اس کو پیدا کیا	سے	کھنکناتا ہوا	سے	سیاہ گارا	سڑا ہوا	اس نے کہا	پس نکل جا	یہاں سے

انسان کو ' تونے اس کو کھنکناتے ہوئے سیاہ سڑے ہوئے گارے سے پیدا کیا ہے۔ اللہ نے فرمایا پس یہاں (جنت) سے نکل جا

فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳۵﴾ قَالَ رَبِّ

فَاِنَّكَ	رَجِيْمٌ	وَّاِنَّ	عَلَيْكَ	اللَّعْنَةَ	اِلٰى	يَوْمِ الدِّيْنِ	قَالَ	رَبِّ
بیشک تو	مردود	اور بیشک	تجھ پر	لعنت	تک	روزِ انصاف	اس نے کہا	اے میرے رب

بیشک تو مردود ہے۔ اور بیشک تجھ پر روزِ انصاف (قیامت) تک لعنت ہے۔ اس نے کہا اے میرے رب!

فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِلٰى يَوْمِ

فَاَنْظِرْنِيْ	اِلٰى	يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ	قَالَ	فَاِنَّكَ	مِنَ	الْمُنْظَرِيْنَ	اِلٰى	يَوْمِ
تو مجھے مہلت دے	تک	جس دن (مُردے) اُٹھائے جائیں	اس نے کہا	بیشک تو	سے	مہلت دیئے جانے والے	تک	دن

مجھے اس دن تک مہلت دے جس دن مُردے اُٹھائے جائیں گے۔ اس نے فرمایا بیشک تو مہلت دیئے جانے والوں میں سے ہے ، اس دن تک

الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ

الْوَقْتِ	الْمَعْلُوْمِ	قَالَ	رَبِّ	بِمَا	اَغْوَيْتَنِيْ	لَاُزَيِّنَنَّ	لَهُمْ	فِي الْاَرْضِ
وقت	معلوم (مقرر)	اس نے کہا	اے میرے رب	جیسا کہ	تونے مجھے گمراہ کیا	تو میں ضرور آراستہ کروں گا	ان کے لئے	زمین میں

جس کا وقت مقرر ہے۔ اس نے کہا اے میرے رب! جیسا کہ تونے مجھے گمراہ کیا تو میں ضرور ان کے لیے (گناہ کو) زمین میں آراستہ کروں گا '

وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۳۹﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ قَالَ هٰذَا

وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	اِلَّا	عِبَادَكَ	مِنْهُمُ	الْمُخْلَصِيْنَ	قَالَ	هٰذَا
اور میں ضرور گمراہ کروں گا اُنکو	سب	سوائے	تیرے بندے	ان میں سے	مخلص (جمع)	اس نے کہا	یہ

اور میں ضرور اُن سب کو گمراہ کروں گا۔ سوائے اُن میں سے جو تیرے مخلص بندے ہیں ۔ اس نے فرمایا ۔ یہ

صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ﴿۴۱﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا

صِرَاطٌ	عَلَيَّ	مُسْتَقِيْمٌ	اِنَّ	عِبَادِيْ	لَيْسَ	لَكَ	عَلَيْهِمْ	سُلْطٰنٌ	اِلَّا
راستہ	مجھ تک	سیدھا	بیشک	میرے بندے	نہیں	تیرے لئے (تیرا)	اُن پر	کوئی زور	مگر

راستہ سیدھا مجھ تک (آتا ہے) ۔ بیشک وہ میرے بندے ہیں اُن پر تیرا کوئی زور نہیں ، مگر

مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۳﴾

مَنِ	اتَّبَعَكَ	مِنَ	الْغٰوِيْنَ	وَاِنَّ	جَهَنَّمَ	لَمَوْعِدُهُمْ	اَجْمَعِيْنَ
جو۔جس	تیری پیروی کی	سے	بہکے ہوئے (گمراہ)	اور بیشک	جہنم	ان کے لئے وعدہ گاہ	سب

گمراہوں میں سے جس نے تیری پیروی کی۔ اور بیشک ان سب کے لئے جہنم وعدہ گاہ ہے۔

لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿۴۴﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ

لَهَا	سَبْعَةُ	اَبْوَابٍ	لِكُلِّ بَابٍ	مِّنْهُمْ	جُزْءٌ	مَّقْسُوْمٌ	اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ
اس کے لئے	سات	دروازے	ہر دروازہ کے لئے	اُن سے	ایک حصہ	تقسیم شدہ	بیشک	پرہیزگار

اس کے سات دروازے ہیں، ہر دروازے کے لئے ان کا ایک حصہ تقسیم شدہ ہے۔ بے شک پرہیزگار

فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۵﴾ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ

فِيْ	جَنّٰتٍ	وَّعُيُوْنٍ	اُدْخُلُوْهَا	بِسَلٰمٍ	اٰمِنِيْنَ	وَنَزَعْنَا	مَا	فِيْ	صُدُوْرِهِمْ
میں	باغات	اور چشمے	تم ان میں داخل ہوجاؤ	سلامتی کے ساتھ	بے خوف وخطر	اور ہم نے کھینچ لیا	جو	میں	ان کے سینے

باغوں اور چشموں میں (رہیں گے)۔ تم اُن میں سلامتی کے ساتھ بے خوف وخطر داخل ہوجاؤ اور ہم نے اُن کے سینوں سے کھینچ لئے

مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ

مِّنْ	غِلٍّ	اِخْوَانًا	عَلٰى	سُرُرٍ	مُّتَقٰبِلِيْنَ	لَا يَمَسُّهُمْ	فِيْهَا	نَصَبٌ	وَّمَا	هُمْ
سے	کینہ	بھائی بھائی	پر	تخت (جمع)	آمنے سامنے	اُنہیں نہ چھوئے گی	اس میں	کوئی تکلیف	اور نہ	وہ

کینے، بھائی بھائی (بن کر) تختوں پر آمنے سامنے (بیٹھے ہونگے)۔ اس میں انہیں کوئی تکلیف نہ چھوئے گی، اور نہ وہ

مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾ وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ

مِّنْهَا	بِمُخْرَجِيْنَ	نَبِّئْ	عِبَادِيْٓ	اَنِّيْٓ	اَنَا	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ	وَاَنَّ	عَذَابِيْ	هُوَ
اس سے	نکالے جائیں گے	خبر دیدو	میرے بندے	کہ بیشک	میں	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور یہ کہ	میرا عذاب	وہ (ہی)

اس سے نکالے جائیں گے۔ میرے بندوں کو خبر دے دو کہ بیشک میں بخشنے والا نہایت مہربان ہوں۔ اور یہ کہ میرا ہی عذاب

الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ﴿۵۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ

الْعَذَابُ	الْاَلِيْمُ	وَنَبِّئْهُمْ	عَنْ	ضَيْفِ	اِبْرٰهِيْمَ	اِذْ	دَخَلُوْا	عَلَيْهِ
عذاب	دردناک	اور انہیں خبر دو (سنادو)	سے۔کا	مہمان	ابراہیمؑ	جب	وہ داخل ہوئے (آئے)	اُس پر (پاس)

دردناک عذاب ہے۔ اور انہیں ابراہیمؑ کے مہمانوں کا (حال) سنادو۔ جب وہ اس کے پاس آئے

فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ

فَقَالُوْا	سَلٰمًا	قَالَ	اِنَّا	مِنْكُمْ	وَجِلُوْنَ	قَالُوْا	لَا تَوْجَلْ	اِنَّا نُبَشِّرُكَ	بِغُلٰمٍ
تو انہوں نے کہا	سلام	اس نے کہا	بیشک ہم	تم سے	ڈرنے والے (ڈرتے) ہیں	انہوں نے کہا	ڈرو نہیں	بیشک ہم تمہیں خوشخبری دیتے ہیں	ایک لڑکا

تو انہوں نے سلام کہا، اس نے کہا ہم تم سے ڈرتے ہیں - انہوں نے کہا ڈرو نہیں، ہم تمہیں ایک لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں

عَلِيْمٍ ﴿۵۳﴾ قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰۤى اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿۵۴﴾ قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ

عَلِيْمٍ	قَالَ	اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ	عَلٰى	اَنْ	مَسَّنِيَ	الْكِبَرُ	فَبِمَ	تُبَشِّرُوْنَ	قَالُوْا	بَشَّرْنٰكَ
علم والا	اس نے کہا	کیا تم مجھے خوشخبری دیتے ہو	پر - میں	کہ	مجھے پہنچ گیا	بڑھاپا	سو کس بات	تم خوشخبری دیتے ہو	وہ بولے	ہم نے تمہیں خوشخبری دی

علم والے کی - اس (ابراہیمؑ) نے کہا کیا تم مجھے اس حال میں خوشخبری دیتے ہو کہ مجھے بڑھاپا پہنچ گیا ہے؟ سو کس بات کی خوشخبری دیتے ہو؟ وہ بولے ہم نے تمہیں خوشخبری دی ہے

بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖۤ

بِالْحَقِّ	فَلَا تَكُنْ	مِنَ	الْقٰنِطِيْنَ	قَالَ	وَمَنْ	يَقْنَطُ	مِنْ	رَحْمَةِ	رَبِّهٖ
سچائی کے ساتھ	آپ نہ ہوں	سے	مایوس ہونے والے	اس نے کہا	اور کون	مایوس ہوگا	سے	رحمت	اپنا رب

سچائی کے ساتھ، آپ مایوس ہونے والوں میں سے نہ ہوں - اس نے کہا اپنے رب کی رحمت سے کون مایوس ہوگا؟

اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۷﴾ قَالُوْۤا اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ

اِلَّا	الضَّآلُّوْنَ	قَالَ	فَمَا خَطْبُكُمْ	اَيُّهَا	الْمُرْسَلُوْنَ	قَالُوْا	اِنَّا	اُرْسِلْنَا
سوائے	گمراہ (جمع)	اس نے کہا	پس کیا ہے تمہارا کام (مہم)	اے	بھیجے ہوئے (فرشتو)	وہ بولے	ہم بیشک	بھیجے گئے

گمراہوں کے سوا - اس نے کہا اے فرشتو! پس تمہاری مہم کیا ہے؟ وہ بولے بیشک ہم بھیجے گئے ہیں

اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّاۤ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۹﴾ اِلَّا امْرَاَتَهٗ

اِلٰى	قَوْمٍ	مُجْرِمِيْنَ	اِلَّا	اٰلَ لُوْطٍ	اِنَّا	لَمُنَجُّوْهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	اِلَّا	امْرَاَتَهٗ
طرف	ایک قوم	مجرم (جمع)	سوائے	گھر والے لوط کے	ہم	البتہ ہم انہیں بچالیں گے	سب	سوائے	اس کی عورت

مجرموں کی ایک قوم کی طرف، سوائے لوطؑ کے گھر والوں کے، البتہ ہم اُن سب کو بچالیں گے، سوائے اس کی عورت کے،

قَدَّرْنَاۤ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِۨالْمُرْسَلُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ اِنَّكُمْ

قَدَّرْنَا	اِنَّهَا	لَمِنَ	الْغٰبِرِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَ	اٰلَ لُوْطِ	ِۨالْمُرْسَلُوْنَ	قَالَ	اِنَّكُمْ
ہم نے فیصلہ کرلیا ہے	بیشک وہ	سے	پیچھے رہ جانے والے	پس جب	آئے	لوطؑ کے گھر والے	بھیجے ہوئے (فرشتے)	اس نے کہا	بیشک تم

ہم نے فیصلہ کرلیا ہے کہ وہ بیشک پیچھے رہ جانے والوں میں سے ہے - پس جب فرشتے لوطؑ کے گھر والوں کے پاس آئے، اس نے کہا بیشک تم

قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿٦٢﴾ قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ

قَوْمٌ	مُنْكَرُوْنَ	قَالُوْا	بَلْ	جِئْنٰكَ	بِمَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَمْتَرُوْنَ	وَاَتَيْنٰكَ	بِالْحَقِّ
لوگ	اوپرے (ناآشنا)	وہ بولے	بلکہ	ہم آئے ہیں تمہارے پاس	اسکے ساتھ جو	وہ تھے	اس میں	شک کرتے	اور ہم تمہارے پاس آئے ہیں	حق کے ساتھ

ناآشنا لوگ ہو۔ وہ بولے بلکہ ہم تمہارے پاس اس (عذاب) کے ساتھ آئے ہیں جس میں وہ شک کرتے تھے ۔ اور ہم تمہارے پاس حق کے ساتھ آئے ہیں

وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿٦٤﴾ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا

وَاِنَّا	لَصٰدِقُوْنَ	فَاَسْرِ	بِاَهْلِكَ	بِقِطْعٍ	مِنَ	الَّيْلِ	وَاتَّبِعْ	اَدْبَارَهُمْ	وَلَا
اور ہم بیشک	البتہ سچے	پس لے نکلیں آپ	اپنے گھر والوں کو	ایک حصہ	سے	رات	اور خود چلیں	ان کے پیچھے	اور نہ

اور بیشک ہم سچے ہیں۔ پس اپنے گھر والوں کو رات کے ایک حصہ میں (کچھ رات رہے) لے نکلیں اور خود ان کے پیچھے پیچھے چلیں ، اور نہ

يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَقَضَيْنَا اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ

يَلْتَفِتْ	مِنْكُمْ	اَحَدٌ	وَامْضُوْا	حَيْثُ	تُؤْمَرُوْنَ	وَقَضَيْنَا	اِلَيْهِ	ذٰلِكَ	الْاَمْرَ
پیچھے مڑ کر دیکھے	تم میں سے	کوئی	اور چلے جاؤ	جیسے	تمہیں حکم دیا گیا	اور ہم نے فیصلہ بھیجا	اس کی طرف	اس	بات

تم میں سے کوئی پیچھے مڑ کر دیکھے ، اور چلے جاؤ جیسے تمہیں حکم دیا گیا ہے۔ اور ہم نے اس کی طرف اس بات کا فیصلہ بھیج دیا

اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿٦٧﴾

اَنَّ	دَابِرَ	هٰٓؤُلَآءِ	مَقْطُوْعٌ	مُّصْبِحِيْنَ	وَجَآءَ	اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ	يَسْتَبْشِرُوْنَ
کہ	جڑ	یہ لوگ	کٹی ہوئی	صبح ہوتے	اور آئے	شہر والے	خوشیاں مناتے

کہ صبح ہوتے ان لوگوں کی جڑ کٹ جائے گی ۔ اور شہر والے خوشیاں مناتے آئے ۔

قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿٦٨﴾ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿٦٩﴾

قَالَ	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	ضَيْفِيْ	فَلَا تَفْضَحُوْنِ	وَاتَّقُوْا	اللّٰهَ	وَلَا تُخْزُوْنِ
اس نے کہا	کہ	یہ لوگ	میرے مہمان	پس مجھے رسوا نہ کرو تم	اور ڈرو	اللہ	اور مجھے خوار نہ کرو

اس (لوطؑ) نے کہا یہ میرے مہمان ہیں، مجھے تم رسوا نہ کرو۔ اور اللہ سے ڈرو اور مجھے خوار نہ کرو۔

قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٠﴾ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿٧١﴾

قَالُوْا	اَوَ	لَمْ نَنْهَكَ	عَنِ	الْعٰلَمِيْنَ	قَالَ	هٰٓؤُلَآءِ	بَنٰتِيْ	اِنْ	كُنْتُمْ	فٰعِلِيْنَ
وہ بولے	کیا	ہم نے تجھے منع نہیں کیا	سے	سارے جہان	اس نے کہا	یہ	میری بیٹیاں	اگر	تم ہو	کرنیوالے (کرنا ہے)

وہ بولے کیا ہم نے تجھے سارے جہان (کی حمایت) سے منع نہیں کیا ؟ اس نے کہا یہ میری بیٹیاں ہیں (ان سے نکاح کر لو) اگر تمہیں کرنا ہے ۔

لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۲﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾

لَعَمْرُكَ	اِنَّهُمْ	لَفِيْ	سَكْرَتِهِمْ	يَعْمَهُوْنَ	فَاَخَذَتْهُمُ	الصَّيْحَةُ	مُشْرِقِيْنَ
تمہاری جان کی قسم	بیشک وہ	البتہ میں	اپنے نشہ	مدہوش تھے	پس انہیں آ لیا	چنگھاڑ	سورج نکلتے وقت

(اے محمدؐ) تمہاری جان کی قسم یہ لوگ بیشک اپنے نشہ میں مدہوش تھے - پس انہیں سورج نکلتے وقت چنگھاڑ نے آ لیا -

فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۷۴﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

فَجَعَلْنَا	عَالِيَهَا	سَافِلَهَا	وَاَمْطَرْنَا	عَلَيْهِمْ	حِجَارَةً	مِّنْ	سِجِّيْلٍ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ
پس ہم نے کردیا	اس کے اوپر کا حصہ	اس کے نیچے کا حصہ	اور ہم نے برسائے	اُن پر	پتھر	سے	سنگِ گل (کھنگر)	بیشک	میں	اس

پس ہم نے اس (بستی) کا اوپر کا حصہ نیچے (تہ و بالا) کر دیا، اور ہم نے اُن پر کھنگر کے پتھر برسائے - بے شک اس میں ط

لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿۷۵﴾ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿۷۶﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾

لَاٰيٰتٍ	لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ	وَاِنَّهَا	لَبِسَبِيْلٍ	مُّقِيْمٍ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ
نشانیاں	غور و فکر کرنے والوں کے لئے	اور بیشک وہ	راستہ پر	سیدھا	بیشک	میں	اس	نشانی	ایمان والوں کے لئے

غور و فکر کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں - اور بیشک وہ (بستی) سیدھے راستہ پر (واقع) ہے - بیشک اس میں ایمان والوں کے لئے نشانی ہے -

وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ﴿۷۸﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ

وَاِنْ	كَانَ	اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ	لَظٰلِمِيْنَ	فَانْتَقَمْنَا	مِنْهُمْ	وَاِنَّهُمَا	لَبِاِمَامٍ
اور تحقیق	تھے	ایکہ (بن) والے (قومِ شعیب)	ظالم (جمع)	ہم نے بدلہ لیا	اُن سے	اور بیشک وہ دونوں	راستہ پر

اور تحقیق قومِ شعیبؑ کے لوگ ظالم تھے - اور ہم نے اُن سے بدلہ لیا، اور وہ دونوں (بستیاں واقع ہیں) ایک

مُّبِيْنٍ ﴿۷۹﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۸۰﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا

مُّبِيْنٍ	وَلَقَدْ كَذَّبَ	اَصْحٰبُ الْحِجْرِ	الْمُرْسَلِيْنَ	وَاٰتَيْنٰهُمْ	اٰيٰتِنَا
کھلے	اور البتہ جھٹلایا	حجر والے	رسول (جمع)	اور ہم نے انہیں دیں	اپنی نشانیاں

کھلے راستہ پر - اور البتہ "حجر" کے رہنے والوں نے رسولوں کو جھٹلایا - اور ہم نے اُنہیں اپنی نشانیاں دیں

فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۸۱﴾ وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿۸۲﴾

فَكَانُوْا	عَنْهَا	مُعْرِضِيْنَ	وَكَانُوْا	يَنْحِتُوْنَ	مِنَ	الْجِبَالِ	بُيُوْتًا	اٰمِنِيْنَ
پس وہ تھے	اس سے	منہ پھیرنے والے	اور وہ	تراشتے تھے	سے	پہاڑ (جمع)	گھر	بے خوف و خطر

پس وہ اُن سے منہ پھیرنے والے تھے - اور وہ پہاڑوں سے بے خوف و خطر گھر تراشتے تھے -

وقف لازم

ع ۱۹ — ۵ — ۵

فَاَخَذَتۡهُمُ الصَّيۡحَةُ مُصۡبِحِيۡنَ ۝۸۳ فَمَاۤ اَغۡنٰى عَنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ۝۸۴

فَاَخَذَتۡهُمُ	الصَّيۡحَةُ	مُصۡبِحِيۡنَ	فَمَاۤ اَغۡنٰى	عَنۡهُمۡ	مَّا	كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ
پس انہیں آ لیا	چنگھاڑ	صبح ہوتے	تو نہ کام آیا	ان کے	جو	وہ کمایا کرتے تھے

پس اُنہیں صبح ہوتے چنگھاڑ نے آ لیا - تو جو وہ کمایا کرتے تھے (اُن کا کیا دھرا) ان کے کام نہ آیا -

وَمَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ

وَمَا	خَلَقۡنَا	السَّمٰوٰتِ	وَالۡاَرۡضَ	وَمَا	بَيۡنَهُمَاۤ	اِلَّا	بِالۡحَقِّ	وَاِنَّ	السَّاعَةَ
اور نہیں	پیدا کیا ہم نے	آسمان (جمع)	اور زمین	اور جو	ان کے درمیان	مگر	حق کے ساتھ	اور بیشک	قیامت

اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو ان کے درمیان ہے نہیں پیدا کیا مگر حق (حکمت) کے ساتھ ، اور بیشک قیامت

لَاٰتِيَةٌ فَاصۡفَحِ الصَّفۡحَ الۡجَمِيۡلَ ۝۸۵ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الۡخَلّٰقُ الۡعَلِيۡمُ ۝۸۶

لَاٰتِيَةٌ	فَاصۡفَحِ	الصَّفۡحَ	الۡجَمِيۡلَ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	الۡخَلّٰقُ	الۡعَلِيۡمُ
ضرور آنیوالی	پس درگزر کرو	درگزر کرنا	اچھا	بیشک	تمہارا رب	وہ	پیدا کرنیوالا	جاننے والا

ضرور آنے والی ہے پس اچھی طرح درگزر کرو - بیشک تمہارا رب ہی خوب پیدا کرنے والا ، جاننے والا ہے -

وَلَقَدۡ اٰتَيۡنٰكَ سَبۡعًا مِّنَ الۡمَثَانِىۡ وَالۡقُرۡاٰنَ الۡعَظِيۡمَ ۝۸۷ لَا تَمُدَّنَّ عَيۡنَيۡكَ

وَلَقَدۡ	اٰتَيۡنٰكَ	سَبۡعًا	مِّنَ	الۡمَثَانِىۡ	وَالۡقُرۡاٰنَ	الۡعَظِيۡمَ	لَا تَمُدَّنَّ	عَيۡنَيۡكَ
اور تحقیق	ہم نے تمہیں دیں	سات	سے	بار بار دھرائی جانیوالی	اور قرآن	عظمت والا	ہرگز نہ بڑھائیں آپ	اپنی آنکھیں

اور تحقیق ہم نے تمہیں (سورۂ فاتحہ کی) بار بار دہرائی جانیوالی سات (آیات) دیں اور عظمت والا قرآن - آپ ہرگز اپنی آنکھیں نہ بڑھائیں (آنکھ اُٹھا کر بھی نہ دیکھیں)

اِلٰى مَا مَتَّعۡنَا بِهٖۤ اَزۡوَاجًا مِّنۡهُمۡ وَلَا تَحۡزَنۡ عَلَيۡهِمۡ وَاخۡفِضۡ جَنَاحَكَ

اِلٰى	مَا مَتَّعۡنَا	بِهٖۤ	اَزۡوَاجًا	مِّنۡهُمۡ	وَلَا تَحۡزَنۡ	عَلَيۡهِمۡ	وَاخۡفِضۡ	جَنَاحَكَ
طرف	جو ہم نے برتنے کو دیا	اس کو	کئی جوڑے	اُن کے	اور نہ غم کھائیں	ان پر	اور جھکا دیں آپ	اپنے بازو

(ان چیزوں کی) طرف جو ہم نے اُن کے کئی جوڑوں (گروہوں) کو دیں ، اور ان پر غم نہ کھائیں ، اور آپ اپنے بازو جھکا دیں

لِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ۝۸۸ وَقُلۡ اِنِّىۡۤ اَنَا النَّذِيۡرُ الۡمُبِيۡنُ ۝۸۹ ۚ كَمَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَى الۡمُقۡتَسِمِيۡنَ ۝۹۰

لِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ	وَقُلۡ	اِنِّىۡۤ	اَنَا	النَّذِيۡرُ الۡمُبِيۡنُ	كَمَاۤ	اَنۡزَلۡنَا	عَلَى	الۡمُقۡتَسِمِيۡنَ
مومنوں کے لئے	اور کہہ دیں	بیشک میں	میں	ڈرانے والا علانیہ	جیسے	ہم نے نازل کیا	پر	تقسیم کرنے والے

مومنوں کے لئے - اور کہہ دیں بیشک میں علانیہ ڈرانے والا ہوں - جیسے ہم نے تقسیم کرنے والوں (تفرقہ پردازوں) پر عذاب نازل کیا -

الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَسْــَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ عَمَّا

الَّذِيْنَ	جَعَلُوْا	الْقُرْاٰنَ	عِضِيْنَ	فَوَرَبِّكَ	لَنَسْــَٔلَنَّهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	عَمَّا
وہ لوگ جو	اُنہوں نے کر دیا	قرآن	ٹکڑے ٹکڑے	سو تیرے رب کی قسم	ہم ضرور پوچھیں گے ان سے	سب	اسکی بابت جو

جن لوگوں نے قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا (کچھ کو مانا کچھ کو نہ مانا) سو تیرے رب کی قسم ہم ان سب سے ضرور پوچھیں گے۔ اس کی بابت جو

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾

كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ	فَاصْدَعْ	بِمَا	تُؤْمَرُ	وَاَعْرِضْ	عَنِ	الْمُشْرِكِيْنَ
وہ کرتے تھے		پس صاف صاف کہہ دیں آپ	جس کا	تمہیں حکم دیا گیا	اور اعراض کریں	سے	مشرک (ج جمع)

وہ کرتے تھے۔ پس جس بات کا آپ کو حکم دیا گیا ہے صاف صاف کہہ دیں اور مشرکوں سے اعراض کریں (منہ پھیر لیں)

اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ

اِنَّا	كَفَيْنٰكَ	الْمُسْتَهْزِءِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَجْعَلُوْنَ	مَعَ اللّٰهِ	اِلٰهًا	اٰخَرَ	فَسَوْفَ
بیشک ہم	کافی ہیں تمہارے لئے	مذاق اڑانے والے	جو لوگ	بناتے ہیں	اللہ کے ساتھ	معبود	کوئی دوسرا	پس عنقریب

بیشک مذاق اُڑانے والوں (کے خلاف) تمہارے لئے ہم کافی ہیں۔ جو لوگ اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود بناتے ہیں پس وہ عنقریب

يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ

يَعْلَمُوْنَ	وَلَقَدْ نَعْلَمُ	اَنَّكَ	يَضِيْقُ	صَدْرُكَ	بِمَا	يَقُوْلُوْنَ	فَسَبِّحْ
وہ جان لیں گے	اور البتہ ہم جانتے ہیں	بیشک تم	تنگ ہوتا ہے	تمہارا سینہ (دل)	اس سے	جو وہ کہتے ہیں	تو تسبیح کریں

جان لیں گے۔ اور البتہ ہم جانتے ہیں کہ وہ جو کہتے ہیں اس سے آپ کا دل تنگ ہوتا ہے، تو تسبیح کریں (پاکیزگی بیان کریں)

بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾ ع

۶ ع ۶ ۶

بِحَمْدِ	رَبِّكَ	وَكُنْ	مِّنَ	السّٰجِدِيْنَ	وَاعْبُدْ	رَبَّكَ	حَتّٰى	يَاْتِيَكَ	الْيَقِيْنُ
حمد کے ساتھ	اپنا رب	اور ہو	سے	سجدہ کرنے والے	اور عبادت کریں	اپنا رب	یہانتک کہ	آئے آپ کے پاس	یقینی بات

اپنے رب کی حمد کے ساتھ، اور سجدہ کرنے والوں میں سے ہوں اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہیں یہانتک کہ آپ کے پاس یقینی بات (موت) آجائے۔

رکوعاتہا ۱۶ — (۱۶) سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ (۷۰) — اٰیاتہا ۱۲۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ	اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے	فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ
آپہنچا اللہ کا حکم		سو اس کی جلدی نہ کرو

سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ① يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى

سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	يُنَزِّلُ	الْمَلٰٓئِكَةَ	بِالرُّوْحِ	مِنْ	اَمْرِهٖ	عَلٰى
وہ پاک	اور برتر	اس سے جو	وہ شریک بناتے ہیں	وہ نازل کرتا ہے	فرشتے	وحی کے ساتھ	سے	اپنے حکم	پر

وہ پاک ہے اور اس سے برتر جو وہ (اللہ کا) شریک بناتے ہیں۔ وہ فرشتے اپنے حکم سے وحی کے ساتھ نازل کرتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اَنْ اَنْذِرُوْٓا اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ② خَلَقَ

مَنْ يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ	اَنْ	اَنْذِرُوْا	اَنَّهٗ	لَا	اِلٰهَ	اِلَّا	اَنَا	فَاتَّقُوْنِ	خَلَقَ
جسے چاہتا ہے	سے	اپنے بندے	کہ	تم ڈراؤ	کہ وہ	نہیں	کوئی معبو	سوائے	میرے	پس مجھ سے ڈرو	اس نے پیدا کئے

اپنے بندوں میں سے جس پر وہ چاہتا ہے کہ تم ڈراؤ کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں، پس مجھ ہی سے ڈرو۔ اس نے پیدا کئے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ③ خَلَقَ الْاِنْسَانَ

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	بِالْحَقِّ	تَعٰلٰى	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	خَلَقَ	الْاِنْسَانَ
آسمان (جمع)	اور زمین	حق (حکمت) کے ساتھ	برتر	اس سے جو	وہ شریک کرتے ہیں	پیدا کیا اس نے	انسان

آسمان اور زمین حکمت کے ساتھ، وہ اس سے برتر ہے جو وہ شریک کرتے ہیں۔ اس نے انسان کو پیدا کیا

مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ④ وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ

مِنْ	نُّطْفَةٍ	فَاِذَا	هُوَ	خَصِيْمٌ	مُّبِيْنٌ	وَالْاَنْعَامَ	خَلَقَهَا	لَكُمْ	فِيْهَا	دِفْءٌ
سے	نطفہ	پھر ناگہاں	وہ	جھگڑالو	کھلا	اور چوپائے	اس نے ان کو پیدا کیا	تمہارے لئے	ان میں	گرم سامان

نطفے سے، پھر وہ ناگہاں کھلا جھگڑالو ہو گیا۔ اور اس نے چوپائے پیدا کئے تمہارے لئے، ان میں گرم سامان (جزء اول)

وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ⑤ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ

وَمَنَافِعُ	وَمِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ	وَلَكُمْ	فِيْهَا	جَمَالٌ	حِيْنَ	تُرِيْحُوْنَ	وَحِيْنَ
اور فائدے (جمع)	ان میں سے	تم کھاتے ہو	اور تمہارے لئے	ان میں	خوبصورتی شان	جس وقت	شام کو چرا کر لاتے ہو	اور جس وقت

اور فائدے ہیں، اور ان میں سے (بعض کو) تم کھاتے ہو۔ اور تمہارے لئے ان میں خوبصورتی اور شان ہے جس وقت شام کو چرا کر لاتے ہو، اور جس وقت

تَسْرَحُوْنَ ⑥ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ

تَسْرَحُوْنَ	وَتَحْمِلُ	اَثْقَالَكُمْ	اِلٰى	بَلَدٍ	لَّمْ تَكُوْنُوْا	بٰلِغِيْهِ	اِلَّا	بِشِقِّ	الْاَنْفُسِ
صبح کو چرانے لے جاتے ہو	اور وہ اٹھاتے ہیں	تمہارے بوجھ	طرف	شہر (جمع)	نہ تھے تم	ان تک پہنچنے والے	بغیر	ہلکان کرکے	جانیں

صبح کو چرانے لے جاتے ہو۔ اور وہ تمہارے بوجھ ان شہروں تک اٹھالے جاتے ہیں، جہاں جانیں ہلکان کئے بغیر تم پہنچنے والے نہ تھے۔

إِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ⑦ وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً

وَزِينَةً	لِتَرْكَبُوهَا	وَالْحَمِيرَ	وَالْبِغَالَ	وَالْخَيْلَ	رَّحِيمٌ	لَرَءُوفٌ	رَبَّكُمْ	إِنَّ
اور زینت	تاکہ تم ان پر سوار ہو	اور گدھے	اور خچر	اور گھوڑے	رحم کرنے والا	انتہائی شفیق	تمہارا رب	بیشک

بیشک تمہارا رب نہایت رحم والا ہے۔ اور گھوڑے اور خچر اور گدھے تاکہ تم ان پر سوار ہو اور زینت کے لئے (پیدا کئے)

وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ⑧ وَعَلَى اللَّهِ قَصْدُ السَّبِيلِ وَمِنْهَا جَائِرٌ ۚ وَلَوْ شَاءَ

وَلَوْ شَاءَ	جَائِرٌ	وَمِنْهَا	السَّبِيلِ	قَصْدُ	عَلَى اللَّهِ	وَ	لَا تَعْلَمُونَ	مَا	وَيَخْلُقُ
اور اگر وہ چاہے	ٹیڑھی	اور اس سے	راہ	سیدھی	اللہ پر	اور	تم نہیں جانتے	جو	اور وہ پیدا کرتا ہے

اور وہ پیدا کرتا ہے جو تم نہیں جانتے۔ اور سیدھی راہ اللہ تک پہنچتی ہے اور ان میں سے (کوئی) راہ ٹیڑھی ہے، اور اگر وہ چاہتا

لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ ⑨ هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً لَّكُمْ مِنْهُ شَرَابٌ

شَرَابٌ	مِنْهُ	لَكُمْ	مَاءً	السَّمَاءِ	مِنَ	أَنْزَلَ	الَّذِي	هُوَ	أَجْمَعِينَ	لَهَدَاكُمْ
پینا	اس سے	تمہارے لئے	پانی	آسمان	سے	نازل کیا (برسایا)	جس نے	وہی	سب	تو وہ تمہیں ہدایت دیتا

تو تم سب کو ہدایت دے دیتا۔ وہی ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا، اس سے تمہارے لئے پینے کو ہے،

وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيهِ تُسِيمُونَ ⑩ يُنْبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُونَ وَالنَّخِيلَ

وَالنَّخِيلَ	وَالزَّيْتُونَ	الزَّرْعَ	بِهِ	لَكُمْ	يُنْبِتُ	تُسِيمُونَ	فِيهِ	شَجَرٌ	وَمِنْهُ
اور کھجور	اور زیتون	کھیتی	اس سے	تمہارے لئے	وہ اگاتا ہے	تم چراتے ہو	اس میں	درخت	اور اس سے

اور اس سے درخت (سیراب ہوتے) ہیں اور جن میں تم (مویشی) چرتے ہو۔ وہ اس سے تمہارے لئے اگاتا ہے کھیتی، اور زیتون اور کھجور

وَالْأَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ⑪

يَتَفَكَّرُونَ	لِقَوْمٍ	لَآيَةً	ذَٰلِكَ	فِي	إِنَّ	الثَّمَرَاتِ	كُلِّ	مِنْ	وَ	وَالْأَعْنَابَ
غور و فکر کرتے ہیں	لوگوں کے لئے	البتہ نشانیاں	اس میں		بیشک	پھل (جمع)	ہر	سے کے	اور	اور انگور

اور انگور اور ہر قسم کے پھل، بے شک اس میں غور و فکر کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۖ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ

مُسَخَّرَاتٌ	وَالنُّجُومُ	وَالْقَمَرَ	وَالشَّمْسَ	وَالنَّهَارَ	اللَّيْلَ	لَكُمُ	وَسَخَّرَ
مسخر	اور ستارے	اور چاند	اور سورج	اور دن	رات	تمہارے لئے	اور مسخر کیا

اور اس نے تمہارے لئے مسخر کیا رات اور دن کو، اور سورج اور چاند کو، اور ستارے مسخر (کام میں لگے ہوئے) ہیں۔

بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِی الْاَرْضِ

بِاَمْرِهٖ	اِنَّ	فِیْ	ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ	لِقَوْمٍ	یَعْقِلُوْنَ	وَمَا	ذَرَاَ	لَكُمْ	فِی الْاَرْضِ
اس کے حکم سے	بیشک	میں	اس	البتہ نشانیاں	لوگوں کے لئے	وہ عقل سے کام لیتے ہیں	اور جو	پیدا کیا	تمہارے لئے	زمین میں

اس کے حکم سے، بیشک اس میں عقل سے کام لینے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور تمہارے لئے زمین میں پیدا کیں

مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَهُوَ الَّذِیْ

مُخْتَلِفًا	اَلْوَانُهٗ	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیَةً	لِقَوْمٍ	یَذَّكَّرُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِیْ
مختلف	اس کے رنگ	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	لوگوں کے لئے	وہ سوچتے ہیں	اور وہی	جو۔جس

مختلف (چیزیں)، رنگ برنگ کی، بیشک اس میں سوچنے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور وہی ہے جس نے

سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِیًّا وَّ تَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْیَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ

سَخَّرَ	الْبَحْرَ	لِتَاْكُلُوْا	مِنْهُ	لَحْمًا	طَرِیًّا	وَتَسْتَخْرِجُوْا	مِنْهُ	حِلْیَةً	تَلْبَسُوْنَهَا
مسخر کیا	دریا	تاکہ تم کھاؤ	اس سے	گوشت	تازہ	اور تم نکالو	اس سے	زیور	تم وہ پہنتے ہو

دریا کو مسخر کیا تاکہ تم اس سے (مچھلیوں کا) تازہ گوشت کھاؤ، اور اس سے زیور نکالو جو تم پہنتے ہو،

وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِیْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۴﴾

وَتَرَى	الْفُلْكَ	مَوَاخِرَ	فِیْهِ	وَلِتَبْتَغُوْا	مِنْ	فَضْلِهٖ	وَلَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُوْنَ
اور تم دیکھتے ہو	کشتی	پانی چیرنے والی	اس میں	اور تاکہ تلاش کرو	سے	اس کا فضل	اور تاکہ تم	شکر کرو

اور تم دیکھتے ہو اس میں کشتیاں پانی کو چیر کر چلتی ہیں اور تاکہ تم اس کے فضل سے (روزی) تلاش کرو اور تاکہ تم شکر کرو۔

وَاَلْقٰى فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ تَمِیْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵﴾

وَ اَلْقٰى	فِی الْاَرْضِ	رَوَاسِیَ	اَنْ تَمِیْدَ	بِكُمْ	وَاَنْهٰرًا	وَسُبُلًا	لَعَلَّكُمْ	تَهْتَدُوْنَ
اور ڈالے (رکھے)	زمین میں۔پر	پہاڑ	کہ جھک نہ پڑے	تمہیں لے کر	اور نہریں دریا	اور راستے	تاکہ تم	راہ پاؤ

اور اس نے زمین پر پہاڑ رکھے کہ تمہیں لے کر (زمین) جھک نہ پڑے، اور دریا اور راستے (بنائے) تاکہ تم راہ پاؤ۔

وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ هُمْ یَهْتَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ یَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا یَخْلُقُ ؕ

وَعَلٰمٰتٍ	وَبِالنَّجْمِ	هُمْ	یَهْتَدُوْنَ	اَفَمَنْ	یَخْلُقُ	كَمَنْ	لَا یَخْلُقُ
اور علامتیں	اور ستارہ	وہ	راستہ پاتے ہیں	کیا۔پس جو	پیدا کرے	اس جیسا جو	پیدا نہیں کرتا

اور علامتیں (بنائیں)، اور وہ ستاروں سے راستہ پاتے ہیں۔ کیا جو (اللہ) پیدا کرتا ہے اس جیسا ہے جو پیدا نہیں کرتا

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝۱۷ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ

اَ فَلَا تَذَكَّرُوْنَ	وَاِنْ	تَعُدُّوْا	نِعْمَةَ اللّٰهِ	لَا تُحْصُوْهَا	اِنَّ اللّٰهَ	لَغَفُوْرٌ
کیا - پس تم غور نہیں کرتے	اور اگر	تم شمار کرو	اللہ کی نعمت	اس کو پورا نہ گن سکو گے	بیشک اللہ	البتہ بخشنے والا

پس کیا تم غور نہیں کرتے؟ اور اگر تم اللہ کی نعمتیں شمار کرو تو انہیں پورا نہ گن سکو گے، بے شک اللہ بخشنے والا،

رَّحِيْمٌ ۝۱۸ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۝۱۹ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

رَّحِيْمٌ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا تُسِرُّوْنَ	وَمَا	تُعْلِنُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ
نہایت مہربان	اور اللہ	جانتا ہے	جو تم چھپاتے ہو	اور جو	تم ظاہر کرتے ہو	اور جنہیں	وہ پکارتے ہیں

نہایت مہربان ہے - اور اللہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو۔ اور وہ جنہیں پکارتے ہیں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ۝۲۰ اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ

مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	لَا يَخْلُقُوْنَ	شَيْـًٔا	وَّهُمْ	يُخْلَقُوْنَ	اَمْوَاتٌ	غَيْرُ	اَحْيَآءٍ
سوائے	اللہ	وہ پیدا نہیں کرتے	کچھ بھی	اور وہ (خود)	پیدا کئے گئے	مُردے	نہیں	زندہ

اللہ کے سوا وہ کچھ بھی پیدا نہیں کرتے بلکہ وہ خود پیدا کئے گئے ہیں - مُردے ہیں، زندہ نہیں، (بے جان ہیں)،

۲ ع ۱۲ ۸

وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۝۲۱ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

وَمَا يَشْعُرُوْنَ	اَيَّانَ	يُبْعَثُوْنَ	اِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	فَالَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ
اور وہ نہیں جانتے	کب	وہ اٹھائے جائیں گے	تمہارا معبود	معبود	ایک (یکتا)	پس جو لوگ	ایمان نہیں رکھتے

اور وہ نہیں جانتے وہ کب اٹھائے جائیں گے۔ تمہارا معبود، معبود یکتا ہے، پس جو لوگ ایمان نہیں رکھتے

بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ۝۲۲ لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا

بِالْاٰخِرَةِ	قُلُوْبُهُمْ	مُّنْكِرَةٌ	وَّهُمْ	مُّسْتَكْبِرُوْنَ	لَا جَرَمَ	اَنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا
آخرت پر	ان کے دل	منکر (انکار کرنیوالے)	اور وہ	تکبّر کرنے والے (مغرور)	یقینی بات	کہ	اللہ	جانتا ہے	جو

آخرت پر، اُن کے دل منکر ہیں، اور وہ مغرور ہیں - یقینی بات ہے اللہ جانتا ہے جو

يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ۝۲۳ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ

يُسِرُّوْنَ	وَمَا	يُعْلِنُوْنَ	اِنَّهٗ	لَا يُحِبُّ	الْمُسْتَكْبِرِيْنَ	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	مَّاذَآ
وہ چھپاتے ہیں	اور جو	وہ ظاہر کرتے ہیں	بیشک وہ	پسند نہیں کرتا	تکبّر کرتے والے	اور جب	کہا جائے	اُن سے	کیا

وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں - بیشک وہ تکبّر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا - اور جب اُن سے کہا جائے کیا

اَنْزَلَ رَبُّكُمْ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٤﴾ لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً

اَنْزَلَ	رَبُّكُمْ	قَالُوْٓا	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	لِيَحْمِلُوْٓا	اَوْزَارَهُمْ	كَامِلَةً
نازل کیا	تمہارا رب	وہ کہتے ہیں	کہانیاں	پہلے لوگ	انجام کار وہ اٹھائیں گے	اپنے بوجھ (گناہ)	پورے

نازل کیا تمہارے رب نے؟ تو وہ کہتے ہیں پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ انجام کار وہ اپنے پورے بوجھ اٹھائیں گے

٣ ع ٤ ٩

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿٢٥﴾

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَمِنْ	اَوْزَارِ	الَّذِيْنَ	يُضِلُّوْنَهُمْ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	اَلَا	سَآءَ	مَا يَزِرُوْنَ
قیامت کے دن	اور کچھ	بوجھ	ان کے جنہیں	وہ گمراہ کرتے ہیں	علم کے بغیر	خوب سن لو	برا	جو وہ لادتے ہیں

قیامت کے دن، اور کچھ ان کے بوجھ جنہیں وہ بغیر علم کے گمراہ کرتے ہیں، خوب سن لو، برا ہے جو وہ لادتے ہیں۔

قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ

قَدْ مَكَرَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَاَتَى	اللّٰهُ	بُنْيَانَهُمْ	مِّنَ	الْقَوَاعِدِ
تحقیق مکاری کی	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	پس آیا	اللہ	ان کی عمارت	سے	بنیاد (جمع)

جو اُن سے پہلے تھے اُنہوں نے مکاری کی پس اُن کی عمارت پر اللہ (کا عذاب) بنیادوں سے آیا

فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ

فَخَرَّ	عَلَيْهِمُ	السَّقْفُ	مِنْ	فَوْقِهِمْ	وَ اَتٰىهُمُ	الْعَذَابُ	مِنْ	حَيْثُ
پس گر پڑی	ان پر	چھت	سے	ان کے اوپر	اور آیا ان پر	عذاب	سے	جہاں سے

پس چھت اُن پر اُن کے اوپر سے گر پڑی، اور اُن پر عذاب آیا جہاں سے

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٦﴾ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

لَا يَشْعُرُوْنَ	ثُمَّ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	يُخْزِيْهِمْ	وَيَقُوْلُ	اَيْنَ	شُرَكَآءِيَ	الَّذِيْنَ
اُنہیں خیال نہ تھا	پھر	قیامت کے دن	وہ انہیں رسوا کرے گا	اور کہے گا	کہاں	میرے شریک	وہ جو کہ

اُنہیں خیال نہ تھا۔ پھر وہ انہیں قیامت کے دن رُسوا کرے گا، اور کہے گا کہاں ہیں؟ میرے وہ شریک جن

كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَ

كُنْتُمْ	تُشَآقُّوْنَ	فِيْهِمْ	قَالَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	اِنَّ	الْخِزْيَ	الْيَوْمَ	وَ
تم تھے	جھگڑتے	ان (کے بارہ) میں	کہیں گے	وہ لوگ جو	دیئے گئے علم (علم والے)	بیشک	رسوائی	آج	اور

کے بارے میں تم جھگڑتے تھے، علم والے کہیں گے بیشک آج کے دن رسوائی اور

اور تم نہ پاؤ گے	ہماری سنّت میں	کوئی تبدیلی	قائم کریں آپ	نماز	ڈھلنے سے	سورج	تک	اندھیرا	رات

اور تم ہماری سُنّت میں کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ سورج ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک نماز قائم کریں،

وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿۷۸﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ

وَ	قُرْاٰنَ	الْفَجْرِ	اِنَّ	قُرْاٰنَ الْفَجْرِ	كَانَ	مَشْهُوْدًا	وَ مِنَ	الَّيْلِ	فَتَهَجَّدْ	بِهٖ
اور	قرآن	فجر (صبح)	بیشک	صبح کا قرآن	ہے	حاضر کیا گیا (فرشتوں کو)	اور کچھ حصہ	رات	سو بیدار رہیں	اس (قرآن) کے ساتھ

اور صبح کا قرآن، بیشک صبح کا قرآن (پڑھنے میں فرشتے) حاضر ہوتے ہیں۔ اور رات کا کچھ حصہ قرآن کی تلاوت کے ساتھ بیدار رہیں،

نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰۤى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿۷۹﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ

نَافِلَةً	لَّكَ	عَسٰى	اَنْ يَّبْعَثَكَ	رَبُّكَ	مَقَامًا مَّحْمُوْدًا	وَقُلْ	رَّبِّ	اَدْخِلْنِيْ
نفل (زائد)	تمہارے لئے	قریب	کہ تمہیں کھڑا کرے	تمہارا رب	مقام محمود	اور کہیں	اے میرے رب	مجھے داخل کر

یہ تمہارے لئے زائد ہے، قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں مقام محمود میں کھڑا کر دے، اور آپ کہیں اے میرے رب! مجھے داخل کر

مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا

مُدْخَلَ	صِدْقٍ	وَّاَخْرِجْنِيْ	مُخْرَجَ	صِدْقٍ	وَّاجْعَلْ	لِّيْ	مِنْ لَّدُنْكَ	سُلْطٰنًا
داخل کرنا	سچا	اور مجھے نکال	نکالنا	سچا	اور عطا کر	میرے لئے	اپنی طرف سے	غلبہ

سچا داخل کرنا، اور مجھے نکال سچا نکالنا (اچھی طرح)، اور اپنی طرف سے میرے لئے عطا کر غلبہ،

نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾ وَ

نَّصِيْرًا	وَقُلْ	جَآءَ	الْحَقُّ	وَزَهَقَ	الْبَاطِلُ	اِنَّ	الْبَاطِلَ	كَانَ	زَهُوْقًا	وَ
مدد دینے والا	اور کہدیں آپ	آیا	حق	اور نابود ہو گیا	باطل	بیشک	باطل	ہے ہی	مٹنے والا	اور

مدد دینے والا۔ اور کہدیں حق آیا اور باطل نابود ہو گیا، بیشک باطل ہے ہی مٹنے والا (نیست و نابود ہونے والا)۔ اور

نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ

نُنَزِّلُ	مِنَ	الْقُرْاٰنِ	مَا	هُوَ شِفَآءٌ	وَّرَحْمَةٌ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ	وَ لَا يَزِيْدُ	الظّٰلِمِيْنَ
ہم نازل کرتے ہیں	سے	قرآن	جو	وہ شفا	اور رحمت	مومنوں کے لئے	اور نہیں زیادہ ہوتا	ظالم (جمع)

ہم قرآن نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لئے شفا اور رحمت ہے ، اور ظالموں کے لئے زیادہ نہیں ہوتا

اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ

اِلَّا	خَسَارًا	وَاِذَآ	اَنْعَمْنَا	عَلَى	الْاِنْسَانِ	اَعْرَضَ	وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ	وَاِذَا	مَسَّهُ	الشَّرُّ
سوائے	گھاٹا	اور جب	ہم نعمت بخشتے ہیں	پر۔کو	انسان	وہ روگرداں ہوجاتا ہے	اور پہلو پھیر لیتا ہے	اور جب	اسے پہنچتی ہے	برائی

گھاٹے کے سوا۔ اور جب ہم انسان کو نعمت بخشتے ہیں وہ روگرداں ہوجاتا ہے، اور پہلو پھیر لیتا ہے، اور جب اسے برائی پہنچتی ہے ع

كَانَ يَئُوْسًا ﴿۸۳﴾ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ۗ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿۸۴﴾

كَانَ	يَئُوْسًا	قُلْ	كُلٌّ	يَّعْمَلُ	عَلٰى	شَاكِلَتِهٖ	فَرَبُّكُمْ	اَعْلَمُ	بِمَنْ هُوَ	اَهْدٰى	سَبِيْلًا
وہ ہوجاتا ہے	مایوس	کہہ دیں	ہر ایک	کام کرتا ہے	پر	اپنا طریقہ	سو تمہارا پروردگار	خوب جانتا ہے	کہ وہ کون	زیادہ صحیح	راستہ

تو وہ مایوس ہوجاتا ہے۔ کہہ دیں ہر ایک اپنے طریقے پر کام کرتا ہے، سو تمہارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ کون زیادہ صحیح راستہ پر ہے ؟

وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۗ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ

وَيَسْئَلُوْنَكَ	عَنِ	الرُّوْحِ	قُلِ	الرُّوْحُ	مِنْ اَمْرِ	رَبِّيْ	وَ	مَآ اُوْتِيْتُمْ	مِّنَ الْعِلْمِ
اور آپ سے پوچھتے ہیں	سے متعلق	روح	کہہ دیں	روح	حکم سے	میرا رب	اور	تمہیں نہیں دیا گیا	علم سے

اور وہ آپ سے روح کے متعلق پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیں روح میرے رب کے حکم سے ہے، اور تمہیں علم نہیں دیا گیا

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۵﴾ وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ

اِلَّا	قَلِيْلًا	وَلَئِنْ	شِئْنَا	لَنَذْهَبَنَّ	بِالَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	ثُمَّ لَا تَجِدُ	لَكَ	بِهٖ
مگر	تھوڑا سا	اور اگر	ہم چاہیں	تو البتہ ہم لے جائیں	وہ جو کہ	ہم نے وحی کی	تمہاری طرف	پھر تم نہ پاؤ	اپنے واسطے	اس کے لئے

مگر تھوڑا سا۔ اور اگر ہم چاہیں تو البتہ ہم لے جائیں (سلب کرلیں)، جو وحی ہم نے تمہاری طرف کی ہے، پھر تم اس کے لئے اپنے واسطے نہ پاؤ

عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿۸۶﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۗ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿۸۷﴾ قُلْ لَّئِنِ

عَلَيْنَا	وَكِيْلًا	اِلَّا	رَحْمَةً	مِّنْ رَّبِّكَ	اِنَّ	فَضْلَهٗ	كَانَ	عَلَيْكَ	كَبِيْرًا	قُلْ	لَّئِنِ
ہمارے (مقابلہ) پر	کوئی مددگار	مگر	رحمت	تمہارے رب سے	بیشک	اس کا فضل	ہے	تم پر	بڑا	کہہ دیں	اگر

ہمارے مقابلہ پر کوئی مددگار۔ مگر تمہارے رب کی رحمت سے ہے (کہ ایسا نہیں ہوتا)، بیشک تم پر اس کا بڑا فضل ہے۔ آپ کہہ دیں اگر

اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ

اجْتَمَعَتِ	الْاِنْسُ	وَالْجِنُّ	عَلٰٓى	اَنْ	يَّاْتُوْا	بِمِثْلِ	هٰذَا الْقُرْاٰنِ	لَا يَاْتُوْنَ	بِمِثْلِهٖ
جمع ہو جائیں	تمام انسان	اور جن	پر	کہ	وہ لائیں	مانند	اس قرآن	نہ لاسکیں گے آپ	اس کے مانند

تمام انسان اور جن (اس بات) پر جمع ہو جائیں کہ وہ اس قرآن کے مانند لے آئیں تو وہ اس کے مانند نہ لا سکیں گے

وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿۸۸﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِىْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ

وَلَوْ كَانَ	بَعْضُهُمْ	لِبَعْضٍ	ظَهِيْرًا	وَلَقَدْ صَرَّفْنَا	لِلنَّاسِ	فِىْ	هٰذَا الْقُرْاٰنِ
اور اگر چہ ہو جائیں	ان کے بعض	بعض کے لئے	مددگار	اور ہم نے طرح طرح سے بیان کیا	لوگوں کے لئے	میں	اس قرآن

اگرچہ ان کے بعض، بعض کے لئے (وہ ایک دوسرے کے) مددگار ہو جائیں۔ اور ہم نے لوگوں کے لئے اس قرآن میں طرح طرح سے بیان کر دی ہے

مِنْ كُلِّ مَثَلٍ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۸۹﴾ وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى

مِنْ	كُلِّ مَثَلٍ	فَاَبٰٓى	اَكْثَرُ النَّاسِ	اِلَّا	كُفُوْرًا	وَقَالُوْا	لَنْ نُّؤْمِنَ	لَكَ	حَتّٰى
سے	ہر مثال	پس قبول نہ کیا	اکثر لوگ	سوائے	ناشکری	اور وہ بولے	ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے	تجھ پر	یہاں تک کہ

ہر مثال، پس اکثر لوگوں نے ناشکری کے سوا قبول نہ کیا۔ اور وہ بولے کہ ہم تجھ پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے، یہاں تک کہ

تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾ اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ

تَفْجُرَ	لَنَا	مِنَ الْاَرْضِ	يَنْۢبُوْعًا	اَوْ تَكُوْنَ	لَكَ	جَنَّةٌ	مِّنْ	نَّخِيْلٍ	وَّعِنَبٍ
تو رواں کر دے	ہمارے لئے	زمین سے	کوئی چشمہ	یا ہو جائے	تیرے لئے	ایک باغ	سے۔کا	کھجور (جمع)	اور انگور

تو ہمارے لئے زمین سے کوئی چشمہ رواں کر دے۔ یا تیرے لئے کھجوروں اور انگور کا ایک باغ ہو،

فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ﴿۹۱﴾ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا

فَتُفَجِّرَ	الْاَنْهٰرَ	خِلٰلَهَا	تَفْجِيْرًا	اَوْ	تُسْقِطَ	السَّمَآءَ	كَمَا زَعَمْتَ	عَلَيْنَا	كِسَفًا
پس تو رواں کر دے	نہریں	اسکے درمیان	بہتی ہوئی	یا	تو گرا دے	آسمان	جیسا کہ تو کہا کرتا ہے	ہم پر	ٹکڑے

پس تو اس کے درمیان بہتی نہریں رواں کر دے۔ یا جیسے تو کہا کرتا ہے ہم پر آسمان کے ٹکڑے گرا دے،

اَوْ تَاْتِىَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ﴿۹۲﴾ اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ

اَوْ تَاْتِىَ	بِاللّٰهِ	وَالْمَلٰٓئِكَةِ	قَبِيْلًا	اَوْ	يَكُوْنَ	لَكَ	بَيْتٌ	مِّنْ	زُخْرُفٍ	اَوْ
یا تو لے آئے	اللہ کو	اور فرشتے	رُوبرو	یا	ہو	تیرے لئے	ایک گھر	سے۔کا	سونا	یا

یا اللہ کو اور فرشتوں کو رُوبرو لے آوے۔ یا تیرے لئے سونے کا ایک گھر ہو، یا

تَرْقٰى فِى السَّمَآءِ ؕ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ؕ

تَرْقٰى	فِى السَّمَآءِ	وَلَنْ نُّؤْمِنَ	لِرُقِيِّكَ	حَتّٰى	تُنَزِّلَ	عَلَيْنَا	كِتٰبًا	نَّقْرَؤُهٗ
تو چڑھ جائے	آسمانوں میں	اور ہم ہرگز نہ مانیں گے	تیرے چڑھنے کو	یہانتک کہ	تو اتارے	ہم پر	ایک کتاب	ہم پڑھ لیں جسے

تو آسمان میں چڑھ جائے، اور ہم ہرگز تیرے چڑھنے کو نہ مانیں گے جب تک تو ہم پر ایک کتاب نہ اتارے جسے ہم پڑھ لیں،

١٠ ع ٩ ١٠

قُلْ سُبْحَانَ رَبِّىْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۳﴾ ع وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا

قُلْ	سُبْحَانَ	رَبِّىْ	هَلْ كُنْتُ	اِلَّا	بَشَرًا	رَسُوْلًا	وَمَا	مَنَعَ	النَّاسَ	اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا
آپ کہدیں	پاک ہے	میرا رب	نہیں ہوں میں	مگر صرف	ایک بشر	رسول	اور نہیں	روکا	لوگ (جمع)	کہ وہ ایمان لائیں

آپ کہہ دیں پاک ہے میرا رب، میں صرف ایک بشر ہوں (اللہ کا) رسول - اور لوگوں کو (کسی بات نے) نہیں روکا کہ وہ ایمان لائیں

اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۴﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ

اِذْ	جَآءَهُمُ	الْهُدٰٓى	اِلَّآ	اَنْ	قَالُوْٓا	اَبَعَثَ	اللّٰهُ	بَشَرًا	رَسُوْلًا	قُلْ	لَّوْ كَانَ
جب	انکے پاس آگئی	ہدایت	مگر	یہ کہ	انہوں نے کہا	کیا بھیجا	اللہ	ایک بشر	رسول	کہدیں	اگر ہوتے

جب ان کے پاس ہدایت آگئی، مگر یہ کہ انہوں نے کہا کیا اللہ نے ایک بشر کو رسول (بنا کر) بھیجا ہے؟ آپ کہدیں، اگر ہوتے

فِى الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿۹۵﴾

فِى الْاَرْضِ	مَلٰٓئِكَةٌ	يَمْشُوْنَ	مُطْمَئِنِّيْنَ	لَنَزَّلْنَا	عَلَيْهِمْ	مِنَ السَّمَآءِ	مَلَكًا	رَسُوْلًا
زمین میں	فرشتے	چلتے پھرتے	اطمینان سے رہتے	ہم ضرور اتارتے	ان پر	آسمان سے	فرشتہ	رسول

زمین میں فرشتے، چلتے پھرتے، اطمینان سے رہتے، تو ہم ضرور ان پر آسمانوں سے فرشتے رسول (بنا کر) اتارتے۔

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِىْ وَبَيْنَكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۹۶﴾

قُلْ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًا	بَيْنِىْ	وَبَيْنَكُمْ	اِنَّهٗ	كَانَ	بِعِبَادِهٖ	خَبِيْرًا	بَصِيْرًا
کہہ دیں	کافی ہے	اللہ کی	گواہ	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	بیشک وہ	ہے	اپنے بندوں کا	خبر رکھنے والا	دیکھنے والا

آپ کہہ دیں میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی گواہی کافی ہے، بیشک وہ اپنے بندوں کا خبر رکھنے والا، دیکھنے والا ہے۔

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ

وَمَنْ	يَهْدِ	اللّٰهُ	فَهُوَ	الْمُهْتَدِ	وَمَنْ	يُضْلِلْ	فَلَنْ تَجِدَ	لَهُمْ	اَوْلِيَآءَ	مِنْ دُوْنِهٖ
اور جسے	ہدایت دے	اللہ	پس وہی	ہدایت پانے والا	اور جسے	گمراہ کرے	پس تو ہرگز نہ پائے گا	انکے لئے	مددگار	اس کے سوا

اور جسے اللہ ہدایت دے پس وہی ہدایت پانے والا ہے، اور جسے وہ گمراہ کرے پس تو ان کے لئے اس کے سوا ہرگز کوئی مددگار نہ پائے گا،

وَ نَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّ بُكْمًا وَّ صُمًّا ؕ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ

وَ نَحْشُرُهُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	عَلٰى	وُجُوْهِهِمْ	عُمْيًا	وَّ بُكْمًا	وَّ صُمًّا	مَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ
اور ہم اٹھائیں گے انہیں	قیامت کے دن	پر ۔ بل	ان کے چہرے	اندھے	اور گونگے	اور بہرے	ان کا ٹھکانا	جہنم

اور ہم قیامت کے دن انہیں ان کے چہروں کے بل اندھے اور گونگے اور بہرے اٹھائیں گے ، ان کا ٹھکانا جہنم ہے ۔

كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ۝۹۷ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ قَالُوْٓا

كُلَّمَا	خَبَتْ	زِدْنٰهُمْ	سَعِيْرًا	ذٰلِكَ	جَزَآؤُهُمْ	بِاَنَّهُمْ	كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَ قَالُوْٓا
جب کبھی	بجھنے لگے گی	ہم انکے لئے زیادہ کردیں گے	بھڑکانا	یہ	انکی سزا	کیونکہ وہ	انہوں نے انکار کیا	ہماری آیتوں کا	اور انہوں نے کہا

جب کبھی جہنم کی آگ بجھنے لگے گی ہم انکے لئے اور بھڑکا دیں گے ۔ یہ ان کی سزا ہے کیونکہ انہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور انہوں نے کہا

ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّ رُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ۝۹۸ اَوَ لَمْ يَرَوْا اَنَّ

ءَاِذَا	كُنَّا	عِظَامًا	وَّ رُفَاتًا	ءَاِنَّا	لَمَبْعُوْثُوْنَ	خَلْقًا	جَدِيْدًا	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	اَنَّ
کیا جب	ہوجائیں گے ہم	ہڈیاں	اور ریزہ ریزہ	کیا ہم	ضرور اٹھائے جائیں گے	پیدا کرکے	از سرِ نو	کیا	انہوں نے نہیں دیکھا	کہ

کیا جب ہم ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہوجائیں گے ، کیا ہم از سرِ نو پیدا کرکے ضرور اٹھائے جائیں گے ؟ کیا انہوں نے نہیں دیکھا ؟ کہ

اللّٰهَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰۤى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَ جَعَلَ لَهُمْ

اللّٰهَ	الَّذِیْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ الْاَرْضَ	قَادِرٌ	عَلٰى	اَنْ يَّخْلُقَ	مِثْلَهُمْ	وَ جَعَلَ	لَهُمْ
اللہ	جس نے	پیدا کیا	آسمان (جمع)	اور زمین	قادر	پر	کہ وہ پیدا کرے	اُن جیسے	اس نے مقرر کیا	ان کے لئے

اللہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اس پر قادر ہے کہ ان جیسے پیدا کرے ، اور اس نے ان کے لئے مقرر کیا

اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ۝۹۹ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ

اَجَلًا	لَا رَيْبَ	فِيْهِ	فَاَبَى	الظّٰلِمُوْنَ	اِلَّا كُفُوْرًا	قُلْ	لَوْ	اَنْتُمْ	تَمْلِكُوْنَ
ایک وقت	نہیں شک	اس میں	تو قبول نہ کیا	ظالم (جمع)	ناشکری کے سوا	آپ کہدیں	اگر	تم	مالک ہوتے

ایک وقت ، اس میں کوئی شک نہیں ، ظالموں نے ناشکری کے سوا قبول نہ کیا ۔ آپ کہہ دیں اگر تم مالک ہوتے

خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّیْۤ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ؕ وَ كَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ۝۱۰۰ ع

خَزَآئِنَ	رَحْمَةِ	رَبِّیْ	اِذًا	لَّاَمْسَكْتُمْ	خَشْيَةَ	الْاِنْفَاقِ	وَ كَانَ	الْاِنْسَانُ	قَتُوْرًا
خزانے	رحمت	میرا رب	جب	تم ضرور بند رکھتے	ڈر سے	خرچ ہو جانا	اور ہے	انسان	تنگ دل

میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے ، تو تم خرچ ہو جانے کے ڈر سے ضرور بند رکھتے ، اور انسان بہت تنگ دل ہے ۔

ع ۷ ۱۱ ۱۱

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ جَآءَهُمْ

وَ	لَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسٰى	تِسْعَ	اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ	فَسْـَٔلْ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اِذْ	جَآءَهُمْ
اور	البتہ ہم نے دیں	موسیٰؑ	نو ۹	کھلی نشانیاں	پس پوچھ تو	بنی اسرائیل	جب	ان کے پاس آیا

اور، ہم نے موسیٰؑ کو نو ۹ کھلی نشانیاں دیں، پس بنی اسرائیل سے پوچھ، جب وہ (موسیٰؑ) ان کے پاس آئے

فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ﴿۱۰۱﴾ قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ

فَقَالَ	لَهٗ	فِرْعَوْنُ	اِنِّيْ	لَاَظُنُّكَ	يٰمُوْسٰى	مَسْحُوْرًا	قَالَ	لَقَدْ عَلِمْتَ
تو کہا	اس کو	فرعون	بیشک میں	تجھ پر گمان کرتا ہوں	اے موسیٰ	جادو کیا گیا	اس نے کہا	البتہ تو نے جان لیا

تو فرعون نے اس کو کہا بیشک میں گمان کرتا ہوں تم پر جادو کیا گیا ہے (سحر زدہ ہو)۔ اس نے کہا، البتہ تو جان چکا ہے

مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ

مَآ اَنْزَلَ	هٰٓؤُلَآءِ	اِلَّا	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	بَصَآئِرَ	وَاِنِّيْ	لَاَظُنُّكَ	يٰفِرْعَوْنُ
نہیں نازل کیا	اس کو	مگر	پروردگار	آسمانوں	اور زمین	جمع بصیرت	اور بیشک میں	تجھ پر گمان کرتا ہوں	اے فرعون

اس کو نازل نہیں کیا، مگر زمین اور آسمانوں کے پروردگار نے بصیرت (سمجھ بوجھ کی باتیں) اور اے فرعون! بیشک میں تجھے گمان کرتا ہوں

مَثْبُوْرًا ﴿۱۰۲﴾ فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا ﴿۱۰۳﴾ وَّقُلْنَا

مَثْبُوْرًا	فَاَرَادَ	اَنْ	يَّسْتَفِزَّهُمْ	مِّنَ	الْاَرْضِ	فَاَغْرَقْنٰهُ	وَمَنْ	مَّعَهٗ	جَمِيْعًا	وَّقُلْنَا
ہلاک شدہ	پس اس نے ارادہ کیا	کہ	انہیں نکال دے	سے	زمین	تو ہم نے اسے غرق کر دیا	اور جو	اسکے ساتھ	سب	اور ہم نے کہا

ہلاک شدہ (ہلاک ہوا چاہتا ہے)۔ پس اس نے ارادہ کیا کہ انہیں سرزمین (مصر) سے نکال دے تو ہم نے اسے اور جو اس کے ساتھ تھے سب کو غرق کر دیا۔ اور ہم نے کہا

مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ

مِنْۢ بَعْدِهٖ	لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اسْكُنُوا	الْاَرْضَ	فَاِذَا	جَآءَ	وَعْدُ الْاٰخِرَةِ	جِئْنَا	بِكُمْ
اس کے بعد	بنی اسرائیل کو	تم رہو	زمین (ملک)	پھر جب	آئے گا	آخرت کا وعدہ	ہم لے آئینگے	تم کو

اس کے بعد بنی اسرائیل کو تم اس ملک میں رہو، پھر جب آخرت کا وعدہ آئے گا ہم تم سب کو لے آئیں گے

لَفِيْفًا ﴿۱۰۴﴾ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾

وقف لازم

لَفِيْفًا	وَبِالْحَقِّ	اَنْزَلْنٰهُ	وَبِالْحَقِّ	نَزَلَ	وَمَا	اَرْسَلْنٰكَ	اِلَّا	مُبَشِّرًا	وَّنَذِيْرًا
جمع کر کے	اور حق کے ساتھ	ہم نے اسے نازل کیا	اور سچائی کے ساتھ	نازل ہوا	اور نہیں	ہم نے آپ کو بھیجا	مگر	خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا

جمع کر کے (سمیٹ کر) اور ہم نے اسے (قرآن کو) حق کے ساتھ نازل کیا اور وہ سچائی کے ساتھ نازل ہوا، اور ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا۔

وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿۱۰۶﴾ قُلْ

وَقُرْاٰنًا	فَرَقْنٰهُ	لِتَقْرَاَهٗ	عَلَى	النَّاسِ	عَلٰى مُكْثٍ	وَّنَزَّلْنٰهُ	تَنْزِيْلًا	قُلْ
اور قرآن	ہم نے جُدا جُدا کیا	تاکہ تم اسے پڑھو	پر	لوگ	ٹھہر ٹھہر کر	اور ہم نے اسے نازل کیا	آہستہ آہستہ	آپؐ کہدیں

اور قرآن ہم نے جُدا جُدا کر کے (تھوڑا تھوڑا) نازل کیا تاکہ تم لوگوں پر ٹھہر ٹھہر کر پڑھو اور ہم نے اُسے آہستہ آہستہ (بتدریج) نازل کیا۔ آپؐ کہدیں

اٰمِنُوْا بِهٖۤ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖۤ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ

اٰمِنُوْا	بِهٖ	اَوْ	لَا تُؤْمِنُوْا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	مِنْ قَبْلِهٖ	اِذَا	يُتْلٰى	عَلَيْهِمْ
تم ایمان لاؤ	اس پر	یا	تم ایمان نہ لاؤ	بیشک	وہ لوگ جنہیں	علم دیا گیا	اس سے قبل	جب	وہ پڑھا جاتا ہے	ان کے سامنے

تم اس پر ایمان لاؤ یا نہ لاؤ، بیشک جنہیں اس سے قبل علم دیا گیا ہے، جب وہ ان کے سامنے پڑھا جاتا ہے تو

يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿۱۰۷﴾ وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا

يَخِرُّوْنَ	لِلْاَذْقَانِ	سُجَّدًا	وَ	يَقُوْلُوْنَ	سُبْحٰنَ	رَبِّنَا	اِنْ	كَانَ	وَعْدُ	رَبِّنَا
وہ گر پڑتے ہیں	ٹھوڑیوں کے بل	سجدہ کرتے ہوئے	اور	وہ کہتے ہیں	پاک ہے	ہمارا رب	بیشک	ہے	وعدہ	ہمارا رب

تو وہ سجدہ کرتے ہوئے ٹھوڑیوں کے بل گر پڑتے ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں ہمارا رب پاک ہے، بے شک ہمارے رب کا وعدہ

لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾ وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ۩ ﴿۱۰۹﴾ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ

السجدۃ

لَمَفْعُوْلًا	وَيَخِرُّوْنَ	لِلْاَذْقَانِ	يَبْكُوْنَ	وَيَزِيْدُهُمْ	خُشُوْعًا	قُلِ	ادْعُوا	اللّٰهَ
ضرور پورا ہو کر رہنے والا	اور وہ گر پڑتے ہیں	ٹھوڑیوں کے بل	روتے ہوئے	اور ان میں زیادہ کرتا ہے	عاجزی	آپ کہدیں	تم پکارو	اللہ

ضرور پورا ہو کر رہنے والا ہے۔ اور وہ روتے ہوئے ٹھوڑیوں کے بل گر پڑتے ہیں اور یہ (قرآن) ان میں عاجزی اور زیادہ کرتا ہے۔ آپؐ کہدیں تم پکارو اللہ (کہہ کر)

اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ

اَوِ	ادْعُوا	الرَّحْمٰنَ	اَيًّا مَّا	تَدْعُوْا	فَلَهُ	الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى	وَلَا تَجْهَرْ	بِصَلَاتِكَ
یا	تم پکارو	رحمٰن	جو کچھ بھی	تم پکاروگے	سو اسی کے لئے	سب سے اچھے نام	اور نہ بلند کرو تم	اپنی نماز میں

یا پکارو رحمٰن (کہہ کر)، جو کچھ بھی پکاروگے اُسی کے لئے ہیں سب سے اچھے نام، اور نہ اپنی نماز میں (آواز بہت) بلند کرو

وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

وَ	لَا تُخَافِتْ	بِهَا	وَابْتَغِ	بَيْنَ ذٰلِكَ	سَبِيْلًا	وَقُلِ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ
اور	نہ بالکل پست کرو تم	اس میں	اور ڈھونڈو	اس کے درمیان	راستہ	اور کہدیں	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے

اور نہ اس میں بالکل پست کرو (بلکہ) اس کے درمیان کا راستہ ڈھونڈو۔ اور آپؐ کہدیں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، وہ جس نے

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِى الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِىٌّ

لَمْ يَتَّخِذْ	وَلَدًا	وَ	لَمْ يَكُنْ	لَهٗ	شَرِيْكٌ	فِى الْمُلْكِ	وَلَمْ يَكُنْ	لَهٗ	وَلِىٌّ
نہیں بنائی	کوئی اولاد	اور	نہیں ہے	اس کے لئے	کوئی شریک	سلطنت میں	اور نہیں ہے	اس کا	کوئی مددگار

کوئی اولاد نہیں بنائی، اور سلطنت میں اس کا کوئی شریک نہیں، اور نہ اس کا کوئی مددگار ہے

۱۲ ع ۱۱ ۱۲

مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۱۱۱

مِنَ	الذُّلِّ	وَكَبِّرْهُ	تَكْبِيْرًا
سے، سبب	ناتوانی	اور اس کی بڑائی کرو	خوب بڑائی

ناتوانی کے سبب، اور خوب اس کی بڑائی (بیان) کرو۔

آیاتها ۱۱۰ — ۱۸ سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ ۶۹ — رکوعاتها ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۱ قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِىْٓ	اَنْزَلَ	عَلٰى عَبْدِهِ	الْكِتٰبَ	وَلَمْ يَجْعَلْ	لَهٗ	عِوَجًا	قَيِّمًا	لِيُنْذِرَ
تمام تعریفیں	اللہ کیلئے	وہ جس نے	نازل کی	اپنے بندہ پر	کتاب (قرآن)	اور نہ رکھی	اس میں	کوئی کجی	ٹھیک سیدھی	تاکہ ڈر سنائے

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے اپنے بندے (محمدؐ) پر (یہ) کتاب نازل کی، اور اس میں کوئی کجی نہ رکھی (بلکہ) ٹھیک سیدھی (اتاری) تاکہ ڈر سنائے

بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ

بَاْسًا	شَدِيْدًا	مِنْ لَّدُنْهُ	وَيُبَشِّرَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	الَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	الصّٰلِحٰتِ	اَنَّ لَهُمْ
عذاب	سخت	اس کی طرف سے	اور خوشخبری دے	مومنوں	وہ جو	عمل کرتے ہیں	اچھے	کہ ان کے لئے

اس کی طرف سے سخت عذاب سے، اور مومنوں کو خوشخبری دے، جو اچھے عمل کرتے ہیں کہ ان کے لئے

اَجْرًا حَسَنًا ۲ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۳ وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۴

اَجْرًا حَسَنًا	مَاكِثِيْنَ	فِيْهِ	اَبَدًا	وَيُنْذِرَ	الَّذِيْنَ قَالُوْا	اتَّخَذَ اللّٰهُ	وَلَدًا
اچھا اجر	وہ رہیں گے	اس میں	ہمیشہ	اور وہ ڈرائے	وہ جن لوگوں نے کہا	اللہ نے بنا لیا ہے	بیٹا

اچھا اجر ہے، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور وہ ان لوگوں کو ڈرائے جنہوں نے کہا اللہ نے بیٹا بنا لیا ہے۔

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآىِٕهِمْ ؕ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ

مَا	لَهُمْ	بِهٖ	مِنْ عِلْمٍ	وَّلَا	لِاٰبَآىِٕهِمْ	كَبُرَتْ	كَلِمَةً	تَخْرُجُ	مِنْ	اَفْوَاهِهِمْ
نہیں	ان کو اس کا		کوئی علم	اور نہ	ان کے باپ دادا کا	بڑی ہے	بات	نکلتی ہے	سے	ان کے منہ (جمع)

اس کا نہ انہیں کوئی علم ہے اور نہ ان کے باپ دادا کو تھا، بڑی ہے بات (جو) ان کے منہ سے نکلتی ہے

اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۝۵ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا

اِنْ	يَّقُوْلُوْنَ	اِلَّا	كَذِبًا	فَلَعَلَّكَ	بَاخِعٌ	نَّفْسَكَ	عَلٰى	اٰثَارِهِمْ	اِنْ	لَّمْ يُؤْمِنُوْا
نہیں	وہ کہتے ہیں	مگر	جھوٹ	توشاید آپ	ہلاک کرنیوالا	اپنی جان	پر	ان کے پیچھے	اگر	وہ ایمان نہ لائے

وہ نہیں کہتے مگر جھوٹ۔ تو شاید آپ ان کے پیچھے اپنی جان کو ہلاک کرنے والے ہیں، اگر وہ ایمان نہ لاتے

بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝۶ اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ

بِهٰذَا	الْحَدِيْثِ	اَسَفًا	اِنَّا	جَعَلْنَا	مَا	عَلَى الْاَرْضِ	زِيْنَةً	لَّهَا	لِنَبْلُوَهُمْ	اَيُّهُمْ
اس	بات	غم کے مارے	بیشک ہم	ہم نے بنایا	جو	زمین پر	زینت	اسکے لئے	تاکہ ہم انہیں آزمائیں	کون ان میں سے

اس بات پر، غم کے مارے۔ جو کچھ زمین میں ہے، بیشک ہم نے اسے اسکے لئے زینت بنایا ہے تاکہ ہم انہیں آزمائیں کہ ان میں کون ہے؟

اَحْسَنُ عَمَلًا ۝۷ وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا ۝۸ ؕ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ

اَحْسَنُ	عَمَلًا	وَاِنَّا	لَجٰعِلُوْنَ	مَا عَلَيْهَا	صَعِيْدًا	جُرُزًا	اَمْ حَسِبْتَ	اَنَّ
بہتر	عمل میں	اور بیشک ہم	البتہ کرنے والے	جو اس پر	صاف میدان	بنجر (چٹیل)	کیا تم نے گمان کیا:	کہ

عمل میں بہتر۔ اور جو کچھ اس (زمین) پر ہے بیشک ہم اسے (نابود کر کے) صاف چٹیل میدان کرنے والے ہیں۔ کیا تم نے گمان کیا؟ کہ

اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ ۙ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝۹ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ

اَصْحٰبَ الْكَهْفِ	وَ	الرَّقِيْمِ	كَانُوْا	مِنْ	اٰيٰتِنَا عَجَبًا	اِذْ	اَوَى	الْفِتْيَةُ	اِلَى	الْكَهْفِ
اصحاب کہف (غار والے)	اور	رقیم	وہ تھے	سے	ہماری نشانیاں عجیب	جب	پناہ لی	جوان (جمع)	طرف۔میں	غار

کہف (غار) اور رقیم والے ہماری نشانیوں میں سے عجیب تھے۔ جب اُن جوانوں نے غار میں پناہ لی

فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝۱۰ فَضَرَبْنَا

فَقَالُوْا	رَبَّنَا	اٰتِنَا	مِنْ لَّدُنْكَ	رَحْمَةً	وَّهَيِّئْ	لَنَا	مِنْ اَمْرِنَا	رَشَدًا	فَضَرَبْنَا
توانہوں نے کہا	اے ہمارے رب	ہمیں دے	اپنی طرف سے	رحمت	اور مہیا کر	ہمارے لئے	ہمارے کام میں	درستی	پس ہم نے مارا (پردہ ڈالا)

تو انہوں نے کہا، اے ہمارے رب! ہمیں اپنی طرف سے رحمت دے، اور ہمارے کام میں درستی مہیا کر، پس ہم نے پردہ ڈالا

عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ⑪ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَىُّ الْحِزْبَيْنِ

عَلٰى	اٰذَانِهِمْ	فِى الْكَهْفِ	سِنِيْنَ عَدَدًا	ثُمَّ	بَعَثْنٰهُمْ	لِنَعْلَمَ	اَىُّ	الْحِزْبَيْنِ
پر	ان کے کان (جمع)	غار میں	کئی سال	پھر	ہم نے انہیں اُٹھایا	تاکہ ہم دیکھیں	کون کس	دونوں گروہ

ان کے کانوں پر تھپکی دی (انہیں) غار میں کئی سال (سلایا) پھر ہم نے انہیں اٹھایا تاکہ ہم دیکھیں دونوں گروہوں میں سے کس نے

اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ⑫ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا

اَحْصٰى	لِمَا لَبِثُوْٓا	اَمَدًا	نَحْنُ	نَقُصُّ	عَلَيْكَ	نَبَاَهُمْ	بِالْحَقِّ	اِنَّهُمْ	فِتْيَةٌ	اٰمَنُوْا
خوب یاد رکھا	کتنی دیر رہے	مدت	ہم	بیان کرتے ہیں	تجھ سے	ان کا حال	ٹھیک ٹھیک	بیشک وہ	چند نوجوان	وہ ایمان لائے

خوب یاد رکھا ہے کہ وہ کتنی مدت (غار میں) رہے؟ ہم تجھ سے ٹھیک ٹھیک ان کا حال بیان کرتے ہیں، وہ چند نوجوان تھے، وہ ایمان لائے

بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًى ⑬ وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ

بِرَبِّهِمْ	وَزِدْنٰهُمْ - هُدًى	وَرَبَطْنَا	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	اِذْ	قَامُوْا	فَقَالُوْا	رَبُّنَا	رَبُّ
اپنے رب پر	اور ہم نے اور زیادہ دی انہیں - ہدایت	اور ہم نے گرہ لگا دی	پر	ان کے دل	جب	وہ کھڑے ہوئے	تو انہوں نے کہا	ہمارا رب	پروردگار

اپنے رب پر اور ہم نے انہیں ہدایت اور زیادہ دی - اور ہم نے انکے دلوں پر گرہ لگا دی (دل پختہ کر دیئے) جب وہ کھڑے ہوئے تو انہوں نے کہا ہمارا رب پروردگار ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَاۡ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ⑭ هٰٓؤُلَآءِ

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	لَنْ نَّدْعُوَاۡ	مِنْ دُوْنِهٖ	اِلٰهًا	لَقَدْ قُلْنَا	اِذًا	شَطَطًا	هٰٓؤُلَآءِ
آسمانوں	اور زمین	ہم ہرگز نہ پکاریں گے	اس کے سوائے	کوئی معبود	البتہ ہم نے کہی	اس وقت	بے جا بات	یہ ہے

آسمانوں کا اور زمین کا، ہم اس کے سوائے ہرگز کسی کو معبود نہ پکاریں گے (ورنہ) البتہ اس وقت ہم نے بے جا بات کہی۔ یہ ہے

قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ

قَوْمُنَا	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖ	اٰلِهَةً	لَوْ	لَا يَاْتُوْنَ	عَلَيْهِمْ	بِسُلْطٰنٍ	بَيِّنٍ	فَمَنْ
ہماری قوم	اُنہوں نے بنا لیئے	اس کے سوا	اور معبود	کیوں	وہ نہیں لاتے	ان پر	کوئی دلیل	واضح	پس کون

ہماری قوم' اس نے اس کے سوا اور معبود بنا لیئے، وہ ان پر کوئی واضح دلیل کیوں نہیں لاتے؟ پس کون ہے

اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ⑮ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ

اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى	اللّٰهِ	كَذِبًا	وَاِذِ	اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ	وَ	مَا يَعْبُدُوْنَ	اِلَّا اللّٰهَ
بڑا ظالم	اس سے جو	افترا کرے	پر	اللہ	جھوٹ	اور جب	تم نے ان سے کنارہ کر لیا	اور	جو وہ پوجتے ہیں	اللہ کے سوا

اس سے بڑا ظالم؟ جو اللہ پر جھوٹ افترا کرے۔ اور جب تم نے اُن سے اور جن کو وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں اُن سے کنارہ کر لیا ہے

فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ﴿١٦﴾

فَاْوٗٓا	اِلَى	الْكَهْفِ	يَنْشُرْ لَكُمْ	رَبُّكُمْ	مِّنْ	رَّحْمَتِهٖ	وَيُهَيِّئْ	لَكُمْ	مِّنْ	اَمْرِكُمْ	مِّرْفَقًا
تو پناہ لو	طرف میں	غار	پھیلا دے گا تمہیں	تمہارا رب	سے	اپنی رحمت	مہیا کرے گا	تمہارے لئے	سے	تمہارے کام	سہولت

تو غار میں پناہ لو، تمہارا رب تمہارے لئے اپنی رحمت پھیلا دے گا، اور تمہارے کام میں تمہارے لئے سہولت مہیا کرے گا۔

وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا غَرَبَتْ

وَتَرَى	الشَّمْسَ	اِذَا	طَلَعَتْ	تَّزٰوَرُ	عَنْ	كَهْفِهِمْ	ذَاتَ الْيَمِيْنِ	وَاِذَا	غَرَبَتْ
اور تم دیکھو گے	سورج (دھوپ)	جب	وہ نکلتی ہے	بچ کر جاتی ہے	سے	ان کا غار	دائیں طرف	اور جب	وہ ڈھل جاتی ہے

اور تم دیکھو گے جب دھوپ نکلتی ہے، وہ ان کی غار سے دائیں طرف بچ کر جاتی ہے، اور جب وہ ڈھلتی ہے

تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ مَنْ يَّهْدِ

تَّقْرِضُهُمْ	ذَاتَ الشِّمَالِ	وَهُمْ	فِيْ	فَجْوَةٍ	مِّنْهُ	ذٰلِكَ	مِنْ	اٰيٰتِ اللّٰهِ	مَنْ	يَّهْدِ
اُن سے کترا جاتی ہے	بائیں طرف	اور وہ	میں	کھلی جگہ	اس (غار) کی	یہ	سے	اللہ کی نشانیاں	جو۔جسے	ہدایت دے

تو اُن سے بائیں طرف کو کترا جاتی ہے، اور وہ غار کی کھلی جگہ میں ہیں، یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے، جسے ہدایت دے

اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿١٧﴾ ع وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا

اللّٰهُ	فَهُوَ الْمُهْتَدِ	وَمَنْ	يُّضْلِلْ	فَلَنْ تَجِدَ	لَهٗ	وَلِيًّا	مُّرْشِدًا	وَتَحْسَبُهُمْ	اَيْقَاظًا
اللہ	پس وہ ہدایت یافتہ	اور جو۔جس	وہ گمراہ کرے	پس تو ہرگز نہ پائے گا	اسکے لئے	کوئی رفیق	سیدھی راہ دکھانے والا	اور تو انہیں سمجھے	بیدار

اللہ سو وہی ہدایت یافتہ ہے اور جسے وہ گمراہ کرے تو اسکے لئے ہرگز کوئی رفیق، سیدھی راہ دکھانے والا نہ پاؤ گے۔ - اور تو انہیں بیدار سمجھے

وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ

وَّهُمْ	رُقُوْدٌ	وَّنُقَلِّبُهُمْ	ذَاتَ الْيَمِيْنِ	وَ	ذَاتَ الشِّمَالِ	وَكَلْبُهُمْ	بَاسِطٌ	ذِرَاعَيْهِ
حالانکہ وہ	سوئے ہوئے	اور ہم بدلواتے ہیں انہیں	دائیں طرف	اور	بائیں طرف	اور ان کا کُتّا	پھیلائے ہوئے	دونوں ہاتھ

حالانکہ وہ سوئے ہوئے ہیں اور ہم انہیں دائیں طرف اور بائیں طرف (کروٹ) بدلواتے ہیں، اور ان کا کُتّا دونوں ہاتھ (پنجے) پھیلائے ہوئے ہے

بِالْوَصِيْدِ ؕ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿١٨﴾

بِالْوَصِيْدِ	لَوِ اطَّلَعْتَ	عَلَيْهِمْ	لَوَلَّيْتَ	مِنْهُمْ	فِرَارًا	وَ لَمُلِئْتَ	مِنْهُمْ	رُعْبًا
دہلیز پر	اگر تو جھانکتا	ان پر	تو پیٹھ پھیرتا	ان سے	بھاگتا ہوا	اور تو بھر جاتا	ان سے	دہشت میں

دہلیز پر، اگر تو ان پر جھانکتا تو ان سے پیٹھ پھیر کر بھاگتا، اور ان سے دہشت میں بھر جاتا۔

وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ؕ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ؕ قَالُوْا لَبِثْنَا

وَكَذٰلِكَ	بَعَثْنٰهُمْ	لِيَتَسَآءَلُوْا	بَيْنَهُمْ	قَالَ	قَآئِلٌ	مِّنْهُمْ	كَمْ لَبِثْتُمْ	قَالُوْا	لَبِثْنَا
اور اسی طرح	ہم نے انہیں اٹھایا	تاکہ وہ ایکدوسرے سے سوال کریں	آپس میں	کہا	ایک کہنے والا	ان میں سے	تم کتنی دیر رہے	انہوں نے کہا	ہم رہے

اور ہم نے اسی طرح انہیں اٹھایا تاکہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے سوال کریں، ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا تم (یہاں) کتنی دیر رہے ؟ انہوں نے کہا ہم رہے

يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ؕ فَابْعَثُوْۤا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖۤ

يَوْمًا	اَوْ	بَعْضَ يَوْمٍ	قَالُوْا	رَبُّكُمْ	اَعْلَمُ	بِمَا لَبِثْتُمْ	فَابْعَثُوْۤا	اَحَدَكُمْ	بِوَرِقِكُمْ	هٰذِهٖۤ
ایک دن	یا	ایکدن کا کچھ حصہ	انہوں نے کہا	تمہارا رب	خوب جانتا ہے	جتنی مدت تم رہے	پس بھیجو تم	اپنے میں سے ایک	اپنا روپیہ دے کر	یہ

ایک دن یا ایک دن کا کچھ حصہ، انہوں نے کہا تمہارا رب خوب جانتا ہے تم کتنی مدّت رہے ہو؟ پس اپنے میں سے ایک کو اپنا یہ روپیہ دے کر بھیجو

اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَ

اِلَى	الْمَدِيْنَةِ	فَلْيَنْظُرْ	اَيُّهَا	اَزْكٰى	طَعَامًا	فَلْيَاْتِكُمْ	بِرِزْقٍ	مِّنْهُ	وَلْيَتَلَطَّفْ	وَ
طرف	شہر	پس وہ دیکھے	کونسا	پاکیزہ تر	کھانا	تو وہ تمہارے لئے لائے	کھانا	اس سے	اور نرمی کرے	اور

شہر کی طرف، پس وہ دیکھے کون سا کھانا پاکیزہ تر ہے، تو وہ اس سے تمہارے لئے لے آئے اور نرمی کرے اور

لَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ﴿۱۹﴾ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ

لَا يُشْعِرَنَّ	بِكُمْ	اَحَدًا	اِنَّهُمْ	اِنْ يَّظْهَرُوْا	عَلَيْكُمْ	يَرْجُمُوْكُمْ	اَوْ	يُعِيْدُوْكُمْ
اور وہ خبر نہ دے بیٹھے	تمہاری	کسی کو	بیشک وہ	اگر وہ خبر پالیں گے	تمہاری	تمہیں سنگسار کردیں گے	یا	تمہیں لوٹا لیں گے

کسی کو تمہاری خبر نہ دے بیٹھے۔ بیشک اگر وہ تمہاری خبر پالیں گے تو وہ تمہیں سنگسار کردیں گے یا تمہیں لوٹا لیں گے

فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْۤا اِذًا اَبَدًا ﴿۲۰﴾ وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْۤا اَنَّ

فِيْ	مِلَّتِهِمْ	وَ	لَنْ تُفْلِحُوْۤا	اِذًا	اَبَدًا	وَكَذٰلِكَ	اَعْثَرْنَا	عَلَيْهِمْ	لِيَعْلَمُوْۤا	اَنَّ
میں	اپنی ملّت	اور	تم ہرگز فلاح نہ پاؤگے	اس صورت میں	کبھی	اور اسی طرح	ہم نے خبردار کردیا	ان پر	تاکہ وہ جان لیں	کہ

اپنی ملّت میں، اور اس صورت میں تم ہرگز کبھی فلاح نہ پاؤ گے۔ اور اسی طرح ہم نے (لوگوں کو) ان پر خبردار کیا تاکہ وہ جان لیں کہ

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ

وَعْدَ اللّٰهِ	حَقٌّ	وَّاَنَّ	السَّاعَةَ	لَا رَيْبَ	فِيْهَا	اِذْ	يَتَنَازَعُوْنَ	بَيْنَهُمْ	اَمْرَهُمْ
اللہ کا وعدہ	سچا	اور یہ کہ	قیامت	کوئی شک نہیں	اس میں	جب	وہ جھگڑتے تھے	آپس میں	ان کا معاملہ

اللہ کا وعدہ سچا ہے، اور یہ کہ قیامت میں کوئی شک نہیں، (یاد کرو) جب وہ ان کے معاملے میں آپس میں جھگڑتے تھے،

فَقَالُوا ابْنُوا عَلَيْهِم بُنْيَانًا ۖ رَّبُّهُمْ أَعْلَمُ بِهِمْ ۚ قَالَ الَّذِينَ غَلَبُوا عَلَىٰ أَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ

فَقَالُوا	ابْنُوا	عَلَيْهِم	بُنْيَانًا	رَّبُّهُمْ	أَعْلَمُ بِهِمْ	قَالَ	الَّذِينَ	غَلَبُوا	عَلَىٰ	أَمْرِهِمْ	لَنَتَّخِذَنَّ
تو انہوں نے کہا	بناؤ	ان پر	ایک عمارت	ان کا رب	خوب جانتا ہے انہیں	کہا	وہ لوگ جو غالب تھے		پر	اپنے کام	ہم ضرور بنائیں گے

تو انہوں نے کہا ان پر ایک عمارت بناؤ، ان کا رب انہیں خوب جانتا ہے۔ جو لوگ اپنے کام پر غالب تھے انہوں نے کہا ہم ضرور بنائیں گے

عَلَيْهِم مَّسْجِدًا ﴿٢١﴾ سَيَقُولُونَ ثَلَاثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ وَيَقُولُونَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ

عَلَيْهِم	مَّسْجِدًا	سَيَقُولُونَ	ثَلَاثَةٌ	رَّابِعُهُمْ	كَلْبُهُمْ	وَيَقُولُونَ	خَمْسَةٌ	سَادِسُهُمْ
ان پر	ایک مسجد	اب وہ کہیں گے	تین	ان کا چوتھا	ان کا کتا	اور وہ کہیں گے	پانچ	ان کا چھٹا

ان پر ایک مسجد (عبادت گاہ)۔ اب کچھ کہیں گے وہ تین ہیں چوتھا ان کا کتا ہے، اور کچھ کہیں گے وہ پانچ ہیں اور ان کا چھٹا

كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۖ وَيَقُولُونَ سَبْعَةٌ وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ

كَلْبُهُمْ	رَجْمًا	بِالْغَيْبِ	وَيَقُولُونَ	سَبْعَةٌ	وَثَامِنُهُمْ	كَلْبُهُمْ	قُل	رَّبِّي	أَعْلَمُ
ان کا کتا	بات پھینکنا	بن دیکھے	اور کہیں گے وہ	سات	اور ان کا آٹھواں	ان کا کتا	کہہ دیں آپ	میرا رب	خوب جانتا ہے

ان کا کتا، بن دیکھے بات پھینکتے ہیں (اٹکل کے تکے چلا رہے ہیں)، کچھ کہیں گے وہ سات ہیں اور آٹھواں ان کا کتا ہے، آپ کہہ دیں میرا رب خوب جانتا ہے

بِعِدَّتِهِم مَّا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ ۗ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَاءً ظَاهِرًا وَلَا تَسْتَفْتِ

بِعِدَّتِهِم	مَّا يَعْلَمُهُمْ	إِلَّا	قَلِيلٌ	فَلَا تُمَارِ	فِيهِمْ	إِلَّا	مِرَاءً	ظَاهِرًا	وَ	لَا تَسْتَفْتِ
ان کی گنتی (تعداد)	انہیں نہیں جانتے ہیں	مگر صرف	تھوڑے	پس نہ جھگڑو	ان میں	سوائے	بحث	ظاہری (سرسری)	اور	نہ پوچھ

ان کی تعداد، انہیں صرف تھوڑے جانتے ہیں، پس سرسری بحث کے سوا ان کے (بارے میں) نہ جھگڑو اور نہ پوچھو

فِيهِم مِّنْهُمْ أَحَدًا ﴿٢٢﴾ وَلَا تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ إِنِّي فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا ﴿٢٣﴾ إِلَّا أَن

فِيهِم	مِّنْهُمْ	أَحَدًا	وَ	لَا تَقُولَنَّ	لِشَيْءٍ	إِنِّي	فَاعِلٌ	ذَٰلِكَ	غَدًا	إِلَّا	أَن
انکے (بارہ) میں	ان میں سے	کسی	اور ہر گز نہ کہنا تم		کسی کام کو	کہ میں	کرنیوالا ہوں	یہ	کل	مگر	یہ کہ

ان کے بارہ میں ان میں سے کسی سے۔ اور ہر گز کسی کام کو نہ کہنا کہ میں کل کرنے والا ہوں (کل کر دوں گا)، مگر "یہ کہ

يَشَاءَ اللَّهُ ۚ وَاذْكُر رَّبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ عَسَىٰ أَن يَهْدِيَنِ رَبِّي

يَشَاءَ	اللَّهُ	وَاذْكُر	رَّبَّكَ	إِذَا	نَسِيتَ	وَقُلْ	عَسَىٰ	أَن	يَهْدِيَنِ	رَبِّي
چاہے	اللہ	اور تو یاد کر	اپنا رب	جب	تو بھول جائے	اور کہہ	امید ہے	کہ مجھے ہدایت دے		میرا رب

اللہ چاہے (ان شاء اللہ)، اور جب تو بھول جائے تو اپنے رب کو یاد کر اور کہو امید ہے کہ میرا رب مجھے ہدایت دے

۳ ع ۵ ۱۵

لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿۲۴﴾ وَلَبِثُوْا فِىْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَ

لِاَقْرَبَ	مِنْ هٰذَا	رَشَدًا	وَلَبِثُوْا	فِىْ	كَهْفِهِمْ	ثَلٰثَ مِائَةٍ	سِنِيْنَ	وَ
بہت زیادہ قریب کی	اس سے	بھلائی	اور وہ رہے	میں	اپنا غار	تین سَو	سال	اور

اس سے بہت زیادہ قریب کی بھلائی کی - اور وہ اس غار میں تین سو سال رہے، اور

اِزْدَادُوْا تِسْعًا ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

اِزْدَادُوْا	تِسْعًا	قُلِ	اللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا لَبِثُوْا	لَهٗ	غَيْبُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
اور ان کے اوپر	نَو	آپ کہہ دیں	اللہ	خوب جانتا ہے	کتنی مدت وہ ٹھہرے	اسی کو	غیب	آسمانوں	اور زمین

اور ان کے اوپر نَو (۳۰۹ سال)، آپ کہہ دیں اللہ خوب جانتا ہے وہ کتنی مدت ٹھہرے، اسی کو ہے آسمانوں اور زمین کا غیب،

اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ ۡ وَّلَا يُشْرِكُ فِىْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾

اَبْصِرْ بِهٖ	وَاَسْمِعْ	مَا لَهُمْ	مِنْ دُوْنِهٖ	مِنْ وَّلِيٍّ	وَّلَا يُشْرِكُ	فِىْ حُكْمِهٖ	اَحَدًا
کیا وہ دیکھتا ہے	اور کیا وہ سنتا ہے	انکے لئے نہیں	اس کے سوا	کوئی مددگار	اور وہ شریک نہیں کرتا	اپنے حکم میں	کسی کو

کیا (خوب) وہ دیکھتا ہے اور کیا (خوب) وہ سنتا ہے! ان کے لئے اس کے سوا کوئی مددگار نہیں، وہ اپنے حکم میں کسی کو شریک نہیں کرتا -

وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۚ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ڗ وَلَنْ تَجِدَ

وَاتْلُ	مَآ اُوْحِيَ	اِلَيْكَ	مِنْ	كِتَابِ	رَبِّكَ	لَا مُبَدِّلَ	لِكَلِمٰتِهٖ	وَ	لَنْ تَجِدَ
اور آپ پڑھیں	جو وحی کی گئی	آپ کی طرف	سے	کتاب	آپ کا رب	نہیں کوئی بدلنے والا	اس کی باتوں کو	اور	تم ہرگز نہ پاؤ گے

اور آپ پڑھیں جو آپ کی طرف آپ کے رب کی کتاب وحی کی گئی ہے، اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں، اور تم ہرگز نہ پاؤ گے

مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ

مِنْ دُوْنِهٖ	مُلْتَحَدًا	وَاصْبِرْ	نَفْسَكَ	مَعَ	الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ	رَبَّهُمْ	بِالْغَدٰوةِ
اس کے سوا	کوئی پناہ گاہ	اور روکے رکھو	اپنا نفس (اپنا آپ)	ساتھ	وہ لوگ جو پکارتے ہیں	اپنا رب	صبح

اس کے سوا کوئی پناہ گاہ - اور اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ روکے (لگائے) رکھو جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صبح

وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

وَالْعَشِيِّ	يُرِيْدُوْنَ	وَجْهَهٗ	وَلَا تَعْدُ	عَيْنٰكَ	عَنْهُمْ	تُرِيْدُ	زِيْنَةَ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا
اور شام	وہ چاہتے ہیں	اس کا چہرہ (رضا)	نہ دوڑیں (نہ پھریں)	تمہاری آنکھیں	ان سے	تم طلبگار ہو جاؤ	آرائش	زندگی	دنیا

اور شام، وہ اس کی رضا چاہتے ہیں، اور تمہاری آنکھیں ان سے نہ پھریں کہ تم دنیا کی زندگی کی آرائش کے طلبگار ہو جاؤ،

وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾

وَ لَا تُطِعْ	مَنْ	اَغْفَلْنَا	قَلْبَهٗ	عَنْ	ذِكْرِنَا	وَاتَّبَعَ	هَوٰىهُ	وَكَانَ	اَمْرُهٗ	فُرُطًا
اور کہا نہ مانو	جو۔جس	ہم نے غافل کر دیا	اس کا دل	سے	اپنا ذکر	اور پیچھے پڑ گیا	اپنی خواہش	اور ہے	اس کا کام	حد سے بڑھا ہوا

اور اس کا کہا نہ مانو جس کا دل، ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر دیا، اور وہ اپنی خواہش کے پیچھے پڑ گیا' اور اس کا کام حد سے بڑھا ہوا ہے۔

وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ قف فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ لا اِنَّآ اَعْتَدْنَا

وَقُلِ	الْحَقُّ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَمَنْ	شَآءَ	فَلْيُؤْمِنْ	وَمَنْ	شَآءَ	فَلْيَكْفُرْ	اِنَّآ	اَعْتَدْنَا
اور کہدیں	حق	سے	تمہارا رب	بس جو	چاہے	سو ایمان لائے	اور جو	چاہے	سو کفر کرے (نہ مانے)	بیشک ہم	ہم نے تیار کیا

اور آپ کہہ دیں حق تمہارے رب کی طرف سے ہے' بس جو چاہے سو ایمان لائے اور جو چاہے سو نہ مانے، ہم نے بیشک تیار کی ہے

لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا لا اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ط وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ

لِلظّٰلِمِيْنَ	نَارًا	اَحَاطَ	بِهِمْ	سُرَادِقُهَا	وَاِنْ	يَسْتَغِيْثُوْا	يُغَاثُوْا	بِمَآءٍ	كَالْمُهْلِ
ظالموں کے لئے	آگ	گھیر لیں گی	انہیں	اس کی قناتیں	اور اگر	وہ فریاد کریں گے	وہ داد رسی کئے جائینگے	پانی سے	پگھلے ہوئے تانبے کی مانند

ظالموں کے لئے آگ' اس کی قناتیں انہیں گھیر لیں گی' اور اگر وہ فریاد کریں گے تو پگھلے ہوئے تانبے کے مانند (کھولتے) پانی سے داد رسی کئے جائیں گے

يَشْوِي الْوُجُوْهَ ط بِئْسَ الشَّرَابُ ط وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

يَشْوِي	الْوُجُوْهَ	بِئْسَ الشَّرَابُ	وَسَآءَتْ	مُرْتَفَقًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا
وہ بھون ڈالے گا	منہ (جمع)	برا ہے پینا (مشروب)	اور بری ہے	آرام گاہ	بیشک	جو لوگ ایمان	لائے	اور انہوں نے عمل کئے

وہ (اُن کے) منہ بھون ڈالے گا، برا ہے اُن کا مشروب اور بری ہے (ان کی) آرام گاہ (جہنم)۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے

الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿۳۰﴾ ج اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ

الصّٰلِحٰتِ	اِنَّا	لَا نُضِيْعُ	اَجْرَ	مَنْ	اَحْسَنَ	عَمَلًا	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	جَنّٰتُ	عَدْنٍ	تَجْرِيْ
نیک	یقیناً ہم	ہم ضائع نہیں کریں گے	اجر	جو۔جس	اچھا کیا	عمل	یہی لوگ	انکے لئے	باغات	ہمیشگی	بہتی ہیں

نیک، یقیناً ہم اس کا اجر ضائع نہیں کریں گے جس نے اچھا عمل کیا۔ یہی لوگ ہیں ان کے لئے ہمیشگی کے باغات ہیں، بہتی ہیں

مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا

مِنْ تَحْتِهِمُ	الْاَنْهٰرُ	يُحَلَّوْنَ	فِيْهَا	مِنْ	اَسَاوِرَ	مِنْ	ذَهَبٍ	وَيَلْبَسُوْنَ	ثِيَابًا
ان کے نیچے	نہریں	پہنائے جائیں گے	اس میں	سے	کنگن	سے	سونا	اور وہ پہنیں گے	کپڑے

ان کے نیچے نہریں، اس میں انہیں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے، اور وہ کپڑے پہنیں گے

خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآىِٕكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ

خُضْرًا	مِنْ	سُنْدُسٍ	وَّاِسْتَبْرَقٍ	مُّتَّكِـِٕيْنَ	فِيْهَا	عَلَى الْاَرَآىِٕكِ	نِعْمَ	الثَّوَابُ
سبز رنگ	سے۔کے	باریک ریشم	اور دبیز ریشم	تکیہ لگائے ہوئے	اس میں	تختوں (مسہریوں) پر	اچھا	بدلہ

سبز باریک ریشم کے اور دبیز ریشم کے، اس میں مسہریوں پر تکیہ لگائے ہوئے ہوں گے، اچھا ہے بدلہ

۴ ع ۹ ۱۶

وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ۝۳۱ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ

وَحَسُنَتْ	مُرْتَفَقًا	وَاضْرِبْ	لَهُمْ	مَّثَلًا	رَّجُلَيْنِ	جَعَلْنَا	لِاَحَدِهِمَا	جَنَّتَيْنِ
اور خوب ہے	آرام گاہ	اور بیان کریں آپؐ	ان کے لئے	مثال (حال)	دو آدمی	ہم نے بنائے	ان میں ایک کے لئے	دو باغ

اور خوب ہے آرام گاہ۔ اور آپؐ ان کے لئے دو آدمیوں کا حال بیان کریں، ہم نے ان میں سے ایک کے لئے دو باغ بنائے

مِنْ اَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ؕ ۝۳۲ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ

مِنْ	اَعْنَابٍ	وَّحَفَفْنٰهُمَا	بِنَخْلٍ	وَّجَعَلْنَا	بَيْنَهُمَا	زَرْعًا	كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ
سے۔کے	انگور (جمع)	اور ہم نے انہیں گھیر لیا	کھجوروں کے درخت	اور بنادی (رکھی)	ان کے درمیان	کھیتی	دونوں باغ

انگوروں کے، اور ہم نے انہیں کھجوروں کے درختوں (کی باڑ) سے گھیر لیا، اور ان کے درمیان کھیتی رکھی۔ دونوں باغ

اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ۝۳۳ ۙ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ

اٰتَتْ	اُكُلَهَا	وَلَمْ تَظْلِمْ	مِّنْهُ	شَيْـًٔا	وَّفَجَّرْنَا	خِلٰلَهُمَا	نَهَرًا	وَّكَانَ	لَهٗ	ثَمَرٌ
لائے	اپنے پھل	اور کم نہ کرتے تھے	اس سے	کچھ	اور ہم نے جاری کردی	دونوں کے درمیان	ایک نہر	اور تھا	اسکے لئے	پھل

اپنے پھل لائے، اور اس (پیداوار) میں کچھ کمی نہ کرتے تھے، اور ہم نے ان دونوں کے درمیان میں ایک نہر جاری کردی۔ اور اس کے لئے (بہت) پھل تھا

فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ۝۳۴ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ

فَقَالَ	لِصَاحِبِهٖ	وَهُوَ	يُحَاوِرُهٗ	اَنَا	اَكْثَرُ	مِنْكَ	مَالًا	وَّاَعَزُّ	نَفَرًا	وَدَخَلَ	جَنَّتَهٗ
تو وہ بولا	اپنے ساتھی سے	اور وہ	اس سے باتیں کرتے ہوئے	میں	زیادہ تر	تجھ سے	مال میں	اور زیادہ باعزت	آدمیوں کے لحاظ سے	اور وہ داخل ہوا	اپنا باغ

تو وہ اپنے ساتھی سے بولا، میں مال میں تجھ سے زیادہ تر ہوں، اور آدمیوں (جتھے) کے لحاظ سے زیادہ باعزت ہوں۔ اور وہ اپنے باغ میں داخل ہوا

وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَاۤ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖۤ اَبَدًا ۝۳۵ ۙ وَّمَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ

وَهُوَ	ظَالِمٌ	لِّنَفْسِهٖ	قَالَ	مَاۤ اَظُنُّ	اَنْ	تَبِيْدَ	هٰذِهٖ	اَبَدًا	وَ	مَاۤ اَظُنُّ	السَّاعَةَ
اور وہ	ظلم کررہا تھا	اپنی جان پر	وہ بولا	میں گمان نہیں کرتا	کہ	برباد ہوگا	یہ	کبھی	اور	میں گمان نہیں کرتا	قیامت

(اس حال میں کہ) وہ اپنی جان پر ظلم کررہا تھا، وہ بولا میں گمان نہیں کرتا کہ یہ کبھی برباد ہوگا۔ اور میں گمان نہیں کرتا کہ قیامت

قَآئِمَةً وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّىْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ

قَآئِمَةً	وَلَئِنْ	رُّدِدْتُّ	اِلٰى	رَبِّىْ	لَاَجِدَنَّ	خَيْرًا	مِّنْهَا	مُنْقَلَبًا	قَالَ	لَهٗ	صَاحِبُهٗ
قائم (برپا)	اور اگر	میں لوٹایا گیا	طرف	اپنا رب	میں ضرور پاؤں گا	بہتر	اس سے	لوٹنے کی جگہ	کہا	اس سے	اس کا ساتھی

برپا ہونے والی ہے، اور اگر میں اپنے رب کی طرف لوٹایا گیا تو میں ضرور اس سے بہتر لوٹنے کی جگہ پاؤں گا - اس کے ساتھی نے اس سے کہا

وَهُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَكَفَرْتَ بِالَّذِىْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ

وَهُوَ	يُحَاوِرُهٗ	اَكَفَرْتَ	بِالَّذِىْ	خَلَقَكَ	مِنْ	تُرَابٍ	ثُمَّ	مِنْ نُّطْفَةٍ	ثُمَّ	سَوّٰىكَ
اور وہ	اس سے باتیں کر رہا تھا	کیا تو کفر کرتا ہے	اس کے ساتھ جس نے	تجھے پیدا کیا	مٹی سے		پھر	نطفہ سے	پھر	تجھے پورا بنایا

اور وہ اس سے باتیں کر رہا تھا، کیا تو اس کے ساتھ کفر کرتا ہے؟ جس نے تجھے مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفہ سے، پھر اس نے تجھے بنا یا

رَجُلًا ﴿۳۷﴾ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّىْ وَلَاۤ اُشْرِكُ بِرَبِّىْۤ اَحَدًا ﴿۳۸﴾ وَلَوْلَاۤ اِذْ دَخَلْتَ

رَجُلًا	لٰكِنَّا	هُوَ	اللّٰهُ	رَبِّىْ	وَلَاۤ اُشْرِكُ	بِرَبِّىْ	اَحَدًا	وَلَوْلَاۤ	اِذْ	دَخَلْتَ
مرد	لیکن میں	وہ	اللہ	میرا رب	اور میں شریک نہیں کرتا	اپنے رب کے ساتھ	کسی کو	اور کیوں نہ	جب	تو داخل ہوا

(پورا) مرد - لیکن میں (کہتا ہوں)، وہی اللہ میرا رب ہے، اور میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا - اور کیوں نہ جب تو داخل ہوا

جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا

جَنَّتَكَ	قُلْتَ	مَا شَآءَ اللّٰهُ	لَا قُوَّةَ	اِلَّا	بِاللّٰهِ	اِنْ تَرَنِ	اَنَا	اَقَلَّ	مِنْكَ	مَالًا
اپنا باغ	تو نے کہا	جو چاہے اللہ	نہیں قوت	مگر	اللہ کی	اگر تو مجھے دیکھتا ہے	مجھے	کم تر	اپنے سے	مال میں

(اپنے باغ میں، تو نے کہا "ماشاءاللہ" (جو اللہ چاہے وہی ہوتا ہے)، کوئی قوت نہیں مگر اللہ کی (دی ہوئی)، اگر تو مجھے اپنے سے کم تر دیکھتا ہے مال میں

وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾ فَعَسٰى رَبِّىْۤ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا

وَّ وَلَدًا	فَعَسٰى	رَبِّىْ	اَنْ	يُّؤْتِيَنِ	خَيْرًا	مِّنْ	جَنَّتِكَ	وَيُرْسِلَ	عَلَيْهَا	حُسْبَانًا
اور اولاد میں	تو قریب	میرا رب	کہ	مجھے دے	بہتر	سے	تیرا باغ	اور بھیجے	اس پر	آفت

اور اولاد میں، تو قریب ہے کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے بہتر دے اور اس (تیرے باغ) پر آفت بھیجے

مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ

مِّنَ	السَّمَآءِ	فَتُصْبِحَ	صَعِيْدًا	زَلَقًا	اَوْ	يُصْبِحَ	مَآؤُهَا	غَوْرًا	فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ
سے	آسمان	پھر وہ ہو کر رہ جائے	مٹی کا میدان	چٹیل	یا	ہو جائے	اس کا پانی	خشک	پھر تو ہرگز نہ کر سکے

آسمان سے، پھر وہ مٹی کا چٹیل میدان ہو کر رہ جائے یا اس کا پانی خشک ہو جائے، اور تو ہرگز نہ کر سکے

لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا

لَهٗ	طَلَبًا	وَاُحِيْطَ	بِثَمَرِهٖ	فَاَصْبَحَ	يُقَلِّبُ	كَفَّيْهِ	عَلٰى	مَآ اَنْفَقَ	فِيْهَا
اس کو	طلب (تلاش)	اور گھیر لیا گیا	اس کے پھل	پس وہ رہ گیا	وہ ملنے لگا	اپنے ہاتھ	پر	جو اس نے خرچ کیا	اس میں

اس کو تلاش۔ اور اس کے پھل (عذاب میں) گھیر لئے گئے اور اس میں جو اس نے خرچ کیا تھا، وہ اس پر اپنے ہاتھ ملتا رہ گیا

وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۴۲﴾

وَهِيَ	خَاوِيَةٌ	عَلٰى	عُرُوْشِهَا	وَيَقُوْلُ	يٰلَيْتَنِيْ	لَمْ اُشْرِكْ	بِرَبِّيْ	اَحَدًا
اور وہ	گرا ہوا	پر	اپنی چھتریاں	اور وہ کہنے لگا	اے کاش	میں شریک نہ کرتا	اپنے رب کے ساتھ	کسی کو

اور وہ (باغ)، اپنی چھتریوں پر گرا ہوا تھا اور وہ کہنے لگا اے کاش، میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا۔

وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾ؕ

وَلَمْ تَكُنْ	لَهٗ	فِئَةٌ	يَنْصُرُوْنَهٗ	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	وَمَا	كَانَ	مُنْتَصِرًا
اور نہ ہوتی	اس کے لئے	کوئی جماعت	اس کی مدد کرتی وہ	سے	اللہ کے سوا	اور نہ	وہ تھا	بدلہ لینے کے قابل

اور اس کے لئے کوئی جماعت نہ ہوئی کہ اللہ کے سوا اس کی مدد کرتی، اور وہ بدلہ لینے کے قابل نہ تھا۔

هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾ؑ وَاضْرِبْ لَهُمْ

هُنَالِكَ	الْوَلَايَةُ	لِلّٰهِ	الْحَقِّ	هُوَ	خَيْرٌ	ثَوَابًا	وَخَيْرٌ	عُقْبًا	وَاضْرِبْ	لَهُمْ
یہاں	اختیار	اللہ کے لئے	برحق	وہ	بہتر	ثواب دینے میں	اور بہتر	بدلہ دینے میں	اور بیان کر دیں	ان کے لئے

یہاں اختیار اللہ برحق کے لئے ہے، وہی بہتر ہے ثواب دینے میں، اور بہتر ہے بدلہ دینے میں۔ اور آپؐ ان کے لئے بیان کریں

مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ

مَثَلَ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	كَمَآءٍ	اَنْزَلْنٰهُ	مِنَ	السَّمَآءِ	فَاخْتَلَطَ	بِهٖ	نَبَاتُ الْاَرْضِ
مثال	دنیا کی زندگی	جیسے پانی	ہم نے اسکو اتارا	سے	آسمان	پس مل جل گیا	اس کے ذریعہ	زمین کی نباتات (سبزہ)

دنیا کی مثال (وہ ایسے ہے) جیسے ہم نے آسمان سے پانی اتارا، پھر اس کے ذریعہ زمین کا سبزہ مل جل گیا (خوب گھنا اُگا)

فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ

فَاَصْبَحَ	هَشِيْمًا	تَذْرُوْهُ	الرِّيٰحُ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	مُقْتَدِرًا	اَلْمَالُ
وہ پھر ہو گیا	چورا چورا	اڑاتی ہے اسکو	ہوا (جمع)	اور ہے	اللہ	ہر شے پر	بڑی قدرت رکھنے والا	مال

پھر وہ چورا چورا ہو گیا کہ اس کو ہوائیں اُڑاتی ہیں، اور اللہ ہر شے پر بڑی قدرت رکھنے والا ہے۔ مال

وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا

وَالْبَنُوْنَ	زِيْنَةُ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَالْبٰقِيٰتُ	الصّٰلِحٰتُ	خَيْرٌ	عِنْدَ رَبِّكَ	ثَوَابًا
اور بیٹے	زینت	دنیا کی زندگی	اور باقی رہنے والی	نیکیاں	بہتر	تیرے رب کے نزدیک	ثواب میں

اور بیٹے دنیا کی زندگی کی زینت ہیں، اور باقی رہنے والی نیکیاں تیرے رب کے نزدیک بہتر ہیں ثواب میں

وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ

وَّخَيْرٌ	اَمَلًا	وَ يَوْمَ	نُسَيِّرُ	الْجِبَالَ	وَ تَرَى	الْاَرْضَ	بَارِزَةً	وَ حَشَرْنٰهُمْ
اور بہتر	آرزو میں	اور جس دن	ہم چلائیں گے	پہاڑ	اور تو دیکھے گا	زمین	کھلی ہوئی (صاف میدان)	اور ہم انہیں جمع کرلیں گے

اور بہتر ہیں آرزو میں - اور جس دن ہم پہاڑ چلائیں گے، اور تو زمین کو صاف میدان دیکھے گا، اور ہم انہیں جمع کرلیں گے،

فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ۭ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا

فَلَمْ نُغَادِرْ	مِنْهُمْ	اَحَدًا	وَ عُرِضُوْا	عَلٰى	رَبِّكَ	صَفًّا	لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا
پھر نہ چھوڑیں گے ہم	ان سے	کسی کو	اور وہ پیش کئے جائیں گے	پر سامنے	تیرا رب	صف بستہ	البتہ تم ہمارے سامنے آگئے

پھر ہم ان میں سے کسی کو نہ چھوڑیں گے۔ اور وہ تیرے رب کے سامنے صف بستہ پیش کئے جائیں گے (آخر) البتہ تم ہمارے سامنے آگئے،

كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍۭ ۢ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَوُضِعَ

كَمَا	خَلَقْنٰكُمْ	اَوَّلَ مَرَّةٍ	بَلْ	زَعَمْتُمْ	اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ	مَّوْعِدًا	وَوُضِعَ
جیسے	ہم نے تمہیں پیدا کیا تھا	پہلی بار	بلکہ (جبکہ)	تم سمجھتے تھے	کہ ہم ہرگز نہ ٹھہرائیں گے تمہارے لئے	کوئی وقت موعود	اور رکھی جائے گی

جیسے ہم نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا، جبکہ تم سمجھتے تھے کہ ہم تمہارے لئے ہرگز کوئی وقتِ موعود نہ ٹھہرائیں گے - اور رکھی جائے گی

الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ

الْكِتٰبُ	فَتَرَى	الْمُجْرِمِيْنَ	مُشْفِقِيْنَ	مِمَّا	فِيْهِ	وَيَقُوْلُوْنَ	يٰوَيْلَتَنَا	مَالِ
کتاب	سو تم دیکھو گے	مجرم (جمع)	ڈرتے ہوئے	اس سے جو	اس میں	اور وہ کہیں گے	ہائے ہماری شامتِ اعمال	کیسی ہے

کتاب (جو اس میں لکھا ہوگا) سو تم مجرموں کو اس سے ڈرتے ہوئے دیکھو گے اور وہ کہیں گے ہائے ہماری شامتِ اعمال! کیسی ہے

هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰهَا ۚ وَوَجَدُوْا

هٰذَا الْكِتٰبِ	لَا يُغَادِرُ	صَغِيْرَةً	وَّلَا	كَبِيْرَةً	اِلَّآ اَحْصٰهَا	وَ	وَجَدُوْا
یہ کتاب (تحریر)	یہ نہیں چھوڑتی	چھوٹی بات	اور نہ	بڑی بات	مگر اسے گھیرے (قلم بند کئے) ہوئے	اور	وہ پالیں گے

یہ تحریر! یہ نہیں چھوڑتی چھوٹی سی بات اور نہ بڑی بات مگر اسے قلم بند کئے ہوئے ہے، اور وہ پالیں گے

مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا

مَا عَمِلُوْا	حَاضِرًا	وَلَا يَظْلِمُ	رَبُّكَ	اَحَدًا	وَاِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اسْجُدُوْا
جو انہوں نے کیا	سامنے	اور ظلم نہیں کرے گا	تمہارا رب	کسی پر	اور جب	ہم نے کہا	فرشتوں سے	تم سجدہ کرو

جو کچھ انہوں نے کیا (اپنے) سامنے، اور تمہارا رب کسی پر ظلم نہیں کرے گا۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے فرشتوں سے کہا تم سجدہ کرو

لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ

لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْا	اِلَّا	اِبْلِيْسَ	كَانَ	مِنَ	الْجِنِّ	فَفَسَقَ	عَنْ	اَمْرِ رَبِّهٖ
آدم کو	تو انہوں نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس	وہ تھا	سے	جن	وہ (باہر) نکل گیا	سے	اپنے رب کا حکم

آدم کو تو اُن، سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، وہ (قوم) جن سے تھا، اور وہ اپنے رب کے حکم سے باہر نکل گیا

اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ

اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ	وَذُرِّيَّتَهٗ	اَوْلِيَآءَ	مِنْ دُوْنِيْ	وَهُمْ	لَكُمْ	عَدُوٌّ	بِئْسَ	لِلظّٰلِمِيْنَ
سو تم کیا اس کو بناتے ہو	اور اس کی اولاد	دوست (جمع)	میرے سوائے	اور وہ	تمہارے لئے	دشمن	برا ہے	ظالموں کے لئے

سو کیا تم اس کو اور اس کی اولاد کو میرے سوائے دوست بناتے ہو؟ اور وہ تمہارے دشمن ہیں، برا ہے ظالموں کے لئے

بَدَلًا ﴿۵۰﴾ مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۪

بَدَلًا	مَا	اَشْهَدْتُّهُمْ	خَلْقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَ	لَا خَلْقَ	اَنْفُسِهِمْ
بدل	نہیں	حاضر کیا میں نے انہیں	پیدا کرنا	آسمانوں	اور زمین	اور	نہ پیدا کرنا	انکی جانیں (خود وہ)

بدل۔ میں نے انہیں نہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے (کے وقت) حاضر کیا (بلایا) اور نہ خود اُن کے پیدا کرنے (وقت)،

وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿۵۱﴾ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

وَمَا كُنْتُ	مُتَّخِذَ	الْمُضِلِّيْنَ	عَضُدًا	وَيَوْمَ	يَقُوْلُ	نَادُوْا	شُرَكَآءِيَ	الَّذِيْنَ
اور میں نہیں	بنانے والا	گمراہ کرنے والے	بازو	اور جس دن	وہ فرمائے گا	بلاؤ	میرے شریک (جمع)	اور وہ جنہیں

اور میں گمراہ کرنے والوں کو (دست و) بازو بنانے والا نہیں ہوں۔ اور جس دن وہ (اللہ) فرمائے گا بلاؤ میرے شریکوں کو جنہیں

زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿۵۲﴾ وَرَاَ

زَعَمْتُمْ	فَدَعَوْهُمْ	فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَهُمْ	وَجَعَلْنَا	بَيْنَهُمْ	مَّوْبِقًا	وَرَاَ
تم نے گمان کیا	پس وہ انہیں پکاریں گے	تو وہ جواب نہ دیں گے	انہیں	اور ہم بنا دیں گے	ان کے درمیان	ہلاکت کی جگہ	اور دیکھیں گے

مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ وَّمِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْرَآءِيْلَ

مِنْ	ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ	وَمِمَّنْ	حَمَلْنَا	مَعَ	نُوْحٍ	وَ	مِنْ	ذُرِّيَّةِ	اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْرَآءِيْلَ
سے	اولادِ آدم	اور ان سے جنہیں	سوار کیا ہم نے	ساتھ	نوحؑ	اور	سے	اولاد	ابراہیمؑ	اور یعقوبؑ

اولادِ آدم (میں) سے، اور ان میں سے جنہیں ہم نے نوحؑ کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا، اور ابراہیمؑ اور یعقوبؑ کی اولاد میں سے

وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَا ۭ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ

وَمِمَّنْ	هَدَيْنَا	وَاجْتَبَيْنَا	اِذَا تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ	خَرُّوْا	سُجَّدًا	وَ
اور ان سے جنہیں	ہم نے ہدایت دی	اور ہم نے چُنا	جب پڑھی جاتی ہیں	اُن پر	رحمٰن کی آیتیں	وہ گر پڑتے	سجدہ کرتے ہوئے	اور

اور ان میں سے جنہیں ہم نے ہدایت دی، اور چُنا، جب ان پر رحمٰن کی آیتیں پڑھی جاتی ہیں وہ (زمین پر) گر پڑتے سجدہ کرتے اور

السجدۃ ۵

بُكِيًّا ﴿٥٨﴾ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ

بُكِيًّا	فَخَلَفَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	خَلْفٌ	اَضَاعُوا	الصَّلٰوةَ	وَاتَّبَعُوا	الشَّهَوٰتِ	فَسَوْفَ
روتے ہوئے	پھر جانشین ہوئے	ان کے بعد	چند جانشین (ناخلف)	انہوں نے گنوادی	نماز	اور پیروی کی	خواہشات	پس عنقریب

روتے ہوئے۔ پھر ان کے بعد چند ناخلف جانشین ہوئے، انہوں نے نماز گنوادی، اور خواہشات (نفسانی) کی پیروی کی، پس عنقریب

يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿٥٩﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ

يَلْقَوْنَ	غَيًّا	اِلَّا	مَنْ	تَابَ	وَاٰمَنَ	وَعَمِلَ	صَالِحًا	فَاُولٰٓئِكَ	يَدْخُلُوْنَ	الْجَنَّةَ
انہیں ملے گی	گمراہی	مگر	جو۔ جس	توبہ کی	وہ ایمان لایا	اور عمل کئے	نیک	پس یہی لوگ	وہ داخل ہوں گے	جنت

انہیں گمراہی (کی سزا) ملے گی۔ مگر جس نے توبہ کی، اور نیک عمل کئے، پس یہی لوگ ہیں جو جنت میں داخل ہوں گے،

وَلَا يُظْلَمُوْنَ شَيْــًٔا ﴿٦٠﴾ جَنّٰتِ عَدْنِ ۨالَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ

وَلَا يُظْلَمُوْنَ	شَيْــًٔا	جَنّٰتِ عَدْنِ	ۨالَّتِيْ	وَعَدَ	الرَّحْمٰنُ	عِبَادَهٗ	بِالْغَيْبِ
اور ان کا نہ نقصان کیا جائیگا	کچھ۔ ذرا	ہمیشگی کے باغات	وہ جو	وعدہ کیا	رحمٰن	اپنے بندے (جمع)	غائبانہ

اور ذرہ بھر بھی اُن کا نقصان نہ کیا جائے گا۔ ہمیشگی کے باغات میں جن کا وعدہ رحمٰن نے اپنے بندوں سے غائبانہ کیا،

إِنَّهُ كَانَ وَعْدُهُ مَأْتِيًّا ﴿٦١﴾ لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا إِلَّا سَلٰمًا ۖ وَلَهُمْ

إِنَّهُ	كَانَ	وَعْدُهُ	مَأْتِيًّا	لَا يَسْمَعُونَ	فِيهَا	لَغْوًا	إِلَّا سَلٰمًا	وَلَهُمْ
بیشک وہ	ہے	اس کا وعدہ	آنے والا	وہ نہ سنیں گے	اس میں	بے ہودہ	سوائے سلام	اور ان کے لئے

بیشک اس کا وعدہ آنے والا ہے۔ اور اس میں سلام کے سوا کوئی بیہودہ بات نہ سنیں گے، اور ان کے لئے

رِزْقُهُمْ فِيهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿٦٢﴾ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي نُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ

رِزْقُهُمْ	فِيهَا	بُكْرَةً	وَّعَشِيًّا	تِلْكَ	الْجَنَّةُ	الَّتِي	نُورِثُ	مِنْ	عِبَادِنَا	مَنْ
ان کا رزق	اس میں	صبح	اور شام	یہ	جنت	وہ جو کہ	ہم وارث بنائینگے	سے۔کو	اپنے بندے	جو

اس میں صبح وشام ان کا رزق ہے۔ یہ وہ جنت ہے جس کا ہم اپنے (اُن) بندوں کو وارث بنائیں گے جو

كَانَ تَقِيًّا ﴿٦٣﴾ وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ ۚ لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِينَا وَمَا خَلْفَنَا

كَانَ	تَقِيًّا	وَمَا	نَتَنَزَّلُ	إِلَّا	بِأَمْرِ	رَبِّكَ	لَهُ	مَا بَيْنَ أَيْدِينَا	وَمَا	خَلْفَنَا
ہوں گے	پرہیزگار	اور ہم	نہیں اُترتے	مگر	حکم سے	تمہارا رب	اسکے لئے	جو ہمارے ہاتھوں میں (آگے)	اور جو	ہمارے پیچھے

پرہیزگار رہوں گے۔ اور (فرشتوں نے کہا) ہم تمہارے رب کے حکم کے بغیر نہیں اُترتے، اسی کے لئے ہے جو ہمارے آگے، اور جو ہمارے پیچھے ہے

وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿٦٤﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

وَمَا	بَيْنَ ذٰلِكَ	وَمَا	كَانَ	رَبُّكَ	نَسِيًّا	رَبُّ السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا
اور جو	اس کے درمیان	اور نہیں	ہے	تمہارا رب	بھولنے والا	آسمانوں کا رب	اور زمین	اور جو	ان کے درمیان

اور جو اس کے درمیان ہے، اور تمہارا رب بھولنے والا نہیں۔ وہ رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا، اور جو ان کے درمیان ہے،

٤ — ع ٥ — ٧

فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهِ ۚ هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا ﴿٦٥﴾ وَيَقُولُ الْإِنْسَانُ أَإِذَا

فَاعْبُدْهُ	وَاصْطَبِرْ	لِعِبَادَتِهِ	هَلْ	تَعْلَمُ	لَهُ	سَمِيًّا	وَيَقُولُ	الْإِنْسَانُ	أَإِذَا
پس اسکی عبادت کرو	اور ثابت قدم رہو	اسکی عبادت پر	کیا	تو جانتا ہے	اس کا	ہم نام کوئی	اور کہتا ہے	انسان	کیا جب

پس تم اسی کی عبادت کرو، اور اس کی عبادت پر ثابت قدم رہو، کیا تو کوئی اس کا ہم نام جانتا ہے؟ اور (کافر) انسان کہتا ہے کیا جب

مَا مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾ أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنْسَانُ أَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ

مَا مِتُّ	لَسَوْفَ	أُخْرَجُ	حَيًّا	أَوَ	لَا يَذْكُرُ	الْإِنْسَانُ	أَنَّا	خَلَقْنٰهُ	مِنْ قَبْلُ
میں مرگیا	تو پھر	میں نکالا جاؤں گا	زندہ	کیا	یاد نہیں کرتا	انسان	بیشک ہم	ہم نے اسے پیدا کیا	اس سے قبل

میں مرگیا تو پھر میں زندہ (کرکے زمین سے) نکالا جاؤں گا! کیا انسان یاد نہیں کرتا (کیا اسے یاد نہیں)، کہ ہم نے اسے اس سے پہلے پیدا کیا،

وَلَمْ يَكُ شَيْـًٔا ﴿٦٧﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ

وَلَمْ يَكُ	شَيْـًٔا	فَوَرَبِّكَ	لَنَحْشُرَنَّهُمْ	وَالشَّيٰطِيْنَ	ثُمَّ	لَنُحْضِرَنَّهُمْ	حَوْلَ
جبکہ وہ نہ تھا	کچھ بھی	سو تمہارے رب کی قسم	ہم انہیں ضرور جمع کریں گے	اور شیطان (جمع)	پھر	ہم انہیں ضرور حاضر کرلیں گے	ارد گرد

جبکہ وہ کچھ بھی نہ تھا - سو تمہارے رب کی قسم ہم انہیں اور شیطان کو ضرور جمع کریں گے، پھر ہم انہیں ضرور حاضر کر لیں گے

جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿٦٨﴾ ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا ﴿٦٩﴾

جَهَنَّمَ	جِثِيًّا	ثُمَّ	لَنَنْزِعَنَّ	مِنْ	كُلِّ	شِيْعَةٍ	اَيُّهُمْ	اَشَدُّ	عَلَى الرَّحْمٰنِ	عِتِيًّا
جہنم	گھٹنوں کے بل گرے ہوئے	پھر	ضرور کھینچ نکالیں گے	سے	ہر	گروہ	جو ان میں سے	بہت زیادہ	اللہ رحمٰن سے	سرکشی کرنے والا

جہنم کے گرد گھٹنوں کے بل گرے ہوئے، پھر ہر گروہ میں سے ہم اُسے ضرور کھینچ نکالیں گے جو ان میں اللہ رحمٰن سے بہت زیادہ سرکشی کرنے والا تھا

ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ﴿٧٠﴾ وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا

ثُمَّ	لَنَحْنُ	اَعْلَمُ	بِالَّذِيْنَ	هُمْ	اَوْلٰى بِهَا	صِلِيًّا	وَاِنْ	مِّنْكُمْ	اِلَّا	وَارِدُهَا
پھر	البتہ	خوب واقف	ان سے جو	وہ	زیادہ مستحق اس میں	داخل ہونا	اور نہیں	تم میں سے	مگر	یہاں سے گزرنا ہوگا

پھر البتہ ہم اُن سے خوب واقف ہیں جو اس (جہنم) میں داخل ہونے کے زیادہ مستحق ہیں اور تم میں سے کوئی نہیں مگر اُسے (ہر ایک کو) یہاں سے گزرنا ہو گا -

كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿٧١﴾ ثُمَّ نُنَجِّى الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا

كَانَ	عَلٰى	رَبِّكَ	حَتْمًا	مَّقْضِيًّا	ثُمَّ	نُنَجِّى	الَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	وَ نَذَرُ	الظّٰلِمِيْنَ	فِيْهَا
ہے	پر	تمہارا رب	لازم	مقرر کیا ہوا	پھر	ہم نجات دینگے	وہ جنہوں نے	پرہیزگاری کی	اور ہم چھوڑ دینگے	ظالم (جمع)	اس میں

یہ تمہارے پروردگار پر لازم مقرر کیا ہوا ہے - پھر ہم ان لوگوں کو نجات دیں گے جنہوں نے پرہیزگاری کی، اور ہم ظالموں کو اس میں چھوڑ دیں گے

جِثِيًّا ﴿٧٢﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

جِثِيًّا	وَاِذَا	تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُنَا	بَيِّنٰتٍ	قَالَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا
گھٹنوں کے بل گرے ہوئے	اور جب	پڑھی جاتی ہیں	ان پر	ہماری آیتیں	واضح	کہتے ہیں	وہ جنہوں نے	کفر کیا	ان سے جو	وہ ایمان لائے

گھٹنوں کے بل گرے ہوئے - اور جب اُن پر ہماری واضح آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو جنہوں نے کفر کیا وہ ایمان لانے والوں سے کہتے ہیں،

اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿٧٣﴾ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ

اَيُّ	الْفَرِيْقَيْنِ	خَيْرٌ مَّقَامًا	وَّاَحْسَنُ	نَدِيًّا	وَكَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِّنْ قَرْنٍ
کون سا	دونوں فریق	بہتر مقام	اور اچھی	مجلس	اور کتنے ہی	ہم ہلاک کرچکے	ان سے پہلے	گروہوں میں سے

دونوں فریق میں سے کس کا مقام (مرتبہ) بہتر اور مجلس اچھی ہے؟ اور ان سے پہلے ہم کتنے ہی گروہ ہلاک کر چکے ہیں،

هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّ رِءْيًا ﴿٧٤﴾ قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ

هُمْ	اَحْسَنُ	اَثَاثًا	وَّ رِءْيًا	قُلْ	مَنْ كَانَ	فِي الضَّلٰلَةِ	فَلْيَمْدُدْ	لَهُ	الرَّحْمٰنُ	مَدًّا
وہ	بہت اچھے	سامان	اور نمود	کہہ دیجئے	جو ہے	گمراہی میں	تو ڈھیل دے رہا ہے	اس کو	اللہ	خوب ڈھیل

وہ سامان اور نمود میں (ان سے) بہت اچھے تھے۔ کہہ دیجئے جو گمراہی میں ہے تو اس کو اللہ گمراہی میں اور خوب ڈھیل دے رہا ہے،

حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ اِمَّا الْعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ ؕ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ

حَتّٰٓى	اِذَا	رَاَوْا	مَا يُوْعَدُوْنَ	اِمَّا	الْعَذَابَ	وَاِمَّا	السَّاعَةَ	فَسَيَعْلَمُوْنَ	مَنْ
یہاں تک کہ	جب	وہ دیکھیں گے	جس کا وعدہ کیا جاتا ہے	خواہ	عذاب	اور خواہ	قیامت	پس اب وہ جان لیں گے	کون

یہاں تک کہ وہ دیکھ لیں گے خواہ عذاب خواہ قیامت، جس کا اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے، پس اب وہ جان لیں گے کون ہے

هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضْعَفُ جُنْدًا ﴿٧٥﴾ وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا هُدًى ؕ وَ

هُوَ	شَرٌّ مَّكَانًا	وَّاَضْعَفُ	جُنْدًا	وَيَزِيْدُ	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا	هُدًى	وَ
وہ	بدتر مقام	اور کمزور تر	لشکر	اور زیادہ دیتا ہے	اللہ	جن لوگوں نے ہدایت حاصل کی	ہدایت	اور

بدتر مقام (مرتبہ) میں؟ اور کمزور تر لشکر میں۔ اور جن لوگوں نے ہدایت حاصل کی اللہ انہیں اور زیادہ ہدایت دیتا ہے، اور

الْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾ اَفَرَءَيْتَ الَّذِىْ

الْبٰقِيٰتُ	الصّٰلِحٰتُ	خَيْرٌ	عِنْدَ رَبِّكَ	ثَوَابًا	وَّخَيْرٌ	مَّرَدًّا	اَفَرَءَيْتَ	الَّذِىْ
باقی رہنے والی	نیکیاں	بہتر	تمہارے رب کے نزدیک	باعتبارِ ثواب	اور بہتر	باعتبارِ انجام	پس کیا تو نے دیکھا	وہ جس نے

تمہارے پروردگار کے نزدیک باقی رہنے والی نیکیاں بہتر ہیں باعتبارِ ثواب اور بہتر ہیں باعتبارِ انجام۔ پس کیا تو نے اس شخص کو دیکھا جس نے

كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٧٧﴾ ؕ اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ

كَفَرَ	بِاٰيٰتِنَا	وَقَالَ	لَاُوْتَيَنَّ	مَالًا	وَّوَلَدًا	اَطَّلَعَ	الْغَيْبَ	اَمِ	اتَّخَذَ	عِنْدَ الرَّحْمٰنِ
انکار کیا	ہمارے حکموں کا	اور اس نے کہا	میں ضرور بالضرور دیا جاؤں گا	مال	اور اولاد	کیا وہ مطلع ہو گیا ہے	غیب	یا	اس نے لے لیا	اللہ رحمٰن سے

ہمارے حکموں کا انکار کیا؟ اور کہا میں ضرور مال و اولاد دیا جاؤں گا۔ کیا وہ غیب پر مطلع ہو گیا ہے؟ یا اس نے اللہ رحمٰن سے لے لیا ہے

عَهْدًا ﴿٧٨﴾ كَلَّا ؕ سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿٧٩﴾ وَّنَرِثُهُ

عَهْدًا	كَلَّا	سَنَكْتُبُ	مَا يَقُوْلُ	وَنَمُدُّ	لَهُ	مِنَ الْعَذَابِ	مَدًّا	وَّنَرِثُهُ
کوئی عہد	ہرگز نہیں	اب ہم لکھ لیں گے	وہ جو کہتا ہے	اور ہم بڑھا دیں گے	اس کو	عذاب سے	اور لمبا	اور ہم وارث ہوں گے

کوئی عہد۔ ہرگز نہیں! جو وہ کہتا ہے اب ہم لکھ لیں گے اس کو عذاب اور لمبا بڑھا دیں گے اور ہم وارث ہوں گے (لے لیں گے)

مَا يَقُولُ وَيَأْتِينَا فَرْدًا ﴿٨٠﴾ وَاتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ آلِهَةً لِّيَكُونُوا لَهُمْ عِزًّا ﴿٨١﴾

مَا يَقُولُ	وَ	يَأْتِينَا	فَرْدًا	وَاتَّخَذُوا	مِن دُونِ اللَّهِ	آلِهَةً	لِّيَكُونُوا	لَهُمْ	عِزًّا
جو وہ کہتا ہے	اور وہ	ہمارے پاس آئیگا	اکیلا	اور انہوں نے بنا لیا	اللہ کے سوا	معبود	تاکہ وہ ہوں	انکے لئے	موجب عزت

جو وہ کہتا ہے اور وہ ہمارے پاس اکیلا آئے گا ۔ اور انہوں نے اللہ کے سوا (اوروں کو) معبود بنا لیا ہے تاکہ ان کے لئے موجب عزت ہوں ۔

5 ع ١٧ 8

كَلَّا سَيَكْفُرُونَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُونُونَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿٨٢﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّا أَرْسَلْنَا الشَّيَاطِينَ

كَلَّا	سَيَكْفُرُونَ	بِعِبَادَتِهِمْ	وَيَكُونُونَ	عَلَيْهِمْ	ضِدًّا	أَلَمْ تَرَ	أَنَّا أَرْسَلْنَا	الشَّيَاطِينَ
ہرگز نہیں	جلد ہی وہ انکار کرینگے	ان کی بندگی سے	اور ہو جائیں گے	ان کے	مخالف	کیا تم نے نہیں دیکھا	بیشک ہم نے بھیجے	شیطان (جمع)

ہرگز نہیں، جلد ہی وہ اُن کی بندگی سے انکار کریں گے اور انکے مخالف ہو جائیں گے ۔ کیا تم نے نہیں دیکھا ؟ بیشک ہم نے شیطان بھیجے ہیں

عَلَى الْكَافِرِينَ تَؤُزُّهُمْ أَزًّا ﴿٨٣﴾ فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ إِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿٨٤﴾

عَلَى	الْكَافِرِينَ	تَؤُزُّهُمْ	أَزًّا	فَلَا تَعْجَلْ	عَلَيْهِمْ	إِنَّمَا	نَعُدُّ	لَهُمْ	عَدًّا
پر	کافر (جمع)	اکساتے ہیں انہیں	خوب اکسانا	سو تم جلدی نہ کرو	ان پر	صرف	ہم گنتی پوری کر رہے ہیں	اُن کی	گنتی

کافروں پر، وہ انہیں خوب اکساتے رہتے ہیں، سو تم ان پر (نزول عذاب کی) جلدی نہ کرو ہم تو صرف انکی گنتی پوری کر رہے ہیں (انکے دن گن رہے ہیں)

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِينَ إِلَى الرَّحْمَٰنِ وَفْدًا ﴿٨٥﴾ وَنَسُوقُ الْمُجْرِمِينَ

يَوْمَ	نَحْشُرُ	الْمُتَّقِينَ	إِلَى الرَّحْمَٰنِ	وَفْدًا	وَنَسُوقُ	الْمُجْرِمِينَ
جس دن	ہم جمع کر لیں گے	پرہیزگار (جمع)	رحمٰن کی طرف	مہمان بنا کر	اور ہانک کر لے جائیں گے	گنہگار (جمع)

(یاد کرو) جس دن ہم پرہیزگاروں کو اللہ رحمٰن کی طرف مہمان بنا کر جمع کر لائیں گے ۔ اور ہم گنہگاروں کو ہانک کر لے جائیں گے

وقف لازم

إِلَىٰ جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿٨٦﴾ لَّا يَمْلِكُونَ الشَّفَاعَةَ إِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِندَ الرَّحْمَٰنِ

إِلَىٰ	جَهَنَّمَ	وِرْدًا	لَا يَمْلِكُونَ	الشَّفَاعَةَ	إِلَّا	مَنِ اتَّخَذَ	عِندَ الرَّحْمَٰنِ
طرف	جہنم	پیاسے	وہ اختیار نہیں رکھتے	شفاعت	سوائے	جس نے لیا ہو	رحمٰن کے پاس

جہنم کی طرف پیاسے ۔ وہ شفاعت کا اختیار نہیں رکھتے سوائے اس کے جس رحمٰن سے لیا ہو

الربع

عَهْدًا ﴿٨٧﴾ وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا ﴿٨٨﴾ لَّقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا ﴿٨٩﴾ تَكَادُ السَّمَاوَاتُ

عَهْدًا	وَقَالُوا	اتَّخَذَ	الرَّحْمَٰنُ	وَلَدًا	لَقَدْ جِئْتُمْ	شَيْئًا	إِدًّا	تَكَادُ	السَّمَاوَاتُ
اقرار	اور وہ کہتے ہیں	بنا لیا ہے	رحمٰن	بیٹا	تحقیق تم لائے ہو	ایک بات	بُری	قریب ہے	آسمان

اقرار ۔ اور وہ کہتے ہیں اللہ رحمٰن نے بیٹا بنا لیا ہے ۔ تحقیق تم (زبان پر) بُری بات لائے ہو ۔ قریب ہے (بعید نہیں) کہ آسمان

يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿٩٠﴾ أَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمَٰنِ

يَتَفَطَّرْنَ	مِنْهُ	وَتَنْشَقُّ	الْأَرْضُ	وَتَخِرُّ	الْجِبَالُ	هَدًّا	أَنْ دَعَوْا	لِلرَّحْمَٰنِ
پھٹ پڑیں	اس سے	اور ٹکڑے ٹکڑے ہوجائے	زمین	اور گر پڑیں	پہاڑ	پارہ پارہ	کہ انہوں نے پکارا (منسوب کیا)	اللہ کے لئے

اس سے پھٹ پڑیں اور زمین ٹکڑے ٹکڑے ہوجائے، اور پہاڑ پارہ پارہ ہوکر گر پڑیں۔ کہ انہوں نے اللہ کے لئے منسوب کیا

وَلَدًا ﴿٩١﴾ وَمَا يَنْبَغِي لِلرَّحْمَٰنِ أَنْ يَتَّخِذَ وَلَدًا ﴿٩٢﴾ إِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ

وَلَدًا	وَمَا	يَنْبَغِي	لِلرَّحْمَٰنِ	أَنْ يَتَّخِذَ	وَلَدًا	إِنْ	كُلُّ	مَنْ	فِي السَّمَاوَاتِ
بیٹا	جبکہ نہیں	شایاں	رحمٰن کے لئے	کہ وہ بنائے	بیٹا	نہیں	تمام۔ کوئی	جو	آسمانوں میں

بیٹا۔ جبکہ رحمٰن کے شایاں نہیں کہ وہ بیٹا بنائے ۔ نہیں کوئی جو آسمانوں میں ہے

وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي الرَّحْمَٰنِ عَبْدًا ﴿٩٣﴾ لَقَدْ أَحْصَاهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿٩٤﴾ وَكُلُّهُمْ

وَالْأَرْضِ	إِلَّا	آتِي	الرَّحْمَٰنِ	عَبْدًا	لَقَدْ أَحْصَاهُمْ	وَعَدَّهُمْ	عَدًّا	وَكُلُّهُمْ
اور زمین	مگر	آتا ہے	رحمٰن	بندہ	اس نے ان کو گھیر لیا ہے	اور ان کا شمار کرلیا ہے	گن کر	اور ان میں سے ہر ایک

اور زمین میں، مگر رحمٰن کے (حضور) بندہ ہوکر آتا ہے۔ اس نے ان کو گھیر لیا ہے، اور گن کر ان کا شمار کرلیا ہے۔ اور ان میں سے ہر ایک

آتِيهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَرْدًا ﴿٩٥﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ

آتِيهِ	يَوْمَ الْقِيَامَةِ	فَرْدًا	إِنَّ	الَّذِينَ آمَنُوا	وَعَمِلُوا	الصَّالِحَاتِ	سَيَجْعَلُ	لَهُمُ
آئیگا اسکے سامنے	قیامت کے دن	اکیلا	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	پیدا کردے گا	ان کے لئے

قیامت کے دن اس کے سامنے اکیلا آئے گا۔ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے ان کے لئے پیدا کردے گا

الرَّحْمَٰنُ وُدًّا ﴿٩٦﴾ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِينَ وَتُنْذِرَ بِهِ قَوْمًا لُدًّا ﴿٩٧﴾

الرَّحْمَٰنُ	وُدًّا	فَإِنَّمَا	يَسَّرْنَاهُ	بِلِسَانِكَ	لِتُبَشِّرَ بِهِ	الْمُتَّقِينَ	وَتُنْذِرَ بِهِ	قَوْمًا لُدًّا
رحمٰن	محبت	پس اس کے سوا نہیں	ہم نے اسے آسان کردیا ہے	آپ کی زبان پر	تا کہ آپ خوشخبری دیں	پرہیزگار دل	اور ڈرائیں اس سے	جھگڑالو لوگ

رحمٰن (دلوں میں) محبت۔ پس اسکے سوا نہیں کہ ہم نے (قرآن) کو آپکی زبان پر آسان کردیا تاکہ اس سے آپ پرہیزگاروں کو خوشخبری دیں اور جھگڑالو لوگوں کو اس سے ڈرائیں

٦ ع ١٦ ٩

وَكَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِنْ قَرْنٍ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِنْ أَحَدٍ أَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿٩٨﴾

وَكَمْ	أَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِنْ	قَرْنٍ	هَلْ	تُحِسُّ	مِنْهُمْ	مِنْ أَحَدٍ	أَوْ تَسْمَعُ	لَهُمْ	رِكْزًا
اور کتنے ہی	ہم نے ہلاک کردیئے	ان سے قبل	سے	گروہ	کیا	تم دیکھتے ہو	ان سے	کوئی کسی کو	یا تم سنتے ہو	ان کی	آہٹ

اور ان سے قبل ہم نے کتنے ہی گروہ ہلاک کردیئے، کیا تم ان میں سے کسی کو دیکھتے ہو؟ یا ان کی آہٹ سنتے ہو؟

آیاتھا ۱۳۵ — ۲۰ سُورَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ ۴۵ — رکوعاتھا ۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

طٰهٰ ۝۱ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ۝۲ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۝۳ تَنْزِيْلًا

طٰهٰ	مَآ اَنْزَلْنَا	عَلَيْكَ	الْقُرْاٰنَ	لِتَشْقٰٓى	اِلَّا	تَذْكِرَةً	لِّمَنْ	يَّخْشٰى	تَنْزِيْلًا
طٰهٰ	ہم نے نازل نہیں کیا	تم پر	قرآن	تاکہ تم مشقت میں پڑ جاؤ	مگر	یاددہانی	اس کے لئے جو	ڈرتا ہے	نازل کیا ہوا

طٰهٰ۔ ہم نے قرآن تم پر اس لئے نازل نہیں کیا کہ تم مشقّت میں پڑ جاؤ۔ مگر اس کے لئے نصیحت ہے جو ڈرتا ہے۔ نازل کیا ہوا ہے

مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۝۴ اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝۵ لَهٗ مَا

مِّمَّنْ	خَلَقَ	الْاَرْضَ	وَالسَّمٰوٰتِ	الْعُلٰى	اَلرَّحْمٰنُ	عَلَى الْعَرْشِ	اسْتَوٰى	لَهٗ مَا
سے جس	بنایا	زمین	اور آسمان (جمع)	اونچے	رحمٰن	عرش پر	قائم	اسکے لئے جو

(اس کی طرف سے) جس نے زمین اور اونچے آسمان بنائے۔ رحمٰن عرش پر قائم ہے۔ اسی کے لئے ہے جو کچھ

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ۝۶ وَاِنْ تَجْهَرْ

فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَمَا	بَيْنَهُمَا	وَمَا	تَحْتَ	الثَّرٰى	وَ اِنْ	تَجْهَرْ
آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور جو	ان دونوں کے درمیان	اور جو	نیچے	گیلی مٹی	اور اگر	تو پکار کر کہے

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور جو ان دونوں کے درمیان ہے، اور جو گیلی مٹی (آخری کرۂ ارض) کے نیچے ہے۔ اور اگر تو پکار کر کہے

بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ۝۷ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۝۸

بِالْقَوْلِ	فَاِنَّهٗ	يَعْلَمُ	السِّرَّ	وَاَخْفٰى	اَللّٰهُ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	لَهُ	الْاَسْمَآءُ	الْحُسْنٰى
بات	تو بیشک وہ	جانتا ہے	بھید	اور نہایت پوشیدہ	اللہ	نہیں کوئی معبود	اسکے سوا	اسی کے لئے	سب نام	اچھے

بات تو بیشک وہ بھید جانتا ہے اور نہایت پوشیدہ (بات کو بھی)۔ اللہ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی کے لئے ہیں سب اچھے نام

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۝۹ اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ

وَهَلْ	اَتٰىكَ	حَدِيْثُ	مُوْسٰى	اِذْ رَاٰ	نَارًا	فَقَالَ	لِاَهْلِهِ	امْكُثُوْٓا	اِنِّيْٓ	اٰنَسْتُ
اور کیا	تمہارے پاس آئی	بات - خبر	موسیٰؑ	جب اسنے دیکھی	آگ	تو کہا	اپنے گھر والوں کو	تم ٹھہرو	بیشک میں نے	دیکھی ہے

اور کیا تمہارے پاس موسیٰؑ کی خبر آئی؟ جب اس نے آگ دیکھی تو اپنے گھر والوں سے کہا تم ٹھہرو، بے شک میں نے دیکھی ہے

نَارًا لَّعَلِّیْٓ اٰتِیْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ﴿١٠﴾ فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِیَ

نَارًا	لَّعَلِّیْٓ	اٰتِیْكُمْ	مِّنْهَا	بِقَبَسٍ	اَوْ	اَجِدُ	عَلَى النَّارِ	هُدًى	فَلَمَّآ	اَتٰىهَا	نُوْدِیَ
آگ	شاید میں	تمہارے پاس لاؤں	اس سے	چنگاری	یا	میں پاؤں	آگ پر سے	راستہ	پس جب	وہ وہاں آئے	آواز آئی

آگ، شاید میں تمہارے پاس اس سے چنگاری لے آؤں، یا میں آگ کے راستہ کا پتہ، پا لوں۔ پس جب وہ وہاں آئے، تو آواز آئی

یٰمُوْسٰى ﴿١١﴾ اِنِّیْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَیْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿١٢﴾ ؕ

یٰمُوْسٰى	اِنِّیْ	اَنَا	رَبُّكَ	فَاخْلَعْ	نَعْلَیْكَ	اِنَّكَ	بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ	طُوًى
اے موسیٰؑ	بیشک میں	ہوں	تمہارا رب	سو اتار لو	اپنی جوتیاں	بیشک تم	میدانِ پاک	طُویٰ

اے موسیٰؑ! بیشک میں ہی تمہارا رب ہوں، سو اپنی جوتیاں اتار لو، بیشک تم طُویٰ کے پاک میدان میں ہو۔

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا یُوْحٰى ﴿١٣﴾ اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِیْ ۙ

وَاَنَا	اخْتَرْتُكَ	فَاسْتَمِعْ	لِمَا یُوْحٰى	اِنَّنِیْ	اَنَا	اللّٰهُ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّآ اَنَا	فَاعْبُدْنِیْ
اور میں	تمہیں پسند کیا	پس کان لگا کر سنو	اسکی طرف جو وحی کی جائے	بیشک میں	ہیں	اللہ	نہیں کوئی معبود	میرے سوا	پس میری عبادت کرو

اور میں نے تمہیں پسند کیا، پس جو وحی کی جائے اسی کی طرف کان لگا کر سنو۔ بیشک میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں، پس میری عبادت کرو

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ ﴿١٤﴾ اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِیَةٌ اَكَادُ اُخْفِیْهَا لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ

وَاَقِمِ	الصَّلٰوةَ	لِذِكْرِیْ	اِنَّ	السَّاعَةَ	اٰتِیَةٌ	اَكَادُ	اُخْفِیْهَا	لِتُجْزٰى	كُلُّ نَفْسٍ
اور قائم کرو	نماز	میری یاد کے لئے	بیشک	قیامت	آنے والی	میں چاہتا ہوں	میں اسے پوشیدہ رکھوں	تاکہ بدلہ دیا جائے	ہر شخص

اور میری یاد کے لئے نماز قائم کرو۔ بیشک قیامت آنے والی ہے، میں چاہتا ہوں کہ اسے پوشیدہ رکھوں تاکہ ہر شخص کو بدلہ دیا جائے

بِمَا تَسْعٰى ﴿١٥﴾ فَلَا یَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا یُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ﴿١٦﴾

بِمَا تَسْعٰى	فَلَا یَصُدَّنَّكَ	عَنْهَا	مَنْ	لَا یُؤْمِنُ	بِهَا	وَ اتَّبَعَ	هَوٰىهُ	فَتَرْدٰى
اس کا جو وہ کوشش کرے	پس تجھے روک نہ دے	اس سے	جو	ایمان نہیں رکھتا	اس پر	اور وہ پیچھے پڑا	اپنی خواہش	پھر تو ہلاک ہو جائے

اس کوشش کا جو وہ کرے۔ پس تجھے اس سے وہ نہ روک دے جو اس پر ایمان نہیں رکھتا، اور اپنی خواہش کے پیچھے پڑا ہوا ہے، پھر تو ہلاک ہو جائے۔

وَمَا تِلْكَ بِیَمِیْنِكَ یٰمُوْسٰى ﴿١٧﴾ قَالَ هِیَ عَصَایَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَیْهَا وَاَهُشُّ بِهَا

وَمَا	تِلْكَ	بِیَمِیْنِكَ	یٰمُوْسٰى	قَالَ	هِیَ	عَصَایَ	اَتَوَكَّؤُا	عَلَیْهَا	وَاَهُشُّ	بِهَا
اور کیا	یہ	تیرے داہنے ہاتھ میں	اے موسیٰؑ	اس نے کہا	یہ	میرا عصا	میں ٹیک لگاتا ہوں	اس پر	اور میں پتے جھاڑتا ہوں	اس سے

اور اے موسیٰؑ! یہ تیرے داہنے ہاتھ میں کیا ہے؟ اس نے کہا یہ میرا عصا ہے، میں اس پر ٹیک لگاتا ہوں، اور اس سے پتے جھاڑتا ہوں

عَلٰى غَنَمِىْ وَلِىَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ﴿١٨﴾ قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ﴿١٩﴾ فَاَلْقٰهَا فَاِذَا هِىَ

عَلٰى	غَنَمِىْ	وَلِىَ	فِيْهَا	مَاٰرِبُ	اُخْرٰى	قَالَ	اَلْقِهَا	يٰمُوْسٰى	فَاَلْقٰهَا	فَاِذَا هِىَ
پر	اپنی بکریاں	اور میرے لئے	اس میں	ضرورتیں (فائدے)	اور بھی	اس نے فرمایا	اسے ڈال دے	اے موسیٰ	پس اس نے اسے ڈال دیا	تو ناگاہ وہ

اپنی بکریوں پر، اور اس میں میرے اور بھی کئی فائدے ہیں۔ اس نے فرمایا اے موسیٰ! اسے (زمین پر) ڈال دے، پس اس نے اسے ڈال دیا، تو ناگاہ وہ

حَيَّةٌ تَسْعٰى ﴿٢٠﴾ قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ﴿٢١﴾ وَ

حَيَّةٌ	تَسْعٰى	قَالَ	خُذْهَا	وَ	لَا تَخَفْ	سَنُعِيْدُهَا	سِيْرَتَهَا	الْاُوْلٰى	وَ
سانپ	دوڑتا ہوا	فرمایا	اسے پکڑلے	اور	نہ ڈر	ہم جلد اسے لوٹا دیں گے	اس کی حالت	پہلی	اور

دوڑتا ہوا سانپ (بن گیا) (اللہ نے) فرمایا اسے پکڑلے، اور نہ ڈر، ہم جلد اسے اس کی پہلی حالت پر لوٹا دیں گے، اور

اضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ﴿٢٢﴾ لِنُرِيَكَ

اضْمُمْ	يَدَكَ	اِلٰى	جَنَاحِكَ	تَخْرُجْ	بَيْضَآءَ	مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ	اٰيَةً	اُخْرٰى	لِنُرِيَكَ
ملا (لگا)	اپنا ہاتھ	تک۔ سے	اپنی بغل	وہ نکلے گا	سفید	بغیر کسی عیب	نشانی	دوسری	تاکہ ہم تجھے دکھائیں

اپنا ہاتھ اپنی بغل میں لگالے، وہ کسی عیب کے بغیر سفید (چمکتا ہوا) نکلے گا (یہ) دوسری نشانی ہے - تاکہ ہم تجھے دکھائیں

مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ﴿٢٣﴾ اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِىْ

مِنْ	اٰيٰتِنَا	الْكُبْرٰى	اِذْهَبْ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	اِنَّهٗ	طَغٰى	قَالَ	رَبِّ	اشْرَحْ	لِىْ
سے	اپنی نشانیاں	بڑی	تو جا	طرف	فرعون	بیشک وہ	سرکش ہو گیا	اس نے کہا	اے میرے رب	کشادہ کردے	میرے لئے

اپنی بڑی نشانیوں میں سے۔ تو فرعون کی طرف جا، بیشک وہ سرکش ہو گیا ہے۔ موسیٰؑ نے کہا اے میرے رب! میرے لئے کشادہ کردے میرا

صَدْرِىْ ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِىْٓ اَمْرِىْ ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِىْ ﴿٢٧﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِىْ ﴿٢٨﴾

صَدْرِىْ	وَيَسِّرْ لِىْٓ	اَمْرِىْ	وَاحْلُلْ	عُقْدَةً	مِّنْ	لِّسَانِىْ	يَفْقَهُوْا	قَوْلِىْ
میرا سینہ	اور میرے لئے آسان کردے	میرا کام	اور کھول دے	گرہ	سے۔ کی	میری زبان	وہ سمجھ لیں	میری بات

سینہ - اور میرے لئے میرا کام آسان کر دے - اور میری زبان کی گرہ کھول دے - کہ وہ میری بات سمجھ لیں۔

وَاجْعَلْ لِّىْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِىْ ﴿٢٩﴾ هٰرُوْنَ اَخِى ﴿٣٠﴾ اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِىْ ﴿٣١﴾ وَاَشْرِكْهُ

وَاجْعَلْ	لِّىْ	وَزِيْرًا	مِّنْ	اَهْلِىْ	هٰرُوْنَ	اَخِى	اشْدُدْ بِهٖٓ	اَزْرِىْ	وَاَشْرِكْهُ
اور بنا دے	میرے لئے	وزیر	سے	میرا خاندان	ہارونؑ	میرا بھائی	مضبوط کر دو اس سے	میری قوت	اور شریک کردے اسے

اور میرے لئے میرے خاندان سے میرا وزیر (معاون) بنا دے، میرا بھائی ہارونؑ۔ اس سے میری قوت (کمر) مضبوط کردے۔ اور اسے شریک کردے

فِيْٓ اَمْرِيْ ﴿٣٢﴾ كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ﴿٣٣﴾ وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ﴿٣٤﴾ اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ﴿٣٥﴾

فِيْٓ اَمْرِيْ	كَيْ	نُسَبِّحَكَ	كَثِيْرًا	وَّنَذْكُرَكَ	كَثِيْرًا	اِنَّكَ	كُنْتَ	بِنَا بَصِيْرًا
میرے کام میں	تاکہ	ہم تیری تسبیح کریں	کثرت سے	اور تجھے یاد کریں	کثرت سے	بیشک تو	تو ہے	ہمیں خوب دیکھتا ہے

میرے کام میں۔ تاکہ ہم کثرت سے تیری تسبیح کریں، اور کثرت سے تجھے یاد کریں۔ بیشک تو ہمیں خوب دیکھتا ہے۔

قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ﴿٣٦﴾ وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓى ﴿٣٧﴾ اِذْ

قَالَ	قَدْ اُوْتِيْتَ	سُؤْلَكَ	يٰمُوْسٰى	وَ لَقَدْ مَنَنَّا	عَلَيْكَ	مَرَّةً	اُخْرٰٓى	اِذْ
اللہ نے فرمایا	تحقیق تجھے دیدیا گیا	جو تو نے مانگا	اے موسیٰؑ	اور تحقیق ہم نے احسان کیا	تجھ پر	ایک بار	اور بھی	جب

اللہ نے فرمایا، اے موسیٰؑ! جو تو نے مانگا تحقیق تجھے دے دیا گیا۔ اور تحقیق ہم نے تجھ پر ایک بار اور بھی احسان کیا تھا۔ جب

اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى ﴿٣٨﴾ اَنِ اقْذِفِيْهِ فِي التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِي الْيَمِّ

اَوْحَيْنَآ	اِلٰٓى	اُمِّكَ	مَا يُوْحٰٓى	اَنِ اقْذِفِيْهِ	فِي التَّابُوْتِ	فَاقْذِفِيْهِ	فِي الْيَمِّ
ہم نے الہام کیا	طرف کو	تیری والدہ	جو الہام کرنا تھا	کہ تو اسے ڈال	صندوق میں	پھر اسے ڈالدے	دریا میں

ہم نے تیری والدہ کو الہام کیا جو الہام کرنا تھا۔ کہ تو اسے صندوق میں ڈال، پھر صندوق دریا میں ڈال دے،

فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّيْ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ۭ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً

فَلْيُلْقِهِ	الْيَمُّ	بِالسَّاحِلِ	يَاْخُذْهُ	عَدُوٌّ لِّيْ	وَعَدُوٌّ لَّهٗ	وَ اَلْقَيْتُ	عَلَيْكَ	مَحَبَّةً
پھر اسے ڈالدے گا	دریا	ساحل پر	اسے لے گا	میرا دشمن	اور اس کا دشمن	اور میں نے ڈالدی	تجھ پر	محبّت

پھر دریا اسے ساحل پر ڈال دے گا، میرا اور اس کا دشمن اس کو لے لے گا (دریا سے نکال لے گا) اور میں نے ڈالدی تجھ پر محبت

مِّنِّيْ ڬ وَلِتُصْنَعَ عَلٰي عَيْنِيْ ﴿٣٩﴾ اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰي

مِّنِّيْ	وَلِتُصْنَعَ	عَلٰي	عَيْنِيْ	اِذْ	تَمْشِيْٓ	اُخْتُكَ	فَتَقُوْلُ	هَلْ اَدُلُّكُمْ	عَلٰي
اپنی طرف سے	تاکہ تو پرورش پائے	میری آنکھوں پر (میرے سامنے)		جب	جا رہی تھی	تیری بہن	تو وہ کہہ رہی تھی	کیا میں تمہیں بتاؤں	پر

اپنی طرف سے (کہ مخلوق تجھ سے محبت کرے) تاکہ تو میرے سامنے پرورش پائے۔ اور (یاد کر) جب تیری بہن جا رہی تھی تو فرعون سے کہہ رہی تھی کیا میں تمہیں (اس کا پتہ) بتاؤں

مَنْ يَّكْفُلُهٗ ۭ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ڛ وَقَتَلْتَ نَفْسًا

مَنْ	يَّكْفُلُهٗ	فَرَجَعْنٰكَ	اِلٰٓى	اُمِّكَ	كَيْ	تَقَرَّ	عَيْنُهَا	وَ لَا تَحْزَنَ	وَقَتَلْتَ	نَفْسًا
جو	اس کی پرورش کرے	پس ہم نے تجھے لوٹا دیا	طرف	تیری ماں	تاکہ ٹھنڈی ہو		اس کی آنکھ	اور وہ غم نہ کرے	اور تو نے قتل کر دیا	ایک شخص

جو اس کی پرورش کرے؟ پس ہم نے تجھے تیری ماں کی طرف لوٹا دیا، تاکہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ غم نہ کرے، اور تو نے ایک شخص کو قتل کر دیا

فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۵ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ۵ ثُمَّ

فَنَجَّيْنٰكَ	مِنَ الْغَمِّ	وَفَتَنّٰكَ	فُتُوْنًا	فَلَبِثْتَ	سِنِيْنَ	فِيْٓ	اَهْلِ مَدْيَنَ	ثُمَّ
تو ہم نے تجھے نجات دی	غم سے	اور تجھے آزمایا	کئی آزمائشیں	پھر تو ٹھہرا رہا	کئی سال	میں	مدین والے	پھر

تو ہم نے تجھے غم سے نجات دی، اور تجھے کئی آزمائشوں سے آزمایا، پھر تو کئی سال مدین والوں میں ٹھہرا رہا، پھر

جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ﴿٤٠﴾ وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ﴿٤١﴾ اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ

جِئْتَ	عَلٰى قَدَرٍ	يّٰمُوْسٰى	وَاصْطَنَعْتُكَ	لِنَفْسِيْ	اِذْهَبْ	اَنْتَ	وَاَخُوْكَ
تو آیا	وقتِ مقرر پر	اے موسےٰؑ	اور میں نے تجھے بنایا	خاص اپنے لئے	تو جا	تو	اور تیرا بھائی

اے موسیٰؑ! تو وقتِ مقرر پر (مطابق تقدیرِ الٰہی) آیا۔ اور میں نے تجھے خاص اپنے لئے بنایا۔ تم اور تمہارا بھائی دونوں جاؤ

بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ﴿٤٢﴾ اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿٤٣﴾ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا

بِاٰيٰتِيْ	وَلَا تَنِيَا	فِيْ ذِكْرِيْ	اِذْهَبَا	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	اِنَّهٗ	طَغٰى	فَقُوْلَا	لَهٗ	قَوْلًا لَّيِّنًا
میری نشانیوں کے ساتھ	اور سستی نہ کرنا	میری یاد میں	تم دونوں جاؤ	طرف۔ پاس	فرعون	بیشک وہ	سرکش ہوگیا	تم کہو	اس کو	نرم بات

میری نشانیوں کے ساتھ، اور میری یاد میں سستی نہ کرنا۔ تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ، بیشک وہ سرکش ہو گیا ہے۔ تم اس کو نرم بات کہو

لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿٤٤﴾ قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿٤٥﴾

لَعَلَّهٗ	يَتَذَكَّرُ	اَوْ	يَخْشٰى	قَالَا	رَبَّنَا	اِنَّنَا نَخَافُ	اَنْ يَّفْرُطَ	عَلَيْنَا	اَوْ	اَنْ يَّطْغٰى
شاید وہ	نصیحت پکڑلے	یا	وہ ڈر جائے	دونوں بولے	اے ہمارے رب	بیشک ہم ڈرتے ہیں	کہ وہ زیادتی کرے	ہم پر	یا	وہ حد سے بڑھے

شاید وہ نصیحت پکڑ لے یا ڈر جائے۔ وہ بولے، اے ہمارے رب! بیشک ہم ڈرتے ہیں کہ کہیں وہ ہم پر زیادتی (نہ) کرے یا حد سے (نہ) بڑھے۔

قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿٤٦﴾ فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ

قَالَ	لَا تَخَافَا	اِنَّنِيْ	مَعَكُمَا	اَسْمَعُ	وَاَرٰى	فَاْتِيٰهُ	فَقُوْلَا	اِنَّا رَسُوْلَا	رَبِّكَ
اس نے فرمایا	تم ڈرو نہیں	بیشک میں	تمہارے ساتھ ہوں	میں سنتا ہوں	اور میں دیکھتا ہوں	پس جاؤ اسکے پاس	اور تم کہو	بیشک ہم دونوں بھیجے ہوئے	تیرا رب

اس نے فرمایا تم ڈرو نہیں، بیشک میں تمہارے ساتھ ہوں، میں سنتا اور دیکھتا ہوں۔ پس اس کے پاس جاؤ اور کہو بیشک ہم دونوں تیرے رب کے بھیجے ہوئے ہیں

فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۵ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ؕ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ؕ

فَاَرْسِلْ	مَعَنَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	وَ لَا تُعَذِّبْهُمْ	قَدْ جِئْنٰكَ	بِاٰيَةٍ	مِنْ	رَّبِّكَ
پس بھیجدے	ہمارے ساتھ	بنی اسرائیل	اور انہیں سزا نہ دے	ہم تیرے پاس آئے ہیں	نشانی کے ساتھ	سے	تیرا رب

پس بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ بھیجدے اور انہیں سزا نہ دے، ہم تیرے پاس تیرے رب کی نشانی کے ساتھ آئے ہیں،

وَالسَّلٰمُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی ﴿۴۷﴾ اِنَّا قَدْ اُوْحِیَ اِلَیْنَآ اَنَّ الْعَذَابَ عَلٰی مَنْ كَذَّبَ

وَالسَّلٰمُ	عَلٰی	مَنِ	اتَّبَعَ	الْهُدٰی	اِنَّا	قَدْ اُوْحِیَ	اِلَیْنَآ	اَنَّ	الْعَذَابَ	عَلٰی	مَنْ كَذَّبَ
اور سلام	پر	جو جس	اس نے پیروی کی	ہدایت	بیشک	وحی کی گئی	ہماری طرف	کہ	عذاب	پر	جس نے جھٹلایا

اور سلام ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی۔ بیشک ہماری طرف وحی کی گئی ہے کہ عذاب ہے اس پر جس نے جھٹلایا

وَتَوَلّٰی ﴿۴۸﴾ قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا یٰمُوْسٰی ﴿۴۹﴾ قَالَ رَبُّنَا الَّذِیْٓ اَعْطٰی كُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ

وَتَوَلّٰی	قَالَ	فَمَنْ	رَّبُّكُمَا	یٰمُوْسٰی	قَالَ	رَبُّنَا	الَّذِیْٓ	اَعْطٰی	كُلَّ شَیْءٍ	خَلْقَهٗ
اور منہ پھیرا	اس نے کہا	پس کون	تمہارا رب	اے موسیٰؑ	اس نے کہا	ہمارا رب	جس نے	عطا کی	ہر چیز	اسکی شکل وصورت

اور منہ پھیرا۔ اس نے کہا اے موسیٰؑ! پس تمہارا رب کون ہے؟ موسیٰؑ نے کہا ہمارا ربّ ہے جس نے ہر چیز کو اسکی شکل و صورت عطا کی

ثُمَّ هَدٰی ﴿۵۰﴾ قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُوْنِ الْاُوْلٰی ﴿۵۱﴾ قَالَ عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّیْ فِیْ كِتٰبٍ

ثُمَّ	هَدٰی	قَالَ	فَمَا	بَالُ	الْقُرُوْنِ	الْاُوْلٰی	قَالَ	عِلْمُهَا	عِنْدَ	رَبِّیْ	فِیْ كِتٰبٍ
پھر	رہنمائی کی	اس نے کہا	پھر کیا	حال	جماعتیں	پہلی	اس نے کہا	اس کا علم	پاس	میرا رب	کتاب میں

پھر اس کی رہنمائی کی۔ اس نے کہا پھر پہلی جماعتوں کا کیا حال؟ موسیٰؑ نے کہا اس کا علم میرے رب کے پاس کتاب میں ہے

لَا یَضِلُّ رَبِّیْ وَلَا یَنْسَی ﴿۵۲﴾ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّسَلَكَ لَكُمْ

لَا یَضِلُّ	رَبِّیْ	وَ	لَا یَنْسَی	الَّذِیْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الْاَرْضَ	مَهْدًا	وَّسَلَكَ	لَكُمْ
وہ نہ غلطی کرتا ہے	میرا رب	اور	نہ وہ بھولتا ہے	وہ جس نے	بنایا	تمہارے لئے	زمین	بچھونا	اور چلائیں	تمہارے لئے

میرا رب نہ غلطی کرتا ہے' اور نہ بھولتا ہے۔ وہ جس نے تمہارے لئے زمین کو بچھونا بنایا، اور تمہارے لئے چلائیں

فِیْهَا سُبُلًا وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ؕ فَاَخْرَجْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْ نَّبَاتٍ شَتّٰی ﴿۵۳﴾

فِیْهَا	سُبُلًا	وَّاَنْزَلَ	مِنَ	السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجْنَا	بِهٖٓ	اَزْوَاجًا	مِّنْ	نَّبَاتٍ	شَتّٰی
اس میں	راہیں	اور اتارا	سے	آسمان	پانی	پھر ہم نے نکالے	اس سے	جوڑے (اقسام)	سے	سبزی	مختلف

اس میں راہیں، اور آسمان سے پانی اتارا، پھر ہم نے اس سے سبزی کی مختلف اقسام نکالیں۔

كُلُوْا وَارْعَوْا اَنْعَامَكُمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی النُّهٰی ﴿۵۴﴾ مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ

كُلُوْا	وَارْعَوْا	اَنْعَامَكُمْ	اِنَّ	فِیْ ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ	لِّاُولِی النُّهٰی	مِنْهَا	خَلَقْنٰكُمْ
تم کھاؤ	اور چراؤ	اپنے مویشی	بیشک	اس میں	نشانیاں	عقل والوں کے لئے	اس سے	ہم نے تمہیں پیدا کیا

تم کھاؤ اور اپنے مویشی چراؤ، بیشک اس میں عقل والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اس (زمین) سے ہم نے تمہیں پیدا کیا

وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَىٰ ۝٥٥ وَلَقَدْ أَرَيْنَاهُ آيَاتِنَا كُلَّهَا

وَفِيهَا	نُعِيدُكُمْ	وَمِنْهَا	نُخْرِجُكُمْ	تَارَةً أُخْرَىٰ	وَلَقَدْ أَرَيْنَاهُ	آيَاتِنَا	كُلَّهَا
اور اس میں	ہم لوٹا دیں گے تمہیں	اور اس سے	ہم نکالیں گے تمہیں	دوسری بار	اور ہم نے اسے دکھائیں	اپنی نشانیاں	تمام

اور اسی میں، ہم تمہیں لوٹا دیں گے، اور اسی سے ہم تمہیں دوسری بار نکالیں گے۔ اور ہم نے اُسے (فرعون کو) اپنی تمام نشانیاں دکھائیں

فَكَذَّبَ وَأَبَىٰ ۝٥٦ قَالَ أَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ أَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يَا مُوسَىٰ ۝٥٧ فَلَنَأْتِيَنَّكَ

فَكَذَّبَ	وَأَبَىٰ	قَالَ	أَجِئْتَنَا	لِتُخْرِجَنَا	مِنْ أَرْضِنَا	بِسِحْرِكَ	يَا مُوسَىٰ	فَلَنَأْتِيَنَّكَ
تو اس نے جھٹلایا	اور انکار کیا	اس نے کہا	کیا تو آیا ہے ہمارے پاس	کہ تو نکال دے ہمیں	ہماری زمین سے	اپنے جادو کے ذریعہ	اے موسیٰ	پس ضرور ہم تیرے مقابل لائیں گے

تو اس نے جھٹلایا اور انکار کیا۔ اس نے کہا اے موسیٰؑ! کیا تو ہمارے پاس آیا ہے کہ تو ہمیں اپنے جادو کے ذریعہ ہماری زمین (ملک) سے نکال دے پس ہم تیرے مقابل ضرور لائیں گے

بِسِحْرٍ مِثْلِهِ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَا نُخْلِفُهُ نَحْنُ وَلَا أَنْتَ

بِسِحْرٍ	مِثْلِهِ	فَاجْعَلْ	بَيْنَنَا	وَبَيْنَكَ	مَوْعِدًا	لَا نُخْلِفُهُ	نَحْنُ	وَلَا	أَنْتَ
ایک جادو	اس جیسا	پس مقرر کر	ہمارے درمیان	اور اپنے درمیان	ایک وعدہ (وقت)	ہم اسکے خلاف نہ کریں	ہم	اور نہ	تو

اس جیسا ایک جادو، پس ہمارے اور اپنے درمیان ایک وقت مقرر کر لے کہ نہ ہم اس کے خلاف کریں اور نہ تو،

مَكَانًا سُوًى ۝٥٨ قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّينَةِ وَأَنْ يُحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ۝٥٩ فَتَوَلَّىٰ

مَكَانًا سُوًى	قَالَ	مَوْعِدُكُمْ	يَوْمُ الزِّينَةِ	وَأَنْ	يُحْشَرَ	النَّاسُ	ضُحًى	فَتَوَلَّىٰ
ایک ہموار میدان	اس نے کہا	تمہارا وعدہ	زینت (میلے) کا دن	اور یہ کہ	جمع کئے جائیں	لوگ	دن چڑھے	پھر لوٹ گیا

ایک ہموار میدان (میں مقابلہ ہوگا)، موسیٰؑ نے کہا تمہارا وعدہ میلے کا دن ہے اور یہ کہ لوگ دن چڑھے جمع کئے جائیں - پھر لوٹ گیا

فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهُ ثُمَّ أَتَىٰ ۝٦٠ قَالَ لَهُمْ مُوسَىٰ وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوا عَلَى اللَّهِ

فِرْعَوْنُ	فَجَمَعَ	كَيْدَهُ	ثُمَّ	أَتَىٰ	قَالَ	لَهُمْ	مُوسَىٰ	وَيْلَكُمْ	لَا تَفْتَرُوا	عَلَى اللَّهِ
فرعون	اس نے جمع کیا	اپنا داؤ	پھر	وہ آیا	اس نے کہا	اُن سے	موسیٰؑ	خرابی تم پر	نہ گھڑو	اللہ پر

فرعونؑ سو اس نے اپنا داؤ (جادو کا سامان)، جمع کیا پھر آیا - موسیٰؑ نے ان سے کہا تم پر خرابی ہو، اللہ پر نہ گھڑو

كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۖ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَىٰ ۝٦١ فَتَنَازَعُوا أَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ

كَذِبًا	فَيُسْحِتَكُمْ	بِعَذَابٍ	وَقَدْ خَابَ	مَنِ افْتَرَىٰ	فَتَنَازَعُوا	أَمْرَهُمْ	بَيْنَهُمْ
جھوٹ	کہ وہ ہلاک کر دے تمہیں	عذاب سے	اور وہ نامراد ہوا	جس نے جھوٹ باندھا	تو وہ جھگڑنے لگے	اپنے کام میں	باہم

جھوٹ، کہ وہ تمہیں عذاب سے ہلاک کر دے، اور جس نے جھوٹ باندھا وہ نامراد ہوا۔ تو وہ (جادوگر) باہم اپنے کام میں جھگڑنے لگے

وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿۶۲﴾ قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰىنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ

وَاَسَرُّوا	النَّجْوٰى	قَالُوْا	اِنْ	هٰذٰىنِ	لَسٰحِرٰنِ	يُرِيْدٰنِ	اَنْ	يُّخْرِجٰكُمْ	مِّنْ	اَرْضِكُمْ
اور انہوں نے چھپ کیا	مشورہ	وہ کہنے لگے	تحقیق	یہ دونوں	البتہ جادوگر	یہ چاہتے ہیں	کہ تمہیں	نکال دیں	سے	تمہاری سرزمین

اور انہوں نے چھپ کر مشورہ کیا۔ وہ کہنے لگے تحقیق یہ دونوں جادوگر ہیں، یہ چاہتے ہیں کہ تمہیں تمہاری سرزمین سے نکال دیں

بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿۶۳﴾ فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ

بِسِحْرِهِمَا	وَيَذْهَبَا	بِطَرِيْقَتِكُمُ	الْمُثْلٰى	فَاَجْمِعُوْا	كَيْدَكُمْ	ثُمَّ	ائْتُوْا	صَفًّا
اپنے جادو کے ذریعہ	اور وہ لے جائیں	تمہارا طریقہ	اچھا	لہٰذا اکٹھا کر لو تم	اپنے داؤ	پھر	تم آؤ	صف باندھ کر

اپنے جادو کے ذریعہ، اور تمہارا اچھا طریقہ لے جائیں (نابود کر دیں)۔ لہٰذا تم اپنے داؤ اکٹھے کر لو، پھر صف باندھ کر آؤ

وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿۶۴﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ

وَقَدْ اَفْلَحَ	الْيَوْمَ	مَنِ	اسْتَعْلٰى	قَالُوْا	يٰمُوْسٰى	اِمَّآ	اَنْ	تُلْقِيَ	وَاِمَّآ	اَنْ نَّكُوْنَ
اور تحقیق کامیاب ہوگا	آج	جو	غالب رہا	وہ بولے	اے موسیٰؑ	یا تو	یہ کہ تو ڈالے		اور یا	یہ کہ ہم ہوں

اور تحقیق آج وہی کامیاب ہوگا جو غالب رہا۔ وہ بولے اے موسیٰؑ! یا تو پہلے (اپنا داؤ) ڈال یا ہم

اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿۶۵﴾ قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ

اَوَّلَ	مَنْ	اَلْقٰى	قَالَ	بَلْ	اَلْقُوْا	فَاِذَا	حِبَالُهُمْ	وَعِصِيُّهُمْ	يُخَيَّلُ	اِلَيْهِ
پہلے	جو	ڈالیں	اس نے کہا	بلکہ	تم ڈالو	تو ناگہاں	ان کی رسیاں	اور انکی لاٹھیاں	خیال میں آئیں	اس کے

پہلے ڈالیں۔ اس نے کہا (نہیں) بلکہ تم ڈالو، تو ناگہاں ان کی رسیاں اور ان کی لاٹھیاں اُس (موسیٰؑ) کے خیال میں آ گئیں (ایسے نمودار ہوئیں)

مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿۶۶﴾ فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿۶۷﴾ قُلْنَا

مِنْ	سِحْرِهِمْ	اَنَّهَا	تَسْعٰى	فَاَوْجَسَ	فِيْ نَفْسِهٖ	خِيْفَةً	مُّوْسٰى	قُلْنَا
سے	ان کا جادو	کہ وہ	دوڑ رہی ہیں	تو پایا (محسوس کیا)	اپنے دل میں	کچھ خوف	موسیٰؑ	ہم نے کہا

ان کے جادو سے گویا کہ وہ دوڑ رہی ہیں۔ تو موسیٰؑ نے اپنے دل میں کچھ خوف محسوس کیا۔ ہم نے کہا

لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى ﴿۶۸﴾ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۗ اِنَّمَا

لَا تَخَفْ	اِنَّكَ	اَنْتَ	الْاَعْلٰى	وَاَلْقِ	مَا	فِيْ يَمِيْنِكَ	تَلْقَفْ	مَا صَنَعُوْا	اِنَّمَا
تم ڈرو نہیں	بیشک تم	تم ہی	غالب	اور ڈالو	جو	تمہارے دائیں ہاتھ میں	وہ نگل جائے گا	جو انہوں نے بنایا	بیشک

تم ڈرو نہیں، بیشک تم ہی غالب رہوگے۔ اور جو تمہارے دائیں ہاتھ میں ہے ڈالو وہ نگل جائے گا جو کچھ انہوں نے بنایا ہے، بیشک

صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ﴿٦٩﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا

صَنَعُوْا	كَيْدُ	سٰحِرٍ	وَلَا يُفْلِحُ	السّٰحِرُ	حَيْثُ	اَتٰى	فَاُلْقِيَ	السَّحَرَةُ	سُجَّدًا
انہوں نے بنایا	فریب	جادوگر	اور کامیاب نہیں ہوگا	جادوگر	جہاں (کہیں)	وہ آئے	پس ڈال دیئے گئے	جادوگر	سجدہ میں

(جو کچھ) انہوں نے بنایا ہے جادو کا فریب ہے اور جادوگر کہیں آئے وہ کامیاب نہیں ہوتا۔ پس جادوگر سجدہ میں ڈال دیئے گئے (گر پڑے)

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ﴿٧٠﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ؕ اِنَّهٗ

قَالُوْٓا	اٰمَنَّا	بِرَبِّ	هٰرُوْنَ	وَمُوْسٰى	قَالَ	اٰمَنْتُمْ	لَهٗ	قَبْلَ	اَنْ اٰذَنَ	لَكُمْ	اِنَّهٗ
وہ بولے	ہم ایمان لائے	رب پر	ہارونؑ	اور موسےٰؑ	اس نے کہا	تم ایمان لائے	اس پر	پہلے	کہ میں اجازت دوں	تمہیں	بیشک وہ

وہ بولے ہم ہارونؑ اور موسیٰؑ کے رب پر ایمان لائے۔ فرعون نے کہا تم اس پر ایمان لے آئے (اس سے) پہلے کہ میں تمہیں اجازت دوں بیشک وہ (موسیٰؑ)

لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ

لَكَبِيْرُكُمُ	الَّذِيْ	عَلَّمَكُمُ	السِّحْرَ	فَلَاُقَطِّعَنَّ	اَيْدِيَكُمْ	وَاَرْجُلَكُمْ	مِّنْ خِلَافٍ
تمہارا بڑا	وہ جس نے	تمہیں سکھایا	جادو	پس میں ضرور کاٹوں گا	تمہارے ہاتھ	اور تمہارے پاؤں	دوسری طرف سے

تمہارا بڑا ہے جس نے تمہیں جادو سکھایا ہے پس میں ضرور کاٹ ڈالوں گا تمہارے ہاتھ پاؤں (جانب) خلاف سے (ایک طرف کا ہاتھ دوسری طرف کا پاؤں)

وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ فِيْ جُذُوْعِ النَّخْلِ ۫ وَلَتَعْلَمُنَّ اَيُّنَآ اَشَدُّ عَذَابًا وَّاَبْقٰى ﴿٧١﴾

وَ	لَاُوصَلِّبَنَّكُمْ	فِيْ	جُذُوْعِ النَّخْلِ	وَلَتَعْلَمُنَّ	اَيُّنَا	اَشَدُّ	عَذَابًا	وَّاَبْقٰى
اور	میں تمہیں ضرور سولی دوں گا	میں۔ پر	کھجور کے تنے	اور تم خوب جان لوگے	ہم میں کون	زیادہ سخت	عذاب میں	اور زیادہ دیر رہنے والا

اور میں ضرور تمہیں کھجور کے تنوں پر سولی دوں گا، اور تم خوب جان لوگے ہم میں کون عذاب میں سخت ہے اور تا دیر رہنے والا ہے۔

قَالُوْا لَنْ نُّؤْثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالَّذِيْ فَطَرَنَا فَاقْضِ مَآ

قَالُوْا	لَنْ نُّؤْثِرَكَ	عَلٰى	مَا جَآءَنَا	مِنَ	الْبَيِّنٰتِ	وَالَّذِيْ فَطَرَنَا	فَاقْضِ	مَا
انہوں نے کہا	ہم ہرگز تجھے ترجیح نہ دیں گے	پر	جو ہمارے پاس آئے		واضح دلائل سے	اور وہ جس نے ہمیں پیدا کیا	پس تو کر گزر	جو

انہوں نے کہا ہم تجھے ہرگز ترجیح نہ دیں گے اُن واضح دلائل سے جو ہمارے پاس آئے ہیں اور اس پر جس نے ہمیں پیدا کیا ہے پس تو کر گزر جو

اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٧٢﴾ ؕ اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا

اَنْتَ	قَاضٍ	اِنَّمَا	تَقْضِيْ	هٰذِهِ	الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا	اِنَّآ اٰمَنَّا	بِرَبِّنَا	لِيَغْفِرَ لَنَا	خَطٰيٰنَا
تو	کرنے والا	اس کے سوا نہیں	تو کرے گا	اس	دنیا کی زندگی	بیشک ہم ایمان لائے	اپنے رب پر	کہ وہ بخشدے	ہماری خطائیں

تو کرنے والا ہے، اس کے سوا نہیں کہ تو (صرف) اس دنیا کی زندگی میں کرے گا۔ بیشک ہم اپنے رب پر ایمان لائے کہ وہ ہماری خطائیں بخشدے

وَمَآ اَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ

وَمَا	اَكْرَهْتَنَا	عَلَيْهِ	مِنَ	السِّحْرِ	وَاللّٰهُ	خَيْرٌ	وَّاَبْقٰى	اِنَّهٗ	مَنْ يَّاْتِ	رَبَّهٗ
اور جو	تونے ہمیں مجبور کیا	اس پر	سے	جادو	اور اللہ	بہتر	اور ہمیشہ باقی رہنے والا	بیشک وہ	جو آیا	اپنے رب کے سامنے

اور اس کے بارے میں جو تونے ہمیں جادو سے مجبور کیا، اور اللہ بہتر ہے اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے۔ بیشک وہ جو اپنے رب کے سامنے آیا

مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝ وَمَنْ يَّاْتِهٖ مُؤْمِنًا

مُجْرِمًا	فَاِنَّ	لَهٗ	جَهَنَّمَ	لَا يَمُوْتُ	فِيْهَا	وَ	لَا يَحْيٰى	وَمَنْ	يَّاْتِهٖ	مُؤْمِنًا
مجرم بن کر	تو بیشک	اس کے لئے	جہنم	نہ وہ مرے گا	اس میں	اور	نہ جیئے گا	اور جو	اسکے پاس آیا	مومن بن کر

مجرم بن کر تو بیشک اس کے لئے جہنم ہے نہ وہ اس میں مرے گا، اور نہ جیئے گا۔ اور جو اس کے پاس مومن بن کر آیا

قَدْ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى ۝ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ

قَدْ عَمِلَ	الصّٰلِحٰتِ	فَاُولٰۗىِٕكَ	لَهُمُ	الدَّرَجٰتُ	الْعُلٰى	جَنّٰتُ	عَدْنٍ	تَجْرِيْ
اس نے کئے عمل	اچھے	پس یہی لوگ	ان کے لئے	درجے	بلند	باغات	ہمیشہ رہنے والے	جاری ہیں

اور اس نے اچھے عمل کئے، پس یہی لوگ ہیں جن کے لئے درجے بلند ہیں، ہمیشہ رہنے والے باغات، جاری ہیں

٣ ع ٢٢ ١٢

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزٰۗؤُا مَنْ تَزَكّٰى ۝ وَلَقَدْ اَوْحَيْنَآ

مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	وَذٰلِكَ	جَزٰۗؤُا	مَنْ	تَزَكّٰى	وَلَقَدْ اَوْحَيْنَا
ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور یہ	جزا ہے	جو	پاک ہوا	اور تحقیق ہم نے وحی کی

ان کے نیچے نہریں، ان میں ہمیشہ رہیں گے، اور یہ جزا ہے (اس کی)، جو پاک ہوا۔ اور تحقیق ہم نے وحی کی

اِلٰى مُوْسٰٓى ۥ اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْ فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا فِي الْبَحْرِ يَبَسًا ۙ لَّا

اِلٰى	مُوْسٰى	اَنْ اَسْرِ	بِعِبَادِيْ	فَاضْرِبْ	لَهُمْ	طَرِيْقًا	فِي الْبَحْرِ	يَبَسًا	لَا
طرف۔ کو	موسیٰؑ	کہ راتوں رات لے جا	میرے بندے	پس بنا لینا	ان کے لئے	راستہ	دریا میں	خشک	نہ

موسیٰؑ کو کہ راتوں رات میرے بندوں کو (نکال) لے جا، ان کے لئے دریا میں (عصا مار کر) خشک راستہ بنا لینا، نہ

تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخْشٰى ۝ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ بِجُنُوْدِهٖ فَغَشِيَهُمْ مِّنَ الْيَمِّ

تَخٰفُ	دَرَكًا	وَلَا تَخْشٰى	فَاَتْبَعَهُمْ	فِرْعَوْنُ	بِجُنُوْدِهٖ	فَغَشِيَهُمْ	مِنَ الْيَمِّ
خوف ہوگا	پکڑنا	اور نہ ڈر	پھر ان کا پیچھا کیا	فرعون	اپنے لشکر کے ساتھ	انہیں ڈھانپ لیا	دریا سے

تجھے پکڑنے کا خوف ہوگا اور نہ (غرق ہونے کا) ڈر ہوگا۔ پھر فرعون نے اپنے لشکر کے ساتھ ان کا پیچھا کیا تو انہیں دریا (کی موجوں) نے ڈھانپ لیا،

مَا غَشِيَهُمْ ﴿۷۸﴾ وَاَضَلَّ فِرْعَوْنُ قَوْمَهٗ وَمَا هَدٰى ﴿۷۹﴾ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ قَدْ

مَا غَشِيَهُمْ	وَاَضَلَّ	فِرْعَوْنُ	قَوْمَهٗ	وَمَا هَدٰى	يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	قَدْ
جیسا کہ ان کو ڈھانپ لیا	اور گمراہ کیا	فرعون	اپنی قوم	اور نہ ہدایت دی	اے بنی اسرائیل	تحقیق

جیسا کہ ڈھانپ لیا (بالکل غرق کر دیا) اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کیا اور ہدایت نہ دی۔ اے بنی اسرائیل (اولادِ یعقوب)! تحقیق

اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ عَدُوِّكُمْ وَوٰعَدْنٰكُمْ جَانِبَ الطُّوْرِ الْاَيْمَنَ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ

اَنْجَيْنٰكُمْ	مِّنْ	عَدُوِّكُمْ	وَوٰعَدْنٰكُمْ	جَانِبَ	الطُّوْرِ	الْاَيْمَنَ	وَنَزَّلْنَا	عَلَيْكُمُ	الْمَنَّ
ہمنے تمہیں نجات دی	سے	تمہارا دشمن	اور ہم نے تم سے وعدہ کیا	جانب	کوہ طور	دائیں	اور ہم نے اتارا	تم پر	من

ہم نے تمہارے دشمن سے تمہیں نجات دی اور کوہِ طور کے دائیں جانب تم سے (توریت عطا کرنے کا) وعدہ کیا اور ہم نے تم پر اتارا "من"

وَالسَّلْوٰى ﴿۸۰﴾ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ

وَ	السَّلْوٰى	كُلُوْا	مِنْ	طَيِّبٰتِ	مَا رَزَقْنٰكُمْ	وَ	لَا تَطْغَوْا	فِيْهِ	فَيَحِلَّ	عَلَيْكُمْ
اور	سلوی	تم کھاؤ	سے	پاکیزہ چیزیں	جو ہم نے تمہیں دیا	اور	نہ سرکشی کرو	اس میں	کہ اترے گا	تم پر

اور "سلوی"۔ جو ہم نے تمہیں دیا اس میں سے پاکیزہ چیزیں کھاؤ، اور اس میں سرکشی نہ کرو کہ تم پر اُترے

غَضَبِيْ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ﴿۸۱﴾ وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ

غَضَبِيْ	وَمَنْ	يَّحْلِلْ	عَلَيْهِ	غَضَبِيْ	فَقَدْ هَوٰى	وَاِنِّيْ	لَغَفَّارٌ	لِّمَنْ	تَابَ
میرا غضب	اور جو	اُترا	اس پر	میرا غضب	تو وہ گرا (نیست و نابود ہوا)	اور بیشک میں	بڑا بخشنے والا	اسکو جو جس	توبہ کی

میرا غضب، اور جس پر میرا غضب اُترا تو وہ نیست (و نابود ہوا)۔ اور بیشک میں بڑا بخشنے والا ہوں اس کو جس نے توبہ کی،

وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ﴿۸۲﴾ وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ﴿۸۳﴾

وَاٰمَنَ	وَعَمِلَ	صَالِحًا	ثُمَّ	اهْتَدٰى	وَمَا	اَعْجَلَكَ	عَنْ قَوْمِكَ	يٰمُوْسٰى
اور وہ ایمان لایا	اور اس نے عمل کیا	نیک	پھر	ہدایت پر رہا	اور کیا (چیز)	تجھے جلد لائی	اپنی قوم سے	اے موسیٰؑ

اور وہ ایمان لایا اور اس نے عمل کیا نیک، پھر ہدایت پر رہا۔ اور اے موسیٰؑ! اور کیا چیز تجھے اپنی قوم سے جلد لائی (کیوں جلدی کی)؟

قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى اَثَرِيْ وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿۸۴﴾ قَالَ فَاِنَّا قَدْ

قَالَ	هُمْ	اُولَآءِ	عَلٰٓى اَثَرِيْ	وَعَجِلْتُ	اِلَيْكَ	رَبِّ	لِتَرْضٰى	قَالَ	فَاِنَّا	قَدْ
اس نے کہا	وہ	یہ ہیں	میرے پیچھے	اور میں نے جلدی کی	تیری طرف	اے میرے رب	تاکہ تو راضی ہو	اس نے کہا	پس ہم نے	تحقیق

اس نے کہا وہ یہ میرے پیچھے (آ رہے ہیں) میں نے تیری طرف (آنے میں) جلدی کی تاکہ تو راضی ہو۔ اس نے کہا پس ہم نے تحقیق

فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ﴿٨٥﴾ فَرَجَعَ مُوْسٰى اِلٰى قَوْمِهٖ

فَتَنَّا	قَوْمَكَ	مِنْ بَعْدِكَ	وَاَضَلَّهُمُ	السَّامِرِيُّ	فَرَجَعَ	مُوْسٰى	اِلٰى قَوْمِهٖ
آزمائش میں ڈالا	تیری قوم	تیرے بعد	اور انہیں گمراہ کیا	سامری	پس لوٹا	موسیٰؑ	اپنی قوم کی طرف

تیری قوم کو آزمائش میں ڈالا، اور انہیں سامری نے گمراہ کیا۔ پس موسیٰؑ اپنی قوم کی طرف لوٹے،

غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۚ اَفَطَالَ

غَضْبَانَ	اَسِفًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اَ لَمْ يَعِدْكُمْ	رَبُّكُمْ	وَعْدًا حَسَنًا	اَفَطَالَ
غصہ میں بھرا ہوا	افسوس کرتا	اس نے کہا	اے میری قوم	کیا تم سے وعدہ نہیں کیا تھا	تمہارا رب	اچھا وعدہ	کیا طویل ہو گئی

غصہ میں بھرے ہوئے، افسوس کرتے ہوئے، کہا اے میری قوم! کیا تم سے تمہارے ربّ نے اچھا وعدہ نہیں کیا تھا؟ کیا طویل ہو گئی

عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ

عَلَيْكُمُ	الْعَهْدُ	اَمْ اَرَدْتُّمْ	اَنْ يَّحِلَّ	عَلَيْكُمْ	غَضَبٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	فَاَخْلَفْتُمْ
تم پر	مدّت	یا تم نے چاہا	کہ اترے	تم پر	غضب	سے۔ کا	تمہارا رب	پھر تم نے خلاف کیا

تم پر (میری جدائی کی) مدّت؟ یا تم نے چاہا کہ تم پر تمہارے رب کا غضب اُترے؟ پھر تم نے خلاف کیا

مَّوْعِدِيْ ﴿٨٦﴾ قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا

مَّوْعِدِيْ	قَالُوْا	مَآ اَخْلَفْنَا	مَوْعِدَكَ	بِمَلْكِنَا	وَلٰكِنَّا	حُمِّلْنَآ	اَوْزَارًا
میرا وعدہ	وہ بولے	ہم نے خلاف نہیں کیا	تمہارا وعدہ	اپنے اختیار سے	اور لیکن (بلکہ)	ہم پر لادا گیا	بوجھ

میرے وعدہ کے (وعدہ خلافی کی)۔ وہ بولے ہم نے اپنے اختیار سے تمہارے وعدہ کے خلاف نہیں کیا، بلکہ ہم پر بوجھ لادا گیا

مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ ﴿٨٧﴾ فَاَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا

مِّنْ	زِيْنَةِ الْقَوْمِ	فَقَذَفْنٰهَا	فَكَذٰلِكَ	اَلْقَى	السَّامِرِيُّ	فَاَخْرَجَ	لَهُمْ	عِجْلًا
سے۔ کا	قوم کا زیور	تو ہم نے اسے ڈال دیا	پھر اسی طرح	ڈالا	سامری	پھر اس نے نکالا	ان کے لئے	ایک بچھڑا

(فرعون) کی قوم کے زیور کا، تو ہم نے اُسے (آگ میں) ڈال دیا، پھر اسی طرح سامری نے ڈالا۔ پھر اس نے ان کے لئے ایک بچھڑا نکالا (بنایا)

جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ فَقَالُوْا هٰذَآ اِلٰهُكُمْ وَاِلٰهُ مُوْسٰى ۥ فَنَسِيَ ﴿٨٨﴾ اَفَلَا يَرَوْنَ

جَسَدًا	لَّهٗ	خُوَارٌ	فَقَالُوْا	هٰذَآ	اِلٰهُكُمْ	وَاِلٰهُ	مُوْسٰى	فَنَسِيَ	اَفَلَا يَرَوْنَ
ایک قالب	اسکے لئے	گائے کی آواز	پھر انہوں نے کہا	یہ	تمہارا معبود	اور معبود	موسیٰؑ	پھر وہ بھول گیا	پس کیا وہ نہیں دیکھتے

(گویا) ایک قالب جس کی آواز گائے کی تھی، پھر انہوں نے کہا یہ تمہارا معبود ہے اور موسیٰؑ کا معبود ہے، وہ (موسیٰؑ) تو بھول گیا ہے۔ بھلا کیا وہ نہیں دیکھتے؟

ع ١٣ ١٣

أَلَّا يَرْجِعُ إِلَيْهِمْ قَوْلًا ۙ وَلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا ﴿٨٩﴾ وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ

أَلَّا يَرْجِعُ	إِلَيْهِمْ	قَوْلًا	وَ	لَا يَمْلِكُ	لَهُمْ	ضَرًّا	وَ	لَا نَفْعًا	وَ	لَقَدْ قَالَ	لَهُمْ
کہ وہ نہیں پھیرتا	ان کی طرف	بات (جواب)	اور	اختیار نہیں رکھتا	ان کے	نقصان	اور	نہ نفع	اور	تحقیق کہا	ان سے

کہ وہ (بچھڑا) ان کی طرف بات نہیں پھیرتا (ان کو جواب نہیں دیتا) نہ اُن کے نقصان کا اختیار رکھتا ہے اور نہ نفع کا۔ اور تحقیق ان سے

هَارُونُ مِن قَبْلُ يَا قَوْمِ إِنَّمَا فُتِنتُم بِهِ ۖ وَإِنَّ رَبَّكُمُ الرَّحْمَٰنُ فَاتَّبِعُونِي

هَارُونُ	مِن قَبْلُ	يَا قَوْمِ	إِنَّمَا	فُتِنتُم	بِهِ	وَإِنَّ	رَبَّكُمُ	الرَّحْمَٰنُ	فَاتَّبِعُونِي
ہارونؑ	اس سے پہلے	اے میری قوم	اسکے سوا نہیں	تم آزمائے گئے	اس سے	اور بیشک	تمہارا رب	"رحمٰن" ہے	سو میری پیروی کرو

ہارونؑ نے اس سے پہلے کہا تھا کہ اے میری قوم! اس کے سوا نہیں کہ تم اس سے آزمائے گئے ہو اور بیشک تمہارا رب "رحمٰن" ہے سو میری پیروی کرو

وَأَطِيعُوا أَمْرِي ﴿٩٠﴾ قَالُوا لَن نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عَاكِفِينَ حَتَّىٰ يَرْجِعَ إِلَيْنَا مُوسَىٰ ﴿٩١﴾

وَأَطِيعُوا	أَمْرِي	قَالُوا	لَن نَّبْرَحَ	عَلَيْهِ	عَاكِفِينَ	حَتَّىٰ	يَرْجِعَ	إِلَيْنَا	مُوسَىٰ
اور اطاعت کرو (مانو)	میری بات	انہوں نے کہا	ہم ہرگز جدا نہ ہونگے	اس پر	جمے ہوئے	یہانتک کہ	لوٹے	ہماری طرف	موسیٰؑ

اور میری بات مانو، انہوں نے کہا ہم ہرگز اس سے جدا نہ ہونگے جمے ہوئے (بیٹھے رہیں گے) یہاں تک کہ موسیٰؑ ہماری طرف لوٹے۔

قَالَ يَا هَارُونُ مَا مَنَعَكَ إِذْ رَأَيْتَهُمْ ضَلُّوا ﴿٩٢﴾ أَلَّا تَتَّبِعَنِ ۖ أَفَعَصَيْتَ أَمْرِي ﴿٩٣﴾

قَالَ	يَا هَارُونُ	مَا مَنَعَكَ	إِذْ	رَأَيْتَهُمْ	ضَلُّوا	أَلَّا تَتَّبِعَنِ	أَفَعَصَيْتَ	أَمْرِي
اس نے کہا	اے ہارونؑ	تجھے کس چیز نے روکا	جب	تونے دیکھا انہیں	وہ گمراہ ہوگئے	کہ تو نہ میری پیروی کرے	تو کیا تونے نافرمانی کی	میرا یہ حکم

اس (موسیٰؑ) نے کہا اے ہارونؑ! جب تو نے دیکھا وہ گمراہ ہو گئے ہیں تجھے کس چیز نے میری پیروی کرنے سے روکا؟ تو کیا تو نے میرے حکم کی نافرمانی کی؟

قَالَ يَبْنَؤُمَّ لَا تَأْخُذْ بِلِحْيَتِي وَلَا بِرَأْسِي ۖ إِنِّي خَشِيتُ أَن تَقُولَ فَرَّقْتَ

قَالَ	يَبْنَؤُمَّ	لَا تَأْخُذْ	بِلِحْيَتِي	وَ	لَا بِرَأْسِي	إِنِّي	خَشِيتُ	أَن تَقُولَ	فَرَّقْتَ
اس نے کہا	اے میرے ماں جائے	نہ پکڑیں	مجھے داڑھی سے	اور	نہ سر سے	بیشک میں	ڈرا	کہ تم کہو گے	تونے تفرقہ ڈالدیا

اس نے کہا اے میرے ماں جائے! مجھے داڑھی سے اور نہ سر (کے بالوں) سے پکڑیں، بیشک میں ڈرا کہ تم کہو گے کہ تو نے تفرقہ ڈال دیا

بَيْنَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَلَمْ تَرْقُبْ قَوْلِي ﴿٩٤﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكَ يَا سَامِرِيُّ ﴿٩٥﴾

بَيْنَ	بَنِي إِسْرَائِيلَ	وَ	لَمْ تَرْقُبْ	قَوْلِي	قَالَ	فَمَا	خَطْبُكَ	يَا سَامِرِيُّ
درمیان	بنی اسرائیل	اور	نہ خیال رکھا	میری بات	اس نے کہا	پس کیا	تیرا حال	اے سامری

بنی اسرائیل کے درمیان، اور میری بات کا خیال نہ رکھا (پھر موسیٰؑ نے سامری سے) کہا اے سامری! تیرا کیا حال ہے؟

قَالَ بَصُرْتُ بِمَا لَمْ يَبْصُرُوْا بِهٖ فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ اَثَرِ الرَّسُوْلِ فَنَبَذْتُهَا

قَالَ	بَصُرْتُ	بِمَا	لَمْ يَبْصُرُوْا	بِهٖ	فَقَبَضْتُ	قَبْضَةً	مِّنْ	اَثَرِ الرَّسُوْلِ	فَنَبَذْتُهَا
وہ بولا	میں نے دیکھا	وہ جوکہ	انہوں نے نہ دیکھا	اس کو	پس میں نے مٹھی بھرلی	ایک مٹھی	سے	فرشتہ کا نقشِ قدم	تو میں نے وہ ڈالدی

وہ بولا میں نے وہ دیکھا جس کو انہوں نے نہیں دیکھا ، پس میں نے فرشتے کے نقشِ قدم سے ایک مٹھی بھرلی تو میں نے وہ دبچھڑے کے قالب میں) ڈالدی

وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتْ لِیْ نَفْسِیْ ﴿٩٦﴾ قَالَ فَاذْهَبْ فَاِنَّ لَكَ فِی الْحَیٰوةِ اَنْ تَقُوْلَ لَا

وَكَذٰلِكَ	سَوَّلَتْ	لِیْ	نَفْسِیْ	قَالَ	فَاذْهَبْ	فَاِنَّ لَكَ	فِی الْحَیٰوةِ	اَنْ	تَقُوْلَ	لَا
اور اسی طرح	پھسلایا	مجھے	میرا نفس	اس نے کہا	پس تو جا	بیشک تیرے لئے	زندگی میں	کہ	تو کہے	نہ

اور اسی طرح میرے نفس نے مجھے پھسلایا ۔ موسیٰؑ نے کہا بس تو جا بیشک تیرے لئے زندگی میں (یہ سزا) ہے تو کہتا پھرے کہ نہ

مِسَاسَ وَاِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَّنْ تُخْلَفَهٗ وَانْظُرْ اِلٰۤی اِلٰهِكَ الَّذِیْ ظَلْتَ عَلَیْهِ

مِسَاسَ	وَاِنَّ	لَكَ	مَوْعِدًا	لَنْ تُخْلَفَهٗ	وَانْظُرْ	اِلٰی	اِلٰهِكَ	الَّذِیْ	ظَلْتَ	عَلَیْهِ
چھونا (ہاتھ لگانا)	اور بیشک	تیرے لئے	ایک وقت مقرر	ہرگز تجھ سے خلاف نہ ہوگا	اور دیکھ	طرف	اپنے معبود	وہ جس	تو رہتا تھا	اس پر

چھونا مجھے اور بیشک تیرے لئے ایک وقتِ مقرر ہے ، ہرگز تجھ سے خلاف نہ ہوگا (نہ ٹلے گا) ، اور اپنے معبود کی طرف دیکھ جس پر تو (بیٹھا) رہتا تھا

عَاكِفًا ؕ لَنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ فِی الْیَمِّ نَسْفًا ﴿٩٧﴾ اِنَّمَاۤ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ

عَاكِفًا	لَنُحَرِّقَنَّهٗ	ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ	فِی الْیَمِّ	نَسْفًا	اِنَّمَا	اِلٰهُكُمُ	اللّٰهُ	الَّذِیْ
جما ہوا	ہم اسے البتہ جلائیں گے	پھر البتہ اسے بکھیر دیں گے	دریا میں	اُڑا کر	اس کے سوا نہیں	تمہارا معبود	اللہ	وہ جو

جس میں ہم نے برکت دی، اور ہم ہر شے کو جاننے والے ہیں۔ اور شیطانوں میں سے (مسخر کئے) جو غوطہ لگاتے تھے

لَهٗ وَيَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۲﴾ وَاَيُّوْبَ

لَهٗ	وَيَعْمَلُوْنَ	عَمَلًا	دُوْنَ ذٰلِكَ	وَكُنَّا	لَهُمْ	حٰفِظِيْنَ	وَ	اَيُّوْبَ
اسکے لئے	اور کرتے تھے وہ	کام	اس کے سوا	اور ہم تھے	ان کے لئے	سنبھالنے والے	اور	ایوبؑ

اس کے لئے، اور اس کے سواوہ اور کام (بھی) کرتے تھے، اور ہم ان کو سنبھالنے والے تھے ۔ اور ایوبؑ کو

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۸۳﴾ فَاسْتَجَبْنَا

اِذْ نَادٰى	رَبَّهٗ	اَنِّيْ	مَسَّنِيَ	الضُّرُّ	وَاَنْتَ	اَرْحَمُ	الرّٰحِمِيْنَ	فَاسْتَجَبْنَا
جب اس نے پکارا	اپنا رب	کہ میں	مجھے پہنچی ہے	تکلیف	اور تو	سب سے بڑا رحم کرنیوالا	رحم کرنے والے	تو ہم نے قبول کر لی

(یاد کرو) جب اس نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے تکلیف پہنچی ہے اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بڑا رحم کرنے والا ہے۔ تو ہم نے قبول کر لی

لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ

لَهٗ	فَكَشَفْنَا	مَا	بِهٖ	مِنْ ضُرٍّ	وَاٰتَيْنٰهُ	اَهْلَهٗ	وَمِثْلَهُمْ	مَعَهُمْ	رَحْمَةً	مِنْ
اس کی	پس ہم نے کھول دی	جو	اس کو	تکلیف	اور ہم نے دیئے اسے	اسکے گھر والے	اور ان جیسے	ان کے ساتھ	رحمت (فرما کر)	سے

اس کی (دعا)، پس اسے جو تکلیف تھی ہم نے کھول دی (دور کر دی) اور ہم نے اسے اس کے گھر والے دیئے، اور ان کے ساتھ اُن جیسے (اور بھی) رحمت فرما کر

عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ۭ كُلٌّ مِّنَ

عِنْدِنَا	وَذِكْرٰى	لِلْعٰبِدِيْنَ	وَاِسْمٰعِيْلَ	وَاِدْرِيْسَ	وَذَا الْكِفْلِ	كُلٌّ	مِنَ
اپنے پاس	اور نصیحت	عبادت کرنے والوں کے لئے	اور اسمٰعیلؑ	اور ادریسؑ	اور ذوالکفل	یہ سب	سے

اپنے پاس سے، اور عبادت کرنے والوں کے لئے نصیحت۔ اور اسمٰعیلؑ، اور ادریسؑ اور ذوالکفلؑ، یہ سب

الصّٰبِرِيْنَ ﴿٨٥﴾ وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ۭ اِنَّهُمْ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٦﴾ وَ

الصّٰبِرِيْنَ	وَ	اَدْخَلْنٰهُمْ	فِيْ رَحْمَتِنَا	اِنَّهُمْ	مِّنَ	الصّٰلِحِيْنَ	وَ
صبر کرنے والے	اور	ہم نے داخل کیا انہیں	اپنی رحمت میں	بیشک وہ	سے	نیکوکار (جمع)	اور

صبر کرنے والوں میں سے تھے۔ اور ہم نے انہیں اپنی رحمت میں داخل کیا، بیشک وہ نیکوکاروں میں سے تھے۔ اور (یاد کرو)

ذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ

ذَا النُّوْنِ	اِذْ	ذَّهَبَ	مُغَاضِبًا	فَظَنَّ	اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ	عَلَيْهِ	فَنَادٰى	فِي الظُّلُمٰتِ
ذوالنون (مچھلی والا)	جب	چلا وہ	غصہ میں بھر کر	پس گمان کیا اس نے	کہ ہم ہرگز تنگی نہ کریں گے	اس پر	تو اس نے پکارا	اندھیروں میں

جب مچھلی والے (یونسؑ اپنی قوم سے) غصہ میں بھر کر چل دیئے پس اس نے گمان کیا کہ ہم ہرگز اس پر تنگی (گرفت) نہ کریں گے (جب مچھلی نگل گئی)، تو اس نے اندھیروں میں پکارا

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۤ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ

اَنْ لَّآ	اِلٰهَ	اِلَّآ اَنْتَ	سُبْحٰنَكَ	اِنِّيْ	كُنْتُ	مِنَ	الظّٰلِمِيْنَ	فَاسْتَجَبْنَا	لَهٗ
کہ نہیں	کوئی معبود	تیرے سوا	تو پاک ہے	بیشک میں	میں تھا	سے	ظالم (جمع)	پھر ہم نے قبول کرلی	اس کی

کہ (اے اللہ) تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک ہے، بیشک میں ظالموں (قصورواروں) میں سے تھا۔ پھر ہم نے اس کی (دعا) قبول کرلی

وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ نُـنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٨﴾ وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ

وَنَجَّيْنٰهُ	مِنَ	الْغَمِّ	وَكَذٰلِكَ	نُنْجِي	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَزَكَرِيَّآ	اِذْ نَادٰى	رَبَّهٗ
اور ہم نے اسے نجات دی	غم سے		اور اسی طرح	ہم نجات دیتے ہیں	مومن (جمع)	اور زکریاؑ	جب اس نے پکارا	اپنا رب

اور ہم نے اسے غم سے نجات دی، اور اسی طرح ہم مومنوں کو نجات دیا کرتے ہیں۔ اور (یاد کرو) جب زکریاؑ نے اپنے رب کو پکارا

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿٨٩﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۡ وَوَهَبْنَا لَهٗ

رَبِّ	لَا تَذَرْنِيْ	فَرْدًا	وَّاَنْتَ	خَيْرُ	الْوٰرِثِيْنَ	فَاسْتَجَبْنَا	لَهٗ	وَوَهَبْنَا	لَهٗ
اے میرے رب	نہ چھوڑ مجھے	اکیلا	اور تو	بہتر	وارث (جمع)	پھر ہم نے قبول کرلی	اس کی	اور ہم نے عطا کیا	اسے

اے میرے رب! مجھے اکیلا (لاوارث) نہ چھوڑ اور تو (سب سے) بہتر وارث ہے۔ پھر ہم نے اس کی (دعا) قبول کرلی اور ہم نے اسے عطا کیا

يَحْيٰى وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَ

يَحْيٰى	وَ	اَصْلَحْنَا	لَهٗ	زَوْجَهٗ	اِنَّهُمْ	كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ	فِي	الْخَيْرٰتِ	وَ
یحییٰؑ	اور ہم نے درست کر دیا		اس کے لئے	اس کی بیوی	بیشک وہ سب	وہ جلدی کرتے تھے	میں	نیک کام (جمع)	اور

یحییٰؑ اور ہم نے اس کے لئے اس کی بیوی کو درست (اولاد کے قابل) کر دیا، بیشک وہ سب نیک کاموں میں جلدی کرتے تھے، اور

يَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ۭ وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿٩٠﴾ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا

يَدْعُوْنَنَا	رَغَبًا	وَّرَهَبًا	وَكَانُوْا	لَنَا	خٰشِعِيْنَ	وَالَّتِيْٓ	اَحْصَنَتْ	فَرْجَهَا
وہ ہمیں پکارتے تھے	اُمید	اور خوف	اور وہ تھے	ہمارے لئے (سامنے)	عاجزی کرنیوالے	اور عورت جو	اس نے حفاظت کی	اپنی شرمگاہ (عفت)

وہ ہمیں امید اور خوف سے پکارتے تھے، اور وہ ہمارے سامنے عاجزی کرنے والے تھے (اور یاد کرو مریم کو) جس نے اپنی عفت کی حفاظت کی،

فَنَفَخْنَا فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٩١﴾ اِنَّ هٰذِهٖٓ

فَنَفَخْنَا	فِيْهَا	مِنْ	رُّوْحِنَا	وَجَعَلْنٰهَا	وَابْنَهَآ	اٰيَةً	لِّلْعٰلَمِيْنَ	اِنَّ	هٰذِهٖٓ
پھر ہم نے پھونک دی	اس میں	اپنی رُوح سے		اور ہم نے اسے بنایا	اور اس کا بیٹا	نشانی	جہانوں کے لئے	بیشک	یہ ہے

پھر ہم نے اس میں اپنی روح پھونک دی، اور ہم نے اُسے اور اس کے بیٹے کو جہانوں کے لئے نشانی بنایا۔ بے شک یہ ہے

اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ڮ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿٩٢﴾ وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ۭ

اُمَّتُكُمْ	اُمَّةً	وَّاحِدَةً	وَّاَنَا	رَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْنِ	وَتَقَطَّعُوْٓا	اَمْرَهُمْ	بَيْنَهُمْ
تمہاری امت	اُمت	ایک (یکتا)	اور میں	تمہارا رب	پس میری عبادت کرو	اور ٹکڑے ٹکڑے کر لیا انہوں نے	اپنا کام (دین)	باہم

تمہاری امت (ملت)، یکتا اُمت، اور میں تمہارا رب ہوں، پس میری عبادت کرو۔ اور انہوں نے اپنا کام (دین)، باہم ٹکڑے ٹکڑے کر لیا،

كُلٌّ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿٩٣﴾ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ

كُلٌّ	اِلَيْنَا	رٰجِعُوْنَ	فَمَنْ	يَّعْمَلْ	مِنَ	الصّٰلِحٰتِ	وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَلَا كُفْرَانَ
سب	ہماری طرف	رجوع کرنے والے	پس جو	کرے	کچھ	نیک کام	اور وہ	ایمان والا	تو ناقدری (اکارت) نہیں

سب ہماری طرف رجوع کرنے والے (لوٹنے والے) ہیں۔ پس جو کوئی نیک کام کرے اور وہ ایمان والا ہو تو اکارت نہیں (جائے گی)،

لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿٩٤﴾ وَحَرٰمٌ عَلٰي قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٩٥﴾

لِسَعْيِهٖ	وَاِنَّا	لَهٗ	كٰتِبُوْنَ	وَحَرٰمٌ	عَلٰي	قَرْيَةٍ	اَهْلَكْنٰهَآ	اَنَّهُمْ	لَا يَرْجِعُوْنَ
اس کی کوشش	اور بیشک ہم	اس کے	لکھ لینے والے	اور حرام	بستی پر		جسے ہم نے ہلاک کر دیا	کہ وہ	لوٹ کر نہیں آئیں گے

اس کی کوشش، اور بیشک ہم اس کے لکھ لینے والے ہیں۔ اس بستی پر (دنیا میں لوٹ کر آنا) حرام ہے، جسے ہم نے ہلاک کر دیا کہ وہ لوٹ کر نہیں آئیں گے۔

حَتّٰٓي اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَمَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ يَّنْسِلُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَ

حَتّٰٓي	اِذَا	فُتِحَتْ	يَاْجُوْجُ	وَمَاْجُوْجُ	وَهُمْ	مِّنْ	كُلِّ	حَدَبٍ	يَّنْسِلُوْنَ	وَ
یہاں تک کہ	جب	کھول دیئے جائینگے	یاجوج	اور ماجوج	اور وہ	سے	ہر	بلندی (ٹیلہ)	پھسلتے (دوڑتے) آئیں گے	اور

یہاں تک کہ جب یاجوج اور ماجوج کھول دیئے جائیں گے، اور وہ ہر ٹیلہ سے دوڑتے آئیں گے۔ اور

اِقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ يٰوَيْلَنَا

اِقْتَرَبَ	الْوَعْدُ	الْحَقُّ	فَاِذَا	هِيَ	شَاخِصَةٌ	اَبْصَارُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	يٰوَيْلَنَا
قریب آ جائے گا	وعدہ	سچا	تو اچانک	وہ	(اوپر لگی رہیں) رہ جائیں گی	آنکھیں	جنہوں نے کفر کیا (کافر)	ہائے ہماری شامت

سچا وعدہ قریب آ جائے گا تو اچانک منکروں کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی، ہائے ہماری شامت !

قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۹۷﴾ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ

قَدْ كُنَّا	فِيْ غَفْلَةٍ	مِنْ هٰذَا	بَلْ كُنَّا	ظٰلِمِيْنَ	اِنَّكُمْ	وَمَا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ
تحقیق ہم تھے	غفلت میں	اس سے	بلکہ ہم تھے	ظالم (جمع)	بیشک تم	اور جو	تم پرستش کرتے ہو	سے

تحقیق ہم اس سے غفلت میں تھے، بلکہ ہم ظالم تھے۔ بیشک تم اور وہ جن کی تم پرستش کرتے ہو

دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿۹۸﴾ لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً

دُوْنِ اللّٰهِ	حَصَبُ	جَهَنَّمَ	اَنْتُمْ لَهَا	وٰرِدُوْنَ	لَوْ كَانَ	هٰٓؤُلَآءِ	اٰلِهَةً
اللہ کے سوا	ایندھن	جہنم	تم اس میں	داخل ہونے والے	اگر ہوتے	یہ	معبود

اللہ کے سوا، جہنم کا ایندھن ہیں، تم اس میں داخل ہونے والے ہو۔ اگر یہ معبود ہوتے تو

مَّا وَرَدُوْهَا ؕ وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۹۹﴾ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾

مَا وَرَدُوْهَا	وَكُلٌّ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	لَهُمْ	فِيْهَا	زَفِيْرٌ	وَهُمْ	فِيْهَا	لَا يَسْمَعُوْنَ
اس میں داخل نہ ہوتے	اور سب	اس میں	سدا رہیں گے	ان کے لئے	وہاں	چیخ و پکار	اور وہ	اس میں	(کچھ) نہ سن سکیں گے

اس میں داخل نہ ہوتے، اور وہ سب اس میں سدا رہیں گے۔ ان کے لئے وہاں چیخ و پکار ہے اور وہ اس میں کچھ نہ سن سکیں گے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ

اِنَّ	الَّذِيْنَ	سَبَقَتْ	لَهُمْ	مِنَّا	الْحُسْنٰى	اُولٰٓئِكَ	عَنْهَا	مُبْعَدُوْنَ	لَا يَسْمَعُوْنَ
بیشک	جو لوگ	پہلے ٹھہر چکی	انکے لئے	ہماری (طرف سے)	بھلائی	وہ لوگ	اس سے	دور رکھے جائیں گے	وہ نہ سنیں گے

بیشک جن لوگوں کے لئے ہماری طرف سے پہلے (ہی) بھلائی ٹھہر چکی وہ لوگ اس سے دور رکھے جائیں گے۔ وہ نہ سنیں گے

حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ

حَسِيْسَهَا	وَهُمْ	فِيْ	مَا اشْتَهَتْ	اَنْفُسُهُمْ	خٰلِدُوْنَ	لَا يَحْزُنُهُمُ	الْفَزَعُ
اس کی آہٹ	اور وہ	میں	جو چاہیں گے	ان کے دل	وہ ہمیشہ رہیں گے	غمگین نہ کرے گی انہیں	گھبراہٹ

اس کی آہٹ (بھی) اور ان کے دل جو چاہیں گے وہ اس (آرام و راحت) میں ہمیشہ رہیں۔ انہیں غمگین نہ کرے گی

الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِىْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ يَوْمَ

الْاَكْبَرُ	وَتَتَلَقّٰهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	هٰذَا	يَوْمُكُمُ	الَّذِىْ	كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ	يَوْمَ
بڑی	اور لینے آئیں گے انہیں	فرشتے	یہ ہے	تمہارا دن	وہ جو	تم تھے وعدہ کئے گئے (وعدہ کیا گیا تھا)	جس دن

بڑی گھبراہٹ، اور فرشتے انہیں لینے آئیں گے، یہ ہے (وہ) دن جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔ جس دن

نَطْوِى السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ ؕ كَمَا بَدَاْنَاۤ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ؕ

نَطْوِى	السَّمَآءَ	كَطَيِّ	السِّجِلِّ	لِلْكُتُبِ	كَمَا بَدَاْنَاۤ	اَوَّلَ	خَلْقٍ	نُّعِيْدُهٗ
ہم لپیٹ لیں گے	آسمان	جیسے لپیٹا جاتا ہے	طومار	تحریر کا کاغذ	جیسے ہم نے ابتدا کی	پہلی	پیدائش	ہم اسے لوٹا دیں گے

ہم آسمان لپیٹ دیں گے، جیسے تحریر کے کاغذ کا طومار لپیٹا جاتا ہے، جیسے ہم نے پہلی بار پیدائش کی تھی ہم اُسے پھر لوٹا دیں گے

وَعْدًا عَلَيْنَا ؕ اِنَّا كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِى الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ

وَعْدًا	عَلَيْنَا	اِنَّا كُنَّا	فٰعِلِيْنَ	وَ	لَقَدْ كَتَبْنَا	فِى الزَّبُوْرِ	مِنْۢ بَعْدِ الذِّكْرِ	اَنَّ
وعدہ	ہم پر	بیشک ہم ہیں	(پورا) کرنے والے		اور تحقیق ہم نے لکھا	زبور میں	نصیحت کے بعد	کہ

یہ وعدہ ہم پر (ہمارے ذمے) ہے، بیشک ہم پورا کرنے والے ہیں۔ اور تحقیق ہم نے زبور میں نصیحت کے بعد لکھا کہ

الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِىَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ فِىْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ وَ

الْاَرْضَ	يَرِثُهَا	عِبَادِىَ	الصّٰلِحُوْنَ	اِنَّ	فِىْ هٰذَا	لَبَلٰغًا	لِّقَوْمٍ	عٰبِدِيْنَ	وَ
زمین	اس کے وارث	میرے بندے	نیک (جمع)	بیشک	اس میں	پہنچا دینا	لوگوں کے لئے	عبادت گزار (جمع)	اور

زمین کے وارث ہمارے نیک بندے ہوں گے۔ بے شک اس میں عبادت گزار لوگوں کے لئے (بشارت) پہنچا دینا ہے۔ اور

مَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰۤى اِلَىَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمْ

مَاۤ	اَرْسَلْنٰكَ	اِلَّا	رَحْمَةً	لِّلْعٰلَمِيْنَ	قُلْ	اِنَّمَا	يُوْحٰۤى	اِلَىَّ	اَنَّمَاۤ	اِلٰهُكُمْ
نہیں	ہم نے بھیجا آپ کو	مگر	رحمت	تمام جہانوں کے لئے	فرمادیں	اسکے سوا نہیں	وحی کی گئی	میری طرف	کہ بس	تمہارا معبود

اور ہم نے نہیں بھیجا آپ کو مگر تمام جہانوں کے لئے رحمت، آپ فرمادیں اس کے سوا نہیں کہ میری طرف وحی کی گئی ہے کہ بس تمہارا معبود

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ

اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَقُلْ	اٰذَنْتُكُمْ	عَلٰى سَوَآءٍ
معبود	واحد (یکتا)	پس کیا	تم	حکم بردار (جمع)	پھر اگر	وہ روگردانی کریں	تو کہدو	میں نے تمہیں خبردار کردیا	برابری پر

معبود یکتا ہے، پس کیا تم حکم بردار ہو؟ پھر اگر وہ رُوگردانی کریں تو کہہ دو میں نے تمہیں خبردار کردیا ہے برابری پر (یکساں طور سے)

وَإِنْ أَدْرِيٓ أَقَرِيبٌ أَم بَعِيدٌ مَّا تُوعَدُونَ ۝ إِنَّهُۥ يَعْلَمُ ٱلْجَهْرَ مِنَ ٱلْقَوْلِ

وَإِنْ	أَدْرِيٓ	أَقَرِيبٌ	أَم	بَعِيدٌ	مَّا تُوعَدُونَ	إِنَّهُۥ	يَعْلَمُ	ٱلْجَهْرَ	مِنَ ٱلْقَوْلِ
اور نہیں	جانتا میں	کیا قریب ؟	یا دُور		جو تم سے وعدہ کیا گیا	بیشک وہ	وہ جانتا ہے	پکارنا	بات کو

اور میں نہیں جانتا جو تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ قریب ہے یا دُور؟ بیشک وہ جانتا ہے پکار کر کہی ہوئی بات کو (بھی)

وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُونَ ۝١١٠ وَإِنْ أَدْرِي لَعَلَّهُۥ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَٰعٌ إِلَىٰ حِينٍ ۝١١١

وَيَعْلَمُ	مَا	تَكْتُمُونَ	وَإِنْ	أَدْرِي	لَعَلَّهُۥ	فِتْنَةٌ	لَّكُمْ	وَمَتَٰعٌ	إِلَىٰ	حِينٍ
اور جانتا ہے	جو تم چھپاتے ہو		اور میں نہیں جانتا		شاید وہ	آزمائش	تمہارے لئے	اور فائدہ پہنچانا	ایک مدت تک	

اور وہ (بھی) جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو۔ اور میں نہیں جانتا شاید (عذاب میں تاخیر) تمہارے لئے آزمائش ہو اور ایک مدت تک فائدہ پہنچانا ہو۔

ع ۱۹ ۷ — النصف

قَٰلَ رَبِّ ٱحْكُم بِٱلْحَقِّ ۗ وَرَبُّنَا ٱلرَّحْمَٰنُ ٱلْمُسْتَعَانُ عَلَىٰ مَا تَصِفُونَ ۝١١٢

قَٰلَ	رَبِّ	ٱحْكُم	بِٱلْحَقِّ	وَرَبُّنَا	ٱلرَّحْمَٰنُ	ٱلْمُسْتَعَانُ	عَلَىٰ	مَا تَصِفُونَ
اس (نبی) نے کہا	اے میرے رب	تو فیصلہ فرما	حق کے ساتھ	اور ہمارا رب	نہایت مہربان	جس سے مدد طلب کی جاتی ہے	پر	جو تم بیان کرتے ہو

نبیؐ نے کہا اے میرے رب! تو حق کے ساتھ فیصلہ فرما اور ہمارا رب نہایت مہربان ہے، اسی سے مدد طلب کی جاتی ہے (ان باتوں) پر جو تم بیان کرتے (بناتے) ہو۔

آیاتها ۷۸ — ۲۲ سُورَةُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ ۱۰۳ — ركوعاتها ۱۰

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ ٱتَّقُوا۟ رَبَّكُمْ ۚ إِنَّ زَلْزَلَةَ ٱلسَّاعَةِ شَىْءٌ عَظِيمٌ ۝١ يَوْمَ

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ	ٱتَّقُوا۟	رَبَّكُمْ	إِنَّ	زَلْزَلَةَ	ٱلسَّاعَةِ	شَىْءٌ	عَظِيمٌ	يَوْمَ
اے لوگو!	ڈرو	اپنا رب	بیشک	زلزلہ	قیامت	چیز	بڑی بھاری	جس دن

اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، بیشک قیامت کا زلزلہ بڑی بھاری چیز ہے۔ جس دن

تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا

تَرَوْنَهَا	تَذْهَلُ	كُلُّ مُرْضِعَةٍ		عَمَّآ	أَرْضَعَتْ	وَتَضَعُ	كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ	حَمْلَهَا
تم دیکھوگے اسے	بھول جائے گی	ہر دودھ پلانے والی		جس کو	وہ دودھ پلاتی ہے	اور گرادے گی	ہر حمل والی (حاملہ)	اپنا حمل

تم اسے دیکھوگے ہر دودھ پلانے والی جس (بچہ) کو دودھ پلاتی ہے، اسے بھول جائے گی اور ہر حاملہ اپنا حمل گرادے گی

وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ②

وَ تَرَى	النَّاسَ	سُكٰرٰى	وَ	مَا هُمْ	بِسُكٰرٰى	وَلٰكِنَّ	عَذَابَ اللّٰهِ	شَدِيْدٌ
اور تو دیکھے گا	لوگ	نشہ میں	اور حالانکہ نہیں		نشہ میں	اور لیکن	اللہ کا عذاب	سخت

اور تو لوگوں کو دیکھے گا (جیسے وہ) نشے میں ہوں حالانکہ وہ نشہ میں نہ ہوں گے، لیکن اللہ کا عذاب سخت ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطٰنٍ مَّرِيْدٍ ③

وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ	يُجَادِلُ	فِي اللّٰهِ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	وَيَتَّبِعُ	كُلَّ شَيْطٰنٍ	مَرِيْدٍ
اور	کچھ لوگ جو	جو	جھگڑا کرتے ہیں	اللہ کے بارے میں	بے جانے بوجھے	اور پیروی کرتے ہیں	ہر شیطان	سرکش

اور کچھ لوگ ہیں جو اللہ کے بارہ میں بے جانے بوجھے جھگڑا کرتے ہیں، اور وہ ہر سرکش شیطان کی پیروی کرتے ہیں۔

كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ④

كُتِبَ عَلَيْهِ	اَنَّهٗ	مَنْ تَوَلَّاهُ	فَاَنَّهٗ	يُضِلُّهٗ	وَيَهْدِيْهِ	اِلٰى	عَذَابِ	السَّعِيْرِ
اس پر (اسکی نسبت) لکھ دیا گیا	کہ وہ	جو دوستی کریگا اس سے	تو وہ بیشک	اسے گمراہ کرے گا	اور راہ دکھائے گا اسے	طرف	عذاب	دوزخ

اس کی نسبت لکھ دیا گیا کہ جو اس سے دوستی کرے گا تو وہ بیشک اسے گمراہ کر دے گا، اور اسے دوزخ کے عذاب کی طرف راہ دکھائے گا۔

يٰاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ

يٰاَيُّهَا النَّاسُ	اِنْ كُنْتُمْ	فِيْ رَيْبٍ	مِنَ	الْبَعْثِ	فَاِنَّا	خَلَقْنٰكُمْ	مِنْ تُرَابٍ
اے لوگو!	اگر تم ہو	شک میں	سے	جی اٹھنا	تو بیشک ہم	ہم نے پیدا کیا تمہیں	مٹی سے

اے لوگو! اگر تم (قیامت کے دن) جی اٹھنے سے شک میں ہو تو (سوچو) ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا،

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ

ثُمَّ	مِنْ نُّطْفَةٍ	ثُمَّ	مِنْ عَلَقَةٍ	ثُمَّ	مِنْ مُّضْغَةٍ	مُخَلَّقَةٍ	وَ	غَيْرِ مُخَلَّقَةٍ
پھر	نطفہ سے	پھر	جمے ہوئے خون سے	پھر	گوشت کی لوتھڑے سے	صورت بنی ہوئی	اور	بغیر صورت بنی

پھر نطفہ سے، پھر جمے ہوئے خون سے، پھر گوشت کی لوتھڑے سے صورت بنی ہوئی اور بغیر صورت بنی (ادھوری)

لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ؕ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ

لِنُبَيِّنَ	لَكُمْ	وَنُقِرُّ	فِي الْاَرْحَامِ	مَا نَشَآءُ	اِلٰى	اَجَلٍ مُّسَمًّى	ثُمَّ	نُخْرِجُكُمْ
تاکہ ہم ظاہر کر دیں	تمہارے لئے	اور ہم ٹھہراتے ہیں	رحموں میں	جو ہم چاہیں	تک	ایک مدت مقررہ	پھر	ہم نکالتے ہیں تمہیں

تاکہ ہم تمہارے لئے (اپنی قدرت) ظاہر کر دیں اور ہم (ماؤں کے) رحموں میں جو چاہیں ایک مدت تک ٹھہراتے ہیں، پھر ہم تمہیں نکالتے ہیں

طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ

طِفْلًا	ثُمَّ	لِتَبْلُغُوْٓا	اَشُدَّكُمْ	وَمِنْكُمْ	مَنْ	يُتَوَفّٰى	وَمِنْكُمْ	مَنْ	يُرَدُّ
بچہ	پھر	تاکہ تم پہنچو	اپنی جوانی	اور تم میں سے	کوئی	فوت ہو جاتا ہے	اور تم میں سے	کوئی	پہنچتا ہے

بچہ (کی صورت میں) تاکہ پھر تم اپنی جوانی کو پہنچو، اور تم میں کوئی (عمر طبعی سے قبل) فوت ہو جاتا ہے، اور تم میں سے کوئی پہنچتا ہے

اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۭ وَتَرَى الْاَرْضَ

اِلٰى	اَرْذَلِ الْعُمُرِ	لِكَيْلَا يَعْلَمَ	مِنْۢ بَعْدِ	عِلْمٍ	شَيْـًٔا	وَتَرَى	الْاَرْضَ
تک	نکمی عمر	تاکہ وہ نہ جانے	بعد	علم (جاننا)	کچھ	اور تو دیکھتا ہے	زمین

نکمی عمر تک، تاکہ وہ جاننے کے بعد کچھ نہ جانے (ناسمجھ ہو جائے)۔ اور تو زمین کو دیکھتا ہے

هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَاۗءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ

هَامِدَةً	فَاِذَا	اَنْزَلْنَا	عَلَيْهَا	الْمَاۗءَ	اهْتَزَّتْ	وَرَبَتْ	وَاَنْۢبَتَتْ	مِنْ	كُلِّ زَوْجٍ
خشک پڑی ہوئی	پھر جب	ہم نے اتارا	اس پر	پانی	وہ تر و تازہ ہو گئی	اور ابھر آئی	اور اگا لائی	سے	ہر جوڑا

خشک پڑی ہوئی، پھر جب ہم نے اس پر پانی اتارا تو وہ تر و تازہ ہو گئی، اور ابھر آئی، اور وہ اگا لائی ہر (قسم) کا جوڑا

بَهِيْجٍ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

بَهِيْجٍ	ذٰلِكَ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ الْحَقُّ	وَاَنَّهٗ	يُحْيِ	الْمَوْتٰى	وَاَنَّهٗ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ
رونق دار	یہ	اس لئے کہ	اللہ	وہی برحق	اور یہ کہ وہ	زندہ کرتا ہے	مُردوں	اور یہ کہ وہ	پر	ہر شے

رونق دار (نباتات کا)۔ یہ اس لئے ہے کہ اللہ ہی برحق ہے، اور یہ کہ وہ مُردوں کو زندہ کرتا ہے، اور یہ کہ وہ ہر شے پر

قَدِيْرٌ ۝ وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝

قَدِيْرٌ	وَاَنَّ	السَّاعَةَ	اٰتِيَةٌ	لَا رَيْبَ	فِيْهَا	وَاَنَّ	اللّٰهَ	يَبْعَثُ	مَنْ	فِي الْقُبُوْرِ
قدرت رکھنے والا	اور یہ کہ	گھڑی (قیامت)	آنیوالی	نہیں شک	اس میں	اور یہ کہ	اللہ	اٹھائے گا	جو	قبروں میں

قدرت رکھنے والا ہے۔ اور یہ کہ قیامت آنے والی ہے، اس میں کوئی شک نہیں، اور یہ کہ اللہ اٹھائے گا جو قبروں میں ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ

وَ	مِنَ النَّاسِ	مَنْ	يُجَادِلُ	فِي اللّٰهِ	بِغَيْرِ عِلْمٍ	وَ	لَا هُدًى	وَلَا	كِتٰبٍ
اور	لوگوں میں سے	جو	جھگڑتا ہے	اللہ (کے بارے) میں	بغیر کسی علم	اور	بغیر کسی دلیل	اور بغیر کسی	کتاب

اور لوگوں میں کوئی (ایسا بھی ہے) جو اللہ کے بارے میں جھگڑتا ہے بغیر کسی علم کے اور بغیر کسی دلیل کے اور بغیر کسی کتاب

مُنِيرٍ ۝٨ ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ ۭ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّ

مُنِيرٍ	ثَانِيَ عِطْفِهٖ	لِيُضِلَّ	عَنْ	سَبِيلِ اللّٰهِ	لَهٗ	فِي الدُّنْيَا	خِزْيٌ	وَّ
روشن	موڑے ہوئے اپنی گردن	تاکہ گمراہ کرے	سے	اللہ کا راستہ	اس کے لئے	دنیا میں	رسوائی	اور

روشن کے۔ (تکبّر سے) اپنی گردن موڑے ہوئے تاکہ اللہ کے راستہ سے گمراہ کرے۔ اس کے لئے دنیا میں رسوائی ہے اور

نُذِيقُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيقِ ۝٩ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ

نُذِيقُهٗ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	عَذَابَ	الْحَرِيقِ	ذٰلِكَ بِمَا	قَدَّمَتْ	يَدٰكَ
ہم اسے چکھائیں گے	روزِ قیامت	عذاب	جلتی آگ	یہ اس سبب جو	آگے بھیجا	تیرے ہاتھ

ہم اُسے روزِ قیامت جلتی آگ کا عذاب چکھائیں گے۔ یہ اِس سبب سے جو تیرے ہاتھوں نے (آگے) بھیجا (تیرے اعمال)

وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ۝١٠ ع وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ۚ

ع ١٠ | ١ | ٨

وَ	اَنَّ اللّٰهَ	لَيْسَ	بِظَلَّامٍ	لِّلْعَبِيدِ	وَ	مِنَ	النَّاسِ	مَنْ	يَّعْبُدُ	اللّٰهَ	عَلٰى	حَرْفٍ
اور	یہ کہ اللہ	نہیں	ظلم کرنے والا	اپنے بندوں پر	اور	سے	لوگ	جو	بندگی کرتا ہے	اللہ	پر	ایک کنارہ

اور یہ کہ اللہ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں۔ اور لوگوں میں (کوئی ایسا بھی ہے) جو ایک کنارے پر اللہ کی بندگی کرتا ہے،

فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ِۨاطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ِۨانْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ قف

فَاِنْ	اَصَابَهٗ	خَيْرُ	ِۨاطْمَاَنَّ	بِهٖ	وَاِنْ	اَصَابَتْهُ	فِتْنَةُ	ِۨانْقَلَبَ	عَلٰى	وَجْهِهٖ
پھر اگر	اسے پہنچ گئی	بھلائی	تو اطمینان پالیا	اس سے	اور اگر	اسے پہنچی	کوئی آزمائش	تو پلٹ گیا	پر۔بَل	اپنا منہ

پھر اگر اسے بھلائی پہنچ گئی تو اس نے (عبادت) سے اطمینان پالیا، اور اسے اگر کوئی آزمائش پہنچی تو وہ اپنے منہ کے بَل پلٹ گیا،

خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِينُ ۝١١ يَدْعُوا مِنْ دُونِ اللّٰهِ

خَسِرَ الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةَ	ذٰلِكَ	هُوَ الْخُسْرَانُ	الْمُبِينُ	يَدْعُوا	مِنْ	دُونِ اللّٰهِ
دنیا کا فساد	اور آخرت	یہ ہے	وہ گھاٹا	کھلا	پکارتا ہے وہ	سے	اللہ کے سوا

دنیا اور آخرت کے خسارے میں رہا، یہی ہے کھلا گھاٹا۔ وہ اللہ کے سوا پکارتا ہے (اس کو)

مَا لَا يَضُرُّهٗ وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيدُ ۝١٢ ج يَدْعُوا

مَا	لَا يَضُرُّهٗ	وَمَا	لَا يَنْفَعُهٗ	ذٰلِكَ	هُوَ	الضَّلٰلُ	الْبَعِيدُ	يَدْعُوا
جو	نہ اسے نقصان پہنچائے	اور جو	نہ اسے نفع پہنچائے	یہ ہے	وہ	گمراہی	دُور۔انتہا درجہ	وہ پکارتا ہے

جو نہ اسے نقصان پہنچا سکے اور نہ اسے نفع پہنچا سکے، یہی ہے انتہا درجہ کی گمراہی۔ وہ پکارتا ہے،

لَمَنۡ ضَرُّهٗۤ اَقۡرَبُ مِنۡ نَّفۡعِهٖ ؕ لَبِئۡسَ الۡمَوۡلٰى وَلَبِئۡسَ الۡعَشِيۡرُ ﴿۱۳﴾

لَمَنۡ	ضَرُّهٗۤ	اَقۡرَبُ	مِنۡ نَّفۡعِهٖ	لَبِئۡسَ	الۡمَوۡلٰى	وَلَبِئۡسَ	الۡعَشِيۡرُ
اس کو جو	اس کا ضرر	زیادہ قریب	اس کے نفع سے	بیشک برا	دوست	اور بیشک برا	رفیق

اس کو جس کا ضرر اس کے نفع سے زیادہ قریب ہے، بیشک برا ہے (رب)، دوست، اور برا ہے (یہ) رفیق ۔

اِنَّ اللّٰهَ يُدۡخِلُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا

اِنَّ	اللّٰهَ	يُدۡخِلُ	الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	وَ	عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجۡرِىۡ	مِنۡ تَحۡتِهَا
بیشک	اللہ	داخل کرے گا	وہ جو لوگ ایمان لائے	اور	انہوں نے درست عمل کئے	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے سے

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے درست عمل کئے بیشک اللہ انہیں ان باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے بہتی ہیں

الۡاَنۡهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفۡعَلُ مَا يُرِيۡدُ ﴿۱۴﴾ مَنۡ كَانَ يَظُنُّ اَنۡ لَّنۡ يَّنۡصُرَهُ اللّٰهُ

الۡاَنۡهٰرُ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَفۡعَلُ	مَا يُرِيۡدُ	مَنۡ	كَانَ يَظُنُّ	اَنۡ	لَّنۡ يَّنۡصُرَهُ	اللّٰهُ
نہریں	بیشک	اللہ	کرتا ہے	جو وہ چاہتا ہے	جو	گمان کرتا ہے	کہ	ہرگز اس کی مدد نہ کریگا	اللہ

نہریں ، بیشک اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے ۔ جو شخص گمان کرتا ہے کہ اللہ اس کی ہرگز مدد نہ کرے گا

فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ فَلۡيَمۡدُدۡ بِسَبَبٍ اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لۡيَقۡطَعۡ فَلۡيَنۡظُرۡ

فِى الدُّنۡيَا	وَ	الۡاٰخِرَةِ	فَلۡيَمۡدُدۡ	بِسَبَبٍ	اِلَى السَّمَآءِ	ثُمَّ	لۡيَقۡطَعۡ	فَلۡيَنۡظُرۡ
دنیا میں	اور	آخرت	تو اسے چاہیئے کہ تانے	ایک رسی	آسمان کی طرف	پھر	اسے کاٹ ڈالے	پھر دیکھے

دنیا اور آخرت میں، تو اسے چاہیئے کہ ایک رسی آسمان کی طرف تانے پھر اسے کاٹ ڈالے (اپنے گلے میں پھندا ڈال لے) پھر دیکھے

هَلۡ يُذۡهِبَنَّ كَيۡدُهٗ مَا يَغِيۡظُ ﴿۱۵﴾ وَكَذٰلِكَ اَنۡزَلۡنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ

هَلۡ	يُذۡهِبَنَّ	كَيۡدُهٗ	مَا يَغِيۡظُ	وَكَذٰلِكَ	اَنۡزَلۡنٰهُ	اٰيٰتٍ	بَيِّنٰتٍ
کیا	دور کر دیتی ہے	اس کی تدبیر	جو غصہ دلا رہی ہے	اور اسی طرح	ہم نے اس کو نازل کیا	آیتیں	روشن

کیا اس کی یہ تدبیر اس چیز کو دور کر دیتی ہے جو اسے غصہ دلا رہی ہے ۔ اور اسی طرح ہم نے اس (قرآن) کو اتارا روشن آیتیں

وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهۡدِىۡ مَنۡ يُّرِيۡدُ ﴿۱۶﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَالَّذِيۡنَ هَادُوۡا وَ

وَ	اَنَّ اللّٰهَ	يَهۡدِىۡ	مَنۡ	يُّرِيۡدُ	اِنَّ	الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	وَالَّذِيۡنَ	هَادُوۡا	وَ
اور	یہ کہ اللہ	ہدایت دیتا ہے	جس کو	وہ چاہتا ہے	بیشک	جو لوگ ایمان لائے	اور جو	یہودی ہوئے	اور

اور یہ کہ اللہ جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے ۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے ، اور جو یہودی ہوئے ، اور

الصّٰبِـِٕیْنَ وَ النَّصٰرٰی وَ الْمَجُوْسَ وَ الَّذِیْنَ اَشْرَكُوْۤا ۖ اِنَّ اللّٰهَ یَفْصِلُ

الصّٰبِـِٕیْنَ	وَ النَّصٰرٰی	وَ الْمَجُوْسَ	وَ الَّذِیْنَ اَشْرَكُوْۤا	اِنَّ	اللّٰهَ	یَفْصِلُ
صابی (ستارہ پرست)	اور نصاریٰ (مسیحی)	اور آتش پرست	اور وہ جنہوں نے شرک کیا (مشرک)	بیشک	اللہ	فیصلہ کر دے گا

ستارہ پرست، اور نصاریٰ، اور آتش پرست، اور مشرک بے شک اللہ فیصلہ کر دے گا

بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ﴿۱۷﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ

بَیْنَهُمْ	یَوْمَ الْقِیٰمَةِ	اِنَّ اللّٰهَ	عَلٰی	كُلِّ شَیْءٍ	شَهِیْدٌ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ
ان کے درمیان	روزِ قیامت	بیشک اللہ	پر	ہر شے	مُطّلع	کیا تو نے نہیں دیکھا؟	کہ اللہ

روزِ قیامت ان کے درمیان، بے شک اللہ ہر شے پر مُطّلع ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا؟ کہ اللہ

یَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَنْ فِی الْاَرْضِ وَ الشَّمْسُ وَ الْقَمَرُ وَ

یَسْجُدُ لَهٗ	مَنْ	فِی السَّمٰوٰتِ	وَ مَنْ	فِی الْاَرْضِ	وَ الشَّمْسُ	وَ الْقَمَرُ	وَ
سجدہ کرتا ہے اس کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور سورج	اور چاند	اور

کے لئے سجدہ کرتا ہے جو (بھی) آسمانوں میں اور جو (بھی) زمین میں ہے، اور سورج اور چاند اور

النُّجُوْمُ وَ الْجِبَالُ وَ الشَّجَرُ وَ الدَّوَآبُّ وَ كَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ ؕ وَ كَثِیْرٌ حَقَّ

النُّجُوْمُ	وَ الْجِبَالُ	وَ الشَّجَرُ	وَ الدَّوَآبُّ	وَ كَثِیْرٌ	مِّنَ	النَّاسِ	وَ كَثِیْرٌ	حَقَّ
ستارے	اور پہاڑ	اور درخت	اور چوپائے	اور بہت	سے	انسان (جمع)	اور بہت سے	ثابت ہوگیا

ستارے اور پہاڑ، اور درخت، اور چوپائے، اور بہت سے انسان (بھی)؟ اور بہت سے ہیں کہ ثابت ہو گیا ہے

عَلَیْهِ الْعَذَابُ ؕ وَ مَنْ یُّهِنِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَفْعَلُ

عَلَیْهِ	الْعَذَابُ	وَ	مَنْ	یُّهِنِ اللّٰهُ	فَمَا لَهٗ	مِنْ مُّكْرِمٍ	اِنَّ اللّٰهَ	یَفْعَلُ
اس پر	عذاب	اور	جسے	ذلیل کرے اللہ	تو نہیں اس کے لئے	کوئی عزت دینے والا	بیشک اللہ	کرتا ہے

ان پر عذاب، اور جسے اللہ ذلیل کرے اس کے لئے کوئی عزت دینے والا نہیں، اور بیشک اللہ کرتا ہے

السجدة ۱۵

مَا یَشَآءُ ﴿۱۸﴾ هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِیْ رَبِّهِمْ ۫ فَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا

مَا یَشَآءُ	هٰذٰنِ	خَصْمٰنِ	اخْتَصَمُوْا	فِیْ رَبِّهِمْ	فَالَّذِیْنَ	كَفَرُوْا
جو وہ چاہتا ہے	یہ دو	دو فریق	وہ جھگڑے	اپنے رب کے بارے میں	پس وہ جنہوں نے	کفر کیا

جو وہ چاہتا ہے۔ یہ دو فریق اپنے رب کے بارے میں جھگڑے، پس جنہوں نے کفر کیا،

قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ؕ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ⑲ ج

قُطِّعَتْ	لَهُمْ	ثِيَابٌ	مِنْ نَّارٍ	يُصَبُّ	مِنْ فَوْقِ	رُءُوْسِهِمُ	الْحَمِيْمُ
قطع کئے گئے	ان کے لئے	کپڑے	آگ کے	ڈالا جائے گا	اوپر	ان کے سر (جمع)	کھولتا ہوا پانی

ان کے لئے آگ کے کپڑے قطع کئے گئے (بیونتے گئے) ان کے سروں کے اوپر کھولتا ہوا پانی ڈالا جائے گا۔

يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِىْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ؕ ⑳ وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ㉑ كُلَّمَآ

يُصْهَرُ	بِهٖ	مَا	فِىْ بُطُوْنِهِمْ	وَالْجُلُوْدُ	وَلَهُمْ	مَقَامِعُ	مِنْ حَدِيْدٍ	كُلَّمَا
پگھل جائیگا	اس سے	جو	ان کے پیٹوں میں	اور جلدیں (کھالیں)	اوران کے لئے	گرز	لوہے کے	جب بھی

اس سے پگھل جائے گا جو ان کے پیٹوں میں ہے اور (ان کی) کھالیں (بھی) اور ان کے لئے لوہے کے گرز ہیں ۔ جب بھی ع

اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ق وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ㉒

اَرَادُوْا	اَنْ يَّخْرُجُوْا	مِنْهَا	مِنْ غَمٍّ	اُعِيْدُوْا	فِيْهَا	وَذُوْقُوْا	عَذَابَ الْحَرِيْقِ
وہ ارادہ کریں گے	کہ وہ نکلیں	اس سے	غم سے (غم کے مارے)	لوٹا دیئے جائیں گے	اس میں	اور چکھو	جلنے کا عذاب

وہ غم کے مارے اس سے نکلنے کا ارادہ کریں گے اسی میں لوٹا دیئے جائیں گے اور (کہا جائے گا) جلنے کا عذاب چکھو ۔

٢ ع ۱۲ ٩

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا

اِنَّ اللّٰهَ	يُدْخِلُ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِىْ	مِنْ تَحْتِهَا
بیشک اللہ	داخل کرے گا	جو لوگ ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	صالح (نیک)	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، بیشک اللہ انہیں باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے بہتی ہیں

الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ؕ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا

الْاَنْهٰرُ	يُحَلَّوْنَ فِيْهَا	مِنْ اَسَاوِرَ	مِنْ ذَهَبٍ	وَلُؤْلُؤًا	وَلِبَاسُهُمْ	فِيْهَا
نہریں	وہ پہنائے جائیں گے اس میں	کنگن	سونے کے	اور موتی	اور ان کا لباس	اس میں

نہریں ، اس میں انہیں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے ، اور ا[illegible] ان کا لباس

حَرِيْرٌ ㉓ وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ صلے وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ㉔

حَرِيْرٌ	وَهُدُوْا	اِلَى	الطَّيِّبِ	مِنَ	الْقَوْلِ	وَهُدُوْا	اِلٰى	صِرَاطِ	الْحَمِيْدِ
ریشم	اور انہیں ہدایت کی گئی	طرف	پاکیزہ	سے ، کی	بات	اور انہیں ہدایت کی گئی	طرف	راہ	تعریفوں کا لائق

ریشم (کا ہوگا) اور انہیں ہدایت کی گئی پاکیزہ بات کی طرف، اور ہدایت کی گئی تعریفوں کے لائق (اللہ) کے راستہ کی طرف ۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَيَصُدُّونَ عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِي جَعَلْنَاهُ

إِنَّ	الَّذِينَ كَفَرُوا	وَيَصُدُّونَ	عَنْ	سَبِيلِ اللَّهِ	وَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	الَّذِي	جَعَلْنَاهُ
بیشک	جن لوگوں نے کفر کیا	اور وہ روکتے ہیں	سے	اللہ کا راستہ	اور مسجدِ حرام (بیت اللہ)	وہ جسے	ہم نے مقرر کیا

بیشک جن لوگوں نے کفر کیا اور وہ روکتے ہیں اللہ کے راستہ سے اور بیت اللہ سے جسے ہم نے مقرر کیا ہے

لِلنَّاسِ سَوَاءً الْعَاكِفُ فِيهِ وَالْبَادِ وَمَن يُرِدْ فِيهِ بِإِلْحَادٍ بِظُلْمٍ

لِلنَّاسِ	سَوَاءً	الْعَاكِفُ	فِيهِ	وَالْبَادِ	وَمَنْ	يُرِدْ	فِيهِ	بِإِلْحَادٍ	بِظُلْمٍ
لوگوں کے لئے	برابر	رہنے والا	اس میں	اور پردیسی	اور جو	ارادہ کرے	اس میں	گمراہی کا	ظلم سے

سب لوگوں کے لئے ؛ اس میں رہنے والے اور پردیسی برابر ہیں (حقوق میں) اور جو اس میں ظلم سے گمراہی کا ارادہ کرے گا

۳ ع ۱۰

نُذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ ﴿٢٥﴾ وَإِذْ بَوَّأْنَا لِإِبْرَاهِيمَ مَكَانَ الْبَيْتِ

نُذِقْهُ	مِنْ	عَذَابٍ	أَلِيمٍ	وَإِذْ	بَوَّأْنَا	لِإِبْرَاهِيمَ	مَكَانَ الْبَيْتِ
ہم اسے چکھائیں گے	سے	عذاب	درد ناک	اور جب	ہم نے ٹھیک کردی	ابراہیم کے لئے	خانہ کعبہ کی جگہ

ہم اسے دردناک عذاب (کا مزہ) چکھائیں گے۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے ابراہیمؑ کے لئے خانہ کعبہ کی جگہ ٹھیک کردی (ہم نے حکم دیا)

أَن لَّا تُشْرِكْ بِي شَيْئًا وَطَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّائِفِينَ وَالْقَائِمِينَ وَالرُّكَّعِ

أَنْ	لَا تُشْرِكْ	بِي	شَيْئًا	وَطَهِّرْ	بَيْتِيَ	لِلطَّائِفِينَ	وَالْقَائِمِينَ	وَالرُّكَّعِ
کہ	نہ شریک کرنا	میرے ساتھ	کسی شے	اور پاک رکھنا	میرا گھر	طواف کرنے والوں کے لئے	اور قیام کرنے والے	اور رکوع کرنے والے

کہ میرے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا، اور میرا گھر پاک رکھنا طواف کرنے والوں کے لئے اور قیام کرنے والوں اور رکوع کرنے والوں،

السُّجُودِ ﴿٢٦﴾ وَأَذِّن فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَأْتُوكَ رِجَالًا وَعَلَىٰ كُلِّ ضَامِرٍ يَأْتِينَ

السُّجُودِ	وَأَذِّنْ	فِي	النَّاسِ	بِالْحَجِّ	يَأْتُوكَ	رِجَالًا	وَ	عَلَىٰ	كُلِّ	ضَامِرٍ	يَأْتِينَ
سجدہ کرنے والے	اور اعلان کردو		لوگوں میں	حج کا	وہ تیرے پاس آئیں	پیدل	اور	پر		ہر دبلی اونٹنی	وہ آتی ہیں

سجدہ کرنے والوں کے لئے۔ اور لوگوں میں حج کا اعلان کردو وہ تیرے پاس پیدل اور دبلی اونٹنیوں پر (چل کر) آئیں، وہ آتی ہیں

مِن كُلِّ فَجٍّ عَمِيقٍ ﴿٢٧﴾ لِّيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ

مِنْ	كُلِّ فَجٍّ	عَمِيقٍ	لِيَشْهَدُوا	مَنَافِعَ	لَهُمْ	وَيَذْكُرُوا	اسْمَ اللَّهِ
سے	ہر راستہ	دور دراز	تاکہ وہ آموجود ہوں	فائدوں کی جگہ	اپنے	وہ یاد کریں (لیں)،	اللہ کا نام

ہر دور دراز راستہ سے ۔ تاکہ وہ اپنے فائدوں کی جگہ آموجود ہوں، اور وہ اللہ کا نام لیں

فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ فَكُلُوْا مِنْهَا

مِنْهَا	فَكُلُوْا	الْاَنْعَامِ	بَهِيْمَةِ	مِّنْ	رَزَقَهُمْ	مَا	عَلٰى	اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ	فِيْٓ
اس سے	پس تم کھاؤ	مویشی	چوپائے	سے	ہم نے انہیں دیا	جو	پر	جانے پہچانے (مقررہ) دن	میں

مقررہ دنوں میں (ذبح کرتے وقت) ان مویشی چوپائیوں پر جو ہم نے انہیں دیئے ہیں، پس ان میں سے تم (خود بھی) کھاؤ

وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ﴿۲۸﴾ ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ

نُذُوْرَهُمْ	وَلْيُوْفُوْا	تَفَثَهُمْ	لْيَقْضُوْا	ثُمَّ	الْفَقِيْرَ	الْبَآئِسَ	وَاَطْعِمُوا
اپنی نذریں	اور پوری کریں	اپنا میل کچیل	چاہیئے کہ دور کریں	پھر	محتاج	بدحال	اور کھلاؤ

اور بدحال محتاج کو (بھی) کھلاؤ۔ پھر چاہیئے کہ وہ اپنا میل کچیل دُور کریں، اور اپنی نذریں (منتیں) پوری کریں،

وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿۲۹﴾ ذٰلِكَ ۗ وَمَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ فَهُوَ

فَهُوَ	حُرُمٰتِ اللّٰهِ	يُّعَظِّمْ	وَمَنْ	ذٰلِكَ	بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ	وَلْيَطَّوَّفُوْا
پس وہ	شعائر اللہ (اللہ کی نشانیاں)	تعظیم کرے	اور جو	یہ	قدیم گھر	اور طواف کریں

اور قدیم گھر (بیت اللہ) کا طواف کریں۔ یہ (ہے حکم) اور جو شعائر اللہ کی تعظیم کرے، پس وہ (تعظیم)

خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۗ وَاُحِلَّتْ لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا

فَاجْتَنِبُوا	عَلَيْكُمْ	مَا يُتْلٰى	اِلَّا	الْاَنْعَامُ	لَكُمُ	وَاُحِلَّتْ	عِنْدَ رَبِّهٖ	لَهٗ	خَيْرٌ
پس تم بچو	تم پر، تم کو	جو پڑھ دیئے گئے	سوا	مویشی	تمہارے لئے	اور حلال قرار دیئے گئے	اسکے رب کے نزدیک	اسکے لئے	بہتر

اس کے رب کے نزدیک اس کے لئے بہتر ہے، اور تمہارے لئے مویشی حلال قرار دیئے گئے ان کے سوا جو تم پر پڑھ دیئے گئے (سنا دیئے گئے) پس تم بچو (کنارہ کش رہو)

الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ﴿۳۰﴾ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ

مُشْرِكِيْنَ	غَيْرَ	لِلّٰهِ	حُنَفَآءَ	الزُّوْرِ	قَوْلَ	وَاجْتَنِبُوْا	الْاَوْثَانِ	مِنَ	الرِّجْسَ
شریک کرنے والے	نہ		اللہ کے لئے یکرُخ ہو کر	جھوٹی	بات	اور بچو	بت (جمع)	سے	گندگی

بتوں کی گندگی سے، اور بچو جھوٹی بات سے ۔ (سب کو چھوڑ کر) اللہ کے لئے یکرُخ (کسی کو) نہ شریک کرنے والے

بِهٖ ۗ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ

تَهْوِيْ	اَوْ	الطَّيْرُ	فَتَخْطَفُهُ	مِنَ السَّمَآءِ	خَرَّ	فَكَاَنَّمَا	بِاللّٰهِ	يُّشْرِكْ	وَمَنْ	بِهٖ
پھینک دیتی ہے	یا	پرندے	پس اسے اچک لے جاتے ہیں	آسمان سے	وہ گرا	تو گویا	اللہ کا	شریک کرے گا	اور جو	اسکے ساتھ

اس کے ساتھ، اور جو کوئی اللہ کا شریک کرے گا تو گویا وہ آسمان سے گرا، پھر اسے (مردار خور) پرندے اچک لے جاتے ہیں، یا پھینک دیتی ہے

بِهِ الرِّيحُ فِي مَكَانٍ سَحِيقٍ ۝٣١ ذَٰلِكَ ۖ وَمَن يُعَظِّمْ شَعَائِرَ اللَّهِ فَإِنَّهَا

بِهِ	الرِّيحُ	فِي	مَكَانٍ	سَحِيقٍ	ذَٰلِكَ	وَمَن	يُعَظِّمْ	شَعَائِرَ اللَّهِ	فَإِنَّهَا
اس کو	ہوا	میں	کسی جگہ	دُور دراز	یہ	اور جو	تعظیم کرے گا	شعائر اللہ	تو بیشک یہ

اس کو ہوا کسی دُور دراز کی جگہ میں - یہ (ہے حکم) اور جو شعائر اللہ کی تعظیم کریگا تو بیشک یہ (اللہ کی نشانیوں کی تعظیم)

مِن تَقْوَى الْقُلُوبِ ۝٣٢ لَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ إِلَىٰ أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ مَحِلُّهَا

مِن	تَقْوَى	الْقُلُوبِ	لَكُمْ	فِيهَا	مَنَافِعُ	إِلَىٰ	أَجَلٍ مُّسَمًّى	ثُمَّ	مَحِلُّهَا
سے	پرہیزگاری	جمع قلب (دل)	تمہارے لئے	اس میں	جمع نفع (فائدے)	تک	ایک مدّت مقرر	پھر	انکے پہنچنے کا مقام

دلوں کی پرہیزگاری سے ہے۔ تمہارے لئے ان (مویشیوں) میں ایک مدّت مقرر تک فائدے (حاصل کرنا جائز) ہے، پھر ان کے پہنچنے کا مقام

۴ ع ۸ ۱۱

إِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ ۝٣٣ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ

إِلَى	الْبَيْتِ الْعَتِيقِ	وَ	لِكُلِّ أُمَّةٍ	جَعَلْنَا	مَنسَكًا	لِّيَذْكُرُوا	اسْمَ اللَّهِ
تک	بیتِ قدیم (بیت اللہ)	اور	ہرامّت کے لئے	ہم نے مقرر کی	قربانی	تاکہ وہ لیں	اللہ کا نام

بیتِ قدیم (بیت اللہ) تک ہے۔ اور ہم نے ہرامّت کے لئے قربانی مقرر کی تاکہ وہ اللہ کا نام لیں (ذبح کرتے وقت)

عَلَىٰ مَا رَزَقَهُم مِّن بَهِيمَةِ الْأَنْعَامِ ۗ فَإِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَلَهُ أَسْلِمُوا ۗ

عَلَىٰ	مَا	رَزَقَهُم	مِّن	بَهِيمَةِ	الْأَنْعَامِ	فَإِلَٰهُكُمْ	إِلَٰهٌ وَاحِدٌ	فَلَهُ	أَسْلِمُوا
پر	جو	ہم نے دیئے انہیں	سے	چوپائے	مویشی	پس تمہارا معبود	معبودِ یکتا	پس اُس کے	فرمانبردار ہوجاؤ

ان مویشیوں چوپایوں پر جو ہم نے انہیں دیئے ہیں، پس تمہارا معبودٗ معبودِ یکتا ہے، پس اس کے فرمانبردار ہو جاؤ،

وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ ۝٣٤ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصَّابِرِينَ

وَبَشِّرِ	الْمُخْبِتِينَ	الَّذِينَ	إِذَا	ذُكِرَ اللَّهُ	وَجِلَتْ	قُلُوبُهُمْ	وَالصَّابِرِينَ
اور خوشخبری دیں	عاجزی سے گردن جھکانے والے	وہ جو	جب	اللہ کا نام لیا جائے	ڈر جاتے ہیں	ان کے دل	اور صبر کرنے والے

اور (اے محمدؐ) عاجزی سے گردن جھکانے والوں کو خوشخبری دیں - وہ (جنکی کیفیت یہ ہے) جب اللہ کا نام لیا جائے انکے دل ڈر جاتے ہیں، اور وہ صبر کرنے والے ہیں،

عَلَىٰ مَا أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيمِي الصَّلَاةِ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ۝٣٥ وَ

عَلَىٰ	مَا	أَصَابَهُمْ	وَالْمُقِيمِي	الصَّلَاةِ	وَمِمَّا	رَزَقْنَاهُمْ	يُنفِقُونَ	وَ
پر	جو	انہیں پہنچے	اور قائم کرنے والے	نماز	اور اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	وہ خرچ کرتے ہیں	اور

اس پر جو انہیں پہنچے، اور نماز قائم کرنے والے ہیں، اور جو ہم نے انہیں دیا اُس میں سے وہ خرچ کرتے ہیں - اور

الْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ

الْبُدْنَ	جَعَلْنٰهَا	لَكُمْ	مِّنْ	شَعَآئِرِ اللّٰهِ	لَكُمْ	فِيهَا	خَيْرٌ	فَاذْكُرُوا	اسْمَ اللّٰهِ
قربانی کے اونٹ	ہم نے مقرر کئے	تمہارے لئے	سے	شعائراللہ	تمہارے لئے	اس میں	بھلائی	پس لو تم	اللہ کا نام

قربانی کے اونٹ ہم نے تمہارے لئے شعائراللہ (اللہ کی نشانیاں) مقرر کئے تمہارے لئے ان میں بھلائی ہے، پس اللہ کا نام لو (ذبح کرتے وقت)

عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَإِذَا وَجَبَتْ جُنُوبُهَا فَكُلُوا مِنْهَا وَأَطْعِمُوا الْقَانِعَ

عَلَيْهَا	صَوَآفَّ	فَإِذَا	وَجَبَتْ	جُنُوبُهَا	فَكُلُوا	مِنْهَا	وَأَطْعِمُوا	الْقَانِعَ
ان پر	قطار باندھ کر	پھر جب	گر جائیں	ان کے پہلو	تو کھاؤ	ان سے	اور کھلاؤ	سوال نہ کرنے والے

ان پر قطار باندھ کر پھر جب ان کے پہلو (زمین پر) گر جائیں (ذبح ہو جائیں) تو ان سے (خود بھی) کھاؤ اور کھلاؤ، سوال نہ کرنے والوں کو،

وَالْمُعْتَرَّ ۚ كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿۳۶﴾ لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ

وَالْمُعْتَرَّ	كَذٰلِكَ	سَخَّرْنٰهَا	لَكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَشْكُرُونَ	لَنْ يَّنَالَ	اللّٰهَ
اور سوال کرنے والے	اسی طرح	ہم نے انہیں مسخر کیا	تمہارے لئے	تاکہ تم	شکر کرو	ہرگز نہیں پہنچتا	اللہ کو

اور سوال کرنے والوں کو، اسی طرح ہم نے انہیں تمہارے لئے مسخر (زیرفرمان) کیا ہے تاکہ تم شکر کرو (احسان مانو)۔ اللہ کو ہرگز نہیں پہنچتا

لُحُومُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ۚ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ

لُحُومُهَا	وَلَا	دِمَآؤُهَا	وَلٰكِنْ	يَّنَالُهُ	التَّقْوٰى	مِنْكُمْ	كَذٰلِكَ	سَخَّرَهَا	لَكُمْ
ان کا گوشت	اور نہ	ان کا خون	اور لیکن (بلکہ)	اس کو پہنچتا ہے	تقویٰ	تم سے	اسی طرح	ہم نے انہیں مسخر کیا	تمہارے لئے

ان کا گوشت اور نہ ان کا خون، بلکہ اس کو پہنچتا ہے تقویٰ (تمہارے دلوں کی پرہیزگاری) اسی طرح ہم نے انہیں تمہارے لئے مسخر (زیرفرمان) کیا

لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ۗ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِينَ ﴿۳۷﴾ إِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ

لِتُكَبِّرُوا	اللّٰهَ	عَلٰى	مَا هَدٰىكُمْ	وَبَشِّرِ	الْمُحْسِنِينَ	إِنَّ اللّٰهَ	يُدٰفِعُ
تاکہ تم بڑائی سے یاد کرو	اللہ	پر	جو اس نے ہدایت دی تمہیں	اور خوشخبری دیں	نیکی کرنے والے	بیشک اللہ	دور کرتا ہے

تاکہ تم اللہ کو بڑائی سے یاد کرو اِس پر جو اُس نے تمہیں ہدایت دی، اور نیکی کرنیوالوں کو خوشخبری دیں۔ بیشک اللہ دور کرتا ہے

۵ ع ۵ ۱۲

عَنِ الَّذِينَ اٰمَنُوا ۗ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُورٍ ﴿۳۸﴾ أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقٰتَلُونَ

عَنِ	الَّذِينَ اٰمَنُوا	إِنَّ اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	كُلَّ	خَوَّانٍ	كَفُورٍ	أُذِنَ	لِلَّذِينَ	يُقٰتَلُونَ
سے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	بیشک اللہ	پسند نہیں کرتا	کسی	دغاباز	ناشکرا	اذن دیا گیا	ان لوگوں کو	جن سے لڑتے ہیں

مومنوں سے (دشمنوں کے ضرر) بیشک اللہ کسی بھی دغاباز (خائن) ناشکرے کو پسند نہیں کرتا۔ جن سے (کافر) لڑتے ہیں ان لوگوں کو اذن (جہاد) دیا گیا

بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ﴿۳۹﴾ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا

بِاَنَّهُمْ	ظُلِمُوْا	وَاِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى	نَصْرِهِمْ	لَقَدِيْرُ	الَّذِيْنَ	اُخْرِجُوْا
کیونکہ وہ	ان پر ظلم کیا گیا	اور بیشک	اللہ	ان کی مدد پر		ضرور قدرت رکھتا ہے	جو لوگ	نکالے گئے

کیونکہ ان پر ظلم کیا گیا ہے، اور بیشک اللہ انکی مدد پر ضرور قدرت رکھتا ہے - جو لوگ نکالے گئے

مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّا اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ

مِنْ	دِيَارِهِمْ	بِغَيْرِ حَقٍّ	اِلَّا	اَنْ	يَّقُوْلُوْا	رَبُّنَا اللّٰهُ	وَلَوْ	لَادَفْعُ	اللّٰهِ	النَّاسَ
سے	اپنے گھر (جمع) شہروں	نا حق	مگر (صرف)	یہ کہ	وہ کہتے ہیں	ہمارا رب اللہ	اور اگر	دفع نہ کرتا	اللہ	لوگ

اپنے شہروں سے نا حق، صرف (اس بنا پر) کہ وہ کہتے ہیں ہمارا رب اللہ ہے، اور اگر اللہ دفع نہ کرتا لوگوں کو

بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ

بَعْضَهُمْ	بِبَعْضٍ	لَّهُدِّمَتْ	صَوَامِعُ	وَبِيَعٌ	وَّصَلَوٰتٌ	وَّمَسٰجِدُ
ان کے بعض (ایک کو)	بعض سے (دوسرے)	توڑھا دیے جاتے	صومعے	اور گرجے	اور عبادت خانے	اور مسجدیں

ایک کو دوسرے سے، تو صومعے (راہبوں کے خلوت خانے)، اور (نصاریٰ کے) گرجے اور (یہود کے) عبادت خانے اور (مسلمانوں کی) مسجدیں ڈھا دی جاتیں

يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ؕ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

يُذْكَرُ	فِيْهَا	اسْمُ اللّٰهِ	كَثِيْرًا	وَلَيَنْصُرَنَّ	اللّٰهُ	مَنْ	يَّنْصُرُهٗ	اِنَّ	اللّٰهَ
ذکر کیا جاتا (لیا جاتا ہے)	ان میں	اللہ کا نام	بہت۔ بکثرت	اور البتہ ضرور مدد کرے گا	اللہ	جو	اس کی مدد کرتا ہے	بیشک	اللہ

جن میں اللہ کا نام بکثرت لیا جاتا ہے، اور البتہ اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا، جو اس کی مدد کرتا ہے، بیشک اللہ

لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۴۰﴾ اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ

لَقَوِيٌّ	عَزِيْزٌ	اَلَّذِيْنَ	اِنْ	مَّكَّنّٰهُمْ	فِى الْاَرْضِ	اَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَ
طاقت والا (توانا)	غالب	وہ لوگ جو	اگر	ہم دسترس دیں انہیں	زمین (ملک) میں	وہ قائم کریں	نماز	اور

توانا، غالب ہے۔ وہ لوگ کہ اگر ہم انہیں ملک میں دسترس (اختیار) دیں تو نماز قائم کریں اور ﴿۴۱﴾

اٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ

اٰتَوُا	الزَّكٰوةَ	وَاَمَرُوْا	بِالْمَعْرُوْفِ	وَنَهَوْا	عَنِ الْمُنْكَرِ	وَلِلّٰهِ	عَاقِبَةُ	الْاُمُوْرِ
ادا کریں	زکوٰۃ	اور حکم دیں	نیک کاموں کا	اور وہ روکیں	برائی سے	اور اللہ کیلئے	انجام کار	تمام کام

زکوٰۃ ادا کریں اور نیک کاموں کا حکم دیں اور برائی سے روکیں ۔ اور تمام کاموں کا انجام اللہ ہی کے لئے ہے۔

وَإِن يُكَذِّبُوكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوحٍ وَعَادٌ وَثَمُودُ ﴿٤٢﴾ وَ

وَإِنْ	يُكَذِّبُوكَ	فَقَدْ كَذَّبَتْ	قَبْلَهُمْ	قَوْمُ نُوحٍ	وَعَادٌ	وَثَمُودُ	وَ
اور اگر	تمہیں جھٹلائیں	تو جھٹلایا	ان سے قبل	نوح کی قوم	اور عاد	اور ثمود	اور

اور اگر یہ تمہیں جھٹلائیں تو ان سے قبل جھٹلایا نوحؑ کی قوم نے، اور عاد اور ثمود نے، اور

قَوْمُ إِبْرَاهِيمَ وَقَوْمُ لُوطٍ ﴿٤٣﴾ وَأَصْحَابُ مَدْيَنَ ۖ وَكُذِّبَ مُوسَىٰ

قَوْمُ إِبْرَاهِيمَ	وَ	قَوْمُ لُوطٍ	وَ	أَصْحَابُ مَدْيَنَ	وَكُذِّبَ	مُوسَىٰ
ابراہیمؑ کی قوم	اور	قوم لوطؑ	اور	مدین والے	اور جھٹلایا گیا	موسیٰؑ

ابراہیمؑ کی قوم نے، اور قوم لوطؑ نے، اور مدین والوں نے، اور موسیٰؑ کو (بھی) جھٹلایا گیا

فَأَمْلَيْتُ لِلْكَافِرِينَ ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ ۖ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ ﴿٤٤﴾ فَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ

فَأَمْلَيْتُ	لِلْكَافِرِينَ	ثُمَّ	أَخَذْتُهُمْ	فَكَيْفَ	كَانَ	نَكِيرِ	فَكَأَيِّن	مِّن قَرْيَةٍ
پس میں نے ڈھیل دی	کافروں کو	پھر	میں نے انہیں پکڑ لیا	تو کیسا	ہوا	میرا انکار	تو کتنی	بستیاں

پس میں نے کافروں کو ڈھیل دی، پھر میں نے انہیں پکڑ لیا، تو کیسا ہوا میرے انکار (کا انجام)! سو کتنی ہی بستیاں ہیں

أَهْلَكْنَاهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ

أَهْلَكْنَاهَا	وَهِيَ	ظَالِمَةٌ	فَهِيَ	خَاوِيَةٌ	عَلَىٰ	عُرُوشِهَا	وَبِئْرٍ	مُّعَطَّلَةٍ
ہم نے ہلاک کیا انہیں	اور یہ ۔ وہ	ظالم	کہ وہ ۔ یہ	گری پڑی	پر	اپنی چھتیں	اور کنوئیں	بے کار

جنہیں ہم نے ہلاک کیا اور وہ ظالم تھیں، تو یہ (اب) اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں، اور کتنے ہی کنوئیں بے کار پڑے ہیں،

وَقَصْرٍ مَّشِيدٍ ﴿٤٥﴾ أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَتَكُونَ لَهُمْ قُلُوبٌ

وَقَصْرٍ	مَّشِيدٍ	أَ فَلَمْ يَسِيرُوا	فِي الْأَرْضِ	فَتَكُونَ	لَهُمْ	قُلُوبٌ
اور بہت محل	گچ کاری کے	پس کیا وہ چلتے پھرتے نہیں	زمین میں	جو ہو جاتے	ان کے	دل

اور بہت سے گچ کاری کے (پختہ) محل ویران پڑے ہیں! پس کیا وہ زمین میں چلتے پھرتے نہیں جو اُن کے دل (ایسے) ہو جاتے کہ

يَعْقِلُونَ بِهَا أَوْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا ۖ فَإِنَّهَا لَا تَعْمَى الْأَبْصَارُ وَلَٰكِن

يَعْقِلُونَ	بِهَا	أَوْ	آذَانٌ	يَسْمَعُونَ	بِهَا	فَإِنَّهَا	لَا تَعْمَى	الْأَبْصَارُ	وَلَٰكِن
وہ سمجھنے لگتے	ان سے	یا	کان (جمع)	سننے لگتے	ان سے	کیونکہ درحقیقت	اندھی نہیں ہوتیں	آنکھیں	اور لیکن (بلکہ)

ان سے سمجھنے لگتے، یا ان کے کان (ایسے) ہو جاتے کہ اُن سے سُننے لگتے، کیونکہ درحقیقت آنکھیں اندھی نہیں ہوا کرتیں بلکہ

تَعۡمَى الۡقُلُوۡبُ الَّتِىۡ فِى الصُّدُوۡرِ ﴿۴۶﴾ وَ يَسۡتَعۡجِلُوۡنَكَ بِالۡعَذَابِ وَلَنۡ

تَعۡمَى	الۡقُلُوۡبُ	الَّتِىۡ	فِى الصُّدُوۡرِ	وَ	يَسۡتَعۡجِلُوۡنَكَ	بِالۡعَذَابِ	وَلَنۡ
اندھے ہو جاتے ہیں	دل (جمع)	وہ جو	سینوں میں	اور	وہ تم سے جلدی مانگتے ہیں	عذاب	اور ہرگز نہیں

دل جو سینوں میں ہیں اندھے ہو جایا کرتے ہیں۔ اور وہ تم سے عذاب جلدی مانگتے ہیں، اور ہرگز

يُّخۡلِفَ اللّٰهُ وَعۡدَهٗ ؕ وَاِنَّ يَوۡمًا عِنۡدَ رَبِّكَ كَاَلۡفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوۡنَ ﴿۴۷﴾ وَ

يُّخۡلِفَ	اللّٰهُ	وَعۡدَهٗ	وَاِنَّ	يَوۡمًا	عِنۡدَ رَبِّكَ	كَاَلۡفِ سَنَةٍ	مِّمَّا	تَعُدُّوۡنَ	وَ
خلاف کرے گا	اللہ	اپنا وعدہ	اور بیشک	ایک دن	تمہارے رب کے ہاں	ہزار سال کے مانند	اس سے جو	تم گنتے ہو	اور

اللہ اپنے وعدہ کے خلاف نہ کرے گا اور بیشک تمہارے رب کے ہاں ایک دن ہزار سال کے مانند ہے اس سے جو تم گنتے ہو (تمہارے حساب میں)۔ اور

۶ ع ۱۰ ۱۳

كَاَيِّنۡ مِّنۡ قَرۡيَةٍ اَمۡلَيۡتُ لَهَا وَهِىَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذۡتُهَا ۚ وَاِلَىَّ الۡمَصِيۡرُ ﴿۴۸﴾

كَاَيِّنۡ	مِّنۡ قَرۡيَةٍ	اَمۡلَيۡتُ	لَهَا	وَهِىَ	ظَالِمَةٌ	ثُمَّ	اَخَذۡتُهَا	وَاِلَىَّ	الۡمَصِيۡرُ
کتنی ہی	بستیاں	میں نے ڈھیل دی	ان کو	اور وہ	ظالم	پھر	میں نے پکڑا انہیں	اور میری طرف	لوٹ کر آنا

کتنی ہی بستیاں ہیں، میں نے ان کو ڈھیل دی اور وہ ظالم تھیں، پھر میں نے انہیں پکڑا، اور میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔

قُلۡ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَاۤ اَنَا لَـكُمۡ نَذِيۡرٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۴۹﴾ فَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَ

قُلۡ	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	اِنَّمَاۤ	اَنَا	لَـكُمۡ	نَذِيۡرٌ مُّبِيۡنٌ	فَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا	وَ
فرما دیں	اے لوگو!	اسکے سوا نہیں	میں	تمہارے لئے	ڈرانے والا آشکارا	پس جو لوگ ایمان لائے	اور

آپ فرما دیں، اے لوگو! اس کے سوا نہیں کہ میں تمہارے لئے آشکارا ڈرانے والا ہوں۔ پس جو لوگ ایمان لائے، اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّرِزۡقٌ كَرِيۡمٌ ﴿۵۰﴾ وَالَّذِيۡنَ سَعَوۡا

عَمِلُوۡا	الصّٰلِحٰتِ	لَهُمۡ	مَّغۡفِرَةٌ	وَ	رِزۡقٌ	كَرِيۡمٌ	وَ	الَّذِيۡنَ سَعَوۡا
انہوں نے عمل کئے	اچھے	ان کے لئے	بخشش	اور	رزق	باعزت	اور	جن لوگوں نے کوشش کی

انہوں نے اچھے عمل کئے، ان کے لئے بخشش اور باعزت رزق ہے۔ اور جن لوگوں نے کوشش کی اپنے زعم میں

فِىۡۤ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيۡنَ اُولٰۤـئِكَ اَصۡحٰبُ الۡجَحِيۡمِ ﴿۵۱﴾ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ

فِىۡۤ	اٰيٰتِنَا	مُعٰجِزِيۡنَ	اُولٰۤـئِكَ	اَصۡحٰبُ الۡجَحِيۡمِ	وَمَاۤ	اَرۡسَلۡنَا	مِنۡ قَبۡلِكَ
میں	ہماری آیات	عاجز کرنے (ہرانے)	وہی ہیں	دوزخ والے	اور نہیں بھیجا ہم نے		تم سے پہلے

ہماری آیات کے ہرانے میں، وہی ہیں دوزخ والے۔ اور ہم نے تم سے پہلے نہیں بھیجا

مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ

مِنْ	رَّسُوْلٍ	وَّلَا	نَبِيٍّ	اِلَّآ	اِذَا	تَمَنّٰٓى	اَلْقَى	الشَّيْطٰنُ	فِيْٓ	اُمْنِيَّتِهٖ
سے۔کوئی	رسول	اور نہ	نبی	مگر	جب	اس نے آرزو کی	ڈالا	شیطان	میں	اس کی آرزو

کوئی رسول اور نہ نبی مگر جب اس نے آرزو کی تو شیطان نے اس کی آرزو میں (وسوسہ) ڈالا

فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِى الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

فَيَنْسَخُ	اللّٰهُ	مَا يُلْقِى	الشَّيْطٰنُ	ثُمَّ	يُحْكِمُ اللّٰهُ	اٰيٰتِهٖ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ
پس ہٹا دیتا ہے	اللہ	جو ڈالتا ہے	شیطان	پھر	اللہ مضبوط کر دیتا ہے	اپنی آیات	اور اللہ	جاننے والا

پس شیطان جو ڈالتا ہے اللہ ہٹا دیتا ہے، پھر اللہ اپنی آیات کو مضبوط کر دیتا ہے، اور اللہ جاننے والا

حَكِيْمٌ ۝۵۲ لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِى الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

حَكِيْمٌ	لِيَجْعَلَ	مَا يُلْقِى	الشَّيْطٰنُ	فِتْنَةً	لِلَّذِيْنَ	فِيْ قُلُوْبِهِمْ	مَرَضٌ
حکمت والا	تاکہ بنائے وہ	جو ڈالا	شیطان	ایک آزمائش	ان لوگوں کے لئے	ان کے دلوں میں	مرض

حکمت والا ہے۔ تاکہ (اس وسوسہ کو) جو شیطان نے ڈالا اُن لوگوں کے لئے آزمائش بنا دے جن کے دلوں میں مرض ہے

وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۢ بَعِيْدٍ ۝۵۳ وَّلِيَعْلَمَ

وَ	الْقَاسِيَةِ	قُلُوْبُهُمْ	وَاِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ	لَفِيْ شِقَاقٍ	بَعِيْدٍ	وَلِيَعْلَمَ
اور	سخت	ان کے دل	اور بیشک	ظالم (جمع)	البتہ سخت ضد میں	دور۔بڑی	اور تاکہ جان لیں

اور ان کے دل سخت ہیں، اور بیشک ظالم البتہ سخت ضد میں ہیں۔ اور تاکہ جان لیں

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ

الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ	اَنَّهُ	الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	فَيُؤْمِنُوْا	بِهٖ	فَتُخْبِتَ	لَهٗ
وہ لوگ جنہیں	علم دیا گیا	کہ یہ	حق	تمہارے رب سے	تو وہ ایمان لے آئیں	اس پر	تو جھک جائیں	اس کے لئے

وہ لوگ جنہیں علم دیا گیا ہے کہ یہ تمہارے رب (کی طرف سے) حق ہے تو اس پر ایمان لے آئیں اور اس کے لئے جھک جائیں

قُلُوْبُهُمْ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۵۴ وَلَا يَزَالُ

قُلُوْبُهُمْ	وَاِنَّ	اللّٰهَ	لَهَادِ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	وَلَا يَزَالُ
ان کے دل	اور بیشک	اللہ	ہدایت دینے والا	وہ لوگ جو ایمان لائے	طرف	راستہ	سیدھا	اور ہمیشہ رہیں گے

ان کے دل، اور بیشک اللہ ان لوگوں کو سیدھے راستہ کی طرف ہدایت دینے والا ہے جو ایمان لائے۔ اور وہ ہمیشہ رہیں گے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	فِيْ	مِرْيَةٍ	مِّنْهُ	حَتّٰى	تَاْتِيَهُمُ	السَّاعَةُ	بَغْتَةً	اَوْ	يَاْتِيَهُمْ
جن لوگوں نے کفر کیا	میں	شک	اس سے	یہاں تک	آئے ان پر	قیامت	اچانک	یا	آ جائے ان پر

اس سے شک میں جن لوگوں نے کفر کیا ، یہاں تک کہ اُن پر اچانک قیامت آ جائے ، یا اُن پر آ جائے

عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

عَذَابُ	يَوْمٍ عَقِيْمٍ	اَلْمُلْكُ	يَوْمَئِذٍ	لِّلّٰهِ	يَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
عذاب	منحوس دن	بادشاہی	اس دن	اللہ کیلئے	فیصلہ کریگا	اُن کے درمیان	پس جو لوگ ایمان لائے

منحوس دن کا عذاب ۔ اس دن بادشاہی اللہ کے لئے ہے، وہ انکے درمیان فیصلہ کرے گا ، پس جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

وَعَمِلُوْا	الصّٰلِحٰتِ	فِيْ	جَنّٰتِ النَّعِيْمِ	وَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا
اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	میں	نعمتوں کے باغات	اور	جن لوگوں نے کفر کیا	اور جھٹلایا	ہماری آیات کو

اور انہوں نے اچھے عمل کئے وہ نعمتوں کے باغات میں ہوں گے ۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کو جھٹلایا

۷ ع ۹ ۱۴

فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا

فَاُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ مُّهِيْنٌ	وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	ثُمَّ	قُتِلُوْٓا
پس وہی لوگ	انکے لئے	عذاب ذلت	اور جن لوگوں نے ہجرت کی	میں	اللہ کا راستہ	پھر	مارے گئے

انہی کے لئے ہے ذلت کا عذاب ۔ اور جن لوگوں نے اللہ کے راستے میں ہجرت کی، پھر مارے گئے (شہید ہو گئے)

اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۵۸﴾

اَوْ	مَاتُوْا	لَيَرْزُقَنَّهُمُ	اللّٰهُ	رِزْقًا	حَسَنًا	وَ	اِنَّ اللّٰهَ	لَهُوَ	خَيْرُ	الرّٰزِقِيْنَ
یا	وہ مر گئے	البتہ وہ انہیں رزق دے گا	اللہ	رزق	اچھا	اور	بیشک اللہ	البتہ وہ	سب سے بہتر	رزق دینے والا

یا مر گئے ، اللہ البتہ انہیں ضرور اچھا رزق دے گا ، اور اللہ بے شک سب سے بہتر رزق دینے والا ہے ۔

لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾ ذٰلِكَ

لَيُدْخِلَنَّهُمْ	مُّدْخَلًا	يَّرْضَوْنَهٗ	وَاِنَّ	اللّٰهَ	لَعَلِيْمٌ	حَلِيْمٌ	ذٰلِكَ
وہ البتہ انہیں ضرور داخل کریگا	ایسے مقام میں	وہ اسے پسند کریں گے	اور بیشک	اللہ	البتہ علم والا	حلم والا	یہ

وہ البتہ انہیں ضرور ایسے مقام میں داخل کرے گا جسے وہ پسند فرمائیں گے ، اور اللہ بیشک علم والا ، حلم والا ہے ۔ یہ (تو ہوا)

وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

وَمَنْ	عَاقَبَ	بِمِثْلِ	مَا عُوْقِبَ	بِهٖ	ثُمَّ	بُغِيَ عَلَيْهِ	لَيَنْصُرَنَّهُ	اللّٰهُ	اِنَّ اللّٰهَ
اور جو جس	ستایا	جیسے	اسے ستایا گیا	اس سے	پھر	زیادتی کی گئی اس پر	ضرور مدد کریگا اسکی	اللہ	بیشک اللہ

اور جس نے دشمن کو (اسی قدر) ستایا جیسے اُسے ستایا گیا تھا، پھر اس پر زیادتی کی گئی تو اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا، بیشک اللہ

لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ

لَعَفُوٌّ	غَفُوْرٌ	ذٰلِكَ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	يُوْلِجُ	الَّيْلَ	فِي النَّهَارِ	وَ يُوْلِجُ	النَّهَارَ
البتہ معاف کرنیوالا	بخشنے والا	یہ	اس لئے کہ	اللہ	داخل کرتا ہے	رات	دن میں	اور داخل کرتا ہے	دن

البتہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے - یہ اس لئے ہے کہ اللہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے، اور دن کو داخل کرتا ہے

فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ﴿۶۱﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا

فِي الَّيْلِ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	بَصِيْرٌ	ذٰلِكَ	بِاَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ الْحَقُّ	وَاَنَّ	مَا
رات میں	اور یہ کہ	اللہ	سننے والا	دیکھنے والا	یہ	اس لئے کہ	اللہ	وہی حق	اور یہ کہ	جو۔جسے

رات میں، اور یہ کہ اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے - یہ اس لئے ہے کہ اللہ ہی حق ہے، اور یہ کہ جسے

يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۶۲﴾

يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	هُوَ	الْبَاطِلُ	وَاَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	الْعَلِيُّ	الْكَبِيْرُ
وہ پکارتے ہیں	اس کے سوا	وہ	باطل	اور یہ کہ	اللہ	وہ	بلند مرتبہ	بڑا

وہ اس کے سوا پکارتے ہیں وہ باطل ہے، اور یہ کہ اللہ ہی بلند مرتبہ، بڑا ہے -

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۫ فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ؕ اِنَّ

اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ	اَنْزَلَ	مِنَ	السَّمَآءِ	مَآءً	فَتُصْبِحُ	الْاَرْضُ	مُخْضَرَّةً	اِنَّ
کیا تونے نہیں دیکھا	کہ اللہ	اُتارا	سے	آسمان	پانی	تو ہو گئی	زمین	سرسبز	بیشک

کیا تو نے نہیں دیکھا؟ کہ اللہ نے آسمانوں سے پانی آتارا تو زمین سرسبز ہو گئی، بے شک

اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿۶۳﴾ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ

اللّٰهَ	لَطِيْفٌ	خَبِيْرٌ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَاِنَّ	اللّٰهَ
اللہ	نہایت مہربان	خبر رکھنے والا	اسی کے لئے	جو کچھ	آسمانوں میں	اور جو کچھ	زمین میں	اور بیشک	اللہ

اللہ نہایت مہربان، خبر رکھنے والا ہے - اسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں ہے، اور جو کچھ زمین میں ہے، اور بیشک اللہ

لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿٦٤﴾ أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي الْأَرْضِ وَالْفُلْكَ

لَهُوَ	الْغَنِيُّ	الْحَمِيدُ	أَلَمْ تَرَ	أَنَّ اللّٰهَ	سَخَّرَ	لَكُمْ	مَا	فِي الْأَرْضِ	وَالْفُلْكَ
البتہ وہی	بے نیاز	تمام خوبیوں والا	کیا تونے نہیں دیکھا	کہ اللہ	مسخر کیا	تمہارے لئے	جو	زمین میں	اور کشتی

وہی بے نیاز، تمام خوبیوں والا ہے۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے تمہارے لئے مسخر کیا جو کچھ زمین میں ہے، اور کشتی

تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِأَمْرِهِ وَيُمْسِكُ السَّمَآءَ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ

تَجْرِي	فِي الْبَحْرِ	بِأَمْرِهِ	وَيُمْسِكُ	السَّمَآءَ	أَنْ تَقَعَ	عَلَى الْأَرْضِ	إِلَّا	بِإِذْنِهِ
چلتی ہے	دریا میں	اسکے حکم سے	اور روکے ہوئے ہے	آسمان	کہ وہ گر پڑے	زمین پر	مگر	اسکے حکم سے

اس کے حکم سے دریا میں چلتی ہے، اور وہ آسمانوں کو روکے ہوئے ہے کہ وہ زمین پر نہ گر پڑے مگر اس کے حکم سے،

إِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿٦٥﴾ وَهُوَ الَّذِي أَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ

إِنَّ اللّٰهَ	بِالنَّاسِ	لَرَءُوفٌ	رَّحِيمٌ	وَهُوَ	الَّذِي	أَحْيَاكُمْ	ثُمَّ	يُمِيتُكُمْ
بیشک اللہ	لوگوں پر	بڑا شفقت کرنیوالا	نہایت مہربان	اور وہی	جس نے	زندہ کیا تمہیں	پھر	مارے گا تمہیں

بے شک اللہ لوگوں پر بڑا شفقت کرنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور وہی ہے جس نے تمہیں زندہ کیا، پھر تمہیں مارے گا،

ثُمَّ يُحْيِيكُمْ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَكَفُورٌ ﴿٦٦﴾ لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ

ثُمَّ	يُحْيِيكُمْ	إِنَّ الْإِنْسَانَ	لَكَفُورٌ	لِكُلِّ أُمَّةٍ	جَعَلْنَا	مَنْسَكًا	هُمْ
پھر	زندہ کرے گا تمہیں	بیشک انسان	بڑا ناشکرا	ہر امت کے لئے	ہم نے مقرر کیا	ایک طریق عبادت	وہ

پھر تمہیں زندہ کرے گا، بے شک انسان بڑا ناشکرا ہے۔ ہم نے ہر امت کے لئے ایک طریق عبادت مقرر کیا ہے، وہ

نَاسِكُوهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى

نَاسِكُوهُ	فَلَا يُنَازِعُنَّكَ	فِي الْأَمْرِ	وَادْعُ	إِلَىٰ رَبِّكَ	إِنَّكَ	لَعَلَىٰ	هُدًى
اُس پر بندگی کرتے ہیں	سو چاہیئے کہ تم سے نہ جھگڑا کریں	اس معاملہ میں	اور بلاؤ	اپنے رب کی طرف	بیشک تم	پر	راہ

اس پر (اسی کے مطابق) بندگی کرتے ہیں، سو چاہیئے کہ اس معاملے میں نہ جھگڑیں، اور اپنے رب کی طرف بلاؤ، بیشک تم ہو

مُّسْتَقِيمٍ ﴿٦٧﴾ وَإِنْ جَادَلُوكَ فَقُلِ اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٦٨﴾ اللّٰهُ

مُّسْتَقِيمٍ	وَإِنْ	جَادَلُوكَ	فَقُلِ	اللّٰهُ	أَعْلَمُ	بِمَا تَعْمَلُونَ	اللّٰهُ
سیدھی	اور اگر	وہ تم سے جھگڑیں	تو آپ کہدیں	اللہ	خوب جانتا ہے	جو تم کرتے ہو	اللہ

سیدھی راہ پر۔ اور اگر وہ تم سے جھگڑیں تو آپ کہہ دیں اللہ خوب جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ اللہ

يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٦٩﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ

يَحْكُمُ	بَيْنَكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا	كُنْتُمْ	فِيْهِ	تَخْتَلِفُوْنَ	اَلَمْ تَعْلَمْ
فیصلہ کرے گا	تمہارے درمیان	روزِ قیامت	جس میں	تم تھے	اس میں	اختلاف کرتے	کیا تجھے معلوم نہیں؟

روزِ قیامت تمہارے درمیان اس بات کا فیصلہ کرے گا، جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔ کیا تجھے معلوم نہیں ؟

اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ

اَنَّ اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ	اِنَّ	ذٰلِكَ	فِيْ كِتٰبٍ	اِنَّ	ذٰلِكَ
کہ اللہ	جانتا ہے	جو	آسمانوں میں	اور زمین	بیشک	یہ	کتاب میں	بیشک	یہ

کہ اللہ جانتا ہے جو آسمانوں میں اور جو زمین میں ہے، بیشک یہ کتاب میں ہے، بے شک یہ

عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿٧٠﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا

عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرٌ	وَيَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مَا	لَمْ يُنَزِّلْ	بِهٖ	سُلْطٰنًا
اللہ پر	آسان	اور وہ بندگی کرتے ہیں	کے سوا	اللہ	جو	نہیں اتاری اس نے	اس کی	کوئی سند

اللہ پر آسان ہے۔ وہ اللہ کے سوا (اس کی) بندگی کرتے ہیں جس کی اس نے کوئی سند نہیں اتاری،

وَّمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿٧١﴾ وَاِذَا

وَمَا	لَيْسَ	لَهُمْ	بِهٖ	عِلْمٌ	وَمَا	لِلظّٰلِمِيْنَ	مِنْ نَّصِيْرٍ	وَاِذَا
اور جو جس	نہیں	ان کے لئے (انہیں)	اس کا	کوئی علم	اور نہیں	ظالموں کے لئے	کوئی مددگار	اور جب

اور اس کی جس کا (خود) انہیں کوئی علم نہیں، اور ظالموں کے لئے کوئی مددگار نہیں۔ اور جب

تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ؕ

تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتُنَا	بَيِّنٰتٍ	تَعْرِفُ	فِيْ	وُجُوْهِ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	الْمُنْكَرَ
پڑھی جاتی ہیں	ان پر	ہماری آیات	واضح	تم پہچانو گے	میں پر	چہرے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	ناخوشی

ان پر ہماری واضح آیات پڑھی جاتی ہیں، تو تم کافروں کے چہروں پر ناخوشی (کے آثار) پہچان لو گے،

يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ؕ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ

يَكَادُوْنَ	يَسْطُوْنَ	بِالَّذِيْنَ	يَتْلُوْنَ	عَلَيْهِمْ	اٰيٰتِنَا	قُلْ	اَفَاُنَبِّئُكُمْ
قریب ہے	وہ حملہ کردیں	ان پر جو	پڑھتے ہیں	ان پر	ہماری آیتیں	فرما دیں	کیا میں تمہیں بتلا دوں؟

قریب ہے کہ وہ ان پر حملہ کر دیں جو ان پر ہماری آیتیں پڑھتے ہیں، فرما دیں' کیا میں تمہیں بتلاؤں؟

بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَ بِئْسَ

بِشَرٍّ	مِّنْ	ذٰلِكُمْ	اَلنَّارُ	وَعَدَهَا	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	وَ بِئْسَ
بدتر	سے	اس	وہ دوزخ	جس کا وعدہ کیا	اللہ	جن لوگوں نے کفر کیا	اور برا

اس سے بدتر ہے، وہ دوزخ، جس کا اللہ نے کافروں سے وعدہ کیا، اور برا ہے (وہ)

۹ ع ۸ ۱۶

الْمَصِيْرُ ﴿۷۲﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ

الْمَصِيْرُ	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ	ضُرِبَ	مَثَلٌ	فَاسْتَمِعُوْا	لَهٗ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
ٹھکانا	اے لوگو!	بیان کی جاتی ہے	ایک مثال	پس تم سنو	اس کو	بیشک	وہ جنہیں

ٹھکانا۔ اے لوگو! ایک مثال (کہاوت) بیان کی جاتی ہے پس اس کو (کان کھول کر) سنو، بیشک جنہیں

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّ لَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ وَ اِنْ

تَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	لَنْ يَّخْلُقُوْا	ذُبَابًا	وَّ لَوِ	اجْتَمَعُوْا	لَهٗ	وَ اِنْ
تم پکارتے ہو	اللہ کے سوا	ہرگز نہ پیدا کر سکیں گے	ایک مکھی	خواہ	وہ جمع ہو جائیں	اس کے لئے	اور اگر

تم اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ ہرگز ایک مکھی (بھی) نہ پیدا کر سکیں گے خواہ اس کے لئے وہ سب جمع ہو جائیں، اور اگر

يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ضَعُفَ الطَّالِبُ

يَسْلُبْهُمُ	الذُّبَابُ	شَيْـًٔا	لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ	مِنْهُ	ضَعُفَ	الطَّالِبُ
ان سے چھین لے	مکھی	کچھ	نہ چھڑا سکیں گے اسے	اس سے	کمزور (بودا ہے)	چاہنے والا

مکھی ان سے کچھ چھین لے تو وہ اس سے نہ چھڑا سکیں گے (کتنا) بودا ہے چاہنے والا

وَ الْمَطْلُوْبُ ﴿۷۳﴾ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ

وَ الْمَطْلُوْبُ	مَا قَدَرُوا	اللّٰهَ	حَقَّ قَدْرِهٖ	اِنَّ اللّٰهَ	لَقَوِيٌّ	عَزِيْزٌ
اور جس کو چاہا	نہ قدر جانی انہوں نے	اللہ	اس کے قدر کرنے کا حق	بیشک اللہ	قوت والا	غالب

اور جس کو چاہا (وہ بھی)۔ انہوں نے اللہ کی قدر نہ جانی (جیسے) اس کی قدر کرنے کا حق تھا، بیشک اللہ قوت والا غالب ہے۔

اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ ۢ

اَللّٰهُ	يَصْطَفِيْ	مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ	رُسُلًا	وَّ	مِنَ النَّاسِ	اِنَّ اللّٰهَ	سَمِيْعٌ
اللہ	چن لیتا ہے	فرشتوں میں سے	پیغام پہنچانے والے	اور	آدمیوں میں سے	بیشک اللہ	سننے والا

اللہ فرشتوں میں سے اور آدمیوں میں سے پیغام پہنچانے والے چن لیتا ہے، بے شک اللہ سننے والا،

بَصِيْرٌ ﴿٧٥﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ ۭ وَ اِلَى اللّٰهِ

بَصِيْرٌ	يَعْلَمُ	مَا	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَ مَا	خَلْفَهُمْ	وَ	اِلَى اللّٰهِ
دیکھنے والا	وہ جانتا ہے	جو	انکے ہاتھوں کے درمیان (آگے)	اور جو	ان کے پیچھے	اور	اللہ کی طرف

دیکھنے والا ہے۔ وہ جانتا ہے جو اُن کے آگے اور جو اُن کے پیچھے ہے۔ اور اللہ (ہی) کی طرف

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿٧٦﴾ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَ اسْجُدُوْا وَ اعْبُدُوْا

تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ	يٰاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	ارْكَعُوْا	وَ اسْجُدُوْا	وَ	اعْبُدُوْا
لوٹنا (بازگشت)	سارے کام	اے	وہ لوگ جو ایمان لائے	تم رکوع کرو	اور سجدہ کرو	اور	عبادت کرو

سارے کاموں کی بازگشت ہے۔ اے ایمان والو! تم رکوع کرو، اور سجدہ کرو، اور عبادت کرو

رَبَّكُمْ وَ افْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٧٧﴾ (السجدة) وَ جَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ

رَبَّكُمْ	وَ افْعَلُوْا	الْخَيْرَ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَ جَاهِدُوْا	فِي اللّٰهِ
اپنا رب	اور کرو	اچھے کام	تاکہ تم	فلاح (دو جہان میں کامیابی) پاؤ	اور کوشش کرو	اللہ میں

اپنے رب کی، اور اچھے کام کرو تاکہ تم دو جہان میں کامیابی پاؤ۔ اور (اللہ کی راہ میں) کوشش کرو

حَقَّ جِهَادِهٖ ۭ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَ مَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۭ

حَقَّ	جِهَادِهٖ	هُوَ	اجْتَبٰىكُمْ	وَ مَا	جَعَلَ	عَلَيْكُمْ	فِي الدِّيْنِ	مِنْ حَرَجٍ
حق	اس کی کوشش کرنا	وہ۔ اس	اس نے تمہیں چنا	اور نہ	ڈالی	تم پر	دین میں	کوئی تنگی

(جیسے) کوشش کرنے کا حق ہے۔ اس نے تمہیں چنا، اور اس نے تم پر دین میں کوئی تنگی نہیں ڈالی،

مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ۭ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ڏ مِنْ قَبْلُ

مِلَّةَ	اَبِيْكُمْ	اِبْرٰهِيْمَ	هُوَ	سَمّٰىكُمُ	الْمُسْلِمِيْنَ	مِنْ قَبْلُ
دین	تمہارے باپ	ابراہیمؑ	وہ۔ اس	تمہارا نام کیا	مسلم (جمع)	اس سے قبل

(یعنی) تمہارے باپ ابراہیمؑ کا دین، اس نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے، اس سے قبل (بھی)

وَ فِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَ تَكُوْنُوْا شُهَدَاۗءَ

وَ	فِيْ هٰذَا	لِيَكُوْنَ	الرَّسُوْلُ	شَهِيْدًا	عَلَيْكُمْ	وَ تَكُوْنُوْا	شُهَدَاۗءَ
اور	اس میں	تاکہ ہو	رسولؐ	تمہارا گواہ۔ نگران	تم پر	اور تم ہو	گواہ۔ نگران

اور اس (قرآن) میں بھی، تاکہ رسول (اکرمؐ) تمہارے نگران و گواہ ہوں اور تم نگران و گواہ ہو

عَلَى النَّاسِ ۚ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ اعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ

بِاللّٰهِ	اعْتَصِمُوْا	وَ	الزَّكٰوةَ	وَ اٰتُوا	الصَّلٰوةَ	فَاَقِيْمُوا	عَلَى النَّاسِ
اللہ کو	مضبوطی سے تھام لو	اور	زکوٰۃ	اور ادا کرو	نماز	پس قائم کرو	لوگوں پر

لوگوں پر، پس نماز قائم کرو، اور زکوٰۃ ادا کرو اور اللہ (کی رسی) کو مضبوطی سے تھام لو،

هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى

الْمَوْلٰى	فَنِعْمَ	مَوْلٰىكُمْ	هُوَ
مولیٰ	سو اچھا ہے	تمہارا مولیٰ (کارساز)	وہ

وہ تمہارا کارساز ہے، سو کیا ہی اچھا ہے کارساز،

وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۷۸﴾ ع

۱۰ ع ۶ ۱۷

النَّصِيْرُ	وَنِعْمَ
مددگار	اور اچھا ہے

اور کیا ہی اچھا ہے مددگار!

ایاتها ۱۱۸ — ۲۳ سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ ۷۴ — رکوعاتها ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝۲

قَدْ اَفْلَحَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	الَّذِيْنَ	هُمْ	فِيْ صَلَاتِهِمْ	خٰشِعُوْنَ
فلاح پائی (کامیاب ہوئے)	مومن (جمع)	اور جو	وہ	اپنی نمازوں میں	خشوع (عاجزی) کرنے والے

(دوجہان میں) کامیاب ہوئے وہ مومن جو اپنی نمازوں میں عاجزی کرنے والے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ۝۳ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۝۴

وَالَّذِيْنَ	هُمْ	عَنِ اللَّغْوِ	مُعْرِضُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	لِلزَّكٰوةِ	فٰعِلُوْنَ
اور وہ جو	وہ	لغو (بیہودہ باتوں) سے	منہ پھیرنے والے	اور وہ جو	وہ	زکوٰۃ (کو)	ادا کرنے والے

اور وہ جو بیہودہ باتوں سے منہ پھیرنے والے ہیں۔ اور وہ جو زکوٰۃ ادا کرنے والے ہیں۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۝۵ اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ

وَالَّذِيْنَ	هُمْ	لِفُرُوْجِهِمْ	حٰفِظُوْنَ	اِلَّا	عَلٰى	اَزْوَاجِهِمْ	اَوْ	مَا	مَلَكَتْ
اور وہ جو	وہ	اپنی شرمگاہوں کی	حفاظت کرنے والے	مگر	پر سے	اپنی بیویاں	یا	جو	مالک ہوئے

اور وہ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ مگر اپنی بیویوں سے، یا جن کے مالک ہوئے

اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۝۶ فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

اَيْمَانُهُمْ	فَاِنَّهُمْ	غَيْرُ	مَلُوْمِيْنَ	فَمَنِ	ابْتَغٰى	وَرَآءَ	ذٰلِكَ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ
ان کے دائیں ہاتھ	پس بیشک وہ	کوئی ملامت نہیں		پس جو	چاہے	سوا	اس	تو وہی	وہ

ان کے دائیں ہاتھ (کنیزوں) سے بیشک اُن پر کوئی ملامت نہیں۔ پس جو ان کے سوا [illegible] سے تو وہی ہیں

الْعٰدُوْنَ ۝۷ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝۸ وَالَّذِيْنَ

الْعٰدُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	لِاَمٰنٰتِهِمْ	وَعَهْدِهِمْ	رٰعُوْنَ	وَالَّذِيْنَ
حد سے بڑھنے والے	اور وہ جو	وہ	اپنی امانتیں	اور اپنے عہد	رعایت کرنے والے	اور وہ جو

حد سے بڑھنے والے۔ اور (کامیاب ہیں وہ مومن) وہ جو اپنی امانتوں کی اور اپنے عہد کی رعایت کرنے والے ہیں۔ اور وہ جو

هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝٩ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝١٠ الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ

هُمْ	عَلٰى	صَلَوٰتِهِمْ	يُحَافِظُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْوٰرِثُوْنَ	الَّذِيْنَ	يَرِثُوْنَ
وہ	پر۔کی	اپنی نمازیں	حفاظت کرنے والے ہیں	یہی لوگ	وہ	وارث (جمع)	جو	وارث ہوں گے

اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے والے ہیں۔ یہی لوگ ہیں جو وارث ہوں گے

الْفِرْدَوْسَ ۭ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝١١ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝١٢

الْفِرْدَوْسَ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	وَ	لَقَدْ خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	مِنْ	سُلٰلَةٍ	مِّنْ طِيْنٍ
جنت	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	اور	البتہ ہم نے پیدا کیا	انسان	سے	خلاصہ (چنی ہوئی)	مٹی سے

(جنتِ) فردوس کے، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور البتہ ہم نے انسان کو چنی ہوئی مٹی سے پیدا کیا۔

ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝١٣ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا

ثُمَّ	جَعَلْنٰهُ	نُطْفَةً	فِيْ	قَرَارٍ مَّكِيْنٍ	ثُمَّ	خَلَقْنَا	النُّطْفَةَ	عَلَقَةً	فَخَلَقْنَا
پھر	ہم نے اسے ٹھہرایا	نطفہ	میں	مضبوط جگہ	پھر	ہم نے بنایا	نطفہ	جما ہوا خون	پس ہم نے بنایا

پھر ہم نے اسے مضبوط جگہ میں نطفہ ٹھہرایا۔ پھر ہم نے نطفہ کو جما ہوا خون بنایا، پھر ہم نے بنایا

الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ

الْعَلَقَةَ	مُضْغَةً	فَخَلَقْنَا	الْمُضْغَةَ	عِظٰمًا	فَكَسَوْنَا	الْعِظٰمَ	لَحْمًا	ثُمَّ
جما ہوا خون	بوٹی	پھر ہم نے بنایا	بوٹی	ہڈیاں	پھر ہم نے پہنایا	ہڈیاں	گوشت	پھر

جمے ہوئے خون (لوتھڑے) کو بوٹی، پھر ہم نے بوٹی سے ہڈیاں بنائیں، پھر ہم نے ہڈیوں کو گوشت پہنایا، پھر

اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۭ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝١٤ ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ

اَنْشَاْنٰهُ	خَلْقًا	اٰخَرَ	فَتَبٰرَكَ	اللّٰهُ	اَحْسَنُ	الْخٰلِقِيْنَ	ثُمَّ	اِنَّكُمْ	بَعْدَ ذٰلِكَ
ہم نے اسے اٹھایا	صورت	نئی	پس برکت والا	اللہ	بہترین	پیدا کرنے والا	پھر	بیشک تم	اس کے بعد

ہم نے اسے نئی صورت میں اُٹھا کر کھڑا کیا، پس اللہ بابرکت ہے بہترین پیدا کرنے والا۔ پھر بیشک اس کے بعد تم

لَمَيِّتُوْنَ ۝١٥ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ۝١٦ وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ

لَمَيِّتُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّكُمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	تُبْعَثُوْنَ	وَ	لَقَدْ خَلَقْنَا	فَوْقَكُمْ
ضرور مرنے والے	پھر	بیشک تم	روزِ قیامت	اٹھائے جاؤ گے	اور	تحقیق ہم نے بنائے	تمہارے اوپر

ضرور مرنے والے ہو۔ پھر بلاشبہ تم روزِ قیامت اٹھائے جاؤ گے۔ اور تحقیق ہم نے تمہارے اوپر بنائے

سَبۡعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الۡخَلۡقِ غٰفِلِيۡنَ ﴿١٧﴾ وَاَنۡزَلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ

سَبۡعَ	طَرَآئِقَ	وَمَا كُنَّا	عَنِ	الۡخَلۡقِ	غٰفِلِيۡنَ	وَاَنۡزَلۡنَا	مِنَ السَّمَآءِ	مَآءً
سات	راستے	اور ہم نہیں	سے	خلق (پیدائش)	غافل	اور ہم نے اتارا	آسمانوں سے	پانی

سات راستے اور ہم پیدائش سے غافل نہیں - اور ہم نے آسمانوں سے پانی اتارا

بِقَدَرٍ فَاَسۡكَنّٰهُ فِى الۡاَرۡضِ ۖ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوۡنَ ﴿١٨﴾ فَاَنۡشَاۡنَا

بِقَدَرٍ	فَاَسۡكَنّٰهُ	فِى الۡاَرۡضِ	وَاِنَّا	عَلٰى	ذَهَابٍۢ	بِهٖ	لَقٰدِرُوۡنَ	فَاَنۡشَاۡنَا
اندازہ کے ساتھ	ہم نے اسے ٹھہرایا	زمین میں	اور بیشک ہم	پر	لے جانا	اس کا	البتہ قادر	پس ہم نے پیدا کئے

ایک اندازہ کے ساتھ، پھر اس کو ہم نے زمین میں ٹھہرایا، اور بیشک ہم اس کو لے جانے پر (بھی) قادر ہیں۔ پس ہم نے پیدا کئے

لَكُمۡ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنۡ نَّخِيۡلٍ وَّاَعۡنَابٍۢ لَكُمۡ فِيۡهَا فَوَاكِهُ كَثِيۡرَةٌ وَّمِنۡهَا

لَكُمۡ	بِهٖ	جَنّٰتٍ	مِّنۡ	نَّخِيۡلٍ	وَّاَعۡنَابٍ	لَكُمۡ	فِيۡهَا	فَوَاكِهُ	كَثِيۡرَةٌ	وَّمِنۡهَا
تمہارے لئے	اس سے	باغات	سے۔کے	کھجور (جمع)	اور انگور (جمع)	تمہارے لئے	اس میں	میوے	بہت	اور اس سے

اس سے تمہارے لئے کھجوروں اور انگوروں کے باغات، تمہارے لئے ان میں بہت سے میوے ہیں، اور اس سے

تَاۡكُلُوۡنَ ﴿١٩﴾ وَشَجَرَةً تَخۡرُجُ مِنۡ طُوۡرِ سَيۡنَآءَ تَنۡۢبُتُ بِالدُّهۡنِ وَصِبۡغٍ

تَاۡكُلُوۡنَ	وَشَجَرَةً	تَخۡرُجُ	مِنۡ	طُوۡرِ سَيۡنَآءَ	تَنۡۢبُتُ	بِالدُّهۡنِ	وَصِبۡغٍ
تم کھاتے ہو	اور درخت	نکلتا ہے	سے	طورِ سینا	اُگتا ہے	تیل کے ساتھ لئے	اور سالن

تم کھاتے ہو۔ اور درختِ (زیتون)، جو طور سینا سے نکلتا ہے، وہ اُگتا ہے تیل اور سالن لئے ہوئے

لِّلۡاٰكِلِيۡنَ ﴿٢٠﴾ وَاِنَّ لَكُمۡ فِى الۡاَنۡعَامِ لَعِبۡرَةً ؕ نُسۡقِيۡكُمۡ مِّمَّا فِىۡ بُطُوۡنِهَا

لِّلۡاٰكِلِيۡنَ	وَاِنَّ	لَكُمۡ	فِى الۡاَنۡعَامِ	لَعِبۡرَةً	نُسۡقِيۡكُمۡ	مِّمَّا	فِىۡ بُطُوۡنِهَا
کھانے والوں کے لئے	اور بیشک	تمہارے لئے	چوپایوں میں	عبرت غور کا مقام	ہم تمہیں پلاتے ہیں	اس سے جو	ان کے پیٹوں میں

کھانے والوں کے لئے۔ اور بیشک تمہارے لئے چوپایوں میں مقامِ عبرت ہے، ہم تمہیں ان سے پلاتے ہیں (دودھ) جو ان کے پیٹوں میں ہے،

وَلَكُمۡ فِيۡهَا مَنَافِعُ كَثِيۡرَةٌ وَّمِنۡهَا تَاۡكُلُوۡنَ ﴿٢١﴾ وَعَلَيۡهَا وَعَلَى الۡفُلۡكِ

وَلَكُمۡ	فِيۡهَا	مَنَافِعُ	كَثِيۡرَةٌ	وَّمِنۡهَا	تَاۡكُلُوۡنَ	وَ	عَلَيۡهَا	وَ	عَلَى الۡفُلۡكِ
اور تمہارے لئے	ان میں	فائدے	بہت	اور ان سے	تم کھاتے ہو	اور	ان پر	اور	کشتی پر

اور تمہارے لئے ان میں (اور) بہت سے فائدے ہیں، اور ان میں سے (بعض کو) تم کھاتے ہو، اور ان پر، اور کشتی پر

تُحْمَلُونَ ﴿۲۲﴾ وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ فَقَالَ يَٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ

تُحْمَلُونَ	وَ	لَقَدْ أَرْسَلْنَا	نُوحًا	إِلَىٰ قَوْمِهِ	فَقَالَ	يَٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللَّهَ
سوار کئے جاتے ہو	اور	البتہ ہم نے بھیجا	نوحؑ	اسکی قوم کی طرف	پس اس نے کہا	اے میری قوم	تم عبادت کرو	اللہ

سوار کئے جاتے ہو - اور البتہ ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا، پس اس نے کہا، اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو

مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۚ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿۲۳﴾ فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَوْمِهِ

مَا لَكُم	مِّنْ إِلَٰهٍ	غَيْرُهُ	أَ	فَلَا تَتَّقُونَ	فَقَالَ	الْمَلَؤُا	الَّذِينَ كَفَرُوا	مِن	قَوْمِهِ
تمہارے لئے نہیں	کوئی معبود	اسکے سوا	کیا	تو تم ڈرتے نہیں؟	تو وہ بولے	سردار	جنہوں نے کفر کیا	سے - کے	اس کی قوم

اس کے سوا تمہارے لئے کوئی معبود نہیں، تو کیا تم ڈرتے نہیں؟ تو اس کی قوم کے جن سرداروں نے کفر کیا، بولے

مَا هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُرِيدُ أَن يَتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَأَنزَلَ

مَا هَٰذَا	إِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُكُمْ	يُرِيدُ	أَن	يَتَفَضَّلَ	عَلَيْكُمْ	وَلَوْ	شَاءَ اللَّهُ	لَأَنزَلَ
یہ نہیں	مگر	ایک بشر	تم جیسا	وہ چاہتا ہے	کہ بڑا بن بیٹھے وہ		تم پر	اور اگر	اللہ چاہتا	تو اتارتا

یہ (کچھ بھی) نہیں مگر تم جیسا ایک بشر ہے، وہ چاہتا ہے کہ وہ تم پر بڑا بن بیٹھے، اور اگر اللہ چاہتا تو اتارتا

مَلَٰٓئِكَةً مَّا سَمِعْنَا بِهَٰذَا فِيٓ ءَابَآئِنَا الْأَوَّلِينَ ﴿۲۴﴾ إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌۢ بِهِۦ جِنَّةٌ

مَلَٰٓئِكَةً	مَا سَمِعْنَا	بِهَٰذَا	فِيٓ	ءَابَآئِنَا	الْأَوَّلِينَ	إِنْ	هُوَ	إِلَّا	رَجُلٌ	بِهِۦ	جِنَّةٌ
فرشتے	نہیں سنا ہم نے	یہ	اپنے باپ دادا سے		پہلے	نہیں	وہ - یہ	مگر	ایک آدمی	جس کو	جنون

فرشتے، ہم نے اپنے پہلے باپ دادا سے یہ (کبھی) نہیں سنا - وہ (کچھ بھی) نہیں مگر ایک آدمی ہے جس کو جنون ہو گیا ہے

فَتَرَبَّصُوا بِهِ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿۲۵﴾ قَالَ رَبِّ انصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ ﴿۲۶﴾ فَأَوْحَيْنَآ

فَتَرَبَّصُوا	بِهِ	حَتَّىٰ	حِينٍ	قَالَ	رَبِّ	انصُرْنِي	بِمَا	كَذَّبُونِ	فَأَوْحَيْنَآ
سو تم انتظار کرو	اس کا	ایک مدت تک		اس نے کہا	اے میرے رب	میری مدد فرما	اس پر	انہوں نے مجھے جھٹلایا	تو ہم نے وحی بھیجی

سو تم اس کا ایک مدت تک انتظار کرو - اس نے کہا اے میرے رب! میری مدد فرما اس پر کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا - تو ہم نے وحی بھیجی

إِلَيْهِ أَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَإِذَا جَآءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ

إِلَيْهِ	أَنِ	اصْنَعِ	الْفُلْكَ	بِأَعْيُنِنَا	وَوَحْيِنَا	فَإِذَا	جَآءَ	أَمْرُنَا	وَفَارَ التَّنُّورُ
اس کی طرف	کہ	تم بناؤ	کشتی	ہماری آنکھوں کے سامنے	اور ہمارا حکم	پھر جب	آجائے	ہمارا حکم	اور تنور ابلنے لگے

اس کی طرف کہ ہماری آنکھوں کے سامنے ہمارے حکم سے کشتی بناؤ، پھر جب ہمارا حکم آئے اور تنور ابلنے لگے،

فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ

فَاسْلُكْ	فِيْهَا	مِنْ	كُلٍّ	زَوْجَيْنِ	اثْنَيْنِ	وَاَهْلَكَ	اِلَّا	مَنْ	سَبَقَ	عَلَيْهِ	الْقَوْلُ
تو چلا لے (رکھ لے)	اس میں	ہر (قسم)	سے	جوڑا	دو	اور اپنے گھر والے	سوا	جو جس	پہلے ہو چکا	اس پر	حکم

تو اس (کشتی) میں ہر قسم کے جوڑوں میں سے دو (ایک نر ایک مادہ) رکھ لو اور اپنے گھر والے (بھی سوار کر لو) اسکے سوا (جسکے غرق ہونے پر) حکم ہو چکا ہے

مِنْهُمْ وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾ فَاِذَا اسْتَوَيْتَ

مِنْهُمْ	وَ	لَا تُخَاطِبْنِيْ	فِي	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	اِنَّهُمْ	مُغْرَقُوْنَ	فَاِذَا	اسْتَوَيْتَ
ان میں سے	اور	نہ کرنا مجھ سے بات	میں۔ بارہ میں	وہ جنہوں نے ظلم کیا	بیشک وہ	غرق کئے جانے والے ہیں	پھر جب	تم بیٹھ جاؤ

ان میں سے، اور مجھ سے ان کے بارے میں بات نہ کرنا جنہوں نے ظلم کیا ہے، بیشک وہ غرق کئے جانیوالے ہیں۔ پھر جب تم بیٹھ جاؤ

اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ

اَنْتَ	وَمَنْ	مَعَكَ	عَلَى	الْفُلْكِ	فَقُلِ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْ	نَجّٰنَا	مِنَ	الْقَوْمِ
تم	اور جو	تیرے ساتھ (ساتھی)	پر	کشتی	تو کہنا	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے	ہمیں نجات دی	سے	قوم

کشتی پر تم اور تیرے ساتھی، تو کہنا تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں وہ جس نے ہمیں نجات دی

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾

الظّٰلِمِيْنَ	وَقُلْ	رَّبِّ	اَنْزِلْنِيْ	مُنْزَلًا	مُّبٰرَكًا	وَّاَنْتَ	خَيْرُ	الْمُنْزِلِيْنَ
ظالم (جمع)	اور کہو	اے میرے رب	مجھے اتار	منزل	مبارک	اور تو	بہترین	اتارنے والے

ظالموں کی قوم سے۔ اور کہو اے میرے رب! مجھے مبارک منزل (جگہ) پر اتار، اور تو بہترین اُتارنے والا ہے۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِيْنَ ﴿۳۰﴾ ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قَرْنًا

اِنَّ	فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	وَّاِنْ كُنَّا	لَمُبْتَلِيْنَ	ثُمَّ	اَنْشَاْنَا	مِنْ بَعْدِهِمْ	قَرْنًا
بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	اور بیشک ہم ہیں	آزمائش کرنے والے	پھر	ہم نے پیدا کیا	ان کے بعد	گروہ

بیشک اس میں البتہ نشانیاں ہیں، اور بیشک ہم آزمائش کرنے والے ہیں۔ پھر ہم نے ان کے بعد پیدا کیا

اٰخَرِيْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ

اٰخَرِيْنَ	فَاَرْسَلْنَا	فِيْهِمْ	رَسُوْلًا	مِنْهُمْ	اَنِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا لَكُمْ	مِنْ اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ
دوسرا	پھر بھیجے ہم نے	انکے درمیان	رسول (جمع)	ان میں سے	کہ	تم عبادت کرو	اللہ	نہیں تمہارے لئے	کوئی معبود	اس کے سوا

دوسرا گروہ۔ پھر ہم نے انکے درمیان انہی میں سے رسول بھیجے کہ تم اللہ کی عبادت کرو، تمہارے لئے اس کے سوا کوئی معبود نہیں،

ع ۲ / ۲

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿٣٢﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ

اَ	فَلَا تَتَّقُوْنَ	وَقَالَ	الْمَلَاُ	مِنْ قَوْمِهٖ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	وَكَذَّبُوْا	بِلِقَآءِ	الْاٰخِرَةِ
کیا	پھر تم ڈرتے نہیں؟	اور کہا	سرداروں	اس کی قوم کے	وہ جنہوں نے	کفر کیا	اور جھٹلایا	حاضری کو	آخرت

پھر کیا تم ڈرتے نہیں؟ اور اس کی قوم کے ان سرداروں نے کہا، جنہوں نے کفر کیا، اور آخرت کی حاضری کو جھٹلایا

وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِی الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ

وَ	اَتْرَفْنٰهُمْ	فِی	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	مَا هٰذَآ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُكُمْ	يَاْكُلُ	مِمَّا	تَاْكُلُوْنَ
اور ہم نے انہیں عیش دیا		میں	دنیا کی زندگی	یہ نہیں	مگر	ایک بشر	تمہیں جیسا	وہ کھاتا ہے	اس سے جو	تم کھاتے ہو

اور ہم نے انہیں دنیا کی زندگی میں عیش دیا تھا، یہ نہیں ہے مگر تمہیں جیسا ایک بشر ہے، وہ اسی میں سے کھاتا ہے جو تم کھاتے ہو

مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ﴿٣٣﴾ وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿٣٤﴾

مِنْهُ	وَيَشْرَبُ	مِمَّا	تَشْرَبُوْنَ	وَلَئِنْ	اَطَعْتُمْ	بَشَرًا	مِّثْلَكُمْ	اِنَّكُمْ	اِذًا	لَّخٰسِرُوْنَ
اس سے	اور پیتا ہے	اس سے جو	تم پیتے ہو	اور اگر	تم نے اطاعت کی	ایک بشر	اپنے جیسا	بیشک تم	اس وقت	گھاٹے میں رہوگے

اور اسی میں سے پیتا ہے جو تم پیتے ہو۔ اور اگر تم نے اپنے جیسے ایک بشر کی اطاعت کی، تو بیشک تم اس وقت گھاٹے میں رہو گے۔

اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿٣٥﴾ هَيْهَاتَ

اَيَعِدُكُمْ	اَنَّكُمْ	اِذَا	مِتُّمْ	وَكُنْتُمْ	تُرَابًا	وَّعِظَامًا	اَنَّكُمْ	مُّخْرَجُوْنَ	هَيْهَاتَ
کیا وہ وعدہ دیتا ہے تمہیں	کہ تم	جب	مر گئے	اور تم ہوگئے	مٹی	اور ہڈیاں	تو تم	نکالے جاؤگے	بعید ہے

کیا وہ تمہیں وعدہ دیتا ہے کہ جب تم مر گئے، اور تم مٹی اور ہڈیاں ہو گئے تو تم (پھر) نکالے جاؤ گے۔ بعید ہے

هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿٣٦﴾ اِنْ هِیَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ

هَيْهَاتَ	لِمَا	تُوْعَدُوْنَ	اِنْ هِیَ	اِلَّا	حَيَاتُنَا	الدُّنْيَا	نَمُوْتُ	وَنَحْيَا	وَمَا	نَحْنُ
بعید ہے	وہ جو	تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے	نہیں	مگر	ہماری زندگی	دنیا	اور ہم مرتے ہیں	اور ہم جیتے ہیں	اور نہیں	ہم

بعید ہے، وہ جو تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے، (اور کچھ) نہیں مگر یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے، ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں، اور ہم نہیں ہیں

بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿٣٧﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ ِۨافْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ

بِمَبْعُوْثِيْنَ	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	رَجُلُ	ِۨافْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	وَّمَا	نَحْنُ	لَهٗ
پھر اٹھائے جانے والے	نہیں	وہ	مگر	ایک آدمی	اس نے جھوٹ باندھا	اللہ پر	جھوٹ	اور نہیں	ہم	اس پر

پھر اٹھائے جانے والے۔ وہ (کچھ) نہیں مگر ایک آدمی ہے، اس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے، اور ہم نہیں ہیں اس پر

بِمُؤْمِنِينَ ﴿٣٨﴾ قَالَ رَبِّ انْصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ ﴿٣٩﴾ قَالَ عَمَّا قَلِيلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نٰدِمِينَ ﴿٤٠﴾

بِمُؤْمِنِينَ	قَالَ	رَبِّ	انْصُرْنِي	بِمَا	كَذَّبُونِ	قَالَ	عَمَّا	قَلِيلٍ	لَيُصْبِحُنَّ	نٰدِمِينَ
ایمان لانے والے	اس نے عرض کیا	میرے رب	میری مدد فرما	اس پر جو	انہوں نے مجھے جھٹلایا	اس نے فرمایا	بہت جلد		وہ ضرور رہ جائیں گے	پچھتانے والے

ایمان لانے والے۔ اس نے عرض کیا اے میرے رب تو اس پر میری مدد فرما کہ انہوں نے مجھے جھٹلایا ہے اس نے فرمایا وہ بہت جلد ضرور پچھتاتے رہ جائیں گے

فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَاءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِينَ ﴿٤١﴾

فَأَخَذَتْهُمُ	الصَّيْحَةُ	بِالْحَقِّ	فَجَعَلْنٰهُمْ	غُثَاءً	فَبُعْدًا	لِّلْقَوْمِ	الظّٰلِمِينَ
پس انہیں آپکڑا	چنگھاڑ	(وعدۂ) حق کے مطابق	سو ہم نے انہیں کر دیا	خس و خاشاک	دوری (مار)	قوم کے لئے	ظالم (جمع)

پس انہیں چنگھاڑ نے وعدۂ حق کے مطابق آپکڑا، سو ہم نے انہیں خس و خاشاک کی طرح کر دیا، پس مار ہو ظالموں کی قوم کے لئے۔

ثُمَّ أَنْشَأْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ قُرُونًا آخَرِينَ ﴿٤٢﴾ مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا

ثُمَّ	أَنْشَأْنَا	مِنْ بَعْدِهِمْ	قُرُونًا	آخَرِينَ	مَا تَسْبِقُ	مِنْ أُمَّةٍ	أَجَلَهَا	وَمَا
پھر	ہم نے پیدا کیں	ان کے بعد	اُمتیں	دوسری - اور	نہیں سبقت کرتی ہے	کوئی اُمت	اپنی میعاد	اور نہ

پھر ہم نے ان کے بعد اور اُمتیں پیدا کیں ۔ کوئی امت اپنی (مقررہ) میعاد سے نہ سبقت کرتی ہے اور نہ

يَسْتَأْخِرُونَ ﴿٤٣﴾ ثُمَّ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ۖ كُلَّمَا جَاءَ أُمَّةً رَّسُولُهَا كَذَّبُوهُ فَأَتْبَعْنَا

يَسْتَأْخِرُونَ	ثُمَّ	أَرْسَلْنَا	رُسُلَنَا	تَتْرَا	كُلَّمَا	جَاءَ	أُمَّةً	رَسُولُهَا	كَذَّبُوهُ	فَأَتْبَعْنَا
پیچھے رہ جاتی ہے	پھر	ہم نے بھیجے	رسول (جمع)	پے درپے	جب بھی	آیا	کسی امت میں	اس کا رسول	انہوں نے اسے جھٹلایا	تو ہم پیچھے لائے

پیچھے رہ جاتی ہے ۔ پھر ہم نے پے درپے رسول بھیجے جب بھی کسی امت میں اس کا رسول آیا انہوں نے اسے جھٹلایا، تو ہم (ہلاک کرنے کیلئے) پیچھے لائے

بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّجَعَلْنٰهُمْ أَحَادِيثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُونَ ﴿٤٤﴾ ثُمَّ أَرْسَلْنَا

بَعْضَهُمْ	بَعْضًا	وَجَعَلْنٰهُمْ	أَحَادِيثَ	فَبُعْدًا	لِّقَوْمٍ	لَا يُؤْمِنُونَ	ثُمَّ	أَرْسَلْنَا
ان میں سے ایک	دوسرے	اور انہیں بنادیا ہم نے	افسانے	سو دوری (مار)	لوگوں کے لئے	جو ایمان نہیں لائے	پھر	ہم نے بھیجا

ان میں سے ایک کو دوسرے کے، اور ہم نے انہیں افسانے (بھولی بسری باتیں) بنایا سو دوری، مار اُن لوگوں کے لئے جو ایمان نہیں لائے ۔ پھر ہم نے بھیجا

مُوسٰى وَأَخَاهُ هٰرُونَ ۙ بِآيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِينٍ ﴿٤٥﴾ إِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَائِهِ

مُوسٰى	وَأَخَاهُ	هٰرُونَ	بِآيٰتِنَا	وَسُلْطٰنٍ	مُّبِينٍ	إِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَمَلَائِهِ
موسیٰؑ	اور ان کا بھائی	ہارونؑ	ساتھ ہماری اپنی نشانیاں	اور دلائل	کھلے	طرف	فرعون	اور اس کے سردار

موسیٰؑ اور ان کے بھائی ہارونؑ کو اپنی نشانیوں اور کھلے دلائل کے ساتھ ، فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف

فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾ فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا

فَاسْتَكْبَرُوْا	وَكَانُوْا	قَوْمًا	عَالِيْنَ	فَقَالُوْٓا	اَنُؤْمِنُ	لِبَشَرَيْنِ	مِثْلِنَا	وَقَوْمُهُمَا
تو انہوں نے تکبر کیا	اور وہ تھے	لوگ	سرکش	پس انہوں نے کہا	کیا ہم ایمان لے آئیں	دو آدمیوں پر	اپنے جیسے	اور ان کی قوم

تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ سرکش لوگ تھے۔ پس انہوں نے کہا کیا ہم اپنے جیسے (ان) دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں؟ اور ان کی قوم (کے لوگ)

لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾ فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى

لَنَا	عٰبِدُوْنَ	فَكَذَّبُوْهُمَا	فَكَانُوْا	مِنَ	الْمُهْلَكِيْنَ	وَ	لَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسَى
ہماری	بندگی (خدمت) کرنے والے	پس انہوں نے جھٹلایا دونوں کو	تو وہ ہو گئے	سے	ہلاک ہونے والے	اور	تحقیق ہم نے دی	موسیٰؑ

ہماری خدمت کرنے والے تھے۔ پس انہوں نے دونوں کو جھٹلایا تو وہ ہلاک ہونے والوں میں سے ہو گئے۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰؑ کو دی

الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾ وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ

الْكِتٰبَ	لَعَلَّهُمْ	يَهْتَدُوْنَ	وَجَعَلْنَا	ابْنَ مَرْيَمَ	وَاُمَّهٗ	اٰيَةً	وَّاٰوَيْنٰهُمَا
کتاب	تاکہ وہ لوگ	ہدایت پالیں	اور ہم نے بنایا	مریم کے بیٹا (عیسیٰؑ) کو	اور ان کی ماں	ایک نشانی	اور ہم نے انہیں ٹھکانہ دیا

کتاب تاکہ وہ لوگ ہدایت پالیں۔ اور ہم نے مریمؑ کے بیٹے (عیسیٰؑ) اور ان کی ماں کو ایک نشانی بنایا اور ہم نے انہیں ٹھکانہ دیا

۳ ع ۴۸ ۴

اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾ يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَاعْمَلُوْا

اِلٰى	رَبْوَةٍ	ذَاتِ قَرَارٍ	وَّمَعِيْنٍ	يٰٓاَيُّهَا	الرُّسُلُ	كُلُوْا	مِنَ	الطَّيِّبٰتِ	وَ اعْمَلُوْا
طرف پر	ایک بلند ٹیلہ	ٹھہرنے کا مقام	اور جاری پانی	اے	رسول (جمع)	کھاؤ	سے	پاکیزہ چیزیں	اور عمل کرو

ایک بلند ٹیلہ پر جو ٹھہرنے کا مقام اور جاری پانی کی (شاداب) جگہ تھی۔ اے رسولو! تم پاک چیزوں میں سے کھاؤ اور عمل کرو

صَالِحًا اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾ وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا

صَالِحًا	اِنِّيْ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	عَلِيْمٌ	وَاِنَّ	هٰذِهٖ	اُمَّتُكُمْ	اُمَّةً وَّاحِدَةً	وَّاَنَا
نیک	بیشک میں	اسے جو	تم کرتے ہو	جاننے والا	اور بیشک	یہ	تمہاری امت	ایک امت، امت واحدہ	اور میں

نیک، بیشک جو تم کرتے ہو میں اسے جاننے والا ہوں (جانتا ہوں)۔ اور بیشک یہ تمہاری امت ایک امت واحدہ ہے، اور میں

رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾ فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ

رَبُّكُمْ	فَاتَّقُوْنِ	فَتَقَطَّعُوْٓا	اَمْرَهُمْ	بَيْنَهُمْ	زُبُرًا	كُلُّ حِزْبٍ	بِمَا	لَدَيْهِمْ
تمہارا رب	پس مجھ سے ڈرو	پھر انہوں نے کاٹ لیا	اپنا کام	آپس میں	ٹکڑے ٹکڑے	ہر گروہ	اس پر جو	ان کے پاس

تمہارا رب ہوں پس مجھ سے ڈرو۔ پھر انہوں نے آپس میں اپنا کام ٹکڑے ٹکڑے کاٹ لیا، (پھر) ہر گروہ والے اس پر جو ان کے پاس ہے

فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ

فَرِحُوْنَ	فَذَرْهُمْ	فِيْ غَمْرَتِهِمْ	حَتّٰى	حِيْنٍ	اَيَحْسَبُوْنَ	اَنَّمَا	نُمِدُّهُمْ	بِهٖ
خوش	پس چھوڑ دے انہیں	ان کی غفلت میں	تک	ایک مدت مقررہ	کیا وہ گمان کرتے ہیں	کہ جو کچھ	ہم مدد کر رہے ہیں انکی	اسکے ساتھ

خوش ہیں ۔ پس انہیں ان کی غفلت میں ایک مدت مقررہ تک چھوڑ دے ۔ کیا وہ گمان کرتے ہیں؟ کہ ہم جو کچھ ان کی مدد کر رہے ہیں

مِنْ مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۵۵﴾ نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾

مِنْ	مَّالٍ	وَّبَنِيْنَ	نُسَارِعُ	لَهُمْ	فِي الْخَيْرٰتِ	بَلْ	لَا يَشْعُرُوْنَ
سے	مال	اور اولاد	ہم جلدی کر رہے ہیں	انکے لئے	بھلائی میں	بلکہ	وہ شعور (سمجھ) نہیں رکھتے

مال اور اولاد کے ساتھ ' ہم ان کے لئے بھلائی میں جلدی کر رہے ہیں (نہیں) بلکہ وہ سمجھ نہیں رکھتے ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ

اِنَّ	الَّذِيْنَ	هُمْ	مِنْ	خَشْيَةِ	رَبِّهِمْ	مُشْفِقُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	بِاٰيٰتِ	رَبِّهِمْ
بیشک	جو لوگ	وہ	سے	ڈر	اپنا رب	ڈرنے والے (سہمے ہوئے)	اور جو لوگ	وہ	آیتوں پر	اپنا رب

بیشک جو لوگ اپنے رب کے ڈر سے سہمے ہوئے ہیں ' اور جو لوگ اپنے رب کی آیتوں پر

يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا

يُؤْمِنُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	هُمْ	بِرَبِّهِمْ	لَا يُشْرِكُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	يُؤْتُوْنَ	مَآ اٰتَوْا
ایمان رکھتے ہیں	اور جو لوگ	وہ	اپنے رب کے ساتھ	شریک نہیں کرتے	اور جو لوگ	دیتے ہیں	جو وہ دیتے ہیں

ایمان رکھتے ہیں ۔ اور جو لوگ اپنے رب کے ساتھ شریک نہیں کرتے ۔ اور جو لوگ دیتے ہیں ' جو کچھ وہ دیتے ہیں

وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾ اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ

وَقُلُوْبُهُمْ	وَجِلَةٌ	اَنَّهُمْ	اِلٰى	رَبِّهِمْ	رٰجِعُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	يُسٰرِعُوْنَ	فِي الْخَيْرٰتِ
اور ان کے دل	ڈرتے ہیں	کہ وہ	طرف	اپنا رب	لوٹنے والے	یہی لوگ	جلدی کرتے ہیں	بھلائیوں میں

اور ان کے دل ڈرتے ہیں کہ وہ اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں ۔ یہی لوگ بھلائیوں میں جلدی کرتے ہیں

وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ

وَهُمْ	لَهَا	سٰبِقُوْنَ	وَلَا نُكَلِّفُ	نَفْسًا	اِلَّا	وُسْعَهَا	وَلَدَيْنَا	كِتٰبٌ
اور وہ	ان کی طرف	سبقت لے جانیوالے ہیں	اور ہم تکلیف نہیں دیتے	کسی کو	مگر	اسکی طاقت کے مطابق	اور ہمارے پاس	ایک کتاب (رجسٹر)

اور وہ ان کی طرف سبقت لے جانے والے ہیں ۔ اور ہم کسی کو تکلیف نہیں دیتے مگر اس کی طاقت کے مطابق ۔ اور ہمارے پاس (اعمال کا) ایک رجسٹر ہے

يَنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿۶۲﴾ بَلْ قُلُوبُهُمْ فِي غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ

يَنْطِقُ	بِالْحَقِّ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُونَ	بَلْ	قُلُوبُهُمْ	فِي غَمْرَةٍ	مِّنْ هٰذَا	وَلَهُمْ
وہ بتلاتا ہے	ٹھیک ٹھیک	اور وہ (اُن)	ظلم نہ کیے جائیں گے (ظلم نہ ہوگا)	بلکہ	ان کے دل	غفلت میں	اس سے	اور ان کے

وہ ٹھیک ٹھیک بتلاتا ہے۔ اور ان پر ظلم نہ ہوگا - بلکہ ان کے دل اس (حقیقت) سے غفلت میں ہیں اور ان کے

اَعْمَالٌ مِّنْ دُونِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُونَ ﴿۶۳﴾ حَتّٰى إِذَا اَخَذْنَا مُتْرَفِيهِمْ

اَعْمَالٌ	مِّنْ دُونِ	ذٰلِكَ	هُمْ لَهَا	عٰمِلُونَ	حَتّٰى إِذَا	اَخَذْنَا	مُتْرَفِيهِمْ
اعمال (جمع)	علاوہ	اس	وہ انہیں	کرتے رہتے ہیں	یہاں تک کہ جب	ہم نے پکڑا	انکے خوشحال لوگ

اس کے علاوہ (اور بھی بُرے) عمل ہیں) جو وہ کرتے رہتے ہیں - یہاں تک کہ جب ہم نے ان کے خوشحال لوگوں کو پکڑا

بِالْعَذَابِ إِذَا هُمْ يَجْـَٔرُونَ ﴿۶۴﴾ لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ إِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُونَ ﴿۶۵﴾

بِالْعَذَابِ	إِذَا هُمْ	يَجْـَٔرُونَ	لَا تَجْـَٔرُوا	الْيَوْمَ	إِنَّكُمْ	مِّنَّا	لَا تُنْصَرُونَ
عذاب میں	اس وقت وہ	فریاد کرنے لگے	تم فریاد نہ کرو	آج	بیشک تم	ہم سے	تم مدد نہ دیئے جاؤ گے

عذاب میں تو اس وقت وہ فریاد کرنے لگے- آج فریاد نہ کرو تم ہماری (طرف) سے مدد نہ دیئے جاؤ گے (مطلق مدد نہ پاؤ گے)

قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِي تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُونَ ﴿۶۶﴾ مُسْتَكْبِرِينَ

قَدْ كَانَتْ	اٰيٰتِي	تُتْلٰى	عَلَيْكُمْ	فَكُنْتُمْ	عَلٰى اَعْقَابِكُمْ	تَنْكِصُونَ	مُسْتَكْبِرِينَ
البتہ تمہیں	میری آیتیں	پڑھی جاتی تھیں	تم پر	تو تم تھے	اپنی ایڑیوں کے بل	پھر جاتے	تکبر کرتے ہوئے

البتہ تم پر میری آیتیں پڑھی جاتی تھیں، تو تم اپنی ایڑیوں کے بل (اُلٹے) پھر جاتے تھے - تکبر کرتے ہوئے،

بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُونَ ﴿۶۷﴾ اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَاءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ

بِهٖ	سٰمِرًا	تَهْجُرُونَ	اَ	فَلَمْ يَدَّبَّرُوا	الْقَوْلَ	اَمْ	جَاءَهُمْ	مَّا	لَمْ يَاْتِ
اسکے ساتھ	افسانہ گوئی کرتے ہوئے	بیہودہ بکواس کرتے ہوئے	کیا	پس انہوں نے غور نہیں کیا	کلام	یا	ان کے پاس آیا	جو	نہیں آیا

اس کے ساتھ افسانہ گوئی اور بیہودہ بکواس کرتے ہوئے- پس کیا انہوں نے (اس) کلام (حق) پر غور نہیں کیا؟ یا ان کے پاس وہ آیا جو نہیں آیا تھا

اٰبَاءَهُمُ الْاَوَّلِينَ ﴿۶۸﴾ اَمْ لَمْ يَعْرِفُوا رَسُولَهُمْ فَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُونَ ﴿۶۹﴾ اَمْ

اٰبَاءَهُمُ	الْاَوَّلِينَ	اَمْ	لَمْ يَعْرِفُوا	رَسُولَهُمْ	فَهُمْ	لَهٗ	مُنْكِرُونَ	اَمْ
ان کے باپ دادا	پہلے	یا	انہوں نے نہیں پہچانا	اپنے رسول	تو وہ	اس کے	منکر ہیں	یا

ان کے پہلے باپ دادا (بڑوں) کے پاس یا انہوں نے اپنے رسول کو نہیں پہچانا تو اس لئے ان کے منکر ہیں - یا

يَقُولُونَ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ بَلْ جَاۗءَهُمْ بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ۝۷۰

كٰرِهُوْنَ	لِلْحَقِّ	وَاَكْثَرُهُمْ	بِالْحَقِّ	جَاۗءَهُمْ	بَلْ	جِنَّةٌ	بِهٖ	يَقُولُونَ
نفرت رکھنے والے	حق سے	اور ان میں سے اکثر	ساتھ حق بات	وہ آیا انکے پاس	بلکہ	دیوانگی	اس کو	وہ کہتے ہیں

وہ کہتے ہیں اس کو دیوانگی ہے؟ بلکہ وہ انکے پاس حق بات کے ساتھ آیا ہے اور ان میں سے اکثر حق بات سے نفرت رکھنے والے ہیں۔

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَاۗءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ

فِيْهِنَّ	وَمَنْ	وَالْاَرْضُ	السَّمٰوٰتُ	لَفَسَدَتِ	اَهْوَاۗءَهُمْ	الْحَقُّ	اتَّبَعَ	وَلَوِ
ان کے درمیان	اور جو	اور زمین	آسمان (جمع)	البتہ درہم برہم ہوجاتا	ان کی خواہشات	حق (اللہ)	پیروی کرتا	اور اگر

اور اگر اللہ تعالیٰ اُن کی خواہشات کی پیروی کرتا تو البتہ زمین وآسمان اور جو کچھ ان کے درمیان ہے درہم برہم ہو جاتا۔

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝۷۱ ۭ اَمْ تَسْـَٔــلُهُمْ خَرْجًا

خَرْجًا	اَمْ تَسْـَٔــلُهُمْ	مُّعْرِضُوْنَ	عَنْ ذِكْرِهِمْ	فَهُمْ	بِذِكْرِهِمْ	اَتَيْنٰهُمْ	بَلْ
اجر	کیا تم ان سے مانگتے ہو	روگردانی کرنے والے ہیں	اپنی نصیحت سے	پھر وہ	ان کی نصیحت	ہم لائے ہیں انکے پاس	بلکہ

بلکہ ہم ان کے پاس ان کی نصیحت لائے ہیں پھر وہ اپنی نصیحت (کی بات) سے روگردانی کرنے والے ہیں ۔ کیا تم اُن سے اجر مانگتے ہو؟

فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ڰ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝۷۲ وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ

صِرَاطٍ	اِلٰى	لَتَدْعُوْهُمْ	وَاِنَّكَ	خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ	وَهُوَ	خَيْرٌ	رَبِّكَ	فَخَرَاجُ
راہ، راستہ	طرف	انہیں بلاتے ہو	اور بیشک تم	بہترین روزی دہندہ ہے	اور وہ	بہتر	تمہارا رب	تو اجر

تو تمہارے رب کا اجر بہتر ہے ، اور وہ بہتر روزی دہندہ ہے ۔ اور بیشک تم انہیں بلاتے ہو راہ

مُّسْتَقِيْمٍ ۝۷۳ وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ۝۷۴

لَنٰكِبُوْنَ	الصِّرَاطِ	عَنِ	بِالْاٰخِرَةِ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	الَّذِيْنَ	وَاِنَّ	مُّسْتَقِيْمٍ
البتہ ہٹے ہوئے ہیں	راہ (حق)	سے	آخرت پر	ایمان نہیں لاتے	جو لوگ	اور بیشک	سیدھا ۔ راستہ

راست کی طرف ۔ اور جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ، بیشک وہ راہِ حق سے ہٹے ہوئے ہیں ۔

وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝۷۵

يَعْمَهُوْنَ	طُغْيَانِهِمْ	فِيْ	لَّلَجُّوْا	ضُرٍّ	مِّنْ	مَا بِهِمْ	وَكَشَفْنَا	رَحِمْنٰهُمْ	وَلَوْ
بھٹکتے رہیں	اپنی سرکشی	میں پر	اڑے رہیں	جو تکلیف		جو ان پر	اور ہم دور کردیں	ہم ان پر رحم کریں	اور اگر

اور اگر ہم ان پر رحم کریں ، اور جو ان پر تکلیف ہے وہ دُور کردیں ، تو وہ اپنی سرکشی پر اڑے رہیں ، بھٹکتے پھریں۔

وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾ حَتّٰٓى اِذَا

وَ	لَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ	بِالْعَذَابِ	فَمَا اسْتَكَانُوْا	لِرَبِّهِمْ	وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ	حَتّٰٓى	اِذَا
اور	البتہ ہم نے انہیں پکڑا	عذاب میں	پھر انہوں نے عاجزی نہ کی	اپنے رب کے سامنے	اور وہ نہ گڑگڑائے	یہاں تک کہ	جب

اور البتہ ہم نے انہیں عذاب میں پکڑا پھر نہ انہوں نے عاجزی کی اور نہ وہ گڑگڑائے۔ یہانتک کہ جب

فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾ ع وَهُوَ الَّذِیْٓ

فَتَحْنَا	عَلَيْهِمْ	بَابًا	ذَا عَذَابٍ	شَدِيْدٍ	اِذَا هُمْ	فِيْهِ	مُبْلِسُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِیْٓ
ہم نے کھول دیئے	ان پر	دروازے	عذاب والا	سخت	تو اس وقت وہ	اس میں	مایوس ہوئے	اور وہ	جس نے

ہم نے ان پر سخت عذاب کے دروازے کھول دیئے تو اس وقت وہ اس میں مایوس ہو گئے۔ اور وہی ہے جس نے

اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ وَهُوَ الَّذِیْ

اَنْشَاَ لَكُمُ	السَّمْعَ	وَالْاَبْصَارَ	وَالْاَفْئِدَةَ	قَلِيْلًا	مَا	تَشْكُرُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِیْ
بنائے تمہارے لئے	کان	اور آنکھیں	اور دل (جمع)	بہت ہی کم	جو تم شکر کرتے ہو		اور وہ	وہی جس نے

تمہارے لئے کان، اور آنکھیں اور دل بنائے، تم بہت ہی کم شکر کرتے ہو۔ اور وہی ہے جس نے

ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَهُوَ الَّذِیْ يُحْیٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ

ذَرَاَ	كُمْ	فِی الْاَرْضِ	وَاِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِیْ	يُحْیٖ	وَيُمِيْتُ	وَلَهُ
پھیلایا	تمہیں	زمین میں	اور اس کی طرف	تم جمع ہو کر جاؤ گے	اور وہ	وہی جو	زندہ کرتا ہے	اور مارتا ہے	اور اسی کے لئے

تمہیں زمین میں پھیلایا، اور اسی کی طرف تم جمع ہو کر جاؤ گے۔ اور وہی ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے، اور اسی کے لئے ہے

اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۸۰﴾ بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۸۱﴾

اخْتِلَافُ	الَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	بَلْ قَالُوْا	مِثْلَ	مَا قَالَ	الْاَوَّلُوْنَ
آنا جانا	رات	اور دن	کیا پس تم سمجھتے نہیں؟	بلکہ انہوں نے کہا	جیسے	جو کہا	پہلوں نے

رات اور دن کا آنا جانا پس کیا تم سمجھتے نہیں؟ بلکہ انہوں نے (وہی) کہا جیسے (ان سے) پہلے (کافر) کہتے تھے۔

قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾ لَقَدْ وُعِدْنَا

قَالُوْٓا	ءَاِذَا	مِتْنَا	وَكُنَّا تُرَابًا	وَعِظَامًا	ءَاِنَّا	لَمَبْعُوْثُوْنَ	لَقَدْ وُعِدْنَا
وہ بولے	کیا جب	ہم مر گئے	اور ہم ہو گئے مٹی	اور ہڈیاں	کیا ہم	پھر اٹھائے جائیں گے	البتہ ہم سے وعدہ کیا گیا

وہ بولے، کیا جب ہم مر گئے، اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو گئے، کیا ہم پھر (دوبارہ) اٹھائے جائیں گے؟ البتہ ہم سے وعدہ کیا گیا

نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾ قُلْ لِّمَنِ

نَحْنُ	وَاٰبَآؤُنَا	هٰذَا	مِنْ قَبْلُ	اِنْ هٰذَآ	اِلَّآ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	قُلْ	لِّمَنِ
ہم	اور ہمارے باپ دادا	یہ	اس سے قبل	یہ نہیں	مگر (صرف)	کہانیاں	پہلے لوگ	فرمادیں	کس کے لئے

اور اس سے قبل ہمارے باپ دادا سے یہ (وعدہ کیا گیا) یہ تو صرف پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ آپؐ فرمادیں کس کے لئے ہیں

الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾

الْاَرْضُ	وَمَنْ	فِيْهَآ	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	سَيَقُوْلُوْنَ	لِلّٰهِ	قُلْ	اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ
زمین	اور جو	اس میں	اگر	تم جانتے ہو	جلدی (ضرور) وہ کہیں گے	اللہ کے لئے	فرمادیں	کیا پس تم غور نہیں کرتے؟

زمین اور جو کچھ اس میں ہے؟ اگر تم جانتے ہو۔ وہ ضرور کہیں گے اللہ کے لئے ہے، آپؐ فرمادیں پس کیا تم غور نہیں کرتے؟

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ

قُلْ	مَنْ	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	السَّبْعِ	وَرَبُّ	الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ	سَيَقُوْلُوْنَ	لِلّٰهِ	قُلْ
فرمادیں	کون	رب	آسمان (جمع)	سات	اور رب	عرش عظیم	جلد (ضرور) وہ کہیں گے	اللہ کا	فرمادیں

آپؐ فرمادیں کون ہے سات آسمانوں کا رب اور عرش عظیم کا رب؟ وہ ضرور کہیں گے (یہ سب) اللہ کا ہے، آپؐ فرمادیں

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۸۷﴾ قُلْ مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ	قُلْ	مَنْ	بِيَدِهٖ	مَلَكُوْتُ	كُلِّ شَيْءٍ	وَّهُوَ	يُجِيْرُ	وَلَا يُجَارُ	عَلَيْهِ
کیا پس تم نہیں ڈرتے؟	فرمادیں	کون	اسکے ہاتھ میں	بادشاہت (اختیار)	ہر چیز	اور وہ	پناہ دیتا ہے	اور پناہ نہیں دیا جاتا	اسکے خلاف

پس کیا تم نہیں ڈرتے؟ آپؐ فرمادیں کس کے ہاتھ میں ہے ہر چیز کا اختیار؟ اور وہ پناہ دیتا ہے اور اس کے خلاف (کوئی) پناہ نہیں دیا جاتا

اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۸﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ فَاَنّٰى تُسْحَرُوْنَ ﴿۸۹﴾ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ

اِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ	سَيَقُوْلُوْنَ	لِلّٰهِ	قُلْ	فَاَنّٰى	تُسْحَرُوْنَ	بَلْ	اَتَيْنٰهُمْ
اگر	تم جانتے ہو	جلد (ضرور) وہ کہیں گے	اللہ کے لئے	فرمادیں	پھر کہاں سے	تم جادو میں پھنس گئے ہو	بلکہ	ہم لائے ہیں انکے پاس

اگر تم جانتے ہو۔ وہ ضرور کہیں گے (ہر اختیار) اللہ کے لئے، آپؐ فرمادیں پھر تم کہاں سے جادو میں پھنس گئے ہو۔ بلکہ ہم اُن کے پاس لائے ہیں

بِالْحَقِّ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۹۰﴾ مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ

بِالْحَقِّ	وَاِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	مَا اتَّخَذَ	اللّٰهُ	مِنْ وَّلَدٍ	وَمَا كَانَ	مَعَهٗ	مِنْ اِلٰهٍ
سچی بات	اور بیشک وہ	البتہ جھوٹے ہیں	نہیں بنایا	اللہ	کسی کو بیٹا	اور نہیں ہے	اس کے ساتھ	کوئی اور معبود

سچی بات، اور بیشک وہ جھوٹے ہیں۔ اللہ نے کسی کو (اپنا) بیٹا نہیں بنایا، اور نہیں ہے اس کے ساتھ کوئی اور معبود

إِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ إِلٰهٍ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

إِذًا	لَّذَهَبَ	كُلُّ	إِلٰهٍ	بِمَا خَلَقَ	وَلَعَلَا	بَعْضُهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	سُبْحٰنَ اللّٰهِ
اس صورت میں	لے جاتا	ہر	معبود	جو اس نے پیدا کیا	اور چڑھائی کرتا	ان کا ایک	دوسرے پر	پاک ہے اللہ

اس صورت میں ہر معبود لے جاتا جو اس نے پیدا کیا ہوتا، اور ان میں سے ایک دوسرے پر چڑھائی کرتا، پاک ہے اللہ

۵ ع ۱۵ ۵

عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿٩١﴾ عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٩٢﴾ قُلْ

عَمَّا	يَصِفُوْنَ	عٰلِمِ الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ	فَتَعٰلٰى	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ	قُلْ
اس سے جو	وہ بیان کرتے ہیں	جاننے والا پوشیدہ	اور آشکارا	پس برتر	اس سے جو	وہ شریک سمجھتے ہیں	فرمادیں

ان (باتوں) سے جو وہ بیان کرتے ہیں۔ وہ جاننے والا ہے پوشیدہ اور آشکارا پس برتر ہے (وہ بہت) اس سے جس کو وہ شریک سمجھتے ہیں۔ آپؐ فرمادیں

رَّبِّ إِمَّا تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ﴿٩٣﴾ رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٩٤﴾

رَّبِّ	إِمَّا تُرِيَنِّيْ	مَا يُوْعَدُوْنَ	رَبِّ	فَلَا تَجْعَلْنِيْ	فِي	الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ
اے میرے رب	اگر تو مجھے دکھادے	جو ان سے وعدہ کیا جاتا ہے	اے میرے رب	پس تو مجھے نہ کرنا	میں	ظالم لوگ

اے میرے رب! جو اُن سے وعدہ کیا جاتا ہے اگر تو مجھے دکھا دے۔ اے میرے رب! پس تو مجھے ظالم لوگوں میں (شامل) نہ کرنا

وَإِنَّا عَلٰى أَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ لَقٰدِرُوْنَ ﴿٩٥﴾ إِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ أَحْسَنُ السَّيِّئَةَ

وَإِنَّا	عَلٰى	أَنْ نُّرِيَكَ	مَا نَعِدُهُمْ	لَقٰدِرُوْنَ	إِدْفَعْ	بِالَّتِيْ	هِيَ	أَحْسَنُ	السَّيِّئَةَ
اور بیشک ہم	پر	کہ ہم تمہیں دکھا دیں	جو ہم وعدہ کر رہے ہیں اُن سے	البتہ قادر ہیں	دفع کرو	اس سے جو	وہ	سب سے اچھی بھلائی	بُرائی

اور بیشک ہم اس پر قادر ہیں کہ ہم ان سے جو وعدہ کر رہے ہیں تمہیں دکھا دیں۔ سب سے اچھی بھلائی سے بُرائی کو دفع کرو

نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ﴿٩٦﴾ وَقُلْ رَّبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٩٧﴾

نَحْنُ	أَعْلَمُ	بِمَا	يَصِفُوْنَ	وَقُلْ	رَّبِّ	أَعُوْذُ	بِكَ	مِنْ	هَمَزٰتِ	الشَّيٰطِيْنِ
ہم	خوب جانتے ہیں	اس کو جو	وہ بیان کرتے ہیں	اور آپؐ فرمادیں	اے میرے رب	میں پناہ چاہتا ہوں	تیری	سے	وسوسے (جمع)	شیطان (جمع)

ہم خوب جانتے ہیں جو وہ بیان کرتے ہیں۔ اور آپؐ فرمادیں، اے میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں شیطانوں کے وسوسوں سے۔

وَأَعُوْذُ بِكَ رَبِّ أَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿٩٨﴾ حَتّٰى إِذَا جَآءَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ

وَأَعُوْذُ	بِكَ	رَبِّ	أَنْ يَّحْضُرُوْنِ	حَتّٰى	إِذَا جَآءَ	أَحَدَهُمُ	الْمَوْتُ	قَالَ	رَبِّ
اور میں پناہ چاہتا ہوں	تیری	اے میرے رب	کہ وہ آئیں میرے پاس	یہاں تک کہ	جب آئے	ان میں کسی کو	موت	کہتا ہے	اے میرے رب

اور میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔ (وہ غفلت میں رہتے ہیں) یہاں تک کہ جب اُن میں کسی کو موت آئے تو وہ کہتا ہے اے میرے رب!

ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾ لَعَلِّیْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ

ارْجِعُوْنِ	لَعَلِّیْٓ	اَعْمَلُ	صَالِحًا	فِیْمَا	تَرَكْتُ	كَلَّا	اِنَّهَا	كَلِمَةٌ	هُوَ	قَآئِلُهَا
مجھے واپس بھیج دے	شاید میں	کام کرلوں	کوئی اچھا کام	اس میں	میں چھوڑ آیا ہوں	ہرگز نہیں	یہ تو	ایک بات	وہ	کہہ رہا ہے

مجھے (پھر دنیا میں) واپس بھیج دے ۔ شاید میں اس میں کوئی اچھا کام کرلوں جو چھوڑ آیا ہوں ، ہرگز نہیں یہ تو ایک بات ہے جو وہ کہہ رہا ہے ،

وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ

وَ	مِنْ وَّرَآئِهِمْ	بَرْزَخٌ	اِلٰى یَوْمِ	یُبْعَثُوْنَ	فَاِذَا	نُفِخَ	فِی الصُّوْرِ	فَلَآ اَنْسَابَ
اور	ان کے آگے	ایک برزخ	اس دن تک	وہ اٹھائے جائیں گے	پھر جب	پھونکا جائے گا	صور میں	تو نہ رشتے

اور ان کے آگے ایک برزخ (آڑ) ہے جس دن (قیامت) تک کہ وہ اٹھائے جائیں گے ۔ پھر جب صور پھونکا جائے گا تو نہ رشتے رہیں گے

بَیْنَهُمْ یَوْمَئِذٍ وَّلَا یَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾

بَیْنَهُمْ	یَوْمَئِذٍ	وَلَا یَتَسَآءَلُوْنَ	فَمَنْ	ثَقُلَتْ	مَوَازِیْنُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ
ان کے درمیان	اس دن	اور نہ وہ ایکدوسرے کو پوچھیں گے	پس جو جس	بھاری ہوئی	اس کا تول (پلہ)	پس وہ لوگ	وہ	فلاح پانے والے

اس دن انکے درمیان ، اور نہ کوئی ایکدوسرے کو پوچھے گا ۔ پس جس (کے اعمال) کا پلہ بھاری ہوا پس وہی لوگ فلاح (نجات) پانے والے ہوں گے ۔

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِیْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِیْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ ج

وَمَنْ	خَفَّتْ	مَوَازِیْنُهٗ	فَاُولٰٓئِكَ	الَّذِیْنَ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فِیْ جَهَنَّمَ	خٰلِدُوْنَ
اور جو جس	ہلکی ہوئی	اس کے تول (پلہ)	تو وہی لوگ	وہ جنہوں نے	خسارہ میں ڈالا	اپنی جانیں	جہنم میں	ہمیشہ رہیں گے

اور جس (کے اعمال) کا پلہ ہلکا ہوا تو وہی لوگ ، ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کو خسارہ میں ڈالا ، وہ جہنم میں ہمیشہ کے لئے رہیں گے ۔

تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِیْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾ اَلَمْ تَكُنْ اٰیٰتِیْ تُتْلٰى عَلَیْكُمْ

تَلْفَحُ	وُجُوْهَهُمُ	النَّارُ	وَهُمْ	فِیْهَا	كٰلِحُوْنَ	اَلَمْ تَكُنْ	اٰیٰتِیْ	تُتْلٰى	عَلَیْكُمْ
جھلس دے گی	ان کے چہرے	آگ	اور وہ	اس میں	تیوری چڑھائے ہوئے	کیا نہ تھیں	میری آیتیں	پڑھی جاتیں	تم پر

آگ اُن کے چہرے جھلس دے گی اور وہ اس میں تیوری چڑھائے ہوئے ہوں گے ۔ کیا میری آیتیں تم پر نہ پڑھی جاتی (سنائی جاتی) تھیں ؟

فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَیْنَا شِقْوَتُنَا وَكُنَّا قَوْمًا ضَآلِّیْنَ ﴿۱۰۶﴾

فَكُنْتُمْ	بِهَا	تُكَذِّبُوْنَ	قَالُوْا	رَبَّنَا	غَلَبَتْ	عَلَیْنَا	شِقْوَتُنَا	وَكُنَّا	قَوْمًا	ضَآلِّیْنَ
پس تم تھے	انہیں	تم جھٹلاتے تھے	وہ کہیں گے	اے ہمارے رب	غالب آگئی	ہم پر	ہماری بدبختی	اور ہم تھے	لوگ	راستے سے بھٹکے ہوئے

پس تم انہیں جھٹلاتے تھے ۔ وہ کہیں گے اے ہمارے رب ! ہم پر ہماری بدبختی غالب آگئی ، اور ہم راستے سے بھٹکے ہوئے لوگ تھے

رَبَّنَآ اَخۡرِجۡنَا مِنۡهَا فَاِنۡ عُدۡنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوۡنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخۡسَـُٔوۡا فِيۡهَا وَلَا تُكَلِّمُوۡنِ ﴿۱۰۸﴾

رَبَّنَا	اَخۡرِجۡنَا	مِنۡهَا	فَاِنۡ	عُدۡنَا	فَاِنَّا	ظٰلِمُوۡنَ	قَالَ	اخۡسَـُٔوۡا	فِيۡهَا	وَلَا تُكَلِّمُوۡنِ
اے ہمارے رب	ہمیں نکال لے	اس سے	پھر اگر	دوبارہ کیا ہم نے	تو بیشک ہم	ظالم (جمع)	فرمائے گا	پھٹکارے ہوئے پڑے رہو	اس میں	اور کلام نہ کرو مجھ سے

اے ہمارے رب! ہمیں اس سے نکال لے پھر اگر ہم نے دوبارہ (دہی)، کیا تو بیشک ہم ظالم ہوں گے۔ وہ فرمائے گا پھٹکارے ہوئے اس میں پڑے رہو اور مجھ سے کلام نہ کرو

اِنَّهٗ كَانَ فَرِيۡقٌ مِّنۡ عِبَادِىۡ يَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا وَاَنۡتَ

اِنَّهٗ	كَانَ	فَرِيۡقٌ	مِّنۡ عِبَادِىۡ	يَقُوۡلُوۡنَ	رَبَّنَا	اٰمَنَّا	فَاغۡفِرۡ لَنَا	وَارۡحَمۡنَا	وَاَنۡتَ
بیشک وہ	تھا	ایک گروہ	میرے بندوں کا	وہ کہتے تھے	اے ہمارے رب	ہم ایمان لائے	سو ہمیں بخشدے	اور ہم پر رحم فرما	اور تو

بیشک ہمارے بندوں کا ایک گروہ تھا، وہ کہتے تھے اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے، سو ہمیں بخشدے، اور ہم پر رحم فرما، اور تو

خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّخَذۡتُمُوۡهُمۡ سِخۡرِيًّا حَتّٰٓى اَنۡسَوۡكُمۡ ذِكۡرِىۡ وَكُنۡتُمۡ

خَيۡرُ	الرّٰحِمِيۡنَ	فَاتَّخَذۡتُمُوۡهُمۡ	سِخۡرِيًّا	حَتّٰى	اَنۡسَوۡكُمۡ	ذِكۡرِىۡ	وَكُنۡتُمۡ
بہترین	رحم کرنے والے	پس تم نے انہیں بنا لیا	ٹھٹھا	یہاں تک کہ	انہوں نے بھلا دیا تمہیں	میری یاد	اور تم تھے

بہترین رحم کرنے والا ہے۔ پس تم نے انہیں ٹھٹھا بنا لیا، یہاں تک کہ انہوں نے تمہیں میری یاد بھلا دی اور تم

مِّنۡهُمۡ تَضۡحَكُوۡنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنِّىۡ جَزَيۡتُهُمُ الۡيَوۡمَ بِمَا صَبَرُوۡۤا ۙ اَنَّهُمۡ هُمُ الۡفَآٮِٕزُوۡنَ ﴿۱۱۱﴾

مِنۡهُمۡ	تَضۡحَكُوۡنَ	اِنِّىۡ	جَزَيۡتُهُمُ	الۡيَوۡمَ	بِمَا	صَبَرُوۡا	اَنَّهُمۡ	هُمُ	الۡفَآٮِٕزُوۡنَ
ان سے	ہنسی کیا کرتے تھے	بیشک میں	میں نے جزا دی انہیں	آج	اس کے بدلے	انہوں نے صبر کیا	بیشک وہ	وہی	مراد کو پہنچنے والے

ان سے ہنسی کیا کرتے تھے۔ اس کے بدلے کہ انہوں نے صبر کیا بیشک میں نے آج انہیں جزا دی، بیشک وہی مراد کو پہنچنے والے ہیں۔

قٰلَ كَمۡ لَبِثۡتُمۡ فِى الۡاَرۡضِ عَدَدَ سِنِيۡنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوۡا لَبِثۡنَا يَوۡمًا اَوۡ بَعۡضَ يَوۡمٍ

قٰلَ	كَمۡ لَبِثۡتُمۡ	فِى الۡاَرۡضِ	عَدَدَ	سِنِيۡنَ	قَالُوۡا	لَبِثۡنَا	يَوۡمًا	اَوۡ	بَعۡضَ يَوۡمٍ
فرمائے گا	کتنی مدت رہے تم	زمین (دنیا) میں	شمار (حساب)	سال (جمع)	وہ کہیں گے	ہم رہے	ایک دن	یا	ایک دن کا کچھ حصہ

(اللہ تعالیٰ) فرمائے گا تم دنیا میں سالوں کے حساب سے کتنی مدت رہے؟ وہ کہیں ہم ایک دن یا ایک دن کا کچھ حصہ رہے،

اس میں جسے نصیحت پکڑنی ہوتی، اور تمہارے پاس ڈرانے والا (بھی) آیا، سو تم (اب انکار کا مزہ) چکھو، ظالموں کے لئے کوئی مددگار نہیں۔

ع ۱۱ — ۱۶

اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۳۸

اِنَّ اللّٰهَ	عٰلِمُ	غَيْبِ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ
بے شک اللہ	جاننے والا	آسمانوں کی پوشیدہ باتیں	اور زمین	بیشک وہ	باخبر	سینوں (دلوں) کے بھیدوں سے

بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں جاننے والا ہے، بیشک وہ ان کے سینوں کے بھیدوں سے باخبر ہے۔

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰۗىِٕفَ فِي الْاَرْضِ ۭ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۭ وَ

هُوَ	الَّذِيْ	جَعَلَكُمْ	خَلٰۗىِٕفَ	فِي الْاَرْضِ	فَمَنْ كَفَرَ	فَعَلَيْهِ	كُفْرُهٗ	وَ
وہی	جس نے	تمہیں بنایا	جانشین	زمین میں	سو جس نے کفر کیا	تو اسی پر	اس کا کفر	اور

وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں جانشین بنایا، سو جس نے کفر کیا تو اسی پر ہے اس کے کفر (کا وبال)، اور

لَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ

الْكٰفِرِيْنَ	وَلَا يَزِيْدُ	مَقْتًا	اِلَّا	رَبِّهِمْ	عِنْدَ	كُفْرُهُمْ	الْكٰفِرِيْنَ	لَا يَزِيْدُ
کافر (جمع)	اور نہیں بڑھاتا	ناراضی (غضب)	سوائے	ان کا رب	نزدیک	ان کا کفر	کافر (جمع)	نہیں بڑھاتا

اور کافروں کو ان کے رب کے نزدیک ان کا کفر غضب کے سوا کچھ نہیں بڑھاتا، اور کافروں کو نہیں بڑھاتا

كُفْرُهُمْ اِلَّا خَسَارًا ﴿۳۹﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	تَدْعُوْنَ	الَّذِيْنَ	شُرَكَآءَكُمْ	اَرَءَيْتُمْ	قُلْ	خَسَارًا	اِلَّا	كُفْرُهُمْ
اللہ کے سوا	تم پکارتے ہو	وہ جنہیں	اپنے شریک	کیا تم نے دیکھا	فرما دیں	خسارہ	سوائے	ان کا کفر

ان کا کفر خسارے کے سوا۔ آپ فرما دیں کیا تم نے اپنے شریکوں کو دیکھا جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو

اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ

اَمْ	فِي السَّمٰوٰتِ	شِرْكٌ	لَهُمْ	اَمْ	الْاَرْضِ	مِنَ	خَلَقُوْا	مَاذَا	اَرُوْنِيْ
یا	آسمانوں میں	ساجھا	ان کے لئے	یا	زمین	سے	انہوں نے پیدا کیا	کیا	تم مجھے دکھاؤ

تم مجھے دکھاؤ انہوں نے زمین سے کیا پیدا کیا ہے؟ یا آسمانوں (کے بنانے میں) ان کا کیا ساجھا ہے؟ یا

اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ

بَعْضُهُمْ	الظّٰلِمُوْنَ	يَعِدُ	اِنْ	بَلْ	مِنْهُ	عَلٰى بَيِّنَتٍ	فَهُمْ	كِتٰبًا	اٰتَيْنٰهُمْ
ان کے بعض (ایک)	ظالم (جمع)	وعدے کرتے	نہیں	بلکہ	اس سے رکی	دلیل (سند) پر	پس (کہ) وہ	کوئی کتاب	ہم نے دی انہیں

ہم نے انہیں کوئی کتاب دی ہے کہ وہ اس کی سند پر ہوں (سند رکھتے ہوں) بلکہ ظالم ایک دوسرے سے وعدے نہیں کرتے

بَعْضًا اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۴۰﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ

تَزُوْلَا	اَنْ	وَالْاَرْضَ	السَّمٰوٰتِ	يُمْسِكُ	اللّٰهَ	اِنَّ	غُرُوْرًا	اِلَّا	بَعْضًا
ٹل جائیں وہ	کہ	اور زمین	آسمان (جمع)	تھام رکھا ہے	اللہ	بیشک	دھوکہ	سوائے	بعض (دوسرے سے)

دھوکے کے سوا۔ بے شک اللہ نے تھام رکھا ہے آسمانوں کو اور زمین کو کہ وہ ٹل (نہ) جائیں،

وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾

غَفُوْرًا	حَلِيْمًا	كَانَ	اِنَّهٗ	مِنْ بَعْدِهٖ	مِنْ اَحَدٍ	اَمْسَكَهُمَا	اِنْ	زَالَتَآ	وَلَئِنْ
بخشنے والا	حلم والا	ہے	بیشک وہ	اس کے بعد	کوئی بھی	تھامے گا انہیں	نہ	ٹل جائیں	اور اگر وہ

اور اگر وہ ٹل جائیں تو انہیں اس کے بعد کوئی بھی نہیں تھامے گا، بیشک وہ (اللہ) حلم والا، بخشنے والا ہے۔

وَاَقۡسَمُوۡا بِاللّٰہِ جَہۡدَ اَیۡمَانِہِمۡ لَئِنۡ جَآءَہُمۡ نَذِیۡرٌ لَّیَکُوۡنُنَّ اَہۡدٰی

وَاَقۡسَمُوۡا	بِاللّٰہِ	جَہۡدَ اَیۡمَانِہِمۡ	لَئِنۡ	جَآءَہُمۡ	نَذِیۡرٌ	لَّیَکُوۡنُنَّ	اَہۡدٰی
اور انہوں نے قسم کھائی	اللہ کی	اپنی سخت قسمیں	اگر	ان کے پاس آئے	کوئی ڈرانے والا	البتہ وہ ضرور ہوں گے	زیادہ ہدایت پانے والے

اور انہوں نے (مشرکین مکہ نے) اللہ کی بڑی سخت قسمیں کھائیں کہ اگر انکے پاس کوئی ڈرانے والا آئے وہ ضرور زیادہ ہدایت پانے والے ہونگے

مِنۡ اِحۡدَی الۡاُمَمِ ۚ فَلَمَّا جَآءَہُمۡ نَذِیۡرٌ مَّا زَادَہُمۡ اِلَّا نُفُوۡرَا ﴿۴۲﴾

مِنۡ اِحۡدَی	الۡاُمَمِ	فَلَمَّا	جَآءَہُمۡ	نَذِیۡرٌ	مَا زَادَہُمۡ	اِلَّا	نُفُوۡرَا
ہر ایک سے	امت (جمع)	پھر جب	ان کے پاس آیا	ایک نذیر	نہ ان (میں) زیادہ ہوا	مگر سوائے	بدکنا

(دنیا کی) ہر ایک امت سے (بڑھ کر) پھر جب ان کے پاس ایک نذیر آیا تو ان میں بدکنے کے سوا (اور کچھ) زیادہ نہ ہوا۔

اِسۡتِکۡبَارًا فِی الۡاَرۡضِ وَمَکۡرَ السَّیِّیٴِ ؕ وَلَا یَحِیۡقُ الۡمَکۡرُ السَّیِّیٴُ اِلَّا بِاَہۡلِہٖ ؕ

اِسۡتِکۡبَارًا	فِی الۡاَرۡضِ	وَمَکۡرَ	السَّیِّیٴِ	وَلَا یَحِیۡقُ	الۡمَکۡرُ	السَّیِّیٴُ	اِلَّا	بِاَہۡلِہٖ
اپنے کو بڑا سمجھنے کے سبب	زمین (دنیا) میں	اور چال	بری	اور نہیں اٹھتا (الٹا پڑتا)	چال	بری	صرف	اسکے کرنیوالے پر

دنیا میں اپنے آپ کو بڑا سمجھنے کے سبب اور بری چال (کے سبب)، اور بری چال (کا وبال) صرف اس کے کرنے والے پر پڑتا ہے

فَہَلۡ یَنۡظُرُوۡنَ اِلَّا سُنَّتَ الۡاَوَّلِیۡنَ ۚ فَلَنۡ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰہِ تَبۡدِیۡلًا ۚ

فَہَلۡ	یَنۡظُرُوۡنَ	اِلَّا	سُنَّتَ	الۡاَوَّلِیۡنَ	فَلَنۡ تَجِدَ	لِسُنَّتِ اللّٰہِ	تَبۡدِیۡلًا
تو کیا	وہ انتظار کر رہے ہیں	مگر صرف	دستور	پہلے	سو تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ کے دستور میں	کوئی تبدیلی

تو کیا وہ صرف پہلوں کے دستور کا انتظار کر رہے ہیں! سو تم اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے'

وَلَنۡ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰہِ تَحۡوِیۡلًا ﴿۴۳﴾ اَوَلَمۡ یَسِیۡرُوۡا فِی الۡاَرۡضِ فَیَنۡظُرُوۡا

وَلَنۡ تَجِدَ	لِسُنَّتِ اللّٰہِ	تَحۡوِیۡلًا	اَوَ	لَمۡ یَسِیۡرُوۡا	فِی الۡاَرۡضِ	فَیَنۡظُرُوۡا
اور تم ہرگز نہ پاؤ گے	اللہ کے دستور میں	کوئی تغیر	کیا	وہ چلے پھرے نہیں	زمین (دنیا) میں	سو وہ دیکھتے

اور تم اللہ کے دستور میں ہرگز کوئی تغیر نہ پاؤ گے۔ کیا وہ دنیا میں چلے پھرے نہیں کہ وہ دیکھتے

کَیۡفَ کَانَ عَاقِبَۃُ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِہِمۡ وَکَانُوۡۤا اَشَدَّ مِنۡہُمۡ قُوَّۃً ؕ

کَیۡفَ	کَانَ	عَاقِبَۃُ	الَّذِیۡنَ	مِنۡ قَبۡلِہِمۡ	وَکَانُوۡا	اَشَدَّ	مِنۡہُمۡ	قُوَّۃً
کیسا	ہوا	عاقبت (انجام)	ان لوگوں کا جو	ان سے پہلے	اور وہ تھے	بہت زیادہ	ان سے	قوت میں

کہ ان سے پہلے لوگوں کا انجام کیسا ہوا! اور وہ قوت میں ان سے بہت زیادہ تھے،

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ

وَمَا	كَانَ	اللّٰهُ	لِيُعْجِزَهٗ	مِنْ شَيْءٍ	فِي السَّمٰوٰتِ	وَلَا	فِي الْاَرْضِ
اور نہیں	ہے	اللہ	کہ اسے عاجز کردے	کوئی شے	آسمانوں میں	اور نہ	زمین میں

اور اللہ (ایسا) نہیں کہ کوئی شے آسمانوں میں اس کو عاجز کر دے اور نہ زمین میں کوئی شے اسے ہرا سکتی ہے

اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ﴿۴۴﴾ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ

اِنَّهٗ	كَانَ	عَلِيْمًا	قَدِيْرًا	وَلَوْ	يُؤَاخِذُ اللّٰهُ	النَّاسَ	بِمَا كَسَبُوْا	مَا تَرَكَ
بیشک وہ	ہے	علم والا	بڑی قدرت والا	اور اگر	اللہ پکڑ کرے	لوگ	انکے اعمال کے سبب	وہ نہ چھوڑے

بیشک وہ علم والا، قدرت والا ہے۔ اور اگر اللہ لوگوں کو ان کے اعمال کے سبب پکڑے تو وہ نہ چھوڑے

عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ

عَلٰى	ظَهْرِهَا	مِنْ دَآبَّةٍ	وَّلٰكِنْ	يُّؤَخِّرُهُمْ	اِلٰٓى	اَجَلٍ مُّسَمًّى	فَاِذَا	جَآءَ
پر	اس کی پشت	کوئی چلنے پھرنے والا	اور لیکن	وہ انہیں ڈھیل دیتا ہے	تک	ایک مدتِ معین	پھر جب	آجائے گی

کوئی چلنے پھرنے والا اسکی پشت (روئے زمین) پر لیکن وہ انہیں ایک مدتِ معین تک ڈھیل دیتا ہے، پھر جب آجائے گی،

اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ ع

اَجَلُهُمْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	كَانَ	بِعِبَادِهٖ	بَصِيْرًا
اُن کی اجل	تو بیشک	اللہ	ہے	اپنے بندوں کو	دیکھنے والا

اُن کی اجل (اُن کے اعمال کا بدلہ ضرور ملے گا) بیشک اللہ اپنے بندوں کو دیکھنے والا ہے۔

۵ ع ۴ ۱۷

آیاتها ۸۳ — ۳۶ سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ ۴۱ — رکوعاتها ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

يٰسٓ ﴿۱﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳﴾ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴﴾

يٰسٓ	وَالْقُرْاٰنِ	الْحَكِيْمِ	اِنَّكَ	لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ	عَلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ
یٰسٓ	قسم ہے قرآن	باحکمت	بیشک آپؐ	رسولوں میں سے		پر	راستہ	سیدھا

یٰسٓ۔ قسم ہے باحکمت قرآن کی۔ بیشک آپؐ رسولوں میں سے ہیں۔ سیدھے راستہ پر ہیں۔

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝٥ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝٦

تَنْزِيْلَ	الْعَزِيْزِ	الرَّحِيْمِ	لِتُنْذِرَ	قَوْمًا	مَا اُنْذِرَ	اٰبَآؤُهُمْ	فَهُمْ	غٰفِلُوْنَ
نازل کیا	غالب	مہربان	تاکہ آپؐ ڈرائیں	وہ قوم	نہیں ڈرائے گئے	انکے باپ (دادا)	پس وہ	غافل (جمع)

نازل کیا ہوا غالب، مہربان کا۔ تاکہ آپؐ اس قوم کو ڈرائیں، جس کے باپ دادا نہیں ڈرائے گئے، پس وہ غافل ہیں

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝٧ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ

لَقَدْ حَقَّ	الْقَوْلُ	عَلٰى	اَكْثَرِهِمْ	فَهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	اِنَّا جَعَلْنَا	فِيْ	اَعْنَاقِهِمْ
تحقیق ثابت ہوگئی	بات	پر	ان میں سے اکثر	پس وہ	ایمان نہ لائیں گے	بیشک ہم نے کئے (ڈالے)	میں	ان کی گردنیں

تحقیق ان میں سے اکثر پر (اللہ کی) بات ثابت ہوچکی ہے، پس وہ ایمان نہ لائیں گے۔ بیشک ہم نے ان کی گردنوں میں ڈالے ہیں

اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝٨ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ

اَغْلٰلًا	فَهِيَ	اِلَى	الْاَذْقَانِ	فَهُمْ	مُقْمَحُوْنَ	وَجَعَلْنَا	مِنْ	بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ
طوق	پھر وہ	تک	ٹھوڑیاں	تو وہ	سر اونچا کئے (سر اُٹھائے ہوئے ہیں)	اور ہم نے کردی	سے	ان کے آگے

طوق، پھر وہ ٹھوڑی تک (اَڑ گئے ہیں) تو ان کے سر اُٹھے رہتے ہیں۔ اور ہم نے کردی ان کے آگے

سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝٩ وَسَوَآءٌ

سَدًّا	وَ	مِنْ خَلْفِهِمْ	سَدًّا	فَاَغْشَيْنٰهُمْ	فَهُمْ	لَا يُبْصِرُوْنَ	وَسَوَآءٌ
ایک دیوار	اور	ان کے پیچھے	ایک دیوار	پھر ہم نے انہیں ڈھانپ دیا	پس وہ	دیکھتے نہیں	اور برابر

ایک دیوار اور ان کے پیچھے ایک دیوار، پھر ہم نے انہیں ڈھانپ دیا، پس وہ دیکھتے نہیں ۔ اور برابر ہے

عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝١٠ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ

عَلَيْهِمْ	ءَاَنْذَرْتَهُمْ	اَمْ	لَمْ تُنْذِرْهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	اِنَّمَا	تُنْذِرُ	مَنِ
ان پر۔ ان کے لئے	خواہ تم انہیں ڈراؤ	یا	تم انہیں نہ ڈراؤ	وہ ایمان نہ لائیں گے	اس کے سوا نہیں	تم ڈراتے ہو	جو

ان کے لئے خواہ تم انہیں ڈراؤ یا نہ ڈراؤ، وہ ایمان نہ لائیں گے ۔ اس کے سوا نہیں کہ تم (اس کو) ڈراتے ہو جو

اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝١١

اتَّبَعَ	الذِّكْرَ	وَخَشِيَ	الرَّحْمٰنَ	بِالْغَيْبِ	فَبَشِّرْهُ	بِمَغْفِرَةٍ	وَاَجْرٍ	كَرِيْمٍ
پیروی کرے	کتاب نصیحت	اور ڈرے	رحمٰن (اللہ)	بن دیکھے	پس اسے خوشخبری دیں	بخشش کی	اور اجر	اچھا

کتاب نصیحت کی پیروی کرے۔ اور بن دیکھے اللہ سے ڈرے، پس آپؐ اسے بخشش اور اچھے اجر کی خوشخبری دیں۔

اِنَّا نَحۡنُ نُحۡیِ الۡمَوۡتٰی وَ نَکۡتُبُ مَا قَدَّمُوۡا وَ اٰثَارَهُمۡ ؕ وَ کُلَّ شَیۡءٍ

شَیۡءٍ	وَ كُلَّ	وَ اٰثَارَهُمۡ	مَا قَدَّمُوۡا	وَ نَکۡتُبُ	الۡمَوۡتٰی	نُحۡیِ	اِنَّا نَحۡنُ
شے	اور ہر	اور انکے اثر (نشانات)	جو انہوں نے آگے بھیجا (عمل)	اور ہم لکھتے ہیں	مُردے	زندہ کرتے ہیں	بیشک ہم

بیشک ہم مُردوں کو زندہ کرتے ہیں، اور ہم لکھتے ہیں ان کے عمل جو انہوں نے آگے بھیجے اور جو انہوں نے پیچھے (آثار) چھوڑے۔ اور ہر شے کو

اَحۡصَیۡنٰهُ فِیۡۤ اِمَامٍ مُّبِیۡنٍ ﴿۱۲﴾ وَ اضۡرِبۡ لَهُمۡ مَّثَلًا اَصۡحٰبَ الۡقَرۡیَةِ ۘ اِذۡ

اِذۡ	اَصۡحٰبَ الۡقَرۡیَةِ	مَّثَلًا	لَهُمۡ	وَ اضۡرِبۡ	اِمَامٍ مُّبِیۡنٍ	فِیۡۤ	اَحۡصَیۡنٰهُ
جب	بستی والے	مثال (قصہ)	انکے لئے	اور بیان کریں آپ	کتاب روشن (لوح محفوظ)	میں	ہم نے اسے شمار کر رکھا ہے

ہم نے لوحِ محفوظ میں شمار کر رکھا ہے۔ اور آپ ان کے لئے بستی والوں کا قصہ بیان کریں، جب

جَآءَهَا الۡمُرۡسَلُوۡنَ ﴿۱۳﴾ اِذۡ اَرۡسَلۡنَاۤ اِلَیۡهِمُ اثۡنَیۡنِ فَکَذَّبُوۡهُمَا فَعَزَّزۡنَا بِثَالِثٍ

بِثَالِثٍ	فَعَزَّزۡنَا	فَکَذَّبُوۡهُمَا	اثۡنَیۡنِ	اِلَیۡهِمُ	اَرۡسَلۡنَاۤ	اِذۡ	الۡمُرۡسَلُوۡنَ	جَآءَهَا
تیسرے سے	پھر ہم نے تقویت دی	تو انہوں نے جھٹلایا انہیں	دو	ان کی طرف	ہم نے بھیجے	جب	رسول (جمع)	ان کے پاس آئے

ان کے پاس رسول آئے۔ جب ہم نے ان کی طرف دو (رسول) بھیجے تو انہوں نے انہیں جھٹلایا، پھر ہم نے تیسرے سے تقویت دی

فَقَالُوۡۤا اِنَّاۤ اِلَیۡکُمۡ مُّرۡسَلُوۡنَ ﴿۱۴﴾ قَالُوۡا مَاۤ اَنۡتُمۡ اِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُنَا ۙ وَ مَاۤ

وَمَا	مِّثۡلُنَا	بَشَرٌ	اِلَّا	مَاۤ اَنۡتُمۡ	قَالُوۡا	مُّرۡسَلُوۡنَ	اِلَیۡکُمۡ	اِنَّاۤ	فَقَالُوۡۤا
اور نہیں	ہم جیسے	آدمی	مگر محض	تم نہیں ہو	وہ بولے	بھیجے گئے	تمہاری طرف	بیشک ہم	پس انہوں نے کہا

پس انہوں نے کہا بیشک ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ وہ بولے تم محض ہم جیسے آدمی ہو، اور نہیں

اَنۡزَلَ الرَّحۡمٰنُ مِنۡ شَیۡءٍ ۙ اِنۡ اَنۡتُمۡ اِلَّا تَکۡذِبُوۡنَ ﴿۱۵﴾ قَالُوۡا رَبُّنَا یَعۡلَمُ اِنَّاۤ

اِنَّا	یَعۡلَمُ	رَبُّنَا	قَالُوۡا	تَکۡذِبُوۡنَ	اِلَّا	اَنۡتُمۡ	اِنۡ	مِنۡ شَیۡءٍ	الرَّحۡمٰنُ	اَنۡزَلَ
بیشک ہم	جانتا ہے	ہمارا پروردگار	انہوں نے کہا	جھوٹ بولتے ہو	مگر محض	تم	نہیں	کچھ	رحمٰن (اللہ)	اُتارا

اتارا اللہ نے کچھ بھی، تم محض جھوٹ بولتے ہو۔ انہوں نے کہا ہمارا پروردگار جانتا ہے، بیشک ہم

اِلَیۡکُمۡ لَمُرۡسَلُوۡنَ ﴿۱۶﴾ وَ مَا عَلَیۡنَاۤ اِلَّا الۡبَلٰغُ الۡمُبِیۡنُ ﴿۱۷﴾ قَالُوۡۤا اِنَّا تَطَیَّرۡنَا

اِنَّا تَطَیَّرۡنَا	قَالُوۡا	الۡمُبِیۡنُ	الۡبَلٰغُ	اِلَّا	عَلَیۡنَاۤ	وَمَا	لَمُرۡسَلُوۡنَ	اِلَیۡکُمۡ
ہم نے منحوس پایا	وہ کہنے لگے	صاف صاف	پہنچا دینا	مگر	ہم پر	اور نہیں	البتہ بھیجے گئے	تمہاری طرف

تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔ اور ہم پر (ہمارے ذمے) نہیں مگر (صرف) صاف صاف پہنچا دینا۔ وہ کہنے لگے ہم نے بیشک منحوس پایا

بِكُمْ ج لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿١٨﴾

بِكُمْ	لَئِنْ	لَّمْ تَنْتَهُوْا	لَنَرْجُمَنَّكُمْ	وَلَيَمَسَّنَّكُمْ	مِّنَّا	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ
تمہیں	اگر	تم باز نہ آئے	ضرور ہم سنگسار کر دیں گے تمہیں	اور ضرور پہنچے گا تمہیں	ہم سے	عذاب	دردناک

تمہیں، اگر تم باز نہ آئے تو ہم تمہیں ضرور سنگسار کر دیں گے اور تمہیں ہم سے دردناک عذاب ضرور پہنچے گا۔

قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ط اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ط بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿١٩﴾

قَالُوْا	طَآئِرُكُمْ	مَعَكُمْ	اَئِنْ	ذُكِّرْتُمْ	بَلْ	اَنْتُمْ	قَوْمٌ	مُسْرِفُوْنَ
انہوں نے کہا	تمہاری نحوست	تمہارے ساتھ	کیا	تم سمجھائے گئے	بلکہ	تم	لوگ	حد سے بڑھنے والے

انہوں نے کہا تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے کیا تم (اس کو نحوست سمجھتے ہو) کہ تم سمجھائے گئے ہو، بلکہ تم حد سے بڑھنے والے لوگ ہو۔

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢٠﴾

وَجَآءَ	مِنْ	اَقْصَا	الْمَدِيْنَةِ	رَجُلٌ	يَسْعٰى	قَالَ	يٰقَوْمِ	اتَّبِعُوا	الْمُرْسَلِيْنَ
اور آیا	سے	پرلا سرا	شہر	ایک آدمی	دوڑتا ہوا	اس نے کہا	اے میری قوم	تم پیروی کرو	رسولوں کی

اور شہر کے پرلے سرے سے ایک آدمی دوڑتا ہوا آیا، اس نے کہا اے میری قوم! تم رسولوں کی پیروی کرو۔

اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿٢١﴾

اتَّبِعُوْا	مَنْ	لَا يَسْئَلُكُمْ	اَجْرًا	وَهُمْ	مُهْتَدُوْنَ
تم پیروی کرو	جو	تم سے نہیں مانگتے	کوئی اجر	اور وہ	ہدایت یافتہ

تم ان کی پیروی کرو، جو تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے، اور وہ ہدایت یافتہ ہیں۔

وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۲﴾

وَمَا	لِيَ	لَآ اَعْبُدُ	الَّذِيْ	فَطَرَنِيْ	وَاِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ
اور کیا ہوا	مجھے	میں نہ عبادت کروں	وہ جس نے	پیدا کیا مجھے	اور اسی کی طرف	تم لوٹ کر جاؤ گے

اور مجھے کیا ہوا (میرے پاس کیا عذر ہے) کہ میں اسکی عبادت نہ کروں جس نے مجھے پیدا کیا، اور تم اسی کی طرف لوٹ کر جاؤ گے

ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ

ءَاَتَّخِذُ	مِنْ دُوْنِهٖ	اٰلِهَةً	اِنْ	يُّرِدْنِ	الرَّحْمٰنُ	بِضُرٍّ	لَا تُغْنِ عَنِّيْ	شَفَاعَتُهُمْ
کیا میں بنالوں	اس کے سوا	ایسے معبود	اگر	وہ چاہے	رحمٰن۔ اللہ	کوئی نقصان	نہ کام آئے میرے	ان کی سفارش

کیا میں اس کے سوا ایسے معبود بنالوں؟ اگر اللہ مجھے نقصان پہنچانا چاہے تو ان کی سفارش میرے کام نہ آئے

شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿۲۳﴾ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ

شَيْـًٔا	وَ	لَا يُنْقِذُوْنِ	اِنِّيْ	اِذًا	لَفِيْ ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	اِنِّيْ	اٰمَنْتُ	بِرَبِّكُمْ
کچھ بھی	اور	نہ چھڑا سکیں وہ مجھے	بیشک میں	اس وقت	البتہ گمراہی میں	کھلی	بیشک میں	میں ایمان لایا	تمہارے پروردگار پر

کچھ بھی، اور نہ وہ مجھے چھڑا سکیں۔ بیشک میں اس وقت کھلی گمراہی میں ہوں گا۔ بیشک میں تمہارے پروردگار پر ایمان لایا

فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ

فَاسْمَعُوْنِ	قِيْلَ	ادْخُلِ	الْجَنَّةَ	قَالَ	يٰلَيْتَ	قَوْمِيْ	يَعْلَمُوْنَ	بِمَا	غَفَرَلِيْ
پس تم میری سنو	ارشاد ہوا	تو داخل ہوجا	جنت	اس نے کہا	اے کاش	میری قوم	وہ جانتی	اس بات کو	اس نے بخشدیا مجھے

پس تم میری سنو۔ (اس شہید کو) ارشاد ہوا تو جنت میں داخل ہوجا، اس نے کہا اے کاش! میری قوم اس بات کو جانتی کہ مجھے بخشدیا

رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ

رَبِّيْ	وَجَعَلَنِيْ	مِنَ	الْمُكْرَمِيْنَ	وَمَآ اَنْزَلْنَا	عَلٰى	قَوْمِهٖ	مِنْۢ بَعْدِهٖ	مِنْ جُنْدٍ
میرا رب	اور اس نے کیا مجھے	سے	نوازے ہوئے لوگ	اور نہیں اتارا ہم نے	پر	اس کی قوم	اس کے بعد	کوئی لشکر

میرے رب نے اور اس نے مجھے (اپنے) نوازے ہوئے لوگوں میں سے کیا۔ اور ہم نے اس کے بعد اس کی قوم پر (فرشتوں کا) کوئی لشکر نہیں اتارا

مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ

مِنَ	السَّمَآءِ	وَمَا كُنَّا	مُنْزِلِيْنَ	اِنْ كَانَتْ	اِلَّا	صَيْحَةً	وَّاحِدَةً	فَاِذَا	هُمْ
سے	آسمان	اور نہ تھے ہم	اتارنے والے	نہ تھی	مگر	چنگھاڑ	ایک	پس اچانک	وہ

آسمان سے، اور نہ ہم اتارنے والے تھے۔ (ان کی سزا) نہ تھی مگر ایک چنگھاڑ، پس وہ اچانک

وقف غفران

خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾ يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾

خٰمِدُوْنَ	يٰحَسْرَةً	عَلَى الْعِبَادِ	مَا يَاْتِيْهِمْ	مِّنْ رَّسُوْلٍ	اِلَّا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ
بجھ کر رہ گئے	ہائے حسرت	بندوں پر	نہیں آیا ان کے پاس	کوئی رسول	مگر	وہ تھے	اس سے	ہنسی اڑاتے

بجھ کر رہ گئے۔ ہائے حسرت! بندوں پر کہ ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا مگر وہ اس کی ہنسی اڑاتے تھے۔

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾

اَلَمْ يَرَوْا	كَمْ	اَهْلَكْنَا	قَبْلَهُمْ	مِّنَ الْقُرُوْنِ	اَنَّهُمْ	اِلَيْهِمْ	لَا يَرْجِعُوْنَ
کیا انہوں نے نہیں دیکھا	کتنی	ہلاک کیں ہم نے	ان سے قبل	بستیاں	کہ وہ	ان کی طرف	لوٹ کر نہیں آئیں گے وہ

کیا انہوں نے نہیں دیکھا؟ ہم نے ان سے قبل کتنی بستیاں ہلاک کیں کہ وہ ان کی طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے۔

۲ ع ۲۰ ۱

وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾ ع وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ صلے

وَاِنْ	كُلٌّ	لَّمَّا	جَمِيْعٌ	لَّدَيْنَا	مُحْضَرُوْنَ	وَاٰيَةٌ	لَّهُمُ	الْاَرْضُ	الْمَيْتَةُ
اور نہیں	سب	مگر	سب کے سب	ہمارے رُوبرو	حاضر کئے جائیں گے	ایک نشانی	ان کے لئے	زمین	مُردہ

اور (کوئی ایسا) نہیں مگر سب کے سب ہمارے رُوبرو حاضر کئے جائیں گے۔ اور مُردہ زمین اُن کے لئے ایک نشانی ہے

اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ

اَحْيَيْنٰهَا	وَاَخْرَجْنَا	مِنْهَا	حَبًّا	فَمِنْهُ	يَاْكُلُوْنَ	وَجَعَلْنَا	فِيْهَا	جَنّٰتٍ	مِّنْ
ہم نے زندہ کیا اسے	اور نکالا ہم نے	اس سے	اناج	پس اس سے	وہ کھاتے ہیں	اور بنائے ہم نے	اس میں	باغات	سے۔ کے

ہم نے اسے زندہ کیا اور ہم نے اس سے اناج نکالا، پس وہ اس سے کھاتے ہیں۔ اور ہم نے اس میں باغات بنائے (لگائے)

نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ

نَّخِيْلٍ	وَّاَعْنَابٍ	وَّفَجَّرْنَا	فِيْهَا	مِنَ	الْعُيُوْنِ	لِيَاْكُلُوْا	مِنْ ثَمَرِهٖ
کھجور	اور انگور	اور جاری کئے ہم نے	اس میں	سے	چشمے	تاکہ وہ کھائیں	اس کے پھلوں سے

کھجور اور انگور کے، اور ہم نے اس میں چشمے جاری کئے، تاکہ وہ اس کے پھلوں سے کھائیں

وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۚ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا

وَمَا	عَمِلَتْهُ	اَيْدِيْهِمْ	اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ	سُبْحٰنَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	الْاَزْوَاجَ	كُلَّهَا
اور نہیں	بنایا اسے	ان کے ہاتھوں	تو کیا وہ شکر نہ کریں گے	پاک	وہ ذات جس نے	پیدا کئے	جوڑے	ہر چیز

اور اسے ان کے ہاتھوں نے نہیں بنایا، تو کیا وہ شکر نہ کریں گے؟ پاک ہے وہ ذات جس نے ہر چیز کے جوڑے پیدا کئے

مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۖۚ

مِمَّا	تُنْۢبِتُ	الْاَرْضُ	وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ	وَمِمَّا	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَاٰيَةٌ	لَّهُمُ	الَّيْلُ
اس سے جو	اگاتی ہے	زمین	اور اُن کی جانوں سے	اور اس سے جو	وہ نہیں جانتے	اور ایک نشانی	انکے لئے	رات

اس (تبدیل) سے جو زمین اگاتی ہے (نباتات) اور خود انکی جانوں (انسانوں میں) سے اور ان میں سے جنہیں وہ (خود بھی) نہیں جانتے ۔ اور ان کے لئے رات ایک نشانی ہے

نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ

نَسْلَخُ	مِنْهُ	النَّهَارَ	فَاِذَا	هُمْ	مُّظْلِمُوْنَ	وَالشَّمْسُ	تَجْرِيْ	لِمُسْتَقَرٍّ	لَّهَا
ہم کھینچتے ہیں	اس سے	دن	تو اچانک	وہ	اندھیرے میں رہ جاتے ہیں	اور سورج	چلتا رہتا ہے	ٹھکانے (مقررہ راستہ)	اپنے

ہم دن کو اس سے کھینچ (نکالتے) ہیں تو وہ اچانک اندھیرے میں رہ جاتے ہیں ۔ اور سورج اپنے مقررہ راستہ پر چلتا رہتا ہے ،

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ

ذٰلِكَ	تَقْدِيْرُ	الْعَزِيْزِ	الْعَلِيْمِ	وَالْقَمَرَ	قَدَّرْنٰهُ	مَنَازِلَ	حَتّٰى	عَادَ	كَالْعُرْجُوْنِ
یہ	نظام	غالب	جاننے والا (دانا)	اور چاند	ہم نے مقرر کیں اسکو	منزلیں	یہانتک کہ	ہو جاتا ہے	کھجور کی شاخ کی طرح

یہ اللہ غالب و دانا کا **نظام** (مقرر کردہ) ہے ۔ اور چاند کے لئے ہم نے منزلیں مقرر کیں یہانتک کہ وہ کھجور کی پرانی شاخ کی طرح ہو جاتا ہے

الْقَدِيْمِ ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ

الْقَدِيْمِ	لَا	الشَّمْسُ	يَنْۢبَغِيْ	لَهَآ	اَنْ	تُدْرِكَ	الْقَمَرَ	وَلَا	الَّيْلُ	سَابِقُ
پرانی	نہ	سورج	لائق (مجال)	اسکے لئے	کہ	جا پکڑے وہ	چاند	اور نہ	رات	پہلے آسکے

(پہلی کا باریک سا چاند) نہ سورج کی مجال کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات (کی مجال) کہ پہلے آسکے

النَّهَارِ ۭ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿۴۰﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ

النَّهَارِ	وَكُلٌّ	فِيْ فَلَكٍ	يَسْبَحُوْنَ	وَاٰيَةٌ	لَّهُمْ	اَنَّا	حَمَلْنَا	ذُرِّيَّتَهُمْ	فِي الْفُلْكِ
دن	اور سب	دائرہ میں	تیرتے (گردش کرتے) ہیں	اور ایک نشانی	انکے لئے	کہ ہم	ہم نے سوار کیا	ان کی اولاد	کشتی میں

دن سے ، اور سب اپنے دائرہ میں گردش کرتے ہیں ۔ اور ان کے لئے ایک نشانی ہے کہ ہم نے ان کی اولاد کو سوار کیا

الْمَشْحُوْنِ ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ

الْمَشْحُوْنِ	وَخَلَقْنَا	لَهُمْ	مِّنْ مِّثْلِهٖ	مَا	يَرْكَبُوْنَ	وَاِنْ	نَّشَاْ	نُغْرِقْهُمْ
بھری ہوئی	اور ہم نے پیدا کیا	ان کے لئے	اس (کشتی) جیسی	جو جن	وہ سوار ہوتے ہیں	اور اگر	ہم چاہیں	ہم غرق کردیں انہیں

بھری ہوئی کشتی میں ، اور ہم نے ان کے لئے اس کشتی جیسی (اور چیزیں) پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں ۔ اور اگر ہم چاہیں تو ہم انہیں غرق کر دیں

فَلَا صَرِيخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنقَذُونَ ﴿۴۳﴾ إِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا إِلَىٰ حِينٍ ﴿۴۴﴾

فَلَا صَرِيخَ	لَهُمْ	وَلَا هُمْ	يُنقَذُونَ	إِلَّا	رَحْمَةً	مِّنَّا	وَمَتَاعًا	إِلَىٰ حِينٍ
تو نہ فریاد رس	ان کے لئے	اور نہ وہ	چھڑائے جائیں	مگر	رحمت	ہماری طرف سے	اور فائدہ دینا	ایک وقتِ معین تک

تو نہ (کوئی) ان کے لئے فریاد رس (رہو) اور نہ وہ چھڑائے جائیں۔ مگر (یہ کہ) ہماری رحمت سے (رہو) اور ایک وقتِ معین تک فائدہ دینا (منظور ہے)

وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّقُوا مَا بَيْنَ أَيْدِيكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ﴿۴۵﴾

وَإِذَا	قِيلَ	لَهُمُ	اتَّقُوا	مَا	بَيْنَ أَيْدِيكُمْ	وَمَا	خَلْفَكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تُرْحَمُونَ
اور جب	کہا جائے	ان سے	تم ڈرو	جو	تمہارے سامنے	اور جو	تمہارے پیچھے	شاید تم	پر رحم کیا جائے

اور جب ان سے کہا جائے گا کہ تم (اس عذاب سے) ڈرو جو تمہارے سامنے ہے اور جو تمہارے پیچھے ہے شاید تم پر رحم کیا جائے۔

وَمَا تَأْتِيهِم مِّنْ آيَةٍ مِّنْ آيَاتِ رَبِّهِمْ إِلَّا كَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ﴿۴۶﴾ وَإِذَا

وَمَا	تَأْتِيهِم	مِّنْ آيَةٍ	مِّنْ آيَاتِ	رَبِّهِمْ	إِلَّا	كَانُوا	عَنْهَا	مُعْرِضِينَ	وَإِذَا
اور نہیں	ان کے پاس آتی	کوئی نشانی	نشانیوں میں سے	ان کا رب	مگر	وہ ہیں	اس سے	روگردانی کرتے	اور جب

اور ان کے پاس ان کے رب کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی نہیں آتی، مگر وہ اس سے رُوگردانی کرتے ہیں۔ اور جب

قِيلَ لَهُمْ أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا أَنُطْعِمُ مَن

قِيلَ	لَهُمْ	أَنفِقُوا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ	اللَّهُ	قَالَ	الَّذِينَ كَفَرُوا	لِلَّذِينَ آمَنُوا	أَنُطْعِمُ	مَن
کہا جائے	ان سے	خرچ کرو تم	اس سے جو	تمہیں دیا	اللہ	کہتے ہیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	ان لوگوں سے جو ایمان لائے (مومن)	کیا ہم کھلائیں	(اسکو) جسے

ان سے کہا جائے کہ جو اللہ نے تمہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرو تو کافر مومنوں سے کہتے ہیں کیا ہم اُسے کھلائیں؟ جسے

لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ أَطْعَمَهُ إِنْ أَنتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ﴿۴۷﴾ وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ

لَّوْ يَشَاءُ اللَّهُ	أَطْعَمَهُ	إِنْ	أَنتُمْ	إِلَّا	فِي	ضَلَالٍ	مُّبِينٍ	وَيَقُولُونَ	مَتَىٰ	هَٰذَا الْوَعْدُ
اگر اللہ چاہتا	اسے کھانے کو دیتا	نہیں	تم	مگر صرف	میں	گمراہی	کھلی	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ وعدہ

اگر اللہ چاہتا تو اسے کھانے کو دیتا، تم تو صرف کھلی گمراہی میں ہو۔ اور وہ (کافر) کہتے ہیں کب (پورا ہوگا) یہ وعدہ (قیامت)؟

إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿۴۸﴾ مَا يَنظُرُونَ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً تَأْخُذُهُمْ وَهُمْ

إِن	كُنتُمْ	صَادِقِينَ	مَا يَنظُرُونَ	إِلَّا	صَيْحَةً	وَاحِدَةً	تَأْخُذُهُمْ	وَهُمْ
اگر	تم ہو	سچے	وہ انتظار نہیں کر رہے ہیں	مگر	چنگھاڑ	ایک	وہ انہیں آپکڑے گی	اور وہ

اگر تم سچے ہو۔ وہ انتظار نہیں کر رہے ہیں، مگر ایک چنگھاڑ (صور کی تند آواز) کی، جو انہیں آپکڑے گی اور وہ

يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَنُفِخَ

وَنُفِخَ	يَرْجِعُوْنَ	اَهْلِهِمْ	اِلٰى	وَلَا	تَوْصِيَةً	فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	يَخِصِّمُوْنَ
اور پھونکا جائے گا	وہ لوٹ سکیں گے	اپنے گھر والے	طرف	اور نہ	وصیت کرنا	پھر نہ کر سکیں گے	باہم جھگڑ رہے ہوں گے

باہم جھگڑ رہے ہوں گے۔ پھر نہ وہ وصیت کر سکیں گے، اور نہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹ سکیں گے۔ اور (دوبارہ) پھونکا جائے گا

فِى الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا

مَنْۢ بَعَثَنَا	يٰوَيْلَنَا	قَالُوْا	يَنْسِلُوْنَ	اِلٰى رَبِّهِمْ	الْاَجْدَاثِ	مِنَ	فَاِذَا هُمْ	فِى الصُّوْرِ
کس نے اٹھا دیا ہمیں	اے وائے ہم پر	وہ کہیں گے	دوڑ پڑیں گے	اپنے رب کی طرف	قبریں	سے	تو یکایک وہ	صور میں

صور میں تو وہ یکایک قبروں سے اپنے رب کی طرف دوڑ پڑیں گے۔ وہ کہیں گے اے وائے ہم پر! ہمیں کس نے اٹھا دیا؟

وقف لازم، وقف غفران، وقف النبی

مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۲﴾ اِنْ كَانَتْ

كَانَتْ	اِنْ	الْمُرْسَلُوْنَ	وَصَدَقَ	الرَّحْمٰنُ	مَا وَعَدَ	هٰذَا	مَّرْقَدِنَا	مِنْ
ہوگی	نہ	رسولوں	اور سچ کہا تھا	رحمٰن۔ اللہ	جو وعدہ کیا	یہ	ہماری قبریں	سے

ہماری قبروں سے؟ یہ ہے وہ جو اللہ رحمٰن نے وعدہ کیا تھا، اور رسولوں نے سچ کہا تھا۔ (یہ) نہ ہوگی

اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ

لَا تُظْلَمُ	فَالْيَوْمَ	مُحْضَرُوْنَ	لَّدَيْنَا	جَمِيْعٌ	هُمْ	فَاِذَا	وَّاحِدَةً	صَيْحَةً	اِلَّا
نہ ظلم کیا جائے گا	پس آج	حاضر کئے جائیں گے	ہمارے سامنے	سب	وہ	پس یکایک	ایک	ایک چنگھاڑ	مگر

مگر ایک چنگھاڑ، پس یکایک وہ سب ہمارے سامنے حاضر کئے جائیں گے۔ پس آج ظلم نہ کیا جائے گا

نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ

الْيَوْمَ	اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ	اِنَّ	تَعْمَلُوْنَ	مَا كُنْتُمْ	اِلَّا	وَلَا تُجْزَوْنَ	شَيْـًٔا	نَفْسٌ
آج	اہل جنت	بیشک	کرتے تھے	جو تم	مگر بس	اور نہ تم بدلہ پاؤ گے	کچھ	کسی شخص

کسی شخص سے کچھ (بھی) اور جو تم کرتے تھے پس اسی کا بدلہ پاؤ گے۔ بےشک آج اہل جنت

فِىْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِىْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿۵۶﴾

مُتَّكِـُٔوْنَ	الْاَرَآئِكِ	عَلَى	فِىْ ظِلٰلٍ	وَاَزْوَاجُهُمْ	هُمْ	فٰكِهُوْنَ	فِىْ شُغُلٍ
تکیہ لگائے ہوئے	تختوں	پر	سایوں میں	اور ان کی بیویاں	وہ	باتیں (خوش طبعی کرتے)	ایک شغل میں

ایک شغل میں خوش طبعی کرتے ہوں گے۔ وہ اور ان کی بیویاں سایوں میں، تختوں پر تکیہ لگائے ہوئے (بیٹھے) ہوں گے

لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُم مَّا يَدَّعُونَ ﴿٥٧﴾ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ رَّحِيمٍ ﴿٥٨﴾

لَهُمْ	فِيهَا	فَاكِهَةٌ	وَلَهُم	مَا يَدَّعُونَ	سَلٰمٌ	قَوْلًا	مِنْ	رَبٍّ رَّحِيمٍ
ان کے لئے	اس میں	میوہ	اور ان کے لئے	جو وہ چاہیں گے	سلام	فرمایا جائے گا	سے	مہربان پروردگار

ان کے لئے اس (جنت) میں ہر قسم کا میوہ ہے اور جو وہ چاہیں گے ان کے لئے (موجود ہوگا) مہربان پروردگار کی طرف سے سلام فرمایا جائے گا۔

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ ﴿٥٩﴾ أَلَمْ أَعْهَدْ إِلَيْكُمْ يٰبَنِي آدَمَ أَنْ لَّا تَعْبُدُوا

وَامْتَازُوا	الْيَوْمَ	أَيُّهَا	الْمُجْرِمُونَ	أَلَمْ أَعْهَدْ	إِلَيْكُمْ	يٰبَنِي آدَمَ	أَنْ	لَا تَعْبُدُوا
اور الگ ہو جاؤ تم	آج	اے	مجرمو (جمع)	کیا میں نے حکم نہیں بھیجا تھا	تمہاری طرف	اے اولادِ آدم	کہ	پرستش نہ کرنا

اور اے مجرمو! تم آج الگ ہو جاؤ۔ اے اولادِ آدم! کیا میں نے تمہاری طرف حکم نہیں بھیجا تھا؟ کہ تم پرستش نہ کرنا

الشَّيْطٰنَ ۚ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ﴿٦٠﴾ وَّأَنِ اعْبُدُونِي ۚ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ ﴿٦١﴾

الشَّيْطٰنَ	إِنَّهُ	لَكُمْ	عَدُوٌّ مُّبِينٌ	وَأَنِ	اعْبُدُونِي	هٰذَا	صِرَاطٌ	مُسْتَقِيمٌ
شیطان	بیشک وہ	تمہارا	دشمن کھلا	اور یہ کہ	تم میری عبادت کرنا	یہی	راستہ	سیدھا

شیطان کی، بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ اور یہ کہ تم میری عبادت کرنا، یہی سیدھا راستہ ہے۔

وَلَقَدْ أَضَلَّ مِنكُمْ جِبِلًّا كَثِيرًا ۖ أَفَلَمْ تَكُونُوا تَعْقِلُونَ ﴿٦٢﴾ هٰذِهِ

وَ	لَقَدْ أَضَلَّ	مِنكُمْ	جِبِلًّا	كَثِيرًا	أَفَلَمْ تَكُونُوا تَعْقِلُونَ	هٰذِهِ
اور	تحقیق گمراہ کردیا	تم میں سے	مخلوق	بہت سی	سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟	یہ ہے

اور اس نے تم میں سے بہت سی مخلوق کو گمراہ کردیا، سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ یہ ہے

جَهَنَّمُ الَّتِي كُنتُمْ تُوعَدُونَ ﴿٦٣﴾ اصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ ﴿٦٤﴾

جَهَنَّمُ	الَّتِي	كُنتُمْ تُوعَدُونَ	اصْلَوْهَا	الْيَوْمَ	بِمَا	كُنتُمْ تَكْفُرُونَ
جہنم	وہ جس کا	تم سے وعدہ کیا گیا تھا	اس میں داخل ہو جاؤ	آج	اس کے بدلے جو	تم کفر کرتے تھے

وہ جہنم جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔ تم جو کفر کرتے تھے اس کے بدلے آج اس میں داخل ہو جاؤ۔

الْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰى أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا

الْيَوْمَ	نَخْتِمُ	عَلٰى	أَفْوَاهِهِمْ	وَتُكَلِّمُنَا	أَيْدِيهِمْ	وَتَشْهَدُ	أَرْجُلُهُمْ	بِمَا	كَانُوا
آج	ہم مہر لگادیں گے	پر	ان کے منہ	اور ہم سے بولیں گے	ان کے ہاتھ	اور گواہی دیں گے	ان کے پاؤں	اس کی جو	وہ تھے

آج ہم ان کے مونہوں پر مہر لگادیں گے، اور ہم سے ان کے ہاتھ بولیں گے، اور (اس کی) ان کے پاؤں گواہی دیں گے جو وہ

يَكْسِبُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾

يَكْسِبُوْنَ	وَلَوْ نَشَآءُ	لَطَمَسْنَا	عَلٰى	اَعْيُنِهِمْ	فَاسْتَبَقُوا	الصِّرَاطَ	فَاَنّٰى	يُبْصِرُوْنَ
کماتے (کرتے تھے)	اور اگر ہم چاہیں	تو مٹا دیں (ملیامیٹ کر دیں)	پر	ان کی آنکھیں	پھر وہ سبقت کریں	راستہ	تو کہاں	وہ دیکھ سکیں گے

کرتے تھے۔ اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھیں ملیامیٹ کر دیں پھر وہ راستہ کی طرف سبقت کریں (دوڑیں) تو کہاں دیکھ سکیں گے؟

۴ ع ۱۷ ۳

وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ ع

وَلَوْ نَشَآءُ	لَمَسَخْنٰهُمْ	عَلٰى	مَكَانَتِهِمْ	فَمَا اسْتَطَاعُوْا	مُضِيًّا	وَلَا يَرْجِعُوْنَ
اور اگر ہم چاہیں	ہم مسخ کر دیں انہیں	برے میں	اور ان کی جگہیں	پھر نہ کر سکیں	چلنا	اور نہ وہ لوٹیں

اور اگر ہم چاہیں تو انہیں ان کی جگہوں میں (ان کے گھر بیٹھے)، مسخ کر دیں (ان کی شکلیں) پھر وہ نہ چل سکیں، اور نہ لوٹ سکیں گے

وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَ

وَمَنْ	نُعَمِّرْهُ	نُنَكِّسْهُ	فِى الْخَلْقِ	اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ	وَمَا عَلَّمْنٰهُ	الشِّعْرَ	وَ
اور جس	ہم عمر دراز کر دیتے ہیں	اوندھا کر دیتے ہیں	خلقت (پیدائش) میں	تو کیا وہ سمجھتے نہیں؟	اور ہم نے نہیں سکھایا اس کو	شعر	اور

اور ہم جس کی عمر دراز کرتے ہیں اسے پیدائش میں اوندھا کر دیتے ہیں تو کیا وہ سمجھتے نہیں؟ اور ہم نے اس کو (آپ کو) شعر نہیں سکھایا، اور

مَا يَنْۢبَغِىْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿٦٩﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّ

مَا يَنْۢبَغِىْ	لَهٗ	اِنْ	هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	وَ	قُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ	لِيُنْذِرَ	مَنْ	كَانَ	حَيًّا	وَ
نہیں شایان	اس کے لئے	نہیں	وہ (یہ)	مگر	نصیحت	اور	قرآن واضح	تاکہ (آپ) ڈرائیں	جو	ہو	زندہ	اور

اور یہ آپ کے شایان نہیں تھا، یہ نہیں مگر (کتاب) نصیحت اور واضح قرآن۔ تاکہ آپ (اس کو) ڈرائیں جو زندہ ہو اور

يَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ

يَحِقَّ	الْقَوْلُ	عَلَى	الْكٰفِرِيْنَ	اَوَ لَمْ يَرَوْا	اَنَّا خَلَقْنَا	لَهُمْ	مِمَّا	عَمِلَتْ اَيْدِيْنَا
ثابت ہو جائے	بات (حجت)	پر	جمع کافر	یا کیا وہ نہیں دیکھتے؟	ہم نے پیدا کیا	ان کے لئے	اس سے جو	بنایا اپنے ہاتھوں (قدرت) سے

اور کافروں پر حجت ثابت ہو جائے۔ یا کیا وہ نہیں دیکھتے کہ ہم نے جو (چیزیں) اپنی قدرت سے بنائیں، ان سے اُن کے لئے پیدا کئے

اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿٧١﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا

اَنْعَامًا	فَهُمْ	لَهَا	مٰلِكُوْنَ	وَذَلَّلْنٰهَا	لَهُمْ	فَمِنْهَا	رَكُوْبُهُمْ	وَمِنْهَا
چوپائے	پس وہ	ان کے	مالک ہیں	اور ہم نے فرمانبردار کیا انہیں	انکے لئے	پس ان سے	ان کی سواری	اور ان سے

چوپائے پس وہ ان کے مالک ہیں۔ اور ہم نے ان (چوپایوں) کو ان کا فرمانبردار کیا، پس ان میں سے (بعض) انکی سواری ہیں اور ان میں سے بعض کو

يَأْكُلُوْنَ ﴿٧٢﴾ وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ وَاتَّخَذُوْا

يَأْكُلُوْنَ	وَلَهُمْ	فِيْهَا	مَنَافِعُ	وَمَشَارِبُ	اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ	وَاتَّخَذُوْا
وہ کھاتے ہیں	اور ان کے لئے	ان میں	فائدے	اور پینے کی چیزیں	کیا پھر وہ شکر نہیں کرتے؟	اور انہوں نے بنا لئے

وہ کھاتے ہیں۔ اور ان میں ان کے لئے (بہت سے) فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں کیا پھر وہ شکر نہیں کرتے؟ اور انہوں نے بنا لئے

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٧٤﴾ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	اٰلِهَةً	لَعَلَّهُمْ	يُنْصَرُوْنَ	لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	نَصْرَهُمْ	وَهُمْ
اللہ کے سوا	اور معبود	شاید وہ	مدد کئے جائیں	وہ نہیں کر سکتے	ان کی مدد	اور وہ

اللہ کے سوا اور معبود (اس خیالِ باطل سے کہ) شاید وہ مدد کئے جائیں۔ وہ ان کی مدد نہیں کر سکتے، اور وہ

لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا

لَهُمْ	جُنْدٌ	مُحْضَرُوْنَ	فَلَا يَحْزُنْكَ	قَوْلُهُمْ	اِنَّا نَعْلَمُ	مَا يُسِرُّوْنَ	وَمَا
ان کے لئے	لشکر	حاضر کئے جائیں گے	پس آپ کو مغموم نہ کرے	ان کی بات	بیشک ہم جانتے ہیں	جو وہ چھپاتے ہیں	اور جو

ان کے لئے (مجرم) لشکر (کی شکل میں) حاضر کئے جائیں گے۔ پس آپؐ کو ان کی بات مغموم نہ کرے۔ بیشک ہم جانتے ہیں جو وہ چھپاتے ہیں اور جو

يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٦﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ

يُعْلِنُوْنَ	اَوَ	لَمْ يَرَ	الْاِنْسَانُ	اَنَّا خَلَقْنٰهُ	مِنْ نُّطْفَةٍ	فَاِذَا	هُوَ	خَصِيْمٌ
وہ ظاہر کرتے ہیں	کیا	نہیں دیکھا	انسان	کہ ہم نے پیدا کیا اس کو	نطفہ سے	پھر ناگہاں	وہ	جھگڑالو

وہ ظاہر کرتے ہیں۔ کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو نطفہ سے پیدا کیا؟ اور پھر ناگہاں وہ ہوا جھگڑالو

مُّبِيْنٌ ﴿٧٧﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ

مُبِيْنٌ	وَضَرَبَ	لَنَا	مَثَلًا	وَنَسِيَ	خَلْقَهٗ	قَالَ	مَنْ يُحْيِ	الْعِظَامَ	وَهِيَ
کھلا	اور اس نے بیان کی	ہمارے لئے	ایک مثال	اور بھول گیا	اپنی پیدائش	کہنے لگا	کون پیدا کریگا	ہڈیاں	جبکہ وہ

کھلا۔ اور اس نے ہمارے لئے ایک مثال بیان کی اور اپنی پیدائش کو بھول گیا، کہنے لگا کون ہڈیوں کو پیدا کرے گا؟ جبکہ وہ

رَمِيْمٌ ﴿٧٨﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ﴿٧٩﴾

رَمِيْمٌ	قُلْ	يُحْيِيْهَا	الَّذِيْ	اَنْشَاَهَا	اَوَّلَ مَرَّةٍ	وَهُوَ	بِكُلِّ	خَلْقٍ	عَلِيْمٌ
گل گئیں	فرما دیں	اسے زندہ کرے گا	وہ جس نے	اسے پیدا کیا	پہلی بار	اور وہ	ہر طرح	پیدا کرنا	جاننے والا

گل گئی ہوں گی۔ آپؐ فرما دیں اسےؐ زندہ کرے گا جس نے اسے پہلی بار پیدا کیا، اور وہ ہر طرح سے پیدا کرنا جانتا ہے۔

الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾

الَّذِیْ	جَعَلَ	لَکُمْ	مِّنَ	الشَّجَرِ	الْاَخْضَرِ	نَارًا	فَاِذَآ	اَنْتُمْ	مِّنْهُ	تُوْقِدُوْنَ
جس نے	پیدا کیا	تمہارے لئے	سے	درخت	سبز	آگ	پس اب	تم	اس سے	سُلگاتے ہو

جس نے تمہارے لئے سبز درخت سے آگ پیدا کی ، پس اب تم اس سے (آگ) سُلگا تے ہو۔

اَوَلَيْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓی اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ

اَوَ	لَيْسَ	الَّذِیْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	بِقٰدِرٍ	عَلٰی	اَنْ	يَخْلُقَ	مِثْلَهُمْ
کیا	نہیں	وہ جس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	قادر	پر	کہ	وہ پیدا کرے	اُن جیسا

وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ ان جیسا اور پیدا کرے

بَلٰی ۚ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۱﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ

بَلٰی	وَهُوَ	الْخَلّٰقُ	الْعَلِيْمُ	اِنَّمَا	اَمْرُهٗ	اِذَا	اَرَادَ شَيْئًا	اَنْ	يَقُوْلَ	لَهٗ	كُنْ
ہاں	اور وہ	بڑا پیدا کرنیوالا	دانا	اس کے سوا نہیں	اس کا کام	جب	وہ ارادہ کرے کسی شے کا	کہ	وہ کہتا ہے	اس کو	ہوجا

ہاں (کیوں نہیں) وہ بڑا پیدا کرنے والا دانا ہے۔ اس کا کام اسکے سوا نہیں کہ وہ کسی شے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ اس کو کہتا ہے "ہو جا"

فَيَكُوْنُ ﴿۸۲﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

فَيَكُوْنُ	فَسُبْحٰنَ	الَّذِیْ	بِيَدِهٖ	مَلَكُوْتُ	كُلِّ شَیْءٍ	وَاِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ
تو وہ ہوجاتی ہے	سو پاک ہے	وہ جس	اسکے ہاتھ میں	بادشاہت	ہر شے	اور اسی کی طرف	تم لوٹ کر جاؤ گے

تو وہ ہو جاتی ہے۔ سو پاک ہے وہ (ذاتِ واحد) جس کے ہاتھ میں ہر شے کی بادشاہت ہے، اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے۔

اٰیَاتُهَا ۱۸۲ ۔ ۳۷ سُوْرَةُ الصّٰٓفّٰتِ مَكِّيَّةٌ ۵۶ ۔ رُكُوْعَاتُهَا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ

وَ	الصّٰٓفّٰتِ	صَفًّا	فَالزّٰجِرٰتِ	زَجْرًا	فَالتّٰلِيٰتِ	ذِكْرًا	اِنَّ	اِلٰهَكُمْ
قسم	صف باندھنے والے	پَرا جما کر	پھر ڈانٹنے والے	جھڑک کر	پھر تلاوت کرنے والے	ذکر (قرآن)	بیشک	تمہارا معبود

قسم ہے پَرا جما کر صف باندھنے والے (فرشتوں) کی، پھر جھڑک کر، ڈانٹنے والوں کی ، پھر قرآن تلاوت کرنے والوں کی ، بیشک تمہارا معبود

لَوَاحِدٌ ۝۴ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝۵ اِنَّا زَیَّنَّا

اِنَّا زَیَّنَّا	الْمَشَارِقِ	وَرَبُّ	وَمَا بَیْنَهُمَا	وَالْاَرْضِ	السَّمٰوٰتِ	رَبُّ	لَوَاحِدٌ
بیشک ہم نے مزین کیا	مشرقوں	اور پروردگار	اور جو ان کے درمیان	اور زمین	آسمانوں	پروردگار	البتہ ایک

ایک ہی ہے۔ پروردگار ہے آسمانوں کا اور زمین کا، اور جو ان دونوں کے درمیان ہے اور پروردگار ہے مشرقوں (مقاماتِ طلوع) کا۔ بیشک ہم نے مزین کیا

السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ ۣالْكَوَاكِبِ ۝۶ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝۷

مَارِدٍ	كُلِّ شَیْطٰنٍ	مِنْ	وَحِفْظًا	الْكَوَاكِبِ	بِزِیْنَةِ	السَّمَآءَ الدُّنْیَا
سرکش	ہر شیطان	سے	اور محفوظ کیا	ستارے	زینت سے	آسمانِ دنیا

آسمانِ دنیا کو ستاروں کی زینت سے۔ اور ہر سرکش شیطان سے محفوظ کیا۔

لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَیُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝۸ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ

وَلَهُمْ	دُحُوْرًا	كُلِّ جَانِبٍ	مِنْ	وَیُقْذَفُوْنَ	الْمَلَاِ الْاَعْلٰى	اِلَى	لَا یَسَّمَّعُوْنَ
اور ان کے لئے	بھگانے کو	ہر طرف	سے	اور مارے جاتے ہیں	ملائے اعلیٰ	طرف	کان نہیں لگا سکتے

اور ملائے اعلیٰ (اوپر کی مجلس) کی طرف کان نہیں لگا سکتے، ہر طرف سے بھگانے کو (انگارے) مارے جاتے ہیں۔ اور ان کے لئے

عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝۹ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝۱۰ فَاسْتَفْتِهِمْ

فَاسْتَفْتِهِمْ	شِهَابٌ ثَاقِبٌ	فَاَتْبَعَهٗ	الْخَطْفَةَ	خَطِفَ	مَنْ	اِلَّا	عَذَابٌ وَّاصِبٌ
پس ان سے پوچھیں	ایک انگارا دہکتا ہوا	تو اس کے پیچھے لگا	اُچک کر	لے بھاگا	جو	سوائے	عذاب دائمی

دائمی عذاب ہے۔ سوائے اس کے جو اُچک کر لے بھاگا تو اس کے پیچھے ایک دہکتا ہوا انگارا لگا۔ پس آپ ان سے پوچھیں

اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ ۝۱۱ بَلْ

بَلْ	طِیْنٍ لَّازِبٍ	مِنْ	اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ	خَلَقْنَا	مَنْ	اَمْ	اَشَدُّ خَلْقًا	اَهُمْ
بلکہ	مٹی چپکتی ہوئی	سے	بیشک ہم نے پیدا کیا انہیں	ہم نے پیدا کیا	جو	یا	زیادہ مشکل پیدا کرنا	کیا ان

کیا ان کا پیدا کرنا زیادہ مشکل ہے، یا جو (مخلوق) ہم نے پیدا کی؟ بیشک ہم نے انہیں چپکتی ہوئی مٹی (گارے) سے پیدا کیا۔ بلکہ

عَجِبْتَ وَیَسْخَرُوْنَ ۝۱۲ وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا یَذْكُرُوْنَ ۝۱۳ وَاِذَا رَاَوْا اٰیَةً یَّسْتَسْخِرُوْنَ ۝۱۴

یَسْتَسْخِرُوْنَ	اٰیَةً	رَاَوْا	وَاِذَا	لَا یَذْكُرُوْنَ	ذُكِّرُوْا	وَاِذَا	وَیَسْخَرُوْنَ	عَجِبْتَ
وہ ہنسی میں اڑاتے ہیں	کوئی نشانی	وہ دیکھتے ہیں	اور جب	وہ نصیحت قبول نہیں کرتے	نصیحت کی جائے	اور جب	اور وہ مذاق اڑاتے ہیں	آپ نے تعجب کیا

آپ نے (ان کی حالت پر) تعجب کیا اور وہ مذاق اڑاتے ہیں اور جب انہیں نصیحت کی جائے تو وہ نصیحت قبول نہیں کرتے۔ اور جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو وہ ہنسی میں اڑاتے ہیں

وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

وَقَالُوْٓا	اِنْ	هٰذَآ	اِلَّا	سِحْرٌ مُّبِيْنٌ	ءَاِذَا	مِتْنَا	وَكُنَّا	تُرَابًا	وَّعِظَامًا	ءَاِنَّا
اور انہوں نے کہا	نہیں	یہ	مگر صرف	جادو کھلا	کیا جب	ہم مر گئے	اور ہم ہو گئے	مٹی	اور ہڈیاں	کیا ہم

اور انہوں نے کہا یہ تو صرف کھلا جادو ہے۔ کیا جب ہم مر گئے؟ اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو گئے؟ کیا ہم

لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿۱۷﴾ قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ﴿۱۸﴾

لَمَبْعُوْثُوْنَ	اَوَ	اٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ	قُلْ	نَعَمْ	وَاَنْتُمْ	دَاخِرُوْنَ
پھر اٹھائے جائیں گے	کیا	ہمارے باپ دادا پہلے	فرما دیں	ہاں	اور تم	ذلیل و خوار

پھر اٹھائے جائیں گے؟ کیا ہمارے پہلے باپ دادا (بھی)؟ آپ فرما دیں ہاں! اور تم ذلیل و خوار ہو گے۔

فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۲۰﴾

فَاِنَّمَا	هِيَ	زَجْرَةٌ	وَّاحِدَةٌ	فَاِذَا	هُمْ	يَنْظُرُوْنَ	وَقَالُوْا	يٰوَيْلَنَا	هٰذَا	يَوْمُ الدِّيْنِ
پس اسکے سوا نہیں	وہ	للکار	ایک	پس ناگہاں	وہ	دیکھنے لگیں گے	اور وہ کہیں گے	ہائے ہماری خرابی	یہ	بدلے کا دن

پس اس کے سوا نہیں کہ وہ ایک للکار ہو گی، پس ناگہاں وہ دیکھنے لگیں گے۔ اور وہ کہیں گے، ہائے ہماری خرابی! یہ بدلے کا دن ہے۔

۱ ع ۲۱ ۵

هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۱﴾ اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ

هٰذَا	يَوْمُ الْفَصْلِ	الَّذِيْ	كُنْتُمْ	بِهٖ	تُكَذِّبُوْنَ	اُحْشُرُوْا	الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا	وَاَزْوَاجَهُمْ
یہ	فیصلے کا دن	وہ جس	تم تھے	اس کو	جھٹلاتے	تم جمع کرو	وہ جنہوں نے ظلم کیا (ظالم)	اور ان کے جوڑے (ساتھی)

یہ فیصلے کا دن ہے، وہ جس کو تم جھٹلاتے تھے۔ تم ظالموں کو اور ان کے ساتھیوں کو جمع کرو

وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿۲۲﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿۲۳﴾

وَمَا	كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	فَاهْدُوْهُمْ	اِلٰى	صِرَاطِ	الْجَحِيْمِ
اور جس	وہ پرستش کرتے تھے	اللہ کے سوا	پس تم ان کو دکھاؤ	طرف	راستہ	جہنم

جس کی وہ پرستش کرتے تھے، اللہ کے سوائے۔ پس تم ان کو جہنم کا راستہ دکھاؤ۔

وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ﴿۲۴﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿۲۶﴾

وَقِفُوْهُمْ	اِنَّهُمْ	مَسْـُٔوْلُوْنَ	مَا لَكُمْ	لَا تَنَاصَرُوْنَ	بَلْ	هُمْ	الْيَوْمَ	مُسْتَسْلِمُوْنَ
اور ٹھہراؤ ان کو	بیشک وہ	ان سے پرسش ہو گی	کیا ہوا تمہیں	تم ایکدوسرے کی مدد نہیں کرتے	بلکہ وہ		آج	سر جھکائے فرمانبردار

اور ان کو ٹھہراؤ، بیشک ان سے پرسش ہو گی۔ تمہیں کیا ہوا؟ تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے، بلکہ وہ آج سر جھکائے فرمانبردار (اپنے آپکو پکڑواتے) ہیں

وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿۲۸﴾

عَنِ الْيَمِيْنِ	تَاْتُوْنَنَا	كُنْتُمْ	اِنَّكُمْ	قَالُوْٓا	يَّتَسَآءَلُوْنَ	عَلٰى بَعْضٍ	بَعْضُهُمْ	وَاَقْبَلَ
دائیں طرف سے	آتے تھے	تم ہم پر	بیشک تم	وہ کہیں گے	باہم سوال کرتے ہوئے	بعض پر دوسرے کی طرف	ان میں سے بعض (ایک)	اور رُخ کرے گا

اور ان میں سے ایک دوسرے کی طرف باہم سوال کرتے ہوئے رُخ کرے گا - وہ کہیں گے بیشک تم ہم پر دائیں طرف (دبڑے زور) سے آتے تھے

قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ

بَلْ	مِّنْ سُلْطٰنٍ	عَلَيْكُمْ	لَنَا	كَانَ	وَمَا	مُؤْمِنِيْنَ	لَّمْ تَكُوْنُوْا	بَلْ	قَالُوْا
بلکہ	کوئی زور	تم پر	ہمارا	تھا	اور نہ	ایمان لانے والے	تم نہ تھے	بلکہ	وہ کہیں گے

وہ کہیں گے (نہیں) بلکہ تم ایمان لانے والے نہ تھے - اور ، ہمارا تم پر کوئی زور نہ تھا ، بلکہ

كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿۳۱﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ

فَاَغْوَيْنٰكُمْ	لَذَآئِقُوْنَ	اِنَّا	رَبِّنَا	قَوْلُ	عَلَيْنَا	فَحَقَّ	طٰغِيْنَ	قَوْمًا	كُنْتُمْ
پس ہم نے بہکایا تمہیں	البتہ چکھنے والے	بیشک ہم	ہمارا رب	بات	ہم پر	پس ثابت ہوگئی	سرکش	ایک قوم	تم تھے

تم ایک سرکش قوم تھے - پس ہم پر ہمارے رب کی بات ثابت ہوگئی ، بیشک ہم البتہ (مزہ) چکھنے والے ہیں - پس ہم نے تمہیں بہکایا

اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿۳۲﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِى الْعَذَابِ مُشْتَرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ

نَفْعَلُ	كَذٰلِكَ	اِنَّا	مُشْتَرِكُوْنَ	فِى الْعَذَابِ	يَوْمَئِذٍ	فَاِنَّهُمْ	غٰوِيْنَ	اِنَّا كُنَّا
کرتے ہیں	اسی طرح	بیشک ہم	مشترک (شریک)	عذاب میں	اس دن	پس بیشک وہ	گمراہ	بیشک ہم تھے

بیشک ہم (خود) گمراہ تھے - پس بیشک وہ اس دن عذاب میں (بھی) شریک رہیں گے - بیشک ہم اسی طرح کرتے ہیں

بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۳۵﴾

يَسْتَكْبِرُوْنَ	اِلَّا اللّٰهُ	اِلٰهَ	لَآ	لَهُمْ	قِيْلَ	اِذَا	كَانُوْٓا	اِنَّهُمْ	بِالْمُجْرِمِيْنَ
وہ تکبر کرتے تھے	اللہ کے سوا	کوئی معبود	نہیں	ان کو	کہا جاتا	جب	وہ تھے	بیشک وہ	مجرموں کے ساتھ

مجرموں کے ساتھ - بیشک جب اُن سے کہا جاتا تھا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں (تو) وہ تکبر کرتے تھے -

وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿۳۶﴾ ؕ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ

وَصَدَّقَ	بِالْحَقِّ	جَآءَ	بَلْ	مَّجْنُوْنٍ	لِشَاعِرٍ	اٰلِهَتِنَا	لَتَارِكُوْٓا	اَئِنَّا	وَيَقُوْلُوْنَ
اور تصدیق کی	حق کے ساتھ	وہ آئے	بلکہ	دیوانے	ایک شاعر کی خاطر	اپنے معبود	چھوڑ دینے والے	کیا ہم	اور وہ کہتے ہیں

اور وہ کہتے ہیں کیا ہم اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں ؟ ایک شاعر ، دیوانے کی خاطر بلکہ وہ حق کے ساتھ آئے ہیں اور وہ تصدیق کرتے ہیں

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿۳۸﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا

الْمُرْسَلِيْنَ	اِنَّكُمْ	لَذَآئِقُوا	الْعَذَابِ	الْاَلِيْمِ	وَمَا تُجْزَوْنَ	اِلَّا	مَا
رسولوں کی	بیشک تم	ضرور چکھنے والے	عذاب	دردناک	اور تمہیں بدلہ نہ دیا جائے گا	مگر	جو

رسولوں کی۔ بیشک تم دردناک عذاب ضرور چکھنے والے ہو۔ اور تمہیں بدلہ نہ دیا جائے گا مگر (اس کے مطابق) جو

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۴۱﴾

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	اِلَّا	عِبَادَ اللّٰهِ	الْمُخْلَصِيْنَ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ
تم کرتے تھے	مگر	اللہ کے بندے	خاص کئے ہوئے	یہی لوگ	انکے لئے	رزق معلوم

تم کرتے تھے۔ (ہاں)، مگر اللہ کے خاص کئے ہوئے (چھنے ہوئے) بندے۔ ان کے لئے رزق معلوم (مقرر) ہے۔

فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۴۲﴾ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۴۳﴾ عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۴﴾ يُطَافُ

فَوَاكِهُ	وَهُمْ	مُكْرَمُوْنَ	فِيْ	جَنّٰتِ النَّعِيْمِ	عَلٰى	سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ	يُطَافُ
میوے	اور وہ	اعزاز والے ہوں گے	میں	نعمت کے باغات	پر	(جمع) تخت آمنے سامنے	دورہ ہوگا

(یعنی) میوے، اور وہ اعزاز والے ہوں گے' نعمت کے باغات میں ' تختوں پر آمنے سامنے۔ دورہ ہوگا

عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿۴۵﴾ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۴۶﴾ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّ

عَلَيْهِمْ	بِكَاْسٍ	مِّنْ	مَّعِيْنٍ	بَيْضَآءَ	لَذَّةٍ	لِّلشّٰرِبِيْنَ	لَا فِيْهَا	غَوْلٌ	وَّ
ان پر۔ انکے آگے	جام	سے۔ کا	بہتا ہوا مشروب	سفید	لذت	پینے والوں کے لئے	نہ اس میں	خرابی (درد سر)	اور

اُن کے آگے بہتے ہوئے (صاف) مشروب کے جام کا۔ سفید رنگ کا، پینے والوں کے لئے لذت (دینے والا)۔ نہ اس میں دردِ سر ہوگا اور

لَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِيْنٌ ﴿۴۸﴾ كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ

لَا هُمْ	عَنْهَا	يُنْزَفُوْنَ	وَعِنْدَهُمْ	قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ	عِيْنٌ	كَاَنَّهُنَّ	بَيْضٌ
نہ وہ	اس سے	بہکی باتیں کریں گے	اور ان کے پاس	نیچی نگاہوں والیاں	بڑی آنکھوں والیاں	گویا وہ	انڈے

نہ وہ اس سے بہکی بہکی باتیں کریں گے۔ اور اُن کے پاس ہونگی نیچی نگاہوں والیاں، بڑی بڑی آنکھوں والیاں، گویا وہ انڈے ہیں

مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ

مَّكْنُوْنٌ	فَاَقْبَلَ	بَعْضُهُمْ	عَلٰى بَعْضٍ	يَّتَسَآءَلُوْنَ	قَالَ	قَآئِلٌ	مِّنْهُمْ
پوشیدہ رکھے ہوئے	پس رخ کرے گا	ان میں سے بعض (ایک)	بعض پر (دوسرے کی طرف)	باہم سوال کرتے ہوئے	کہے گا	ایک کہنے والا	ان میں سے

پوشیدہ رکھے ہوئے۔ پھر اُن میں سے ایک دوسرے کی طرف باہم سوال کرتے ہوئے رُخ کرے گا۔ ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا

اِنِّیْ کَانَ لِیْ قَرِیْنٌ ﴿۵۱﴾ یَّقُوْلُ اَئِنَّکَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِیْنَ ﴿۵۲﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَکُنَّا

اِنِّیْ	کَانَ	لِیْ	قَرِیْنٌ	یَّقُوْلُ	اَئِنَّکَ	لَمِنَ	الْمُصَدِّقِیْنَ	ءَاِذَا	مِتْنَا	وَکُنَّا
بیشک میں	تھا	میرا	ایک ہم نشین	وہ کہتا تھا	کیا تو	سے	سچے جاننے والے	کیا جب	ہم مرگئے	اور ہوگئے

بیشک (دنیا میں) میرا ایک ہم نشین تھا۔ وہ کہا کرتا تھا کیا تو (قیامت کو) سچ ماننے والوں میں سے ہے؟ کیا جب ہم مرگئے، اور ہم ہو گئے

تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَدِیْنُوْنَ ﴿۵۳﴾ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ﴿۵۴﴾ فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ

تُرَابًا	وَّعِظَامًا	ءَاِنَّا	لَمَدِیْنُوْنَ	قَالَ	هَلْ	اَنْتُمْ	مُّطَّلِعُوْنَ	فَاطَّلَعَ	فَرَاٰهُ
مٹی	اور ہڈیاں	کیا ہم	البتہ بدلہ دیئے جائیں گے	وہ کہنے لگا	کیا	تم	جھانکنے والے ہو	تو وہ جھانکے گا	تو اسے دیکھے گا

مٹی اور ہڈیاں، کیا ہمیں بدلہ دیا جائے گا؟ وہ کہے گا کیا تم جھانکنے والے ہو (دوزخ کو جھانک کر دیکھ سکتے ہو؟) تو وہ جھانکے گا تو اسے دیکھے گا

فِیْ سَوَآءِ الْجَحِیْمِ ﴿۵۵﴾ قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ کِدْتَّ لَتُرْدِیْنِ ﴿۵۶﴾ وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّیْ

فِیْ	سَوَآءِ	الْجَحِیْمِ	قَالَ	تَاللّٰهِ	اِنْ کِدْتَّ	لَتُرْدِیْنِ	وَلَوْ	لَا	نِعْمَةُ	رَبِّیْ
میں	درمیان	دوزخ	وہ کہے گا	اللہ کی قسم	تو قریب تھا	کہ تو مجھے ہلاک کرڈالے	اور اگر	نہ	نعمت	میرا رب

دوزخ کے درمیان میں۔ وہ کہے گا، اللہ کی قسم! قریب تھا کہ تو مجھے ہلاک کر ڈالے۔ اور اگر میرے رب کی نعمت نہ ہوتی

لَکُنْتُ مِنَ الْمُحْضَرِیْنَ ﴿۵۷﴾ اَفَمَا نَحْنُ بِمَیِّتِیْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰی وَ

لَکُنْتُ	مِنَ	الْمُحْضَرِیْنَ	اَفَمَا نَحْنُ	بِمَیِّتِیْنَ	اِلَّا	مَوْتَتَنَا	الْاُوْلٰی	وَ
تو میں ضرور ہوتا	سے	حاضر کئے جانے والے	کیا پس نہیں ہم	مرنے والوں میں سے	سوائے	ہماری موت	پہلی	اور

تو میں ضرور (عذاب کے لئے) حاضر کئے جانے والوں میں ہوتا پس سوائے پہلی موت کے ہم مرنے والوں میں سے نہیں (آئندہ ہم پر کوئی موت نہ آئیگی) اور نہ

مَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِیْنَ ﴿۵۹﴾ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ﴿۶۰﴾ لِمِثْلِ هٰذَا فَلْیَعْمَلِ

مَا	نَحْنُ	بِمُعَذَّبِیْنَ	اِنَّ	هٰذَا	لَهُوَ	الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ	لِمِثْلِ هٰذَا	فَلْیَعْمَلِ
نہیں	ہم	عذاب دیئے جانیوالوں میں سے	بیشک	یہ	البتہ وہ	کامیابی عظیم	اس جیسی (نعمت) کے لئے	پس چاہیے ضرور عمل کریں

ہم عذاب دیئے جانے والوں میں سے ہوں گے۔ بیشک یہی ہے عظیم کامیابی۔ پس اس جیسی نعمت کے لئے چاہیئے ضرور عمل کریں

الْعٰمِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ اَذٰلِکَ خَیْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿۶۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً

الْعٰمِلُوْنَ	اَذٰلِکَ	خَیْرٌ	نُّزُلًا	اَمْ	شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ	اِنَّا	جَعَلْنٰهَا	فِتْنَةً
عمل کرنے والے	کیا یہ	بہتر	ضیافت	یا	درخت تھوہر	بیشک ہم	ہم نے اس کو بنایا	ایک آزمائش

عمل کرنے والے۔ کیا یہ بہتر ضیافت ہے؟ یا تھوہر کا درخت؟ بیشک ہم نے اس کو ایک آزمائش بنایا ہے

لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿٦٣﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْۤ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ﴿٦٤﴾ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ

لِّلظّٰلِمِيْنَ	اِنَّهَا	شَجَرَةٌ	تَخْرُجُ	فِيْۤ	اَصْلِ	الْجَحِيْمِ	طَلْعُهَا	كَاَنَّهٗ
ظالموں کے لئے	بیشک وہ	ایک درخت	وہ نکلتا ہے	میں	جڑ	جہنم	اس کا خوشہ	گویا کہ وہ

ظالموں کے لئے۔ بیشک وہ ایک درخت ہے جہنم کی جڑ (گہرائی) میں نکلتا ہے اس کا خوشہ، گویا کہ وہ

رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٦٥﴾ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِئُوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ اِنَّ

رُءُوْسُ	الشَّيٰطِيْنِ	فَاِنَّهُمْ	لَاٰكِلُوْنَ	مِنْهَا	فَمَالِئُوْنَ	مِنْهَا	الْبُطُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّ
سر (جمع)	شیطانوں	پس بیشک وہ	کھانے والے ہیں	اس سے	سو بھرنے والے	اس سے	پیٹ (جمع)	پھر	بیشک

شیطانوں کے سر (سانپوں کے پھن) ہیں۔ بیشک وہ اس سے کھائیں گے، سو اس سے پیٹ بھریں گے۔ پھر بیشک

لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٦٧﴾ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿٦٨﴾ اِنَّهُمْ

لَهُمْ	عَلَيْهَا	لَشَوْبًا	مِّنْ	حَمِيْمٍ	ثُمَّ	اِنَّ	مَرْجِعَهُمْ	لَ	اِلَى	الْجَحِيْمِ	اِنَّهُمْ
ان کے لئے	اس پر	ملا ملا کر	سے	کھولتا ہوا پانی	پھر	بیشک	ان کی بازگشت	البتہ	طرف	جہنم	بیشک ان

اس (کھانے) پر ان کے لئے کھولتا ہوا پانی (پیپ) ملا ملا کر (دیا جائے گا) پھر انکی بازگشت جہنم ہی کی طرف ہوگی۔ بیشک انہوں نے

اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾ فَهُمْ عَلٰۤى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ

اَلْفَوْا	اٰبَآءَهُمْ	ضَآلِّيْنَ	فَهُمْ	عَلٰۤى اٰثٰرِهِمْ	يُهْرَعُوْنَ	وَ لَقَدْ ضَلَّ	قَبْلَهُمْ
انہوں نے پایا	اپنے باپ دادا	گمراہ (جمع)	سو وہ	ان کے نقش قدم پر	دوڑتے جاتے تھے	اور تحقیق گمراہ ہوئے	ان سے پہلے

اپنے باپ دادا کو گمراہ پایا تھا سو وہ ان کے نقش قدم پر دوڑے جاتے تھے۔ اور تحقیق ان سے پہلے گمراہ ہوئے تھے

اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ	وَ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	فِيْهِمْ	مُّنْذِرِيْنَ	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ
اگلوں میں سے اکثر	اور	تحقیق ہم نے بھیجے	ان میں	ڈرانے والے	سو دیکھیں	کیسا	ہوا

(ان کے) اگلوں میں سے اکثر۔ اور تحقیق ہم نے ان میں ڈرانے والے (رسول) بھیجے تھے۔ سو آپ دیکھیں کیسا ہوا

٢ ع ٥٣ ٦

عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٧٤﴾ وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ

ثمود، سو ہم نے انہیں راستہ دکھایا تو انہوں نے ہدایت (کے مقابلے) پر اندھا رہنا پسند کیا، تو انہیں چنگھاڑ نے آپکڑا

الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۷﴾ ج وَ نَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

وَ	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	وَ نَجَّيْنَا	كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ	بِمَا	الْهُوْنِ	الْعَذَابِ
اور	ایمان لائے	وہ لوگ جو	اور ہم نے بچا لیا	وہ کماتے (کرتے) تھے،	اسکی سزا میں جو	ذلت	عذاب

(یعنی) ذلت کے عذاب نے، اس کی سزا میں جو وہ کرتے تھے۔ اور ہم نے ان لوگوں کو بچا لیا جو ایمان لائے، اور

كَانُوا يَتَّقُونَ ﴿١٨﴾ وَيَوْمَ يُحْشَرُ أَعْدَاءُ اللَّهِ إِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿١٩﴾

كَانُوا يَتَّقُونَ	وَيَوْمَ	يُحْشَرُ	أَعْدَاءُ اللَّهِ	إِلَى النَّارِ	فَهُمْ	يُوزَعُونَ
وہ پرہیزگاری کرتے تھے	اور جس دن	جمع کئے جائیں گے	اللہ کے دشمن	جہنم کی طرف	تو وہ	گروہ گروہ کئے جائیں گے

وہ پرہیزگاری کرتے تھے ۔ اور جس دن اللہ کے دشمن جہنم کی طرف جمع کئے (ہانکے) جائیں گے تو وہ گروہ در گروہ (تقسیم) کر دیئے جائیں گے۔

حَتَّىٰ إِذَا مَا جَاءُوهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَأَبْصَارُهُمْ وَجُلُودُهُمْ

حَتَّىٰ	إِذَا	مَا جَاءُوهَا	شَهِدَ	عَلَيْهِمْ	سَمْعُهُمْ	وَأَبْصَارُهُمْ	وَجُلُودُهُمْ
یہاں تک کہ	جب	وہ آئینگے اسکے پاس	گواہی دیں گے	ان پر	ان کے کان	اور ان کی آنکھیں	اور انکی جلدیں (گوشت پوست)

یہانتک کہ جب وہ اس کے پاس آئیں گے تو اُن پر اُن کے کان، اور اُن کی آنکھیں، اور اُن کے گوشت پوست گواہی دیں گے

بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٢٠﴾ وَقَالُوا لِجُلُودِهِمْ لِمَ شَهِدْتُمْ عَلَيْنَا ۖ

بِمَا	كَانُوا يَعْمَلُونَ	وَقَالُوا	لِجُلُودِهِمْ	لِمَ	شَهِدْتُمْ	عَلَيْنَا
اس پر	جو وہ کرتے تھے	اور وہ کہیں گے	اپنی جلدوں (گوشت پوست) سے	کیوں	تم نے گواہی دی	ہم پر (ہمارے خلاف)

اس پر جو وہ کرتے تھے۔ اور وہ اپنے گوشت پوست سے کہیں گے، تم نے ہمارے خلاف گواہی کیوں دی؟

قَالُوا أَنْطَقَنَا اللَّهُ الَّذِي أَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَهُوَ خَلَقَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَ

قَالُوا	أَنْطَقَنَا	اللَّهُ	الَّذِي	أَنْطَقَ	كُلَّ شَيْءٍ	وَهُوَ	خَلَقَكُمْ	أَوَّلَ مَرَّةٍ	وَ
وہ جواب دیں گے	ہمیں گویائی دی	اللہ	وہ جس نے	گویا فرمایا	ہر شئے	اور وہ - اس	تمہیں پیدا کیا	پہلی بار	اور

وہ جواب دیں گے، ہمیں اس اللہ نے گویائی دی، جس نے ہر شئے کو گویا فرمایا ہے اور اسی نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا، اور

إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ﴿٢١﴾ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُونَ أَنْ يَشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ

إِلَيْهِ	تُرْجَعُونَ	وَمَا	كُنْتُمْ تَسْتَتِرُونَ	أَنْ يَشْهَدَ	عَلَيْكُمْ	سَمْعُكُمْ
اسی کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اور جو	تم چھپاتے تھے	کہ گواہی دیں گے	تم پر (تمہارے خلاف)	تمہارے کان

اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ۔ اور جو تم چھپاتے تھے کہ تمہارے خلاف گواہی دیں گے تمہارے کان

وَلَا أَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُودُكُمْ وَلَٰكِنْ ظَنَنْتُمْ أَنَّ اللَّهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيرًا مِمَّا

وَلَا	أَبْصَارُكُمْ	وَلَا جُلُودُكُمْ	وَلَٰكِنْ	ظَنَنْتُمْ	أَنَّ اللَّهَ	لَا يَعْلَمُ	كَثِيرًا	مِمَّا
اور نہ تمہاری آنکھیں		اور نہ تمہاری جلدیں (گوشت پوست)	اور لیکن (بلکہ)	تم نے گمان کر لیا تھا	کہ اللہ	نہیں جانتا	بہت کچھ	اس سے

اور نہ تمہاری آنکھیں، اور نہ تمہارے گوشت پوست، بلکہ تم نے گمان کر لیا تھا کہ اللہ اس سے (اس کے متعلق) بہت کچھ نہیں جانتا جو

تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۲﴾ وَ ذٰلِكُمۡ ظَنُّكُمُ الَّذِىۡ ظَنَنۡتُمۡ بِرَبِّكُمۡ اَرۡدٰٮكُمۡ فَاَصۡبَحۡتُمۡ

فَاَصۡبَحۡتُمۡ	اَرۡدٰٮكُمۡ	بِرَبِّكُمۡ	ظَنَنۡتُمۡ	الَّذِىۡ	ظَنُّكُمُ	وَ ذٰلِكُمۡ	تَعۡمَلُوۡنَ
سو تم ہو گئے	ہلاک کیا تمہیں	اپنے پروردگار کے متعلق	تم نے گمان کیا تھا	وہ جو	تمہارا گمان	اور اس	تم کرتے ہو

تم کرتے ہو ۔ تمہارے اس گمان (خیالِ باطل) نے، جو تم نے اپنے رب کے متعلق کیا تھا تمہیں ہلاک کیا، سو تم ہو گئے

مِّنَ الۡخٰسِرِيۡنَ ﴿۲۳﴾ فَاِنۡ يَّصۡبِرُوۡا فَالنَّارُ مَثۡوًى لَّهُمۡ‌ ۚ وَاِنۡ يَّسۡتَعۡتِبُوۡا

يَّسۡتَعۡتِبُوۡا	وَ اِنۡ	لَّهُمۡ	مَثۡوًى	فَالنَّارُ	يَّصۡبِرُوۡا	فَاِنۡ	الۡخٰسِرِيۡنَ	مِّنَ
وہ معافی چاہیں	اور اگر	ان کے لئے	ٹھکانہ	تو جہنم	وہ صبر کریں	پھر اگر	خسارہ پانے والے	سے

خسارہ پانے والوں میں سے۔ پھر اگر وہ صبر کریں تو (بھی) جہنم ان کے لئے ٹھکانا ہے، اور اگر وہ (اب) معافی چاہیں،

فَمَا هُمۡ مِّنَ الۡمُعۡتَبِيۡنَ ﴿۲۴﴾ وَقَيَّضۡنَا لَهُمۡ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوۡا لَهُمۡ مَّا

مَّا	فَزَيَّنُوۡا لَهُمۡ	قُرَنَآءَ	لَهُمۡ	وَقَيَّضۡنَا	الۡمُعۡتَبِيۡنَ	مِّنَ	فَمَا هُمۡ
جو	تو انہوں نے آراستہ کر دکھایا انکے لئے	کچھ ہمنشین	ان کے لئے	اور ہم نے مقرر کئے	معافی قبول کئے جانے والے	سے	تو نہ وہ

تو وہ معافی قبول کئے جانے والوں میں سے نہ ہوں گے۔ اور ہم نے ان کے کچھ ہم نشین مقرر کئے، تو انہوں نے ان کے لئے آراستہ کر دکھایا جو

بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ وَحَقَّ عَلَيۡهِمُ الۡقَوۡلُ فِىۡۤ اُمَمٍ قَدۡ خَلَتۡ

قَدۡ خَلَتۡ	فِىۡۤ اُمَمٍ	الۡقَوۡلُ	عَلَيۡهِمُ	وَحَقَّ	مَا خَلۡفَهُمۡ	وَ	بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ
جو گزر چکیں	ان امتوں میں	قول	ان پر	اور پورا ہو گیا	جو اُن کے پیچھے	اور	اُن کے آگے

اُن کے آگے اور جو اُن کے پیچھے تھا اور اُن پر (عذاب کی وعید کا) قول پورا ہو گیا۔ ان امتوں میں جو گزر چکی ہیں،

مِنۡ قَبۡلِهِمۡ مِّنَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ‌ ۚ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا خٰسِرِيۡنَ ﴿۲۵﴾ وَقَالَ الَّذِيۡنَ

الَّذِيۡنَ	وَقَالَ	كَانُوۡا خٰسِرِيۡنَ	اِنَّهُمۡ	وَ الۡاِنۡسِ	مِّنَ الۡجِنِّ	مِنۡ قَبۡلِهِمۡ
ان لوگوں نے جو	اور کہا	خسارہ پانے والے تھے	بیشک وہ	اور انسان	جنات میں سے۔ کی	ان سے قبل

ان سے متعلق جنات اور انسانوں کی، بے شک وہ خسارہ پانے والے تھے ۔ اور ان لوگوں نے کہا جنہوں نے

كَفَرُوۡا لَا تَسۡمَعُوۡا لِهٰذَا الۡقُرۡاٰنِ وَالۡغَوۡا فِيۡهِ لَعَلَّكُمۡ تَغۡلِبُوۡنَ ﴿۲۶﴾

تَغۡلِبُوۡنَ	لَعَلَّكُمۡ	فِيۡهِ	وَ الۡغَوۡا	لِهٰذَا الۡقُرۡاٰنِ	لَا تَسۡمَعُوۡا	كَفَرُوۡا
تم غالب آ جاؤ	شاید کہ تم	اس میں	اور غل مچاؤ	اس قرآن کو	تم مت سُنو	انہوں نے کفر کیا

کفر کیا (کافروں نے)، کہ تم اس قرآن کو سنو ہی مت، اور (اگر وہ سنانے لگیں) تو اس میں غل مچاؤ، شاید کہ تم غالب آ جاؤ۔

۳ ع ۷ ۱۷

فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾

فَلَنُذِيْقَنَّ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	عَذَابًا شَدِيْدًا	وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ	اَسْوَاَ	الَّذِيْ	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ
پس ہم ضرور چکھائیں گے	ان لوگوں کو جنہوں نے کفر کیا (کافر)	سخت عذاب	اور ہم انہیں ضرور بدلہ دیں گے	بدترین	وہ جو	وہ کرتے تھے (اعمال)

پس ہم کافروں کو ضرور سخت عذاب چکھائیں گے، اور البتہ ہم ان کے بدترین اعمال کا انہیں ضرور بدلہ دیں گے۔

ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ؕ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا

ذٰلِكَ	جَزَآءُ	اَعْدَآءِ اللّٰهِ	النَّارُ	لَهُمْ	فِيْهَا	دَارُ الْخُلْدِ	جَزَآءً	بِمَا	كَانُوْا	بِاٰيٰتِنَا
یہ	بدلہ	اللہ کے دشمن (جمع)	جہنم	انکے لئے	اس میں	ہمیشگی کا گھر	بدلہ	اس کا جو	وہ تھے	ہماری آیتوں کا

یہ ہے اللہ کے دشمنوں کا بدلہ جہنم، اور ان کے لئے ہے اس میں ہمیشگی کا گھر، اس کا بدلہ جو وہ ہماری آیتوں کا

يَجْحَدُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَ

يَجْحَدُوْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	رَبَّنَا	اَرِنَا	الَّذَيْنِ	اَضَلّٰنَا	مِنَ	الْجِنِّ	وَ
انکار کرتے	اور کہیں گے	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	اے ہمارے رب	ہمیں دکھا دے	وہ دونوں	جنہوں نے گمراہ کیا ہمیں	جنات میں سے		اور

انکار کرتے تھے۔ اور کافر کہیں گے اے ہمارے رب! ہمیں وہ دونوں دکھا دے جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا جنّات میں سے اور

الْاِنْسِ نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۲۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

الْاِنْسِ	نَجْعَلْهُمَا	تَحْتَ	اَقْدَامِنَا	لِيَكُوْنَا	مِنَ	الْاَسْفَلِيْنَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ
انسانوں	ہم ان دونوں کو ڈالیں	تلے	اپنے پاؤں	تاکہ وہ ہوں	سے	انتہائی ذلیل (جمع)	بیشک	وہ جنہوں نے

انسانوں میں سے کہ ہم ان دونوں کو اپنے پاؤں تلے (روند) ڈالیں تاکہ وہ انتہائی ذلیلوں میں سے ہوں۔ بے شک جن لوگوں نے

قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا

قَالُوْا	رَبُّنَا اللّٰهُ	ثُمَّ	اسْتَقَامُوْا	تَتَنَزَّلُ	عَلَيْهِمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	اَلَّا تَخَافُوْا	وَلَا تَحْزَنُوْا
انہوں نے کہا	ہمارا رب اللہ	پھر	وہ ثابت قدم رہے	اُترتے ہیں	ان پر	فرشتے	کہ نہ تم خوف کھاؤ	اور نہ غمگین ہو

کہا ہمارا رب اللہ ہے، پھر اس پر ثابت قدم رہے، ان پر فرشتے اترتے ہیں کہ نہ تم خوف کھاؤ اور نہ تم غمگین ہو،

وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۰﴾ نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ

وَاَبْشِرُوْا	بِالْجَنَّةِ	الَّتِيْ	كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ	نَحْنُ	اَوْلِيٰٓؤُكُمْ	فِي الْحَيٰوةِ
اور تم خوش ہو	جنت پر	وہ جو	تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا	ہم	تمہارے رفیق	زندگی میں

اور تم اس جنّت پر خوش ہو جس کا تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا۔ ہم تمہارے رفیق تھے زندگی میں

الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا

الدُّنْيَا	وَفِي الْاٰخِرَةِ	وَلَكُمْ	فِيْهَا	مَا تَشْتَهِيْ	اَنْفُسُكُمْ	وَلَكُمْ	فِيْهَا	مَا
دنیا	اور آخرت میں	اور تمہارے لئے	اس میں	جو چاہیں	تمہارے دل	اور تمہارے لئے	اس میں	جو

دنیا کی اور آخرت میں (بھی)، اور تمہارے لئے اس میں (موجود ہے) جو تمہارے دل چاہیں، اور تمہارے لئے اس میں (موجود) ہے جو

تَدَّعُوْنَ ﴿۳۱﴾ نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ﴿۳۲﴾ وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ

تَدَّعُوْنَ	نُزُلًا	مِنْ	غَفُوْرٍ	رَّحِيْمٍ	وَمَنْ	اَحْسَنُ	قَوْلًا	مِمَّنْ	دَعَا
تم مانگو گے	ضیافت	سے	بخشنے والا	مہربان	اور کس	بہترین	قول	اس سے جو	بلائے

تم مانگو گے۔ (یہ) ضیافت ہے بخشنے والے، مہربان (اللہ) کی طرف سے۔ اور اس سے بہترین کس کا قول ؟ جو بلائے

اِلَى اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا تَسْتَوِي

اِلَى اللّٰهِ	وَعَمِلَ	صَالِحًا	وَقَالَ	اِنَّنِيْ	مِنَ	الْمُسْلِمِيْنَ	وَلَا تَسْتَوِي
اللہ کی طرف	اور عمل کرے	اچھے	اور وہ کہے	بیشک میں	سے	مسلمانوں	اور برابر نہیں ہوتی

اللہ کی طرف، اور اچھے عمل کرے اور کہے بیشک میں مسلمانوں میں سے ہوں۔ اور برابر نہیں ہوتی

الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۚ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَ

الْحَسَنَةُ	وَلَا السَّيِّئَةُ	اِدْفَعْ	بِالَّتِيْ	هِيَ	اَحْسَنُ	فَاِذَا	الَّذِيْ	بَيْنَكَ	وَ
نیکی	اور نہ برائی	دور کردیں آپ	اس سے جو	وہ	بہترین	تو یکایک	وہ جو شخص	آپ کے درمیان	اور

نیکی اور برائی، آپ (برائی کو) اس (انداز سے) دور کریں جو بہترین ہو تو یکایک وہ شخص کہ آپ کے درمیان اور

بَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ

بَيْنَهٗ	عَدَاوَةٌ	كَاَنَّهٗ	وَلِيٌّ	حَمِيْمٌ	وَمَا يُلَقّٰىهَا	اِلَّا	الَّذِيْنَ	صَبَرُوْا
اس کے درمیان	عداوت	گویا کہ وہ	دوست	قرابتی (جگری)	اور نہیں ملتی یہ	مگر	وہ جنہوں نے	صبر کیا

اس کے درمیان عداوت تھی (ایسے ہو جائے گا) گویا وہ جگری دوست ہے۔ اور یہ (بات) نہیں ملتی مگر انہیں جنہوں نے صبر کیا

وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۳۵﴾ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ

وَمَا	يُلَقّٰىهَا	اِلَّا	ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ	وَاِمَّا	يَنْزَغَنَّكَ	مِنَ	الشَّيْطٰنِ
اور نہیں	ملتی یہ	مگر	بڑے نصیب والے	اور اگر	تمہیں وسوسہ آئے	سے	شیطان

اور یہ نہیں ملتی مگر بڑے نصیب والے کو۔ اور اگر تمہیں شیطان کی طرف سے آئے

نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۶﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ

نَزْغٌ	فَاسْتَعِذْ	بِاللّٰهِ	اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	وَمِنْ	اٰيٰتِهِ	الَّيْلُ	وَالنَّهَارُ
کوئی وسوسہ	تو پناہ چاہیں	اللہ کی	بیشک وہ	وہی	سننے والا	جاننے والا	اور سے	اسکی نشانیاں	رات	اور دن

کوئی وسوسہ تو اللہ کی پناہ چاہیں، بیشک وہ سننے والا، جاننے والا ہے - اور اس کی نشانیوں میں سے ہیں رات اور دن،

وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ؕ لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ

وَالشَّمْسُ	وَالْقَمَرُ	لَا تَسْجُدُوْا	لِلشَّمْسِ	وَلَا	لِلْقَمَرِ	وَاسْجُدُوْا	لِلّٰهِ
اور سورج	اور چاند	تم نہ سجدہ کرو	سورج کو	اور نہ	چاند کو	اور تم سجدہ کرو	اللہ کو

اور سورج اور چاند، تم نہ سورج کو سجدہ کرو، نہ چاند کو، اور تم اللہ کو سجدہ کرو،

الَّذِیْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۳۷﴾ فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا

الَّذِیْ	خَلَقَهُنَّ	اِنْ	كُنْتُمْ	اِيَّاهُ	تَعْبُدُوْنَ	فَاِنِ	اسْتَكْبَرُوْا
وہ جس نے	پیدا کیا انہیں	اگر	تم ہو	صرف اس کی	عبادت کرتے	پس اگر وہ	تکبر کریں

وہ جس نے ان (سب) کو پیدا کیا، اگر تم صرف اس کی عبادت کرتے ہو- پس اگر وہ تکبر کریں (تو اس سے کیا فرق پڑتا ہے)

فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا يَسْـَٔمُوْنَ ﴿۳۸﴾ السجدۃ

فَالَّذِيْنَ	عِنْدَ رَبِّكَ	يُسَبِّحُوْنَ	لَهٗ	بِالَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	وَهُمْ	لَا يَسْـَٔمُوْنَ
سو وہ جو	آپ کے رب کے نزدیک	وہ تسبیح کرتے ہیں	اسکی	رات	اور دن	اور وہ	نہیں اکتاتے

سو وہ (فرشتے) جو آپ کے رب کے نزدیک ہیں وہ رات دن اس کی تسبیح کرتے ہیں، اور وہ اکتاتے نہیں -

السجدۃ ۱۱

وَمِنْ اٰيٰتِهٖۤ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ خَاشِعَةً فَاِذَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ

وَ	مِنْ اٰيٰتِهٖ	اَنَّكَ	تَرَى	الْاَرْضَ	خَاشِعَةً	فَاِذَا	اَنْزَلْنَا	عَلَيْهَا	الْمَآءَ
اور	اسکی نشانیوں میں سے	کہ تو	تو دیکھتا ہے	زمین	دبی ہوئی (سنسان)	پھر جب	ہم نے اتارا	اس پر	پانی

اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ تو زمین کو سنسان دیکھتا ہے، پھر جب ہم نے اس پر پانی اتارا

اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِیْۤ اَحْيَاهَا لَمُحْیِ الْمَوْتٰى ؕ اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾

اهْتَزَّتْ	وَرَبَتْ	اِنَّ	الَّذِیْ	اَحْيَاهَا	لَمُحْیِ الْمَوْتٰى	اِنَّهٗ	عَلٰى	كُلِّ شَیْءٍ	قَدِيْرٌ
وہ لہلہانے لگتی ہے	اور پھولتی ہے	بیشک	وہ جس نے	اس کو زندہ کیا	البتہ زندہ کرنیوالا مُردوں کو	بیشک وہ		ہر شے پر	قدرت رکھنے والا

تو وہ لہلہانے لگتی ہے اور پھولتی ہے، بیشک وہ جس نے اس کو زندہ کیا، البتہ وہ مردوں کو زندہ کرنے والا ہے، بیشک وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے

إِنَّ الَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِي آيَاتِنَا لَا يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ۗ أَفَمَن يُلْقَىٰ فِي النَّارِ خَيْرٌ

إِنَّ	الَّذِينَ	يُلْحِدُونَ	فِي آيَاتِنَا	لَا يَخْفَوْنَ	عَلَيْنَا	أَفَمَن	يُلْقَىٰ	فِي النَّارِ	خَيْرٌ
بیشک	جو لوگ	کج روی کرتے ہیں	ہماری آیات میں	وہ پوشیدہ نہیں	ہم پر	تو کیا جو	ڈالا جائے	آگ میں	بہتر

بیشک جو لوگ ہماری آیات میں کج روی کرتے ہیں وہ ہم پر (ہم سے) پوشیدہ نہیں، تو کیا جو شخص آگ میں ڈالا جائے بہتر ہے

أَم مَّن يَأْتِي آمِنًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ ۖ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿٤٠﴾

أَم مَّن	يَأْتِي	آمِنًا	يَوْمَ الْقِيَامَةِ	اعْمَلُوا	مَا شِئْتُمْ	إِنَّهُ	بِمَا تَعْمَلُونَ	بَصِيرٌ
یا جو	آئے	امان کے ساتھ	روزِ قیامت	تم کرو	جو تم چاہو	بیشک وہ	جو تم کرتے ہو	دیکھنے والا

یا جو روزِ قیامت امان کے ساتھ آئے؟ تم جو چاہو کرو، بیشک تم جو کچھ کرتے ہو وہ دیکھنے والا ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالذِّكْرِ لَمَّا جَاءَهُمْ ۖ وَإِنَّهُ لَكِتَابٌ عَزِيزٌ ﴿٤١﴾ لَّا يَأْتِيهِ

إِنَّ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	بِالذِّكْرِ	لَمَّا	جَاءَهُمْ	وَإِنَّهُ	لَكِتَابٌ	عَزِيزٌ	لَّا يَأْتِيهِ
بیشک	وہ جنہوں نے	انکار کیا	ذکر (قرآن) کا	جب	وہ آیا ان کے پاس	اور بیشک یہ	البتہ کتاب ہے	گرامی قدر	اسکے پاس نہیں آتا

بیشک جن لوگوں نے قرآن کا انکار کیا جب وہ ان کے پاس آیا (وہ اپنا انجام دیکھ لیں گے)۔ بیشک یہ گرامی قدر ہے۔ اس کے پاس نہیں آتا

الْبَاطِلُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ ۖ تَنزِيلٌ مِّنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ ﴿٤٢﴾

الْبَاطِلُ	مِن بَيْنِ يَدَيْهِ	وَلَا	مِنْ خَلْفِهِ	تَنزِيلٌ	مِّنْ	حَكِيمٍ	حَمِيدٍ
باطل	اس کے سامنے سے	اور نہ	اس کے پیچھے سے	نازل کیا گیا	سے	حکمت والے	سزاوار حمد

باطل اس کے سامنے سے اور نہ اس کے پیچھے سے (قرآن) نازل کیا گیا۔ حکمت والے سزاوار حمد (اللہ کی طرف) سے۔

مَّا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ لِلرُّسُلِ مِن قَبْلِكَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ

مَّا يُقَالُ	لَكَ	إِلَّا	مَا	قَدْ قِيلَ	لِلرُّسُلِ	مِن قَبْلِكَ	إِنَّ	رَبَّكَ	لَذُو مَغْفِرَةٍ
نہیں کہا جاتا	آپ کو	سوائے	جو کہا جا چکا ہے		رسولوں کو	آپؐ سے قبل	بیشک	آپؐ کا رب	بڑی مغفرت والا

آپؐ کو اس کے سوا نہیں کہا جاتا جو آپؐ سے پہلے رسولوں کو کہا جا چکا ہے، بیشک آپؐ کا رب بڑی مغفرت والا

وَذُو عِقَابٍ أَلِيمٍ ﴿٤٣﴾ وَلَوْ جَعَلْنَاهُ قُرْآنًا أَعْجَمِيًّا لَّقَالُوا لَوْلَا فُصِّلَتْ آيَاتُهُ ۖ

وَذُو عِقَابٍ	أَلِيمٍ	وَلَوْ جَعَلْنَاهُ	قُرْآنًا	أَعْجَمِيًّا	لَّقَالُوا	لَوْ	لَا فُصِّلَتْ	آيَاتُهُ
اور سزا دینے والا	دردناک	اور اگر ہم بناتے اُسے	قرآن کو	عجمی زبان کا	تو وہ کہتے	کیوں	نہ صاف بیان کی گئیں	اسکی آیتیں

اور دردناک سزا دینے والا ہے۔ اور اگر ہم قرآن کو عجمی زبان کا بناتے تو وہ کہتے اس کی آیتیں کیوں نہ صاف صاف بیان کی گئیں ؟

تسہیل الہمزۃ الثانیہ ۱۲

ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ۭ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاۗءٌ ۭ وَالَّذِيْنَ

ءَاَعْجَمِيٌّ	وَّعَرَبِيٌّ	قُلْ	هُوَ	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	هُدًى	وَّشِفَاۗءٌ	وَالَّذِيْنَ
کیا عجمی (کتاب)،	اور عربی (رسول)،	فرمادیں	وہ - یہ	ان لوگوں کے لئے جو	ایمان لائے	ہدایت	اور شفاء	اور جو لوگ

کیا کتاب عجمی اور رسول عربی؟ آپؐ فرمادیں جو ایمان لائے یہ ان لوگوں کے لئے ہدایت اور شفا ہے، اور جو لوگ

لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ۭ اُولٰۗىِٕكَ يُنَادَوْنَ

لَا يُؤْمِنُوْنَ	فِيْٓ اٰذَانِهِمْ	وَقْرٌ	وَّهُوَ	عَلَيْهِمْ	عَمًى	اُولٰۗىِٕكَ	يُنَادَوْنَ
ایمان نہیں لائے	ان کے کانوں میں	گرانی	اور وہ - یہ	ان پر	اندھاپن	یہ لوگ	پکارے جاتے ہیں

ایمان نہیں لاتے ان کے کانوں میں گرانی ہے اور یہ ان کے لئے اندھاپن ہے، (گویا) یہ لوگ پکارے جاتے ہیں

۵ — ع ۱۲ — ۱۹

مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ۝۴۴ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۭ وَلَوْ

مِنْ	مَّكَانٍ	بَعِيْدٍ	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	فَاخْتُلِفَ	فِيْهِ	وَلَوْ
سے	کسی جگہ	دُور	اور تحقیق ہم نے دی	موسیٰؑ	کتاب	تو اختلاف کیا گیا	اس میں	اور اگر

کسی دُور جگہ سے۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰؑ کو کتاب دی تو اس میں اختلاف کیا گیا اور اگر

لَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ

لَا كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ	مِنْ	رَّبِّكَ	لَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	وَاِنَّهُمْ	لَفِيْ شَكٍّ	مِّنْهُ
نہ ہوتی ایک بات	پہلے ٹھہر چکی	آپؐ کے رب کی طرف سے		تو فیصلہ ہو چکا ہوتا	ان کے درمیان	اور بیشک وہ	ضرور شک میں	اس سے

آپؐ کے رب کی طرف سے ایک بات پہلے نہ ٹھہر چکی ہوتی تو ان کے درمیان فیصلہ ہو چکا ہوتا، اور بیشک وہ ضرور اس سے

مُرِيْبٍ ۝۴۵ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَاۗءَ فَعَلَيْهَا ۭ

مُرِيْبٍ	مَنْ	عَمِلَ	صَالِحًا	فَلِنَفْسِهٖ	وَمَنْ	اَسَاۗءَ	فَعَلَيْهَا
تردّد میں ڈالنے والے شک میں	جو - جس	عمل کئے	اچھے	تو اپنی ذات کے لئے	اور جس	بُرائی کی	تو اس پر (اس کا وبال)

تردّد میں ڈالنے والے شک میں ہیں۔ جس نے اچھے عمل کئے تو اپنی ذات کے لئے (کئے)، اور جس نے بُرائی کی اس کا وبال اسی پر ہوگا،

وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝۴۶

وَمَا	رَبُّكَ	بِظَلَّامٍ	لِّلْعَبِيْدِ
اور نہیں	آپؐ کا رب	مطلق ظلم کرنے والا	اپنے بندوں پر

اور آپؐ کا رب اپنے بندوں پر مطلق ظلم کرنے والا نہیں۔

اِلَیْهِ یُرَدُّ عِلْمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا تَخْرُجُ مِنْ ثَمَرٰتٍ مِّنْ اَكْمَامِهَا

اِلَیْهِ	یُرَدُّ	عِلْمُ السَّاعَةِ	وَمَا تَخْرُجُ	مِنْ	ثَمَرٰتٍ	مِّنْ	اَكْمَامِهَا
اس کی طرف	لوٹایا (حوالے کیا) جاتا ہے	قیامت کا علم	اور نہیں نکلتا	کوئی	پھل (جمع)	سے	اسکے غلافوں (گابھوں)

قیامت کا علم اسی کے حوالے کیا جاتا ہے، اور کوئی پھل اپنے گابھوں سے نہیں نکلتا

وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰی وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ ؕ وَیَوْمَ یُنَادِیْهِمْ اَیْنَ شُرَكَآءِیْ ۙ قَالُوْۤا

وَمَا تَحْمِلُ	مِنْ اُنْثٰی	وَلَا تَضَعُ	اِلَّا	بِعِلْمِهٖ	وَیَوْمَ	یُنَادِیْهِمْ	اَیْنَ	شُرَكَآءِیْ	قَالُوْۤا
اور نہیں حاملہ ہوتی ہے	کوئی عورت	اور نہ وہ بچہ جنتی ہے	مگر	اس کے علم میں	اور جس دن	وہ پکارے گا انہیں	کہاں	میرے شریک	وہ کہیں گے

اور کوئی عورت (مادہ) حاملہ نہیں ہوتی، اور وہ بچہ نہیں جنتی مگر (یہ سب) اسکے علم میں ہوتا ہے۔ اور جس دن وہ انہیں پکارے گا کہاں ہیں میرے شریک؟ وہ کہیں گے

اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنْ شَهِیْدٍ ﴿۴۷﴾ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَدْعُوْنَ مِنْ قَبْلُ وَظَنُّوْا

اٰذَنّٰكَ	مَا مِنَّا	مِنْ شَهِیْدٍ	وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَا كَانُوْا یَدْعُوْنَ	مِنْ قَبْلُ	وَظَنُّوْا
اطلاع دیدی ہمنے تجھے	نہیں ہم سے	کوئی شاہد	اور کھویا گیا	ان سے	جو وہ پکارتے تھے	اس سے قبل	اور انہوں نے سمجھ لیا

ہم نے تجھے اطلاع دیدی کہ ہم میں سے کوئی (اس کا) شاہد (گواہ) نہیں۔ اور وہ جسے اس سے قبل (اللہ کے سوا) پکارتے تھے اُن سے کھویا گیا، اور انہوں نے سمجھ لیا

مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِیْصٍ ﴿۴۸﴾ لَا یَسْـَٔمُ الْاِنْسَانُ مِنْ دُعَآءِ الْخَیْرِ ۫ وَاِنْ مَّسَّهُ الشَّرُّ

مَا لَهُمْ	مِنْ مَّحِیْصٍ	لَا یَسْـَٔمُ	الْاِنْسَانُ	مِنْ	دُعَآءِ الْخَیْرِ	وَاِنْ	مَسَّهُ	الشَّرُّ
نہیں ان کے لئے	کوئی بچاؤ (خلاصی)	نہیں تھکتا	انسان	سے	بھلائی مانگنے	اور اگر	اسے لگ جائے	برائی

کہ (اب) ان کے لئے کوئی خلاصی نہیں۔ انسان بھلائی مانگنے سے نہیں تھکتا، اور اگر اسے کوئی برائی لگ جائے

فَیَـُٔوْسٌ قَنُوْطٌ ﴿۴۹﴾ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَیَقُوْلَنَّ

فَیَـُٔوْسٌ	قَنُوْطٌ	وَلَئِنْ	اَذَقْنٰهُ	رَحْمَةً	مِّنَّا	مِنْۢ بَعْدِ	ضَرَّآءَ	مَسَّتْهُ	لَیَقُوْلَنَّ
تو مایوس ہو جاتا ہے	نا اُمید	اور البتہ اگر	ہم چکھائیں اسے	رحمت	اپنی طرف سے	کے بعد	کسی تکلیف	جو اس کو پہنچی	تو وہ ضرور کہے گا

تو وہ نا امید ہو کر مایوس ہو جاتا ہے۔ اور البتہ اگر اُسے کوئی تکلیف پہنچنے کے بعد ہم اپنی طرف سے اپنی رحمت کا مزہ چکھائیں تو وہ ضرور کہے گا

هٰذَا لِیْ ۙ وَمَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰی رَبِّیْۤ اِنَّ لِیْ عِنْدَهٗ

هٰذَا لِیْ	وَمَاۤ اَظُنُّ	السَّاعَةَ	قَآئِمَةً	وَلَئِنْ	رُّجِعْتُ	اِلٰی رَبِّیْۤ	اِنَّ	لِیْ	عِنْدَهٗ
یہ میرے لئے	اور میں خیال نہیں رکھتا	قیامت	قائم ہونے والی	اور البتہ اگر	مجھے لوٹایا گیا	اپنے رب کی طرف	بیشک	میرے لئے	اس کے پاس

یہ میرے لئے ہے، اور میں خیال نہیں رکھتا کہ قیامت قائم ہونے والی ہے، اور اگر مجھے اپنے رب کی طرف لوٹایا گیا تو بیشک اس کے پاس میرے لئے

لَلْحُسْنٰى فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ۡ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ

لَلْحُسْنٰى	فَلَنُنَبِّئَنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِمَا عَمِلُوْا	وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ	مِّنْ	عَذَابٍ
البتہ بھلائی	پس ہم ضرور آگاہ کردیں گے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)		اس سے جو انہوں نے کیا (اعمال)	اور البتہ ہم ضرور چکھائیں گے انہیں	سے	ایک عذاب

البتہ بھلائی ہے، پس ہم کافروں کو اُن کے اعمال سے ضرور آگاہ کر دیں گے، اور البتہ ہم انہیں ضرور چکھائیں گے ایک عذاب

غَلِيْظٍ ﴿٥٠﴾ وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ

غَلِيْظٍ	وَاِذَآ	اَنْعَمْنَا	عَلَى الْاِنْسَانِ	اَعْرَضَ	وَنَاٰ	بِجَانِبِهٖ	وَاِذَا	مَسَّهُ	الشَّرُّ
سخت	اور جب	ہم انعام کرتے ہیں	انسان پر	وہ منہ موڑ لیتا ہے	اور بدل لیتا ہے	اپنا پہلو	اور جب	آ لگے اسے	بُرائی

سخت۔ اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں تو وہ منہ موڑ لیتا ہے، اور اپنا پہلو بدل لیتا ہے، اور جب اُسے (ذرا) بُرائی لگے

فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ﴿٥١﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ

فَذُوْ دُعَآءٍ	عَرِيْضٍ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ كَانَ	مِنْ	عِنْدِ اللّٰهِ	ثُمَّ	كَفَرْتُمْ بِهٖ
تو دعاؤں والا	لمبی چوڑی	آپ فرما دیں	کیا تم نے دیکھا	اگر ہو	سے	اللہ کے پاس	پھر	تم نے کفر کیا اس سے

تو لمبی چوڑی دعاؤں والا (بن جاتا ہے)۔ آپ فرما دیں کیا تم نے دیکھا (یہ تو بتلاؤ) اگر (یہ قرآن) اللہ کے پاس سے ہو، پھر تم نے اس سے کفر کیا

مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ هُوَ فِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ﴿٥٢﴾ سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

مَنْ	اَضَلُّ	مِمَّنْ	هُوَ	فِيْ	شِقَاقٍ	بَعِيْدٍ	سَنُرِيْهِمْ	اٰيٰتِنَا	فِي الْاٰفَاقِ	وَ	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ
کون	بڑا گمراہ	اس سے جو	وہ	میں	ضد	دور دراز	ہم جلد دکھا دیں گے انہیں اپنی آیات		اطرافِ عالم میں	اور	ان کی ذات میں

تو اس سے بڑا گمراہ کون جو دُور دراز کی ضد میں ہو؟ ہم جلد انہیں اپنی آیات اطرافِ عالم میں اور (خود) اُن کی ذات میں دکھا دیں گے

حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ ۭ اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿٥٣﴾

حَتّٰى	يَتَبَيَّنَ	لَهُمْ	اَنَّهُ	الْحَقُّ	اَوَلَمْ يَكْفِ	بِرَبِّكَ	اَنَّهٗ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	شَهِيْدٌ
یہاں تک	ظاہر ہو جائے	انکے لئے	کہ وہ	حق	کیا کافی نہیں	آپ کے رب کے لئے	کہ وہ	پر۔کا	ہر شے	شاہد

یہاں تک کہ ان پر ظاہر ہو جائے گا کہ وہ (قرآن) حق ہے، کیا آپ کے رب کے لئے کافی نہیں کہ وہ ہر شے کا شاہد ہے۔

اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاۗءِ رَبِّهِمْ ۭ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ ﴿٥٤﴾

اَلَآ	اِنَّهُمْ	فِيْ مِرْيَةٍ	مِّنْ لِّقَاۗءِ	رَبِّهِمْ	اَلَآ	اِنَّهٗ	بِكُلِّ شَيْءٍ	مُّحِيْطٌ
خوب یاد رکھو	بیشک وہ	شک میں	ملاقات سے	اپنا رب	یاد رکھو	بیشک وہ	ہر شے پر۔کا	احاطہ کئے ہوئے

خوب یاد رکھو! بیشک وہ اپنے رب کی ملاقات (رُو برو حاضری) سے شک میں ہیں، یاد رکھو! بیشک وہ ہر شے کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔

ایاتہا ۵۳ — ۴۲ : سُوْرَةُ الشُّوْرٰى مَكِّيَّةٌ : ۶۲ — رکوعاتہا ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

حٰمٓ ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ

حٰمٓ	عٓسٓقٓ	كَذٰلِكَ	يُوْحِيْٓ	اِلَيْكَ	وَاِلَى	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكَ	اللّٰهُ	الْعَزِيْزُ
حا۔ میم۔	عین۔ سین۔ قاف۔	اسی طرح	وحی فرماتا ہے	آپؐ کی طرف	اور طرف	وہ جو	آپ سے پہلے	اللہ	غالب

حا۔میم ۔ عین۔سین۔ق ۔ اسی طرح آپؐ کی طرف اور آپؐ کے پہلوں کی طرف اللہ وحی فرماتا ہے، غالب

الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۴﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ

الْحَكِيْمُ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَهُوَ	الْعَلِيُّ	الْعَظِيْمُ	تَكَادُ	السَّمٰوٰتُ
حکمت والا	اسی کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور وہ	بلند	عظمت والا	قریب ہے	آسمانوں (جمع)

حکمت والا۔ اسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں اور زمین میں ہے، اور وہ بلند، عظمت والا ہے۔ قریب ہے کہ آسمان

يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰۗئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ

يَتَفَطَّرْنَ	مِنْ فَوْقِهِنَّ	وَالْمَلٰۗئِكَةُ	يُسَبِّحُوْنَ	بِحَمْدِ رَبِّهِمْ	وَيَسْتَغْفِرُوْنَ	لِمَنْ
پھٹ پڑیں	ان کے اوپر سے	اور فرشتے	تسبیح کرتے ہیں	اپنے رب کی تعریف کے ساتھ	اور وہ مغفرت طلب کرتے ہیں	اس کے لئے جو

اُن کے اوپر سے پھٹ پڑیں، اور فرشتے اپنے رب کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں، اور ان کے لئے مغفرت طلب کرتے ہیں جو

فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵﴾ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ

فِي الْاَرْضِ	اَلَآ	اِنَّ اللّٰهَ	هُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ ﴿۵﴾	وَالَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ
زمین میں	یاد رکھو	بیشک اللہ	وہ۔وہی	بخشنے والا	مہربان	اور جو لوگ	ٹھہراتے ہیں	اس کے سوا

زمین میں ہیں، یاد رکھو! بیشک اللہ ہی بخشنے والا، مہربان ہے۔ اور جو لوگ ٹھہراتے ہیں اللہ کے سوا (دوسروں کو)

اَوْلِيَاۗءَ اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ڮ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۶﴾ وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ

اَوْلِيَاۗءَ	اللّٰهُ	حَفِيْظٌ - عَلَيْهِمْ	وَمَآ اَنْتَ	عَلَيْهِمْ	بِوَكِيْلٍ	وَكَذٰلِكَ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ
رفیق	اللہ	دیکھنے والا۔ان پر انہیں دیکھ رہا ہے	اور آپؐ نہیں	اُن پر	ذمہ دار	اور اسی طرح	ہم نے وحی کیا	آپؐ کی طرف

رفیق، اللہ انہیں دیکھ رہا ہے، آپؐ اُن پر ذمہ دار نہیں۔ اور اسی طرح ہم نے آپؐ کی طرف وحی کیا

قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ

قُرْاٰنًا	عَرَبِيًّا	لِّتُنْذِرَ	اُمَّ الْقُرٰى	وَمَنْ	حَوْلَهَا	وَتُنْذِرَ	يَوْمَ الْجَمْعِ	لَا رَيْبَ
قرآن	عربی زبان	تاکہ آپ ڈرائیں	ام القریٰ (اہل مکہ)	اور جو	اس کے ارد گرد	اور آپ ڈرائیں	جمع ہونے کا دن	نہیں شک

قرآن عربی زبان میں تاکہ آپ ڈرائیں اہل مکہ کو اور انہیں جو اس کے ارد گرد ہیں، اور آپ ڈرائیں جمع ہونے کے دن سے، کوئی شک نہیں

فِيْهِ ۭ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي السَّعِيْرِ ۝۷ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

فِيْهِ	فَرِيْقٌ	فِي الْجَنَّةِ	وَفَرِيْقٌ	فِي السَّعِيْرِ	وَلَوْ	شَاۗءَ اللّٰهُ	لَجَعَلَهُمْ	اُمَّةً وَّاحِدَةً
اس میں	ایک فریق	جنت میں	اور ایک فریق	دوزخ میں	اور اگر	چاہتا اللہ	ضرور بنادیتا انہیں	ایک امت

اس میں، ایک فریق جنت میں ہوگا، اور ایک فریق دوزخ میں ہے۔ اور اگر اللہ چاہتا تو ضرور۔ انہیں ایک امت بنا دیتا

وَّلٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَاۗءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ۭ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ مِّنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝۸

وَلٰكِنْ	يُدْخِلُ	مَنْ يَّشَاۗءُ	فِيْ رَحْمَتِهٖ	وَالظّٰلِمُوْنَ	مَا لَهُمْ	مِنْ	وَلِيٍّ	وَ لَا نَصِيْرٍ
اور لیکن	وہ داخل کرتا ہے	جسے چاہتا ہے	اپنی رحمت میں	اور ظالم (جمع)	نہیں انکے لئے	کوئی	کارساز	اور نہ مددگار

اور لیکن وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے، اور ظالموں کے لئے نہ کوئی کارساز ہے، اور نہ مددگار۔

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاۗءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى ۡ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ

اَمِ	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖ	اَوْلِيَاۗءَ	فَاللّٰهُ	هُوَ الْوَلِيُّ	وَهُوَ	يُحْيِ	الْمَوْتٰى	وَهُوَ	عَلٰي	كُلِّ
کیا	انہوں نے ٹھہرا لئے	اس کے سوا	کارساز (جمع)	پس اللہ	وہی کارساز	اور وہی	زندہ کرتا ہے	مُردوں	اور وہ	پر	ہر

کیا انہوں نے اللہ کے سوا کارساز ٹھہرا لئے ہیں؟ پس اللہ ہی کارساز ہے، وہی مُردوں کو زندہ کرتا ہے، اور وہی

۱ ع ۹ ۲

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۹ وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّيْ

شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	وَمَا	اخْتَلَفْتُمْ	فِيْهِ	مِنْ شَيْءٍ	فَحُكْمُهٗٓ	اِلَى اللّٰهِ	ذٰلِكُمُ اللّٰهُ	رَبِّيْ
چیز	قدرت رکھنے والا	اور جو جس	اختلاف کرتے ہو تم	اس میں	کسی چیز	تو اس کا فیصلہ	طرف پاس اللہ	وہی ہے اللہ	میرا رب

ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اور جس بات میں تم اختلاف کرتے ہو تو اس کا فیصلہ اللہ کے پاس ہے، وہی ہے اللہ میرا رب

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ڰ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ۝۱۰ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ

عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَاِلَيْهِ	اُنِيْبُ	فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِنْ اَنْفُسِكُمْ
اس پر	بھروسہ کیا میں نے	اور اس کی طرف	میں رجوع کرتا ہوں	پیدا کرنے والا آسمانوں	اور زمین	اس نے بنائے	تمہارے لئے	تمہاری ذات (جنس) سے

اس پر میں نے بھروسہ کیا، اور اسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں۔ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا، اس نے تمہاری جنس سے تمہارے لئے بنائے

اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ

اَزْوَاجًا	وَمِنَ	الْاَنْعَامِ	اَزْوَاجًا	يَذْرَؤُكُمْ	فِيْهِ	لَيْسَ	كَمِثْلِهٖ	شَيْءٌ	وَهُوَ
جوڑے	اور سے ۔ کے	چوپایوں	جوڑے	وہ پھیلاتا ہے تمہیں	اس دنیا میں	نہیں	اس کی مثل	کوئی شے	اور وہ

جوڑے اور چوپایوں کے جوڑے ، وہ تمہیں اس دنیا میں پھیلاتا ہے۔ اس کے مثل کوئی شے نہیں اور وہ

السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۱۱﴾ لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ

السَّمِيْعُ	الْبَصِيْرُ	لَهٗ	مَقَالِيْدُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ
سننے والا	دیکھنے والا	اسی کے پاس	کنجیاں	آسمانوں	اور زمین	وہ فراخ کرتا ہے	رزق	جس کے لئے

سننے والا، دیکھنے والا ہے۔ اسی کے پاس ہیں آسمانوں اور زمین کی کنجیاں، وہ رزق فراخ کرتا ہے جس کے لئے

يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۚ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾ شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ

يَّشَآءُ	وَيَقْدِرُ	اِنَّهٗ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	شَرَعَ	لَكُمْ	مِّنَ الدِّيْنِ	مَا وَصّٰى	بِهٖ
وہ چاہتا ہے	اور تنگ کرتا ہے	بیشک وہ	ہر شے کو	جاننے والا	اس نے مقرر کیا	تمہارے لئے	وہی دین	اس نے جس کا حکم دیا	اس کا

وہ چاہتا ہے (اور جس پر چاہے) تنگ کر دیتا ہے، بیشک وہ ہر شے کو جاننے والا ہے۔ اس نے تمہارے لئے وہی دین مقرر کیا ہے جس کے قائم کرنے کا اس نے حکم دیا تھا

نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى

نُوْحًا	وَّالَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	وَمَا وَصَّيْنَا	بِهٖٓ	اِبْرٰهِيْمَ	وَمُوْسٰى	وَعِيْسٰٓى
نوحؑ	اور وہ جس	ہم نے وحی کی	آپ کی طرف ۔ کو	اور جس کا حکم دیا ہم نے	اس کا	ابراہیمؑ	اور موسیٰؑ	اور عیسیٰؑ

نوحؑ کو اور جس کی ہم نے آپ کی طرف وحی کی، اور جس کا حکم ہم نے ابراہیمؑ، اور موسیٰؑ، اور عیسیٰؑ کو دیا تھا

اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ۭ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ۭ اَللّٰهُ

اَنْ اَقِيْمُوا	الدِّيْنَ	وَلَا تَتَفَرَّقُوْا	فِيْهِ	كَبُرَ	عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ	مَا تَدْعُوْهُمْ	اِلَيْهِ	اَللّٰهُ
کہ تم قائم کرو	دین	اور تفرقہ نہ ڈالو تم	اس میں	گراں	مشرکوں پر سر	جس کی طرف آپ انہیں بلاتے ہیں	اس کی طرف	اللہ

کہ تم دین قائم کرو، اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو، آپ جس کی طرف انہیں بلاتے ہیں، وہ مشرکوں پر گراں گزرتی ہے، اللہ

يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ﴿۱۳﴾ وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ

يَجْتَبِيْٓ	اِلَيْهِ	مَنْ يَّشَآءُ	وَيَهْدِيْٓ	اِلَيْهِ	مَنْ يُّنِيْبُ	وَمَا تَفَرَّقُوْٓا	اِلَّا	مِنْۢ بَعْدِ
چن لیتا ہے	اپنی طرف	جسے وہ چاہتا ہے	اور ہدایت دیتا ہے	اس کی طرف	جو رجوع کرتا ہے	اور انہوں نے تفرقہ نہ ڈالا	مگر	اس کے بعد

اپنی طرف (اپنے قرب کے لئے)، جس کو چاہتا ہے چن لیتا ہے۔ اور جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے اسے اپنی طرف سے ہدایت دیتا ہے۔ اور انہوں نے تفرقہ نہ ڈالا مگر اس کے بعد

مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى

مَا جَآءَهُمُ	الْعِلْمُ	بَغْيًا	بَيْنَهُمْ	وَلَوْلَا	كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ	مِنْ رَّبِّكَ	اِلٰٓى	اَجَلٍ مُّسَمًّى
کہ آگیا ان کے پاس	علم	ضد	آپس کی	اور اگر نہ	فیصلہ	گزر چکا ہوتا	آپ کے رب کی طرف سے	تک	ایک مدت مقررہ

کہ ان کے پاس علم (وحی) آگیا، آپس کی ضد کی وجہ سے، اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک مدت مقررہ تک مہلت دینے کا فیصلہ نہ گزر چکا ہوتا

لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ

لَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	وَاِنَّ	الَّذِيْنَ	اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	لَفِيْ شَكٍّ	مِّنْهُ
تو فیصلہ کر دیا جاتا	ان کے درمیان	اور بیشک	جو لوگ	کتاب کے وارث بنائے گئے	ان کے بعد	البتہ وہ شک میں	اس سے

تو ان کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا، اور بیشک جو لوگ ان کے بعد کتاب کے وارث بنائے گئے البتہ وہ اس سے

مُرِيْبٍ ﴿١٤﴾ فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَهُمْ ۚ وَقُلْ

مُرِيْبٍ	فَلِذٰلِكَ	فَادْعُ	وَاسْتَقِمْ	كَمَآ اُمِرْتَ	وَلَا تَتَّبِعْ	اَهْوَاۗءَهُمْ	وَقُلْ
تردد میں ڈالنے والے	پس اسی کے لئے	آپ بلائیں	اور قائم رہیں	جیسا کہ آپ کو حکم دیا ہے	اور آپ نہ چلیں	ان کی خواہشات	اور کہیں

تردد میں ڈالنے والے شک میں ہیں۔ پس آپ اسی کے لئے بلائیں اور اس پر قائم رہیں جیسا کہ آپ کو حکم دیا ہے اور آپ انکی خواہشات پر نہ چلیں، اور کہیں

اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ۭ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۭ

اٰمَنْتُ	بِمَآ	اَنْزَلَ اللّٰهُ	مِنْ كِتٰبٍ	وَاُمِرْتُ	لِاَعْدِلَ	بَيْنَكُمْ	اَللّٰهُ	رَبُّنَا	وَرَبُّكُمْ
میں ایمان لے آیا	اس پر جو	نازل کی اللہ نے	سے ہر کتاب	اور مجھے حکم دیا گیا	کہ میں انصاف کروں	تمہارے درمیان	اللہ	ہمارا رب	اور تمہارا رب

میں ایمان لے آیا ہر کتاب پر جو اللہ نے نازل کی اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمہارے درمیان انصاف کروں، اللہ ہمارا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے۔

لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۭ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ ۭ اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ

لَنَآ	اَعْمَالُنَا	وَلَكُمْ	اَعْمَالُكُمْ	لَا حُجَّةَ	بَيْنَنَا	وَبَيْنَكُمْ	اَللّٰهُ	يَجْمَعُ	بَيْنَنَا	وَاِلَيْهِ
ہمارے لئے	ہمارے اعمال	اور تمہارے لئے	تمہارے اعمال	کوئی حجت (جھگڑا) نہیں	ہمارے درمیان	اور تمہارے درمیان	اللہ	جمع کریگا	ہمارے درمیان (ہمیں)	اور اسی کی طرف

ہمارے لئے ہمارے اعمال اور تمہارے لئے تمہارے اعمال، ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی جھگڑا نہیں، اللہ ہمیں جمع کرے گا، اور اسی کی طرف

الْمَصِيْرُ ﴿١٥﴾ وَالَّذِيْنَ يُحَاۗجُّوْنَ فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ

الْمَصِيْرُ	وَالَّذِيْنَ	يُحَاۗجُّوْنَ	فِي اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا اسْتُجِيْبَ	لَهٗ	حُجَّتُهُمْ
بازگشت (لوٹنا)	اور جو لوگ	جھگڑا کرتے ہیں	اللہ کے بارے میں	اس کے بعد	کہ قبول کر لیا گیا	اسکے لئے (اس کو)	ان کی حجت

بازگشت ہے۔ اور جو لوگ اللہ کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں اس کے بعد کہ اس کو قبول کر لیا گیا، ان کی حجت (جھگڑا)

دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿١٦﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْٓ

دَاحِضَةٌ	عِنْدَ	رَبِّهِمْ	وَعَلَيْهِمْ	غَضَبٌ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	شَدِيْدٌ	اَللّٰهُ	الَّذِيْٓ
لغو	ہاں	ان کا رب	اور اُن پر	غضب	اور ان کے لئے	عذاب	سخت	اللہ	وہ جس نے

ان کے رب کے ہاں لغو ہے (بے ثبات) اور ان پر غضب ہے ، اور ان کے لئے سخت عذاب ہے۔ اللہ ہے جس نے

اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ﴿١٧﴾

اَنْزَلَ	الْكِتٰبَ	بِالْحَقِّ	وَالْمِيْزَانَ	وَمَا	يُدْرِيْكَ	لَعَلَّ	السَّاعَةَ	قَرِيْبٌ
نازل کی	کتاب	حق کے ساتھ	اور میزان	اور کیا	تجھے خبر	شاید	قیامت	قریب

کتاب حق کے ساتھ نازل کی ، اور میزان (بھی) اور تجھے کیا خبر شاید قیامت قریب ہو۔

يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ وَيَعْلَمُوْنَ

يَسْتَعْجِلُ	بِهَا	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِهَا	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مُشْفِقُوْنَ	مِنْهَا	وَيَعْلَمُوْنَ
وہ جلدی مچاتے ہیں	اسکی	وہ لوگ جو	ایمان نہیں رکھتے	اس پر	اور جو لوگ	ایمان لائے	وہ ڈرتے ہیں	اس سے	اور وہ جانتے ہیں

اس کی وہ لوگ جلدی مچاتے ہیں جو اس پر ایمان نہیں رکھتے۔ اور جو لوگ ایمان لائے وہ اس سے ڈرتے ہیں ، اور وہ جانتے ہیں

اَنَّهَا الْحَقُّ ۭ اَلَآ اِنَّ الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ فِي السَّاعَةِ لَفِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿١٨﴾ اَللّٰهُ

اَنَّهَا	الْحَقُّ	اَلَآ	اِنَّ الَّذِيْنَ	يُمَارُوْنَ	فِي السَّاعَةِ	لَفِيْ ضَلٰلٍ	بَعِيْدٍ	اَللّٰهُ
کہ یہ	حق	یاد رکھو	بیشک جو لوگ	جھگڑتے ہیں	قیامت کے بارے میں	البتہ گمراہی میں	دُور	اللہ

کہ یہ حق ہے ، یاد رکھو! بیشک جو لوگ قیامت کے بارے میں جھگڑتے ہیں وہ دُور (بڑی) گمراہی میں ہیں۔ اللہ

٢ ع ٣

لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿١٩﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ

لَطِيْفٌ	بِعِبَادِهٖ	يَرْزُقُ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَهُوَ	الْقَوِيُّ	الْعَزِيْزُ	مَنْ	كَانَ يُرِيْدُ	حَرْثَ
مہربان	اپنے بندوں پر	وہ رزق دیتا ہے	جس کو چاہے	اور وہ	قوی	غالب	جو شخص	چاہتا ہے	کھیتی

اپنے بندوں پر مہربان ہے ، وہ جسے چاہتا ہے رزق دیتا ہے اور وہ قوی ، غالب ہے۔ جو شخص چاہتا ہے کھیتی

الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ

الْاٰخِرَةِ	نَزِدْ لَهٗ	فِيْ حَرْثِهٖ	وَمَنْ	كَانَ يُرِيْدُ	حَرْثَ الدُّنْيَا	نُؤْتِهٖ	مِنْهَا	وَمَا لَهٗ
آخرت	ہم اضافہ کر دیتے ہیں اس کے لئے	کھیتی میں اس کی	اور جو	چاہتا ہے	دنیا کی کھیتی	ہم اسے دیتے ہیں	اس میں سے	اور نہیں اس کے لئے

آخرت کی ، ہم اس کی کھیتی میں اس کے لئے اضافہ کر دیتے ہیں ، اور جو دنیا کی کھیتی چاہتا ہے ہم اسے اس میں سے کچھ دیتے ہیں اور اس کے لئے نہیں

فِی الۡاٰخِرَةِ مِنۡ نَّصِیۡبٍ ﴿۲۰﴾ اَمۡ لَهُمۡ شُرَکٰٓؤُا شَرَعُوۡا لَهُمۡ مِّنَ الدِّیۡنِ مَا لَمۡ

فِی الۡاٰخِرَةِ	مِنۡ نَّصِیۡبٍ	اَمۡ لَهُمۡ	شُرَکٰٓؤُا	شَرَعُوۡا	لَهُمۡ	مِنَ	الدِّیۡنِ	مَا لَمۡ
آخرت میں	کوئی حصہ	کیا ان کے لئے	کچھ شریک (جمع)	انہوں نے مقرر کیا	ان کے لئے	سے۔ ایسا	دین	جو جس نہیں

آخرت میں کوئی حصہ۔ کیا ان کے کچھ شریک ہیں جنہوں نے ان کے لئے ایسا دین مقرر کیا ہے، جس کی

یَاۡذَنۡۢ بِهِ اللّٰهُ ؕ وَ لَوۡ لَا کَلِمَةُ الۡفَصۡلِ لَقُضِیَ بَیۡنَهُمۡ ؕ وَ اِنَّ الظّٰلِمِیۡنَ لَهُمۡ عَذَابٌ

یَاۡذَنۡ	بِهِ	اللّٰهُ	وَلَوۡ	لَا	کَلِمَةُ الۡفَصۡلِ	لَقُضِیَ	بَیۡنَهُمۡ	وَاِنَّ	الظّٰلِمِیۡنَ	لَهُمۡ	عَذَابٌ
اجازت دی	اس کی	اللہ	اور اگر	نہ	ایک قولِ فیصل	تو فیصلہ ہو جاتا	انکے درمیان	اور بیشک	ظالموں	ان کے لئے	عذاب

اللہ نے اجازت نہیں دی، اور اگر ایک قولِ فیصل نہ ہوتا توان کے درمیان (یہیں) فیصلہ ہو جاتا، اور بیشک ظالموں کے لئے عذاب ہے

اَلِیۡمٌ ﴿۲۱﴾ تَرَی الظّٰلِمِیۡنَ مُشۡفِقِیۡنَ مِمَّا کَسَبُوۡا وَ هُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمۡ ؕ وَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا

اَلِیۡمٌ	تَرَی	الظّٰلِمِیۡنَ	مُشۡفِقِیۡنَ	مِمَّا کَسَبُوۡا	وَهُوَ	وَاقِعٌ	بِهِمۡ	وَالَّذِیۡنَ	اٰمَنُوۡا
دردناک	تم دیکھو گے	ظالموں	ڈرتے ہوں گے	اس سے جو انہوں نے کمایا (اعمال)	اور وہ	واقع ہونیوالا	اُن پر	اور جو لوگ	ایمان لائے۔

دردناک۔ تم ظالموں کو دیکھو گے وہ اپنے اعمال (کے وبال) سے ڈرتے ہوں گے، اور وہ اُن پر واقع ہونے والا ہے، اور جو لوگ ایمان لائے

وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِیۡ رَوۡضٰتِ الۡجَنّٰتِ ۚ لَهُمۡ مَّا یَشَآءُوۡنَ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ؕ ذٰلِکَ هُوَ

وَعَمِلُوۡا	الصّٰلِحٰتِ	فِیۡ	رَوۡضٰتِ	الۡجَنّٰتِ	لَهُمۡ	مَا یَشَآءُوۡنَ	عِنۡدَ رَبِّهِمۡ	ذٰلِکَ	هُوَ
اور انہوں نے عمل کئے	اچھے	میں	باغات	جنتوں	ان کے لئے	جو وہ چاہیں گے	ان کے رب کے ہاں	یہ	وہ۔ یہی

اور انہوں نے اچھے عمل کئے، وہ جنتوں کے باغات میں ہوں گے، وہ جو چاہیں گے ان کے رب کے ہاں (ملے گا)، یہی ہے

الۡفَضۡلُ الۡکَبِیۡرُ ﴿۲۲﴾ ذٰلِکَ الَّذِیۡ یُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ

الۡفَضۡلُ	الۡکَبِیۡرُ	ذٰلِکَ	الَّذِیۡ	یُبَشِّرُ اللّٰهُ	عِبَادَهُ	الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا	وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
فضل	بڑا	یہی	وہ جس	اللہ بشارت دیتا ہے	اپنے بندے	وہ جو ایمان لائے	اور انہوں نے اچھے عمل کئے

بڑا فضل۔ یہی ہے وہ جس کی اللہ اپنے اُن بندوں کو بشارت دیتا ہے جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے

قُلۡ لَّاۤ اَسۡـَٔلُکُمۡ عَلَیۡهِ اَجۡرًا اِلَّا الۡمَوَدَّةَ فِی الۡقُرۡبٰی ؕ وَ مَنۡ یَّقۡتَرِفۡ حَسَنَةً

قُلۡ	لَّاۤ اَسۡـَٔلُکُمۡ	عَلَیۡهِ	اَجۡرًا	اِلَّا	الۡمَوَدَّةَ	فِی الۡقُرۡبٰی	وَمَنۡ	یَقۡتَرِفۡ	حَسَنَةً
فرمادیں	میں تم سے نہیں مانگتا	اس پر	کوئی اجر	سوائے	محبت	قرابتداری میں۔ کی	اور جو	کمائے گا	کوئی نیکی

آپؐ فرمادیں میں تم سے قرابت کی محبت کے سوا اس پر کوئی اجر نہیں مانگتا، اور جو شخص کوئی نیکی کمائے گا (کرے گا)

نَزِدْ لَهٗ فِيهَا حُسْنًا ۚ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٢٣﴾ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ

نَزِدْ لَهٗ	فِيهَا	حُسْنًا	إِنَّ اللّٰهَ	غَفُورٌ	شَكُورٌ	أَمْ	يَقُولُونَ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ
ہم بڑھادینگے اسکے لئے	اس میں	خوبی	بیشک اللہ	بخشنے والا	قدردان	کیا	وہ کہتے ہیں	اس نے باندھا	اللہ پر

ہم اس کے لئے اس میں خوبی بڑھا دیں گے، بیشک اللہ بخشنے والا، قدردان ہے۔ کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اللہ پر باندھا ہے

كَذِبًا ۚ فَإِنْ يَشَإِ اللّٰهُ يَخْتِمْ عَلٰى قَلْبِكَ ۗ وَيَمْحُ اللّٰهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ الْحَقَّ

كَذِبًا	فَإِنْ	يَشَإِ اللّٰهُ	يَخْتِمْ	عَلٰى قَلْبِكَ	وَيَمْحُ	اللّٰهُ	الْبَاطِلَ	وَيُحِقُّ	الْحَقَّ
جھوٹ	سو اگر	چاہتا اللہ	وہ مہر لگا دیتا	تمہارے دل پر	اور مٹاتا ہے	اللہ	باطل	اور ثابت کرتا ہے	حق

جھوٹ، سو اگر اللہ چاہتا تو وہ تمہارے دل پر مہر لگا دیتا، اور اللہ باطل کو مٹاتا ہے، اور حق کو ثابت کرتا ہے

بِكَلِمٰتِهٖ ۚ إِنَّهٗ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ﴿٢٤﴾ وَهُوَ الَّذِي يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ

بِكَلِمٰتِهٖ	إِنَّهٗ	عَلِيمٌ	بِذَاتِ الصُّدُورِ	وَهُوَ	الَّذِي يَقْبَلُ	التَّوْبَةَ	عَنْ عِبَادِهٖ
اپنے کلمات سے	بیشک وہ	جاننے والا	دلوں کی باتوں کو	اور وہی	جو قبول فرماتا ہے	توبہ	اپنے بندوں سے

اپنے کلمات سے، بیشک وہ دلوں کی باتوں کو جاننے والا ہے۔ اور وہی ہے جو اپنے بندوں سے توبہ قبول فرماتا ہے

وَيَعْفُوا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَيَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ﴿٢٥﴾ وَيَسْتَجِيبُ الَّذِينَ اٰمَنُوا وَ

وَيَعْفُوا	عَنِ	السَّيِّاٰتِ	وَيَعْلَمُ	مَا تَفْعَلُونَ	وَيَسْتَجِيبُ	الَّذِينَ	اٰمَنُوا	وَ
اور معاف کر دیتا ہے	سے۔کو	برائیاں	اور وہ جانتا ہے	جو تم کرتے ہو	اور قبول کرتا ہے	وہ جو	ایمان لائے	اور

اور برائیوں کو معاف کر دیتا ہے، اور وہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ اور وہ (ان کی دُعائیں) قبول کرتا ہے جو ایمان لائے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيدُهُمْ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ وَالْكٰفِرُونَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ﴿٢٦﴾

عَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	وَيَزِيدُهُمْ	مِنْ فَضْلِهٖ	وَالْكٰفِرُونَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	شَدِيدٌ
انہوں نے عمل کئے	اچھے	اور ان کو زیادہ دیتا ہے	اپنے فضل سے	اور کافروں	ان کے لئے	عذاب	سخت

انہوں نے اچھے عمل کئے، اور وہ ان کو اپنے فضل سے اور زیادہ دیتا ہے، اور کافروں کے لئے سخت عذاب ہے۔

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا فِي الْأَرْضِ وَلٰكِنْ يُنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَا يَشَاءُ ۚ

وَلَوْ	بَسَطَ اللّٰهُ	الرِّزْقَ	لِعِبَادِهٖ	لَبَغَوْا	فِي الْأَرْضِ	وَلٰكِنْ	يُنَزِّلُ	بِقَدَرٍ	مَا يَشَاءُ
اور اگر	کشادہ کر دیتا اللہ	رزق	اپنے بندوں کے لئے	تو وہ سرکشی کرتے	زمین میں	اور لیکن	وہ اتارتا ہے	اندازے سے	جس قدر وہ چاہتا ہے

اور اگر اللہ اپنے بندوں کے لئے رزق کشادہ کر دیتا، تو وہ زمین میں سرکشی کرتے لیکن وہ اندازے سے جس قدر چاہتا ہے اُتارتا ہے،

اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۲۷﴾ وَهُوَ الَّذِىْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ مَا قَنَطُوْا

اِنَّهٗ	بِعِبَادِهٖ	خَبِيْرٌۢ	بَصِيْرٌ	وَهُوَ	الَّذِىْ	يُنَزِّلُ	الْغَيْثَ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا قَنَطُوْا
بیشک وہ	اپنے بندوں سے	باخبر	دیکھنے والا	اور وہی	وہ جو	نازل فرماتا ہے	بارش	بعد	جب وہ مایوس ہو گئے

بیشک وہ اپنے بندوں (کی ضرورتوں) سے باخبر ہے، دیکھنے والا ہے، اور اس کے بعد جب وہ ناامید ہو گئے تو وہی ہے جو بارش نازل فرماتا ہے،

وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ؕ وَهُوَ الْوَلِىُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۸﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ

وَيَنْشُرُ	رَحْمَتَهٗ	وَهُوَ	الْوَلِىُّ	الْحَمِيْدُ	وَمِنْ	اٰيٰتِهٖ	خَلْقُ	السَّمٰوٰتِ
اور پھیلاتا ہے	اپنی رحمت	اور وہی	کارساز	ستودہ صفات	اور سے	اس کی نشانیاں	پیدا کرنا	آسمانوں

اور اپنی رحمت پھیلاتا ہے، اور وہی ہے کارساز، ستودہ صفات۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے پیدا کرنا آسمانوں کا

٣ ع١٠ ٤

وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾

وَالْاَرْضِ	وَمَا	بَثَّ	فِيْهِمَا	مِنْ دَآبَّةٍ	وَهُوَ	عَلٰى جَمْعِهِمْ	اِذَا يَشَآءُ	قَدِيْرٌ
اور زمین	اور جو	اس نے پھیلائے	ان کے درمیان	چوپائے	اور وہ	ان کے جمع کرنے پر	جب وہ چاہے	قدرت رکھنے والا

اور زمین کا، اور جو اس نے ان کے درمیان چوپائے پھیلائے، اور وہ جب چاہے ان کے جمع کرنے پر قدرت رکھتا ہے۔

وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۰﴾ ؕ

وَمَآ اَصَابَكُمْ	مِّنْ مُّصِيْبَةٍ	فَبِمَا	كَسَبَتْ	اَيْدِيْكُمْ	وَيَعْفُوْا	عَنْ كَثِيْرٍ
اور جو پہنچی تمہیں	کوئی مصیبت	تو اس کے سبب جو	کمایا	تمہارے ہاتھوں	اور وہ معاف فرما دیتا ہے	بہت سے

اور تمہیں جو کوئی مصیبت پہنچی تو وہ اس کے سبب (پہنچی) جو تمہارے ہاتھوں نے کمایا (کیا)، اور وہ بہت سے (گناہ) معاف (ہی) کر دیتا ہے۔

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِى الْاَرْضِ ۚۖ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِىٍّ وَّ

وَمَا	اَنْتُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ	فِى الْاَرْضِ	وَمَا لَكُمْ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	مِنْ وَّلِىٍّ	وَ
اور نہیں	تم	عاجز کرنے والے	زمین میں	اور نہیں تمہارے لئے	اللہ کے سوا	کوئی کارساز	اور

اور تم زمین میں (اللہ تعالیٰ کو) عاجز کرنے والے نہیں ہو، اور اللہ کے سوا تمہارے لئے نہ کوئی کارساز ہے اور

لَا نَصِيْرٍ ﴿۳۱﴾ وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِى الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۳۲﴾ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ

لَا نَصِيْرٍ	وَمِنْ اٰيٰتِهِ	الْجَوَارِ	فِى الْبَحْرِ	كَالْاَعْلَامِ	اِنْ يَّشَاْ	يُسْكِنِ	الرِّيْحَ
نہ کوئی مددگار	اور اس کی نشانیوں سے	جہاز	سمندر میں	پہاڑوں جیسے	اگر وہ چاہے	وہ ٹھہرا دے	ہوا

نہ کوئی مددگار۔ اور اس کی نشانیوں میں سے سمندر میں پہاڑوں جیسے جہاز ہیں۔ اگر وہ چاہے تو ہوا کو ٹھہرا دے

فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝۳۳ اَوْ

فَيَظْلَلْنَ	رَوَاكِدَ	عَلٰى ظَهْرِهٖ	اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّكُلِّ صَبَّارٍ	شَكُوْرٍ	اَوْ
تو وہ رہ جائیں	کھڑے ہوئے	اس کی پیٹھ (سطح) پر	بیشک اس میں	البتہ نشانیاں	ہر صبر کرنے والے کیلئے	شکر کرنے والے	یا

تو اس کی سطح پر وہ کھڑے ہوئے رہ جائیں، بیشک اس میں نشانیاں ہیں ہر صبر کرنے والے، شکر کرنے والے کے لئے - یا

يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ عَنْ كَثِيْرٍ ۝۳۴ وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا ۭ

يُوْبِقْهُنَّ	بِمَا كَسَبُوْا	وَيَعْفُ	عَنْ كَثِيْرٍ	وَيَعْلَمَ	الَّذِيْنَ	يُجَادِلُوْنَ	فِيْٓ اٰيٰتِنَا
وہ انہیں ہلاک کر دے	ان کے اعمال کے سبب	اور (یا) معاف کر دے	بہتوں کو	اور جان لیں	وہ لوگ جو	جھگڑتے ہیں	ہماری آیات میں

وہ انہیں ان کے اعمال کے سبب ہلاک کر دے یا بہتوں کو معاف کر دے - اور جان لیں وہ لوگ جو ہماری آیات میں جھگڑتے ہیں،

مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ۝۳۵ فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ

مَا لَهُمْ	مِّنْ	مَّحِيْصٍ	فَمَآ اُوْتِيْتُمْ	مِّنْ شَيْءٍ	فَمَتَاعُ	الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا	وَمَا	عِنْدَ اللّٰهِ
نہیں ان کے لئے	کوئی	خلاصی	پس جو کچھ دی گئی تمہیں	کوئی شے	تو فائدہ	دنیاوی زندگی	اور جو	اللہ کے پاس

کہ ان کے لئے کوئی خلاصی (جائے فرار) نہیں۔ پس تمہیں جو کچھ کوئی شے دی گئی ہے تو وہ دنیاوی زندگی کا (ناپائیدار) فائدہ ہے، اور جو اللہ کے پاس ہے

خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝۳۶ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ

خَيْرٌ	وَّاَبْقٰى	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَلٰي رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	يَجْتَنِبُوْنَ
بہتر	اور ہمیشہ باقی رہنے والا	ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائے		اور اپنے رب پر وہ	بھروسہ کرتے ہیں	اور جو لوگ	وہ بچتے ہیں

وہ بہتر اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے، ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائے اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں - اور جو لوگ بچتے ہیں

كَبٰۗىِٕرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ۝۳۷ وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا

كَبٰۗىِٕرَ الْاِثْمِ	وَالْفَوَاحِشَ	وَاِذَا	مَا غَضِبُوْا هُمْ	يَغْفِرُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	اسْتَجَابُوْا
کبیرہ (بڑے) گناہ	اور بے حیائیاں	اور جب	وہ غصے میں ہوتے ہیں	وہ معاف کر دیتے ہیں	اور جن لوگوں نے	قبول کیا

بڑے گناہوں سے اور بے حیائیوں سے اور جب وہ غصے میں ہوتے ہیں تو معاف کر دیتے ہیں - اور جن لوگوں نے قبول کیا

لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۠ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۠ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝۳۸

لِرَبِّهِمْ	وَاَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَاَمْرُهُمْ	شُوْرٰى	بَيْنَهُمْ	وَمِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	يُنْفِقُوْنَ
اپنے رب کا (فرمان)	اور انہوں نے قائم کی	نماز	اور ان کا کام	مشورہ	باہم	اور اس سے جو	ہم نے عطا کیا انہیں	وہ خرچ کرتے ہیں

اپنے رب کا فرمان اور انہوں نے نماز قائم کی، اور ان کا کام باہم مشورہ (پر مبنی ہوتا ہے) اور جو ہم نے انہیں دیا اس میں سے وہ خرچ کرتے ہیں

وَالَّذِیْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْیُ هُمْ یَنْتَصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾ وَجَزٰٓؤُا سَیِّئَةٍ سَیِّئَةٌ مِّثْلُهَا

وَالَّذِیْنَ	اِذَآ	اَصَابَهُمُ	الْبَغْیُ	هُمْ	یَنْتَصِرُوْنَ	وَجَزٰٓؤُا	سَیِّئَةٍ	سَیِّئَةٌ	مِّثْلُهَا
اور جو لوگ	جب	انہیں پہنچے	کوئی ظلم و تعدی	وہ	بدلہ لیتے ہیں	اور بدلہ	برائی	برائی	اس جیسی

اور جو لوگ (ایسے ہیں کہ) جب ان پر کوئی ظلم و تعدی پہنچے تو وہ بدلہ لیتے ہیں۔ اور برائی کا بدلہ اسی جیسی برائی ہے

فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَی اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۴۰﴾ وَلَمَنِ انْتَصَرَ

فَمَنْ	عَفَا	وَاَصْلَحَ	فَاَجْرُهٗ	عَلَی اللّٰهِ	اِنَّهٗ	لَا یُحِبُّ	الظّٰلِمِیْنَ	وَلَمَنِ	انْتَصَرَ
سو جس	معاف کر دیا	اور اصلاح کر دی	تو اس کا اجر	اللہ پر ذمے	بیشک وہ	دوست نہیں رکھتا	(جمع) ظالم	اور البتہ جس	اس نے بدلہ لیا

سو جس نے معاف کر دیا اور اصلاح (درستی) کر دی تو اس کا اجر اللہ کے ذمے ہے، بیشک وہ ظالموں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور البتہ جس نے بدلہ لیا

بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَیْهِمْ مِّنْ سَبِیْلٍ ﴿۴۱﴾ اِنَّمَا السَّبِیْلُ عَلَی الَّذِیْنَ

بَعْدَ ظُلْمِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ	مَا عَلَیْهِمْ	مِّنْ سَبِیْلٍ	اِنَّمَا	السَّبِیْلُ	عَلَی	الَّذِیْنَ
اپنے اوپر ظلم کے بعد	سو یہ لوگ	نہیں ان پر	کوئی راہ	اس کے سوا نہیں	راہ (الزام)	پر	وہ لوگ جو

اپنے اوپر ظلم کے بعد، سو یہ لوگ ہیں جن پر کوئی راہ (الزام) نہیں۔ اس کے سوا نہیں کہ الزام ان پر ہے جو

یَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَیَبْغُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۴۲﴾

یَظْلِمُوْنَ	النَّاسَ	وَیَبْغُوْنَ	فِی الْاَرْضِ	بِغَیْرِ الْحَقِّ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عَذَابٌ اَلِیْمٌ
وہ ظلم کرتے ہیں	لوگ	اور وہ فساد کرتے ہیں	زمین میں	ناحق	یہی لوگ	ان کے لئے	دردناک عذاب

لوگوں پر ظلم کرتے ہیں، اور زمین میں ناحق فساد مچاتے ہیں، یہی لوگ ہیں جن کے لئے دردناک عذاب ہے۔

وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۴۳﴾ وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ

وَلَمَنْ	صَبَرَ	وَغَفَرَ	اِنَّ	ذٰلِكَ	لَمِنْ	عَزْمِ الْاُمُوْرِ	وَمَنْ	یُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا لَهٗ
اور البتہ جس	صبر کیا	اور معاف کر دیا	بیشک	یہ	البتہ سے	بڑی ہمت کے کام	اور جس کو	گمراہ کر دے	اللہ	تو نہیں اس کے لئے

اور البتہ جس نے صبر کیا اور معاف کر دیا تو بیشک یہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے۔ اور جس کو اللہ گمراہ کر دے تو اس کے لئے نہیں

مِنْ وَّلِیٍّ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ وَتَرَی الظّٰلِمِیْنَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ یَقُوْلُوْنَ هَلْ

مِنْ وَّلِیٍّ	مِّنْ بَعْدِهٖ	وَتَرَی	الظّٰلِمِیْنَ	لَمَّا	رَاَوُا	الْعَذَابَ	یَقُوْلُوْنَ	هَلْ
کوئی کارساز	اس کے بعد	اور تم دیکھو گے	(جمع) ظالم	جب	وہ دیکھیں گے	عذاب	وہ کہیں گے	کیا

اس کے بعد کوئی کارساز، اور تم ظالموں کو دیکھو گے کہ جب وہ عذاب دیکھیں گے (تو) وہ کہیں گے کیا

اِلٰی مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۴﴾ وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ

اِلٰی	مَرَدٍّ	مِّنْ سَبِيْلٍ	وَتَرٰىهُمْ	يُعْرَضُوْنَ	عَلَيْهَا	خٰشِعِيْنَ	مِنَ الذُّلِّ	يَنْظُرُوْنَ
طرف - کا	لوٹنا	کوئی راہ	اور تو دیکھے گا انہیں	پیش کئے جائیں گے وہ	اس (دوزخ) پر	عاجزی کرتے ہوئے	ذلت سے	وہ دیکھتے ہونگے

لوٹنے کی کوئی راہ ہے؟ اور تو دیکھے گا جب وہ عاجزی کرتے ہوئے ذلت سے دوزخ پر پیش کئے جائیں گے تو وہ دیکھتے ہوں گے

مِنْ طَرْفٍ خَفِيٍّ ۭ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

مِنْ	طَرْفٍ - خَفِيٍّ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِنَّ	الْخٰسِرِيْنَ	الَّذِيْنَ	خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ
سے	گوشۂ چشم پوشیدہ (نیم کشادہ)	اور کہیں گے	جو ایمان لائے (مومن)	بیشک	خسارہ پانے والے	وہ جنہوں نے	خسارہ میں ڈالا	اپنے آپ کو

نیم کشادہ گوشۂ چشم سے، اور مومن کہیں گے خسارہ پانے والے وہ ہیں جنہوں نے خسارے میں ڈالا اپنے آپ کو

وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ مُّقِيْمٍ ﴿۴۵﴾ وَمَا كَانَ لَهُمْ

وَاَهْلِيْهِمْ	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	اَلَآ	اِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ	فِيْ	عَذَابٍ مُّقِيْمٍ	وَمَا كَانَ	لَهُمْ
اور اپنے متعلقین	روزِ قیامت	خوب یاد رکھو	بیشک	(جمع) ظالم	میں	ہمیشہ رہنے والا عذاب	اور نہیں ہیں	ان کے لئے

اور اپنے متعلقین کو روزِ قیامت، خوب یاد رکھو! ظالم بیشک ہمیشہ رہنے والے عذاب میں ہوں گے۔ اور ان کے لئے نہیں ہیں

مِّنْ اَوْلِيَاۗءَ يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۶﴾ ۭ

مِنْ اَوْلِيَاۗءَ	يَنْصُرُوْنَهُمْ	مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ اللّٰهُ	فَمَا لَهٗ	مِنْ سَبِيْلٍ
کوئی کارساز	وہ مدد دیں انہیں	اللہ کے سوا	اور جس	گمراہ کردے اللہ	تو نہیں اس کے لئے	کوئی راستہ

کوئی کارساز جو انہیں اللہ کے سوا مدد دیں، اور جس کو اللہ گمراہ کردے اس کے لئے (ہدایت کا) کوئی راستہ نہیں ۔

اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ

اِسْتَجِيْبُوْا	لِرَبِّكُمْ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ يَّاْتِيَ	يَوْمٌ	لَا مَرَدَّ	لَهٗ	مِنَ اللّٰهِ	مَا لَكُمْ	مِنْ
تم قبول کرلو	اپنے رب کا (فرمان)	اس سے قبل	کہ آئے	وہ دن	پھیرنے والا نہیں	اس کے لئے	اللہ سے	نہیں تمہارے لئے	کوئی

تم اپنے رب کا فرمان اس سے قبل قبول کرلو کہ وہ دن آئے جس کو اللہ کی جانب سے کوئی پھیرنے والا نہیں، تمہارے لئے نہیں

مَّلْجَاٍ يَّوْمَىِٕذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿۴۷﴾ فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ

اُتارا ہوا	سے	رب	تمام جہانوں	تو کیا اس	بات	تم	سستی کرنیوالے (منکر)	اور تم بناتے ہو

تمام جہانوں کے رب (کی طرف) سے اُتارا ہوا ہے۔ تو کیا تم اس بات کے منکر ہو؟ اور تم بناتے ہو

رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿۸۳﴾ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿۸۴﴾

رِزْقَكُمْ	اَنَّكُمْ	تُكَذِّبُوْنَ	فَلَوْلَا	اِذَا	بَلَغَتِ	الْحُلْقُوْمَ	وَاَنْتُمْ	حِيْنَئِذٍ	تَنْظُرُوْنَ
اپنا رزق (وظیفہ)	کہ تم	جھٹلاتے ہو	پھر کیوں نہیں	جب	پہنچتی ہے	حلق کو	اور تم	اس وقت	تکتے ہو

جھٹلانے کو اپنا وظیفہ۔ پھر کیوں نہیں! جب (کسی کی جان) حلق کو پہنچتی ہے۔ اور اس وقت تم تکتے ہو۔

وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿۸۶﴾

وَنَحْنُ	اَقْرَبُ	اِلَيْهِ	مِنْكُمْ	وَلٰكِنْ	لَا تُبْصِرُوْنَ	فَلَوْلَا	اِنْ كُنْتُمْ	غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ
اور ہم	زیادہ قریب	اس کے	تم سے	اور لیکن	تم نہیں دیکھتے	تو کیوں نہیں	اگر تم	کسی کے تحت میں نہ آنیوالے (خود مختار)

اور ہم تم سے بھی زیادہ اس سے قریب (ہوتے ہیں)، لیکن تم نہیں دیکھتے۔ تو کیوں نہیں؟ اگر تم خود مختار ہو۔

تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۸۷﴾ فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۸۸﴾ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ

تَرْجِعُوْنَهَا	اِنْ كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	فَاَمَّا	اِنْ كَانَ	مِنَ	الْمُقَرَّبِيْنَ	فَرَوْحٌ	وَرَيْحَانٌ
تم اسے لوٹالو	اگر تم	سچے (جمع)	پس جو	اگر ہو	سے	مقرب لوگوں	تو راحت	اور خوشبودار پھول

تم اسے (روح کو) لوٹالو اگر تم سچے ہو۔ پس جو (مرنے والا) اگر مقرب لوگوں میں سے ہو تو (اس کے لئے) راحت، اور خوشبودار پھول

وَّ جَنّٰتُ نَعِیۡمٍ ﴿۸۹﴾ وَ اَمَّاۤ اِنۡ کَانَ مِنۡ اَصۡحٰبِ الۡیَمِیۡنِ ﴿ۙ۹۰﴾ فَسَلٰمٌ لَّکَ مِنۡ

مِنۡ	لَّکَ	فَسَلٰمٌ	اَصۡحٰبِ الۡیَمِیۡنِ	مِنۡ	اِنۡ کَانَ	وَ اَمَّاۤ	نَعِیۡمٍ	وَّ جَنّٰتُ
سے	تیرے لئے	تو سلامتی	دائیں ہاتھ والے	سے	اگر وہ ہو	اور البتہ	نعمتوں کے	اور باغ

اور نعمتوں کے باغ ہیں۔ اور البتہ اگر وہ دائیں ہاتھ والوں میں سے ہو۔ تو تیرے لئے سلامتی ہے

اَصۡحٰبِ الۡیَمِیۡنِ ﴿ؕ۹۱﴾ وَ اَمَّاۤ اِنۡ کَانَ مِنَ الۡمُکَذِّبِیۡنَ الضَّآلِّیۡنَ ﴿ۙ۹۲﴾ فَنُزُلٌ مِّنۡ حَمِیۡمٍ ﴿۹۳﴾

حَمِیۡمٍ	مِنۡ	فَنُزُلٌ	الضَّآلِّیۡنَ	الۡمُکَذِّبِیۡنَ	مِنَ	اِنۡ کَانَ	وَ اَمَّاۤ	اَصۡحٰبِ الۡیَمِیۡنِ
کھولتا ہوا پانی	سے	تو مہمانی	گمراہ (جمع)	جھٹلانے والوں	سے	اگر وہ ہو	اور البتہ	دائیں ہاتھ والوں

دائیں ہاتھ والوں سے۔ اور البتہ اگر گمراہ، جھٹلانے والوں میں سے ہو تو (اس کی) مہمانی کھولتا ہوا پانی ہے،

وَّ تَصۡلِیَۃُ جَحِیۡمٍ ﴿۹۴﴾ اِنَّ ہٰذَا لَہُوَ حَقُّ الۡیَقِیۡنِ ﴿ۚ۹۵﴾ فَسَبِّحۡ

فَسَبِّحۡ	حَقُّ الۡیَقِیۡنِ	لَہُوَ	ہٰذَا	اِنَّ	جَحِیۡمٍ	وَّ تَصۡلِیَۃُ
پس آپ پاکیزگی بیان کریں	یقینی بات	البتہ یہ	یہ	بیشک	دوزخ	اور اسے ڈال دینا

اور اسے دوزخ میں ڈال دینا ہے۔ بیشک یہ البتہ یقینی بات ہے۔ پس آپ پاکیزگی بیان کریں

باسۡمِ رَبِّکَ الۡعَظِیۡمِ ﴿ع۹۶﴾

الۡعَظِیۡمِ	رَبِّکَ	باسۡمِ
عظمت والے	اپنے رب	نام کی

اپنے عظمت والے رب کے نام کی۔

ع ۳ | ۴۲ | ۱۶

اٰیاتُھا ۲۹ — ۵۷ سُوۡرَۃُ الۡحَدِیۡدِ مَدَنِیَّۃٌ ۹۴ — رُکُوۡعَاتُھا ۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ۚ وَ ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ﴿۱﴾ لَہٗ مُلۡکُ السَّمٰوٰتِ

السَّمٰوٰتِ	مُلۡکُ	لَہٗ	الۡحَکِیۡمُ	الۡعَزِیۡزُ	وَ ہُوَ	وَ الۡاَرۡضِ	فِی السَّمٰوٰتِ	مَا	لِلّٰہِ	سَبَّحَ
آسمانوں	بادشاہت	اسی کے لئے	حکمت والا	غالب	اور وہ	اور زمین	آسمانوں میں	جو	اللہ کو	پاکیزگی سے یاد کرتا ہے

اللہ کو پاکیزگی سے یاد کرتا ہے، جو بھی، آسمانوں میں اور زمین میں ہے، اور وہ غالب، حکمت والا ہے۔ اسی کے لئے ہے بادشاہت آسمانوں کی

وَالۡاَرۡضِ ۚ يُحۡيٖ وَيُمِيۡتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۲﴾ هُوَ الۡاَوَّلُ وَالۡاٰخِرُ وَ

وَالۡاَرۡضِ	يُحۡيٖ	وَيُمِيۡتُ	وَهُوَ	عَلٰى	كُلِّ شَىۡءٍ	قَدِيۡرٌ	هُوَ	الۡاَوَّلُ	وَالۡاٰخِرُ	وَ
اور زمین	وہ زندگی دیتا ہے	وہ موت دیتا ہے	اور وہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	وہی	اوّل	اور آخر	اور

اور زمین کی، وہی زندگی دیتا ہے، اور وہی موت دیتا ہے، اور وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے اور وہی اوّل ہے (وہی) آخر ہے، اور (وہی)

الظَّاهِرُ وَالۡبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿۳﴾ هُوَ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

الظَّاهِرُ	وَالۡبَاطِنُ	وَهُوَ	بِكُلِّ شَىۡءٍ	عَلِيۡمٌ	هُوَ	الَّذِىۡ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَ
ظاہر	اور باطن	اور وہ	ہر شے کو	خوب جاننے والا	وہی	جس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور

ظاہر اور باطن ہے، اور وہ ہر شے کو خوب جاننے والا ہے ۔ وہی جس نے پیدا کیا آسمانوں کو اور

الۡاَرۡضَ فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰى عَلَى الۡعَرۡشِ ؕ يَعۡلَمُ مَا يَلِجُ فِى الۡاَرۡضِ وَ

الۡاَرۡضَ	فِىۡ	سِتَّةِ اَيَّامٍ	ثُمَّ	اسۡتَوٰى	عَلَى الۡعَرۡشِ	يَعۡلَمُ	مَا	يَلِجُ	فِى الۡاَرۡضِ	وَ
زمین	میں	چھ دن	پھر	اس نے قرار پکڑا	عرش پر	وہ جانتا ہے	جو داخل ہوتا ہے		زمین میں	اور

زمین کو، چھ دن میں، پھر اس نے عرش پر قرار پکڑا، وہ جانتا ہے جو زمین میں داخل ہوتا ہے، اور

مَا يَخۡرُجُ مِنۡهَا وَمَا يَنۡزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعۡرُجُ فِيۡهَا ؕ وَهُوَ مَعَكُمۡ اَيۡنَ مَا

مَا يَخۡرُجُ	مِنۡهَا	وَمَا يَنۡزِلُ	مِنَ السَّمَآءِ	وَمَا يَعۡرُجُ	فِيۡهَا	وَهُوَ	مَعَكُمۡ	اَيۡنَ مَا
جو نکلتا ہے	اس سے	اور جو اترتا ہے	آسمانوں سے	اور جو چڑھتا ہے	اس میں	اور وہ	تمہارے ساتھ	جہاں کہیں

جو اس سے نکلتا ہے، اور جو آسمانوں سے اترتا ہے، اور جو اس میں چڑھتا ہے، اور وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں (بھی)

كُنۡتُمۡ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ﴿۴﴾ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

كُنۡتُمۡ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعۡمَلُوۡنَ	بَصِيۡرٌ	لَهٗ	مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ	وَالۡاَرۡضِ	وَاِلَى اللّٰهِ
تم ہو	اور اللہ	اسے جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا ہے	اسی کے لئے	بادشاہت آسمانوں	اور زمین	اور اللہ کی طرف

تم ہو، اور جو تم کرتے ہو اللہ اسے دیکھنے والا ہے ۔ اسی کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت، اور اللہ کی طرف ہے

تُرۡجَعُ الۡاُمُوۡرُ ﴿۵﴾ يُوۡلِجُ الَّيۡلَ فِى النَّهَارِ وَيُوۡلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيۡلِ ؕ وَهُوَ عَلِيۡمٌ

تُرۡجَعُ	الۡاُمُوۡرُ	يُوۡلِجُ	الَّيۡلَ	فِى النَّهَارِ	وَيُوۡلِجُ	النَّهَارَ	فِى الَّيۡلِ	وَهُوَ	عَلِيۡمٌ
بازگشت	تمام کاموں	وہ داخل کرتا ہے	رات	دن میں	اور داخل کرتا ہے	دن	رات میں	اور وہ	جاننے والا

تمام کاموں کی بازگشت ۔ وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے، اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے، اور وہ خوب جاننے والا ہے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝٦ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ اَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	اٰمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَاَنْفِقُوْا	مِمَّا	جَعَلَكُمْ	مُّسْتَخْلَفِيْنَ
دلوں کی بات کو	تم ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول	اور خرچ کرو	اس سے جو	اس نے تمہیں بنایا	جانشین

دلوں کی بات (ذتک) کو۔ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس (مال) میں سے خرچ کرو جس میں اس نے تمہیں جانشین بنایا ہے

فِيْهِ ۚ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَ اَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝٧ وَ مَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ

فِيْهِ	فَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَاَنْفَقُوْا	لَهُمْ	اَجْرٌ كَبِيْرٌ	وَمَا لَكُمْ	لَا تُؤْمِنُوْنَ
اس میں	پس جو لوگ	وہ ایمان لائے	تم میں سے	اور انہوں نے خرچ کیا	ان کے لئے	بڑا اجر	اور کیا (ہو گیا ہے) تمہیں	تم ایمان نہیں لاتے

پس تم میں سے جو لوگ ایمان لائے، اور انہوں نے خرچ کیا ا ان کے لئے بڑا اجر ہے۔ اور تمہیں کیا ہو گیا ہے ؟ کہ تم ایمان نہیں لاتے

بِاللّٰهِ ۚ وَ الرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا بِرَبِّكُمْ وَ قَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

بِاللّٰهِ	وَالرَّسُوْلُ	يَدْعُوْكُمْ	لِتُؤْمِنُوْا	بِرَبِّكُمْ	وَقَدْ اَخَذَ	مِيْثَاقَكُمْ	اِنْ كُنْتُمْ
اللہ پر	اور رسول	وہ تمہیں بلاتے ہیں	کہ تم ایمان لاؤ	اپنے رب پر	اور یقیناً وہ لے چکا ہے	تم سے عہد	اگر تم ہو

اللہ پر اور اس کا رسول تمہیں بلا تا ہے کہ تم اپنے رب کے ساتھ ایمان لے آؤ، اور وہ یقیناً تم سے عہد لے چکا ہے، اگر تم

مُّؤْمِنِيْنَ ۝٨ هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖۤ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ

مُّؤْمِنِيْنَ	هُوَ الَّذِيْ	يُنَزِّلُ	عَلٰى	عَبْدِهٖ	اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ	لِّيُخْرِجَكُمْ	مِّنَ
ایمان والے	وہی ہے جو	نازل فرماتا ہے	پر	اپنا بندہ	واضح آیات	تاکہ وہ تمہیں نکالے	سے

ایمان والے ہو۔ وہی ہے جو اپنے بندے پر واضح آیات نازل فرماتا ہے، تاکہ وہ تمہیں نکالے

الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝٩ وَ مَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ

الظُّلُمٰتِ	اِلَى النُّوْرِ	وَاِنَّ	اللّٰهَ	بِكُمْ	لَرَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ	وَمَا لَكُمْ	اَلَّا تُنْفِقُوْا	فِيْ سَبِيْلِ
اندھیروں سے	روشنی کی طرف	اور بیشک	اللہ	تم پر	شفقت کرنیوالا	نہایت مہربان	اور کیا (ہو گیا ہے) تمہیں	تم خرچ نہیں کرتے	راستہ میں

اندھیروں سے روشنی کی طرف، اور اللہ بے شک تم پر شفقت کرنے والا مہربان ہے۔ اور تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ کہ تم خرچ نہیں کرتے راستے میں

اللّٰهِ وَ لِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ

اللّٰهِ	وَلِلّٰهِ	مِيْرَاثُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	لَا يَسْتَوِيْ	مِنْكُمْ	مَّنْ اَنْفَقَ	مِنْ قَبْلِ
اللہ	اور اللہ کے لئے	میراث	آسمانوں	اور زمین	برابر نہیں	تم میں سے	جس نے خرچ کیا	پہلے

اللہ کے، اور آسمانوں اور زمین کی میراث (باقی رہ جانے والا سب) اللہ کے لئے ہے، تم میں سے برابر نہیں، وہ جس نے خرچ کیا پہلے

الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ۚ اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا ۚ

الْفَتْحِ	وَقٰتَلَ	اُولٰٓئِكَ	اَعْظَمُ	دَرَجَةً	مِّنَ	الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا	مِنْۢ بَعْدُ	وَقٰتَلُوْا
فتح	اور قتال کیا	یہ لوگ	بڑے	درجہ میں	سے	جنہوں نے خرچ کیا	بعد میں	اور انہوں نے قتال کیا

فتح (مکہ) سے، اور قتال کیا، یہ لوگ درجے میں (اُن سے) بڑے ہیں جنہوں نے بعد میں خرچ کیا، اور انہوں نے قتال کیا

وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۰﴾ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ

وَكُلًّا	وَعَدَ	اللّٰهُ	الْحُسْنٰى	وَاللّٰهُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	مَنْ ذَا الَّذِيْ	يُقْرِضُ اللّٰهَ
اور ہر ایک	وعدہ کیا	اللہ نے	اچھا	اور اللہ	اس سے جو تم کرتے ہو	باخبر	کون ہے جو	قرض دے اللہ کو

اور اللہ نے ہر ایک سے اچھا وعدہ کیا ہے اور تم جو کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ کون ہے جو اللہ کو قرض دے؟

قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۱﴾ يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

قَرْضًا حَسَنًا	فَيُضٰعِفَهٗ	لَهٗ	وَلَهٗ	اَجْرٌ كَرِيْمٌ	يَوْمَ	تَرَى	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَالْمُؤْمِنٰتِ
قرض حسنہ	پھر وہ اسکا دو چند دے	اس کو	اور اس کے لئے	اجر بڑا عمدہ	جس دن	تم دیکھو گے	مومن مردوں	اور مومن عورتوں

قرض حسنہ (اچھا قرض) اور وہ اس کو اس کا دو چند دے، اور اس کے لئے بڑا عمدہ اجر ہے۔ جس دن تم مومن مردوں اور مومن عورتوں کو دیکھو گے

يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

يَسْعٰى	نُوْرُهُمْ	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَبِاَيْمَانِهِمْ	بُشْرٰىكُمُ	الْيَوْمَ	جَنّٰتٌ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا
دوڑتا ہوگا	ان کا نور	ان کے سامنے	اور ان کے دائیں	خوشخبری ہے تمہیں	آج	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے

اُن کا نور اُن کے سامنے اور اُن کے دائیں دوڑتا ہوگا، تمہیں آج خوشخبری ہے باغات کی جن کے نیچے بہتی ہیں

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۗ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ

الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ	يَوْمَ يَقُوْلُ	الْمُنٰفِقُوْنَ	وَ
نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے	اس میں	یہ	وہ۔ یہ	کامیابی بڑی	جس دن کہیں گے	منافق مرد (جمع)	اور

نہریں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، یہ بڑی کامیابی ہے۔ جس دن کہیں گے منافق مرد اور

الْمُنٰفِقٰتُ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ

الْمُنٰفِقٰتُ	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	انْظُرُوْنَا	نَقْتَبِسْ	مِنْ	نُوْرِكُمْ	قِيْلَ	ارْجِعُوْا	وَرَآءَكُمْ
منافق عورتیں	ان لوگوں کو جو	وہ ایمان لائے	ہماری طرف نگاہ کرو	ہم حاصل کرلیں	سے	تمہارا نور	کہا جائے گا	لوٹ جاؤ تم	اپنے پیچھے

منافق عورتیں، ان لوگوں کو جو ایمان لائے، ہماری طرف نگاہ کرو، ہم تمہارے نور سے (کچھ) حاصل کرلیں، کہا جائیگا اپنے پیچھے لوٹ جاؤ

فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ۭ فَضُرِبَ بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ۭ بَاطِنُهٗ فِيْهِ الرَّحْمَةُ وَ

فَالْتَمِسُوْا	نُوْرًا	فَضُرِبَ	بَيْنَهُمْ	بِسُوْرٍ	لَّهٗ	بَابٌ	بَاطِنُهٗ	فِيْهِ	الرَّحْمَةُ	وَ
پھر تم تلاش کرو	نور	پھر ماری (کھڑی کر دی) جائیگی	انکے درمیان	ایک دیوار	اس کا	ایک دروازہ	اس کے اندر	اس میں	رحمت ۔	اور

پس وہاں، نور تلاش کرو۔ پھر ان کے درمیان ایک دیوار کھڑی کر دی جائے گی، اس کا ایک دروازہ ہوگا، اس کے اندر رحمت اور

ظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ الْعَذَابُ ۝۱۳ يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ

ظَاهِرُهٗ	مِنْ قِبَلِهِ	الْعَذَابُ	يُنَادُوْنَهُمْ	اَلَمْ نَكُنْ	مَّعَكُمْ	قَالُوْا	بَلٰى	وَلٰكِنَّكُمْ
اس کے باہر	اس کی طرف سے	عذاب	وہ انہیں پکاریں گے	کیا ہم نہ تھے	تمہارے ساتھ	وہ کہیں گے	ہاں	اور لیکن تم

اور اس کے باہر کی طرف عذاب ہوگا - وہ (منافق)، اُن (مسلمانوں) کو پکاریں گے کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ وہ کہیں گے ہاں (کیوں نہیں!) لیکن

فَتَنْتُمْ اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَاۗءَ اَمْرُ اللّٰهِ

فَتَنْتُمْ	اَنْفُسَكُمْ	وَتَرَبَّصْتُمْ	وَارْتَبْتُمْ	وَغَرَّتْكُمُ	الْاَمَانِيُّ	حَتّٰى	جَاۗءَ	اَمْرُ اللّٰهِ
تم نے فتنہ میں ڈالا	اپنی جانوں کو	اور تم انتظار کرتے	اور تم شک کرتے تھے	اور تمہیں دھوکے میں ڈالا	تمہاری جھوٹی آرزوئیں	یہاں تک کہ	آگیا	اللہ کا حکم

تم نے اپنی جانوں کو فتنے میں ڈالا اور تم (مسلمانوں پر آفت کا) انتظار کرتے، اور شک کرتے تھے اور تمہیں تمہاری جھوٹی آرزوؤں نے دھوکے میں ڈالا، یہاں تک کہ اللہ کا حکم آگیا

وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝۱۴ فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا مِنَ الَّذِيْنَ

وَغَرَّكُمْ	بِاللّٰهِ	الْغَرُوْرُ	فَالْيَوْمَ	لَا يُؤْخَذُ	مِنْكُمْ	فِدْيَةٌ	وَّلَا	مِنَ	الَّذِيْنَ
اور تمہیں دھوکے میں ڈالا	اللہ کے بارے میں	دھوکہ دینے والے	سو آج	نہ لیا جائے گا	تم سے	کوئی فدیہ	اور نہ	سے	وہ لوگ جنہوں نے

اور اللہ کے بارے میں تمہیں دھوکہ دینے والے (شیطان) نے دھوکہ میں ڈالا، سو آج نہ تم سے کوئی فدیہ لیا جائے گا، نہ اُن لوگوں سے

كَفَرُوْا ۭ مَاْوٰىكُمُ النَّارُ ۭ هِيَ مَوْلٰىكُمْ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۱۵ اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

كَفَرُوْا	مَاْوٰىكُمُ	النَّارُ	هِيَ	مَوْلٰىكُمْ	وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	اَلَمْ	يَاْنِ	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا
کفر کیا	تمہارا ٹھکانہ	جہنم	یہ	تمہارا رفیق	اور بُری	جائے بازگشت	کیا نزدیک (وقت) نہیں آیا		اُن لوگوں کے لئے جو ایمان لائے (مومن)	

جنہوں نے کفر کیا، تمہارا ٹھکانہ جہنم ہے، یہ تمہارا رفیق ہے اور بُری جائے بازگشت ہے۔ کیا مومنوں کے لئے ابھی وقت نہیں آیا؟

اَنْ تَخْشَعَ قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ ۙ وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ

اَنْ	تَخْشَعَ	قُلُوْبُهُمْ	لِذِكْرِ اللّٰهِ	وَمَا نَزَلَ	مِنَ	الْحَقِّ	وَلَا يَكُوْنُوْا	كَالَّذِيْنَ
کہ	جھک جائیں	ان کے دل	اللہ کی یاد کے لئے	اور جو نازل ہوا	سے	حق	اور وہ نہ ہو جائیں	ان لوگوں کی طرح

کہ ان کے دل اللہ کی یاد کے لئے جھک جائیں اور (اس کے لئے) جو حق تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا ہے، اور وہ ان لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں

أُوتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَكَثِيرٌ مِنْهُمْ

مِنْهُمْ	وَكَثِيرٌ	قُلُوبُهُمْ	فَقَسَتْ	الْأَمَدُ	عَلَيْهِمُ	فَطَالَ	مِنْ قَبْلُ	أُوتُوا الْكِتٰبَ
ان میں سے	اور اکثر	ان کے دل	پھر سخت ہو گئے	مدت	ان پر	تو دراز ہو گئی	اس سے قبل	جنہیں کتاب دی گئی

جنہیں اس سے قبل کتاب دی گئی، تو ان پر مدت دراز ہو گئی۔ پھر ان کے دل سخت ہو گئے، اور ان میں سے اکثر

فٰسِقُونَ ﴿۱۶﴾ اِعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ

الْاٰيٰتِ	لَكُمُ	قَدْ بَيَّنَّا	بَعْدَ مَوْتِهَا	الْأَرْضَ	يُحْيِ	أَنَّ اللّٰهَ	اِعْلَمُوا	فٰسِقُونَ
نشانیاں	تمہارے لئے	تحقیق ہم نے بیان کر دی	اس کے مرنے کے بعد	زمین	زندہ کرتا ہے	کہ اللہ	تم جان لو	(جمع) فاسق (نافرمان)

نافرمان ہیں۔ (خوب) جان لو اللہ زمین کو اس کے مرنے کے بعد زندہ کرتا ہے۔ تحقیق ہم نے تمہارے لئے نشانیاں بیان کر دی ہیں

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿۱۷﴾ إِنَّ الْمُصَّدِّقِينَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَأَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

حَسَنًا	قَرْضًا	اللّٰهَ	وَأَقْرَضُوا	وَالْمُصَّدِّقٰتِ	الْمُصَّدِّقِينَ	إِنَّ	تَعْقِلُونَ	لَعَلَّكُمْ
حسنہ (اچھا)	قرض	اللہ	اور جنہوں نے قرض دیا	اور خیرات کرنے والی عورتیں	خیرات کرنے والے مرد	بیشک	سمجھو	تاکہ تم

تاکہ تم سمجھو۔ بیشک خیرات کرنے والے مرد، اور خیرات کرنے والی عورتیں، اور جنہوں نے اللہ کو قرض حسنہ (اچھا قرض) دیا،

يُضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ أَجْرٌ كَرِيمٌ ﴿۱۸﴾ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهِ

وَرُسُلِهِ	بِاللّٰهِ	اٰمَنُوا	وَالَّذِينَ	كَرِيمٌ	أَجْرٌ	وَلَهُمْ	لَهُمْ	يُضٰعَفُ
اور اس کے رسول (جمع)	اللہ پر	ایمان لائے	اور جو لوگ	بڑا عمدہ	اجر	اور ان کے لئے	ان کے لئے	دہ دو چند کر دیا جائے گا

دہ ان کے لئے دو چند کر دیا جائے گا، اور ان کے لئے بڑا عمدہ اجر ہے۔ اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے

أُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيقُونَ ۖ وَالشُّهَدَاءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۖ لَهُمْ أَجْرُهُمْ وَ

وَ	أَجْرُهُمْ	لَهُمْ	عِنْدَ رَبِّهِمْ	وَالشُّهَدَاءُ	الصِّدِّيقُونَ	هُمُ	أُولٰٓئِكَ
اور	ان کا اجر	ان کے لئے	اپنے رب کے نزدیک	اور (جمع) شہید	(جمع) صدیق	وہی	یہی لوگ

یہی لوگ ہیں اپنے رب کے نزدیک صدیق (سچے) اور شہید ان کے لئے ان کا اجر ہے، اور

نُورُهُمْ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِاٰيٰتِنَا أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْجَحِيمِ ﴿۱۹﴾ اِعْلَمُوا

۲ ع ۹ ۱۸

اِعْلَمُوا	أَصْحٰبُ الْجَحِيمِ	أُولٰٓئِكَ	بِاٰيٰتِنَا	وَكَذَّبُوا	كَفَرُوا	وَالَّذِينَ	نُورُهُمْ
تم جان لو	دوزخ والے	یہی لوگ	ہماری آیتوں کو	اور جھٹلایا	کفر کیا	اور جنہوں نے	ان کا نور

ان کا نور ہے، اور جنہوں نے کفر کیا، اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا، یہی لوگ دوزخ والے ہیں۔ تم (خوب) جان لو

اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ

اِنَّمَا	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا	لَعِبٌ	وَّلَهْوٌ	وَّزِيْنَةٌ	وَّتَفَاخُرٌۢ	بَيْنَكُمْ	وَتَكَاثُرٌ
اس کے سوا نہیں	دنیا کی زندگی	کھیل	اور کود	اور زینت	اور فخر کرنا	باہم	اور کثرت کی خواہش

اس کے سوا نہیں کہ دنیا کی زندگی (محض) کھیل کود ہے، اور ایک زینت، اور باہم فخر (خودستائی) کرنا اور کثرت کی خواہش کرنا

فِى الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ۭ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ

فِى الْاَمْوَالِ	وَالْاَوْلَادِ	كَمَثَلِ غَيْثٍ	اَعْجَبَ	الْكُفَّارَ	نَبَاتُهٗ	ثُمَّ يَهِيْجُ	فَتَرٰىهُ
مالوں میں	اور اولاد	بارش کی طرح	بھلی لگی	کاشتکار	اسکی پیداوار	پھر وہ زور پکڑتی ہے	سو تو اس کو دیکھتا ہے

مالوں میں اور اولاد میں، بارش کی طرح کہ کاشتکار کو اس کی پیداوار بھلی لگی، پھر وہ زور پکڑتی ہے پھر تو اس کو دیکھتا ہے

مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطٰمًا ۭ وَفِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ

مُصْفَرًّا	ثُمَّ	يَكُوْنُ	حُطٰمًا	وَفِى الْاٰخِرَةِ	عَذَابٌ شَدِيْدٌ	وَّمَغْفِرَةٌ	مِّنَ
زرد	پھر	وہ ہو جاتی ہے	چورا چورا	اور آخرت میں	سخت عذاب	اور مغفرت	سے

زرد، پھر وہ چورا چورا ہو جاتی ہے، اور آخرت میں سخت عذاب بھی ہے، اور مغفرت بھی ہے

اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ⑳ سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ

اللّٰهِ	وَرِضْوَانٌ	وَمَا	الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ	اِلَّا	مَتَاعُ الْغُرُوْرِ	سَابِقُوْٓا	اِلٰى	مَغْفِرَةٍ
اللہ	اور رضامندی	اور نہیں	دنیا کی زندگی	مگر صرف	دھوکے کا سامان	تم دوڑو	طرف	مغفرت

اللہ کی (طرف) سے اور رضامندی، اور دنیا کی زندگی دھوکے کے سامان کے سوا کچھ نہیں۔ تم دوڑو مغفرت کی طرف

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَاۗءِ وَالْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

مِّنْ رَّبِّكُمْ	وَجَنَّةٍ	عَرْضُهَا	كَعَرْضِ السَّمَاۗءِ	وَالْاَرْضِ	اُعِدَّتْ	لِلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
اپنے رب کی طرف سے	اور جنت	اسکی چوڑائی (وسعت)	جیسے آسمان کی چوڑائی (وسعت)	اور زمین	وہ تیار کی گئی	ان لوگوں کے لئے جو	ایمان لائے

اپنے رب کی، اور اس جنت کی طرف، جس کی وسعت آسمانوں اور زمین کی وسعت جیسی (برابر) ہے اور ان لوگوں کے لئے تیار کی گئی ہے جو ایمان لائے

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ㉑

بِاللّٰهِ	وَرُسُلِهٖ	ذٰلِكَ	فَضْلُ اللّٰهِ	يُؤْتِيْهِ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَاللّٰهُ	ذُو الْفَضْلِ	الْعَظِيْمِ
اللہ پر	اور اسکے رسولوں	یہ	اللہ کا فضل	وہ اسکو دیتا ہے	جسے وہ چاہے	اور اللہ	فضل والا	بڑے

اللہ اور اس کے رسولوں پر، یہ اللہ کا فضل ہے، وہ اس کو دیتا ہے جسے وہ چاہتا ہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِىْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ

مَآ اَصَابَ	مِنْ مُّصِيْبَةٍ	فِى الْاَرْضِ	وَلَا	فِىْٓ اَنْفُسِكُمْ	اِلَّا	فِىْ	كِتٰبٍ	مِّنْ قَبْلِ
نہیں پہنچتی	کوئی مصیبت	زمین میں	اور نہ	تمہاری جانوں میں	مگر	کتاب میں		اس سے قبل

کوئی مصیبت نہیں پہنچتی زمین میں اور نہ تمہاری جانوں میں مگر کتاب (لوحِ محفوظ) میں (درج) ہے، اس سے پہلے کہ

اَنْ نَّبْرَاَهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۲۲﴾ لِّكَيْلَا تَاْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا

اَنْ نَّبْرَاَهَا	اِنَّ	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ	يَسِيْرٌ	لِّكَيْلَا تَاْسَوْا	عَلٰى	مَا فَاتَكُمْ	وَلَا تَفْرَحُوْا
کہ ہم پیدا کریں اس کو	بیشک	یہ	اللہ پر	آسان	تاکہ تم غم نہ کھاؤ	پر	جو تم سے جاتی رہے	اور نہ تم خوش ہو

ہم اس کو پیدا کریں، بیشک یہ اللہ پر آسان ہے۔ تاکہ تم اس پر غم نہ کھاؤ، جو تم سے جاتی رہے، اور نہ خوش ہو

بِمَآ اٰتٰىكُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ﴿۲۳﴾ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ

بِمَآ اٰتٰىكُمْ	وَاللّٰهُ	لَا يُحِبُّ	كُلَّ	مُخْتَالٍ	فَخُوْرِ	الَّذِيْنَ	يَبْخَلُوْنَ	وَيَاْمُرُوْنَ
اس پر جو اس نے تمہیں دیا	اور اللہ	پسند نہیں کرتا	ہر ایک کسی	اترانے والا	فخر کرنے والا	جو لوگ	بخل کرتے ہیں	اور حکم (ترغیب) دیتے ہیں

اس پر جو اس نے تمہیں دیا، اور اللہ کسی اترانے والے، فخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا۔ جو لوگ بخل کرتے ہیں اور ترغیب دیتے ہیں

النَّاسَ بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِىُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۴﴾ لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا

النَّاسَ	بِالْبُخْلِ	وَمَنْ	يَّتَوَلَّ	فَاِنَّ اللّٰهَ	هُوَ الْغَنِىُّ	الْحَمِيْدُ	لَقَدْ اَرْسَلْنَا	رُسُلَنَا
لوگ	بخل کا	اور جو	منہ پھیرلے	تو بیشک اللہ	وہ بے نیاز	سزاوار حمد	تحقیق ہم نے بھیجا	اپنے رسولوں

لوگوں کو بخل کی، اور جو منہ پھیرلے تو بے شک اللہ بے نیاز، سزاوارِ حمد (ستودہ صفات) ہے۔ تحقیق ہم نے اپنے رسولوں کو بھیجا

بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَ

بِالْبَيِّنٰتِ	وَاَنْزَلْنَا	مَعَهُمُ	الْكِتٰبَ	وَالْمِيْزَانَ	لِيَقُوْمَ النَّاسُ	بِالْقِسْطِ	وَ
واضح دلائل کے ساتھ	اور ہم نے آتاری	ان کے ساتھ	کتاب	اور میزان (عدل)	تاکہ لوگ قائم رہیں	انصاف پر	اور

واضح دلائل کے ساتھ اور ہم نے ان کے ساتھ آتاری کتاب اور میزانِ عدل تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں، اور

اَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَ

اَنْزَلْنَا	الْحَدِيْدَ	فِيْهِ	بَاْسٌ شَدِيْدٌ	وَّمَنَافِعُ	لِلنَّاسِ	وَلِيَعْلَمَ	اللّٰهُ	مَنْ يَّنْصُرُهٗ	وَ
ہم نے آتارا	لوہا	اس میں	لڑائی (خطرہ) سخت	اور منافع	لوگوں کے لئے	اور تاکہ معلوم کرلے	اللہ	کون مدد کرتا ہے اس کی	اور

ہم نے لوہا آتارا، اس میں سخت خطرہ (بلا کی سختی) ہے اور لوگوں کے لئے کئی منافع، ہیں اور تاکہ اللہ معلوم کرلے کون اس کی مدد کرتا ہے، اور

۳ ع ۶ ۱۹

رُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝۲۵ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ

رُسُلَهٗ	بِالْغَيْبِ	اِنَّ اللّٰهَ	قَوِيٌّ	عَزِيْزٌ	وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا	نُوْحًا	وَ	اِبْرٰهِيْمَ
اور اسکے رسول	بن دیکھے	بیشک اللہ	قوی	غالب	اور تحقیق ہم نے بھیجا	نوح	اور	ابراہیمؑ

اور اس کے رسولوں کی، بن دیکھے، بیشک اللہ قوی، غالب ہے۔ اور تحقیق ہم نے نوحؑ اور ابراہیمؑ کو بھیجا

وَجَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ

وَجَعَلْنَا	فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا	النُّبُوَّةَ	وَالْكِتٰبَ	فَمِنْهُمْ	مُّهْتَدٍ	وَكَثِيْرٌ	مِّنْهُمْ
اور ہم نے رکھی	ان کی اولاد میں	نبوت	اور کتاب	سو ان میں سے کچھ	ہدایت یافتہ	اور اکثر	ان میں سے

اور ہم نے ان کی اولاد میں نبوت اور کتاب رکھی۔ سو ان میں سے کچھ ہدایت یافتہ ہیں، اور ان میں سے اکثر

فٰسِقُوْنَ ۝۲۶ ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓي اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ

فٰسِقُوْنَ	ثُمَّ	قَفَّيْنَا	عَلٰٓي	اٰثَارِهِمْ	بِرُسُلِنَا	وَقَفَّيْنَا	بِعِيْسَى	ابْنِ مَرْيَمَ
نافرمان	پھر	ہم انکے پیچھے لائے	ان کے قدموں کے نشانات پر		اپنے رسول	اور ہم ان کے پیچھے لائے	عیسیٰؑ	ابن مریم

نافرمان ہیں۔ پھر ہم ان کے قدموں کے نشانات پر (ان کے پیچھے)، ہم اپنے رسول لائے، اور انکے پیچھے ہم عیسیٰؑ ابن مریمؑ کو لائے

وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ڏ وَجَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً ۭ

وَاٰتَيْنٰهُ	الْاِنْجِيْلَ	وَجَعَلْنَا	فِيْ	قُلُوْبِ	الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُ	رَاْفَةً	وَّرَحْمَةً
اور ہم نے اسے دی	انجیل	اور ہم نے ڈال دی	دلوں میں		وہ لوگ جنہوں نے	اسکی پیروی کی	نرمی	اور رحمت

اور ہم نے اسے انجیل دی، اور جن لوگوں نے اس کی پیروی کی ان کے دلوں میں نرمی اور محبت ڈال دی۔

وَرَهْبَانِيَّةَۨ ابْتَدَعُوْهَا مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَاۗءَ رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا

وَرَهْبَانِيَّةَ	ابْتَدَعُوْهَا	مَا كَتَبْنٰهَا	عَلَيْهِمْ	اِلَّا	ابْتِغَاۗءَ	رِضْوَانِ اللّٰهِ	فَمَا
اور ترکِ دنیا	جو انہوں نے خود نکالی	ہم نے وہ واجب نہیں کی	ان پر	مگر	چاہنا	اللہ کی رضا	تو نہ

اور ترکِ دنیا (جس کی رسم)، خود انہوں نے نکالی ہم نے ان پر واجب نہ کی تھی، مگر (انہوں نے) اللہ کی رضا چاہنے کے لئے (اختیار کی)، تو

رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ

رَعَوْهَا	حَقَّ رِعَايَتِهَا	فَاٰتَيْنَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مِنْهُمْ	اَجْرَهُمْ	وَكَثِيْرٌ
اس کو نباہا	اس کو نباہنے کا حق	تو ہم نے دیا	ان لوگوں کو جو ایمان لائے		ان میں سے	ان کا اجر	اور اکثر

اس کو نہ نباہا (جیسے) اس کے نباہنے کا حق تھا، تو ان میں سے جو لوگ ایمان لائے ہم نے انہیں ان کا اجر دیا، اور اکثر

مِنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا بِرَسُوْلِهٖ

بِرَسُوْلِهٖ	وَاٰمِنُوْا	اتَّقُوا اللّٰهَ	الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	يٰٓاَيُّهَا	فٰسِقُوْنَ	مِنْهُمْ
اس کے رسولوں پر	اور ایمان لاؤ	ڈرو اللہ سے تم	جو لوگ ایمان لائے	اے	نافرمان	ان میں سے

ان میں سے نافرمان ہیں۔ اے ایمان والو! تم اللہ سے ڈرو اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ

يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ

وَيَغْفِرْ	بِهٖ	تَمْشُوْنَ	نُوْرًا	لَّكُمْ	وَيَجْعَلْ	رَّحْمَتِهٖ	مِنْ	كِفْلَيْنِ	يُؤْتِكُمْ
اور وہ بخش دے گا	اسکے ساتھ	تم چلوگے	ایسا نور	تمہارے لئے	اور کر دے گا	اپنی رحمت	سے	دو حصے	وہ تمہیں عطا کرے گا

وہ تمہیں اپنی رحمت سے (ثواب کے) دو حصے عطا کرے گا، اور تمہارے لئے ایسا نور کر دے گا کہ تم اس کے ساتھ چلو گے اور وہ بخش دے گا

لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۸﴾ لِّئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ

اَهْلُ الْكِتٰبِ	لِّئَلَّا يَعْلَمَ	رَّحِيْمٌ	غَفُوْرٌ	وَاللّٰهُ	لَكُمْ
اہل کتاب	تاکہ نہ جانیں (جان لیں)	مہربان	بخشنے والا	اور اللہ	تمہیں

تمہیں، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ تاکہ اہل کتاب جان لیں

اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰي شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ

وَاَنَّ	فَضْلِ اللّٰهِ	مِّنْ	عَلٰي شَيْءٍ	اَلَّا يَقْدِرُوْنَ
اور یہ کہ	اللہ کا فضل	سے	کسی شے پر	کہ وہ قدرت نہیں رکھتے

کہ وہ اللہ کے فضل میں سے کسی شے پر قدرت نہیں رکھتے، اور یہ کہ

الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ

مَنْ يَّشَاۗءُ	يُؤْتِيْهِ	بِيَدِ اللّٰهِ	الْفَضْلَ
جس کو وہ چاہتا ہے	وہ دیتا ہے اسے	اللہ کے ہاتھ میں	فضل

فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے، وہ اسے دیتا ہے، جس کو وہ چاہتا ہے

۴ ع ۲۰

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾

الْعَظِيْمِ	ذُو الْفَضْلِ	وَاللّٰهُ
بڑا	فضل والا	اور اللہ

اور اللہ بڑے فضل والا ہے

آیاتہا ۲۲ | ۵۸ : سورۃ المجادلۃ مدنیۃ : ۱۰۵ | رکوعاتہا ۳

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

قَدۡ سَمِعَ اللّٰہُ قَوۡلَ الَّتِیۡ تُجَادِلُکَ فِیۡ زَوۡجِہَا وَ تَشۡتَکِیۡۤ اِلَی اللّٰہِ ٭ۖ وَ اللّٰہُ یَسۡمَعُ تَحَاوُرَکُمَا ؕ

قَدۡ سَمِعَ	اللّٰہُ	قَوۡلَ	الَّتِیۡ	تُجَادِلُکَ	فِیۡ زَوۡجِہَا	وَ تَشۡتَکِیۡۤ	اِلَی	اللّٰہِ	وَ اللّٰہُ	یَسۡمَعُ	تَحَاوُرَکُمَا
یقیناً سُن لی	اللہ	بات	وہ عورت جو	آپ سے بحث کرتی تھی	اپنے خاوند کے بارے میں	اور شکایت کرتی تھی	طرف کی	اللہ	اور اللہ	سنتا تھا	تم دونوں کی گفتگو

یقیناً اللہ نے اُس عورت (خولہ) کی بات سُن لی جو آپ سے اپنے شوہر کے بارے میں بحث کرتی تھی اور اللہ سے (اپنے غم کی) شکایت کرتی تھی، اور اللہ تم دونوں کی گفتگو سنتا تھا۔

اِنَّ اللّٰہَ سَمِیۡعٌۢ بَصِیۡرٌ ﴿۱﴾ اَلَّذِیۡنَ یُظٰہِرُوۡنَ مِنۡکُمۡ مِّنۡ نِّسَآئِہِمۡ مَّا ہُنَّ اُمَّہٰتِہِمۡ ؕ

اِنَّ اللّٰہَ	سَمِیۡعٌۢ	بَصِیۡرٌ	اَلَّذِیۡنَ	یُظٰہِرُوۡنَ	مِنۡکُمۡ	مِّنۡ نِّسَآئِہِمۡ	مَّا ہُنَّ	اُمَّہٰتِہِمۡ
بیشک اللہ	سُننے والا	دیکھنے والا	جو لوگ	ظہار کرتے ہیں	تم میں سے	اپنی بیویوں سے	وہ نہیں	ان کی مائیں

بیشک اللہ سننے والا، دیکھنے والا ہے۔ تم میں سے جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں (انہیں ماں کہہ دیتے ہیں) تو وہ ان کی مائیں نہیں (ہو جاتیں)،

اِنۡ اُمَّہٰتُہُمۡ اِلَّا الّٰٓـِٔیۡ وَلَدۡنَہُمۡ ؕ وَ اِنَّہُمۡ لَیَقُوۡلُوۡنَ مُنۡکَرًا مِّنَ الۡقَوۡلِ وَ زُوۡرًا ؕ وَ اِنَّ

اِنۡ	اُمَّہٰتُہُمۡ	اِلَّا	الّٰٓـِٔیۡ	وَلَدۡنَہُمۡ	وَ اِنَّہُمۡ	لَیَقُوۡلُوۡنَ	مُنۡکَرًا	مِّنَ	الۡقَوۡلِ	وَ زُوۡرًا	وَ اِنَّ
نہیں	اُن کی مائیں	مگر صرف	وہ عورتیں	جنہوں نے جنا ہے انہیں	اور بیشک وہ	البتہ کہتے ہیں	نامعقول	بات	سے	اور جھوٹ	اور بیشک

ان کی مائیں صرف وہی ہیں جنہوں نے انہیں جنا ہے، اور بے شک وہ ایک نامعقول بات اور جھوٹ کہتے ہیں، اور بے شک

اللّٰہَ لَعَفُوٌّ غَفُوۡرٌ ﴿۲﴾ وَ الَّذِیۡنَ یُظٰہِرُوۡنَ مِنۡ نِّسَآئِہِمۡ ثُمَّ یَعُوۡدُوۡنَ لِمَا قَالُوۡا فَتَحۡرِیۡرُ

اللّٰہَ	لَعَفُوٌّ	غَفُوۡرٌ	وَ الَّذِیۡنَ	یُظٰہِرُوۡنَ	مِنۡ نِّسَآئِہِمۡ	ثُمَّ	یَعُوۡدُوۡنَ	لِمَا قَالُوۡا	فَتَحۡرِیۡرُ
اللہ	البتہ معاف کرنیوالا	بخشنے والا	اور جو لوگ	ظہار کرتے ہیں	اپنی بیویوں سے	پھر	وہ رجوع کرلیں	اس سے جو انہوں نے کہا (قول)	تو آزاد کرنا لازم ہے

اللہ معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔ اور جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں (انہیں مائیں کہہ دیتے ہیں) پھر وہ اپنے قول سے رجوع کرلیں تو ان پر لازم ہے آزاد کرنا

رَقَبَۃٍ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّتَمَآسَّا ؕ ذٰلِکُمۡ تُوۡعَظُوۡنَ بِہٖ ؕ وَ اللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرٌ ﴿۳﴾ فَمَنۡ

رَقَبَۃٍ	مِّنۡ قَبۡلِ	اَنۡ	یَّتَمَآسَّا	ذٰلِکُمۡ	تُوۡعَظُوۡنَ	بِہٖ	وَ اللّٰہُ	بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ	خَبِیۡرٌ	فَمَنۡ
ایک غلام	اس سے قبل		کہ ایکدوسرے کو ہاتھ لگائیں	یہ	تمہیں نصیحت کی جاتی ہے	اس سے کی	اور اللہ	اس سے جو تم کرتے ہو	باخبر ہے	تو جو کوئی

ایک غلام کو اس سے قبل کہ وہ ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں (باہم اختلاط کریں) یہ ہے جس کی تمہیں نصیحت کی جاتی ہے، اور اللہ اس سے باخبر ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ تو جو کوئی

لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَاۤسَّا ۚ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ

لَمْ يَجِدْ	فَصِيَامُ	شَهْرَيْنِ	مُتَتَابِعَيْنِ	مِنْ قَبْلِ	اَنْ يَّتَمَاۤسَّا	فَمَنْ	لَّمْ يَسْتَطِعْ
نہ پائے	تو روزے	دو مہینے	لگاتار	اس سے قبل	کہ وہ ایکدوسرے کو ہاتھ لگائیں	پھر جس	اسے مقدور نہ ہو

(بردہ غلام) نہ پائے تو لگاتار دو مہینے روزے (رکھے) اس سے قبل کہ وہ ایکدوسرے کو ہاتھ لگائیں (اختلاط کریں) پھر جس کو (اس کا بھی) مقدور نہ ہو

فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ۭ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَ

فَاِطْعَامُ	سِتِّيْنَ	مِسْكِيْنًا	ذٰلِكَ	لِتُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ	وَرَسُوْلِهٖ	وَتِلْكَ	حُدُوْدُ اللّٰهِ	وَ
تو کھانا کھلائے	ساٹھ ۶۰	مساکین کو	یہ	اس لئے کہ تم ایمان رکھو	اللہ پر	اور اس کا رسول	اور یہ	اللہ کی حدیں	اور

تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے، یہ اس لئے ہے کہ تم اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان رکھو، اور یہ اللہ کی (مقرر کردہ) حدیں ہیں، اور

لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۴ اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَاۗدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ

لِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يُحَاۗدُّوْنَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	كُبِتُوْا	كَمَا كُبِتَ
نہ ماننے والوں کے لئے	دردناک عذاب	بیشک	جو لوگ	وہ مخالفت کرتے ہیں	اللہ	اور اس کا رسول	وہ ذلیل کئے جائیں گے	جیسے ذلیل کئے گئے

نہ ماننے والوں کے لئے دردناک عذاب ہے۔ بیشک جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ کی مخالفت کرتے ہیں وہ ذلیل کئے جائیں گے، جیسے ذلیل کئے گئے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۵ ۚ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَقَدْ اَنْزَلْنَآ	اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ	وَلِلْكٰفِرِيْنَ	عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ	يَوْمَ	يَبْعَثُهُمُ
وہ لوگ جو	ان سے پہلے	اور یقیناً ہم نے نازل کیں	واضح آیتیں	اور کافروں کے لئے	عذاب	ذلّت کا	جس دن	وہ انہیں اٹھائے گا

وہ لوگ جو ان سے پہلے تھے، اور یقیناً ہم نے واضح آیتیں نازل کی ہیں، اور کافروں کے لئے ذلّت کا عذاب ہے جس دن (دوبارہ) اٹھائے گا ع

اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ۭ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۶

ع ۶ | ۱ | ۱

اللّٰهُ	جَمِيْعًا	فَيُنَبِّئُهُمْ	بِمَا عَمِلُوْا	اَحْصٰىهُ	اللّٰهُ	وَنَسُوْهُ	وَاللّٰهُ	عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ	شَهِيْدٌ
اللہ	سب	تو وہ انہیں آگاہ کرے گا	وہ جو انہوں نے کیا	اسے اس نے گن رکھا تھا	اللہ	اور وہ اسے بھول گئے تھے	اور اللہ	ہر شے پر	نگران

اللہ ان سب کو، تو جو کچھ انہوں نے کیا وہ انہیں آگاہ کرے گا، اسے اللہ نے گن (محفوظ) رکھا تھا اور وہ اسے بھول گئے تھے اور اللہ ہر شے پر نگران ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ

اَلَمْ تَرَ	اَنَّ اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	مَا يَكُوْنُ	مِنْ	نَّجْوٰى	ثَلٰثَةٍ
کیا آپ نے نہیں دیکھا	کہ اللہ	وہ جانتا ہے	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	نہیں ہوتی	کوئی	سرگوشی	تین لوگوں میں

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ جانتا ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے۔ تین لوگوں میں کوئی سرگوشی نہیں ہوتی،

إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ إِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ أَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ أَكْثَرَ

إِلَّا	هُوَ	رَابِعُهُمْ	وَلَا	خَمْسَةٍ	إِلَّا هُوَ	سَادِسُهُمْ	وَلَا	أَدْنٰى	مِنْ ذٰلِكَ	وَلَآ أَكْثَرَ
مگر	وہ	ان میں چوتھا	اور نہ	پانچ کی	مگر وہ	ان میں چھٹا	اور نہ (خواہ)	کم	اس سے	اور نہ زیادہ

مگر وہ ان میں چوتھا ہوتا ہے اور نہ پانچ (کی سرگوشی) مگر وہ ان میں چھٹا ہوتا ہے، اور خواہ اس سے کم ہوں یا زیادہ

إِلَّا هُوَ مَعَهُمْ أَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ إِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ

إِلَّا هُوَ	مَعَهُمْ	أَيْنَ مَا	كَانُوْا	ثُمَّ	يُنَبِّئُهُمْ	بِمَا عَمِلُوْا	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	إِنَّ اللّٰهَ	بِكُلِّ
مگر وہ	ان کے ساتھ	جہاں کہیں	وہ ہوں	پھر	وہ انہیں بتلائے گا	جو کچھ انہوں نے کیا	قیامت کے دن	بیشک اللہ	تمام۔ ہر

مگر جہاں کہیں وہ ہوں وہ (اللہ) ان کے ساتھ ہوتا ہے، جو کچھ انہوں نے کیا پھر قیامت کے دن وہ انہیں بتلادے گا، بیشک اللہ ہر

شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۷ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا

شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	أَلَمْ تَرَ	إِلَى	الَّذِيْنَ	نُهُوْا	عَنِ النَّجْوٰى	ثُمَّ	يَعُوْدُوْنَ	لِمَا نُهُوْا
شے کا	جاننے والا	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف۔ کو	وہ جنہیں	منع کیا گیا	سرگوشی سے	پھر	وہ (وہی) کرتے ہیں	جس سے منع کیا گیا انہیں

شے کا جاننے والا ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں سرگوشی سے منع کیا گیا (مگر) وہ پھر وہی کرتے ہیں جس سے انہیں منع کیا گیا

عَنْهُ وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ۡ وَإِذَا جَآءُوْكَ حَيَّوْكَ

عَنْهُ	وَيَتَنٰجَوْنَ	بِالْإِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ	وَمَعْصِيَتِ	الرَّسُوْلِ	وَإِذَا	جَآءُوْكَ	حَيَّوْكَ
اس سے	وہ باہم سرگوشی کرتے ہیں	گناہ سے۔ کی	اور سرکشی	اور نافرمانی	رسول	اور جب	وہ آتے ہیں آپ کے پاس	آپ کو سلام دعا دیتے ہیں

اور وہ گناہ اور سرکشی کی اور رسولؐ کی نافرمانی (کے بارے میں) باہم سرگوشی کرتے ہیں، اور جب وہ آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ کو سلام دعا دیتے ہیں

بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ وَيَقُوْلُوْنَ فِيْٓ أَنْفُسِهِمْ لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ۭ حَسْبُهُمْ

بِمَا	لَمْ يُحَيِّكَ	بِهِ	اللّٰهُ	وَيَقُوْلُوْنَ	فِيْٓ أَنْفُسِهِمْ	لَوْ لَا يُعَذِّبُنَا	اللّٰهُ	بِمَا نَقُوْلُ	حَسْبُهُمْ
جس سے	آپ کو دعا نہیں دی	اس (لفظ) سے	اللہ	وہ کہتے ہیں	اپنے دل (جمع) میں	کیوں ہمیں عذاب نہیں دیتا	اللہ	اس کی جو ہم کہتے ہیں	ان کے لئے کافی ہے

اس لفظ سے جس سے اللہ نے آپ کو دعا نہیں دی، اور وہ اپنے دلوں میں کہتے ہیں اللہ ہمیں اس کی کیوں سزا نہیں دیتا جو ہم کہتے ہیں، ان کے لئے کافی ہے

جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۸ يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا إِذَا تَنَاجَيْتُمْ

جَهَنَّمُ	يَصْلَوْنَهَا	فَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	يٰٓأَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	إِذَا	تَنَاجَيْتُمْ
جہنم	وہ ڈالے جائیں گے اس میں	سو برا	ٹھکانا	اے	ایمان والو	جب	تم باہم سرگوشی کرو

جہنم، وہ اس میں ڈالے جائیں گے، سو (یہ کیسا) برا ٹھکانا ہے! اے ایمان والو! جب تم باہم سرگوشی کرو

فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ؕ وَ

فَلَا تَتَنَاجَوْا	بِالْاِثْمِ	وَالْعُدْوَانِ	وَمَعْصِيَتِ	الرَّسُوْلِ	وَتَنَاجَوْا	بِالْبِرِّ	وَالتَّقْوٰى	وَ
تو سرگوشی نہ کرو	گناہ کی	اور سرکشی	اور نافرمانی	رسولؐ	اور سرگوشی کرو	نیکی میں	اور پرہیزگاری	اور

تو گناہ اور سرکشی کی اور رسولؐ کی نافرمانی کے (بارے میں)، سرگوشی نہ کرو، اور (بلکہ) نیکی اور پرہیزگاری کی سرگوشی کرو، اور

اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْۤ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ⑨ اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّیْطٰنِ لِیَحْزُنَ الَّذِیْنَ

اتَّقُوا اللّٰهَ	الَّذِیْ	اِلَیْهِ	تُحْشَرُوْنَ	اِنَّمَا	النَّجْوٰى	مِنَ الشَّیْطٰنِ	لِیَحْزُنَ	الَّذِیْنَ
اللہ سے ڈرو	وہ جو	اسکی طرف۔ پاس	تم جمع کئے جاؤ گے	اسکے سوا نہیں	سرگوشی	شیطان سے	تاکہ وہ غمگین کرے	ان لوگوں کو جو

اللہ سے ڈرو جس کے پاس تم جمع کئے جاؤ گے۔ اس کے سوا نہیں کہ سرگوشی شیطان (کی طرف) سے ہے، تاکہ وہ ان لوگوں کو غمگین کردے

اٰمَنُوْا وَلَیْسَ بِضَآرِّهِمْ شَیْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ⑩

اٰمَنُوْا	وَلَیْسَ	بِضَآرِّهِمْ	شَیْـًٔا	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَ	عَلَى اللّٰهِ	فَلْیَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ
ایمان لائے	اور نہیں	وہ ان کا بگاڑ سکتا	کچھ	بغیر	اللہ کے حکم کے	اور	اللہ پر	تو بھروسہ کرنا چاہیئے	مومن (جمع)

جو ایمان لائے، اور وہ اللہ کے حکم کے بغیر ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا، اور مومنوں کو اللہ پر (ہی) بھروسہ کرنا چاہیئے۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قِیْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِی الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا یَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَ

یٰۤاَیُّهَا	الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	اِذَا قِیْلَ	لَكُمْ	تَفَسَّحُوْا	فِی الْمَجٰلِسِ	فَافْسَحُوْا	یَفْسَحِ اللّٰهُ	لَكُمْ	وَ
اے	مومنو!	جب کہا جائے	تمہیں	تم کھل کر بیٹھو	مجلسوں میں	تو تم کھل کر بیٹھ جایا کرو	کشادگی بخشے گا اللہ	تمہیں	اور

اے مومنو! جب تمہیں کہا جائے کہ تم مجلسوں میں کھل کر بیٹھو، تو تم کھل کر بیٹھ جایا کرو، اللہ تمہیں کشادگی بخشے گا، اور

اِذَا قِیْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا یَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِیْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

اِذَا قِیْلَ	انْشُزُوْا	فَانْشُزُوْا	یَرْفَعِ اللّٰهُ	الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	مِنْكُمْ	وَالَّذِیْنَ	اُوْتُوا الْعِلْمَ
جب کہا جائے	تم اُٹھ کھڑے ہو	تو اُٹھ جایا کرو تم	بلند کردے گا اللہ	جو لوگ ایمان لائے	تم میں سے	اور جن لوگوں کو	علم عطا کیا گیا

جب کہا جائے کہ تم اُٹھ کھڑے ہو، تو اُٹھ جایا کرو، تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اللہ (انکے درجے) بلند کردیگا، اور جن لوگوں کو علم عطا کیا گیا

دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ⑪ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَاجَیْتُمُ الرَّسُوْلَ

دَرَجٰتٍ	وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِیْرٌ	یٰۤاَیُّهَا	الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا	اِذَا	نَاجَیْتُمُ	الرَّسُوْلَ
درجے	اور اللہ	اس سے جو کچھ	تم کرتے ہو	باخبر	اے	مومنو	جب	تم کان میں بات کرو	رسولؐ

(ان کے) درجے ہیں، اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ اے مومنو! جب تم رسولؐ سے کان میں بات کرو (سرگوشی کرو)

فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ؕ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

فَقَدِّمُوْا	بَيْنَ يَدَيْ	نَجْوٰىكُمْ	صَدَقَةً	ذٰلِكَ	خَيْرٌ لَّكُمْ	وَاَطْهَرُ	فَاِنْ	لَّمْ تَجِدُوْا	فَاِنَّ اللّٰهَ
تو تم دے دو	پہلے	اپنی سرگوشی	کچھ صدقہ	یہ	بہتر تمہارے لئے	اور زیادہ پاکیزہ	پھر اگر	تم نہ پاؤ	تو بیشک اللہ

تو تم اپنی سرگوشی سے پہلے کچھ صدقہ دو، یہ تمہارے لئے بہتر اور زیادہ پاکیزہ ہے، پھر اگر تم (مقدور) نہ پاؤ تو بے شک اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾ ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ؕ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا

غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	ءَاَشْفَقْتُمْ	اَنْ تُقَدِّمُوْا	بَيْنَ يَدَيْ	نَجْوٰىكُمْ	صَدَقٰتٍ	فَاِذْ	لَمْ تَفْعَلُوْا
بخشنے والا	رحم کرنے والا	کیا تم ڈر گئے	کہ تم دے دو	پہلے	اپنی سرگوشی	صدقات	سو جب	تم نہ کر سکے

بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ کیا تم اس سے ڈر گئے کہ اپنی سرگوشی سے پہلے صدقہ دو، سو جب تم نہ کر سکے،

وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ وَاللّٰهُ

وَتَابَ	اللّٰهُ	عَلَيْكُمْ	فَاَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	اٰتُوا الزَّكٰوةَ	وَاَطِيْعُوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَاللّٰهُ
اور درگزر فرمایا	اللہ	تم پر	تو قائم کرو تم	نماز	اور	ادا کرو زکوٰۃ	اور تم اطاعت کرو	اللہ	اور اس کا رسول ﷺ	اور اللہ

اور اللہ نے تم پر درگزر فرمایا تو تم نماز قائم کرو، اور زکوٰۃ ادا کرو، اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو، اور اللہ

خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳﴾ ع ۲ ۲ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ مَا هُمْ مِّنْكُمْ

خَبِيْرٌ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا	قَوْمًا	غَضِبَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمْ	مَا هُمْ	مِّنْكُمْ
باخبر	اس سے جو تم کرتے ہو	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف۔ کو	جو لوگ دوستی کرتے ہیں	ان لوگوں سے	اللہ نے غضب کیا	ان پر	نہ وہ	تم میں سے

اس سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جو ان لوگوں سے دوستی کرتے ہیں جن پر اللہ نے غضب کیا، وہ نہ تم میں سے ہیں

وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ

وَلَا	مِنْهُمْ	وَيَحْلِفُوْنَ	عَلَى الْكَذِبِ	وَهُمْ	يَعْلَمُوْنَ	اَعَدَّ اللّٰهُ	لَهُمْ	عَذَابًا	شَدِيْدًا
اور نہ	ان میں سے	اور وہ قسم کھاجاتے ہیں	جھوٹ پر	حالانکہ وہ	جانتے ہیں	تیار کیا اللہ نے	انکے لئے	عذاب	سخت

اور نہ ان میں سے ہیں، اور وہ جھوٹ پر قسم کھا جاتے ہیں، حالانکہ وہ جانتے ہیں۔ اللہ نے ان کے لئے سخت عذاب تیار کیا ہے،

اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾ اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اِنَّهُمْ	سَآءَ	مَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ	اِتَّخَذُوْا	اَيْمَانَهُمْ	جُنَّةً	فَصَدُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ
بیشک وہ	بُرا	جو کچھ	وہ کرتے تھے	انہوں نے بنا لیا	اپنی قسمیں	ڈھال	پس انہوں نے روک دیا	سے	اللہ کا راستہ

بے شک وہ بُرے کام کرتے تھے۔ انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا لیا، پس انہوں نے (لوگوں کو) اللہ کے راستہ سے روکا

فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ ﴿١٦﴾ لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا ۚ

فَلَهُمْ	عَذَابٌ	مُّهِينٌ	لَنْ تُغْنِيَ	عَنْهُمْ	أَمْوَالُهُمْ	وَلَا	أَوْلَادُهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	شَيْئًا
توان کے لئے	عذاب	ذلّت کا	ہرگز نہ بچا سکیں گے	ان سے۔کو	ان کے مال	اور نہ	ان کی اولاد	اللہ سے	کچھ۔ذرا

توان کے لئے ذلّت کا عذاب ہے۔ انہیں ان کے مال اور نہ ان کی اولاد اللہ سے ہرگز ذرا بھی نہ بچا سکیں گے۔

أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ﴿١٧﴾ يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيعًا فَيَحْلِفُونَ لَهٗ

أُولٰٓئِكَ	أَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	فِيهَا	خٰلِدُونَ	يَوْمَ	يَبْعَثُهُمُ	اللّٰهُ	جَمِيعًا	فَيَحْلِفُونَ	لَهٗ
یہی لوگ	دوزخ والے۔جہنمی	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے	جس دن	انہیں اٹھائے گا	اللہ	سب	تو وہ قسمیں کھائیں گے	اس کے لئے

یہی لوگ جہنمی ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ جس دن اللہ ان سب کو (دوبارہ) اٹھائے گا تو اس کے لئے (اس کے حضور) قسمیں کھائیں گے

كَمَا يَحْلِفُونَ لَكُمْ ۖ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ ۚ أَلَآ إِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُونَ ﴿١٨﴾ اِسْتَحْوَذَ

كَمَا	يَحْلِفُونَ	لَكُمْ	وَيَحْسَبُونَ	أَنَّهُمْ	عَلٰى شَيْءٍ	أَلَآ	إِنَّهُمْ	هُمُ	الْكٰذِبُونَ	اِسْتَحْوَذَ
جیسے	وہ قسمیں کھاتے ہیں	تمہارے لئے۔سامنے	اور وہ گمان کرتے ہیں	کہ وہ	کسی شے پر	یاد رکھو	بیشک وہ	وہی	جھوٹے	غالب آگیا

جیسے وہ تمہارے سامنے قسمیں کھاتے ہیں، اور وہ گمان کرتے ہیں کہ وہ کسی شے پر (بھلی راہ پر) ہیں یاد رکھو! بیشک وہی جھوٹے ہیں۔ غالب آگیا ہے

عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَأَنْسٰهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ۚ أُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ۚ أَلَآ إِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ

عَلَيْهِمُ	الشَّيْطٰنُ	فَأَنْسٰهُمْ	ذِكْرَ اللّٰهِ	أُولٰٓئِكَ	حِزْبُ الشَّيْطٰنِ	أَلَآ	إِنَّ	حِزْبَ الشَّيْطٰنِ
ان پر	شیطان	تو اس نے انہیں بھلادی	اللہ کی یاد	یہی لوگ	شیطان کا گروہ	یاد رکھو	بیشک	شیطان کا گروہ

ان پر شیطان، تو اس نے انہیں اللہ کی یاد بھلادی، یہی لوگ شیطان کا گروہ ہیں، خوب یاد رکھو، بے شک شیطان کے گروہ

هُمُ الْخٰسِرُونَ ﴿١٩﴾ إِنَّ الَّذِينَ يُحَآدُّونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهٗٓ أُولٰٓئِكَ فِي الْأَذَلِّينَ ﴿٢٠﴾

هُمُ	الْخٰسِرُونَ	إِنَّ	الَّذِينَ	يُحَآدُّونَ اللّٰهَ	وَرَسُولَهٗ	أُولٰٓئِكَ	فِي	الْأَذَلِّينَ
وہی	گھاٹا پانے والے	بیشک	جو لوگ	مخالفت کرتے ہیں اللہ کی	اور اسکے رسول	یہی لوگ	میں	ذلیل ترین لوگ

وہی گھاٹا پانے والے ہیں۔ بیشک جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ کی مخالفت کرتے ہیں، یہی لوگ ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیں۔

كَتَبَ اللّٰهُ لَأَغْلِبَنَّ أَنَا وَرُسُلِي ۚ إِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ ﴿٢١﴾ لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُونَ

كَتَبَ اللّٰهُ	لَأَغْلِبَنَّ	أَنَا	وَرُسُلِي	إِنَّ اللّٰهَ	قَوِيٌّ	عَزِيزٌ	لَا تَجِدُ	قَوْمًا	يُّؤْمِنُونَ
لکھ دیا (فیصلہ کردیا) اللہ	میں ضرور غالب آؤں گا	میں	اور میرے رسول	بیشک اللہ	قوی	غالب	تم نہ پاؤ گے	وہ قوم (لوگ)	وہ ایمان رکھتے ہیں

اللہ نے فیصلہ کردیا ہے کہ میں اور میرے رسولؐ ضرور غالب آئیں گے، بیشک اللہ قوی (توانا) غالب ہے۔ تم نہ پاؤ گے ان لوگوں کو جو ایمان رکھتے ہیں

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ

بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	يُوَآدُّوْنَ	مَنْ	حَآدَّ اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَلَوْ	كَانُوْٓا	اٰبَآءَهُمْ	اَوْ
اللہ پر	اور آخرت کا دن	وہ دوستی رکھتے ہوں	جو جس	مخالفت کی اللہ کی	اور اس کے رسول کی	خواہ	وہ ہوں	انکے باپ دادا	یا

اللہ پر اور آخرت کے دن پر کہ وہ اس سے دوستی رکھتے ہوں، جس نے اللہ اور اس کے رسولؐ کی مخالفت کی، خواہ وہ ان کے باپ دادا ہوں یا

اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ

اَبْنَآءَهُمْ	اَوْ	اِخْوَانَهُمْ	اَوْ	عَشِيْرَتَهُمْ	اُولٰٓئِكَ	كَتَبَ	فِيْ قُلُوْبِهِمُ	الْاِيْمَانَ	وَاَيَّدَهُمْ
انکے بیٹے	یا	ان کے بھائی	یا	ان کا کنبہ	یہی لوگ	لکھ دیا (ثبت کر دیا)	ان کے دلوں میں	ایمان	اور ان کی مدد کی

ان کے بیٹے ہوں، یا ان کے بھائی ہوں، یا ان کے کنبے والے ہوں، یہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان ثبت کر دیا ہے اور ان کی مدد کی ہے

بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِيَ

بِرُوْحٍ	مِّنْهُ	وَيُدْخِلُهُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	رَضِيَ
رُوح (غیبی فیض) سے	اپنے سے	اور وہ داخل کریگا انہیں	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہیں گے	ان میں	راضی ہوا

اپنے غیبی فیض سے، اور وہ انہیں (ان) باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے، راضی ہوا ع

اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾

اللّٰهُ	عَنْهُمْ	وَرَضُوْا	عَنْهُ	اُولٰٓئِكَ	حِزْبُ اللّٰهِ	اَلَآ اِنَّ	حِزْبَ اللّٰهِ	هُمُ	الْمُفْلِحُوْنَ
اللہ	ان سے	اور وہ راضی	اس سے	یہی لوگ	اللہ کا گروہ	خوب یاد رکھو بیشک	اللہ کا گروہ	وہی	کامیاب ہونیوالے

اُن سے اللہ، اور وہ اس سے راضی، یہی لوگ ہیں اللہ کا گروہ، خوب یاد رکھو! اللہ کا گروہ ہی (دو جہان میں) کامیاب ہونے والے ہیں۔

۵۹ : سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ : ۱۰۱

اٰیاتُھا ۲۴ — رکوعاتُھا ۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ

سَبَّحَ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ	هُوَ الَّذِيْٓ	اَخْرَجَ
پاکیزگی بیان کرتا ہے	اللہ کی	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اور وہ	غالب	حکمت والا	وہی ہے جس نے	نکالا

اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہے جو بھی آسمانوں میں اور جو بھی زمین میں ہے، اور وہ غالب، حکمت والا ہے۔ وہی ہے جس نے نکالا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؔ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ يَّخْرُجُوْا

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنْ	اَهْلِ الْكِتٰبِ	مِنْ	دِيَارِهِمْ	لِاَوَّلِ الْحَشْرِ	مَا ظَنَنْتُمْ	اَنْ يَّخْرُجُوْا
جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	سے ۔ کے	اہل کتاب	سے	ان کے گھروں	پہلے اجتماع (لشکر) پر	تمہیں گمان نہ تھا	کہ وہ نکلیں گے

اہل کتاب کے کافروں کو ان کے گھروں سے (ان کے) پہلے ہی اجتماع لشکر پر، تمہیں گمان (بھی) نہ تھا کہ وہ نکلیں گے

وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۤ

وَظَنُّوْٓا	اَنَّهُمْ	مَّانِعَتُهُمْ	حُصُوْنُهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	فَاَتٰىهُمُ	اللّٰهُ	مِنْ حَيْثُ	لَمْ يَحْتَسِبُوْا
اور وہ خیال کرتے تھے	کہ وہ	انہیں بچالیں	ان کے قلعے	اللہ سے	تو ان پر آیا	اللہ	جہاں سے	انہیں گمان نہ تھا

اور وہ خیال کرتے تھے کہ ان کے قلعے انہیں اللہ سے بچالیں گے، تو ان پر اللہ (کا غضب ایسی جگہ سے آیا) جس کا انہیں گمان (بھی) نہ تھا

وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۤ

وَقَذَفَ	فِيْ قُلُوْبِهِمُ	الرُّعْبَ	يُخْرِبُوْنَ	بُيُوْتَهُمْ	بِاَيْدِيْهِمْ	وَاَيْدِي	الْمُؤْمِنِيْنَ
اور اس نے ڈالا	ان کے دلوں میں	رعب	وہ برباد کرنے لگے	اپنے گھر	اپنے ہاتھوں سے	اور ہاتھوں	مومنوں

اور اللہ نے ان کے دلوں میں رعب ڈالا، اور وہ اپنے ہاتھوں سے اور مومنوں کے ہاتھوں سے اپنے گھر برباد کرنے لگے،

فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ② وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَلَاۗءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ؕ

فَاعْتَبِرُوْا	يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ	وَلَوْ لَا	اَنْ	كَتَبَ اللّٰهُ	عَلَيْهِمُ	الْجَلَاۗءَ	لَعَذَّبَهُمْ	فِي الدُّنْيَا
تو تم عبرت پکڑو	اے آنکھوں والو	اور اگر نہ	یہ کہ	اللہ نے لکھ رکھا ہوتا	ان پر	جلاوطن ہونا	تو وہ انہیں عذاب دیتا	دنیا میں

تو اے (بصیرت کی) آنکھوں والو عبرت پکڑو۔ اور اگر یہ نہ ہوتا کہ اللہ نے ان پر جلاوطن ہونا لکھ رکھا ہوتا، تو وہ انہیں دنیا میں عذاب دیتا

وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ③ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَاۗقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَاۗقِّ اللّٰهَ

وَلَهُمْ	فِي الْاٰخِرَةِ	عَذَابُ النَّارِ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	شَاۗقُّوا	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	وَمَنْ	يُّشَاۗقِّ اللّٰهَ
اور ان کے لئے	آخرت میں	جہنم کا عذاب	یہ	اس لئے کہ وہ	انہوں نے مخالفت کی	اللہ	اور اس کا رسول	اور جو	مخالفت کرے اللہ کی

اور ان کے لئے آخرت میں جہنم کا عذاب ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی، اور جو اللہ کی مخالفت کرے

فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ④ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَاۗىِٕمَةً عَلٰٓي اُصُوْلِهَا

فَاِنَّ اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	مَا قَطَعْتُمْ	مِّنْ	لِّيْنَةٍ	اَوْ	تَرَكْتُمُوْهَا	قَاۗىِٕمَةً	عَلٰٓي اُصُوْلِهَا
تو بیشک اللہ	سخت	سزا دینے والا	جو تم نے کاٹ ڈالے	سے	درخت کے تنے	یا	تم نے اسکو چھوڑ دیا	کھڑا	اس کی جڑوں پر

تو بیشک اللہ (اس کو) سخت سزا دینے والا ہے۔ جو تم نے درختوں کے تنے کاٹ ڈالے، یا انہیں ان کی جڑوں پر کھڑا چھوڑ دیا،

فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۵ وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ

فَبِاِذْنِ اللّٰهِ	وَلِيُخْزِيَ	الْفٰسِقِيْنَ	وَمَا	اَفَآءَ اللّٰهُ	عَلٰى رَسُوْلِهٖ	مِنْهُمْ	فَمَآ
تو اللہ کے حکم سے	اور تاکہ وہ رسوا کرے	نافرمانوں	اور جو	دلوایا اللہ نے	اپنے رسولؐ کو	ان سے	تو نہ

تو (یہ) اللہ کے حکم سے تھا، اور تاکہ وہ نافرمانوں کو رسوا کردے۔ اور اللہ نے اپنے رسولؐ کو ان (بنو نضیر) سے جو (مال) دلوایا تو نہ

اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ

اَوْجَفْتُمْ	عَلَيْهِ	مِنْ خَيْلٍ	وَّلَا	رِكَابٍ	وَّلٰكِنَّ	اللّٰهَ	يُسَلِّطُ	رُسُلَهٗ	عَلٰى	مَنْ يَّشَآءُ
تم نے دوڑائے تھے	ان پر	گھوڑے	اور نہ	اونٹ	اور لیکن (بلکہ)	اللہ	مسلط فرماتا ہے	اپنے رسولوں	پر	جن کو وہ چاہتا ہے

تم نے ان پر گھوڑے دوڑائے تھے اور نہ اونٹ، بلکہ اللہ اپنے رسولوں کو جن پر چاہتا ہے مسلط فرما دیتا ہے،

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۶ مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ

وَاللّٰهُ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	مَآ اَفَآءَ	اللّٰهُ	عَلٰى رَسُوْلِهٖ	مِنْ	اَهْلِ الْقُرٰى	فَلِلّٰهِ
اور اللہ	پر	ہر شے	قدرت رکھتا ہے	جو دلوادے	اللہ	اپنے رسولؐ کو	سے	بستیوں والے	تو اللہ کے لئے

اور اللہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔ اللہ نے بستیوں والوں سے جو (مال)، اپنے رسولؐ کو دلوائے تو وہ اللہ کے لئے ہے

وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ

وَلِلرَّسُوْلِ	وَلِذِي الْقُرْبٰى	وَالْيَتٰمٰى	وَالْمَسٰكِيْنِ	وَابْنِ السَّبِيْلِ	كَيْ	لَا يَكُوْنَ
اور رسولؐ کے لئے	اور قرابت داروں کے لئے	اور یتیموں	اور مسکینوں	اور مسافروں	تاکہ	نہ رہے

اور رسولؐ کے لئے اور (رسولؐ کے) قرابت داروں کے لئے، اور یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لئے تاکہ (دولت) نہ رہے

دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ مِنْكُمْ ؕ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ

دُوْلَةً	بَيْنَ	الْاَغْنِيَآءِ	مِنْكُمْ	وَمَا	اٰتٰىكُمُ	الرَّسُوْلُ	فَخُذُوْهُ	وَمَا	نَهٰىكُمْ	عَنْهُ
يُسَبِّحُ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	لَهُ	الْمُلْكُ	وَلَهُ	الْحَمْدُ	وَهُوَ
وہ پاکیزگی بیان کرتا ہے	اللہ کی	جو	آسمانوں میں	اور جو	زمین میں	اسی کے لئے	بادشاہی	اور اسی کے لئے	تمام تعریفیں	اور وہ

اللہ کی پاکیزگی بیان کرتا ہے جو بھی آسمانوں میں اور جو بھی زمین میں ہے، اسی کے لئے ہے بادشاہی اور اسی کے لئے ہیں تمام تعریفیں، اور وہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۱ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّمِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا

عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	هُوَ الَّذِيْ	خَلَقَكُمْ	فَمِنْكُمْ	كَافِرٌ	وَّمِنْكُمْ	مُّؤْمِنٌ	وَاللّٰهُ	بِمَا
پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	وہی جس نے	تمہیں پیدا کیا	تو تم میں سے	کوئی کافر	اور تم میں سے	کوئی مومن	اور اللہ	اس کو جو

ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا، سو تم میں سے کوئی کافر ہے اور تم میں سے کوئی مومن ہے، اور اللہ اس کو جو

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۲ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ

تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	بِالْحَقِّ	وَصَوَّرَكُمْ	فَاَحْسَنَ	صُوَرَكُمْ
تم کرتے ہو	دیکھنے والا	اس نے پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	حق کے ساتھ	اور تمہیں صورتیں دیں	تو بہت اچھی	تمہیں صورتیں دیں

تم کرتے ہو دیکھنے والا ہے۔ اس نے آسمانوں اور زمین کو حق (درست تدبیر) کے ساتھ پیدا کیا اور تمہیں صورتیں دیں تو تمہیں بہت ہی اچھی صورتیں دیں،

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝۳ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۭ وَاللّٰهُ

وَاِلَيْهِ	الْمَصِيْرُ	يَعْلَمُ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَيَعْلَمُ	مَا تُسِرُّوْنَ	وَمَا تُعْلِنُوْنَ	وَاللّٰهُ
اور اسی کی طرف	بازگشت	وہ جانتا ہے	جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور جانتا ہے	جو تم چھپاتے ہو	اور جو تم ظاہر کرتے ہو	اور اللہ

اور اسی کی طرف بازگشت ہے (لوٹ کر جانا ہے)، وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے، اور وہ جانتا ہے جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو، اور اللہ

عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۴ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَبْلُ ۡ فَذَاقُوْا وَبَالَ

عَلِيْمٌ	بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	اَلَمْ يَاْتِكُمْ	نَبَؤُا	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	مِنْ قَبْلُ	فَذَاقُوْا	وَبَالَ
جاننے والا	دلوں کے بھید	کیا نہیں آئی تمہارے پاس	خبر	جن لوگوں نے کفر کیا	اس سے قبل	تو انہوں نے چکھ لیا	وبال

دلوں کے بھید جاننے والا ہے۔ کیا تمہارے پاس ان لوگوں کی خبر نہیں آئی جنہوں نے اس سے پہلے کفر کیا تو انہوں نے وبال چکھ لیا

اَمْرِهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۵ ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا

اَمْرِهِمْ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ اَلِيْمٌ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهٗ	كَانَتْ	تَّاْتِيْهِمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَقَالُوْٓا
اپنے کام	اور ان کے لئے	عذاب دردناک	یہ	اس لئے کہ وہ	آتے تھے ان کے پاس		ان کے رسول	واضح نشانیوں کے ساتھ	تو وہ کہتے

اپنے کام کا، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ یہ اس لئے ہوا کہ ان کے پاس رسول واضح نشانیوں کے ساتھ آتے تھے تو وہ کہتے

أَبَشَرٌ يَهْدُونَنَا فَكَفَرُوا وَتَوَلَّوا وَّاسْتَغْنَى اللهُ ۚ وَاللهُ غَنِيٌّ حَمِيدٌ ۞ زَعَمَ الَّذِينَ

أَبَشَرٌ	يَهْدُونَنَا	فَكَفَرُوا	وَتَوَلَّوا	وَّاسْتَغْنَى	اللهُ	وَاللهُ	غَنِيٌّ	حَمِيدٌ	زَعَمَ	الَّذِينَ
کیا بشر	وہ ہدایت دیتے ہیں ہمیں	تو انہوں نے کفر کیا	اور وہ پھر گئے	اور بے نیازی فرمائی	اللہ	اور اللہ	بے نیاز	ستودہ صفات	دعویٰ کیا	ان لوگوں نے جو

کیا بشر ہمیں ہدایت دیتے ہیں تو انہوں نے کفر کیا اور پھر گئے، اور اللہ نے بے نیازی فرمائی اور اللہ بے نیاز ستودہ صفات (سزاوار حمد) ہے۔ ان لوگوں نے دعویٰ کیا جو

كَفَرُوا أَن لَّن يُبْعَثُوا ۚ قُلْ بَلَى وَرَبِّي لَتُبْعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ۚ وَذَٰلِكَ

كَفَرُوا	أَن	لَّن يُبْعَثُوا	قُلْ	بَلَى	وَرَبِّي	لَتُبْعَثُنَّ	ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ	بِمَا عَمِلْتُمْ	وَذَٰلِكَ
وہ کافر ہوئے	کہ	وہ ہرگز نہ اٹھائے جائیں گے	فرمادیں	ہاں	میرے رب کی قسم	البتہ تم ضرور اٹھائے جاؤ گے	پھر البتہ تمہیں ضرور جتلایا جائے گا	جو تم کرتے تھے	اور یہ

کافر ہوئے کہ وہ ہرگز (دوبارہ) نہیں اٹھائے جائیں گے۔ آپ فرمادیں، ہاں (کیوں نہیں!) میرے رب کی قسم تم ضرور اٹھائے جاؤ گے، پھر تمہیں جتلادیا جائے گا جو تم کرتے تھے اور یہ

عَلَى اللهِ يَسِيرٌ ۞ فَآمِنُوا بِاللهِ وَرَسُولِهِ وَالنُّورِ الَّذِي أَنزَلْنَا ۚ وَاللهُ بِمَا تَعْمَلُونَ

عَلَى اللهِ	يَسِيرٌ	فَآمِنُوا	بِاللهِ	وَرَسُولِهِ	وَالنُّورِ	الَّذِي	أَنزَلْنَا	وَاللهُ	بِمَا تَعْمَلُونَ
اللہ پر	آسان	پس تم ایمان لاؤ	اللہ پر	اور اس کے رسول	اور نور	وہ جو	ہم نے نازل کیا	اور اللہ	جو تم کرتے ہو اس سے

اللہ پر آسان ہے۔ پس تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لے آؤ اور اس نور (قرآن) پر جو ہم نے نازل کیا ہے اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے

خَبِيرٌ ۞ يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذَٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ۗ وَمَن يُؤْمِن بِاللهِ وَ

خَبِيرٌ	يَوْمَ	يَجْمَعُكُمْ	لِيَوْمِ الْجَمْعِ	ذَٰلِكَ	يَوْمُ التَّغَابُنِ	وَمَن	يُؤْمِن	بِاللهِ	وَ
باخبر	جس دن	وہ جمع کرے گا تمہیں	جمع ہونے (قیامت) کے دن	یہ	نقصان اٹھانے (ہار جیت) کا دن	اور جو	وہ ایمان لائے	اللہ پر	اور

باخبر ہے۔ جس دن وہ تمہیں جمع کرے گا (یعنی) قیامت کے دن، یہ ہار جیت کا دن ہے، اور جو اللہ پر ایمان لائے اور

يَعْمَلْ صَالِحًا يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّئَاتِهِ وَيُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ

يَعْمَلْ	صَالِحًا	يُكَفِّرْ	عَنْهُ	سَيِّئَاتِهِ	وَيُدْخِلْهُ	جَنَّاتٍ	تَجْرِي	مِن تَحْتِهَا	الْأَنْهَارُ
وہ کام کرے	اچھے	وہ دور کردے گا	اس سے	اس کی برائیاں	اور وہ اسے داخل کرے گا	باغات	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں

وہ اچھے کام کرے وہ (اللہ) اس سے اس کی برائیاں دور کردے گا اور اسے (ان) باغات میں داخل کرے گا، جن کے نیچے نہریں جاری ہیں

خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۞ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا

خَالِدِينَ	فِيهَا	أَبَدًا	ذَٰلِكَ	الْفَوْزُ الْعَظِيمُ	وَ	الَّذِينَ كَفَرُوا	وَكَذَّبُوا	بِآيَاتِنَا
ہمیشہ رہیں گے	ان میں	ہمیشہ	یہ	بڑی کامیابی	اور	جن لوگوں نے کفر کیا	اور انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو

وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، یہ بڑی کامیابی ہے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا، اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا

أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝١٠ مَآ أَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ

اُولٰٓئِكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	مَآ اَصَابَ	مِنْ مُّصِيْبَةٍ
یہی لوگ	دوزخ والے	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور بری	جائے بازگشت (ٹھکانا)	نہیں پہنچی	کوئی مصیبت

یہی لوگ دوزخ والے ہیں، اس میں ہمیشہ رہیں گے اور یہ بری جائے بازگشت (برا ٹھکانا) ہے۔ کوئی مصیبت نہیں پہنچتی

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝١١

اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَمَنْ	يُّؤْمِنْ	بِاللّٰهِ	يَهْدِ	قَلْبَهٗ	وَاللّٰهُ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عَلِيْمٌ
مگر	اذن سے اللہ	اور جو	وہ ایمان لاتا ہے	اللہ پر	ہدایت دیتا ہے	اس کا دل	اور اللہ	ہر شے کو	جاننے والا

مگر اللہ کے اذن سے، اور جو شخص اللہ پر ایمان لاتا ہے وہ اس کے دل کو ہدایت دیتا ہے اور اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے۔

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰي رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝١٢

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ	وَاَطِيْعُوا	الرَّسُوْلَ	فَاِنْ	تَوَلَّيْتُمْ	فَاِنَّمَا	عَلٰى رَسُوْلِنَا	الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ
اور تم طاعت کرو اللہ کی	اور اطاعت کرو	رسول کی	پھر اگر	پھر گئے تم	تو اسکے سوا نہیں	ہمارے رسول پر ذمے	صاف صاف پہنچا دینا

اور تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو، پھر اگر تم پھر گئے تو اس کے سوا نہیں کہ ہمارے رسول کے ذمے صاف صاف پہنچا دینا ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ وَعَلَي اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝١٣ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ

اَللّٰهُ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	وَعَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا	اِنَّ
اللہ	نہیں کوئی معبود	اس کے سوا	اور اللہ پر	پس بھروسہ کرنا چاہیئے	ایمان والے	اے	ایمان والو	بیشک

اللہ وہ ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پس مومنوں کو اللہ پر بھروسہ کرنا چاہیئے۔ اے ایمان والو! بے شک

مِنْ اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَ

مِنْ	اَزْوَاجِكُمْ	وَاَوْلَادِكُمْ	عَدُوًّا	لَّكُمْ	فَاحْذَرُوْهُمْ	وَاِنْ	تَعْفُوْا	وَتَصْفَحُوْا	وَ
سے (بعض)	تمہاری بیویاں	اور تمہاری اولاد	دشمن	تمہارے لئے	پس تم ان سے بچو	اور اگر	تم معاف کردو	اور تم درگزر کرو	اور

تمہاری بعض بیویاں اور تمہاری بعض اولاد تمہارے (دین کے) دشمن ہیں، پس تم ان سے بچو اور اگر تم معاف کردو، اور درگزر کرو، اور

تَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝١٤ اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ

تَغْفِرُوْا	فَاِنَّ اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	اِنَّمَا	اَمْوَالُكُمْ	وَاَوْلَادُكُمْ	فِتْنَةٌ	وَاللّٰهُ	عِنْدَهٗ
تم بخش دو	تو بے شک اللہ	بخشنے والا	مہربان	اس کے سوا نہیں	تمہارے مال	اور تمہاری اولاد	آزمائش	اور اللہ	اس کے پاس

تم بخش دو، تو بے شک اللہ بخشنے والا، مہربان ہے۔ اس کے سوا نہیں کہ تمہارے مال، اور تمہاری اولاد آزمائش ہیں، اور اللہ کے پاس

أَجْرٌ عَظِيمٌ ﴿۱۵﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوا وَأَطِيعُوا وَأَنْفِقُوا خَيْرًا لِّأَنْفُسِكُمْ

أَجْرٌ عَظِيمٌ	فَاتَّقُوا اللّٰهَ	مَا اسْتَطَعْتُمْ	وَاسْمَعُوا	وَأَطِيعُوا	وَأَنْفِقُوا	خَيْرًا	لِّأَنْفُسِكُمْ
بڑا اجر	پس تم ڈرو اللہ سے	جہاں تک تم سے ہو سکے	اور تم سنو	اور تم اطاعت کرو	اور تم خرچ کرو	بہتر	تمہارے حق میں

بڑا اجر ہے۔ پس جہاں تک ہو سکے تم اللہ سے ڈرو، اور سنو، اور اطاعت کرو، اور خرچ کرو (یہ) تمہارے حق میں بہتر ہے،

وَمَنْ يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ﴿۱۶﴾ إِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا

وَمَنْ	يُوقَ	شُحَّ	نَفْسِهِ	فَأُولٰئِكَ	هُمُ	الْمُفْلِحُونَ	إِنْ	تُقْرِضُوا	اللّٰهَ	قَرْضًا	حَسَنًا
اور جو	بچا لیا گیا	بخیلی	اپنی جان	تو یہی لوگ	وہ	فلاح پانے والے	اگر	تم قرض دو گے	اللہ	قرض	حسنہ

اور جو اپنی جان (طبیعت) کی بخیلی سے بچا لیا گیا تو یہی لوگ فلاح (دو جہان میں کامیابی) پانے والے ہیں۔ اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دو گے

يُضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۚ وَاللّٰهُ شَكُورٌ حَلِيمٌ ﴿۱۷﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ

يُضٰعِفْهُ	لَكُمْ	وَيَغْفِرْ لَكُمْ	وَاللّٰهُ	شَكُورٌ	حَلِيمٌ	عٰلِمُ الْغَيْبِ
وہ اسے دو چند کر دیگا	تمہارے لئے	اور وہ تمہیں بخش دے گا	اور اللہ	قدر شناس	بُردبار	جاننے والا پوشیدہ

تو وہ تمہارے لئے اسے دو چند کر دے گا، اور وہ تمہیں بخش دے گا، اور اللہ قدر شناس، بُردبار ہے (وہ) جاننے والا ہے پوشیدہ

وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ﴿۱۸﴾

وَالشَّهَادَةِ	الْعَزِيزُ	الْحَكِيمُ
اور ظاہر	غالب	حکمت والا

اور ظاہر کا، غالب، حکمت والا۔

۲ | ع ۴ | ۱۶

آیاتہا ۱۲ — ۶۵ سُورَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ ۹۹ — فیہا رکوعان ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے

يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَأَحْصُوا الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا

يٰأَيُّهَا النَّبِيُّ	إِذَا	طَلَّقْتُمُ	النِّسَاءَ	فَطَلِّقُوهُنَّ	لِعِدَّتِهِنَّ	وَأَحْصُوا	الْعِدَّةَ	وَاتَّقُوا
اے نبیؐ	جب	تم طلاق دو	عورتوں	تو انہیں طلاق دو	انکی عدت کے وقت	اور تم شمار رکھو	عدت	اور تم ڈرو

اے نبیؐ! (امت کو فرما دیں) جب تم عورتوں کو طلاق دو تو انہیں ان کی عدت کے وقت (حالتِ طہر میں) طلاق دو، اور تم عدت کا شمار رکھو، اور تم ڈرو

اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ؕ

اللّٰهَ	رَبَّكُمْ	لَا تُخْرِجُوْهُنَّ	مِنْ	بُيُوْتِهِنَّ	وَلَا يَخْرُجْنَ	اِلَّآ	اَنْ يَّاْتِيْنَ	بِفَاحِشَةٍ	مُّبَيِّنَةٍ
اللہ	تمہارا رب	تم نہ نکالو انہیں	سے	ان کے گھروں	اور نہ وہ (خود) نکلیں	مگر	یہ کہ وہ کریں	بے حیائی	کھلی

اللہ سے جو تمہارا رب ہے، تم انہیں ان کے گھروں سے نہ نکالو اور نہ وہ خود نکلیں، مگر یہ کہ وہ کھلی بے حیائی (کا ارتکاب) کریں،

وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ لَا تَدْرِيْ

وَتِلْكَ	حُدُوْدُ اللّٰهِ	وَمَنْ	يَّتَعَدَّ	حُدُوْدَ اللّٰهِ	فَقَدْ ظَلَمَ	نَفْسَهٗ	لَا تَدْرِيْ
اور یہ	اللہ کی حدود	اور جو	آگے نکلے گا	اللہ کی حدود	تو تحقیق اس نے ظلم کیا	اپنی جان	تمہیں خبر نہیں

اور یہ اللہ کی حدود ہیں، اور جو اللہ کی حدود سے آگے نکلے گا (تجاوز کرے گا) تو تحقیق اس نے اپنی جان پر ظلم کیا، تمہیں خبر نہیں

لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ۝ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ

لَعَلَّ اللّٰهَ	يُحْدِثُ	بَعْدَ ذٰلِكَ	اَمْرًا	فَاِذَا	بَلَغْنَ	اَجَلَهُنَّ	فَاَمْسِكُوْهُنَّ	بِمَعْرُوْفٍ
ممکن ہے اللہ	وہ پیدا کر دے	اس کے بعد	کوئی اور بات	پھر جب	وہ پہنچ جائیں	اپنی میعاد	تو ان کو روک لو	اچھے طریقے سے

ممکن ہے اللہ اس کے بعد (رجوع کی) کوئی اور بات (سبیل) پیدا کر دے۔ پھر جب وہ اپنی میعاد کے (نزدیک) پہنچ جائیں تو انہیں اچھے طریقے سے روک لو

اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ

اَوْ	فَارِقُوْهُنَّ	بِمَعْرُوْفٍ	وَّاَشْهِدُوْا	ذَوَيْ عَدْلٍ	مِّنْكُمْ	وَاَقِيْمُوا	الشَّهَادَةَ	لِلّٰهِ
یا	تم انہیں جدا کر دو	اچھے طریقے سے	اور تم گواہ کر لو	دو[2] انصاف پسند	اپنے میں سے	اور تم قائم کرو (دو)	گواہی	اللہ کے لئے

یا انہیں اچھے طریقے سے جدا (رخصت) کر دو، اور اپنے میں سے دو[2] انصاف پسند گواہ کر لو اور تم (صرف) اللہ کے لئے گواہی دو،

ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۬ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا

ذٰلِكُمْ	يُوْعَظُ بِهٖ	مَنْ	كَانَ يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَمَنْ	يَّتَّقِ اللّٰهَ	يَجْعَلْ لَّهٗ	مَخْرَجًا
یہی ہے	جس کی نصیحت کی جاتی ہے	جو ایمان رکھتا ہے		اللہ پر	اور آخرت کا دن	اور جو	وہ اللہ سے ڈرتا ہے	وہ اس کے لئے نکال دیتا ہے	نجات کی راہ

یہی ہے جس کی (ہر اس شخص کو) نصیحت کی جاتی ہے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے، اور جو اللہ سے ڈرتا ہے تو وہ اس کے لئے نجات (مخلصی) کی راہ نکال دیتا ہے،

وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

وَّيَرْزُقْهُ	مِنْ حَيْثُ	لَا يَحْتَسِبُ	وَمَنْ	يَّتَوَكَّلْ	عَلَى اللّٰهِ	فَهُوَ	حَسْبُهٗ	اِنَّ اللّٰهَ
اور وہ اسے رزق دیتا ہے	جہاں سے	اسے گمان نہیں ہوتا	اور جو	وہ بھروسہ کرتا ہے	اللہ پر	تو وہ	اس کے لئے کافی ہے	بیشک اللہ

اور وہ اسے رزق دیتا ہے جہاں سے اسے گمان (بھی) نہیں ہوتا، اور جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے تو وہ اس کے لئے کافی ہے، بیشک اللہ

بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۞۳ وَالّٰٓـِٔیْ یَىِٕسْنَ مِنَ الْمَحِیْضِ

بَالِغُ	اَمْرِهٖ	قَدْ جَعَلَ	اللّٰهُ	لِكُلِّ شَیْءٍ	قَدْرًا	وَالّٰٓـِٔیْ	یَىِٕسْنَ	مِنَ	الْمَحِیْضِ
پہنچنے (پورا کرنے) والا	اپنا کام	بیشک کر رکھا ہے	اللہ	ہر بات کے لئے	اندازہ	اور جو عورتیں	ناامید ہو گئی ہوں	سے	حیض

اپنے کام پورے کرنیوالا ہے، بیشک اللہ نے ہر بات کے لئے اندازہ مقرر کیا ہے۔ اور جو (پیرانہ سالی کی وجہ سے) حیض سے ناامید ہو گئی ہوں

مِنْ نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ وَّالّٰٓـِٔیْ لَمْ یَحِضْنَ ؕ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ

مِنْ	نِسَآئِكُمْ	اِنِ ارْتَبْتُمْ	فَعِدَّتُهُنَّ	ثَلٰثَةُ	اَشْهُرٍ	وَالّٰٓـِٔیْ	لَمْ یَحِضْنَ	وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ
سے	تمہاری بیبیاں	اگر تمہیں شبہ ہو	تو ان کی عدت	تین	مہینے	اور جو	انہیں حیض نہیں آیا	اور حمل والیاں

تمہاری (مطلقہ) بیبیوں میں سے اگر تمہیں شبہ ہو تو ان کی عدت تین مہینے ہے، اور (کم سنی کی وجہ سے) جنہیں حیض نہیں آیا ۔ اور حمل والیوں

اَجَلُهُنَّ اَنْ یَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ یُسْرًا ۞۴ ذٰلِكَ

اَجَلُهُنَّ	اَنْ یَّضَعْنَ	حَمْلَهُنَّ	وَمَنْ	یَّتَّقِ اللّٰهَ	یَجْعَلْ	لَّهٗ	مِنْ اَمْرِهٖ	یُسْرًا	ذٰلِكَ
ان کی عدت	کہ وضع ہو جائیں	ان کے حمل	اور جو	وہ اللہ سے ڈرے گا	وہ کر دے گا	اسکے لئے	اس کے کام میں	آسانی	یہ

کی عدت ان کے وضع حمل (بچہ جننے تک) ہے اور جو اللہ سے ڈرے گا تو وہ اس کے لئے اُس کے کام میں آسانی کر دے گا۔ یہ

اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗۤ اِلَیْكُمْ ؕ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یُكَفِّرْ عَنْهُ سَیِّاٰتِهٖ وَیُعْظِمْ لَهٗۤ اَجْرًا ۞۵

اَمْرُ اللّٰهِ	اَنْزَلَهٗ	اِلَیْكُمْ	وَمَنْ	یَّتَّقِ اللّٰهَ	یُكَفِّرْ	عَنْهُ	سَیِّاٰتِهٖ	وَیُعْظِمْ	لَهٗ	اَجْرًا
اللہ کے حکم	اُس نے یہ اتارا ہے	تمہاری طرف	اور جو	اللہ سے ڈرے گا	وہ دور کر دیگا	اس سے	اسکی برائیاں	اور بڑا دے گا	اس کو	اجر

اللہ کے حکم ہیں، اس نے تمہاری طرف اتارے ہیں اور جو اللہ سے ڈرے گا وہ اس کی برائیاں اس سے دور فرما دے گا اور اس کو بڑا اجر دے گا۔

اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَیْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَیِّقُوْا

اَسْكِنُوْهُنَّ	مِنْ حَیْثُ	سَكَنْتُمْ	مِنْ وُّجْدِكُمْ	وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ	لِتُضَیِّقُوْا
تم انہیں رکھو	جہاں	تم رہتے ہو	اپنی استطاعت کے مطابق	اور تم انہیں ضرر نہ پہنچاؤ	کہ تم تنگی کرو

تم جہاں رہتے ہو انہیں تم اپنی استطاعت کے مطابق (وہاں) رکھو، اور تم انہیں تنگ کرنے کے لئے ضرر (تکلیف) نہ پہنچاؤ

عَلَیْهِنَّ ؕ وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَیْهِنَّ حَتّٰی یَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ

عَلَیْهِنَّ	وَاِنْ	كُنَّ	اُولَاتِ حَمْلٍ	فَاَنْفِقُوْا	عَلَیْهِنَّ	حَتّٰی یَضَعْنَ	حَمْلَهُنَّ	فَاِنْ
انہیں	اور اگر	وہ ہوں	حمل والیاں (حمل سے)	تو خرچ کرو تم	ان پر	یہاں تک کہ وضع ہو جائیں	ان کے حمل	پھر اگر

اور اگر وہ حمل سے ہوں تو ان پر خرچ کرو یہاں تک کہ وضع حمل ہو جائے (بچہ پیدا ہو جائے) پھر اگر

اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ

اَرْضَعْنَ	لَكُمْ	فَاٰتُوْهُنَّ	اُجُوْرَهُنَّ	وَاْتَمِرُوْا	بَيْنَكُمْ	بِمَعْرُوْفٍ	وَاِنْ	تَعَاسَرْتُمْ
وہ دودھ پلائیں	تمہارے لئے	تو تم انہیں دو	ان کی اجرت	اور تم باہم مشورہ کر لیا کرو	آپس	معقول طریقے سے	اور اگر	تم باہم کشمکش کرو گے

وہ تمہارے لئے (تمہاری خاطر) دودھ پلائیں تو انہیں ان کی اُجرت دو، اور تم آپس میں معقول طریقے سے مشورہ کر لیا کرو۔ اور اگر تم باہم کشمکش کرو گے

فَسَتُرْضِعُ لَهٗۤ اُخْرٰى ۞۶ لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ۚ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ

فَسَتُرْضِعُ	لَهٗ	اُخْرٰى	لِيُنْفِقْ	ذُوْ سَعَةٍ	مِّنْ	سَعَتِهٖ	وَمَنْ	قُدِرَ	عَلَيْهِ
تو دودھ پلا دے گی	اس کو	کوئی دوسری	چاہیئے کہ خرچ کرے	وسعت والا	سے مطابق	اپنی وسعت	اور جو	تنگ کر دیا گیا	اس پر

تو اس کو کوئی دوسری (بی بی) دودھ پلا دے گی۔ چاہیئے کہ وسعت والا اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرے اور جس پر تنگ کر دیا گیا ہو

رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّاۤ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ۚ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَاۤ اٰتٰىهَا ۚ سَيَجْعَلُ

رِزْقُهٗ	فَلْيُنْفِقْ	مِمَّا	اٰتٰىهُ اللّٰهُ	لَا يُكَلِّفُ	اللّٰهُ	نَفْسًا	اِلَّا	مَاۤ اٰتٰىهَا	سَيَجْعَلُ
اس کا رزق	تو اسے خرچ کرنا چاہیئے	اس میں سے جو	اسے اللہ نے دیا	وہ تکلیف نہیں دیتا	اللہ	کسی کو	مگر	جس قدر اس نے اسے دیا	وہ جلد کر دے گا

اس کا رزق (آمدنی)، تو اللہ نے جو اسے دیا ہے اس میں سے خرچ کرنا چاہیئے اللہ کسی کو تکلیف نہیں دیتا (مکلّف نہیں ٹھہراتا)، مگر (اسی قدر) جتنا اس نے اسے دیا ہے جلد کر دیگا

اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا ۞۷ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ

ع ۱ ۱۷

اللّٰهُ	بَعْدَ عُسْرٍ	يُّسْرًا	وَكَاَيِّنْ	مِّنْ قَرْيَةٍ	عَتَتْ	عَنْ	اَمْرِ رَبِّهَا	وَرُسُلِهٖ
اللہ	تنگی کے بدلہ	آسانی	اور کئی	بستیاں	انہوں نے سرکشی کی	سے	اپنے رب کے حکم	اور اس کے رسولوں

اللہ تنگی کے بعد آسانی۔ اور کئی بستیاں ہیں جنہوں نے اپنے رب کے حکم سے اور اس کے رسولوں سے سرکشی کی

فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا شَدِيْدًا ۙ وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ۞۸ فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا

فَحَاسَبْنٰهَا	حِسَابًا	شَدِيْدًا	وَّعَذَّبْنٰهَا	عَذَابًا	نُّكْرًا	فَذَاقَتْ	وَبَالَ	اَمْرِهَا
تو ہم نے ان کا حساب لیا	حساب	سختی سے	اور ہم نے انہیں عذاب دیا	عذاب	بہت بڑا	پھر انہوں نے چکھا	وبال	اپنا کام

اور ہم نے سختی سے ان کا حساب لیا، اور ہم نے انہیں بڑا عذاب دیا - پھر انہوں نے اپنے کام کا وبال چکھا

وَكَانَ عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ۞۹ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

وَكَانَ	عَاقِبَةُ	اَمْرِهَا	خُسْرًا	اَعَدَّ اللّٰهُ	لَهُمْ	عَذَابًا	شَدِيْدًا	فَاتَّقُوا اللّٰهَ
اور ہوا	انجام	ان کا کام	خسارا	اللہ نے تیار کیا ہے	ان کے لئے	عذاب	سخت	پس تم ڈرو اللہ سے

اور ان کے کام کا انجام خسارا (گھاٹا) ہوا۔ اللہ نے ان کے لئے سخت عذاب تیار کیا ہے، پس تم اللہ سے ڈرو

يَا أُولِي الْأَلْبَابِ ۚ الَّذِينَ آمَنُوا ۚ قَدْ أَنْزَلَ اللَّهُ إِلَيْكُمْ ذِكْرًا ﴿١٠﴾ رَسُولًا يَتْلُو عَلَيْكُمْ

يَا أُولِي الْأَلْبَابِ	الَّذِينَ آمَنُوا	قَدْ أَنْزَلَ	اللَّهُ	إِلَيْكُمْ	ذِكْرًا	رَسُولًا	يَتْلُو	عَلَيْكُمْ
اے عقل والو	ایمان والو	تحقیق نازل کی	اللہ	تمہاری طرف	نصیحت (کتاب)	اور رسول	وہ پڑھتا ہے	تم پر

اے عقل والو - ایمان والو! تحقیق اللہ نے تمہاری طرف کتاب نازل کی ہے - وہ رسولؐ (بھیجا ہے) جو تم پر پڑھتا ہے

آيَاتِ اللَّهِ مُبَيِّنَاتٍ لِيُخْرِجَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۚ

آيَاتِ اللَّهِ	مُبَيِّنَاتٍ	لِيُخْرِجَ	الَّذِينَ آمَنُوا	وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ	مِنَ الظُّلُمَاتِ	إِلَى النُّورِ
اللہ کی آیتیں	روشن	تاکہ وہ نکالے	جو ایمان لائے	اور انہوں نے اچھے عمل کئے	تاریکیوں سے	نور کی طرف

اللہ کی روشن آیتیں، تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے عمل کئے وہ انہیں نکالے تاریکیوں سے نور کی طرف

وَمَنْ يُؤْمِنْ بِاللَّهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ

وَمَنْ	يُؤْمِنْ	بِاللَّهِ	وَيَعْمَلْ	صَالِحًا	يُدْخِلْهُ	جَنَّاتٍ	تَجْرِي	مِنْ تَحْتِهَا	الْأَنْهَارُ	خَالِدِينَ
اور جو	ایمان لائے گا	اللہ پر	اور عمل کریگا	اچھے	وہ اسے داخل کرے گا	باغات	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے

اور جو اللہ پر ایمان لائے گا اور اچھے عمل کرے گا تو وہ اسے ان باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ رہیں گے ⑪

فِيهَا أَبَدًا ۖ قَدْ أَحْسَنَ اللَّهُ لَهُ رِزْقًا ﴿١١﴾ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ وَمِنَ الْأَرْضِ

فِيهَا	أَبَدًا	قَدْ أَحْسَنَ	اللَّهُ	لَهُ	رِزْقًا	اللَّهُ الَّذِي	خَلَقَ	سَبْعَ سَمَاوَاتٍ	وَ	مِنَ الْأَرْضِ
ان میں	ہمیشہ ہمیشہ	بیشک بہت اچھی رکھی	اللہ	اس کے لئے	روزی	اللہ وہ جس نے	پیدا کئے	سات آسمان	اور	زمین سے (بھی)

ان میں ہمیشہ ہمیشہ، بیشک اللہ نے اس کے لئے بہت اچھی روزی رکھی ہے۔ اللہ وہ ہے جس نے سات آسمان پیدا کئے، اور زمین بھی

مِثْلَهُنَّ ۖ يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ وَأَنَّ

مِثْلَهُنَّ	يَتَنَزَّلُ	الْأَمْرُ	بَيْنَهُنَّ	لِتَعْلَمُوا	أَنَّ اللَّهَ	عَلَىٰ	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيرٌ	وَأَنَّ
ان کی طرح	اترتا ہے	حکم	ان کے درمیان	تاکہ وہ جان لیں	کہ اللہ	ہر شے پر		قدرت رکھتا ہے	اور یہ کہ

ان کی طرح، ان کے درمیان حکم اترتا ہے تاکہ وہ جان لیں کہ اللہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے، اور یہ کہ

اللَّهَ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ﴿١٢﴾

اللَّهَ	قَدْ أَحَاطَ	بِكُلِّ شَيْءٍ	عِلْمًا
اللہ	احاطہ کیا ہوا ہے	ہر شے	علم سے

اللہ نے ہر شے کا علم سے احاطہ کیا ہوا ہے۔

۲ ع ۵ ۱۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا، مہربان ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ؕ وَاللّٰهُ

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ	لِمَ تُحَرِّمُ	مَا اَحَلَّ اللّٰهُ	لَكَ	تَبْتَغِيْ	مَرْضَاتَ	اَزْوَاجِكَ	وَاللّٰهُ
اے نبیؐ	تم کیوں حرام ٹھہراتے ہو؟	جو اللہ نے حلال کیا	تمہارے لئے	چاہتے ہوئے	خوشنودی	اپنی بیبیوں	اور اللہ

اے نبیؐ! جو اللہ نے تمہارے لئے حلال کیا ہے تم اسے کیوں حرام ٹھہراتے ہو؟ اپنی بیبیوں کی خوشنودی چاہتے ہوئے، اور اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۱ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ

غَفُوْرٌ	رَحِيْمٌ	قَدْ فَرَضَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	تَحِلَّةَ	اَيْمَانِكُمْ	وَاللّٰهُ	مَوْلٰىكُمْ	وَهُوَ	الْعَلِيْمُ
بخشنے والا	مہربان	تحقیق مقرر کردیا	اللہ	تمہارے لئے	کھولنا (کفارہ)	تمہاری قسمیں	اور اللہ	تمہارا کارساز	اور وہ	جاننے والا

بخشنے والا مہربان ہے۔ تحقیق اللہ نے تمہارے لئے تمہاری قسموں کا کفارہ مقرر کر دیا ہے، اور اللہ تمہارا کارساز ہے، اور وہ جاننے والا

الْحَكِيْمُ ۝۲ وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَاَظْهَرَهُ اللّٰهُ

الْحَكِيْمُ	وَاِذْ	اَسَرَّ النَّبِيُّ	اِلٰى	بَعْضِ	اَزْوَاجِهٖ	حَدِيْثًا	فَلَمَّا	نَبَّاَتْ	بِهٖ	وَاَظْهَرَهُ	اللّٰهُ
حکمت والا	اور جب	نبیؐ نے راز کی بات کہی	تک سے	بعض (ایک)	اپنی بی بی	ایک بات	پھر جب	اس نے خبر کردی	اس بات کی	اور اسکو ظاہر کردیا	اللہ

حکمت والا ہے۔ اور جب نبیؐ نے اپنی ایک بی بی سے ایک راز کی بات کہی، پھر جب اس (بی بی) نے اس بات کی (کسی دوسری بی بی کو) خبر کردی اور اللہ نے ظاہر کردیا

عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ

عَلَيْهِ	عَرَّفَ	بَعْضَهٗ	وَاَعْرَضَ	عَنْۢ بَعْضٍ	فَلَمَّا	نَبَّاَهَا	بِهٖ	قَالَتْ	مَنْ اَنْۢبَاَكَ
اس پر	اس (نبی) نے خبر دی	اس کی کچھ	اور اعراض کیا	بعض سے	پھر جب	اس (عورت) کو جتلائی	وہ بات	وہ بولی	کس نے آپؐ کو خبر دی

اس (نبی) پر تو اس نے اس کی کچھ کو خبر دی، اور بعض سے اعراض کیا، پھر اس بی بی کو وہ بات جتلائی تو وہ بولی آپؐ کو کس نے خبر دی؟

هٰذَا ؕ قَالَ نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝۳ اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ

هٰذَا	قَالَ	نَبَّاَنِيَ	الْعَلِيْمُ	الْخَبِيْرُ	اِنْ تَتُوْبَا	اِلَى اللّٰهِ	فَقَدْ صَغَتْ	قُلُوْبُكُمَا
اس	فرمایا	مجھے خبر دی	علم والا	خبر رکھنے والا	اگر تم دونوں توبہ کرو	اللہ کے سامنے	تو یقیناً کج ہو گئے	تمہارے دل

اس (بات کی)؟ آپؐ نے فرمایا مجھے علم والے خبر رکھنے والے نے خبر دی۔ (اے بیبیو!) اگر تم دونوں اللہ کے سامنے توبہ کرو (تو بہتر ہے کیونکہ) تمہارے دل یقیناً کج ہو گئے

وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ

وَاِنْ	تَظٰهَرَا	عَلَيْهِ	فَاِنَّ اللّٰهَ	هُوَ	مَوْلٰىهُ	وَجِبْرِيْلُ	وَصَالِحُ	الْمُؤْمِنِيْنَ
اور اگر	تم ایکدوسری کی مدد کرو گی	اس پر	تو بیشک اللہ	وہ	اس کا رفیق	اور جبریل ؑ	اور نیک	مومن (جمع)

اگر اس (نبیؐ) کی (ایذا رسانی) پر تم ایکدوسری کی مدد کرو گی تو بیشک اللہ اس کا رفیق ہے اور جبریلؑ اور نیک مومن

وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ④ عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا

وَالْمَلٰٓئِكَةُ	بَعْدَ ذٰلِكَ	ظَهِيْرٌ	عَسٰى	رَبُّهٗٓ	اِنْ طَلَّقَكُنَّ	اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ	اَزْوَاجًا
اور فرشتے	اسکے بعد (ان کے علاوہ)	مددگار	قریب ہے	ان کا رب	اگر وہ تمہیں طلاق دیدیں	کہ وہ انکے لئے بدل دے	بیبیاں

اور فرشتے (بھی) ان کے علاوہ مددگار ہیں۔ اگر وہ تمہیں طلاق دے دیں تو قریب ہے کہ اس کا رب اس کے لئے اور بیبیاں بدل دے

خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّ

خَيْرًا	مِّنْكُنَّ	مُسْلِمٰتٍ	مُّؤْمِنٰتٍ	قٰنِتٰتٍ	تٰٓئِبٰتٍ	عٰبِدٰتٍ	سٰٓئِحٰتٍ	ثَيِّبٰتٍ	وَّ
بہتر	تم سے	اطاعت گزار	ایمان والیاں	فرمانبرداری کرنے والیاں	توبہ کرنیوالیاں	عبادت گزار	روزہ دار	شوہر دیدہ	اور

تم سے بہتر اطاعت گزار، ایمان والیاں، فرمانبرداری کرنے والیاں، توبہ کرنے والیاں، عبادت گزار، روزہ دار، شوہر دیدہ، اور

اَبْكَارًا ⑤ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَ

اَبْكَارًا	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	قُوْٓا	اَنْفُسَكُمْ	وَاَهْلِيْكُمْ	نَارًا	وَّقُوْدُهَا	النَّاسُ	وَ
کنواریاں	اے	ایمان والو	تم بچاؤ	اپنے آپ کو	اور اپنے گھر والوں	آگ	اور اس کا ایندھن	آدمی	اور

کنواریاں۔ اے ایمان والو! تم اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو اس آگ سے بچاؤ، جس کا ایندھن آدمی اور

الْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا

الْحِجَارَةُ	عَلَيْهَا	مَلٰٓئِكَةٌ	غِلَاظٌ	شِدَادٌ	لَّا يَعْصُوْنَ	اللّٰهَ	مَآ	اَمَرَهُمْ	وَيَفْعَلُوْنَ	مَا
پتھر	اس پر	فرشتے	درشت خو	زور آور	وہ نافرمانی نہیں کرتے	اللہ	جو	وہ حکم دیتا ہے انہیں	اور وہ کرتے ہیں	جو

پتھر ہیں، اس پر درشت خو، زور آور فرشتے (معین) ہیں، اللہ جو انہیں حکم دیتا ہے وہ اس کی نافرمانی نہیں کرتے اور وہ کرتے ہیں جو ع ⑦

يُؤْمَرُوْنَ ⑥ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ

يُؤْمَرُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ كَفَرُوْا	لَا تَعْتَذِرُوا	الْيَوْمَ	اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
انہیں حکم دیا جاتا ہے	اے	جن لوگوں نے کفر کیا (کافرو)	تم عذر نہ کرو	آج	اسکے سوا نہیں کہ تمہیں بدلہ دیا جائیگا جو	تم کرتے تھے

انہیں حکم دیا جاتا ہے۔ اے کافرو! آج تم عذر نہ کرو (بہانے نہ بناؤ) اس کے سوا نہیں کہ تمہیں اس کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے تھے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ۭ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	تُوْبُوْٓا	اِلَى اللّٰهِ	تَوْبَةً	نَّصُوْحًا	عَسٰى	رَبُّكُمْ	اَنْ يُّكَفِّرَ	عَنْكُمْ
اے	ایمان والو	تم توبہ کرو	اللہ کے آگے	توبہ	خالص	امید ہے	تمہارا رب	کہ وہ دور کردے گا	تم سے

اے ایمان والو! تم اللہ کے آگے توبہ کرو خالص (صاف دل سے)، توبہ امید ہے تمہارا رب تم سے دُور کر دے گا

سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ

سَيِّاٰتِكُمْ	وَيُدْخِلَكُمْ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	يَوْمَ	لَا يُخْزِي	اللّٰهُ
تمہاری برائیاں (گناہ)	اور وہ داخل کریگا تمہیں	باغات	جاری ہیں	ان کے نیچے	نہریں	اُس دن	وہ رسوا نہ کرے گا	اللہ

تمہارے گناہ اور وہ تمہیں ان باغات میں داخل کرے گا، جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، اس دن اللہ رُسوا نہ کرے گا

النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ

النَّبِيَّ	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	نُوْرُهُمْ	يَسْعٰى	بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ	وَبِاَيْمَانِهِمْ	يَقُوْلُوْنَ
نبی ﷺ	اور جو لوگ ایمان لائے	اس کے ساتھ	ان کا نور	دوڑتا ہوگا	ان کے سامنے	اور ان کے داہنے	وہ کہتے (دعا کرتے) ہوں گے

نبی ﷺ کو اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے، ان کا نور ان کے سامنے اور اُن کے دائیں دوڑتا ہو گا، اور وہ دُعا کرتے ہوں گے،

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ

رَبَّنَآ	اَتْمِمْ لَنَا	نُوْرَنَا	وَاغْفِرْ لَنَا	اِنَّكَ	عَلٰى	كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ	جَاهِدِ
اے ہمارے رب	پورا کردے ہمارے لئے	ہمارا نور	اور ہماری مغفرت فرمادے	بیشک تو	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	اے نبی ﷺ	جہاد کیجئے

اے ہمارے رب! ہمارے لئے ہمارا نور پورا کر دے اور ہماری مغفرت فرما دے، بیشک تو ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ اے نبی ﷺ جہاد کیجئے

الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ ضَرَبَ

الْكُفَّارَ	وَالْمُنٰفِقِيْنَ	وَاغْلُظْ	عَلَيْهِمْ	وَمَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	وَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ	ضَرَبَ
کافروں	اور منافقوں	اور سختی کیجئے	اُن پر	اور ان کا ٹھکانا	جہنم	اور بُری	جگہ	بیان کی

کافروں اور منافقوں سے، اور اُن پر سختی کیجئے اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ (بہت) بُری جگہ ہے۔ بیان کی

اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ۭ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ

اللّٰهُ	مَثَلًا	لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا	امْرَاَتَ نُوْحٍ	وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ	كَانَتَا	تَحْتَ	عَبْدَيْنِ	مِنْ
اللہ	مثال	کافروں کے لئے	نوحؑ کی بیوی	اور لوطؑ کی بیوی	اور دونوں تھیں	نیچے (گھروں میں)	دو بندے	سے

اللہ نے کافروں کے لئے نوحؑ کی بیوی اور لوطؑ کی بیوی کی مثال، وہ دونوں دو بندوں کے گھروں میں تھیں،

عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ

عِبَادِنَا	صَالِحَيْنِ	فَخَانَتٰهُمَا	فَلَمْ يُغْنِيَا	عَنْهُمَا	مِنَ اللّٰهِ	شَيْئًا	وَّقِيْلَ	ادْخُلَا النَّارَ
ہمارے بندے	دو صالح	سو انہوں نے ان دونوں کی خیانت کی	تو ان دونوں کے کام نہ آیا	اُن کے	اللہ سے آگے	کچھ	اور کہا گیا	تم دونوں داخل ہو جاؤ جہنم

ہمارے صالح بندوں میں سے، سو انہوں نے ان دونوں کی خیانت کی تو اللہ کے آگے ان دونوں کے کچھ کام نہ آیا اور کہا گیا تم دونوں جہنم میں داخل ہو جاؤ

مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ⑩ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ اِذْ قَالَتْ

مَعَ	الدّٰخِلِيْنَ	وَضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا	لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا	امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ	اِذْ	قَالَتْ
ساتھ	داخل ہونے والے	اور بیان کی	اللہ	مثال	مومنوں کے لئے	فرعون کی بیوی	جب	اس نے کہا

داخل ہونے والوں کے ساتھ۔ اور اللہ نے مومنوں کے لئے فرعون کی بیوی کی مثال بیان کی، جب اس (بی بی) نے کہا

رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَ

رَبِّ	ابْنِ لِيْ	عِنْدَكَ	بَيْتًا	فِي الْجَنَّةِ	وَنَجِّنِيْ	مِنْ	فِرْعَوْنَ	وَعَمَلِهٖ	وَ
اے میرے رب	میرے لئے بنا دے	اپنے پاس	ایک گھر	جنت میں	اور مجھے بچا لے	سے	فرعون	اور اس کا عمل	اور

اے میرے رب! میرے لئے اپنے پاس جنت میں ایک گھر بنا دے، اور مجھے فرعون اور اس کے عمل سے بچا لے، اور

نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ⑪ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ

نَجِّنِيْ	مِنَ	الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ	وَمَرْيَمَ	ابْنَتَ عِمْرٰنَ	الَّتِيْ	اَحْصَنَتْ
مجھے بچا لے	سے	ظالموں کی قوم	اور مریم	عمران کی بیٹی	وہ جس نے	حفاظت کی

مجھے ظالموں کی قوم سے بچا لے۔ (اور دوسری مثال) عمرانؑ کی بیٹی مریمؑ کی، جس نے حفاظت کی

فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا

فَرْجَهَا	فَنَفَخْنَا	فِيْهِ	مِنْ رُّوْحِنَا	وَصَدَّقَتْ	بِكَلِمٰتِ	رَبِّهَا
اپنی شرمگاہ	سو ہم نے پھونکی	اس میں	اپنی روح سے	اور اس نے تصدیق کی	باتوں کی	اپنا رب

اپنی شرمگاہ کی، سو ہم نے اس میں اپنی روح پھونکی، اور اس نے تصدیق کی اپنے رب کی باتوں کی،

٢ ع ٥ ٢٠

وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ⑫

وَكُتُبِهٖ	وَكَانَتْ	مِنَ	الْقٰنِتِيْنَ
اور اس کی کتابوں	اور وہ تھی	سے	فرمانبرداری کرنے والیاں

اور اس کی کتابوں کی، اور وہ فرمانبرداری کرنے والیوں میں سے تھی۔

آیاتہا ۳۰ — ۶۷ سُوْرَۃُ الْمُلْکِ مَکِّیَّۃٌ ۷۷ — فیہا رکوعان

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے۔

تَبٰرَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرُ ۝۱ الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَ

تَبٰرَکَ	الَّذِیْ	بِیَدِہٖ	الْمُلْکُ	وَھُوَ	عَلٰی	کُلِّ شَیْءٍ	قَدِیْرُ	الَّذِیْ	خَلَقَ	الْمَوْتَ	وَ
بڑی برکت والا	وہ جس	اسکے ہاتھ میں	بادشاہی	اور وہ	پر	ہر شے	قدرت رکھنے والا	وہ جس	پیدا کیا	موت	اور

بڑی برکت والا ہے وہ جس کے ہاتھ میں ہے بادشاہی، اور وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ وہ جس نے پیدا کیا موت اور

الْحَیٰوۃَ لِیَبْلُوَکُمْ اَیُّکُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفُوْرُ ۝۲ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ

الْحَیٰوۃَ	لِیَبْلُوَکُمْ	اَیُّکُمْ	اَحْسَنُ	عَمَلًا	وَھُوَ	الْعَزِیْزُ	الْغَفُوْرُ	الَّذِیْ خَلَقَ	سَبْعَ سَمٰوٰتٍ
زندگی	تاکہ وہ آزمائے تمہیں	تم میں سے کون	سب سے بہتر	عمل میں	اور وہ	غالب	بخشنے والا	جس نے بنائے	سات آسمان

زندگی کو تاکہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے کون ہے؟ عمل میں سب سے بہتر، اور وہ غالب بخشنے والا ہے۔ جس نے سات آسمان بنائے

طِبَاقًا مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ھَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ۝۳

طِبَاقًا	مَا تَرٰی	فِیْ	خَلْقِ	الرَّحْمٰنِ	مِنْ تَفٰوُتٍ	فَارْجِعِ	الْبَصَرَ	ھَلْ تَرٰی	مِنْ فُطُوْرٍ
تہہ در تہہ	تو نہ دیکھے گا	میں	بنانا (تخلیق)	رحمٰن (اللہ)	کوئی فرق	پھر لوٹا	نگاہ	کیا تو دیکھتا ہے	کوئی شگاف

تہہ در تہہ، تو اللہ کی تخلیق میں کوئی فرق نہ دیکھے گا پھر نگاہ لوٹا کر (دیکھ) کیا تو کوئی شگاف (دراڑ) دیکھتا ہے۔

ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّھُوَ حَسِیْرٌ ۝۴ وَلَقَدْ زَیَّنَّا

ثُمَّ	ارْجِعِ	الْبَصَرَ	کَرَّتَیْنِ	یَنْقَلِبْ	اِلَیْکَ	الْبَصَرُ	خَاسِئًا	وَّھُوَ	حَسِیْرٌ	وَلَقَدْ زَیَّنَّا
پھر	تو دوبارہ لوٹا	نگاہ	دوبارہ	وہ لوٹ آئیگی	تیری طرف	نگاہ	خوار ہوکر	اور وہ	تھکی ماندہ	اور یقیناً ہم نے آراستہ کیا

پھر دوبارہ نگاہ لوٹا کر (دیکھ)، وہ تیری طرف خوار ہو کر تھکی ماندہ لوٹ آئے گی، اور یقیناً ہم نے آراستہ کیا ہے

السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ وَجَعَلْنٰھَا رُجُوْمًا لِّلشَّیٰطِیْنِ وَاَعْتَدْنَا لَھُمْ عَذَابَ السَّعِیْرِ ۝۵

السَّمَآءَ الدُّنْیَا	بِمَصَابِیْحَ	وَجَعَلْنٰھَا	رُجُوْمًا	لِّلشَّیٰطِیْنِ	وَاَعْتَدْنَا	لَھُمْ	عَذَابَ السَّعِیْرِ
آسمانِ دنیا	چراغوں سے	اور ہم نے اسے بنایا	مارنے کا آلہ	شیطانوں کے لئے	اور ہم نے تیار کیا	ان کے لئے	دہکتی آگ (جہنم) کا عذاب

آسمان دنیا کو چراغوں سے، اور ہم نے اسے شیطانوں کے لئے مارنے کا آلہ بنایا، اور ہم نے ان کے لئے جہنم کا عذاب تیار کیا ہے۔

وَلِلَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۝٦ إِذَا أُلْقُوا فِيهَا سَمِعُوا لَهَا

وَلِلَّذِينَ	كَفَرُوا	بِرَبِّهِمْ	عَذَابُ جَهَنَّمَ	وَبِئْسَ	الْمَصِيرُ	إِذَا أُلْقُوا	فِيهَا	سَمِعُوا	لَهَا
اور ان لوگوں کے لئے	جنہوں نے کفر کیا	انکے رب کی طرف سے	جہنم کا عذاب	اور بُری	لوٹنے کی جگہ	جب وہ ڈالے جائیں گے	اس میں	وہ سُنیں گے	وہاں

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لئے ان کے رب کی طرف سے جہنم کا عذاب ہے اور (یہ) بُری لوٹنے کی جگہ ہے - جب وہ اس میں ڈالے جائیں گے تو وہ وہاں سُنیں گے

شَهِيقًا وَهِيَ تَفُورُ ۝٧ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ۖ كُلَّمَا أُلْقِيَ فِيهَا فَوْجٌ سَأَلَهُمْ خَزَنَتُهَا

شَهِيقًا	وَهِيَ	تَفُورُ	تَكَادُ تَمَيَّزُ	مِنَ الْغَيْظِ	كُلَّمَا	أُلْقِيَ فِيهَا	فَوْجٌ	سَأَلَهُمْ	خَزَنَتُهَا
چیخنا چلاّنا	اور وہ	جوش مار رہی ہوگی	قریب ہے کہ پھٹ پڑے	غضب سے	جب بھی	ڈالا جائے گا اس میں	کوئی گروہ	وہ ان سے پوچھیں گے	اس کے داروغہ

چیخنا چلاّنا اور وہ (جہنم) جوش مار رہی ہوگی - قریب ہے کہ غضب سے پھٹ پڑے ، جب اس میں کوئی گروہ ڈالا جائے گا ، ان سے اس کے داروغہ پوچھیں گے

أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَذِيرٌ ۝٨ قَالُوا بَلَىٰ قَدْ جَاءَنَا نَذِيرٌ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ

أَلَمْ يَأْتِكُمْ	نَذِيرٌ	قَالُوا	بَلَىٰ	قَدْ جَاءَنَا	نَذِيرٌ	فَكَذَّبْنَا	وَقُلْنَا	مَا نَزَّلَ	اللَّهُ	مِنْ شَيْءٍ
کیا نہیں آیا تمہارے پاس	کوئی ڈرانیوالا	وہ کہیں گے	ہاں	ضرور آیا ہمارے پاس	ڈرانے والا	سو ہم نے جھٹلایا	اور ہم نے کہا	نہیں نازل کی	اللہ	کچھ

کیا تمہارے پاس کوئی ڈرانیوالا نہیں آیا تھا؟ وہ کہیں گے ہاں (کیوں نہیں) ، ہمارے پاس ضرور ڈرانیوالا آیا ، سو ہم نے جھٹلایا ، اور ہم نے کہا کہ اللہ نے کچھ نازل نہیں کیا

إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا فِي ضَلَالٍ كَبِيرٍ ۝٩ وَقَالُوا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ أَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِي أَصْحَابِ السَّعِيرِ ۝١٠

إِنْ أَنْتُمْ	إِلَّا	فِي ضَلَالٍ	كَبِيرٍ	وَقَالُوا	لَوْ	كُنَّا نَسْمَعُ	أَوْ نَعْقِلُ	مَا كُنَّا	فِي	أَصْحَابِ السَّعِيرِ
نہیں تم	مگر (صرف)	گمراہی میں	بڑی	اور وہ کہیں گے	اگر	ہم سنتے	یا ہم سمجھتے	ہم نہ ہوتے	میں	دوزخیوں

تم صرف بڑی گمراہی میں ہو - اور وہ کہیں گے اگر ہم سنتے یا ہم سمجھتے تو ہم دوزخیوں میں نہ ہوتے

فَاعْتَرَفُوا بِذَنْبِهِمْ فَسُحْقًا لِأَصْحَابِ السَّعِيرِ ۝١١ إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ

فَاعْتَرَفُوا	بِذَنْبِهِمْ	فَسُحْقًا	لِأَصْحَابِ السَّعِيرِ	إِنَّ	الَّذِينَ يَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	بِالْغَيْبِ
سو انہوں نے اعتراف کرلیا	اپنے گناہوں کا	تو دوری (لعنت)	دوزخیوں کے لئے	بیشک	جو لوگ ڈرتے ہیں	اپنا رب	بن دیکھے

سو انہوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کرلیا تو لعنت ہے دوزخیوں کے لئے - بیشک جو لوگ بن دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں

لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ۝١٢ وَأَسِرُّوا قَوْلَكُمْ أَوِ اجْهَرُوا بِهِ ۖ إِنَّهُ عَلِيمٌ

لَهُمْ	مَغْفِرَةٌ	وَأَجْرٌ	كَبِيرٌ	وَأَسِرُّوا	قَوْلَكُمْ	أَوِ اجْهَرُوا	بِهِ	إِنَّهُ	عَلِيمٌ
ان کے لئے	بخشش	اور اجر	بڑا	اور تم چھپاؤ	اپنی بات	یا بلند آواز سے کہو	اس کو	بیشک وہ	جاننے والا

ان کے لئے بخشش اور بڑا اجر ہے - اور تم اپنی بات چھپاؤ یا اس کو بلند آواز سے کہو ، وہ بیشک جاننے والا ہے

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۳﴾ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَھُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ﴿۱۴﴾ ھُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ

بِذَاتِ الصُّدُوْرِ	اَلَا یَعْلَمُ	مَنْ خَلَقَ	وَھُوَ	اللَّطِیْفُ	الْخَبِیْرُ	ھُوَ	الَّذِیْ جَعَلَ	لَکُمُ	الْاَرْضَ
سینوں (دلوں) کے بھید	کیا وہ نہیں جانتا	جس نے پیدا کیا	اور وہ	باریک بین	بڑا باخبر	وہی	وہ جس نے کیا	تمہارے لئے	زمین

دلوں کے بھیدوں کو۔ کیا جس نے پیدا کیا وہ نہیں جانتا؟ اور وہ باریک بین بڑا باخبر ہے۔ وہی ہے جس نے تمہارے لئے زمین کو کیا

ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِیْ مَنَاکِبِھَا وَکُلُوْا مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ ﴿۱۵﴾ ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ

ذَلُوْلًا	فَامْشُوْا	فِیْ مَنَاکِبِھَا	وَکُلُوْا	مِنْ رِّزْقِهٖ	وَاِلَیْهِ	النُّشُوْرُ	ءَاَمِنْتُمْ	مَنْ
مسخّر۔ تاکہ تم چلو	اس کے راستوں میں	سو تم کھاؤ	اس کے رزق سے	اور اسی کی طرف	جی اُٹھ کر جانا	کیا تم بے خوف ہو	جو

مسخّر تاکہ تم اس کے راستوں میں چلو، اور اس کے رزق میں سے کھاؤ، اور اسی کی طرف جی اُٹھ کر جانا ہے۔ کیا تم (اس سے) بے خوف ہو؟ جو

فِی السَّمَآءِ اَنْ یَّخْسِفَ بِکُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا ھِیَ تَمُوْرُ ﴿۱۶﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِی السَّمَآءِ

فِی السَّمَآءِ	اَنْ یَّخْسِفَ	بِکُمُ	الْاَرْضَ	فَاِذَا	ھِیَ تَمُوْرُ	اَمْ اَمِنْتُمْ	مَنْ	فِی السَّمَآءِ
آسمان میں	کہ وہ دھنسا دے	تمہیں	زمین	تو ناگہاں	وہ جنبش کرے	کیا تم بے خوف ہو	جو	آسمان میں

آسمان میں ہے کہ وہ تمہیں زمین میں دھنسا دے، تو ناگہاں وہ جنبش کرنے لگے۔ کیا تم (اس سے) بے خوف ہو؟ جو آسمانوں میں ہے

اَنْ یُّرْسِلَ عَلَیْکُمْ حَاصِبًا ؕ فَسَتَعْلَمُوْنَ کَیْفَ نَذِیْرِ ﴿۱۷﴾ وَلَقَدْ کَذَّبَ الَّذِیْنَ مِنْ

اَنْ	یُّرْسِلَ	عَلَیْکُمْ	حَاصِبًا	فَسَتَعْلَمُوْنَ	کَیْفَ	نَذِیْرِ	وَلَقَدْ کَذَّبَ	الَّذِیْنَ	مِنْ
کہ	وہ بھیجے	تم پر	پتھروں کی بارش	سو تم جلد جان لوگے	کیسا	میرا ڈرانا	اور بالتحقیق جھٹلایا	وہ لوگ جو	سے

کہ وہ تم پر پتھروں کی بارش بھیجے؟ سو تم جلد جان لوگے میرا ڈرانا کیسا ہے؟ اور بالتحقیق ان لوگوں نے جھٹلایا جو

قَبْلِھِمْ فَکَیْفَ کَانَ نَکِیْرِ ﴿۱۸﴾ اَوَلَمْ یَرَوْا اِلَی الطَّیْرِ فَوْقَھُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّیَقْبِضْنَ ؕ مَا یُمْسِکُھُنَّ

قَبْلِھِمْ	فَکَیْفَ	کَانَ	نَکِیْرِ	اَوَلَمْ یَرَوْا	اِلَی الطَّیْرِ	فَوْقَھُمْ	صٰٓفّٰتٍ	وَّیَقْبِضْنَ	مَا یُمْسِکُھُنَّ
ان سے قبل	تو کیسا	ہوا	میرا عذاب	کیا نہیں دیکھا انہوں نے	پرندوں کو	اپنے اوپر	پر پھیلاتے	اور سکیڑتے	نہیں تھام سکتا انہیں

ان سے پہلے تھے تو (یاد کرو) کیسا ہوا میرا عذاب! کیا اُنہوں نے اپنے اوپر پرندوں کو پر پھیلاتے اور سکیڑتے نہیں دیکھا، انہیں (کوئی) نہیں تھام سکتا

اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ بِکُلِّ شَیْءٍۢ بَصِیْرٌ ﴿۱۹﴾ اَمَّنْ ھٰذَا الَّذِیْ ھُوَ جُنْدٌ لَّکُمْ یَنْصُرُکُمْ

اِلَّا	الرَّحْمٰنُ	اِنَّهٗ	بِکُلِّ شَیْءٍ	بَصِیْرٌ	اَمَّنْ ھٰذَا	الَّذِیْ	ھُوَ	جُنْدٌ	لَّکُمْ	یَنْصُرُکُمْ
سوا	رحمٰن (اللہ)	بیشک وہ	ہر شے کو	دیکھنے والا	بھلا کون ہے وہ؟	جو	وہ	لشکر	تمہارا	وہ مدد کرے تمہاری

اللہ کے سوا، بیشک وہ ہر شے کو دیکھنے والا ہے۔ بھلا تمہارا وہ کون سا لشکر ہے جو تمہاری مدد کرے

مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِیْ غُرُوْرٍ ۚ﴿۲۰﴾ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِیْ یَرْزُقُكُمْ اِنْ

مِنْ	دُوْنِ الرَّحْمٰنِ	اِنِ	الْكٰفِرُوْنَ	اِلَّا	فِیْ غُرُوْرٍ	اَمَّنْ هٰذَا	الَّذِیْ یَرْزُقُكُمْ	اِنْ
سے	رحمٰن (اللہ) کے سوا	نہیں	کافر (جمع)	مگر	دھوکے میں	بھلا کون ہے	وہ جو رزق دے تمہیں	اگر

اللہ کے سوا، کافر نہیں مگر دھوکے میں (محض دھوکے میں ہیں)۔ بھلا کون ہے وہ جو تمہیں رزق دے ؟ اگر

اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِیْ عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ ﴿۲۱﴾ اَفَمَنْ یَّمْشِیْ مُكِبًّا عَلٰی وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤی اَمَّنْ

اَمْسَكَ	رِزْقَهٗ	بَلْ لَّجُّوْا	فِیْ عُتُوٍّ	وَّ نُفُوْرٍ	اَفَمَنْ	یَمْشِیْ	مُكِبًّا	عَلٰی وَجْهِهٖ	اَهْدٰی	اَمَّنْ
وہ روک لے	اپنا رزق	بلکہ جمے (ڈھیٹ بنے) ہوئے	سرکشی	اور بھاگنے میں	پس کیا جو	وہ چلتا ہے	گرتا ہوا	اپنے منہ کے بل	زیادہ ہدایت یافتہ	یا وہ جو

وہ اپنا رزق روک لے، بلکہ وہ سرکشی اور بھاگنے میں ڈھیٹ بنے ہوئے ہیں۔ پس جو شخص اپنے منہ کے بل گرتا ہوا (اوندھا) چلتا ہے زیادہ ہدایت یافتہ ہے؟ وہ جو

یَّمْشِیْ سَوِیًّا عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۲۲﴾ قُلْ هُوَ الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ

یَمْشِیْ	سَوِیًّا	عَلٰی	صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ	قُلْ	هُوَ	الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ	وَجَعَلَ	لَكُمُ	السَّمْعَ
چلتا ہے	برابر (سیدھا)	پر	سیدھا راستہ	فرمادیں	وہی	وہ جس نے پیدا کیا تمہیں	اور اس نے بنائے	تمہارے لئے	کان

سیدھے راستہ پر سیدھا چلتا ہے ؟ آپ فرمادیں وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا اور اس نے بنائے تمہارے لئے کان

وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۳﴾ قُلْ هُوَ الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ فِی الْاَرْضِ

وَالْاَبْصَارَ	وَ الْاَفْـِٕدَةَ	قَلِیْلًا	مَا تَشْكُرُوْنَ	قُلْ	هُوَ	الَّذِیْ ذَرَاَكُمْ	فِی الْاَرْضِ
اور آنکھیں	اور دل (جمع)	بہت کم	جو تم شکر کرتے ہو	فرمادیں	وہی	وہ جس نے پھیلایا تمہیں	زمین میں

اور آنکھیں، اور دل، تم بہت کم شکر کرتے ہو۔ آپ فرمادیں وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا

وَ اِلَیْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾ وَ یَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ﴿۲۵﴾ قُلْ اِنَّمَا

وَاِلَیْهِ	تُحْشَرُوْنَ	وَیَقُوْلُوْنَ	مَتٰی	هٰذَا الْوَعْدُ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِیْنَ	قُلْ	اِنَّمَا
اور اسی کی طرف	تم اٹھائے جاؤ گے	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ وعدہ	اگر	تم ہو	سچے	فرمادیں	اسکے سوا نہیں

اور اسی کی طرف تم اٹھائے جاؤ گے۔ اور وہ کہتے ہیں یہ وعدہ کب (پورا ہوگا)؟ اگر تم سچے ہو آپ فرمادیں اس کے سوا نہیں

الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۪ وَ اِنَّمَاۤ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۲۶﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِیْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِیْنَ

الْعِلْمُ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَاِنَّمَا	اَنَا	نَذِیْرٌ	مُّبِیْنٌ	فَلَمَّا	رَاَوْهُ	زُلْفَةً	سِیْٓـَٔتْ	وُجُوْهُ	الَّذِیْنَ
علم	اللہ کے پاس	اور اسکے سوا نہیں	میں	ڈرانیوالا	صاف صاف	پھر جب	وہ دیکھیں گے اُسے	نزدیک آتا	بُرے (سیاہ) ہوجائیں گے	چہرے	ان لوگوں کے جو

کہ علم اللہ کے پاس ہے، اور اس کے سوا نہیں کہ میں صاف صاف ڈرانیوالا ہوں۔ پھر جب وہ اسے نزدیک آتا دیکھیں گے تو ان لوگوں کے چہرے سیاہ ہوجائیں گے

كَفَرُوا وَقِيلَ هٰذَا الَّذِي كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُونَ ﴿۲۷﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ

كَفَرُوا	وَقِيلَ	هٰذَا	الَّذِي	كُنْتُمْ	بِهٖ	تَدَّعُونَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ
انہوں نے کفر کیا	اور کہا جائے گا	یہ	وہ جو	تم تھے	اس کو	تم مانگتے	آپ فرمادیں	کیا تم نے دیکھا (بھلا دیکھو)	اگر	مجھے ہلاک کر دے اللہ

جنہوں نے کفر کیا - اور کہا جائے گا یہ ہے وہ جو تم مانگتے تھے - آپ فرمادیں بھلا دیکھو تو اگر اللہ ہلاک کر دے مجھے

وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا فَمَنْ يُّجِيرُ الْكٰفِرِينَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيمٍ ﴿۲۸﴾ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا

وَمَنْ	مَّعِيَ	اَوْ رَحِمَنَا	فَمَنْ	يُّجِيرُ	الْكٰفِرِينَ	مِنْ	عَذَابٍ اَلِيمٍ	قُلْ	هُوَ الرَّحْمٰنُ	اٰمَنَّا
اور جو	میرے ساتھ	یا وہ رحم فرمائے ہم پر	تو کون	پناہ دے گا	کافروں	سے	دردناک عذاب	فرمادیں	وہی رحمٰن	ہم ایمان لائے

اور (انہیں) جو میرے ساتھ ہیں یا ہم پر رحم فرمائے تو کافروں کو دردناک عذاب سے کون بچائے گا ؟ آپ فرمادیں وہی رحمٰن ہے ہم ایمان لائے

بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ فِي ضَلٰلٍ مُّبِينٍ ﴿۲۹﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ

بِهٖ	وَعَلَيْهِ	تَوَكَّلْنَا	فَسَتَعْلَمُونَ	مَنْ هُوَ	فِي	ضَلٰلٍ مُّبِينٍ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ اَصْبَحَ
اس پر	اور اسی پر	ہم نے بھروسہ کیا	سو تم جلد جان لوگے	کون وہ ؟	میں	کھلی گمراہی	فرمادیں	کیا تم نے دیکھا (بھلا دیکھو)	اگر ہو جائے

اس پر، اور اسی پر ہم نے بھروسہ کیا سو تم جلد جان لوگے کون کھلی گمراہی میں ہے ؟ آپ فرمادیں بھلا دیکھو تو اگر ہو جائے

مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيكُمْ بِمَآءٍ مَّعِينٍ ﴿۳۰﴾

مَآؤُكُمْ	غَوْرًا	فَمَنْ	يَّاْتِيكُمْ	بِمَآءٍ مَّعِينٍ
تمہارا پانی	نیچے اترا ہوا	تو کون ؟	لے آئیگا تمہارے پاس	رواں پانی

تمہارا پانی نیچے کو اترا ہوا (خشک)، تو کون ہے جو تمہارے پاس (سوت کا) رواں پانی لے آئیگا ؟

اٰيَاتُهَا ۵۲ ۶۸ = سُوْرَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ = ۲ رُكُوعَاتُهَا ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے جو نہایت رحم کرنے والا مہربان ہے۔

نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ ﴿۱﴾ مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُونٍ ﴿۲﴾ وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا

نٓ وَالْقَلَمِ	وَمَا	يَسْطُرُونَ	مَآ اَنْتَ	بِنِعْمَةِ	رَبِّكَ	بِمَجْنُونٍ	وَاِنَّ لَكَ	لَاَجْرًا
نٓ قسم ہے قلم کی	اور جو	وہ لکھتے ہیں	نہیں آپ	نعمت (فضل) سے	اپنا رب	مجنون	اور بیشک آپ کے لئے	البتہ اجر

نون - قسم ہے قلم کی اور جو وہ (فرشتے - اہل قلم) لکھتے ہیں - آپ اپنے رب کے فضل سے مجنون نہیں ہیں اور بیشک آپ کے لئے اجر ہے

غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ۞۳ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۞۴ فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ ۞۵ بِاَيِّيكُمُ

غَيْرَ مَمْنُوْنٍ	وَاِنَّكَ	لَعَلٰى	خُلُقٍ	عَظِيْمٍ	فَسَتُبْصِرُ	وَيُبْصِرُوْنَ	بِاَيِّيكُمُ
ختم نہ ہونے والا	اور بیشک آپ	یقیناً۔پر	خلق	عظیم	پس آپ جلد دیکھ لیں گے	اور وہ بھی دیکھ لیں گے	تم میں سے کون ؟

ختم نہ ہونے والا ۔ اور بیشک آپ خلقِ عظیم پر ہیں ۔ پس آپ جلد دیکھ لیں گے اور وہ بھی دیکھ لیں گے (کہ) تم میں سے کون

الْمَفْتُوْنُ ۞۶ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۞۷

الْمَفْتُوْنُ	اِنَّ رَبَّكَ	هُوَ اَعْلَمُ	بِمَنْ	ضَلَّ	عَنْ سَبِيْلِهٖ	وَهُوَ اَعْلَمُ	بِالْمُهْتَدِيْنَ
دیوانہ	بیشک آپ کا رب	وہ خوب جانتا ہے	اس کو جو	وہ گمراہ ہوا	اس کی راہ سے	اور وہ خوب جانتا ہے	ہدایت یافتہ لوگوں کو

دیوانہ ہے ؟ بے شک آپ کا رب اس کو خوب جانتا ہے جو اس کی راہ سے گمراہ ہوا اور وہ خوب جانتا ہے ہدایت یافتہ لوگوں کو۔

فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ۞۸ وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ۞۹ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ۞۱۰

فَلَا تُطِعِ	الْمُكَذِّبِيْنَ	وَدُّوْا	لَوْ تُدْهِنُ	فَيُدْهِنُوْنَ	وَلَا تُطِعْ	كُلَّ حَلَّافٍ	مَّهِيْنٍ
پس آپ کہا نہ مانیں	جھٹلانے والوں	وہ چاہتے ہیں	کاش آپ نرمی کریں	تو وہ نرمی کریں	اور آپ کہا نہ مانیں	ہر بڑی قسمیں کھانے والا	بے وقعت

پس آپ جھٹلانے والوں کا کہا نہ مانیں ۔ وہ چاہتے ہیں کاش آپ نرمی کریں تو وہ (بھی) نرمی کریں ۔ اور آپ بے وقعت بڑی قسمیں کھانے والے کا کہا نہ مانیں ۔

هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ ۞۱۱ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۞۱۲ عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ۞۱۳ اَنْ

هَمَّازٍ	مَّشَّآءٍ	بِنَمِيْمٍ	مَّنَّاعٍ	لِّلْخَيْرِ	مُعْتَدٍ	اَثِيْمٍ	عُتُلٍّ	بَعْدَ ذٰلِكَ	زَنِيْمٍ	اَنْ
عیب نکالنے والا	پھرنے والا	چغلی لئے	روکنے (بخل کرنے) والا	مال میں	حد سے بڑھنے والا	گنہگار	سخت خو	اس کے بعد	بد اصل	اس لئے کہ

عیب نکالنے والے، چغلی لئے (چغلیاں لگاتا) پھرنے والے کا ۔ مال میں بخل کرنے والے، حد سے بڑھنے والے گنہگار کا ۔ سخت خو اس کے بعد بد اصل ۔ اس لئے کہ

كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ۞۱۴ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۞۱۵ سَنَسِمُهٗ

كَانَ	ذَا مَالٍ	وَّبَنِيْنَ	اِذَا	تُتْلٰى عَلَيْهِ	اٰيٰتُنَا	قَالَ	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	سَنَسِمُهٗ
وہ ہے	مال والا	اور اولاد والا	جب	پڑھ کر سنائی جاتی ہیں اسے	ہماری آیتیں	وہ کہتا ہے	کہانیاں	اگلے لوگ	ہم جلد داغ دیں گے اس کو

وہ مال والا اور اولاد والا ہے ۔ جب اسے ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ کہتا ہے یہ اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں ۔ ہم جلد داغ دیں گے اس کی

عَلَى الْخُرْطُوْمِ ۞۱۶ اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ۞۱۷

عَلَى الْخُرْطُوْمِ	اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ	كَمَا	بَلَوْنَا	اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ	اِذْ اَقْسَمُوْا	لَيَصْرِمُنَّهَا	مُصْبِحِيْنَ
سونڈ (ناک) پر	بیشک ہم نے آزمایا انہیں	جیسے	ہم نے آزمایا	باغ والوں کو	جب انہوں نے قسم کھائی	ہم ضرور توڑ لیں گے اس کا پھل	صبح ہوتے

ناک پر ۔ بے شک ہم نے انہیں آزمایا، جیسے ہم نے باغ والوں کو آزمایا تھا، جب انہوں نے قسم کھائی کہ ہم صبح ہوتے اس کا پھل ضرور توڑ لیں گے۔

وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ﴿١٨﴾ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿١٩﴾ فَاَصْبَحَتْ

وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ	فَطَافَ	عَلَيْهَا	طَآئِفٌ	مِنْ رَّبِّكَ	وَهُمْ	نَآئِمُوْنَ	فَاَصْبَحَتْ
اور انہوں نے استثناء نہ کیا (انشاء اللہ نہ کہا)	پس پھر گیا	ان پر	ایک پھرنے والا (عذاب)	تیرے رب سے	اور وہ	سوئے ہوئے تھے	تو وہ صبح کو رہ گیا

اور انہوں نے "انشاء اللہ" نہ کہا۔ پس ان پر تیرے رب کی طرف سے ایک عذاب پھر گیا اور وہ سوئے ہوئے تھے۔ تو وہ (باغ) صبح کو رہ گیا

كَالصَّرِيْمِ ﴿٢٠﴾ فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ﴿٢١﴾ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ﴿٢٢﴾

كَالصَّرِيْمِ	فَتَنَادَوْا	مُصْبِحِيْنَ	اَنِ اغْدُوْا	عَلٰى	حَرْثِكُمْ	اِنْ كُنْتُمْ	صٰرِمِيْنَ
جیسے کٹا ہوا کھیت	تو وہ ایکدوسرے کو پکارنے لگے	صبح ہوتے	کہ صبح سویرے چلو	پر	اپنے کھیت	اگر تم ہو	کاٹنے والے

جیسے ایک کٹا ہوا کھیت۔ تو وہ صبح ہوتے ایک دوسرے کو پکارنے لگے کہ صبح سویرے اپنے کھیت پر چلو اگر تم کاٹنے والے ہو (اگر تمہیں کھیتی کاٹنی ہے)

فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ﴿٢٣﴾ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ﴿٢٤﴾ وَّغَدَوْا

فَانْطَلَقُوْا	وَهُمْ	يَتَخَافَتُوْنَ	اَنْ	لَّا يَدْخُلَنَّهَا	الْيَوْمَ	عَلَيْكُمْ	مِّسْكِيْنٌ	وَّغَدَوْا
پھر وہ چلے	اور وہ	آپس میں چپکے چپکے کہتے تھے	کہ	وہاں داخل نہ ہونے پائے	آج	تم پر	کوئی مسکین	اور وہ صبح سویرے چلے

پھر وہ چلے اور وہ آپس میں چپکے چپکے کہتے تھے کہ آج وہاں تم پر کوئی مسکین داخل نہ ہونے پائے، اور وہ صبح سویرے چلے (اس زعم کے ساتھ)

عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ﴿٢٥﴾ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ﴿٢٦﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٢٧﴾ قَالَ

عَلٰى حَرْدٍ	قٰدِرِيْنَ	فَلَمَّا	رَاَوْهَا	قَالُوْٓا	اِنَّا لَضَآلُّوْنَ	بَلْ نَحْنُ	مَحْرُوْمُوْنَ	قَالَ
بخیلی پر	وہ قادر ہیں	پھر جب	انہوں نے اسے دیکھا	وہ بولے	بیشک ہم راہ بھول گئے ہیں	بلکہ ہم	محروم ہو گئے ہیں	کہا

